# KHALIQ ANJUM BAHAISIYAT MOHQEQ WO NAQAAD

A Thesis Submitted to the University of Hyderabad in Partial Fulfilment

of the Requirements for the Award of

**DOCTOR OF PHILOSOPHY**

IN

**UDRU**

By


**MUSHTAQ FAROOQ**

**Reg. No. 18HUPH02**

Under the Supervision of

**Prof. HABIB NISSAR**


प्रतिष्ठित संस्थान
**INSTITUTION OF EMINENCE**


**DEPARTMENT OF URDU**

**SCHOOL OF HUMANITIES**

**University of Hyderabad,Hyderabad(Telangana)-500046.**


**(August-2021)**

# خلیق انجم بحیثیت محقق و نقاد

مقالہ برائے

## ڈاکٹر آف فلاسفی (اُردو)

مقالہ نگار


## مشتاق فاروق

Regd.No.18HUPH02


نگراں

## پروفیسر حبیب نثار


شعبۂ اردو

اسکول آف ہیومانٹیز یونی ورسٹی آف حیدرآباد، حیدرآباد (تلنگانہ)۔۵۰۰۰۴۶


اگست۔2021

## UNIVERSITY OF HYDERABAD

## DEPARTMENT OF URDU, SCHOOL OF HUMANITIES

# ***CERTIFICATE***

This is to certify that the thesis entitled **"KHALIQ ANJUM BAHAISIYAT MOHQEQ WO NAQAAD"** submitted by **MUSHTAQ FAROOQ** bearing Reg. No. **18HUPH02** in partial fulfillment of the requirements for the award of **Doctor of Philosophy** in Department of URDU, School of Humanities is a bonafide work carried out by him under my supervision and guidance.

This thesis is free from plagiarism and has not been submitted previously in part or in full to this or any other University or Institution for award of any degree or diploma. Part of this thesis has been.

**A. Published in the following publications.**

1. Murtabeen e Khatoot e Galib. *( Tahreek-e-Adab, QUARTERLY. A Refereed Literary And Research Journal: URDU ASHIANA.167 Afaq Khan Ka Ahata, Manduadih Bazar, Varanasi.221103(U.P),*ISSN:2322-0341 & Registered With R.N.I.No.UPURD / 04426 / 24/1/2010-TC, Vol.10, Issue.47,Jan-Mar 2020

2. Khaliq Anjum Bahaisiyat Mohqeq Wo Naqaad.*(Monthly SABAQ-E-UDRU,Gopiganj-221303,Dist.Bhadohi,UP, INDIA.* UGC Care Listed , ISSN-2321-1601 & Registered with the RNI No.:UPURD/2016/67444,Vol.6,Issue.2, May ,2021

**B. Presented in the following International/National Conferences/Seminars.**

1. **International Seminar on "Indian Religion, Philosophy & Literature''**,25th-27th Feburary 2019.Banaras Hindu University, UP.India.

2. **Two-days National Seminar on "Genre Of Urdu Poetry''**,22th-23thMarch 2019.Govt. Degree College (W) Hussaini Alam, Hyderabad,Telangana State.

Further, the student was exempted from doing coursework (recommended by Doctoral Committee) on the basis of the following courses passed during his M. Phil programme and the M. Phil degree was awarded.

| SL No. | Course Code | Title | Credits | Pass/Fail |
|---|---|---|---|---|
| 1 | UR 701 | Research Methodology | 4.00 | Pass |
| 2 | UR702 | Practical Criticism | 4.00 | Pass |
| 3 | UR721 | Textual Criticism | 4.00 | Pass |
| 4 | UR780 | Dissertation | 12.00 | Pass |

**Supervisor** **Head of the Department** **Dean School of Humanities**

# DECLARATION

I, **MUSHTAQ FAROOQ,** hereby declare that the research embodied in the present thesis entitled **"KHALIQ ANJUM BAHAISIYAT MOHQEQ WO NAQAAD"** submitted by me under the guidance and supervision of **Prof. HABIB NISSAR,** is a bonafide research work for the award of **Doctor of Philosophy** in **Urdu** from the **University of Hyderabad**. I also declare to the best of my knowledge that it has not been submitted in part or full to this or any other University or Institution for the award of any degree or diploma. I hereby declare that my thesis can be deposited in Shodhganga / INFLIBNET.

Date: …………………

Place: Hyderabad

**MUSHTAQ FAROOQ**
**Reg. No.18HUPH02**

## ترتیب


1۔ حمدِ پاک — مولانا ڈاکٹر حامد اللہ انصاری انجم — 6

2۔ مناجات — بشیر ازل نگاہ کشتواڑی — 6

3۔ ڈائری (جلد اول، 84-1983 سے چند تحریریں) — مولانا حمید الدین خاں — 7

مضامین

1۔ کلاسیکیت ترقی پسندی اور جدیدیت — پروفیسر شفیق اللہ — 9

2۔ [illegible] — [illegible] آل احمد آفاقی — 13

3۔ مرقعِ خطوطِ غالب ——— مشتاق فاروقی — 19

4۔ [illegible]

نظمیں: پروین شمر، ترجمہ: پروفیسر شفیق اللہ، پرتپال سنگھ بیتاب، چندر بھان خیال، اسلم عمادی، شبنم عشائی، وشال کھلر، خورشید اکمل، روبینہ میر، او۔ پی۔ شاکر، پریم ناگر — 36

مضامین

1۔ مشتاق سعید کی افسانہ نگاری۔۔۔۔۔ اکیسویں صدی کے تناظر میں — ڈاکٹر مسیح الزماں انصاری — 46

2۔ کشمیر کی داستانِ جلوۂ صد رنگ — ڈاکٹر موہن لال بھگت — 54

3۔ علامہ اقبال پر مولانا جلال الدین رومی کے اثرات — صفدر علی — 60

4۔ اردو ادب اور مشترکہ تہذیب — ڈاکٹر حفیظ اختر — 64

5۔ جنوبی ہند کی مایۂ ناز شخصیت۔۔ پروفیسر سراج الحسن اوحدی (آخری قسط) — ڈاکٹر صدیقہ تبسم — 67

6۔ اختر الایمان کی مکالمہ نگاری — بشیر احمد لون — 74

7۔ مولانا ابوالکلام آزاد کی خطوط نگاری (غبارِ خاطر کے تناظر میں) — راکیش کمار بھارتی — 78

# تحریک ادب

شمارہ ۴۷ (جنوری تا مارچ ۲۰۲۰ء)

ISSN 2322-0341

A Refereed Literary And Research Journal

website: www.tahreekeadab.com
e-mail: jaweanwar@gmail.com
Cell: +91-9935957330

مدیر اعلیٰ

جاوید انور

Scanned with CamScanner

# سبق اردو

مئی، ۲۰۲۱

ایڈیٹر، پرنٹر و ناشر : ڈاکٹر محمد سلیم | سرنامہ : عادل منصوری | جلد : ۶ | شمارہ : ۳

موبائل:9696486386 | سرورق : دانش الہ آبادی | Net Banking:SABAQ -E-URDU( MONTHLY)

واٹس ایپ:9919142411 | کمپوزنگ : دانش الہ آبادی، دانش قلم | IFSC BARB 0 GOPI BS A/C28240200000214

sabaqeurdu@gmail.com | مطبع: عظیم اشاریہ پریس، گوپی گنج، بھدوہی | Bank of Baroda, Branch: Gopiganj

فی شمارہ: -/100، زرتعاون: -/1000 | زرتعاون خاص: -/2000، تاحیات زرتعاون: -/5000 | Gopiganj-221303,Dist.Bhadohi,UP,INDIA

کسی بھی تحریر سے ادارہ سبق اردو کا متفق ہونا قطعی لازمی نہیں ہے۔ کسی بھی معاملے کی شنوائی صرف بھدوہی، یو۔پی کی عدالت میں ہوگی۔

چیف ایڈیٹر

دانش الہ آبادی


| | | |
|---|---|---|
| پروفیسر خواجہ محمد اکرام الدین | تاشقند اسٹیٹ یونیورسٹی میں غالب اور ازبک زبان میں ... | ۱ |
| مدیر | مجھے بھی کچھ کہنا ہے...... | ۳ |
| ڈاکٹر الطاف انجم | فارسی میں نظریاتی تنقید: روایت سے جدت تک کا سفر | ۵ |
| ڈاکٹر ریحان احمد قادری | کلیم عاجز: بہار کے ایک مایہ ناز شاعر | ۱۰ |
| ڈاکٹر ظہور احمد مخدومی | قرآن حکیم اور پیام اقبالؒ | ۱۳ |
| پی ۔محمد جعفر | ابو البیان حماد بحیثیت شاعر اطفال | ۱۶ |
| مشتاق فاروق | خلیق انجمؔ بحیثیت محقق و نقاد | ۱۹ |
| شیخ [illegible] سراج الدین | آزادی سے پہلے اردو صحافت اور مزاحیہ کالم نگاری... | ۲۲ |
| ڈاکٹر بی بی شوکت آرا | کلیم الدین احمدکا تنقیدی رویہ | ۲۳ |
| آفرین فاطمہ | ۱۹۶۰ء سے قبل اور بعد کی تنقیدی روایت | ۲۵ |
| معراج الاسلام مصباحی | نلسر نکا گلوا | ۲۸ |
| خورشید احمد وانی | قاضی عبدالستار بحیثیت افسانہ نگار | ۳۰ |
| جگ موہن سنگھ | کالم نگاری | ۳۲ |
| جاوید احسن | میر تقی میرؔ اور تصور انسانیت | ۳۳ |
| محمد یاسین گنائی | بابائی جمالیات اور کشمیر | ۳۶ |
| فردوس احمد بھٹ | ڈپٹی نذیر احمد کے تعلیمی نظریات کا مابعد نوآبادیاتی مطالعہ | ۳۹ |
| توصیف احمد بٹ | جنگ آزادی اور خواتین قلم کار | ۴۱ |

UGC CARE LISTED JOURNAL
sabaqeurdu.com
ISSN- 2321-1601

MAY,2021 62



تاشقند اسٹیٹ یونیورسٹی فار اورینٹل اسٹڈیز تاشقند میں انیسویں صدی کے باکمال شاعر مرزا غالب پر ایک پر وقار تقریب اور ازبک زبان میں "منتخب غزلیات غالب" کی رسم اجرا کی ایک رپورٹ صفحہ نمبر ۱ پر ملاحظہ فرمائیے۔

Regd. with the RNI No.: UPURD/2016/67444
Urdu Monthly
SABAQEURDU
Postal Regd.NO. : Vsi(W)- 44/ 2019-2021
VALUME: 6, ISSUE: 2
MAY,2021
Infront of Police Chowki
Gopiganj-221303,Bhadohi
sabaqeurdu@gmail.com
M.:9919142411,9696485386
Whatsapp: 9919142411
Price per copy : Rs.100/-




تاشقند اسٹیٹ یونیورسٹی فار اورینٹل اسٹڈیز تاشقند میں انیسویں صدی کے باکمال شاعر مرزا غالب پر ایک پر وقار تقریب اور ازبک زبان میں "منتخب غزلیات غالب" کی رسم اجرا کی ایک رپورٹ صفحہ نمبر ۱ پر ملاحظہ فرمائیے۔

काशी हिन्दू विश्वविद्यालय

BANARAS HINDU UNIVERSITY

अन्तर्राष्ट्रीय संगोष्ठी

''भारतीय धर्म, दर्शन और साहित्य''

بین الاقوامی سیمینار

موضوع: ہندستانی مذاہب، فلسفہ اور ادب

# International Seminar on "Indian Religion, Philosophy & Literature"

25 - 27 February 2019

## Certificate

This is certify that Prof./Dr./Ms./Mrs./..Mushtaq....Farooq....................R.Sch.........
Dept.of Urdu, University of Hyderabad.......has participated and presented his/her paper entitled Hindostan..ke Mukhtalif Mazahib: Ved, Budh, Jain, Sikh.....................
in the 3 day International Seminar on "Indian Religion, Philosophy & Literature" and contributed towards the success of the seminar.

Organizing Secretary
**Dr. Mosharraf Ali**
Department of Urdu, BHU

Convener
**Prof. Aftab Ahmad Afaqui**
Head, Department of Urdu, BHU

Organized By: Department of Urdu Faculty of Arts, Banaras Hindu University

GOVT. DEGREE COLLEGE (W)
HUSSAINI ALAM, HYDERABAD, T.S

گورنمنٹ ڈگری کالج برائے خواتین
حسینی علم حیدرآباد، تلنگانہ

دوروزہ قومی سیمینار بعنوان: اردو کی شعری اصناف

Two-day National Seminar on **"GENRE OF URDU POETRY"** held on 22nd & 23rd March 2019

Sponsored by: NATIONAL COUNCIL FOR PROMOTION OF URDU LANGUAGE (NCPUL), New Delhi
in Collaboration with TELANGANA STATE URDU ACADEMY
Organized by: DEPARTMENT OF URDU

# CERTIFICATE

*This is to certify that Dr./Mr./Ms.* Mushtaq Farooq (Research Scholar) *of* University of Hyderabad, Dept of Urdu *has presided/attended as resource person/participated/presented a paper titled* Rubaie Ka fan *in Two-day National Seminar in GENRE OF URDU POETRY held on 22nd & 23rd March 2019.*

Dr. Abdul Quddus
Convener

Harbans Kour
Principal

# فہرست


باب اول: صفحہ نمبر

خلیق انجم کے سوانحی کوائف اور شخصیت 01-48

باب دوم: 49-182

خلیق انجم بحیثیت محقق

(الف)۔معراج العاشقین ،مرزا محمد رفیع سوداؔ، غالبؔ اور شاہانِ تیموریہ، غالب کے خطوط،

دلی کی درگاہ شاہِ مرداں اور غالبؔ کا سفر کلکتہ اور کلکتے کا ادبی معرکہ

(ب)۔خلیق انجم متنی تنقید اور ترتیب متون

مرزا مظہر جانِ جاناں کے خطوط، متنی تنقید اور آثار الصنادید

باب سوم: 183-208

خلیق انجم بحیثیت سوانح نگار

محی الدین قادری زورؔ، اختر انصاریؔ شخص اور شاعر، حسرتؔ موہانی، آصف علی اور ارونا

آصف علی اور بیسویں صدی کی ممتاز شخصیت پروفیسر خواجہ احمد فاروقی

باب چہارم: 209-258

خلیق انجم بحیثیت نقاد

باب پنجم: 259-311

خلیق انجم کے مضامین کا مطالعہ

خلیق انجم بحیثیت محقق و نقاد (حاصل مطالعہ) 312-324

کتابیات 325-330

# پیش لفظ

# پیش لفظ

تمام تعریفیں اس ذات برحق کے لیے ہیں جس نے دونوں جہاں کو اپنی قدرت سے تخلیق کیا اور جو اس پوری کائنات کا نظام اپنی قدرت سے چلاتا ہے۔ سب سے پہلے میں اللہ رب العزت کی بارگاہ میں ہدیہ تشکر پیش کرتا ہوں کہ اس کے سایۂ رحمت وعنایت کی بدولت میرا مقالہ پایۂ تکمیل کو پہنچا۔

اردو ادب کی تاریخ میں خلیق انجم کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ دنیائے اردو ادب میں خلیق انجم کا نام جانا پہچانا ہی نہیں بلکہ وہ معتبری کے بلند مقام پر تھے۔ ان کا شمار اردو ادب کے نامور محققین، ناقدین اور ماہرین غالبیات میں کیا جاتا ہے۔ وہ چار دہائیوں تک انجمن ترقی اردو (ہند) کے سیکریٹری اور اخیر عمر میں انجمن کے نائب صدر رہ چکے ہیں۔ اپنی اردو خدمات اور طرز تکلم کی وجہ سے خلیق انجم اردو حلقوں میں کافی مقبول تھے۔ انہوں نے اردو ادب کے حوالے سے جو ادب تخلیق کیا ہے۔ وہ تعداد اور معیار کے لحاظ سے اپنا ثانی نہیں رکھتا۔ ان کے قلم سے کئی درجن تصنیفات وتالیفات اور بے شمار مضامین منظر عام پر آئے ہیں۔ انہوں نے سیکڑوں کی تعداد میں اداریے اور تبصرے لکھے ہیں۔ سوانحی، ادبی، تنقیدی اور تاریخی کتابوں کے علاوہ لسانی اور متنی تحقیق وتنقید پر بھی ان کی کتابیں منظر عام پر آچکی ہیں۔ ان کے مقدموں اور دیباچوں کی تعداد بھی اچھی خاصی ہے۔ انہوں نے اپنے آپ کو ادب کے کسی مخصوص دائرے تک محدود نہیں رکھا۔ بلکہ ادب کی مختلف اصناف پر طبع آزمائی کرکے ہر میدان میں اپنی ایک الگ شناخت قائم کی ہے۔ اردو زبان وادب کی ترقی وترویج کے لیے انہوں نے کسی ایک گروپ یا تحریک کا انتخاب نہیں کیا۔ بلکہ جب جہاں اور جس پلیٹ فارم پر اردو کی ترقی وترویج کی بات ہوئی انہوں نے اسے لبیک کہا، اور اپنی صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کیا۔ انہوں نے خود کو مدۃ العمر علمی وتحقیقی کاموں میں مصروف رکھا۔

تحقیق کا پہلا اور نہایت اہم مرحلہ موضوع کا انتخاب ہوتا ہے۔ موضوع ایسا ہونا چاہئے جو تحقیق کے لائق ہو اور جو محقق کے مزاج سے مطابقت رکھتا ہو۔ چوں کہ مجھے تحقیق وتنقید سے دلی وابستگی ہے۔ لہذا میں نے اپنے نگراں پروفیسر حبیب نثار کے ساتھ صلاح ومشورہ کرکے ''خلیق انجم بحیثیت محقق ونقاد'' کے عنوان سے اپنے پی، ایچ، ڈی کے موضوع کا انتخاب کیا۔ جو اللہ رب العزت کے رحم وکرم سے تمام اساتذہ کرام کی منظوری سے پینل میں طے پایا۔

موضوع کے انتخاب کے بعد اگلا مرحلہ مواد کی فراہمی کا ہوتا ہے۔ تحقیقی جدت اور تازگی کا دارومدار مواد پر

ہوتا ہے۔ابتداً یہ مرحلہ میرے لیے دشوار طلب محسوس ہوا۔لیکن جوں جوں میں مواد اکٹھا کرتا گیا میرے لیے یہ مرحلہ بہت آسان ثابت ہوا۔ اس موضوع پر مواد جمع کرنے کے لیے میں نے سب سے پہلے اندرا گاندھی میموریل لائبریری (یونی ورسٹی آف حیدرآباد) کا رخ کیا۔ یہاں مجھے اپنے موضوع سے متعلق بہت مواد فراہم ہوا۔اس کے بعد میں نے علی گڑھ مسلم یونی سٹی، جموں اینڈ کشمیر اکیڈمی آف آرٹ کلچر اینڈ لینگو یجز، عثمانیہ یونی ورسٹی (حیدرآباد)، مولانا آزاد نیشنل اردو یونی ورسٹی، دلی اردو اکاڈمی، دہلی یونی ورسٹی اور کشمیر یونی ورسٹی کی سینٹرل اور ڈیپاٹمنٹل لائبریریوں کی طرف رجوع کیا، جہاں مجھے اپنے مقالے کے متعلق مزید مواد کی فراہمی دستیاب ہوسکی۔

اب سب سے پہلے میں ان عظیم شخصیتوں کا ذکر کرنا اپنا پہلا فریضہ سمجھتا ہوں جن کی مہربانیوں اور دعاؤں کے بغیر میرا اس مقام تک پہنچنا ممکن نہ تھا، یہ ہیں میرے والد محترم جناب فاروق احمد، میری والدہ محترمہ عائشہ بیگم اور میری دادی خدیجہ بیگم۔ میں ان کا بہت مشکور ہوں کہ انہوں نے مجھے ہر ممکن سہولیت میسر رکھی۔علاوہ ازیں میں اپنی بہن بھائیوں اور عزیز دوست صوفی سجاد کا بھی بے حد شکر گذار ہوں جنہوں نے دوران تحقیق میری ہر ممکن مدد کی ہے۔

میں اپنے نگراں جناب پروفیسر حبیب نثار کا بہت سعادت مند ہوں کہ انہوں نے مجھے پی، ایچ، ڈی کے داخلے سے لے کر اس مقالے کی تکمیل تک اپنی تمام تر مصروفیات کے باوجود اپنے مفید اور سودمند مشوروں سے فیض یاب ہونے کا موقع دیا۔وہ ہر وقت میرے مقالے کو درست کرتے رہے۔ جب کبھی مجھے کوئی پریشانی درپیش آئی تو انہوں نے میری ہر ممکن مدد کی۔

میں نے اپنے مقالے کو پانچ ابواب میں تقسیم کیا ہے۔ جو درج ذیل ہیں۔

باب اول کا عنوان ''خلیق انجم کے سوانحی کوائف اور شخصیت'' ہے۔اس باب میں خلیق انجم کی حیات اور شخصیت پر روشنی ڈالنے کی حتی المقدور کوشش کی گئی ہے۔جس کی تفصیلات میں خلیق انجم کے آبا واجداد کا آبائی وطن، افراد خاندان، ولادت اور بچپن، تعلیم و تربیت، ازدواجی زندگی، اولاد، خاندانی حالات، ملازمت، مختلف ادبی اداروں سے وابستگی، ادبی سفر کا آغاز، انعامات و اعزازات، مشاغل، سیر و سیاحت، مطالعہ کا شوق، حلقہ احباب، انتقال، حلیہ، لباس، مزاج وطبیعت، اخلاق، روزانہ معمولات، دوست واحباب وغیرہ کا تذکرہ کیا گیا ہے۔اسی باب میں ان کی ادبی خدمات کا مختصر تعارف بھی شامل ہے۔

باب دوم کا عنوان ''خلیق انجم بحثیت محقق'' رکھا گیا ہے، جو کہ مقالے کا بنیادی موضوع ہے۔اس باب کو دو ذیلی عنوانات میں تقسیم کیا گیا ہے۔اس باب کے پہلے حصے میں خلیق انجم کی تصنیفات معراج العاشقین، مرزا محمد

رفیع سوؔدا، غالبؔ اور شانِ تیموریہ، غالبؔ کے خطوط، دلی کی درگاہ شاہ مرداں اور غالبؔ کا سفر کلکتہ اور کلکتے کا ادبی معرکہ کا تحقیقی و تجزیاتی جائزہ لے کر انہیں بطور محقق پیش کرنے کی ہر ممکن کوشش کی گئی ہیں۔ خلیق انجم نے غالبؔ، ان کی مکتوب نگاری، سفر کلکتہ، پنشن کا قضیہ، کلکتہ کے ادبی معرکے، قیام رامپور، بہادر شاہ ظفرؔ اور ذوقؔ سے غالبؔ کے تعلقات، سوؔدا کی ولادت، نام، خطاب، تلامذۂ سوؔدا، کلام سوؔدا، سوؔدا کے انتقال، تذکرۂ سوؔدا، معراج العاشقین کے مصنف گیسودرازؔ کے روزانہ معمولات، معراج العاشقین کے موضوع اور اس کی لسانی حیثیت، دلی کی درگاہ شاہِ مرداں اور وہاں موجود ''قدمِ شریف'' کے بارے میں جو نئے تحقیقی حقائق پیش کیے ہیں، ان کا تحقیقی و تجزیاتی مطالعہ کر کے اردو تحقیق میں خلیق انجم کا مقام و مرتبہ بتانے کی سعی کی گئی ہے۔ دوسرے حصے میں مرزا مظہر جانِ جاناں کے خطوط، متنی تنقید اور آثار الصنادید کا تنقیدی و تجزیاتی جائزہ لے کر خلیق انجم کو بطور متنی نقاد اور مؤلف پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

مقالے کا تیسرا باب ''خلیق انجم بحیثیت سوانح نگار'' ہے۔ اس باب میں خلیق انجم کی تصنیفات و تالیفات محی الدین قادری زورؔ، اختر انصاری شخص اور شاعر، حسرتؔ موہانی، آصف علی اور ارونا آصف علی اور بیسویں صدی کی ممتاز شخصیت پروفیسر خواجہ احمد فاروقی کا تحقیقی و تجزیاتی جائزہ لیا گیا ہے۔

مقالے کا چوتھا باب ''خلیق انجم بحیثیت نقاد'' کے عنوان سے ہے۔ یہ باب بھی مقالے کا اہم اور بنیادی باب ہے۔ اس باب میں خلیق انجم کو بطور ناقد پیش کرنے کی سعی کی گئی ہیں۔ یوں تو خلیق انجم نے تنقید پر کوئی باضابطہ کتاب نہیں لکھی ہے۔ لیکن بعض کتابوں بالخصوص خطوط غالبؔ کا مقدمہ، غالبؔ اور شاہان تیموریہ، مرزا محمد رفیع سوؔدا، حسرت موہانؔی اور بیسویں صدی کی ممتاز شخصیت خواجہ احمد فاروقی وغیرہ میں ان کے تنقیدی نظریات کے نقوش کی نشان دہی کی گئی ہیں۔ وہ کسی تنقیدی دبستان سے منسلک نہیں تھے۔ البتہ ان کے ہاں نظریاتی تنقید ضرور ملتی ہیں۔ اس لیے کہا جا سکتا ہے کہ خلیق انجم نے نہ صرف تحقیق کے میدان میں کارہائے نمایاں انجام دیے ہیں۔ بلکہ اردو تنقید کے میدان میں بھی بطور ناقد اپنی ایک الگ شناخت قائم کی ہے۔

مقالے کا پانچواں باب ''خلیق انجم کے مضامین کا مطالعہ'' ہے۔ اس باب میں خلیق انجم کے مضامین کا مطالعہ کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ خلیق انجم کے اکثر مضامین اردو کے مختلف رسائل و جرائد میں شائع ہوئے ہیں۔ جب کہ بعض ان کی مرتبہ اور دیگر مصنفین و مرتبین کی کتابوں میں شامل ہیں۔

آخر میں مقالے ''خلیق انجم بحیثیت محقق و نقاد'' کا حاصل مطالعہ ہے۔ اس کے تحت اس مقالے کا لب

لباب اور خلیق انجم کے ادبی مرتبے کا تعین کرنے کی سعی کی گئی ہے۔

کتابیات میں ان تمام کتابوں اور رسائل و جرائد کا ذکر کیا گیا ہے جن سے اس مقالے کی تکمیل کے لیے براہ راست اقتباسات نقل کیے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ ایسی بہت سی کتابیں اور رسائل وغیرہ بھی ہیں جو زیر مطالعہ تو رہیں لیکن ان کے اقتباسات کو غیر ضروری سمجھ کر فہرست میں شامل نہیں کیا گیا ہے۔

راقم

مشتاق فاروق

# باب اول
# خلیق انجم کے سوانحی کوائف اور شخصیت

# خلیق انجم کے سوانحی کوائف

## خاندانی پس منظر

خلیق انجم کے والد کا نام محمد احمد خاں، والدہ کا نام قیصر سلطانہ، دادا کا نام اصغر خاں اور پردادا کا نام ثمر خاں تھا۔خلیق انجم دہلی کے ایک قدیم روہیلہ پٹھان خاندان سے تعلق رکھتے تھے۔ان کے خاندان کا پیشہ سپہ گری تھا۔ چنانچہ سپہ گری کے پیشہ سے وابستہ ہونے کے باعث اُن کے خاندان کے کسی بزرگ ہندوستان آکر شاہی فوج سے منسلک ہوگئے اور کچھ افراد رنجیت سنگھ کی فوج میں ملازم ہوگئے۔خلیق انجم کے پردادا ثمر خاں ایک جرت منداور بہادر سپاہی تھے۔سپاہی ہونے کے ساتھ ساتھ وہ کچھ پڑھے لکھے انسان بھی تھے۔ان کے دو بیٹے اصغر خاں یعنی خلیق انجم کے دادا اوران کے بھائی رامپور میں سکونت پذیر تھے۔دونوں بھائی صاحب دولت تھے لیکن ان دونوں بھائیوں میں کسی بات پر اختلاف رائے ہوگیا اور خلیق انجم کے دادا اصغر خاں رام پور میں سب مال و دولت چھوڑ کر دہلی آگئے اور پھر ساری عمر یہیں کے ہوکر رہ گئے۔خلیق انجم اپنے خاندانی پس منظر کے بارے میں ’’کچھ اپنی مدح میں (خود نوشت)‘‘میں لکھتے ہیں:

’’میں نے اپنے آباواجداد کے بارے میں خاندان کے بزرگوں سے سنا اور بعض شواہد سے جو نتائج اخذ کیئے۔وہ یہ ہیں کہ ہم روہیلے پٹھان ہیں۔ہمارے خاندان کے ایک بزرگ ہندوستان آئے تھے۔یہ سپاہی پیشہ تھے۔ہندوستان آکر شاہی فوج میں بھرتی ہوگئے۔خاندان کے کچھ افراد لاہور میں رنجیت سنگھ کے ملازم تھے۔ہمارے پردادا ثمر خان کے بارے میں روایت ہے کہ بہت بہادر اور جری سپاہی تھے۔دادا اصغر خان اوران کے بھائی رام پور میں مقیم ہوگئے۔اپنے چچا اور تایا سے اتنا سنا تھا کہ دونوں بھائی صاحب حیثیت تھے۔کسی بات پر دونوں میں اختلاف ہوا اور ہمارے دادا ساری جائیداد چھوڑ کر دہلی آگئے

اور پھر کبھی رام پور نہیں گئے ۔''[۱]

مذکورہ اقتباس سے ہمیں خلیق انجم کے خاندانی پس منظر کے بارے میں پوری آگہی ملتی ہے کہ خلیق انجم کے دادا پردادا روہیلہ پٹھان خاندان سے تعلق رکھتے تھے اور وہ ہندوستان آنے کے بعد یہیں کے ہو کر رہ گئے ۔

خلیق انجم کے والد کا نام محمد احمد خاں تھا۔ ان کے والد یعنی خلیق انجم کے دادا اصغر خاں کچھ پڑھے لکھے آدمی تھے لہٰذا انہوں نے اپنے بیٹے محمد احمد خاں کو بھی علم کے نور سے منّور کر دیا۔ محمد احمد خاں اچھی تعلیم حاصل کرنے کے بعد ریلوے میں انجنئیر کے عہدے پر معمور ہوئے ۔ انجنئیر ہونے کے ساتھ ساتھ محمد احمد خاں کو آرٹ اور مصوری سے بھی خاصی دلچسپی تھی وہ اپنے علاقے کے ایک اچھے اور بہترین آرٹسٹ کہلاتے تھے چونکہ محمد احمد خاں اپنے باپ دادا کی طرح دولتمند تو نہیں تھے مگر آمدنی ضرور اتنی تھی جس سے وہ اپنا اور اپنے اہل وعیال کی بہترین پرورش کر سکتے تھے اپنے والد محترم کا تعارف پیش کرتے ہوئے خلیق انجم رقم طراز ہیں:

''میرے والد محمد احمد مرحوم ریلوے میں انجنئیر تھے ۔ بہت اچھے آرٹسٹ بھی تھے ۔ دولتمند تو نہیں تھے، لیکن اتنی آمدنی ضرور تھی کہ زندگی آرام سے گذر رہی تھی ۔'' [۲]

خلیق انجم کی والدہ کا نام قیصر سلطانہ تھا۔ قیصر سلطانہ پروفیسر عزیز الرحمٰن کی صاحبزادی تھی ۔ عزیز الرحمٰن انگریزوں سے بہت دلچسپی رکھتے تھے جس کے نتیجے میں تعلیم نسواں کے معاملے میں ان کا ذہن آزاد خیال ہو گیا تھا۔ انہوں نے اپنی بیٹی قیصر سلطانہ کو اس زمانے اور اُن حالات میں ایک پبلک اسکول میں داخل کرایا تھا جب کہ ایک مسلمان لڑکی کا گھر سے باہر نکلنا تک معیوب سمجھا جاتا تھا۔ تعلیم حاصل کرنا تو دور کی بات تھی ۔ عزیز الرحمٰن کو اپنی بیٹی قیصر سلطانہ کو پڑھانے کا شوق اس قدر تھا کہ وہ انھیں اسکول ڈولی میں بھیجا کرتے تھے جب کہ اسکول اور گھر کا فاصلہ دور نہ تھا۔ قیصر سلطانہ کو انگریزی تعلیم سے بہرہ ور کرنے کے لیے ایک انگریز خاتون ان کے گھر پر روز انہیں ٹیوشن دینے کے لیے آتی تھی ۔ اپنی والدہ قیصر سلطانہ کی پرورش اور ابتدائی تعلیم کے متعلق خلیق انجم لکھتے ہیں:

''میری والدہ قیصر سلطانہ صاحبہ غیر معمولی صلاحیت کی خاتون تھیں ۔ چونکہ نانا مرحوم پر ہر

وقت انگریزوں کے ساتھ رہتے تھے اس لیے وہ عورتوں کی تعلیم کے بہت حامی تھے۔انھوں نے اپنے لڑکوں کے ساتھ ساتھ لڑکیوں کی بھی باقاعدہ تعلیم دلائی تھی۔میری والدہ نے دہلی کے فرانسیسی گرلز اسکول میں اس زمانے میں تعلیم پائی جب مسلمان لڑکی کو تعلیم کے لیے گھر سے باہر بھیجنے کا تصور بھی نہیں کیا جاسکتا تھا والدہ نے مڈل تک پڑھا تھا کہ شادی ہوگئی۔''[۳]

قیصر سلطانہ ابھی مڈل اسکول کی تعلیم سے فارغ ہوئی تھی کہ اُن کی شادی خلیق انجم کے والد محمد احمد خان سے کردی گئی۔ان کی پانچ اولادیں ہوئیں۔طلعت،ثریا،صفیہ،ذکیہ اور غلام احمد خاں۔قیصر سلطانہ نے ایک اور لڑکی کو گود لیا تھا جس کا نام عذرا تھا۔اس طرح ان کی چھ اولادیں تھیں۔قیصر سلطانہ کی سیرت وکردار اور خدوخال کے متعلق ایم۔حبیب خان اپنے مضمون ''انجمن صاحب''میں یوں رقمطراز ہیں:

''خلیق صاحب کی والدہ نہایت نیک صالح اور دین دار خاتون تھیں پنج وقتہ نمازی اور تہجد گذار ہونے کے علاوہ ان میں غریبوں سے ہمدردی کا بہت جذبہ تھا۔ان کی ایک خوبی یہ بھی تھی کہ وہ ہر ماہ غریب اور بیوہ عورتوں کی مدد کیا کرتی تھیں۔ان میں بے سہارا اور یتیم بچے خود غریب ہونے کے باوجود بھی شامل تھے۔میں نے ان کو کئی بار دیکھا اور ان سے ملاقات کی۔نورانی چہرہ،گندمی رنگ اور بے انتہا خوبصورت خدوخال اور ہر وقت اپنے پرانے مکان واقع کلاں محل میں ایک تخت پر بیٹھی یادالٰہی میں مصروف رہتی۔''[۴]

اس سے خلیق انجم کی والدہ مرحومہ کی سیرت وکردار اور خدوخال کی پوری تفصیل کا پتہ چلتا ہے۔لہٰذا کہا جاسکتا ہے کہ خلیق انجم کی والدہ ایک مثالی خاتون تھیں۔

پروفیسر عزیز الرحمٰن خلیق انجم کی والدہ مرحومہ قیصر سلطانہ کے والد محترم اور محمد احمد خان کے سُسر تھے۔عزیز الرحمٰن عربی اور فارسی کے ایک اچھے عالم تھے۔وہ دہلی کے لال قلعہ میں واقع انگریزوں کے اورینٹل کالج کے پرنسپل تھے۔اس کالج میں انگریز اردو زبان وادب کی تعلیم حاصل کرتے تھے۔عزیز الرحمٰن نے شاہی جامع مسجد کی انگریزی

میں مستند تاریخ رقم بند کی ہے۔ان کی نہایت ہی معروف ومشہور کتاب ''علم مجلسی'' سات جلدوں پر مشتمل ہے۔اس کتاب میں موضوع کی مناسبت سے اردو شعراء کے اشعار کا انتخاب کیا گیا ہے۔اردو پڑھانے کی غرض وغائط کے لیے انھوں نے کئی کتابیں تالیف کی ہیں۔محمد عارف اقبال اپنے مضمون ''ڈاکٹر خلیق انجم (ادیب ومحقق)'' میں خلیق انجم کے نانا پروفیسر عزیز الرحمٰن کا تعارف پیش کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

> ''ان کے نانا عزیز الرحمٰن صاحب دہلی کے لال قلعہ میں واقع انگریزوں کے کالج کے پرنسپل تھے۔ جہاں انگریز اردو تعلیم حاصل کرتے تھے۔انہوں نے شاہی جامع مسجد کی انگریزی میں مستند تاریخ لکھی۔ان کی مشہور ومقبول کتاب سات جلدوں میں ''علم مجلسی'' ہے۔'' ۵؎

ڈاکٹر خلیق انجم کی پانچ بہنیں تھیں۔طلعت، ثریا، صفیہ اور ذکیہ اور عذرا کو اُن کی والدہ مرحومہ نے گود لیا تھا۔طلعت سعید صاحبہ کا عقد سعید احمد سے ہوا تھا۔شادی کے وقت سعید صاحب دواخانے میں انچارج تھے لیکن بعد میں آل انڈیا ریڈیو میں ٹرانسلیٹر اینڈ براڈ کاسٹر ہوگئے۔اس کے بعد ''ڈیفنس منسٹری'' "Defence Ministry" میں ان کا تقرر بحیثیت فارسی لیکچرر ہوا اور بلآخر ریڈر کے پیشے سے سبکدوش ہوگئے۔ثریا اسلم صاحبہ کی شادی اردو کے مشہور ومعروف شاعر ونقاد ڈاکٹر اسلم پرویز سے ہوئی تھی۔اسلم پرویز خلیق انجم کے بہنوئی ہونے کے ساتھ ساتھ زندگی کی آخری سانس تک اُن کے سب سے عزیز دوست بھی رہے ہیں۔اسلم پرویز پہلے کسی کالج میں بحیثیت اردو لیکچرر کام کرتے تھے لیکن بعد میں جواہر لال نہرو یونیورسٹی میں ان کا تقرر اسوسیٹ پروفیسر کی حیثیت سے ہوا۔دو تین سال بعد اس عہدے سے سبکدوش ہوکر انجمن ترقی اردو (ہند) کے سہ ماہی رسالے ''اُردو ادب'' کے ایڈیٹر ہوگئے۔خلیق انجم کی تیسری بہن صفیہ کے شوہر کا نام اختر رشید ہے۔اختر رشید پہلے لندن روانہ ہوئے اور بعد میں کینیڈا منتقل ہوگئے اور انہوں نے وہیں مستقل سکونت اختیار کرلی۔ذکیہ کے شوہر احسان الحق بھی پہلے لندن گئے اور بعد میں کینیڈا سکونت پذیر ہوگئے۔خلیق انجم نے اپنی چھوٹی بہن عذرا (جنہیں ان کی والدہ مرحومہ نے گود لیا تھا ) کی شادی ایک اچھے اور معزز گھرانے میں منصور سے کردی۔منصور صاحب پہلے سعودیہ میں کسی امریکن کمپنی میں

ملازم تھے۔ان دونوں میاں بیوی نے پاکستان میں سکونت اختیار کرلی۔ایم۔اے حبیب خان خلیق انجم کی بہنوں اور بہنوئیوں کے بارے میں لکھتے ہیں:

''بھائی کوئی نہیں پانچ بہنیں ہیں،طلعت سعید،ثریا اسلم،صفیہ اختر رشید، ذکیہ ای حق ،عذرا انجم (انھیں خلیق صاحب کی والدہ نے گود لیا تھا)۔خلیق صاحب کے بہنوئیوں کے نام ہیں۔احمد سعید، ڈاکٹر اسلم پرویز، اختر رشید، احسان الحق اور صفدر احمد۔''۶

ڈاکٹر خلیق انجم کی ولادت ۲۲ر دسمبر ۱۹۳۵ء کو دلّی میں ہوئی۔عموماً ایک محقق کو دوران تحقیق کسی ادیب یا شاعر یا پھر نقاد کی تاریخ ولادت کے معاملے میں اکثر وبیشتر دشواریوں کا سامنا رہتا ہے لیکن خلیق انجم کی تاریخ ولادت کے بارے میں انہوں نے خود لکھا ہے:

''میں ۲۲ر دسمبر ۱۹۳۵ء کو دہلی میں پیدا ہوا۔''۷

ڈاکٹر خلیق انجم کا پیدائشی نام غلام احمد خان تھا۔لیکن اسکول میں بچے انھیں غلام غلام کہہ کر چھڑاتے تھے جس کے نتیجہ میں والدین نے غلام احمد خان سے ان کا نام بدل کر خلیق احمد خان کر دیا۔خلیق انجم چوں کہ اپنے ماں باپ کے پانچ بیٹیوں کے بعد اکلوتے بیٹے تھے اس لیے اُن کے چہیتے تھے۔ان کا بچپن بڑے لاڈ پیار میں گذرا ہے۔لارڈ پیار کے سبب دادیال میں انھیں ''کاکا'' اور نھیال میں ''پیارے'' بلایا جاتا تھا۔دوران اسکول انھیں ادب سے دلچسپی پیدا ہوگئی اور انہوں نے اپنا ادبی نام خلیق اقبال رکھا جو بعد میں ایک قریبی دوست ڈاکٹر اسلم پرویز صاحب کے صلح ومشورے سے ''خلیق انجم'' ہوگیا۔آج اردو زبان وادب کی تاریخ میں انھیں اسی نام سے جانا اور پہچانا جاتا ہے۔اس بارے میں خلیق انجم خود لکھتے ہیں:

''والد مرحوم نے میرا نام غلام احمد رکھا تھا۔اسکول میں لڑکے غلام کہہ کر چھیڑتے تھے۔اس لیے والدین نے میرا نام خلیق احمد خاں کر دیا،شاعری کا شوق ہوا تو خلیق اقبال ہوگیا۔مجھے یہ نام بہت پسند تھا لیکن اسلم پرویز کو خلیق انجم پسند تھا۔کئی مہینے کے بحث ومباحثے کے بعد

میں خلیق اقبال سے خلیق انجم ہوگیا۔'' ۸؎

ڈاکٹر خلیق انجم دلّی میں پیدا ہوئے اور نسلاً افغانی روہیلا پٹھان تھے۔ان کی والدہ مرحومہ کا کہنا ہے کہ جب خلیق انجم کو اسکول میں داخلے کے لیے گئے تو اتنے دبلے پتلے اور چھوٹے قد کے تھے کہ اسکول میں انہیں داخلہ دینے سے انکار کیا گیا جس کے نتیجے میں ان کی عمر میں ایک سال اور بڑھایا گیا۔خلیق انجم کو ابتدائی تعلیم کے لیے دہلی کے اینگلو عربک اسکول میں داخل کیا گیا۔اپنی غیر معمولی اور تیز ذہانت کے سبب محض تیرہ سال کی عمر میں ساتویں جماعت تک پہنچ گئے۔ابھی وہ ساتویں کلاس میں ہی تھے کہ ۱۹۴۷ء کا قہر آلود واقعہ پیش آیا۔چنانچہ تقسیم ملک کے نتیجے میں ملک کے چاروں طرف ہنگامے برپا ہوگئے اور تمام اسکولوں پر تالا لگ گیا۔کچھ مدت گزرنے کے بعد جب حالات میں کسی حد تک سدھار آگیا تو اینگلو عربک اسکول کی اجمیری گیٹ والی شاخ پھر سے شروع کردی گئی۔ناسازگار حالات کے نتیجے میں اسکول میں طلباء کی تعداد بہت کم تھی اس لیے خلیق انجم کو پرنسپل نے محض چند سوالات پوچھ کر نویں جماعت میں داخلہ دیا خلیق انجم کی ابتدائی تعلیم کے بارے میں خود خلیق انجم لکھتے ہیں:

> ''دہلی میں اینگلو عربک اسکول میں تعلیم پائی۔تیرہ سال کا تھا اور ساتویں کلاس میں تھا کہ ۱۹۴۷ء کے ہنگامے ہوگئے۔اسکول بند ہوگیا۔چھے مہینے بعد اینگلو عربک اسکول کی اجمیر گیٹ شاخ کھل گئی داخلے کے لیے گیا اس وقت نویں کلاس کی تعداد بہت کم تھی اس لیے پرنسپل نے معمولی سوال و جواب کے بعد مجھے نویں میں داخل کرلیا۔'' ۹؎

اینگلو عربک ہائر سیکنڈری اسکول اجمیری گیٹ دلّی سے خلیق انجم دسویں جماعت کا امتحان پاس کرنے کے بعد اپنے عزیز دوست اسلم پرویز کے ہمراہ مزید تعلیم کے لیے علی گڑھ مسلم یونیورسٹی پہنچ گئے۔علی گڑھ میں داخلہ ہونے کی دیر ہی تھی کہ ماہنامہ ''جھلک'' کے مالک نے خلیق انجم کو ساٹھ روپیہ ماہانہ بطور اڈیٹر منتخب کیا۔خلیق انجم اپنے عزیز دوست اسلم پرویز کے ہمراہ رسالے کا سارا کام انجام دیتے تھے۔ماہنامہ ''جھلک'' سے وابستگی کا ایک فائدہ جہاں کچھ پیسے حاصل کرنے کا ہوا وہیں دوسری طرف انہیں نثر لکھنے پر بھی اچھی دسترس حاصل ہوتی گئی۔علی گڑھ میں ان کا

قیام ممتاز ہوسٹل میں تھا۔ جہاں ان کے ہمراہ ابوسعید زیدی، خلیل الرحمٰن اعظمی اورانجم اعظمی جیسی عظیم اور معتبر شخصیات تھیں۔ان صاحبان کی سر پرستی اورعلم دوستی نے ڈاکٹر خلیق انجم اوران کے دوست اسلم پرویز میں ادب کا سنجیدگی سے مطالعہ کرنے کا شوق پیدا کردیا چوں کہ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کی لائبریری میں اردو کتابوں کا بڑا ذخیرہ تھا جس سے ان دونوں دوستوں نے بےحد استفادہ کیا اور وقت گذرنے کے ساتھ ساتھ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی سے انٹر کا امتحان پاس کرلیا۔اس کے بعد مزید تعلیم کے لیے بی۔اے میں داخلہ لیا۔خلیق انجم کے تعلیمی سفر کی روداد ایم۔حبیب خان اپنے مضمون ’’انجمن صاحب‘‘ میں یوں بیان کرتے ہیں:

’’انجم صاحب نے ابتدائی تعلیم دلی میں حاصل کی۔مقابلے کیے۔محنت کی، جامع مسجد کے ڈاک خانے کی سیڑھیوں پر بیٹھ کر لوگوں کے خطوط لکھے۔گوحالات نے انھیں سخت کوش بنادیا تھا۔لیکن انھوں نے ہمت نہیں ہاری اور اسی طرح اینگلو عربک ہائر سیکنڈری اسکول اجمیری گیٹ دلّی سے دسویں کا امتحان پاس کیا۔۱۹۵۰ء میں اپنے دوست اسلم پرویز صاحب کے ساتھ مزید تعلیم حاصل کرنے کے لیے علی گڑھ چلے گئے جو سرسید کی درسگاہ ہونے کی وجہ سے پوری دنیا میں مشہور ہے۔‘‘ ۱۰

علی گڑھ سے بی۔اے کرنے کے بعد خلیق انجم نے پھر سے اپنے مادر وطن دہلی کا رخ کیا۔دہلی آ کر انہوں نے خواجہ احمد فاروقی کے مشورے سے دہلی یونیورسٹی میں ایم۔اے اُردو میں داخلہ لیا اور پھر پی۔ایچ۔ڈی کی ڈگری بھی حاصل کرلی۔پی۔ایچ۔ڈی میں ان کا موضوع ’’مرزا مظہر جان جاناں‘‘ رہا ہے۔یہ موضوع خلیق انجم کی رضامندی کے خلاف شعبۂ اردو نے اُن پر عائد کیا تھا جس کا اعتراف انہوں نے خود اپنی خودنوشت میں کیا ہے:

’’لیکچرر ہوتے ہی میں نے پی۔ایچ۔ڈی میں داخلہ لے لیا۔میرا موضوع تھا۔’’مرزا مظہر جان جاناں‘‘ دراصل یہ موضوع مجھ پر شعبۂ اردو نے تھوپا تھا مجھے اس میں زیادہ دلچسپی نہیں تھی لیکن حکم حاکم مرگ مناجات کے تحت میں نے اسی موضوع پر کام شروع کردیا۔‘‘ ۱۱

## ملازمت:

خلیق انجم نے علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں قیام کے دوران ہی قلیل آمدنی ہونے کے سبب اپنی ضروریات کو پورا کرنے کی غرض سے ماہنامہ ''جھلک''میں ایڈیٹر کے طور پر کام کرنا شروع کیا تھا لیکن کچھ وقت گزر جانے کے بعد ماہنامہ ''جھلک'' کے مالک اوران کے بھائی میں اختلاف ہوگیا نتیجے میں رسالہ بند ہوگیا۔

علی گڑھ سے بی۔اے کرنے کے بعد خلیق انجم نے دوبارہ اپنے مادر وطن دہلی کا رخ کیا۔چوں کہ خلیق انجم کی پانچ بہنیں تھیں اور سب تعلیم حاصل کررہی تھیں والدہ محترمہ کی آمدنی بھی اتنی نہیں تھی کہ سارے اولاد کی تعلیم کا خرچہ برداشت کرسکتی ۔گھر کی آسودہ مالی حالت کو دیکھ کر خلیق انجم نے فیصلہ کرلیا کہ ملازمت کرکے اقتصادی طور پر والدہ محترمہ کی کچھ مدد کریں۔ان دنوں دلّی اسکول آف اکنامکس میں گریڈ دہلی سروے جاری تھا جس کے لیے خواہشمندان سے درخواستیں جمع کی جارہی تھیں ملازمت چوں کہ عارضی تھی اس لیے ضوابط زیادہ سخت نہیں تھے۔خلیق انجم نے بھی درخواست جمع کی اوران کا انتخاب ہوگیا۔کچھ مدت گذر جانے کے بعد انھوں نے اس ملازمت سے فراغت اختیار کرلی۔

خلیق انجم نے کچھ عرصہ بعد کروڑی مل کالج میں شعبۂ اردو میں بحیثیت لکچرر کام کرنا شروع کیا۔ملازمت پہلے عارضی تھی لیکن بعد میں مستقل ہوگئی۔کالج میں لکچرر شپ کے دوران خلیق انجم این ،سی ،سی کے لیے منتخب ہوگئے جہاں تین مہینے کی زبردست ٹریننگ کے بعد خلیق انجم لیفٹیننٹ ہوگئے ۔کیپٹن کے عہدے تک پہنچ چکے تھے اور میجر ہونے والے تھے کہ ان کی شادی کردی گئی۔ازدواجی زندگی اور پھر این ،سی ،سی کی مصروفیات سے انہیں بہت پریشانیاں ہورہی تھی ۔نتیجہ میں تنگ آکر انہوں نے این ،سی ،سی سے سبکدوشی اختیار کرلی۔این ،سی ،سی سے استعفیٰ کی وجہ شادی نہیں بلکہ آل انڈیا ریڈیو میں فارسی کے مترجم اور براڈ کاسٹر کی تقرری تھی جہاں مہینے میں صرف پندرہ دن ڈیوٹی کرنی تھی۔

۱۹۷۲ء میں ڈاکٹر سروپ سنگھ دہلی یونی ورسٹی کے وائس چانسلر اور گجرال کمیٹی کے رکن تھے کمیٹی کو ایک ایسے

فرد کی ضرورت پیش آئی جو لکھنے کے سلسلے میں علی جواد زیدی صاحب کی مدد کر سکے۔ ڈاکٹر سروپ سنگھ کی سفارش پر اس کام کے لیے خلیق انجم کا انتخاب کیا گیا اور انہیں ڈپٹی ڈائریکٹر کے عہدے پر معمور کیا گیا۔ کچھ دن گذر جانے کے بعد انہیں ڈائرکٹر بنا دیا گیا۔ کچھ وقت گزر جانے کے بعد انھوں نے یہاں سے بھی فراغت کر لی۔ گجرال کمیٹی سے سبکدوشی کے بعد خلیق انجم انجمن ترقی پسند اردو (ہند) سے منسلک ہو گئے جہاں وہ جنرل سکریٹری کی حیثیت سے کام کرتے رہے۔ ڈاکٹر اسلم پرویز اس بارے میں رقم طراز ہیں:

''خلیق انجم اپنی زندگی کے ابتدائی دنوں ہی سے روزگار کے وسائل کی تلاش میں کبھی چھوٹے وقار کو اپنے راستے کا پتھر نہیں بنایا۔ یہی وجہ ہے کہ انہوں نے ہر کام کو خواہ وہ اکادمک نوعیت کا ہو یا کسی اور کا اور کسی بھی سطح کا اسے پوری Dignity of Labour کے ساتھ کیا۔ ان کاموں میں ڈاک خانے کے باہر بیٹھ کر خط لکھنا، سر بازار دکان کے پٹرے پر بیٹھ کر بجلی کے پرانے پنکھوں کی مرمت کرنا، کروڑی مل کالج کی لکچرر شپ، گجرال کمیٹی کی ڈائریکٹر شپ، جامعہ اردو کی وائس چانسلری اور انجمن ترقی اردو (ہند) کی جنرل سکریٹری شپ یہ سبھی شامل ہیں۔'' ۱۲

خلیق انجم کی شادی ۱۹۶۱ء میں مؤنی انجم سے ہوئی۔ شادی کے وقت مؤنی صاحبہ دہلی اسکول آف اکنامکس میں استاد تھیں اور خلیق انجم این، سی، سے وابستہ تھے۔ مؤنی صاحبہ ایک بہترین خاتون تھی۔ مؤنی صاحبہ جامعہ ملیہ اسلامیہ میں سوشیالوجی کے شعبہ میں تقریباً دس سال تک ہیڈ اور تین سال تک ڈین فیکلٹی آف سوشل سائنسز رہی ہیں۔ انہیں ادب سے بھی اچھا لگاؤ تھا۔ خلیق انجم کی شادی کے متعلق محمد عارف خاں لکھتے ہیں:

''۱۹۶۱ء میں محترمہ مؤنی انجم سے شادی ہوئی۔ وہ آج کل جامعہ ملیہ اسلامیہ میں سوشیالوجی کی پروفیسر ہیں پچھلے سال تک شعبے کی صدر اور ڈین فیکلٹی آف سوشل سائنسز تھیں۔'' ۱۳

## اولاد:

خلیق انجم کو دو اولادیں ہوئیں۔ایک لڑکا اور ایک لڑکی۔لڑکی کا نام سیما انجم اور لڑکا ثمر انجم ہیں۔سیما انجم نے دہلی یونیورسٹی سے انگریزی میں ایم۔اے کی ڈگری حاصل کر لی ہے۔ان کی شادی دلّی کے ایک معزز گھرانے میں ہوئی ہے۔سیما انجم کے دو لڑکے ہیں۔ثمر انجم جیٹ ایرویز میں ملازم ہیں۔محمد عارف خاں لکھتے ہیں:

> ''انجم صاحب کے دو بچے ہے۔ایک صاحبزادی سیما انجم اور ایک صاحبزادے ثمر انجم۔سیما انجم نے دہلی یونیورسٹی سے انگریزی میں ایم۔اے کیا تھا اور وہ اپنے شوہر رضوان قریشی صاحب کے ساتھ کاروبار میں مصروف ہیں۔ثمر انجم جیٹ ایئرویز میں اعلیٰ عہدے پر فائز ہیں۔سیما صاحبہ کے دو لڑکے ہیں رومان اور روحان۔'' [۱۴]

## ادبی سفر کا آغاز:

خلیق انجم کی ادبی زندگی کا آغاز اسکول کے زمانے میں اس وقت ہوگیا تھا جب وہ دسویں جماعت میں تھے،اس زمانے میں وہ اسکول سے شائع ہونے والے رسالے ''اعتماد'' کے ایڈیٹر مقرر کیے گئے تھے۔گویا کہ یہ خلیق انجم کی ادبی صحافت کا آغاز تھا۔اس کے بعد جب علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں داخل ہو گئے تو ماہنامہ ''جھلک'' کے ایڈیٹر مقرر ہوئے۔خلیق انجم کے ادبی سفر کے آغاز کے متعلق محمد عارف اقبال لکھتے ہیں:

> ''خلیق انجم کی ادبی سرگرمیاں اسکول ہی سے شروع ہوگئی تھیں۔سب سے پہلے اسکول میگزین ''اعتماد'' کے ایڈیٹر ہوئے۔علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں انٹرمیڈیٹ کرنے کے دوران میں علی گڑھ کے ایک ادبی ماہنامہ ''جھلک'' کے ایڈیٹر بن گئے۔'' [۱۵]

علی گڑھ سے بی۔اے کرنے کے بعد جب خلیق انجم واپس دہلی آ گئے اور کروڑی مل کالج سے وابستہ ہوگئے تو یہیں سے انھوں نے اپنی ادبی زندگی کا باقاعدہ آغاز کیا۔کروڑی مل کالج سے خلیق انجم نے اپنی پہلی

کتاب ''معراج العاشقین''، تصیح وترتیب کے بعد شائع کی۔اسی دوران خواجہ احمد فاروقی کے صلح ومشورے سے خلیق انجم نے غالب کی وہ تحریریں جمع کر کے ''غالب کی نادر تحریریں'' کے عنوان سے کتابی شکل میں شائع کی جو مختلف رسائل وجرائد میں بکھری پڑی تھیں۔اس کتاب کی تکمیل کے لیے انہیں کئی کتب خانوں اور رسائل کی خاک چھاننی پڑی۔ان کی یہ کتاب ۱۹۶۰ء میں شائع ہوئی۔خلیق انجم کی ادبی سرگرمیوں کے سفر کے آغاز کے بارے میں محمد عارف اقبال لکھتے ہیں:

> ''ایم۔اے کے بعد وہ دلّی کالج کے پرنسپل مرزا محمد بیگ کی مدد سے کروڑی مل کالج میں اردو کے لیکچرر ہوگئے ۔خلیق انجم کی ادبی سرگرمیوں کا باضابطہ آغاز دراصل یہیں سے ہوتا ہے۔یہاں انہوں نے اپنی پہلی کتاب ''معراج العاشقین''، ترتیب وتصیح کے ساتھ مکمل کی جو مکتبہ شاہراہ سے شائع ہوئی۔'' [۱۶]

## تصانیف:

### ڈاکٹر خلیق انجم کی تصنیفات وتالیفات کی فہرست درج ذیل ہیں:۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔تاراس بلبا | (انگریزی سے اردو ترجمہ) | ۱۹۵۷ء |
| ۲۔معراج العاشقین | (ترتیب) | ۱۹۵۷ء |
| ۳۔غالب کی نادر تحریریں | (ترتیب) | ۱۹۶۱ء |
| ۴۔بڑے چلو | (ہندوستان پر چین کے حملے پر فوجی نظموں کا مجموعہ) | ۱۹۶۲ء |
| ۵۔مرزا مظہر جان جاناں کے خطوط | (فارسی سے اردو ترجمہ) | ۱۹۶۲ء |
| ۶۔مرزا محمد رفیع سودا | (تصنیف) | ۱۹۶۵ء |

۷۔متنی تنقید (تصنیف) ۱۹۶۷ء

۸۔کربل کتھا کا لسانی مطالعہ (ترتیب۔خلیق انجم اور گوپی چند نارنگ) ۱۹۷۰ء

۹۔افادات سلیم (ترتیب) ۱۹۷۲ء

۱۰۔غالب اور شاہان تیموریہ (تصنیف) ۱۹۷۴ء

۱۱۔ضبط شدہ نظمیں (ترتیب: خلیق انجم، مجتبیٰ حسین) ۱۹۷۵ء

۱۲۔غالب کے خطوط (جلد اول) ۱۹۸۵ء

۱۳۔غالب کے خطوط (جلد دوم) ۱۹۸۵ء

۱۴۔فیض احمد فیض: تنقیدی جائزہ (ترتیب) ۱۹۸۵ء

۱۵۔مشفق خواجہ: ایک مطالعہ (ترتیب) ۱۹۸۵ء

۱۶۔مولانا ابوالکلام آزاد: شخصیت اور کارنامے (ترتیب) ۱۹۸۶ء

۱۷۔رسوم دہلی (ترتیب) ۱۹۸۶ء

۱۸۔سید سلیمان ندوی (ترتیب) ۱۹۸۶ء

۱۹۔غالب کے خطوط (جلد سوم) ۱۹۸۷ء

۲۰۔دہلی کے آثار قدیمہ (عہدِ وسطیٰ کی پچیس فارسی تاریخوں میں دہلی کے آثار قدیمہ کی تفصیلات کا اردو ترجمہ) ۱۹۸۸ء

۲۱۔دلی کی درگاہ شاہ مرداں (ترتیب) ۱۹۸۸ء

۲۲۔محی الدین قادری زور (ترتیب) ۱۹۸۹ء

۲۳۔اصناف ادب اردو (ترتیب: قمر رئیس اور خلیق انجم) ۱۹۸۹ء

۲۴۔انتخاب خطوط غالب (ترتیب) ۱۹۸۹ء

۲۵۔آثار الصنادید (تین جلدیں) ۱۹۸۹ء

۲۶۔اختر انصاری شخص اور شاعر (ترتیب) ۱۹۹۰ء

۲۷۔جوش بنام ساغر (ترتیب) ۱۹۹۱ء

| | | |
|---|---|---|
| ۲۸۔غالب: کچھ مضامین | (ترتیب) | ۱۹۹۱ء |
| ۲۹۔ڈاکٹر فرمان فتح پوری: شخصیت اور ادبی خدمات | (کتاب نما کا خاص نمبر) | ۱۹۹۲ء |
| ۳۰۔بابائے اردو مولوی عبدالحق | (بچوں کے لیے) | ۱۹۹۲ء |
| ۳۱۔غالب کے خطوط | (جلد چہارم) | ۱۹۹۳ء |
| ۳۲۔مرقع دہلی | (فارسی متن کی ترتیب اور اردو ترجمہ) | ۱۹۹۳ء |
| ۳۳۔جگن ناتھ آزاد حیات اور ادبی خدمات | (ترتیب) | ۱۹۹۳ء |
| ۳۴۔پروفیسر نثار احمد فاروقی | (کتاب نما کا خاص نمبر) | ۱۹۹۳ء |
| ۳۵۔راج بہادر گوڑ: حیات و ادبی خدمات | (ادبی خدمات) | ۱۹۹۴ء |
| ۳۶۔حسرت موہانی | (تصنیف) | ۱۹۹۴ء |
| ۳۷۔فن ترجمہ نگاری | (ترتیب) | ۱۹۹۵ء |
| ۳۸۔انتخاب کلام حسرت موہانی | (ترتیب) | ۱۹۹۵ء |
| ۳۹۔پنڈت آنند نرائن ملا کی ادبی خدمات | (ترتیب) | ۱۹۹۵ء |
| ۴۰۔تعبیر و تفہیم | (تصنیف) | ۱۹۹۶ء |
| ۴۱۔پروفیسر مسعود حسین خان: ایک جامع حیثیات شخصیت | (ترتیب) | ۱۹۹۶ء |
| ۴۲۔علامہ شبلی: علمی و ادبی خدمات | (ترتیب) | ۱۹۹۶ء |
| ۴۳۔خطبہ صدارت | (یہ خطبہ انجمن ترقی اردو اتر پردیش کی صوبائی کانفرنس میں پڑھا گیا) | ۱۹۹۷ء |
| ۴۴۔جوش ملیح آبادی کے خطوط | (ترتیب) | ۱۹۸۸ء |

۴۵۔ گجرال کمیٹی اوراس سے متعلق (تصنیف) ۱۹۹۸ء
دیگر کمیٹیوں کا جائزہ

۴۶۔ڈاکٹر ذاکر حسین: (مرتبہ:عبدالغفار شکیل اور خلیق انجم) ۱۹۹۹ء
حیات،فکر اور عمل

۴۷۔آصف علی اور ارونا آصف علی (تصنیف) ۱۹۹۹ء

۴۸۔غالب کے خطوط (پانچویں جلد) (ترتیب) ۲۰۰۰ء

۴۹۔پروفیسر خواجہ احمد فاروقی: (تصنیف) ۲۰۰۰ء
بیسویں صدی کی ممتاز شخصیت

## مقالے کتابوں میں:۔

| مقالہ | کتاب | مصنف/ مرتب | سنہ اشاعت |
|---|---|---|---|
| رشید احمد صدیقی | رشید احمد صدیقی: | | |
| | کردار،افکار،گفتار | مالک رام | ۱۹۷۵ء |
| اردو کتابوں کی اشاعت | اردو طباعت واشاعت | | |
| آزادی کے بعد | کے مسائل | انور کمال حسینی | ۱۹۷۸ء |
| انیس کی رباعیاں | انیس شناسی | گوپی چند نارنگ | ۱۹۸۱ء |
| فیض بیتی | فیض احمد فیض: | | |
| | تنقیدی جائزے | خلیق انجم | ۱۹۸۵ء |
| مولانا عبدالسلام نیازی | دلی والے | ڈاکٹر صلاح الدین | ۱۹۸۶ء |
| شیشے اور لوہے کا آدمی (خاکہ) | ہمارے کنور صاحب | ساقی نارنگ | ۱۹۸۶ء |

| | | | |
|---|---|---|---|
| سید صاحب کا سوانحی خاکہ | سید سلیمان ندوی | خلیق انجم | ۱۹۸۶ء |
| ہندوستانی قومیت اور مشترکہ کلچر | اردو اور مشترکہ | ڈاکٹر کامل قریشی | ۱۹۸۷ء |
| | ہندوستانی تہذیب | | |
| مالک رام: صف اول کے خاکہ نگار | مالک نامہ | بشیر حسین زیدی | ۱۹۸۷ء |
| ساغر نظامی (خاکہ) | دلی والے | ڈاکٹر صلاح الدین | ۱۹۸۸ء |
| مولانا آزاد اور جنگ آزادی | تحریک آزادی میں | | |
| | اردو کا حصہ | ناشر نقوی | ۱۹۸۸ء |
| مولانا سید سلیمان ندوی کی ادبی | | | |
| خدمات | علامہ سید سلیمان ندوی | ڈاکٹر خلیق انجم | ۱۹۸۸ء |
| اردو کا بانکا اور سجیلا شاعر | جمیل الدین عالی | ایم۔حبیب خاں | ۱۹۸۸ء |
| | فن اور شخصیت | | |
| بنیادی نسخہ | آزادی کے بعد دہلی میں | | |
| | اردو تحقیق | تنویر احمد علوی | ۱۹۹۰ء |
| محمود شیرانی کا قیام لندن | حافظ محمود شیرانی | پروفیسر نذیر احمد | ۱۹۹۱ء |
| ہند ایرانی تہذیب کا آخری نمونہ۔ | | | |
| مالک رام | مالک رام محقق اور دانشور | غالب انسٹی ٹیوٹ | ۱۹۹۱ء |
| کلام فراق کے کچھ پہلو | آزادی کے بعد دہلی میں | | |
| | اردو تنقید | ڈاکٹر شارب ردولوی | ۱۹۹۱ء |
| مومن کا سوانحی خاکہ | مومن خاں مومن: | | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | حیات اور شاعری | پروفیسر نذیر احمد | ۱۹۹۱ء |
| مولانا عرشی اردو کے پہلے متنی نقاد | مولانا امتیاز علی عرشی | | |
| | ادبی و تحقیقی کارنامے | پروفیسر نذیر احمد | ۱۹۹۱ء |
| بھارت میں اردو | اردو زبان مسائل اور امکانات۔ | سید شوکت علی شاہ | ۱۹۹۲ء |
| غالب اور اقبال کی مکتوب نگاری | بیا بمجلس اقبال (حصہ سوم) | پروفیسر آفاق احمد | ۱۹۹۳ء |
| محروم: بچوں کے شاعر | افکار محروم | مالک رآم | ۱۹۹۳ء |
| اردو کا کلاسیکی شاعر: پروفیسر جگن | پروفیسر جگن ناتھ آزاد: | | |
| ناتھ آزاد | شخصیت اور ادبی خدمات | ایم حبیب خاں | ۱۹۹۴ء |
| مولانا آزاد کا ماہنامہ ''لسان الصدق'' | ابوالکلام آزاد: ایک تہذیبی | | |
| | علامت | لیئق احمد | ۱۹۹۴ء |
| ایک عظیم سیکولر ہندوستانی: فخرالدین | | | |
| علی احمد | یادگار نامہ فخرالدین علی احمد | غالب انسٹی ٹیوٹ | ۱۹۹۴ء |
| آنند نرائن ملا۔ ترانوے سال کے | آنند نرائن ملا | | |
| نوجوان | (شاعر اور دانش ور) | غالب انسٹی ٹیوٹ | ۱۹۹۵ء |
| اردو زبان کے مسائل پر مسعود حسین | پروفیسر مسعود حسین خاں: | | |
| خاں کے مضامین | ایک جامع حیثیات شخصیت | ڈاکٹر خلیق انجم | ۱۹۹۶ء |
| ذوقؔ اور غالبؔ کے ادبی معرکے | شیخ محمد ابراہیم ذوقؔ | ڈاکٹر اسلم پرویز | ۱۹۹۹ء |
| شبلی اور سرسید کے اختلافات | شبلی کی علمی و ادبی خدمات | خلیق انجم | ۱۹۹۶ء |
| دہلوی تہذیب کا آخری یادگار نمونہ: | | | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| بیگم حمیدہ سلطان | بیگم حمیدہ سلطان احمد (ناول نگار اور مجاہد اردو) | غالب انسٹی ٹیوٹ ۱۹۹۹ء | |
| بہادر شاہ ظفر کی وسیع المشربی | بہادر شاہ ظفر ایک مطالعہ | شاہد ماہلی | ۲۰۰۰ء |
| سودا | مرزا محمد رفیع سودا (تحقیقی وتنقیدی جائزے) | پروفیسر نذیر احمد | ۲۰۰۱ء |
| سرسید اور عہد حاضر کی فرقہ وارانہ سیاست | سرسید سے اکبر تک | شمیم حنفی اور سہیل احمد فاروقی | ۲۰۱۱ء |
| خواجہ احمد فاروقی صف اول کے مکتوب نگار | کتاب نما کا خصوصی شمارہ پروفیسر خواجہ احمد فاروقی نمبر | خلیق انجم | ۲۰۱۱ء |
| کچھ جمیل جالبی کے بارے میں | جمیل جالبی یا اردو ادب کی تاریخ | ڈاکٹر محمد خاور جمیل مصطفی کمال پاشا | ۲۰۱۵ء |
| مومن کی عشقیہ زندگی اور شاعری | یادگار مومن | محمد منظور احمد۔ اردو مجلس حیدر آباد | |
| مومن اور نغمہ عندلیب | یادگار مومن | محمد منظور احمد۔ اردو مجلس حیدر آباد | |

## چند مقالے رسالوں میں :۔

| مقالہ | رسالہ | اشاعت |
|---|---|---|
| لاکھ بلائیں ایک نشیمن (ناولٹ) | ماہنامہ شاہراہ، دہلی (ناولٹ نمبر) | فروری ۱۹۸۵ء |
| امام بخش صہبائی | پگڈنڈی، امرتسر | ۱۹۵۹ء |
| مرقع دہلی | نقوش، لاہور | اگست ۱۹۶۱ء |

| | | |
|---|---|---|
| اردو کے مشہور شعرا اور ناصح | پندرہ روزہ آواز، دہلی | ۲۲ نومبر ۱۹۶۱ء |
| صفا لکھنوی | سہ ماہی صبح، دہلی (پہلا حصہ) | ۱۹۶۲ء |
| مرزا اشرف علی فغاںؔ | سہ ماہی صحیفہ، لاہور | جنوری ۱۹۶۴ء |
| ڈاکٹر کنور محمد اشرف (خاکہ) | ماہنامہ 'سب رس'، حیدرآباد | نومبر ۱۹۶۴ء |
| زار مرحوم | ندائے اتحاد، دہلی | نومبر ۱۹۶۵ء |
| حقائق | ماہنامہ 'صبح' دہلی | جولائی ۱۹۶۶ء |
| شاہد احمد دہلوی (خاکہ) | مانامہ 'صبح' دہلی | مارچ ۱۹۶۷ء |
| مکتوب نگاری کا فن | نوائے ادب 'بمبئی | ۱۵ جولائی ۱۹۷۵ء |
| آج بہت سے یتیم ہو گئے (مرزا محمود بیگ کا خاکہ) | دہلی کالج اردو میگزین، دہلی | ۱۹۷۴ـ۱۹۷۶ء |
| بے وقت کا آدمی (جاں نثار اختر) | فن اور شخصیت، بمبئی | مارچ ۱۹۷۶ء |
| خواجہ حسن نظامی بحیثیت انشاپرداز | ماہنامہ آجکل، نئی دہلی | فروری ۱۹۷۷ء |
| آخری مغل تاجدار (بہادر شاہ ظفر) | فکر نو، دہلی | ۱۹۷۸ء |
| رنگارنگ بزم آرائیاں (غالب کے خطوط سے متعلق) | غالب نامہ، نئی دہلی | ۱۸۹۸۲ء |
| عود ہندی کا پراثر اراڈیشن | نگار، کراچی | جولائی، اگست ۱۹۸۲ء |
| حسن نعیم کی پچیس غزلیں | تخلیقی ادب، کراچی | اکتوبر ۱۹۸۵ء |
| حالیؔ اور غالبؔ | سہ ماہی نخلستان، جے پور | اپریل تا ستمبر ۱۹۸۶ء |
| پتھرے بولتے ہیں | | |

| | | |
|---|---|---|
| (دہلی کے آثار قدیمہ) | ماہنامہ ایوان اردو، دہلی | مئی ۱۹۸۷ء |
| قاضی عبدالودود سے قبل اردو تحقیق | | |
| اور متنی تنقید | غالب نامہ، نئی دہلی | ۱۹۸۷ء |
| دہلی کے آثار قدیمہ | ماہنامہ ایوان اردو، دہلی | جون ۱۹۸۷ء |
| دہلی کے آثار قدیمہ | ماہنامہ ایوان اردو، دہلی | جولائی ۱۹۸۷ء |
| دہلی کے آثار قدیمہ | ماہنامہ ایوان اردو، دہلی | اگست ۱۹۸۷ء |
| دہلی کے آثار قدیمہ | ماہنامہ ایوان اردو، دہلی | ستمبر ۱۹۸۷ء |
| دہلی کے آثار قدیمہ | ماہنامہ ایوان اردو، دہلی | اکتوبر ۱۹۸۷ء |
| دہلی کے آثار قدیمہ | ماہنامہ ایوان اردو، دہلی | نومبر ۱۹۸۷ء |
| دہلی کے آثار قدیمہ | ماہنامہ ایوان اردو، دہلی | فروری ۱۹۸۸ء |
| دہلی کے آثار قدیمہ | ماہنامہ ایوان اردو، دہلی | مارچ ۱۹۸۸ء |
| دہلی کے آثار قدیمہ | ماہنامہ ایوان اردو، دہلی | اپریل ۱۹۸۸ء |
| زلیخا بیگم۔ مولانا آزاد کی بیوی | ماہنامہ یوجنا، نئی دہلی | نومبر ۱۹۸۸ء |
| خواجہ احمد عباس: سوانحی خاکہ | آج کل، نئی دہلی | دسمبر ۱۹۸۸ء |
| اردو اکادمیوں کی کارکردگی کی | | |
| نئی جہتیں | سہ ماہی نخلستان، جے پور | جنوری تا مارچ ۱۹۸۹ء |
| اداریہ بحیثیت مہمان مدیر | کتاب نما، نئی دہلی | اکتوبر ۱۹۸۹ء |
| ہندوستان کی تاریخ نگاری میں اردو | | |
| ادیبوں کا حصہ | سہ ماہی نوائے ادب، بمبئی | اکتوبر ۱۹۹۳ء |

| | | |
|---|---|---|
| اردو کتابوں کی طباعت اور فروخت کے مسائل | ماہنامہ آجکل، نئی دہلی | مارچ ۱۹۹۴ء |
| جوش کے کچھ خطوط کنور سنگھ بیدی سحرؔ اور شنکر پرشاد کے نام | آج کل، نئی دہلی | اپریل ۱۹۹۵ء |
| خطوط غالب میں طنز و مزاح | سووینیر، ہریانہ اردو اکادمی | ۱۹۹۸ء |
| پنڈت آنند نرائن ملا | خبر نامہ، اتر پردیش اردو اکادمی | جنوری تا اپریل ۱۹۹۸ء |
| اردو فکشن کی آبرو: کیول دھیر | پرواز ادب، پنجاب | جنوری، فروری ۱۹۹۹ء |
| قدیم ہندوستان کا فن تعمیر | سہ ماہی فکر و تحقیق، نئی دہلی | جنوری تا مارچ ۱۹۹۹ء |
| میرے بزرگ دوست پروفیسر آزاد | آج کل، نئی دہلی | اکتوبر ۲۰۰۴ء |
| پروفیسر محی الدین قادری زورؔ کے خطوط بنام خلیق انجم | ماہنامہ سب رس، (حیدرآباد) زورؔ نمبر | شمارہ ۱۰، ۱۱، ۱۲، جلد ۲۶ |
| صابر دت: ایک فن ایک شخصیت | جمنا تٹ، ہریانہ (صابر دت نمبر) | شمارہ ۱، ۲ جلد نمبر ۱۳ |
| دلی عہد بہ عہد | نقوش، لاہور | شمارہ نمبر ۱۳۸ |
| ممتاز محقق اور متنی نقاد رشید حسن خاں | اردو دنیا، نئی دہلی | اپریل ۲۰۰۶ء |
| استاد رسا دہلوی | چہارسو | جلد: ۱۷، شمارہ جولائی اگست ۲۰۰۸ء |
| سرسید اور اکبر | چہارسو | جلد: ۱۷، شمارہ جولائی اگست ۲۰۰۸ء |

## پیش لفظ

| کتاب | مصنف رمرتب | اشاعت |
|---|---|---|
| دلی سے دلی تک | ضمیر حسن دہلوی | ۱۹۶۵ء |
| دہلی کے اردو مخطوطات کی وضاحتی فہرست | ڈاکٹر صلاح الدین | ۱۹۷۵ء |
| سحر حیات | بہار برنی | ۱۹۷۶ء |
| نقش صدا | رفعت سروش | ۱۹۷۷ء |
| فکر نامہ | فکر تونسوی | ۱۹۷۷ء |
| مسافت شب (انتخاب شاعری) | زبیر رضوی | ۱۹۷۷ء |
| حصار آب (مجموعہ کلام) | حیات لکھنوی | ۱۹۷۷ء |
| عکس (انٹرویوز کا مجموعہ) | پروفیسر نثار احمد فاروقی | ۱۹۷۹ء |
| آزادی کے بعد کی غزل کا تنقیدی مطالعہ | بشیر بدر | ۱۹۸۱ء |
| اردو۔ ہندی دانشوروں کی نظر میں | ڈاکٹر حامد حسین | ۱۹۸۳ء |
| رقص خیال (مجموعہ کلام) بہادر شاہ ظفر | ڈاکٹر اسلم پرویز | ۱۹۸۶ء |
| تلوک چند محروم: شخصیت اور فن | پروفیسر جگن ناتھ آزاد | ۱۹۸۷ء |
| اردو غزل | ڈاکٹر کامل قریشی | ۱۹۸۷ء |
| اردو اور مشترکہ ہندوستانی تہذیب | ڈاکٹر کامل قریشی | ۱۹۸۷ء |
| چراغ دہلی | مرزا حیرت دہلوی | ۱۹۸۷ء |
| مرزا محمود بیگ کے مضامین کا انتخاب | ڈاکٹر کامل قریشی | ۱۹۸۷ء |
| دہلی کے اسکولوں میں اردو نصاب کے مسائل | پرافیسر صدیق الرحمٰن قدوائی | ۱۹۸۷ء |
| قومی یکجہتی کا مسئلہ | ڈاکٹر خاور ہاشمی | ۱۹۸۸ء |

| | | |
|---|---|---|
| مرزا مظہر جان جاناں | سید تبارک علی نقشبندی | ۱۹۸۸ء |
| نقطئہ نظر | ضیف سیف ہاشمی | ۱۹۸۸ء |
| دلی والے | ڈاکٹر صلاح الدین | ۱۹۸۸ء |
| دہلی کے مشائخ کی ادبی روایات | بیگم ریحانہ فاروقی | ۱۹۸۸ء |
| اردو میں بارہ ماسے کی روایت: مطالعہ و متن | پروفیسر تنویر احمد علوی | ۱۹۸۸ء |
| انتخاب کلام داغ | بیگم ممتاز مرزا | ۱۹۸۸ء |
| اسلام کے علاوہ دیگر مذاہب کی ترویج میں اردو کا حصہ | ڈاکٹر محمد عزیز | ۱۹۸۹ء |
| فسانۂ عجائب | رشید حسن خاں | ۱۹۹۰ء |
| اقبال کا فنی و ذہنی ارتقا | پروفیسر عبدالمغنی | ۱۹۹۱ء |
| ادبی تناظر | ڈاکٹر راج بہادر گوڑ | ۱۹۹۱ء |
| لاہور میں اردو شاعری کی روایت | ڈاکٹر گوہر نوشاہی | ۱۹۹۱ء |
| رجب علی بیگ سرور | پروفیسر حنیف نقوی | ۱۹۹۱ء |
| گل و شبنم (مجموعہ کلام) | غافل دہلوی | ۱۹۹۱ء |
| میر کی غزل گوئی: ایک جائزہ | راشد آزر | ۱۹۹۱ء |
| یگانہ: احوال و آثار | نیر مسعود | ۱۹۹۱ء |
| باغ و بہار | رشید حسن خاں | ۱۹۹۲ء |
| روشنی اے روشنی (مجموعہ کلام) | نور تقی نور | ۱۹۹۲ء |
| اس گھر کو آگ لگ گئی | سلیم قریشی، سید عاشور کاظمی | ۱۹۹۳ء |

| | | |
|---|---|---|
| سرسید کی فکراور عصر جدید کے تقاضے | پروفیسر خلیقا حمد نظامی | ۱۹۹۳ء |
| بھگود گیتا | شان الحق حقی | ۱۹۹۴ء |
| تلاش میر | پروفیسر نثار احمد فاروقی | ۱۹۹۴ء |
| علی گڑھ کی علمی خدمات | پروفیسر خلیق احمد نظامی | ۱۹۹۴ء |
| دیوان یقین دہلوی | ڈاکٹر فرحت فاطمہ | ۱۹۹۵ء |
| ذکر وفکر (مجموعہ کلام) | ساجدا خاتون | ۱۹۹۵ء |
| مصحفی اور بحر المحبت | ڈاکٹر وسیم بیگم | ۱۹۹۵ء |
| میر کی آپ بیتی | پروفیسر نثار احمد فاروقی | ۱۹۹۶ء |
| پانی پت (طویل نظم) | رفعت سروش | ۱۹۹۷ء |
| رائے بینی نرائن دہلوی سوانحی اور ادبی خدمات | پروفیسر حنیف نقوی | ۱۹۹۷ء |
| سردار پٹیل اور ہندوستانی مسلمان | ڈاکٹر رفیق زکریا | ۱۹۹۷ء |
| مثنویات شوق (نواب مرزا شوق لکھنوی) | رشید حسن خاں | ۱۹۹۸ء |
| جنت سے نکالی ہوئی ہوا | نفیس بانو شمع | ۱۹۹۸ء |
| ایجاب وانحراف | نسیم احمد نسیم | ۱۹۹۹ء |
| اردو کی درسی کتب میں حب الوطنی | ڈاکٹر خوشحال زیدی | ۱۹۹۹ء |

## تبصرے

| کتاب | مصنف/مرتب | رسالہ | شمارہ |
|---|---|---|---|
| حدیث دل | غلام ربانی تاباں | ماہنامہ ''صبا'' حیدر آباد | نومبر ۱۹۶۱ء |

| | | | |
|---|---|---|---|
| گلکرسٹ اوراس کا عہد | محمد عتیق صدیقی | صبح، دہلی (۲،۳،۴) | ۱۹۶۲ء |
| اقبال اور مغربی مفکرین | پروفیسر جگن ناتھ آزاد | سہ ماہی ''لمحے لمحے'' بدایوں جولائی ۱۹۸۶ء | |
| اردوشاعری کی نئی آواز | ڈاکٹر گرجا ویاس | ماہنامہ آجکل، نئی دہلی | نومبر ۱۹۹۱ء |
| فرمان فتح پوری: | | | |
| زندگی وآثار | ڈاکٹر طاہر تونسوی | ماہنامہ کتاب نما، نئی دہلی | نومبر ۱۹۹۸ء |

خلیق انجم اردو کے مشہور اور ممتاز ادیب و محقق ہیں۔ ان کے تبصرے اور پیش لفظ کی ایک بڑی تعداد برصغیر ہندو پاک کے مختلف رسالوں ، اخباروں اور کتابوں میں شائع ہوئے ہیں۔ ڈاکٹر خلیق انجم ہفت روزہ ''ہماری زبان'' اور سہ ماہی ''اردو ادب'' کے ایڈیٹر رہے ہیں۔ ''ہماری زبان'' اور ''اردو ادب'' میں بھی خلیق انجم کے بہت سارے مضامین، تبصرے اور اداریے شائع ہو چکے ہیں۔

## انعامات واعزازات:

خلیق انجم کو ملک اور بیرون ملک، سرکاری اور غیر سرکاری علمی وادبی اداروں نے مختلف ایوارڈز اور اعزازات سے نوازا ہے۔ خلیق انجم کے انعامات واعزازات درج ذیل ہیں۔

☆ اتر پردیش حکومت ایوارڈ۔

☆ اتر پردیش اردو ایوارڈ۔

☆ بہار اردو اکادمی ایوارڈ۔

☆ اتر پردیش اردو اکادمی ایوارڈ۔

☆ نئی دہلی میونسپل لٹریری ایوارڈ۔

☆ مغربی بنگال اردو اکادمی کا نیشنل ایوارڈ۔

☆ حلقہ نگراں، کراچی پاکستان کا انٹرنیشنل ایوارڈ۔

☆ غالب ویلفر سوسائٹی ایوارڈ۔

☆ ذوق ریسرچ انسٹی ٹیوٹ ایوارڈ۔

☆ عالمی اردو ایوارڈ۔

☆ مدھیہ پردیش اردو اکادمی کا قومی ایوارڈ۔

☆ مساوات انڈیا کا نیشنل انٹگریشن ایوارڈ۔

☆ غالب انسٹی ٹیوٹ کی جانب سے تحقیق وتنقید کا ایوارڈ۔

## قومی اور بین الاقوامی سیمناروں میں شرکت:

ڈاکٹر خلیق انجم نے تقریباً ۷۰ قومی اور بین الاقوامی سیمناروں میں مقالے پیش کیے ہیں اور ۳۰ سے زائد سیمناروں کی صدارت کی ہے۔ اس سلسلے میں انھوں نے انگلینڈ، ماریشس، پاکستان، متحدہ عرب امارات اور قطر وغیرہ جیسے ممالک کے سفر کئے ہیں۔

## سیر وسیاحت:

خلیق انجم سیر وتفریح کے بے حد شوقین تھے سیر وسیاحت کا یہ شوق ان کو پوری عمر رہا ہر مہینے دو مہینے میں وہ اپنے تمام اہل وعیال کے ساتھ سیر وسیاحت کے لیے جاتے تھے۔ انھیں قدیم عمارتوں سے بے حد لگاؤ تھا ان کی بیٹی سیما انجم اس ضمن میں لکھتی ہیں:

''ابا کی قدیم عمارتوں کے بارے میں بھی معلومات قابل تعریف تھی۔ ہر مہینے دو مہینے میں ہم

پکنک منانے مہر ولی کے نایاب اور نامعلوم قدیم عمارتوں پر جاتے تھے جیسے کہ جمالی کمالی، بھول بھلیاں وغیرہ وغیرہ۔ابا ہمیں ان کی تاریخ کے بارے میں بتاتے تھے۔الگ الگ زاویوں سے قدیم عمارتوں کی کمال کی تصویریں کھینچتے تھے۔'' ۱۷

## مشاغل:

خلیق انجم فوٹو گرافی، باغبانی، پڑھنا لکھنا، فن تعمیر، ہومیوپیتھی وغیرہ کے بے حد شوقین تھے انہیں فوٹو گرافی کا شوق والد مرحوم سے ورثے میں ملا تھا۔ان کے والد بہت اچھے اور مشہور آرٹسٹ تھے۔فوٹو گرافی کے شوق کو پورا کرنے کے لیے خلیق انجم کے پاس قیمتی اور اعلیٰ درجہ کے کیمرے موجود تھے۔وہ ایک بہترین فوٹو گرافر تھے۔ان کی کھینچی ہوئی تصویریں ان کی مرتبہ کتاب ''آثار الصنادید'' میں محفوظ ہیں جن کو دیکھ کر اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ وہ کتنی بہترین تصویر کشی کرتے تھے۔

فوٹو گرافری کے ساتھ ساتھ انھیں باغبانی سے بھی بڑی اور گہری دلچسپی تھی مختلف پودوں پر تجربات کرنا ان کا بہت پسندیدہ مشغلہ رہا ہے مختلف قسم کے گلابوں پر تجربہ کر کے انہوں نے اپنے گھر میں ایک چھوٹی گلاب پھلواری ''Mini Rose Garden'' بنائی تھی۔اس گلاب پھلواری میں گلاب کی متنوع قسم کے نئے نئے پھول کھلتے رہتے تھے۔وہ اپنے پیڑ پودوں کا بہت زیادہ خیال رکھا کرتے تھے۔سیما انجم اپنے والد خلیق انجم کے ان مشاغل کے بارے میں لکھتی ہیں:

''ادب کی دنیا میں تو سب ان کے کام سے بہ خوبی واقف ہیں۔لیکن بہت کم لوگ جانتے ہوں گے کہ انھیں فوٹو گرافی، باغبانی، مغلئی کھانوں اور غزلوں میں بے انتہا دلچسپی تھی۔'' ۱۸

ان مشاغل کے علاوہ خلیق انجم کے اور بھی کئی مشغلے تھے۔انھیں پرانی موٹر کاریں خریدنے اور انھیں ٹھیک

کرنے سے بھی کافی لگاؤ تھا۔انہیں علاج ومعالجہ سے بھی کافی دلچسپی تھی۔ان کے پاس ہومیوپیتھی میڈیسن اور بائیو کمک میڈیسن کی بہت ساری کتابیں موجود تھیں۔ ہندوستانی لٹریچر کے علاوہ جرمنی میں اس طریقہ علاج کے متعلق شائع ہونے والی کتابیں بھی ان کے پاس موجود تھیں۔انہیں فن تعمیر ( آثار قدیمہ ) سے بھی گہری دلچسپی تھی۔قدیم وجدید فن تعمیر کو سمجھنے کے لیے انہوں نے کئی زبانوں میں شائع ہونے والی فن تعمیر سے متعلق کتابوں کا گہرائی سے مطالعہ کیا تھا۔ان تمام مشاغل کو پورا کرنا اوران میں مہارت حاصل کرنا ان کا شیوہ رہا ہے۔ان کا شمار دہلی کے آثار قدیمہ کے نامور ماہرین میں ہوتا ہے۔وہ فارم فار ہیریٹیج اور کنزرویشن نام کی ایک تنظیم کے صدر بھی رہ چکے ہیں۔ پروفیسر ظفر احمد نظامی خلیق انجم کے ان مشاغل کے بارے میں لکھتے ہیں:

> ’’خلیق صاحب کوفن تعمیر سے لگاؤ ہے۔ان کے دل پر ہر اینٹ پتھر کا گھاؤ ہے۔اسی لیے انہوں نے کیمرہ لٹکایا، دہلی کے گلی کوچوں کا گشت لگایا۔اس کی عظمت رفتہ سے پردہ اٹھایا ۔دنیا بھر کواس کا حسن دکھایا۔ادب کے ساتھ ہی وہ ہومیوپیتھی کے بھی ڈاکٹر ہیں۔رجسٹرڈ میڈیکل پریکٹیشنر ہیں۔‘‘ ۱۹

اسی تعلق سے رشید الدین لکھتے ہیں:

> ’’خلیق انجم ہرفن مولیٰ آدمی ہیں۔وہ زبان وادب کا نہایت اعلا ذوق رکھتے ہیں۔غیر معمولی تحریری اور تقریری صلاحیتیں رکھتے ہیں۔ایک عمدہ فوٹوگرافر ہیں۔۔۔وہ ایک اچھے موٹر میکنک ہیں۔انھوں نے پرانی موٹر کاریں خرید خرید کر یہ فن سیکھا ہے۔وہ موٹروں کے انجنوں کی ساخت اوراس کی درستگی کے بخوبی ماہر ہیں۔‘‘ ۲۰

اس سے واضح ہوجاتا ہے کہ خلیق انجم کوفن تعمیر، ہومیوپیتھی،موٹر میکنک اورفوٹوگرافی سے گہری دلچسپی تھی۔

## مطالعہ کا شوق:

خلیق انجم کو زمانہ طفلی سے ہی مطالعہ کا شوق رہا ہے اور یہ شوق بڑتی عمر کے ساتھ خلیق انجم میں بڑھتا گیا ۔وہ صبح سویرے اپنی میز پر بیٹھ کر اپنے کام میں مصروف رہتے تھے۔انہیں زبان وادب کا اعلیٰ ذوق تھا۔وہ بیک وقت کئی پروجیکٹس پر کام کرتے تھے۔لیکن مطالعہ کے لیے وہ بھی وقت نکال ہی لیتے تھے۔اگر انہیں فرصت کے دس منٹ ہی میسر ہوتے تو وہ اپنی میز پر بیٹھ کر لکھنے اور پڑھنے میں محو ہو جاتے تھے۔گویا وہ ایک منٹ بھی ضائع کرنے کے حق میں نہیں تھے۔انہیں ہمیشہ کچھ نیا کرنے کی کوشش رہتی تھی۔وہ کسی کے سامنے اپنی دانشوری کا اظہار نہیں کرتے تھے انھوں نے کبھی بھی کسی سے کچھ سیکھنے میں شرم محسوس نہیں کی ہے۔ڈاکٹر رضیہ حامد لکھتی ہیں:

> ''خلیق انجم کو بچپن سے ہی مطالعہ کا شوق رہا ہے۔بچپن میں اردو کے رسائل گھر میں آتے رہتے تھے۔پڑھنے لکھنے کے شوق نے ان کو زندگی کی معاشی جدوجہد کے آغاز کے لیے بھی لکھنے یعنی خطوط نویسی کی طرف راغب کیا اور تیرہ سال کی عمر میں خلیق انجم نے زندگی کی جدوجہد میں اس طرح حصہ لیا کہ پوسٹ آفس کے باہر بیٹھ کر لوگوں کے خطوط املا کرنے لگے۔'' ۲۱

## اُردو گھر کی تعمیر

نومبر ۱۹۶۵ء میں انجمن کے مرکزی دفتر کے لیے راؤز ایونیو روڈ پر ایک قطعہ زمین خرید ا گیا تھا۔پروفیسر آل احمد سرور کی صدارت کے وقت میں اس عمارت کی تعمیر کا کام شروع ہو گیا تھا۔اس عمارت کی تعمیر کا کام کرنل بشیر حسین زیدی کی نگرانی میں چل رہا تھا۔بابائے اردو مولوی عبدالحق نے اس عمارت کا نام ''اردو گھر'' تجویز کیا اور اس کا سنگ بنیاد سابقہ وزیر اعظم آنجہانی محترمہ اندرا گاندھی نے ۳ مارچ ۱۹۶۰ء میں رکھا تھا۔

۱۹۷۴ء میں جب خلیق انجم اس سے وابستہ ہوئے تو اس وقت ''اردو گھر'' کی عمارت کا صرف ڈھانچہ تھا۔انجمن کی تعمیر کا کام جاری رکھنے کے لیے فنڈ ز میسر نہیں تھے جس کی وجہ سے شروع میں ہی ''اردو گھر'' کی عمارت

کی تعمیر کا کام روکنا پڑا تھا۔انجمن سے وابستگی کے بعد خلیق انجم نے اپنی بے تحاشا محنت اورلگن سے ''اردو گھر'' کی عمارت کی پانچ منزلیں تعمیر کروائی اوران پانچ منزلوں کا سارا کام مکمل کر دیا۔اردو گھر کی عمارت بنانے سے لے کر اس کوسجانے اورسنوارنے تک ڈاکٹرخلیق انجم نے کوئی دقیقہ باقی نہیں رکھا۔آج کی انجمن صرف ایک اشاعتی ادارہ یا اردوتحریک کا دفتر ہی نہیں بلکہ اس میں خلیق انجم نے ایسے شعبے قائم کئے جن کی زمانہ حاضر میں ضرورت ہے اور جن سے آنے والی نسلیں بھی ہمیشہ مستفید ہوتی رہیں گی۔خلیق انجم سے پہلے اورانجمن سے اُن کی وابستگی کے بعدانجمن ترقی اردو(ہند)اور''اردوگھر'' کی تعمیر کا نقشہ کس برق رفتاری سے بدلتا گیا اس بارے میں ایس۔ایم۔حبیب خان لکھتے ہیں:

> ''۱۹۷۴ء میں جب خلیق انجم صاحب انجمن ترقی اردو(ہند) کے جنرل سکریٹری مقرر ہوئے تو انجمن کا دفتر علی گڑھ کی ایک پرانی اور بوسیدہ عمارت میں تھا۔انجمن کی آمدنی تقریباً چھ ہزارروپے ماہانہ تھی اوراردوگھر کی تعمیر شروع ہوکر تھوڑے سے کام کے بعد ہی رک گئی تھی۔خلیق صاحب اوران کی رہنمائی میں کام کرنے والے انجمن کے کارکنوں کی مسلسل محنت کا نتیجہ ہے کہ اردوگھر کی شاندار عمارت مکمل ہوچکی ہے۔انجمن کا دفتر بالکل جدید انداز پر ہے اور خود اپنے وسائل سے ایک لاکھ تیں ہزار روپئے ماہانہ آمدنی ہے۔انجم صاحب اردو میں کچھ بھی نہ کرتے تب بھی اس عظیم الشان کارنامے کی وجہ سے اردو تاریخ میں ان کا نام ہمیشہ روشن رہے گا۔'' ۲۲

## ڈاکٹرخلیق انجم اورانجمن ترقی اردو(ہند):

تقسیم ملک کے بعد ہندوستان میں اردوزبان وادب کوجن مسائل اورجن مشکلات کا سامنا تھا۔جس طرح ایک زندہ ومقبول اور پورے ملک میں رائج رابطے کی زبان اردو کو بے جان اور بے دخل کیا گیا تھا۔وہ نہ صرف ملکی

وقومی تاریخ کا ایک سیاہ باب اورالمیہ رہا ہے بلکہ لسانیات کی تاریخ میں ایک بدترین مثال ہے۔

آزادی کے بعد اردو دشمن عناصر کو ناکام بنانے اور اردو زبان کو فروغ دینے کے لیے تقریباً ملک کے ہر گوشے میں انجمنیں اور ادارے قائم کیے گئے۔ان انجمنوں اور اداروں نے اپنی اپنی استطاعت کے مطابق کارہائے نمایاں کام سرانجام دیئے لیکن ان تمام انجمنوں اور اداروں کی کوششوں کو مربوط و مضبوط اور مستحکم بنانے کے لیے انجمن ترقی اردو (ہند) کے نام سے ۱۹۰۳ء میں ایک کل ہند تنظیم عمل میں آئی یہ تنظیم کم وپیش ایک سو پندرہ برس کے طویل عرصہ پر پھیلی ہوئی روشن اور درخشاں تاریخ کی حامل ہے۔ماقبل آزادی جہاں مولوی عبدالحق جیسے عالم وفاضل اور عاشق اردو کی رہنمائی اور سرپرستی میں انجمن کا کارواں آگے بڑھتا رہا وہیں آزادی کے بعد انجمن سے وابستہ دوسرے عہدیداروں کی خدمات کو سراہتے ہوئے یہ حقیقت بھی اپنی جگہ مسلم ہے کہ انجمن ترقی اردو (ہند) کو نئی زندگی اور اس میں نئی وسعت اور تب وتاب عطا کرنے میں ڈاکٹر خلیق انجم کا غیر معمولی اور ناقابل فراموش حصہ رہا ہے۔

۱۹۷۴ء میں پروفیسر آل احمد سرور کے بعد انجمن ترقی اردو (ہند) میں بحیثیت سکریٹری ڈاکٹر خلیق انجم کا تقرر ہوا۔آنند نارائن انجمن کے صدر تھے اور دلّی کو مرکزیت حاصل تھی۔اس لیے ۱۹۳۹ء میں انجمن کا دفتر اورنگ آباد سے دہلی منتقل ہوا۔یہ دریا گنج میں انصاری روڈ پر حکیم اجمل خان کی عمارت میں واقع تھا۔چنانچہ ۱۹۴۷ء کی تباہ کن صورتحال کے نتیجے میں انجمن کا دفتر محفوظ نہیں رہا۔انجمن کا بہت سارا سرمایہ نذر آتش ہوگیا۔جو کچھ بچا ہوا تھا اسے مولوی عبدالحق اپنے ساتھ کراچی لے گئے۔اس بچے کچے سرمایہ میں مخطوطات بھی شامل تھے۔ان مخطوطات کو بھی کراچی لیجایا گیا تھا۔لیکن مولانا ابوالکلام کی مداخلت اور اردو دوستی کی وجہ سے بہت سارا سرمایہ انجمن ترقی اردو (ہند) میں بھی محفوظ رہا ہے۔

تقسیم ملک کے دوران نامساعد اور ناسازگار حالات کے نتیجے میں انجمن کو علی گڑھ مسلم یونی ورسٹی منتقل کیا گیا۔پروفیسر آل احمد سرور اس وقت انجمن کے سکریٹری تھے۔جب حالات میں سدھار آیا تو خلیق انجم کی مسلسل کوششوں کے نتیجے میں انجمن کو علی گڑھ سے واپس دہلی منتقل کیا گیا۔چونکہ پروفیسر آل احمد سرور انجمن کو علی گڑھ سے

دہلی لانے کے حق میں نہیں تھے لہٰذا انہوں نے انجمن ترقی اردو (ہند) کی سیکریٹری کے عہدے سے سبکدوشی اختیار کر لی۔ پروفیسر آل احمد سرور کے استعفیٰ کے بعد ڈاکٹر خلیق انجم انجمن ترقی اردو (ہند) کے سیکریٹری منتخب کیے گئے۔ خلیق انجم کو اس بات کا احساس تھا کہ دہلی میں رہ کر اردو زبان وادب کے فروغ اور ترقی وترویج کے لیے زیادہ بہتر اور معقول طور پر اقدامات اٹھائے جاسکتے ہیں۔ نہ صرف اس لیے کہ دہلی کو مرکزیت حاصل ہے بلکہ اشاعت اور تشہیر کے ذرائع، میڈیا کے استعمال کی سہولیتیں اور دوسری اردو تنظیموں اور ثقافتی اداروں سے رابطہ کے جو ذرائع کی کوشش دہلی میں کی جاسکتی ہیں۔ وہ کسی دوسری جگہ سے ہونا ناممکن ہے۔ اس ضمن میں پروفیسر نثار احمد فاروقی یوں رقم طراز ہیں:

> ''خلیق انجم جب علی گڑھ سے انجمن کا دفتر اٹھا کر لائے تھے۔ اس وقت سب کا تاثر یہ تھا کہ انجمن ختم ہوجائے گی۔ اردو گھر کی موجودہ عمارت بھی نامکمل تھی۔ تعمیر کے لیے کثیر رقم درکار تھی اور یہاں چیل کے گھونسلے میں ماس کہاں۔''۲۳

انجمن کا دفتر جب علی گڑھ سے دہلی منتقل ہوا تو اسٹاف کے لوگوں میں ناراضگی اور بے چینی تھی۔ بعض لوگوں کا خیال تھا کہ انجمن اب دم توڑ بیٹھے گی۔ کچھ لوگوں کے عدم تعاون کی وجہ سے دفتر کے ماحول میں گھٹن پیدا ہوگئی تھی۔ بعض حضرات نچلی سطح کے ملازمین کو سیکریٹری کے خلاف بڑکاتے تھے۔ لیکن خلیق انجم نے کسی چیز کی پرواہ کیے بغیر انجمن کو فعال اور مستحکم بنانے کے لیے دن رات ایک کر کے انجمن کو صفر کے درجہ سے اٹھا کر آسمان کی بلندیوں تک پہنچا دیا۔ پروفیسر نثار احمد فاروقی لکھتے ہیں:

> ''خلیق انجم نے صفر کے درجہ سے انجمن کو اٹھایا۔ ان معنوں میں کہ اردو گھر کی تعمیر پوری کرنا آسان کام نہ تھا اور علی گڑھ سے جمے جمائے دفتر کو اکھاڑ دینا بھی بہت سے مسائل پیدا کرسکتا تھا۔ مگر وہی ان کی ہمت اور حوصلہ سب سے بڑا سرمایا تھا۔ انہیں اپنا کیریئر بنانے میں اور انجمن کو فعال وخود کفیل بنانے میں بہت سی اہم شخصیات کا تعاون ملا۔''۲۴

ڈاکٹر خلیق انجم کو انجمن ترقی اردو (ہند) سے کافی لگاؤ تھا۔ انجمن سے ان کی وابستگی سے قبل انجمن کو کئی سارے مسائل ومشکلات درکار تھے۔ خلیق انجم نے ان تمام مسائل ومشکلات سے نکال کر انجمن کو ایک ایسے مقام پر لا کھڑا کیا جہاں سے اس کی ترقی وترویج میں روز اضافہ ہوتا گیا۔ خلیق انجم سے پہلے انجمن ترقی اردو (ہند) کے کام کاج اور آمدنی کس نوعیت کی تھی اور ان کی وابستگی کے بعد انجمن کے حالات وکام کاج میں کس حد تک سدھار آیا اور انجمن کی آمدنی کیسے ترقی کے زینے طئے کرتی گئی۔ اس بارے میں پروفیسر سید ظل الرحمٰن لکھتے ہیں:

''انجمن پہلے صرف اپنی مطبوعات فروخت کرتی تھی ۔اکاڈمیاں نہیں تھیں ،مصنف اپنی کتابیں خود چھاپتے تھے۔لیکن انجمن کا ان کی کتابوں کی عکاسی میں کوئی تعاون شامل نہیں ہوتا تھا۔خلیق انجم نے کتابوں کی اشاعت کے علاوہ دوسرے مصنفین کی کتابیں فراخت کرنے کا سلسلہ شروع کیا۔اردو بک ڈپو کو ترقی دی۔ان سے پہلے کتابوں کی چار، پانچ روپے سالانہ کی فروخت تھی۔اب آٹھ، نو لاکھ روپئے سالانہ کی فروخت ہے۔ پہلے سال میں دوتین کتابیں چھپتی تھیں۔اب پندرہ کے قریب کتابیں چھپنے کا اوسط ہے۔دوڈکشنریوں کا تقریباً ہر سال ایڈیشن آتا ہے۔یہ دونوں انجمن کی آمدنی کا خاص ذریعہ ہیں۔''۲۵

درج بالا عبارت سے صاف ظاہر ہوجاتا ہے کہ خلیق انجم کی سیکریٹری شپ کے بعد انجمن کی آمدنی کہاں سے کہاں تک پہنچ گئی۔

انجمن پر خلیق انجم کی خدمات کا سلسلہ یہیں تک محدود نہیں ہے۔انہوں نے وقتاً فوقتاً انجمن کی مالی امداد کی خدمت بھی سرانجام دی ہے۔انجمن جب مالی مسائل سے دوچار تھی اس وقت انہوں نے اپنی بیوی کے زیورات بھی گروی رکھے تاکہ انجمن کا ادارہ برقرار رہے۔انجمن کے نامساعد حالات کے دوران انہوں نے کئی سالوں تک انجمن سے تنخواہ نہیں لی۔غرض کہ خلیق انجم نے ہر ممکن کوشش کر کے انجمن ترقی اردو (ہند) ادارے کو فعال اور مضبوط بنانے میں بے شمار چھوٹی بڑی خدمات انجام دی ہیں اور ان کوششوں میں خلیق انجم بہت حد تک کامیاب نظر آتے ہیں۔ انجمن ترقی اردو (ہند) کو مالی اور دیگر مسائل و مشکلات سے نکالنے کے لیے خلیق انجم نے کیا کیا قربانیاں دی ہیں اس کا اندازہ درج ذیل اقتباس سے بخوبی ہوجاتا ہے:

''انجمن ترقی اردو (ہند) کی پچیس اپریل ۱۹٦۸ کو منعقد ہونے والی مالی کمیٹی کی روداد سے اندازہ ہوتا ہے کہ ڈاکٹر خلیق انجم نے ۷۸۔۱۹۷۵ء کے دوران یعنی چار سال انجمن سے تنخواہ نہیں لی تھی۔یہ تنخواہ انہیں گیارہ سال بعد یعنی ۱۹۸۸ء میں اس وقت ملی جب خلیق انجم نے انجمن کی مالی حالت بہتر کردی۔انجمن ایسوسی ایٹڈ پریس آف آفسیٹ مشین کرائے پر لی تھی۔یہ مشین بہت بوسیدہ حالت میں تھی۔اسے ٹھیک کرانے کے لیے پچیس ہزار روپئے درکار تھے۔لیکن انجمن کے پاس یہ رقم نہیں تھی۔اس خیال کے پیش نظر انہوں نے اپنی بیوی کے زیور گروی رکھ کر پچیس ہزار روپے کا انتظام کیا۔''۲٦

مذکورہ بالا عبارت سے صاف واضح ہوجاتا ہے کہ خلیق انجم جیسی کثیر الجہات شخصیت کے گراں بار خدمات کی بدولت ہی انجمن ترقی اردو (ہند) ادارہ آج اپنی شناخت قائم رکھے ہوئے ہیں۔انہوں نے ہر وقت اور ہر لمحہ اس انجمن کو لائق اور مضبوط و مستحکم بنانے میں ہر ممکنہ معاونت کی ہے۔اگر یوں کہا جائے شاید بے جا نہ ہوگا کہ اگر خلیق انجم

جیسی فعال اور معتبر شخصیت کا واسطہ انجمن سے نہ ہوا ہوتا تو آج انجمن ترقی اردو (ہند) کا تصور بھی نہ ہوتا۔

## ڈاکٹر خلیق انجم اور گجرال کمیٹی:۔

ڈاکٹر خلیق انجم جب وزارت تعلیم میں ڈائرکٹر کی حیثیت سے اپنا کام سرانجام دے رہے تھے۔ ان دنوں وزیر تعلیم پروفیسر نورالحسن نقوی تھے۔ انہوں نے پارلیمنٹ میں ریزیولیشن پیش کیا تھا اور کہا تھا کہ اردو زبان و ادب کی ترقی و ترویج کی خاطر حکومت ہند ہمیشہ ٹھوس اقدامات اٹھانے کے لیے کوشاں ہیں۔ اس لیے حکومت ہند نے ''کمیٹی برائے فروغ اردو'' کے نام سے ایک کمیٹی تشکیل دی جس کے لیے پارلیمنٹ سے قرارداد کی منظوری عمل میں آگئی۔ کمیٹی سولہ رکنی اراکین پر مشتمل تھی اور وزیر اندر کمار گجرال کمیٹی کے صدر مقرر ہوئے۔ یہ کمیٹی زمانۂ حال میں ''گجرال کمیٹی'' کے نام سے جانی و پہچانی جاتی ہے۔ خلیق انجم بھی کمیٹی کے اراکین میں سے ایک رکن تھے۔ خلیق انجم پہلے ڈپٹی ڈائرکٹر اور پھر کچھ عرصہ گذر جانے کے بعد ڈائرکٹر کے عہدے تک پہنچ گئے۔ گجرال کمیٹی نے لگاتار تین سال کی جی توڑ محنت کے بعد اپنی رپورٹ تیار کر لی تھی۔ ۸ مئی ۱۹۷۵ء کو یہ رپورٹ سابقہ وزیر اعظم محترمہ اندرا گاندھی کی خدمت میں پیش کر دی گئی۔ اصول اور قاعدے کے مطابق رپورٹ کو وزیر تعلیم کی خدمت میں پیش کرنا تھا۔ لیکن اس وقت اندرا جی اور مرکزی وزیر ایک ساتھ تشریف فرماں تھے۔ کمیٹی کی رپورٹ ۲۶۹ صفحات اور ۱۸۷ سفارشات پر مشتمل تھی۔ چار سال تک یہ رپورٹ سرد خانے میں گری پڑی تھی اور پھر ۲۰ جنوری ۱۹۷۹ء کو یہ رپورٹ کابینہ کے سامنے رکھی گئی۔ کچھ دنوں بعد ۲۱ فروری ۱۹۷۹ء کو یہ رپورٹ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں رکھی گئی۔ چنانچہ مرکزی حکومت ہند کے کابینہ میں ایسے اشخاص کی کوئی کمی باقی نہیں تھی جو اردو کی ترقی و ترویج اور اس کے فروغ کی راہ میں بڑی رکاوٹ تھے۔ ان صاحبان میں بعض ایسے بڑے وزراء بھی شامل تھے جن کی بات ٹالنا محترمہ اندرا گاندھی کے لیے ممکن نہ تھا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ گجرال کمیٹی کی سفارشوں پر عمل پیرائی کے لیے کوئی خاص اقدامات نہیں اٹھائے گئے۔ مرکزی حکومت کا گجرال کمیٹی کی رپورٹ کے علاوہ دیگر کمیٹیوں کے رپورٹ کے ساتھ کیا سلوک رہا اس بابت خلیق انجم ''گجرال کمیٹی اور اس سے متعلق دیگر کمیٹیوں کا جائزہ'' میں لکھتے ہیں:

> ''جب گجرال کمیٹی کی رپورٹ داخل ہوئے پندراہ سال گذر گئے اور اس کی سفارشات پر عمل نہیں کیا گیا تو اردو والوں نے پھر زور و شور کے ساتھ مطالبہ کرنا شروع کیا کہ گجرال کمیٹی کی رپورٹ کو سرد خانے سے باہر نکالا جائے۔ مرکز میں متبادل حکومت اقتدار میں تھی۔ متبادل

حکومت نے اپنے انتخابی منشور میں وعدہ کیا تھا کہ اقتدار میں آنے کے بعد وہ گجرال کمیٹی کی سفارشات پر عمل کرے گی۔ چنانچہ جب یہ حکومت اقتدار میں آئی تو گجرال صاحب کے اصرار پر گجرال کمیٹی کی سفارشات پر عمل آوری کا جائزہ لینے کے لیے ۱۵فروری ۱۹۹۰ء کو ایک اور کمیٹی تشکیل دی گئی جو ''سردار جعفری کمیٹی'' کے نام سے مشہور ہے۔اس کے بعد سید حامد کمیٹی اور پھر مادھو راؤ سندھیا صاحب کی صدارت میں ایک نگراں کمیٹی بنائی۔ ان تمام کمیٹیوں کا نتیجہ یہ ہے کہ اب شمالی ہند اور خاص طور سے اتر پردیش میں اردو کی حالت پہلے سے کہیں زیادہ خراب ہے۔'' ۲۷

گجرال کمیٹی کی تمام خدمات کی مکمل تفصیل ڈاکٹر خلیق انجم نے اپنی کتاب ''گجرال کمیٹی اور اس سے متعلق دیگر کمیٹیوں کا جائزہ'' میں درج کی ہے۔ان کی یہ کتاب انجمن ترقی اردو (ہند) کے زیر اہتمام شائع ہو چکی ہے جو سات ابواب پر مشتمل ہے۔

## انتقال:۔

آخر کار ڈاکٹر خلیق انجم ۱۸اکتوبر ۲۰۱۶ء کو بوقت صبح ساڑھے دس بجے تقریباً ۸۳ سال کی عمر میں اس دارِ فانی سے کوچ کر گئے۔ان کے انتقال کے متعلق محمد عارف اقبال لکھتے ہیں:

''اردو کے معروف وممتاز ادیب، محقق اور انجمن ترقی اردو (ہند) کے سابق جنرل سیکریٹری ڈاکٹر خلیق انجم کا ۱۸اکتوبر کا ۲۰۱۶ء کو صبح ساڑھے دس بجے دہلی میں انتقال ہو گیا۔ان کی نماز جنازہ جامعہ ملیہ اسلامیہ کی جامع مسجد کے امام قاری سلیمان صاحب نے پڑھائی اور تدفین بعد نماز مغرب جامعہ قبرستان عمل میں آئی۔ وہ تقریباً ۸۳ برس کے تھے۔'' ۲۸

# شخصیت

شخصیت انگریزی لفظ ''personality'' کا اردو ترجمہ ہے اور ''personality'' لاطینی زبان کے لفظ ''persona'' سے مشتق ہے۔ شخصیت دراصل کسی انسان کی ظاہر و باطن کی وہ خصوصیات ہیں۔ جو ایک انسان کو دوسرے انسان سے ممتاز کر دیتی ہیں۔ شخصیت یعنی ''over all personality'' میں اندرونی اور بیرونی دونوں صفات شامل ہیں۔ شخصیت میں کسی انسان سے متعلق وہ سب کچھ آتا ہے جس سے ہم اس کی وضع قطع، اٹھنا بیٹھنا، کھانا پینا، پسند ناپسند، عادات و اطوار، سیرت و کردار، اخلاق و گفتار غرض کہ ہر وہ چیز جس سے ایک انسان کو دوسرے انسان پر برتری حاصل ہوتی ہے۔ ڈاکٹر خلیق انجم کی شخصیت کے بارے میں شمیم جہاں اپنے مضمون ''کردار کا غمازی'' میں رقم طراز ہیں:

> ''ڈاکٹر خلیق انجم صاحب کی باغ و بہار اور جان محفل شخصیت سے تو میں بہت پہلے سے واقف تھی۔ لیکن ان کو بہت قریب سے دیکھنے، سمجھنے اور برتنے کا موقع مجھے انجمن میں آنے کے بعد ہی ملا۔ وہ ایک جادوئی شخصیت کے مالک ہیں۔ میں نے انھیں ہر دن، ہر پل، موقع اور وقت کے مطابق ہر روپ اور ہر رنگ میں دیکھا ہے۔ کبھی مفکر، کبھی ادیب کی حیثیت سے قلم کی نوک سے موتی بکھیرتے ہوئے، کبھی مقرر اور مقرر بھی ایسا جو اپنی سادہ سحر بیانی سے بگڑے ہوئے مجمع کو پل بھر میں اپنے گرفت میں کر لے''۔ ۲۹

مذکورہ بالا اقتباس کے پیش نظر کہا جا سکتا ہے کہ خلیق انجم کی شخصیت میں بڑی تہہ داری تھی۔ ان کی شخصیت غضب دار صلاحیتوں کی مالک تھی۔ ان کی شخصیت میں وہ تمام صفات تھے جو ایک انسان کو دوسرے انسان پر فوقیت دیتے ہیں۔

## حلیہ:۔

ڈاکٹر خلیق انجم کا قد درمیانہ اور رنگ سانولا تھا۔ ذہین اور سوچتی ہوئی ان کی آنکھوں پر لگی عینک کثرت مطالعہ کی غماز تھیں۔ خلیق انجم کی کشادہ پیشانی، اونچی ناک، چوڑا دہانہ اور چہرے پر نرمی ان کی دلی کشادگی اور مزاج کی شگفتگی کی علامات تھیں۔ رفعت سروش اپنے مضمون ''ڈاکٹر خلیق'' میں ان کے حلیے کے متعلق لکھتی ہیں:

''انجمن تعمیر اردو کے جلسے ہی میں ڈاکٹر خلیق انجم سے تعارف ہوا ۔اور یہ نوجوان صاحبزادے مجھے خاصے تیز طرار نظر آئے ۔درمیانہ قد وقامت' سوچتی ہوئی آنکھیں' فراغ دل چہرے کے کشادہ خدو خال سے نمایاں' آواز میں دلگداز کھوج' تیکھا لب ولہجہ مگر اس تیکھے پن پر ہلکی سی ظرافت کی آمیزش کہ سننے والے کو ناگواری نہ ہو۔'' ۳۰؎

اسی طرح سید منظور احمد اپنے مضمون ''اردو تحریک و تنظیم کا ایک منفرد و معتبر نام ڈاکٹر خلیق انجم''، میں لکھتے ہیں :

''خلیق صاحب اسماً ہی نہیں جسماً بھی خلیق ہیں ۔ہلکا سا سانولا رنگ' کشادہ پیشانی' بڑی بڑی آنکھیں' موٹی ناک' کلین شیو' قوی الجبشہ' خوش گفتار' روشن خیال' علم دوست' دوست پرور' بلند عزم' متحرک و فعال' مردم شناس' ہر وقت پاک وصاف' ڈھلے منجھے ----یہ ہیں ڈاکٹر خلیق انجم ۔'' ۳۱؎

## لباس :۔

ڈاکٹر خلیق انجم کا لباس نفیس ہوا کرتا تھا۔خلیق انجم بیشتر اوقات میں بشرٹ پتلون میں ملبوس نظر آتے تھے ۔سردیوں میں ان کا لباس تھری پیس گرم سوٹ وغیرہ ہوا کرتا تھا۔چوں کہ علی گڑھ کے طالب علم رہ چکے ہیں ۔لہذا کبھی کبھار شیروانی اور علی گڑھ کٹ سفید پاجامہ بھی زیب تن ہوتا تھا۔گھر میں اکثر و بیشتر لکھنوی کرتا پاجامے میں ملبوس نظر آتے تھے۔اس ضمن میں ڈاکٹر رضیہ حامدؔ ''سراپا عمل اور جہد مسلسل کا پیکر ڈاکٹر خلیق انجم''، میں لکھتی ہیں :

''ڈاکٹر خلیق انجم کے لباس میں نفاست اور خوش ذوقی نظر آتی ہے ۔وہ عموماً پتلون قمیض پہنتے ہیں ۔سردیوں میں تھری پیس نفیس گرم سوٹ اور ٹائی میں ملبوس نظر آتے ہیں ۔کبھی کبھار شیروانی اور علی گڑھ کٹ سفید پاجامہ زیب تن کرتے ہیں ۔گھر میں زیادہ تر لکھنوی کرتا اور پاجامہ پہنتے ہیں ۔'' ۳۲؎

## غذا :۔

کھانے پینے کے معاملے میں ڈاکٹر خلیق انجم ضعیف معلوم ہوتے ہیں ۔ان کا کھان پان زیادہ تر کچی سبزیاں رہتی تھی ۔ڈاکٹر رضیہ حامدؔ اس ضمن میں لکھتی ہیں :

''ان کا کھانا اکثر پھل اور کچی سبزیوں پر مشتمل ہوتا ہے۔'' ۳۳؎

ڈاکٹر خلیق انجم کا صرف کچی سبزیوں اور پھل سے ہی لگاؤ نہیں تھا بلکہ وہ طرح طرح کے پکوان کھانے کے بھی بے حد شوقین تھے۔ان کے گھر میں بہت سارے پکوان بنتے تھے۔ بہت ساری دعوتیں ہوا کرتی تھی۔ خلیق انجم بذات خود اچھے پکوان تیار کیا کرتے تھے۔انہیں ہر چیز کو صحیح طور پر پکانے کا ہنر آتا تھا۔ان کی بیٹی سیما انجم لکھتی ہیں:

''میرے بچپن میں ہمارے گھر پہ اکثر گول گپے' کباب اور کلفی کی دعوتیں ہوتی تھی ۔ابا پورے خاندان کو بلاتے تھےاور خود گول گپےاور کباب تیار کرتے تھے۔وہ ایک بالغ نظر شخص تھے' ہر چیز کی صحیح پکانے کی ترکیب پتا کرنے کے لیے گلی میں شادی کا کھانا پکاتے ہوئے باورچی' یا پھر گول گپے والے کے پاس جا کے پوچھنے میں انہیں کوئی گریز نہیں ہوتا۔'' ۳۴

ڈاکٹر خلیق انجم متنوع قسم کے پکوان کھانے کے بے حد شوقین تھے اور انہیں تقریباً ہر چیز کو صحیح طور پر پکانے کی ترکیب سیکھنے میں کوئی ہرج نہیں ہوتا تھا۔

## سیرت وکردار:۔

خلیق انجم اچھی سیرت وکردار کے مالک تھے۔ان کی سیرت وکردار کا نمایاں پہلو ہمدردی' ملنساری' اخلاق' ایمان داری' نرم مزاجی وغیرہ ہیں۔وہ دوستوں کے دوست تو تھے ہی لیکن وہ اپنے دشمنوں کا برا بھی نہیں سوچتے تھے۔

انسان خوبیوں اور خامیوں کا مجسم ہے۔اس کی سیرت وکردار میں اچھے عادات بھی ہوتے ہیں اور بُرے بھی۔خلیق انجم کے یہاں بھی دونوں چیزیں بدرجہ اتم موجود ہیں۔لیکن ان کی خوبیوں کا پلڑا بھاری نظر آتا ہے۔ان کی سیرت میں سب سے بڑی خوبی یہ تھی کہ وہ کبھی کسی کے لیے بُرا نہیں سوچتے تھے۔چاہے وہ ان کا حریف ہی کیوں نہ ہو۔وہ بعض اشخاص کی طرح حسد' انتقام' احساس برتری' اذیت پسندی جیسی بیماریوں کے شکار بھی نہیں تھے۔وہ اپنے کام سے کام رکھتے تھے اور اگر لڑتے بھی تھے تو اپنے لیے نہیں بلکہ حق کے لیے لڑتے تھے۔پروفیسر جگن ناتھ آزاد اپنے مضمون ''خلیق انجم۔ایک عملی انسان'' میں ان کی سیرت وکردار کے بارے میں رقم طراز ہیں:

''چنانچہ یہ بات اکثر میرے دیکھنے میں آئی ہے کہ خلیق انجم کا رویہ ہر ایک کے ساتھ خواہ چھوٹا ہو یا بڑا تکلفات کی آرائش سے پاک ہے۔یہ بات بظاہر حیرت انگیز نظر آتی ہے لیکن یہ ایک حقیقت ہے۔خلیق انجم اپنے دفتر کے چپراسیوں کو بھی وہی عزت دیتے ہیں جو ایک انسان کو دوسرے انسان کو دینا چاہیے۔میں نے انہیں بعض ملازمین سے ناراض بھی ہوتے دیکھا اور انھیں غصہ کی عالم میں بھی دیکھا ہے۔لیکن جتنی تیزی سے انھیں غصہ آتا ہے اسی تیزی سے

فرو بھی ہو جاتا ہے اور اس سے ظاہر و باطن کی دلیل کہنا غلط نہیں ہوگا۔'' ۳۵

اس سے ہمیں معلوم ہو جاتا ہے کہ خلیق انجم کی سیرت کن اوصاف کی حامل تھی۔ ان میں وہ تمام خصوصیات بدرجہ اتم موجود تھیں جو ایک نیک سیرت اور اعلیٰ کردار کے لیے لازمی ہے۔

خلیق انجم کی سب سے بڑی خوبی یہ تھی کہ وہ خود بین اور جھوٹے پندار میں مبتلا رہنے والوں میں سے نہیں تھے۔ جس کام کو کرنے کی تمنا ان کے دل میں پیدا ہوتی تھی وہ اسے چھوٹا اور حقیر نہیں سمجھتے تھے۔ وہ ہر کام کے بارے میں اپنے اندر اعتماد پیدا کر لیتے تھے۔ انھوں نے بے کار بیٹھنا سیکھا نہیں تھا۔ ہمیشہ خود کو مصروف رکھتے تھے اور جس کام میں ہاتھ ڈالتے تھے اسے پایہ تکمیل تک پہنچا کر ہی دم لیتے تھے۔ بقول نثار احمد فاروقی:

''خلیق کی ایک خوبی تو یہ تھی کہ وہ کبھی نچلے نہیں بیٹھتے۔ کچھ نہ کچھ کرتے ہوئے ملے گے اور جو کام کریں گے اسے پورے اعتماد اور خوش دلی سے انجام دیں گے۔'' ۳۶

## مزاج وطبیعت:۔

ڈاکٹر خلیق انجم پر مذاح، بذلہ سنج اور شگفتہ مزاج ہونے کے ساتھ ساتھ پر وقار شخصیت کے مالک تھے۔ وہ ہر شخص سے اس کے مزاج و طبعیت کے مطابق ملتے اور بات کرتے تھے۔ خلیق انجم ہمہ جہت شخصیت کے حامل تھے۔

ظرافت طبع اللہ رب العزت کی نعمتوں میں سے ایک بڑی نعمت ہے۔ یہ جسے نصیب ہوتی ہے اس کا استفادہ تنہا فرد نہیں بلکہ تمام خلق خدا کرتی ہے۔ ظرافت زندگی کو خوشگوار بناتی ہے۔ اس کے اثرات جسم و روح دونوں پر یکساں اور مثبت ہوتے ہیں۔ ظریف انسان حسرتوں کا ایک گلاب ہوتا ہے جو نہایت برق رفتاری کے ساتھ بگڑے ماحول میں مسکراہٹیں اور قہقہے بکھیرتا ہے۔ اردو ادب کی تاریخ میں مرزا غالبؔ، ڈپٹی نذیر احمد اور دیگر کئی ہستیاں اپنی بے پناہ حس مزاح کے لیے مشہور و معروف ہیں۔ چنانچہ خالق کائنات نے خلیق انجم کو بھی حس مزاح کی نعمت سے بھرپور نوازا تھا۔ اگر چہ مذکورہ بالا ہستیوں کی حس مزاح کی ظرافت میں بے باکی کے ساتھ کاٹ بھی ہوتی تھی۔ لیکن خلیق انجم کا مزاج تلخیوں اور طنز سے پاک ہوتا تھا۔ پروفیسر جگن ناتھ آزاد لکھتے ہیں:

''کبھی کبھار ایسا بھی ہوتا تھا کہ کسی وجہ سے دو حضرات کی نوک جھونک تلخی کی صورت انتہا کر لیتی تھی۔ اس وقت خلیق انجم اپنے طنز و مزاح کے چھینٹوں سے کام لے کر محفل کو زعفران زار بنا دیتے تھے اور صورت حال سنبھل جاتی تھی۔ خلیق انجم کی یہ شگفتہ مزاجی آج بھی باقی ہے اور میں نے اکثر علمی و ادبی محفلوں میں اور بعض دفعہ انجمن ترقی اردو (ہند) کے جلسوں میں بھی

دیکھا ہے کہ اگر کسی وجہ سے ماحول میں بدمزگی پیدا ہوتی ہے۔تو خلیق انجم کی شگفتہ بیانی نے
بگڑتی ہوئی بات کو بنالیا ہے۔یہ رکھ رکھاؤ خلیق انجم کے مزاج کا ایک حصہ ہے۔'' ؎۳۷

اس سے معلوم ہو جاتا ہے کہ خلیق انجم کی حس مزاح انتہائی تیز تھی جوان کی حاضر دماغی اور حاضر جوابی سے مل کر بڑے گل کھلاتی تھی اور ان کے مزاج وطبعیت میں اللہ رب العزت نے حس مزاح کی جو نعمت عطا کی تھی ۔وہ اس کا برملا استعمال کرتے تھے۔ان کے مزاج اور ان کے طبعیت کے متعلق پروفیسر آفاق احمد اپنے مضمون ''لیفٹینٹ خلیق انجم''میں لکھتے ہیں:

''خلیق صاحب کی ایک ادا مجھے بہت بھاتی ہے۔وہ کسی سے مرعوب نہیں ہوتے۔حق بات کہنے سے کبھی نہیں چوکتے۔ بڑی سے بڑی ہستی ان کے جملوں کی زد سے محفوظ نہیں رہ سکتی ۔لیکن اس موقع پر ان کا لہجہ بیک وقت شائستگی اور شوخ گفتاری کے اُس حسین امتزاج کا حاصل ہوتا ہے کہ سننے والے کو گراں نہیں گزرتا۔'' ؎۳۸

## اخلاق:۔

اچھا انسان بننے کے لیے اچھے اخلاق کا ہونا لازمی ہے۔ڈاکٹر خلیق انجم کی شخصیت کو اللہ رب العزت نے بے شمار اچھے اخلاق سے نوازا تھا۔ان کی شخصیت بڑی طرح دار تھی۔ان کی شریف النفسی اور اخلاقی خوبیوں کا ہر کوئی گرویدہ تھا۔جو کوئی بھی ان سے ملتا وہ ان کی اخلاقی خوبیوں سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہتا تھا۔ان کی اخلاقی قدروں کے متعلق ثاقب صدیقی رقم طراز ہیں:

''ڈاکٹر خلیق انجم صاحب کی یہ خوبی ہے کہ وہ اپنے ہم کاروں سے بڑی خوش اسلوبی سے کام لیتے ہیں۔وہ زبان سے کم اپنے عمل سے زیادہ حکم چلاتے ہیں اور یہ وہ ترکیب ہے جہاں ناکارہ سے ناکارہ کارندہ بھی زچ ہو کر رہ جاتا ہے۔ضرورت پڑھنے پر وہ چپراسیوں کے ساتھ ہماری زبان یا دعوت ناموں پر ڈاک ٹکٹ اور مہریں لگانے تک بیٹھ جاتے ہیں یہاں تک کہ اکثر اپنے لیے چائے بھی خود بناتے ہیں۔'' ؎۳۹

ڈاکٹر خلیق انجم صحیح معنوں میں اچھے اخلاق کے مالک تھے۔یہ ان کے اخلاق ہی کا کمال تھا کہ لوگ بہت جلد ان سے متاثر ہو جاتے تھے۔انھیں ہر کسی سے، چاہے وہ ان کے دفتر کے ملازم ہو یا کوئی اور، پیش آنے کا طریقہ خوب آتا تھا۔

اپنے دفتر کے ساتھیوں کے ساتھ ان کا رویہ دوستانہ اور برادارانہ رہتا تھا۔وہ اپنے ہم کاروں سے بڑی

خوش اسلوبی اور پیار و محبت سے پیش آتے تھے۔انھوں نے انجمن کے دفتر میں ایک انوکھے رواج کی بنیاد ڈالی تھی۔ایک بجے سے دو بجے تک کے وقفے کے دوران دفتر کے تمام اراکین ایک ہی میز پر ایک ساتھ مقررہ وقت پر کھانا کھاتے تھے۔تمام لوگ اپنے اپنے برتن خود دھوتے تھے جس میں ڈاکٹر خلیق انجم بھی شامل ہوتے تھے۔جھوٹے برتن دھلوانے میں وہ دفتر کے چپراسیوں کو شامل نہیں کرتے تھے۔چاہیے وہ برتن انجمن کے سیکریٹری یعنی خود خلیق انجم کے ہی کیوں نہ ہوں انھوں نے تمام اراکین اور کارکنوں کے درمیان ایک ایسا رشتہ قائم کر رکھا تھا جس کی مثال شائد ہی کسی ادارے میں ملتی ہو۔وہ اپنے ملازموں کی ہر ممکن مدد کرتے تھے۔وہ ان کے غم اور خوشی میں ہر وقت شامل رہتے تھے۔ان کے دفتری رویہ اور ماحول کے متعلق پروفیسر نثار احمد فاروقی لکھتے ہیں:

> ''اپنے دفتر کے ساتھیوں کے ساتھ ان کا رویہ دوستانہ و برادرانہ رہتا ہے' ہر ایک کی پریشانی کو سمجھتے ہیں اور جہاں تک ممکن ہو اس کی مدد بھی کرتے ہیں اس لیے ان کا اسٹاف بھی خوش دلی اور خوش اسلوبی سے کام کرتے ہیں۔'' [۴۰]

مذکورہ بالا عبارت سے معلوم ہوجاتا ہے کہ خلیق انجم کن اخلاقی قدروں کے مالک تھے۔وہ پہلے انسان کو انسان سمجھتے تھے اس کے بعد کچھ اور۔وہ اپنے دفتر کے ملازموں سے لے کر اپنے دوست واحباب اور خاندان کے افراد سے بڑے اخلاق اور ادب وآداب کے ساتھ پیش آتے تھے۔

## دردمند دل:۔

ڈاکٹر خلیق انجم بہت دردمند دل کے مالک تھے اور یہ صفت انہیں والدہ مرحومہ سے ورثہ میں ملی تھی۔چونکہ خلیق انجم خود محنتی اور جفاکش تھے اس لیے وہ ہر جفاکش اور سخت کوش انسان کی محنت کو سراہتے تھے۔لیکن محنت ومشقت کے باوجود ان کا دل انتہائی نرم تھا۔وہ ہر ایک کی پریشانی سے پریشان ہوا کرتے تھے اور خنداں پیشانی سے اس کی ہر ممکن مدد کے لیے تیار ہوتے تھے۔خلیق انجم کی دردمندی کی صفت کے بارے میں ڈاکٹر رضیہ حامد لکھتی ہیں:

> ''خلیق انجم بہت دردمند دل کے مالک ہیں۔یہ صفت ان کو والدہ سے ملی ہے۔وہ اپنی زندگی کے ہر دور میں غریبوں کی مدد کرتی رہی۔ڈاکٹر خلیق انجم بھی لوگوں کی مدد (پوشیدہ اور کبھی ظاہر) کرتے رہتے ہیں۔'' [۴۱]

ان کی دردمندی کو سید منظور نے درج ذیل اشعار میں بہترین انداز میں بیان کیا ہے:۔

اخفائے　　خلش　　دشوار　　بہت

تشریح خلش ممکن ہی نہیں
چپ رہنے میں دم گھٹتا ہے
کہتا ہوں تو دل تھراتا ہے

۴۲

مذکورہ بالا اشعار اور عبارت سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ خلیق انجم کس نوعیت کے انسان تھے۔ ان کا دل کسی مجبور اور بے سہارا کو دیکھ کر مغموم ہو جاتا تھا اور وہ انھیں مدد کیے بغیر نہیں رہ پاتے تھے۔

## صبر و تحمل:۔

خلیق انجم کی زندگی میں کئی اتار چڑھاؤ آئے لیکن تمام تر مشکلات اور ناسازگار حالات کے باوجود انھوں نے کبھی بھی اپنے صبر و تحمل کے بھرم کو ٹوٹنے نہیں دیا۔ زندگی نے انھیں ہر موڑ پر امتحان لیا۔ عہد طفلی میں ہی والد کی شفقت پدری سے محروم ہو گئے لیکن انھوں نے ہمت نہیں ہاری۔ ان کی زندگی کڑی محنت اور شدید جدوجہد سے بھری پڑی ہے۔ والد کی وفات کے بعد انھوں نے نہ صرف خود کو سنبھالا۔ بلکہ بچپن سے ہی گھر کی ذمہ داریاں نبھانی شروع کردی۔ خلیق انجم کی شخصیت نوجوان نسل کے لیے ایک نمونہ ہے۔ کمر توڑ دینے والے حالات کے باوجود انھوں نے جس مقام و مرتبہ پر اپنی پہچان قائم کر لی ہے۔ وہاں تک بہت کم لوگ پہنچ پاتے ہیں۔ ان کے صبر و تحمل اور برداشت کے متعلق ایم۔ حبیب خان لکھتے ہیں:

> ”ملازمت ملنے تک والدہ اور خود خلیق انجم صاحب کے روپیہ کمانے کے لیے بہت پاپڑ بیلے۔ خلیق انجم سات آٹھ سال کی عمر میں خاندان کی کفالت کے لیے روپیہ کمانے کے لیے مجبور تھے اور طرح طرح کے پیشے اختیار کیے۔ ان کی والدہ نے اسی محدود آمدنی میں اپنے بچوں کو اعلیٰ تعلیم دلائی۔“ ۴۳

مذکورہ بالا اقتباس سے معلوم ہو جاتا ہے کہ خلیق انجم نے شفقت پدری سے محروم ہونے کے بعد کس طرح صبر و تحمل کے دامن کو پکڑا اور گھر کی ذمہ داریوں کا ذمہ عہد طفلی میں ہی لیا اور ان ذمہ داریوں کا انھوں نے بھرپور حق ادا کرلیا۔

خلیق انجم جب انجمن ترقی اردو (ہند) کے جنرل سکریٹری منتخب ہوئے تو ان کے مخالفوں کی ایک لمبی قطار

پیدا ہوگئی جنھوں نے وقتاً فوقتاً انہیں تکلیف پہنچانے کی کوشش کی۔خلیق انجم کی جگہ اگر کوئی دوسرا شخص ہوتا تو وہ ابتدائی سفر میں ہی دل برداشت ہو کر تھک ہار کر بیٹھ چکے ہوتے لیکن خلیق انجم نے ہر وقت اور ہر گھڑی اپنے صبر وتحمل کا پیمانہ برقرار رکھا اور اس طرح اپنے مخالفوں کو اپنے صبر وتحمل سے ناکام دیا۔اس ضمن میں عظیم اختر اپنے مضمون ''خلیق انجم کی بات ہی تو کچھ اور ہے'' میں لکھتے ہیں:

''مخالفوں اور سازشوں کے ماحول میں علمی، ادبی، تحقیقی اور تنظیمی کام کرتے رہنا اور اپنا تشخص بنائے رکھنا آسان کام نہیں۔کوئی اور ہوتا دل برداشتہ ہو کر تھک کر کبھی کا بیٹھ چکا ہوتا لیکن خلیق انجم ہیں کہ ہر محاذ پر ڈٹے ہوئے ہیں۔'' ۴۴؎

اسی ضمن میں شمیم جہاں لکھتی ہیں:

''اندرونی اور بیرونی سازشیں، دشواریاں اور مشکلات کے باوجود (جو قدم قدم پر راہیں مسدود کر رہی تھیں) ڈاکٹر صاحب نے ہمت نہیں ہاری کیوں کہ ان کے سامنے ایک مقصد تھا جس کے لیے انھوں نے چوبیس گھنٹے کام کیا۔'' ۴۵؎

درج بالا عبارت سے صاف لفظوں میں واضح ہو جاتا ہے کہ خلیق انجم میں صبر وتحمل کا پیمانہ برقرار رہتا تھا اور اس صبر وتحمل کا ہاتھ انھوں نے کسی بھی صورت میں نہیں چھوڑا۔

## صادق اور ایماندار:۔

ڈاکٹر خلیق انجم کی شخصیت کے کتنے پہلو ہیں اس کا اندازہ شاید ہی ان کے دوست واحباب اور اہل خاندان کو ہوا ہو۔ان کی شخصیت بڑی طرح دار تھی۔خلیق انجم چونکہ ایک پبلک ادارے انجمن ترقی اردو (ہند) سے منسلک تھے لہذٰا صبح وشام تک آنے جانے والوں کی ایک لمبی قطار رہتی تھی جن میں سے بعض لوگ ضروری کام کے لیے اور بعض غیر ضروری طور پر تشریف فرما ہوں گے۔لیکن خلیق انجم اپنے وقت کا بھی اور دفتر کے دیگر کارکنوں کے وقت کا بھی خیال رکھتے تھے۔وہ اکثر و بیشتر انجمن کے تمام اراکین کو یہ سمجھانے کی کوشش کرتے تھے کہ انجمن ایک رضا کارادارہ ہے۔اس کو چلانے کے لیے ہمیں ایمان داری سے اپنے وقت کا استعمال کرنا چاہیے۔لہذٰا ہمیں انجمن کا وقت ضائع ہونے سے بچانا چاہیے۔بقول ثاقب صدیقی:

''وہ انجمن کا وقت خراب کرنے کو حرام کی روزی سے تعبیر کرتے ہیں۔'' ۴۶؎

انجمن ترقی اردو (ہند) میں آنے جانے والوں سے کس طرح انجمن کا وقت ضائع ہونے سے بچایا جائے ۔اس کے لیےانھوں نے اپنی میز پرایک بڑا اسٹینڈ لگا رکھا تھا، جس پر جلی حروفوں سے درج ذیل عبارت تحریر تھی:

''اس کرسی پر بیٹھ کرادبی اور سیاسی گفتگو میری سمجھ میں بالکل نہیں آتی اس لیے بہتر ہوگا آپ مختصر گفتگو کریں تا کہ آپ کا اور انجمن کا وقت ضائع نہ ہو۔'' ۴۷

ان کی صداقت اور حق گوئی کے بارے میں ثاقب صدیقی دوسری جگہ لکھتے ہیں:

''وہ سچ اور حق کے لیے کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کر سکتے اور نہ ہی ان کے یہاں چھوٹے بڑے کا بھید بھاؤ ہے'' ۴۸

خلیق انجم کی دیانت داری اور ایمان داری کے بارے میں انیس احمد لکھتے ہیں:

''اجتماعی مفادات ہوں یا تعمیری تحریکات ڈاکٹر صاحب نے ان سبھی کاموں میں اتحاد' اتفاق' خلوص اور دیانت داری سے کام لیا ہے۔'' ۴۹

## روزانہ معمولات:۔

مشہور قول ہے کہ ''گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں''۔دنیا کی تاریخ میں ہر اس قوم اور شخص کی مثال زمانے کے ہر دور میں بڑے فخر سے دی جاتی ہے جنھوں نے وقت کی قدر کی۔مقررہ اوقات میں اپنے کاموں کو انجام تک پہنچایا ۔تا حیات ایک ہی نظام الاوقات کے مطابق کام کرتے رہے۔خلیق انجم بھی اپنے روزانہ کے معمولات پر سختی سے کار بند رہتے تھے۔وہ ساری عمر ایک ہی نظام الاعمل پر بدستور کام کرتے رہے۔انھوں نے دن رات کے چوبیس گھنٹوں کو کام کی مناسبت سے تقسیم کر رکھا تھا اور ایک ہی نظام الاوقات پر زندگی کی آخری سانس تک قائم رہے۔ان کے اس رویے کے بارے میں ڈاکٹر اسلم پرویز لکھتے ہیں:

''خلیق انجم اپنے روزانہ کے معمولات پر سختی سے کار بند رہتے ہیں۔وہ ہر حالت میں رات کو دس بجے اپنے بستر پر سوتے ہیں۔صبح ساڑھے چار بجے اٹھ کر اپنے مطالعے کی میز پر بیٹھ جاتے ہیں۔اب آٹھ ساڑھے آٹھ تک یہ تین چار گھنٹے کا وقت ان کا اپنا ہے جو ان کی ادبی کاوشوں کے لیے وقف ہے۔انھوں نے بالخصوص تحقیق و تدوین کے میدان میں اپنی جو شناخت قائم کی ہے وہ اسی سحر خیزی کے معمول کی دین ہے۔'' ۵۰

اس اقتباس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ خلیق انجم اپنے روزانہ معمولات کی تعمیل کرنے میں کس حد تک پابند رہتے تھے۔شاید یہی وجہ ہے کہ انھیں آج اردو ادب کی تاریخ میں اتنا اعلیٰ مقام و مرتبہ حاصل ہے۔

مذکورہ بالا تمام بحث ومباحثے سے صاف ظاہر ہوجاتا ہے کہ خلیق انجم کی شخصیت میں صداقت، سچائی اور ایمانداری کوٹ کوٹ کر بھری پڑی تھی۔سادگی، دردمند دل، صبروتحمل اوراخلاق کے ساتھ ساتھ خلیق انجم صادق اور ایماندار بھی تھے۔

## دوست:۔

خلیق انجم جہاں ایک مصنف وادیب رہ چکے ہیں وہیں ایک اچھے دوست بھی ثابت ہوئے ہیں۔انھوں نے جس سے بھی دوستی کی پوری طرح نبھائی۔اکثر لوگ ان کے خلوص سے متاثر ہوکران کے گرویدہ ہوجاتے تھے۔ان کی شخصیت دکھاوے سے بالکل بالاتر تھی۔ان کے دوستوں کی اچھی خاصی تعداد تھی۔

## ڈاکٹر اسلم پرویز:۔

ڈاکٹر اسلم پرویز خلیق انجم کے بچپن کے دوست تھے۔وہ ان کے دوست ہی نہیں بلکہ ان کے بہنوئی بھی تھے۔ان کی شادی خلیق انجم کی چھوٹی بہن ثریا اسلم سے ہوئی ہے۔اسلم پرویز کا شمار اردو کے مشہور ومعروف نقاد اور شاعر ہیں۔وہ کئی کتابوں کے مصنف ہیں۔خلیق انجم سے ان کی دوستی اینگلو عربک اسکول دہلی سے شروع ہوکر کے زندگی کے آخری سانس تک برادر حقیقی کے رشتے سے زیادہ مضبوط ومحکم تھی۔خلیق انجم اسلم پرویز کے رفیق اورعزیز تھے۔اس کا اندازہ اسلم پرویز کے درج ذیل اقتباس سے لگایا جاسکتا ہے:

> ''آج میں جہاں بھی ہوں۔جو کچھ بھی ہوں۔جب اس بارے میں سوچتا ہوں تو خیال آتا ہے کہ اگر خلیق کا وجود میری زندگی میں نہ ہوتا تو جانے میری زندگی کا رخ آج کیا ہوتا۔'' ۵۱

مذکورہ بالا اقتباس سے اندازہ ہوتا ہے کہ اپنے دوست اسلم پرویز کی زندگی بنانے اورسنوارنے میں خلیق انجم کا کتنا بڑا ہاتھ ہے۔اس بات کا بھی اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ خلیق انجم اپنے دوستوں کے لیے کتنے شفیق اورمہربان ہوتے ہوں گے۔

الغرض کہا جاسکتا ہے کہ خلیق انجم بحیثیت دوست محبت کرنے والے مخلص، ملنسار اور دوست نواز تھے۔دوستوں کی دوستی کا احترام کرتے تھے اور دوستی کا حق اچھی طرح نبھانہ جانتے تھے۔ان کی شخصیت میں وہ تمام

صفات بدرجہ اتم موجود تھے جس سے ہر کوئی متاثر ہوتا تھا۔ وہ دل کے صاف تھے۔ جس کی وجہ سے انھوں نے جسے بھی ملاقات کی ہے۔ وہ ان کی خوبیوں کا محبوب ہوتا گیا۔ یہ وہ صفات تھے جو ان میں تاحیات برقرار تھے۔ ان کے دیگر دوستوں میں ڈاکٹر رشید حسن خان، پروفیسر نثار احمد فاروقی، پروفیسر صدیق الرحمٰن قدوائی، پروفیسر شمیم حنفی، مشفق خواجہ، ڈاکٹر فرمان فتح پوری، وحید قریشی، خلیل الرحمان اعظمیٰ اور تنویر احمد علوی وغیرہ کے نام قابل ذکر ہیں۔

# حوالہ جات


۱۔خلیق انجم، کچھ اپنی مدح میں (خودنوشت)، کتاب نما کا خصوصی شمارہ، ص۱۵۳

۲۔ایضاً

۳۔ایضاً

۴۔ایم۔حبیب خاں، انجمن صاحب، ڈاکٹر خلیق انجم شخصیت اور ادبی خدمات، ص۳۰،۳۱

۵۔محمد عارف اقبال، ڈاکٹر خلیق انجم (ادیب و محقق)، اردو بک ریویو، ص۷۳

۶۔ایم۔حبیب خاں، سوانحی خاکہ ڈاکٹر خلیق انجم، ڈاکٹر خلیق انجم شخصیت اور ادبی خدمات، ص۴

۷۔خلیق انجم، کچھ اپنی مدح میں (خودنوشت)، کتاب نما کا خصوصی شمارہ، ص۱۵۴

۸۔ایضاً، ص۱۵۵

۹۔ایضاً، ص۱۵۴

۱۰۔ایم۔حبیب خاں، انجمن صاحب، ڈاکٹر خلیق انجم کی شخصیت اوت ادبی خدمات، ص۳۱

۱۱۔خلیق انجم، کچھ اپنی مدح میں (خودنوشت)، کتاب نما کا خصوصی شمارہ، ص۱۶۰

۱۲۔ڈاکٹر اسلم پرویز، مضمون۔میں اور شیطان، خلیق انجم کثیر الجہات شخصیت، ص۲۴،۲۵

۱۳۔محمد عارف اقبال، ڈاکٹر خلیق انجم (ادیب و محقق)، اردو بک ریویو، ص۷۳

۱۴۔محمد عارف خاں، ڈاکٹر خلیق انجم کا سوانحی خاکہ اور تصنیفات، خلیق انجم کثیر الجہات شخصیت ص۱۷۳

۱۵۔محمد عارف اقبال، ڈاکٹر خلیق انجم (ادیب و محقق)، اردو بک ریویو، ص۷۳

۱۶۔ایضاً

۱۷۔سیما انجم، میرے ابا: ڈاکٹر خلیق انجم_ چند یادیں، سہ ماہی اردو ادب، ص۱۶

۱۸۔ایضاً، ص۱۷

۱۹۔پروفیسر ظفر احمد نظامی، ڈاکٹر خلیق انجم، خلیق انجم کثیر الجہات شخصیت، ص۶۵

۲۰۔رشید الدین، ڈاکٹر خلیق انجم اردو زبان و ادب کا ممتاز ترین نام، خلیق انجم کثیر الجہات شخصیت، ص۱۳۳

۲۱۔ڈاکٹر رضیہ حامد، سراپا عمل اور جہد مسلسل کا پیکر ڈاکٹر خلیق انجم، خلیق انجم کثیر الجہات شخصیت، ص۱۹۴

۲۲۔ایم۔حبیب خاں، (اداریہ) ڈاکٹر خلیق انجم شخصیت اور ادبی خدمات، ص۶

۲۳۔پروفیسر نثار احمد فاروقی، خلیق انجم، خلیق انجم کثیر الجہات شخصیت، ص۵۴

۲۴۔ایضاً

۲۵۔پروفیسر سید ظل الرحمٰن، خلیق انجم مرد آہن، خلیق انجم کثیر الجہات شخصیت، ص۵۸،۵۹

۲۶۔ایضاً، ص۵۹

۲۷۔خلیق انجم، گجرال کمیٹی اور اس سے متعلق دیگر کمیٹیوں کا جائزہ، ص۲۰

۲۸۔محمد عارف اقبال، ڈاکٹر خلیق انجم (ادیب و محقق)، اردو بک ریویو، ص ۷۳

۲۹۔شمیم جہاں، کردار کا غازی، خلیق انجم کثیر الجہات شخصیت، ص ۱۶۳

۳۰۔رفعت سروش، ڈاکٹر خلیق انجم، خلیق انجم کثیر الجہات شخصیت، ص ۲۱

۳۱۔سید منظور احمد، اردو تحریک و تنظیم کا ایک منفرد و معتبر نام ڈاکٹر خلیق انجم، ڈاکٹر خلیق انجم شخصیت اور ادبی خدمات، ص ۶۹

۳۲۔ڈاکٹر رضیہ حامد، سراپا عمل اور جہد مسلسل کا پیکر ڈاکٹر خلیق انجم، خلیق انجم کثیر الجہات شخصیت، ص ۱۹۹

۳۳۔ایضاً

۳۴۔سیما انجم،، میرے ابا: ڈاکٹر خلیق انجم۔ چند یادیں، سہ ماہی اردو ادب، ص ۱۶، ۱۷

۳۵۔پروفیسر جگن ناتھ آزاد، خلیق انجم ایک عملی انسان، کتا نما کا خصوصی شمارہ، ص ۹

۳۶۔پروفیسر نثار احمد فاروقی، خلیق انجمن، خلیق انجم کثیر الجہات شخصیت، ص ۵۰

۳۷۔پروفیسر جگن ناتھ آزاد، خلیق انجم ایک عملی انسان، ڈاکٹر خلیق انجم شخصیت اور ادبی خدمات، ص ۹،۸

۳۸۔پروفیسر آفاق احمد، لیفٹیننٹ خلیق انجم، خلیق انجم کثیر الجہات شخصیت، ص ۹۳

۳۹۔ثاقب صدیقی، ڈاکٹر خلیق انجم: جیسا میں نے انہیں پایا، خلیق انجم کثیر الجہات شخصیت، ص ۱۴۹

۴۰۔پروفیسر نثار احمد فاروقی، خلیق انجمن، خلیق انجم کثیر الجہات شخصیت، ص ۵۴

۴۱۔ڈاکٹر رضیہ حامد، سراپا عمل اور جہد مسلسل کا پیکر ڈاکٹر خلیق انجم، خلیق انجم کثیر الجہات شخصیت، ص ۱۹۸

۴۲۔سید منظور احمد، اردو تحریک و تنظیم کا ایک منفرد و معتبر نام ڈاکٹر خلیق انجم، ڈاکٹر خلیق انجم شخصیت اور ادبی خدمات، ص ۷۰

۴۳۔ایم، حبیب خاں، انجمن صاحب، ڈاکٹر خلیق انجم شخصیت اور ادبی خدمات، ص ۳۰

۴۴۔عظیم اختر، خلیق انجم کی تو بات ہی کچھ اور ہے، خلیق انجم کثیر الجہات شخصیت، ص ۸۶

۴۵۔شمیم جہاں، کردار کا غازی، خلیق انجم کثیر الجہات شخصیت، ص ۱۶۸

۴۶۔ثاقب صدیقی، ڈاکٹر خلیق انجم: جیسا میں نے انہیں پایا، خلیق انجم کثیر الجہات شخصیت، ص ۱۵۱

۴۷۔ایضاً، ص ۱۵۰، ۱۵۱

۴۸۔ایضاً، ص ۱۵۳

۴۹۔انیس احمد، شان انجمن، خلیق انجم کثیر الجہات شخصیت، ص ۱۵۶

۵۰۔ڈاکٹر اسلم پرویز، مضمون۔ میں اور شیطان، خلیق انجم کثیر الجہات شخصیت، ص ۲۷

۵۱۔ایضاً، ص ۲۱، ۲۲

# باب دوم: خلیق انجم بحیثیت محقق

# خلیق انجم بحیثیت محقق

اردو ادب کی تاریخ میں خلیق انجم کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ان کا شمار برصغیر ہندو پاک کے بہترین اور نامور محققین میں کیا جاتا ہے۔انہوں نے اردو ادب کے حوالے سے جو ادب تخلیق کیا ہے۔وہ تعداد اور معیار کے لحاظ سے اپنا ثانی نہیں رکھتا۔ان کے قلم سے کئی درجن تصنیفات و تالیفات اور بے شمار مضامین منظر عام پر آئے ہیں۔انہوں نے سینکڑوں کی تعداد میں اداریے اور تبصرے لکھے ہیں۔سوانحی، ادبی، تنقیدی اور تاریخی کتابوں کے علاوہ لسانی اور متنی تحقیق و تنقید پر بھی ان کی کتابیں منظر عام پر آ چکی ہیں۔مقدموں اور دیباچوں کی تعداد بھی اچھی خاصی ہے۔انہوں نے اپنے آپ کو کسی مخصوص دائرے تک محدود نہیں رکھا۔ بلکہ انہوں نے ادب کی مختلف اصناف پر قلم اٹھایا ہے۔اردو زبان و ادب کی ترقی و ترویج کے لیے انہوں نے کسی ایک گروپ یا تحریک کا انتخاب نہیں کیا۔ بلکہ جب جہاں اور جس پلیٹ فارم پر اردو کی ترقی و ترویج کی بات ہوئی انہوں نے اسے خوش آمدید کہا،اور پھر اس میں بھرپور اپنی صلاحیتوں کا اظہار کیا۔اردو ادب کے وہ محقق جو یہ کہہ کر گوشہ نشین ہو جاتے ہیں کہ لوگوں کے میل جول سے عملی کام میں خلل پڑتا ہے۔ان کے لیے خلیق انجم جیسی نامور شخصیت اور بہترین محقق و نقاد اور مترجم کی مثال کافی ہے۔انہوں نے خود کو مدۃ العمر علمی و تحقیقی کاموں میں مصروف رکھا۔''معراج العاشقین'' کو مرتب کر کے اپنی ادبی زندگی کا سفر شروع کیا۔انگریزی ناول ''تاراس بلبا'' اور مرزا مظہر جان جاناں کے فارسی خطوط وغیرہ کو اردو میں ترجمہ کر کے ترجمہ نگاری کے میدان میں قدم رکھا اور ترجمہ نگاری کے بہترین اور عمدہ کارنامے انجام دیے۔غالبؔ کی نادر تحریروں کو جمع کیا۔خطوط غالبؔ کو یکجا کر کے انہیں پانچ ضخیم جلدوں میں ترتیب دے کر ان پر دو سو اٹھائیس (228) صفحات پر محیط ایک بسیط مقدمہ تحریر کیا،اور ماہرین غالبیات میں اپنا ایک خاص مقام قائم کیا۔اس کتاب کے حوالے سے انہیں غالبؔ پر اعلی درجے کی تحقیق کرنے والوں میں شمار کیا جاتا ہے۔''غالبؔ کا سفر کلکتہ اور کلکتے کا ادبی معرکہ'' جیسی تصنیف لکھ کر غالبؔ کے سفر کلکتہ کی پوری روداد تفصیل سے بیان کی ہے۔مرزا محمد رفیع سوداؔ پر ایک تفصیلی مقالہ لکھ کر اسے کتابی شکل میں شائع کیا۔کربل کتھا کا لسانی جائزہ پیش کیا۔''غالبؔ اور شاہان تیموریہ'' جیسی کتاب لکھ کر غالبؔ سے ذوقؔ، بہادر شاہ ظفرؔ، قلعہ معلی اور انگریزوں کے تعلقات پر مفصل بحث کی ہے۔''بیسویں صدی کی ممتاز شخصیت

پروفیسر خواجہ احمد فاروقیؔ'' کتاب لکھ کر ان کی سوانح ،تنقید نگاری، خاکہ نگاری،خطوط نویسی اور ان کی تحقیق کے بارے میں اہم معلومات فراہم کی۔''متنی تنقید'' لکھ کر اردو میں تدوین متن اور ترتیب متن کے اصول وضوابط متعین کر کے ایک اہم اور قابل تقلید کارنامہ انجام دیا۔ان کی دیگر مشہور ومعروف تصنیفات وتالیفات میں آ ثارالصنادید،حسرت موہانیؔ ، انتخاب خطوط غالبؔ ، ضبط شدہ نظمیں ،افادات سلیم ، اصناف ادب ، اختر انصاریؔ شخص اور شاعر ، مولوی عبدالحق ادبی اور لسانی خدمات ، مرقع دہلی ، پروفیسر آل احمد سرورؔ، ڈاکٹر فرمان فتح پوریؔ شخصیت اور ادبی خدمات ، پنڈت آنند نرائن ملاؔ کی ادبی خدمات ،جگن ناتھ آزادؔ حیات اور ادبی خدمات اور مولانا ابوالکلام آزادؔ شخصیت اور کارنامے وغیرہ کے نام قابل ذکر ہیں۔

## (الف)معراج العاشقین

اردوادب کے ماضی کے بہترین ورثہ کے مطالعہ سے ہمیں یہ بات یادرکھنی ہوگی کہ ہرعہداور ہرسماج کے کچھ اپنے تقاضے ہوتے ہیں۔اپنی تہذیب وروایت اوراپنی پسند وناپسند کے معیار ہوتے ہیں۔جوقوموں کے مزاج کی تشکیل کے اہم عناصر کی حیثیت رکھتے ہیں اورانہی کا اظہارادب میں بھی ہوتا ہے۔موضوعات،اصناف اورزبان کاتعلق بھی اسی معاشرے سے ہوتا ہے۔دکنی تصانیف کے مطالعے سے بھی یہ بات واضح ہوجاتی ہے کہ اردوزبان نے کس زمانے میں شمال وجنوب کی کس کس زبان سے اثرات قبول کر کے خیالات اورمضامین وغیرہ میں شمال و جنوب سے کیا کیااثرات قبول کیے ہیں۔

دکن کےصوفی شعراءاورصوفی مزاج نثر نگاروں نے بھگتی اورصوفیانہ تجربوں کی آمیزش سے جوتخلیقی وفکری چراغ روشن کیے تھے۔اس کے گہرے اثرات اردوزبان وادب کے شیدائیوں کے حسیِ تجربات اورذخیرہ الفاظ پر سبط ہوئے ہیں۔اگران صوفیاء کے انداز بیان،محاورات،علامتوں اوراستعاروں کا تجزیہ کیا جائے تو یہ حقیقت واضح ہوجاتی ہے کہ ہندومسلم تہذیب کی بنیادکووسیع القلبی اوررواداری کے اوصاف کےساتھ مضبوط ومستحکم بنانے میں ہر وقت یہی صوفیاء پیش پیش رہے ہیں۔اس حقیقت سے بھی انکارممکن نہیں ہے کہ برصغیر ہندوپاک میں اسلام کے فروغ میں انہی اولیائے کرام کی خدمات کانتیجہ ہے۔یہ اولیائے کرام ہرعلاقے میں وہاں کی زبان اورسادہ عوامی لہجے میں لوگوں کونیکی،اخلاق اورمذہب کے بارے میں تعلیمات دیتے تھے۔مختلف مقامات کےصوفیائے کرام کے آپس میں بہت مستحکم رابطے رہتے تھے۔ان کی تعلیم کسی خاص فرقے سے مخصوص نہیں ہوتی تھی۔ان کا فیض عام ہوتا

تھا۔ چناں چہ ہر طبقہ اور ہر فرقہ کے لوگ ان کے پاس آتے جاتے تھے۔جنہیں سمجھانے کے لیے انہیں انہی کی زبان میں بات چیت کرنی پڑتی تھی۔

آٹھویں صدی ہجری کے صوفیائے کرام میں ایک اہم نام سید یوسف معروف بہ شاہ راجو قتالؒ کے صاحبزادے سید محمد حسینی بندہ نواز گیسودرازؒ کا ہے۔گیسودرازؒ پانچ سال کی عمر میں اپنے والد محترم شاہ راجو قتالؒ کے ساتھ دولت آباد (دکن) تشریف لائے۔یہیں ان کی ابتدائی تعلیم و تربیت ہوئی۔جب پندرہ برس کے ہوئے تو والد کا سایہ سر سے اٹھ گیا۔باپ کے انتقال کے بعد والدہ ماجدہ کے ہمراہ واپس دہلی روانہ ہوئے۔سولہ سال کی عمر میں نصیرالدین محمود چراغ دہلویؒ کی خدمت میں حاضر ہوکر ان سے بیعت کرلی۔اور پھر زندگی کا بڑا حصہ ان کی خدمت میں گزارا۔اس دوران انہوں نے کئی رسالے تحریر کیے ہیں۔جب سنہ 801ء میں تیمور نے دہلی پر حملہ کیا تو گیسودرازؒ فساد سے بددل ہوکر دوبارہ دکن روانہ ہوگئے اور پھر زندگی کی آخری سانس تک یہیں کے ہوکر رہ گئے۔

خواجہ بندہ نواز گیسودرازؒ کو عربی، فارسی اور دکنی زبان پر کافی حد تک دسترس حاصل تھی۔انہوں نے کئی رسائل اور کئی کتابیں تخلیق کی ہیں۔ان جملہ رسائل و کتب کی تعداد مختلف محققین نے مختلف بتائی ہے۔لیکن ان تمام تصانیف کا موضوع تصوف، مذہب اور احکام شریعت سے ہے۔لیکن ان کی تمام تصانیف میں سب سے زیادہ شہرت و مقبولت ''معراج العاشقین'' کو حاصل ہوئی ہے۔اس رسالے میں قرآن و حدیث کے ذریعے مسلک تصوف کو بہتر طور پر سمجھانے کی کامیاب کوشش کی گئی ہے۔اس میں یہ بتایا گیا ہے کہ تصوف کے ایک مخصوص نظریہ پانچ تن یعنی واجب الوجود، ممکن الوجود، عارف الوجود، ذکر جلی اور ذکر حق کے ذریعے ایک انسان کس طرح وحدالوجود تک رسائی حاصل کرسکتا ہے۔چناچہ کتاب کے آغاز میں ہی خوجہ بندہ نواز گیسودرازؒ لکھتے ہیں:

> ''انسان کو بوجنے کوں پانچہ تن ہر ایک تن کوں پانچ دروازے ہیں۔ہور پانچ دربان ہیں، پہلا تن واجب الوجد، مقام اس کا شیطانی، نفس اس کا امادہ، یعنی واجب کے آنک سوں غیر نہ دیکھنا سو، حرص کے کان سوں غیر نہ سننا۔حسد تک سوں بدبوئی نہ نینا سو، بغض کے زبان سوں بدبوئی نہ لینا۔۔۔دوسرا تن ممکن الوجود، اس کا نگہبان اسرافیل۔نفس لوامہ، حواس خمسہ ممکن کے آنک سوں غیر نہ دیکھنا سو۔غفلت کے کان سوں غیر نہ سننا سو۔وسواس کے نک سوں بدبوئی نالینا سو۔۔۔تیسرا تن ممتنع الوجود اس کا قابض کرنے ''ہارا عزرائیل''، ممتنع کے آنک سوں خدا طرف نا دیکھنا سو۔سرکا درد دونوں کانوں سوں خدا کا کلام نا سنا سو۔تہنڈ ناک سوں خدا کی بوئی نالینا سو۔۔۔چوتھا تن عارف الوجود اسے جبرئیل دینے ہارا۔عارف کے آنک سوں جبرئیل کوں دیکھنا۔کانوں سوں جبرئیل کی باتاں سننا۔ناک سوں جبرئیل کی بوئی

لینا۔زبان سوں جبرئیل کی باتاں باتاں بالنا۔۔۔پانچواں تن واحدالوجود،اس کا فرشتہ ابلیس اوخدا کے دروازے پر رہتا ہے۔حدیث قلوب المومنین بیت اللہ تعالیٰ آئے گا۔اس کی آشنائی کیئے تو اللہ ملنا ہوتا ہے واحدالوجود کے انک سوں۔عشق کے کان سوں۔محبت کی ناک سوں۔یاد کا دم اس کی زبان سوں۔''[1]

مذکورہ عبارت سے واضح ہوجاتا ہے کہ پانچ تن کا ذکر کرتے ہوئے گیسودرازؔ نے کئی ایسے اخلاقی اصول بھی بیان کیے ہیں۔جن پر عمل کرنے سے ایک راہ چلنے والا وجود کی ان پانچوں منزلوں میں درجہ بہ درجہ عروج حاصل کر سکتا ہے۔

''معراج العاشقین''اردو کی قدیم ترین نثری کتاب تسلیم کی جاتی ہے۔اسے سب سے پہلے مولوی عبدالحق نے مرتب کر کے مع مقدمہ 1343ھ مطابق 1927ء میں دو قلمی نسخوں کی مدد سے شائع کیا ہے۔ایک نسخہ ان کے ذاتی کتب خانہ میں موجود تھا اور دوسرا نسخہ انہیں ڈاکٹر محمد قاسم ناظم کے کتب خانے سے دستیاب ہوا تھا۔اس بات کا اعتراف خود مولوی عبدالحق نے مقدمہ میں کرتے ہوئے لکھا ہے کہ انہیں مولوی غلام محمد صاحب انصاری وفاؔ مدیر''تاج''کے وسیلے سے ڈاکٹر محمد قاسم صاحب کا نسخہ دستیاب ہوا تھا۔ان دونسخوں میں ایک نسخہ کا نام معراج العاشقین تھا۔لیکن مولوی عبدالحق نے اس بات کی کوئی وضاحت نہیں کی ہے کہ کس نسخے کا نام معراج العاشقین تھا۔چوں کہ عبارت کی یکسانیت کی بنا پر وہ اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ یہ ایک ہی کتاب کی دو نقلیں ہیں۔البتہ ان دونسخوں میں سے کسی ایک کا نام معراج العاشقین ضرور تھا۔لیکن یہ رسالہ جس طویل رسالے کا خلاصہ ہے۔اس کے کئی اور نام بھی ہیں۔اس طویل رسالے کے ہر ایک نسخے پر دو تین نام ضرور تحریر کیے ہوئے ہیں۔عبدالحق کے مستعملہ رسائل میں سے جس کسی کا نام بھی معراج العاشقین رہا ہو معلوم نہیں ہو پاتا ہے کہ اس کا نام صرف معراج العاشقین تھا یا پھر اس کے دوسرے نام بھی تھے۔انہوں نے دیباچہ میں کسی نسخے کے حلیے کی وضاحت بھی نہیں کی ہے۔جس کی وجہ سے کوئی بات ظاہر نہیں ہو پائی ہے اور نہ ہی اس بات کی بھی کوئی وضاحت کی گئی ہے کہ انہوں نے کس بنیاد پر اسے گیسودرازؔ کی تصنیف قرار دیا ہے۔عبدالحق نے نہ تو واضح طور پر اور نہ ہی مبہم انداز میں اس بات کی نشاندہی کی ہے کہ ان کے مستعملہ کس نسخہ کے سرنامے،سرآغاز،اختتام یا ترقیمے میں یا پھر کہیں حاشیے پر خواجہ گیسودرازؔ کا نام درج تھا۔الغرض بغیر کسی وضاحت کے مولوی عبدالحق نے ڈاکٹر محمد قاسم کے نسخے کی آخری تحریر کی بنیاد پر جس میں یہ صراحت کی گئی ہے کہ یہ نسخہ اس نسخے کی نقل ہے جو 906ء میں لکھا گیا تھا۔اس بارے عبدالحق لکھتے ہیں:

''اس سے مجھے بہت کچھ اطمنان ہوا اور ایک حد تک اس بات کا یقین ہو گیا کہ یہ حضرت بندہ

نواز ہی کی تصنیف ہے۔اس کے علاوہ عشق نامہ سے بھی اس کی تائید ہوئی ہے۔ یہ تصوف کی ایک ضخیم کتاب ہے جو خواجہ صاحب کے مرید محمد عبداللہ بن محمد عبدالرحمٰن چستی نے احمد شاہ بھمنی کے زمانے میں تصنیف کی ہے۔اس میں حضرت کی تصانیف معراج العاشقین اور ہدایت نامہ کا کئی جگہ تذکرہ آیا ہے۔ اگر بالفرض یہ تسلیم بھی نہ کیا جائے تو کم ازکم اس کے ماننے میں کوئی تامل نہیں ہوسکتا کہ یہ 906ھ سے قبل کی تصنیف ہے۔اس سے یہی امر قرین قیاس بلکہ غالب معلوم ہوتا ہے کہ ہونہ ہو یہ حضرت ہی کی تصنیف ہے۔'' ۲؎

مولوی عبدالحق کے مذکورہ بیان کے متعلق مرزا حفیظ قتیلؔ لکھتے ہیں کہ اگر ڈاکٹر محمد قاسم کا نسخہ اس نسخے کی نقل ہے جو 906ھ کا مکتوب ہے۔تو مولوی عبدالحق کو نہ جانے کیوں محض اس بنیاد پر یہ یقین ہو گیا کہ یہ حضرت گیسودرازؔ کی تصنیف ہے۔ چناں چہ ان کے مطابق زبان کی قدامت اس رسالے کو بندہ نواز سے منسوب کرنے کی کوئی خاص وجہ نہیں ہوسکتی۔ البتہ ممکن ہے کہ ''عشق نامہ'' مصنف محمد عبداللہ بن محمد عبدالرحمٰن چستی میں خواجہ گیسودرازؔ کی تصانیف کے سلسلے میں معراج العاشقین اور عشق نامہ کے ذکر سے مولوی عبدالحق کا یہ قیاس کسی حد تک درست ہو کہ معراج العاشقین کے نام سے انہیں جو دکنی رسالے دستیاب ہوا ہے۔ وہ خواجہ بندہ نواز گیسودرازؔ کا وہی رسالہ ہے جس کا ذکر عشق نامہ میں موجود ہے۔

الغرض مولوی عبدالحق نے صرف عشق نامہ میں خواجہ گیسودرازؔ کی تصنیف ''معراج العاشقین'' کے ذکر کی بنیاد پر دکنی رسالہ معراج العاشقین کو گیسوردازؔ کی تصنیف تسلیم کیا ہے۔اس انتساب کے لیے مولوی عبدالحق کو دوسری قوی شہادت ڈاکٹر محمد قاسم کے رسالے کے ترقیمے کی عبارت سے ملی ہے۔ جس میں سنہ کی وضاحت کی گئی ہے۔اصل عبارت یوں ہے:

''ایں نسخۂ شریف رافقیر حقیر سراپا تقصیر سید محمد نصیر در قلعہ نصرت آباد ساگر من مقامات وار الظفر بیجاپور بتاریخ ہفتم ماہ رمضان المبارک 1176 ہجری یک ہزار و یک صد و ہفتاد و شش ہجری از نسخہ معتبر کہٗ قدیم کہ مکتوبۂ 906 ہجری نہ صد و شش ہجری بود نقل نمود۔'' ۳؎

اگر کسی رسالے کے سرنامے، آغاز، اختتام یا پھر ترقیمے میں سنہ تصنیف درج ہو تو عہد تصنیف کے بارے میں اس سے زیادہ قوی شہادت اور کیا ہوسکتی ہے۔ اگر صرف سنہ کتاب ہی ہو تو تصنیف کا عہد سنہ کتاب سے پہلے ثابت ہو جاتا ہے۔ ڈاکٹر محمد قاسم کے نسخے کے ترقیمے میں اس کا سنہ کتابت 1176ھ ہے۔ اور یہ نسخہ جس نسخے سے نقل کیا گیا ہے، اس کا سنہ کتابت 906ھ بتایا گیا ہے۔ حقیقتاً یہ شہادت اس قدر قوی ہے کہ کوئی بھی محقق اس کی بنیاد پر معراج العاشقین کو خواجہ بندہ نواز گیسودرازؔ یا پھر ان کے کسی عہد یا قریبی زمانے کے کسی مصنف سے منسوب کرنے

پر مجبور ہے۔

عبدالحق کے علاوہ گوپی چند نارنگ نے ''معراج العاشقین'' کو پہلی بار 1957ء میں مرتب کر کے، آزاد کتاب گھر، کلاں محل دہلی کے زیر اہتمام شائع کیا ہے۔ شروعات میں گوپی چند نارنگ نے دو صفحات پر مشتمل مختصر دیباچہ تحریر کیا ہے۔ جس میں انہوں نے کتاب کے متعلق اہم معلومات بہم پہنچائی ہے۔ دیباچہ کے بعد گوپی چند نارنگ نے چودہ صفحات پر مشتمل مقدمہ تحریر کیا ہے۔ اس میں انہوں نے حضرت بندہ نواز گیسودرازؒ کے حالات زندگی اور ان کی تصانیف نیز معراج العاشقین کے موضوع اور اس رسالے کی لسانی خصوصیات پر مفصل بحث کی ہے۔

ڈاکٹر خلیق انجم نے بھی اس کتاب کی ترتیب وتدوین میں اپنے حسن ذوق اور سلیقہ مندی کا عمدہ مظاہرہ کر کے بڑی صحت اور اہتمام کے ساتھ اسے 1957ء میں شائع کیا ہے۔ اردو تحقیق کے میدان میں یہ خلیق انجم کی ابتدائی کاوش تھی۔ اس وقت تک خلیق انجم متنی تنقید کے اصول وضوابط کے شرائط کے واقف کار نہیں تھے۔ اس کتاب کی تالیف کا کام خلیق انجم نے اپنے عزیز اور رفیق دوست پروفیسر نثار احمد فارقی کے صلح ومشورے سے شروع کیا تھا۔ انہوں نے اپنی اس ابتدائی کاوش کا آغاز اس وقت کیا جب وہ صرف ایم۔ اے مکمل کر چکے تھے اور کروڑی مل کالج دہلی میں اردو لکچرر کی حیثیت سے کام انجام دے رہے تھے۔ کتاب کی ابتدا میں چار صفحات پر مشتمل تعارف پیش کیا گیا ہے۔ اس کے بعد دو صفحات کا دیباچہ خلیق انجم نے تحریر کیا ہے۔ اور پھر تقریباً بیالیس صفحات پر مشتمل مقدمہ تحریر کیا گیا ہے۔ تعارف میں نثار احمد فاروقی نے ''معراج العاشقین''، اس کے مصنف خواجہ بندہ نواز گیسودرازؒ اور اس کے موئف خلیق انجم کے متعلق اہم باتیں بیان کی ہیں۔ انہوں نے لکھا ہے کہ معراج العاشقین کی تالیف خلیق انجم کا تقریباً ایک سال کا ثمرہ ہے۔ ساتھ ہی ساتھ انہوں نے خلیق انجم کی تالیف کی اہمیت وافادیت کو سراہتے ہوئے لکھا ہے:

> ''انہوں نے اپنے فاضلانہ مقدمہ میں ہندوستان کے صوفیائے کرام کی اخلاقی و روحانی تحریک کے بنیادی پہلوؤں پر بھی روشنی ڈالی ہے اور اس کا مختصر مگر منصفانہ جائزہ بھی لیا ہے اور اس پس منظر میں حضرت بندہ نواز اور ان کی ادبی اور متصوفانہ حیثیت کو بیان کر دیا ہے۔''
>
> ۴۲

تعارف کے بعد دیباچہ میں خلیق انجم نے گیسودرازؒ کے روزانہ معمولات، معراج العاشقین کے موضوع اور اس کی لسانی حیثیت پر مختصر گفتگو کر کے اس کتاب کی ترتیب کے متعلق اہم معلومات فراہم کی ہیں۔

دیباچہ کے بعد خلیق انجم نے 42 صفحات پر پھیلا ایک مبسوط اور بسیط مقدمہ تحریر کیا گیا ہے۔مقدمہ میں خلیق انجم نے حضرت بندہ نواز گیسودرازؒ کی پیدائش، خاندانی پس منظر، سفر دلی، دلی میں نصیر الدین محمود چراغ دہلوی کی پیروی اور مریدی اختیار کرنا، پیرومرشد چراغ دہلوی کی وفات کے بعد واپس اپنے وطن گلبرگہ (دکن) تشریف لانا اوراس کے بعد اپنی زندگی کے آخری پچیس سال یہیں گزارنے کی پوری تفصیل بیان کی ہے۔اس کے علاوہ خلیق انجم نے مقدمہ میں حضرت گیسودرازؒ کی شخصیت، خودداری، طریقہ بیعت، تعلیمات، شادی، اولاد، معراج العاشقین کا زمانہ تصنیف، گیسو درازؒ کا اپنے مریدوں کے ہمراہ زندگی گذر بسر کرنا غرض کہ معراج العاشقین اور خواجہ بندہ نواز گیسودرازؒ کی زندگی اورزمانے کے ہر پہلو پر مدلل بحث کی ہے۔

خلیق انجم نے مقدمہ کے ابتدائی صفحات میں ہندوستان میں تصوف کی پوری تحریک کا مختصر مگر جامع جائزہ پیش کیا ہے۔معراج العاشقین کے موضوع کی بنیاد دراصل اسلامی تعلیمات ہے۔لہٰذا خلیق انجم نے مسلمانوں میں حضرت محمدؐ کی حیات اور مسلمانوں کی دیگر اہم شخصیات کا جائزہ لیا ہے۔اس کے بعد انہوں نے تصوف کے بنیادی عناصر خصوصاً وحدۃ الوجود اور وحدۃ الشہود پر سیر حاصل گفتگو کی ہے۔خواجہ بندہ نواز گیسودرازؒ کے حسب ونسب پر اظہار خیال کرتے ہوئے خلیق انجم نے لکھا ہے کہ ان کے جد اعلیٰ حضرت ابوالحسن جندی ہرات سے دہلی تشریف لائے تھے۔دہلی میں قیام کے دوران انہوں نے ایک جہاد میں شرکت کے دوران جام شہادت نوش فرمایا۔اور مسجد اناوالی میں مدفون کیے گئے۔گیسودرازؒ کے والد محترم کا نام سید یوسف چستی تھا۔لیکن عوام میں وہ سید راجہ قتالؒ کے نام سے مشہور ومعروف ہوئے۔ان کا مزار شریف خلدآباد (دکن) میں ہے۔

گیسودرازؒ کی ولادت کے بارے میں ''سیر محمدی'' کے مصنف مولانا محمد شاہ محمد علی سامانیؒ نے تاریخ ولادت 721ھ بتائی ہے۔جبکہ مصنف ''تاریخ حبیبی'' نے 723ھ لکھی ہے۔خلیق انجم نے 721ھ کو صحیح تسلیم کیا ہے۔لیکن اس سلسلے میں انہوں نے کوئی شواہد پیش نہیں کیے ہیں۔

گیسودرازؒ کی اسم گرامی کے متعلق خلیق انجم نے تحریر کیا ہے کہ گیسودرازؒ کا اسم گرامی سید محمد تھا۔ابوالفتح کنیت اور القاب صدر الدین ولی الاکبر الصادق۔لیکن وہ ہمیشہ حضرت بندہ نواز گیسودرازؒ کے نام سے مشہور ہوئے۔اور خود اپنی زندگی میں انہیں اسی نام سے شہرت ومقبولیت نصیب ہوئی۔

گیسودرازؒ کی وجہ تسمیہ کا ذکر کرتے ہوئے خلیق انجم نے لکھا ہے کہ ''اخبار الاخبار'' میں مولانا عبدالحق محدث دہلویؒ اور مولف ''بزم صوفیہ'' نے ''خزینتہ الاصفیا'' کے حوالے سے تحریر کیا ہے۔کہ ایک بار آپ کے پیر

ومرشد حضرت نصیرالدین محمد چراغ دہلویؒ پالکی میں تشریف فرما تھے۔دوسرے مریدوں کے ساتھ آپ بھی پالکی اٹھائے تھے۔چوں کہ آپ کے بال بہت دراز تھے۔اس لیے پالکی کے نچلے حصہ سے الجھ گئے تھے۔آپ چاہتے تو پالکی رکوا کر آپ اپنے بال سنبھا سکتے تھے۔لیکن شدید تکلیف کے باوجود آپ اپنے مرشد کی محبت ،عقیدت اور احترام کی وجہ سے کچھ نہیں بولے اور بدستور پالکی اٹھاتے رہے۔بالآخر حضرت چراغ دہلویؒ کو اس کا علم ہوا تو انہوں نے اپنے محبوب مرید کے اس ایثار سے خوش ہو کر فی البدیہ ایک شعر کہا۔

ہر که مرید سید گیسو دراز شد
واللہ خلاف نیست که او عشق باز شد

مرشد کے لب مبارک سے ان الفاظ کا نکلنا ہی تھا کہ آپ اس نام سے مشہور ہو گئے اور آج صدیاں گذر جانے کے بعد بھی مرشد کا دیا ہوا نام عوام کے دلوں کو عقیدت و محبت سے گرما رہا ہے۔

خواجہ بندہ نواز گیسودراز کے بچپن پر گفتگو کرتے ہوئے خلیق انجم نے لکھا ہے کہ گیسودرازؔ بچپن سے ہی عبادت اور تبلیغ کا بہت شوق رکھتے تھے۔آٹھ سال کی عمر میں نماز کے پابند تھے اور بارہ سال کی عمر میں شب بیداری کے پابند ہوئے۔بچپن میں اپنے والد ماجد اور والدہ محترمہ کے ہمراہ آپ دکن تبلیغ کے لیے گئے تھے۔یہاں ان کے نانا اور ماموں سید ابراہیم شوقی دولت آباد کے صوبے دار تھے۔یہ وہ دور تھا۔جب محمد تغلق دولت آباد کو دارالخلافہ بنانا چاہتے تھے۔دس سال کی عمر میں گیسوردراز شفقتِ پدری سے محروم ہو گئے اور پھر چار سال تک وہ اپنے نانا کے پاس رہے۔اس کے بعد گیسودرازؔ اپنی والدہ ماجدہ بی بی رانی کے ہمراہ دہلی روانہ ہوئے اور زندگی کا بڑا حصہ یہیں گذارا۔دہلی میں آپ نے حضرت نصیرالدین چراغ دہلویؒ سے فیض حاصل کیا اور ان کی خلافت حاصل کر لی۔ چراغ دہلویؒ کی وفات کے بعد گیسودرازؔ واپس اپنے مادرِ وطن گلبرگہ (دکن) آ گئے اور باقی پوری زندگی یہیں اپنے افراد خانہ اور مریدوں کے ساتھ گزار دی۔

گیسودرازؔ کی شادی کے متعلق خلیق انجم نے تحریر کیا ہے کہ ان کی شادی چالیس سال کی عمر میں والدہ ماجدہ بی بی رانی کے حکم کے مطابق حضرت سید احمد پسر مولانا جمال الدین مغربی کی صاحبزادی سے ہوئی۔ان کے بطن سے انہیں دو صاحبزادے تولد ہوئے۔بڑے صاحبزادے کا نام حضرت سید محمد اکبر حسینی عرف میاں بڑے اور چھوٹے صاحبزادے کا نام سید محمد اصغر حسینی تھا۔

اس کے بعد خلیق انجم نے معراج العاشقین کا زمانہ تصنیف اور اس کے موضوع پر اظہار خیال کیا ہے۔ اس میں انہوں نے اس رسالے کے وہ تمام اصول وضوابط بیان کیے ہیں جن پر عمل کرنے سے ایک سالک مقام ذات تک پہنچ جاتا ہے۔ انہوں نے بھی مولوی عبدالحق کی طرح معراج العاشقین کے تن یعنی وجود کی پانچ قسمیں بتائی ہیں ۔ واجب الوجود، ممکن الوجود، ممتنع الوجود، عارف الوجود اور واحد الوجود۔ اس کے علاوہ انہوں نے بھی ان کے پانچ خصائص اور پانچ ایسے اصول یا طریقے بتائے ہیں، جن پر عمل کرنے سے ایک انسان کو اس کی حقیقی منزل مل جاتی ہے۔ معراج العاشقین کا لسانی جائزہ لیتے ہوئے خلیق انجم نے اس بات کی وضاحت کی ہے کہ دکنی زبان اپنی لسانی خصوصیات کی وجہ سے شمالی ہند کی اردو سے کس طرح مختلف ہے۔ موضوع کے اس عنوان میں انہوں نے اسماء و افعال، واحد جمع کے قاعدے، دکنی اور ہریانوی میں مشابہت، ضمائر علامت، فاعلی میں دکنی کا عام استعمال، حرف تخصیص کی، ہی، بھی کی جگہ ''چ'' کا استعمال، عربی اور فارسی الفاظ کا تلفظ کے اعتبار سے املا وغیرہ جیسی لسانی خصوصیات کا بہترین اور عمدہ جائزہ پیش کیا ہے۔

اردو کا اولین نثر نگار اور پہلی نثری تصنیف کون ہے۔ اس کے متعلق ہنوز محققین اور ناقدین میں بحثیں چلی آ رہی ہیں۔ روز کی نئی تحقیق سے نئے نئے حقائق سامنے آجاتے ہیں۔ ''معراج العاشقین'' کی منشائے تصنیف اور موضوع و مطالب کے متعلق تمام محققین یک رائے ہیں۔ لیکن یہ امر ہنوز متنازع رہ گیا ہے کہ کیا معراج العاشقین واقعی اردو کی پہلی نثری تصنیف ہے یا نہیں؟ اور کیا خواجہ بندہ نواز گیسودرازؒ اس کے حقیقی مصنف ہے یا نہیں؟ مولوی عبدالحق، حکیم شمس اللہ قادری، گوپی چند نارنگ اور خلیق انجم نے اسے اردو کی پہلی نثری تصنیف قرار دیا ہے۔ اس بارے میں گوپی چند نارنگ لکھتے ہیں:

> ''رسالہ معراج العاشقین کو اردو کی ابتدائی نثری تصانیف میں جو اہمیت حاصل ہے محتاجِ بیان نہیں۔''۵؎

خلیق انجم اس بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے لکھتے ہیں:۔

> ''معراج العاشقین کے ابھی تک جتنے بھی نسخے ہیں۔ ان میں کسی پر بھی زمانۂ تصنیف نہیں ملا۔ کسی خاص سنہ کا تعین کرنا تو ممکن نہیں لیکن اس چوتھائی صدی کا تعین ضرور کیا جا سکتا ہے جس میں وہ تصنیف کی گئی ہے۔ معراج العاشقین میں دکنی الفاظ اور محاورے اس کے شواہد ہیں کہ یہ دکن میں ہی لکھی گئی اور اہل دکن کے لیے لکھی گئی۔ دوسری بار آپ 804ھ میں دکن تشریف لے گئے تھے اور 825 ہجری میں وہاں انتقال فرمایا۔ اسی بیس اکیس سال کے

عرصے میں یہ کتاب لکھی گئی۔'' ۶

مذکورہ بالا عبارات کے پیش نظر کہا جا سکتا ہے کہ خلیق انجم اور گوپی چند نارنگ معراج العاشقین کو اردو کی اولین نثری تصنیف اور خواجہ بندہ نواز گیسودراز کو اس کے مصنف قرار دیتے ہیں۔ لیکن ڈاکٹر حفیظ قتیل اپنی تصنیف ''معراج العاشقین کا مصنف'' میں دعوی کرتے ہیں کہ نہ تو اس کے مصنف خواجہ بندہ نواز گیسودراز ہیں اور نہ ہی یہ اردو کی پہلی نثری تصنیف ہے۔ ان کے دلائل کے مطابق یہ کتاب گیارھویں صدی عیسوی کے آخری اور بارھویں صدی عیسوی کے اوائل میں ایک صوفی بزرگ شاہ مخدوم حسینی بلکانوری نے تخلیق کی ہے۔ ان کے مطابق بیجا پوری تصوف کے قلمی سرمائے (9) میں مخدوم شاہ حسینی بلکاری کے تین رسالے شامل ہیں۔ جن میں ایک رسالے کے نسخے کم اور دو کے زیادہ نسخے موجود ہیں۔ اس رسالے کا نام ''تلاوۃ الوجود'' ہے۔ انہوں نے ان تینوں رسالوں میں تفریق واضح کرتے ہوئے نسخوں کے مطابق ان کا نام الف، ب اور ج رکھا ہے۔ مرزا قتیل کے مطابق معراج العاشقین کا تعلق نسخہ ''الف'' اور نسخہ ''ب'' کے ساتھ زیادہ ہے۔ نسخہ ''الف'' کے نسخے کم ملتے ہیں۔ جبکہ نسخہ ''ب'' اور نسخہ ''ج'' کافی مقدار میں موجود ہیں۔ اپنے دلائل کو بیان کرتے ہوئے مرزا حفیظ قتیل لکھتے ہیں:

> ''رسالہ (ب) کا آغاز رسالہ (الف) کے تیسویں باب سے ہوتا ہے اور اپنے نو ابواب میں رسالہ (الف) کے آخری بارہ ابواب کو سمیٹ لیتا ہے۔ اس کے پانچ ابواب رسالہ (الف) کے ابتدائی ابواب میں سے لیے گیے ہیں۔ اگرچہ معراج العاشقین میں ابواب کی سرخیاں نہیں ہیں۔ لیکن مباحث کی ترتیب وہی ہے جو رسالہ (ب) کی ہے۔'' ۷

مذکورہ تینوں رسالوں سے نتیجہ اخز کرتے ہوئے ڈاکٹر حفیظ قتیل لکھتے ہیں:۔

1۔ مطبوعہ معراج العاشقین تلاوۃ الوجود کا خلاصہ ہے۔

2۔ معراج العاشقین بنیادی رسالہ ہے اور تلاوۃ الوجود اس کی شرح ہے۔

لیکن جب ڈاکٹر حفیظ قتیل متن کا موازنہ کرتے ہیں۔ تو وہ اپنے آخرالذکر خیال کو رد کرتے ہیں اور پھر نئے اور پیچیدہ دلائل کے ذریعے یہ بات ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ کہ انہیں صرف چار ایسے رسالے دستیاب ہو سکے ہیں۔ جن کا نام معراج العاشقین ہے۔ ان میں سے پہلے دو رسالے (ب) تلاوۃ الوجود کے نسخے ہیں۔ تیسرا رسالہ معراج العاشقین ہی ہے۔ اس رسالے کا ابتدائی حصہ مختلف ہے اور چوتھا رسالہ من وعن مطبوعہ معراج العاشقین کا نسخہ ہے۔ ان رسالوں کے ضمن میں ایک اور رسالہ کا ذکر ضروری ہے جس کا نام معراج العاشقین تو نہیں ہے۔ البتہ مطبوعہ معراج العاشقین کی طرح یہ رسالہ بھی رسالہ (ب) تلاوۃ الوجود کا ایک علحیدہ خلاصہ ہے۔

حفیظ قتیلؔ ان رسالوں کے موضوعات کی تفصیل بیان کرنے اوران رسالوں میں تفریق واضح کرنے کے بعد معراج العاشقین کے موضوع پر بحث کرتے ہیں۔اس کے بعد وہ معراج العاشقین کا تعلق حضرت امین الدین اعلیٰ کے سلسلہ تصوف سے جوڑتے ہیں اوراس بات کی وضاحت کرتے ہیں۔کہ اس تصنیف کا زمانہ گیارھویں صدی ہجری کا ہے۔اپنا یہ نظریہ وہ ان الفاظ میں پیش کرتے ہیں:

''معراج العاشقین کے مضامین یہ ثابت کرتے ہیں کہ یہ رسالہ امینؔ کی تعلیمات سے مستفاد ہی نہیں بلکہ ان پر اضافہ بھی ہیں۔اس رسالے کا عہد تصنیف یقیناً حضرت امینؔ (وفات 1085ھ) کے بعد کا زمانہ ہے۔'' 8

ڈاکٹر حفیظ قتیلؔ نے مذکورہ اقتباس میں جو خیال پیش کیا ہے۔اس کی تائید ڈاکٹر سیدہ جعفرؔ نے ''دکنی نثر کا انتخاب'' میں ان الفاظ میں کیا ہے:

''اس انتخاب میں اس لیے برہان الدین جانمؔ کی تحریروں سے کی گئی ہے کہ وہی دکن کے پہلے مصنف تھے۔اور تحقیق سے یہ ثابت ہو چکا ہے کہ ''معراج العاشقین'' خواجہ بندہ نواز کی تصنیف نہیں بلکہ مخدوم شاہ حسینی کی نثری کاوش ہے جو گیارھویں صدی کے آخر اور بارھویں صدی کے اوآئل کے مصنف تھے۔خود مخدوم شاہ حسینی کی تلاوۃ الوجود کا انتخاب بھی اسی کتاب میں شامل ہے۔'' 9

ڈاکٹر حفیظ قتیلؔ معراج العاشقین کی زبان پر بھی شک کرتے ہیں۔اپنی اس شک کی بنیاد پر وہ مولوی عبدالحق کی مرتب کردہ معراج العاشقین کی زبان اور تلاوۃ الوجود کی زبان کا موازنہ کرتے ہیں۔موازنہ کرنے کے بعد وہ اپنے دلائل میں لکھتے ہیں۔کہ کسی کتاب کے عہد تصنیف کے بارے میں رائے قائم کرنے کے لیے کتاب کا لسانی مطالعہ بہت حد تک معاون ثابت ہوسکتا ہے۔لیکن ان کے مطابق معراج العاشقین کی عبارت اس قدر غلط اور الجھی ہوئی ہے کہ اس کے مطالعے سے کوئی بھی نتیجہ اخز کرنے میں بہت دشواری ہے۔باوجود اس کے حفیظ قتیلؔ کے مطابق معراج العاشقین کے موجودہ متن میں جو صوتی اور صرفی شکلیں ملتی ہیں۔وہ وہی ہیں جو گیارھویں صدی کے نصف آخر اور بارھویں صدی ہجری کی نثر میں موجود ہیں۔اس مناسبت سے رسالہ معراج العاشقین شرح تمہید ہمدانی اور شرح مرغوب القلوب،رسالہ وجودیہ اور ذکر نامہ،ترجمہ شمائل الاتقیا،خلاصۃ الرویا کی صف میں آتا ہے۔حفیظ قتیلؔ کے الفاظ میں اپنی بعض خصوصیات کی وجہ سے اس کو اس سلسلہ کی آخری کڑی سمجھنا چاہیے۔معراج العاشقین پر اعتراض کرتے ہوئے اول تو وہ مولوی عبدالحق کا حوالہ دیتے ہیں اور دوسری بات وہ اپنی کتاب ''معراج العاشقین کا

مصنف‘‘میں اس بات پر بضد ہیں کہ معراج العاشقین دراصل تلاوۃ الوجود ہے۔لیکن باوجود اس کے وہ مولوی عبدالحق کی ایک بات کوقبول کرتے ہیں۔ لکھتے ہیں:

’’البتہ عشق نامہ مصنف عبداللہ بن محمد عبدالرحمٰن چستی میں خواجہ صاحب کی تصانیف کے سلسلے میں ’’معراج العاشقین‘‘اور’’ہدایت نامہ‘‘ کے ذکر سے مولوی صاحب کا یہ قیاس کسی حد تک درست ہوسکتا ہے کہ معراج العاشقین کے نام سے انہیں جو دکنی رسالہ ملا ہے۔وہ خواجہ صاحب کا وہی رسالہ ہے جس کا ذکر’’عشق نامے‘‘میں ہے۔‘‘ [10]

علاوہ ازیں انہوں نے اس بات کی تصدیق بھی کی ہے کہ ’’عشق نامہ‘‘انہیں حاصل نہیں ہوسکی ہے۔ یہاں ان کے اختلاف کمزور پڑ جاتے ہیں۔ کیوں کہ جس کتاب تک خود ان کی رسائی ممکن نہ ہوسکی ہو وہ اس پر شک کیسے کرسکتے ہیں۔لیکن پھر بھی کتاب کے آخر میں لکھتے ہیں۔ کہ دومختلف داخلی اور خارجی شہادتوں کی بنیاد پر اس بات کی وضاحت کی گئی ہے۔کہ معراج العاشقین کے مصنف بندہ نواز گیسودراز نہیں بلکہ گیارھویں صدی ہجری کے اواخر اور بارھویں صدی ہجری کے اوآئل کے ایک بزرگ مخدوم شاہ حسینی ہے۔رہا سوال 906ھ کا۔تو اس بارے میں ڈاکٹر قتیل یہ اعتراف کرتے ہیں کہ ڈاکٹر محمد قاسم کا نسخہ انہیں دستیاب نہیں ہوسکا ہے۔اور نہ ہی معراج العاشقین کا کوئی دوسرا نسخہ انہیں دستاب ہوسکا ہے جسے اس سند کی تائید یا تردید ہوسکے۔ چوں کہ ان کے مطابق معراج العاشقین تلاوۃ الوجود نسخہ (ب)اور تلاوۃ الوجود نسخہ (الف) کا خلاصہ ہے اور رسالہ (الف)اور رسالہ (ب) دونوں کے مصنف مخدوم شاہ حسینی ہیں۔ان دونوں نسخوں کا موضوع اجتہادی تصوف ہے۔اس لیے گمان یہی ہے کہ ڈاکٹر محمد قاسم کا نسخہ جس نسخہ سے نقل کیا گیا ہے۔اس کا سنہ 906ھ غلط ہے۔ڈاکٹر جمیل جالبی حفیظ قتیل کے ان دلائل کو بنیاد بنا کر لکھتے ہیں:

’’معراج العاشقین جس اردو میں لکھی گئی ہے وہ ساخت کے اعتبار سے واضح اردو ہے۔جبکہ اسی وقت یعنی نویں صدی ہجری میں اتنی صاف اردو نہیں تھی۔۔۔معراج العاشقین کی زبان برج بھاشا اور کھڑی بولی ہے۔کھڑی بولی دہلی کی زبان ہے۔جبکہ خواجہ صاحب کا تعلق گلبرگہ سے تھا۔‘‘ [11]

ڈاکٹر جمیل جالبی مذکورہ عبارت میں صرف اسلوب اور زبان پر معراج العاشقین کے مصنف کے بارے میں اعتراضات کرتے ہیں۔

ڈاکٹر رفعیہ سلطانہ ڈاکٹر حفیظ قتیل کی تحقیق پر اعتراضات کرتے ہوئے لکھتی ہیں۔کہ اول تو انہوں نے

تلاوۃ الوجود کے صحیح زمانے کا تعین نہیں کیا ہے۔دوسری بات ڈاکٹر حفیظ قتیلؔ نے معراج العاشقین اور تلاوۃ الوجود کے متن کا موازنہ نہیں کیا ہے۔تیسری بات یہ کہ وہ معراج العاشقین کے سن کتابت کے بارے میں بھی شک میں مبتلا ہیں۔

مذکورہ تمام بحث ومباحثے سے یہی نتیجہ اخز کیا جاسکتا ہے۔کہ مولوی عبدالحق،ڈاکٹر گوپی چند نارنگ،ڈاکٹر خلیق انجم اور ڈاکٹر رفعیہ سلطانہ معراج العاشقین کو اردو نثر کی ابتدائی تحریر اور خواجہ بندہ نواز گیسودرازؔ کو اس کا مصنف تسلیم کرتے ہیں۔لیکن عبدالحق مقدمہ میں اس بات کی تائید بھی کرتے ہیں کہ اگر معراج العاشقین کے مصنف خواجہ بندہ نواز نہیں ہیں تو پھر یہ اسی عہد سے وابسطہ کسی دوسرے مصنف کی تصنیف ہے۔ڈاکٹر حفیظ قتیلؔ اور جمیل جالبیؔ کا قیاس اس کے مترادف ہیں۔وہ نہ تو معراج العاشقین کو پہلی اردو نثری تصنیف مانتے ہیں اور نہ ہی خواجہ بندہ نواز گیسودراز کو اس کا مصنف مانتے ہیں۔لہذا میرا یہ قیاس ہے کہ جمیل جالبیؔ اور حفیظ قتیلؔ نے جو دلائل پیش کیے ہیں۔وہ اتنے مضبوط اور مستحکم نہیں ہیں کہ ان کی بات کو حتمی تسلیم کیا جائے ۔کیوں کہ اول تو نہ ہی تحقیق میں کوئی حتمی بات ہوتی ہے اور دوسری بات ڈاکٹر حفیظ قتیلؔ نے بھی مولوی عبدالحق کے خیال کی تائید کرتے ہوئے کہا ہے کہ انہیں ''عشق نامہ'' موصول نہیں ہوئی ہے۔ساتھ ہی انہوں نے یہ بھی لکھا ہے کہ ممکن ہے مولوی عبدالحق کا قیاس درست ہو۔جہاں تک جمیل جالبیؔ کا تعلق ہے تو انہوں نے ڈاکٹر حفیظ قتیلؔ کے خیال کو بنیاد بنا کر اپنا کر معراج العاشقین کے اسلوب اور انداز بیان پر مولوی عبدالحق سے اختلاف رائے کیا ہے۔اس لیے کہا جاسکتا ہے کہ مولوی عبدالحق،ڈاکٹر گوپی چند نارنگ،ڈاکٹر خلیق انجم اور رفعیہ سلطانہ نے معراج العاشقین کے مصنف اور اس کے عہد سے متعلق جو دلائل پیش کیے ہیں۔وہ قیاساًدرست معلوم ہوتے ہیں۔ہوسکتا ہے کہ مستقبل میں محققین اس بارے میں اور بھی نئے شاہد پیش کریں۔جیسے حامد حسن قادری اپنی کتاب ''تاریخ وتنقدی''میں اردو کا سب سے پہلا نثر نگار شمالی ہند کے ایک بزرگ حضرت سید اشرف جہانگیری کو قرار دیتے ہیں اور ان کی تصنیف ''رسالہ اخلاق وتصوف''کو پہلی تصنیف قرار دیتے ہیں۔لیکن یہ رسالہ ہنوز دستیاب نہیں ہوسکا ہے۔لہذا ہنوز کی تحقیق کے مطابق اس بارے میں مزید کچھ اور نہیں کہا جاسکتا۔

مجموعی طور پر کہا جاسکتا ہے کہ خلیق انجم نے معراج العاشقین کی ترتیب وتدوین میں نہ صرف اپنے حسن ذوق اور سلیقہ مندی سے پورا کام لے کر اسے صحت واہتمام کے ساتھ مرتب کیا ہے۔بلکہ اس کے متعلق بعض جزوی مباحث پر بھی تفصیل سے بحث کی ہے۔انہوں نے اپنے فاضلانہ مقدمہ میں ہندوستان کے صوفیائے کرام کی اخلاقی

وروحانی تحریک کے بنیادی پہلوؤں پر بھی روشنی ڈالی ہے اوراس کا مختصر مگر منصفانہ جائزہ بھی پیش کیا ہے۔اس مختصر سے جائزے کے پس منظر میں انہوں نے گیسودرازؔ کی ادبی اور متصوفانہ حیثیت کونمایاں کیا ہے۔مقدمہ کے ایک حصہ میں حضرت بندہ نواز گیسودرازؔ کا کچھ دکنی کلام بھی جواب تک سینہ بہ سینہ چلا آرہا تھا آخر میں شامل کرلیا گیا ہے۔اور پھر معراج العاشقین اور حضرت بندہ نواز گیسودرازؔ کے دکنی کلام کی ادبی ولسانیاتی خصوصیات پر بھی سیر حاصل گفتگو کی ہے۔

## مرزامحمدرفیع سوداؔ

ڈاکٹر خلیق انجم کی کتاب ''مرزامحمد رفیع سوداؔ'' اعلیٰ ترین تحقیقی کارنامہ ہے۔خلیق انجم کی یہ تصنیف اردو تحقیق اور تنقید کی قابل تقلید مثال ہے۔سوداؔ اردو شاعری کے عظیم بالشان ایوان کے ایک اہم اور غیر معمولی ستون کے حامل ہیں۔طبیعت کی روانی، فنی مہارات اور کلام کی پختگی میں سوداؔ کا کوئی ثانی نہیں ہے۔انھوں نے تقریباً تمام اصنافِ شاعری پر طبع آزمائی کی ہے۔اس بات میں دورائیں نہیں کہ اٹھارویں صدی عیسوی میں جن شعراء نے اردو شاعری کو سب سے زیادہ متاثر کیا ان میں ایک اہم نام مرزامحمد رفیع سوداؔ کا ہے۔انہوں نے زبان وبیان کے بہت سے تجربے کرکے اردو شاعری کے مزاج کو زندہ دلی اور شگفتگی عطا کی ہے۔شاید اسی سبب انھیں مسلم الثبوت استاد کی حیثیت حاصل ہوئی ہے۔انھیں اپنی حیات میں جوشہرت اور مقبولیت نصیب ہوئی ہے وہ عدیم النظیر ہے۔اس کی مثال اردو شاعری میں صدیاں گزرجانے کے بعد ملتی ہیں۔دوسرے فنکاروں اور ادبی شخصیتوں کی طرح شہرت کی بلندیاں طے کرنے میں انھیں مدت کے دروازے سے نہیں گزرنا پڑا ہے۔سودا تقریباً نصف صدی تک دنیائے اردو ادب پر چھائے رہے۔انھیں اردو زبان وادب میں خاص مقام ومرتبہ حاصل ہے۔لیکن تعجب کی بات ہے کہ انیسویں صدی تک ہمارے محققین، ناقدین اور سوانح نگاروں نے ان کو نظر انداز کردیا اور ان پر اس طریقہ سے کام نہیں ہوا۔جس طرح دوسرے شعرا اور اہم ادبی شخصیات پر کیا گیا ہے۔یہی وجہ ہے کہ سوداؔ جیسا قادرالکلام شاعر ایک طویل مدت تک گمنامی میں رہا۔

بیسویں صدی میں جن محققین اور ناقدین نے سوداؔ پر توجہ مبذول کی ہے۔ان میں دو اہم نام شیخ چاندؔ اور ڈاکٹر خلیق انجم بڑی اہمیت وافادیت کے حامل ہیں۔ان کے علاوہ شارب ردولویؔ اور محمد حسنؔ نے بھی سوداؔ پر کام کیا

ہے۔شارب ردولوی کی کتاب ''افکارسودا'' اور محمد حسن کی کتاب ''مطالعہ سودا'' میں سودا پر اچھی تنقید کی گئی ہے۔لیکن سودا پر سب سے پہلے جامع اور معتبر کام شیخ چاند نے کیا ہے۔شیخ چاند نے عثمانیہ یونی ورسٹی میں سودا پر (ایم۔اے) کا تحقیقی مقالہ مولوی عبدالحق کی نگرانی میں پیش کیا ہے۔اس مقالے میں انھوں نے سودا کے فن اور سوانح پر تحقیقی اور تنقیدی جائزہ پیش کیا ہے۔جسے انجمن ترقی اردو اورنگ آباد نے 1936ء میں کتابی شکل میں ''سودا'' کے عنوان سے شائع کیا ہے۔شیخ چاند کو اجل نے اس کتاب کا دوسرا اڈیشن تیار کرنے کی مہلت ہی نہیں دی، بلکہ وہ پہلی اشاعت بھی نہیں دیکھ سکے۔لیکن کتاب طباعت کے مراحل سے نکل چکی تھی کہ شیخ چاند کو موت کے فرشتے کا پیغام آگیا۔مقدمے کے آخر میں عبدالحق شیخ چاند کی علمی وادبی اور تحقیقی صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے لکھتے ہیں:

> ''یہ مقدمہ چھپنے کے لیے مطبع کو دے دیا گیا تھا، اتنے میں یہ افسوس ناک خبر پہنچی کہ شیخ چاند کا انتقال ہو گیا ہے۔اس لیے اس کے تمام عزیزوں اور دوستوں اور خاص کر مجھے بے حد صدمہ ہوا۔وہ بہت ہونہار اور قابل نوجوان تھا۔آئندہ اس سے بہت سی توقعات تھیں۔تحقیق وتنقید کی نظر رکھتا تھا اور یہ سب کچھ اس نے اپنی محنت اور شوق سے حاصل کیا تھا۔افسوس کہ وہ اس کی اشاعت نہ دیکھ سکا۔'' ۱۲

مولوی عبدالحق نے شیخ چاند کے تعزیتی جلسے میں تقریر کرتے ہوئے کہا تھا کہ سودا پر شیخ چاند کا لکھا گیا مقالہ اس قدر اور منزلت کا حامل ہے کہ اس پر کسی بھی یونی ورسٹی سے ڈاکٹریٹ کی ڈگری مل سکتی ہے۔

اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں ہے کہ شیخ چاند کا سودا پر تحقیقی کام نہ صرف اپنے عہد کے تحقیقی اصولوں و ضوابط پر کھرا اترتا ہے۔بلکہ زبان و بیان کے لحاظ سے بھی نہایت اہم اور معیاری ہے۔انھوں نے تمام دستیاب ماخذ سے بھر پور فائدہ اٹھا کر تحقیق کا حق ادا کیا ہے۔اور تنقید و تحقیق کے جواہر ریزے پیش کیے ہیں۔شیخ چاند نے اپنی تصنیف میں سودا کے کلام، فن اور زبان کا تفصیلی جائزہ اس عہد کے تاریخی، سماجی، سیاسی اور تہذیبی حالات وکوائف کی روشنی میں لیا ہے۔اس کتاب کی اشاعت کے تقریباً تین دہائیوں کے بعد اسی موضوع پر ڈاکٹر خلیق انجم کی کتاب ''مرزا محمد رفیع سودا'' منظر پر آئی۔لیکن اس کے انداز بیان اور ترتیب کی نوعیت میں بہت فرق ہے۔یہاں یہ سوال پیدا ہو سکتا ہے۔کہ جب ایک موضوع پر جامع اور مبسوط کام کیا جا چکا ہو، پھر اس پر مزید کام کرنے کی کیا ضرورت اور کیا جواز ہے۔اس کا جواب یہ ہے۔کہ تحقیق میں کوئی کام حتمی نہیں ہوتا۔تحقیق میں کوئی رائے حرف آخر نہیں ہوتی۔تحقیق ہر لمحہ جاری وساری رہتی ہے۔یہ ایک ایسا عمل مسلسل ہے جس کا خاتمہ کہیں نہیں ہوتا۔اس سے نئے نئے

امکانات روشن ہوتے ہیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ 20 ویں صدی کے ربع اول تک سوداؔ سے متعلق جتنا مواد دستیاب تھا۔ شیخ چاندؔ نے اس سے حتی المقدور فائدہ حاصل کیا ہے۔ لیکن اس کے بعد جو مواد منظر عام پر آیا اور جو نئے مآخذ دریافت ہوئے خلیق انجم نے ان سب سے استفادہ کر کے نئی تحقیقات کی روشنی میں تحقیق کو زیادہ جامع اور ہمہ گیر بنا دیا ہے۔ ڈاکٹر خلیق انجم کا یہ تحقیقی کام ''مرزا محمد رفیع سوداؔ'' کے عنوان سے پہلی مرتبہ 1966ء میں انجمن ترقی اردو (ہند) سے شائع ہوا۔ یہ کتاب 690 صفحات پر مشتمل ہے۔ خلیق انجم کی یہ کتاب بنیادی طور پر دو حصوں میں منقسیم ہیں۔ پہلا حصہ شیخ چاندؔ کی کتاب کی طرح سیاسی و سماجی حالات پر مبنی ہے۔ ظاہر ہے کہ سماجی و سیاسی حالات ہی انسان کے ذہن کی ترتیب و تشکیل میں کلیدی رول ادا کرتے ہیں۔ اس باب میں خلیق انجم نے اس عہد کے تاریخی واقعات، سماجی، سیاسی اور اقتصادی اور تہذیبی حالات، مغلوں کا زوال، دلی کی تباہی، عوام کی بدحالی، شعرا کی کسمپرسی اور معاشرے میں اخلاقی گراوٹ کا تفصیلی جائزہ پیش کیا ہے۔ خلیق انجم نے سوداؔ کے زمانے کے سماجی، سیاسی اور اقتصادی پس منظر کا تعین انگریزی، فارسی اور اردو تاریخوں کی مدد سے کیا ہے۔ اس باب پر تبصرہ کرتے ہوئے آل احمد سرورؔ لکھتے ہیں:

> ''اس حصے میں جو سماجی پس منظر ہے۔ اس میں بادشاہوں کے جشن جلوس کی طویل داستان نہیں ہے۔ بلکہ اس زمانے کے سیاسی تغیرات، اقتصادی مسائل، علمی رجحانات پر واضح اشارے ہیں۔ اس فراریت کا بھی بہت دلچسپ تذکرہ ہے جس کا ایک پہلو تصوف اور دوسرا جنسی بے راہ روی تھا۔'' ۱۳

خلیق انجم نے کتاب کے دوسرے حصے میں سوداؔ کی حالات زندگی، ولادت، وطن، تعلیم و تربیت، سوداؔ کے اساتذہ، شوق، ترک وطن اور سوداؔ کی شخصیت کے مختلف پہلوؤں پر محققانہ بحث کرتے ہوئے نئے نئے حقائق سامنے لائے ہیں۔ انھوں نے مختلف حوالوں سے سوداؔ کی تاریخ ولادت، آبا و اجداد، سوداؔ کی والدہ کا نعمت خان عالی سے رشتے اور سوداؔ کے وطن کے بارے میں شیخ چاند سے اختلاف کیا ہے۔ اختلاف اگر مضبوط اور مستند بنیادوں پر ہو تو یہ نہ صرف حقائق سے پردہ اٹھاتا ہے۔ بلکہ تحقیق کی روایت کو بھی مستحکم کرتا ہے۔ لیکن جہاں یہ عمل فیشن کی صورت اختیار کرے تو حقائق کوشی کے ساتھ ساتھ ایک غلط روایت کے استحکام کا سبب بھی بن جاتا ہے۔ خلیق انجم نے کتاب کے مقدمے میں ہی سابقین سے بعض جگہ اختلاف کا اعتراف کیا ہے اور پھر کتاب کا متن ان کے اختلاف کی تصدیق بھی کرتا ہے۔ لیکن اس سلسلے میں توجہ طلب بات یہ ہے۔ کہ ان اختلافات کی بنیاد کیا ہے۔ سوداؔ کے آبا و اجداد کے

وطن کے بارے میں مختلف بیانات ملتے ہیں۔ اکثر تذکرہ نگاروں نے ان کے اجداد کا وطن کابل لکھا ہے۔ جن میں قائمؔ، عبدالغفور نساخؔ، قدرت اللہ قاسمؔ، نواب مصطفٰے خاں شیفتہؔ، لالہ سری رامؔ وغیرہ کے نام خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔ عبدالغفور نساخؔ نے اپنے تذکرہ ''سخن شعرا'' میں سوداؔ کے اجداد کے بارے میں لکھا ہے:

''سوداؔ تخلص مرزا محمد رفیع ولد مرزا محمد شفیع شاگرد حاتمؔ۔ وطن آپ کا کابل'' ۱۴؎

اسی طرح قائمؔ بھی سوداؔ کے آبا و اجداد کے بارے میں اپنا نظریہ پیش کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''والد شریفنس مرزا شفیع نام مغل زاد العبل تجارت مشہور'' ۱۵؎

شیخ چاندؔ بھی اپنی کتاب ''سودا'' میں یہی خیال پیش کرتے ہیں۔ ان کا بیان ہے کہ وہ کابل سے ہندوستان آئے تھے اور سپہ گری پیشہ تھا لکھتے ہیں:

''مرزا محمد رفیع سوداؔ کے اجداد مغل زاد مرزایان کابل سے آئے تھے، جن کا پیشہ سپہ گری تھا''

۱۶؎

شیخ چاندؔ اپنے اس بیان کے ثبوت میں کوئی دلیل پیش نہیں کرتے ہیں۔ جب کہ قائمؔ، عبدالغفور نساخؔ کے علاوہ نواب مصطفٰے خاں شیفتہؔ اور لالہ سری رامؔ نے بھی یہی لکھا ہے۔ لیکن خلیق انجم ان سے اختلاف کرتے ہوئے سوداؔ کے اجداد کا اصل وطن بخارا بتاتے ہیں۔ ان کا ماخذ نقش علی کی کتاب ''نقش معانی'' ہے اور بھگوان داس ہندی کا تذکرہ ''سفینۂ ہندی''۔ سوداؔ کے آبا و اجداد کے متعلق خلیق انجم لکھتے ہیں:

''اکثر تذکرہ نگاروں نے لکھا ہے کہ مرزاؔ کے آبا و اجداد کابل سے ہندوستان آئے تھے۔ لیکن یہ دوست نہیں۔ کیوں کہ نقش علیؔ نے ان کا وطن اصلی بخارا بتایا ہے۔ نقش علیؔ کے مرزا سے ذاتی تعلقات تھے۔ اس لیے ان کا بیان قرین قیاس ہے۔ بھگوان داس ہندیؔ نے بھی یہی لکھا ہے ...... بعض معاصرین کے بیانات کے علاوہ خود مرزاؔ کے کلام میں بھی اس کی شہادت موجود ہے کہ وہ بخارا کے تھے '' ۱۷؎

اپنے اس دعوے کی دلیل میں خلیق انجم نے سوداؔ کی ہجو کا ایک بند ثبوت کے طور پر پیش کیا ہے۔ جو درج ذیل ہیں:

شیرازی تھا نہ باپ تیرا اور نہ آملی
وہ خرس گر فعل کوئی ہوگا تو کابلی
کونان کو کونون ہے پہ تیری زبان جھکہ

ہر　　گز　　کے　　نگو

یدت　　آغا　　علی　　ملی

زیں　　گفتگو　　عبث　　دل　　خود　　شاہ　　کردۃ

۱۸

الغرض خلیق انجم اس بات سے اتفاق نہیں کرتے ہیں کہ سوؔدا کے اجداد کابل سے آئے تھے۔ان کا خیال ہے کہ اگر مرزؔا خود کابل کے ہوتے تو وہ کابل کے مغلوں کو اس انداز سے قطعاً برا بھلا نہیں کہتے۔اس لیے ہمیں یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ ان کے اجداد کابل سے نہیں بخارا سے ہندوستان وارد ہوئے تھے۔خلیق انجم نے سوؔدا کے اجداد کے بارے میں بڑے محتاط انداز میں اپنی دلیل پیش کی ہے۔کیوں کہ انہوں نے لفظ قیاس استعمال کیا ہے۔اس بات سے بھی قطعی گریز نہیں کیا جا سکتا کہ اگر سوؔدا کابل کے مغلوں سے ہوتے تو وہ اپنے اسلاف کے بارے میں برا بھلا نہیں کہتے۔کیوں کہ انسان کہیں بھی پہنچیں، ترقی کے کتنے ہی زینے طے کر لے۔اپنے ماضی سے آنکھیں نہیں چرا سکتا۔ دوسری بات یہ کہ نقش علی سے سوؔدا کے ذاتی تعلقات تھے۔ظاہر ہے کہ ذاتی تعلقات ہونے کے سبب ان کے پاس ذاتی معاملات سے آگاہی نسبتاً زیادہ ہوگی۔اس لیے قیاس یہی ہے کہ سوؔدا کے اجداد کابل سے نہیں بلکہ بخارا سے ہندوستان آئے ہوں گے۔

سوؔدا کے سوانح کے سلسلہ میں سب سے اہم مسئلہ ان کی تاریخ ولادت ہے۔مختلف سوانح نگاروں اور تذکرہ نویسوں نے ان کی ولادت کی مختلف تاریخیں بتائی ہیں۔اس لیے حتمی طور پر ان کے سال ولادت کے تعین کا کام مشکل ہو گیا ہے۔شیخ چاؔند اور خلیق انجم دونوں محققین نے اس مسئلہ پر تفصیلی بحثیں کی ہیں۔دونوں محققین نے دستیاب ماخذ کی مدد سے ان کی سال ولادت کا تعین کیا ہے۔لیکن یہ ایک دلچسپ بات ہے کہ دونون محققین الگ الگ نتیجوں پر پہنچے ہیں۔شیخ چاؔند نے محمد حسین آزاؔد، قائم چاند پورؔی اور میر حسؔن کے فراہم کردہ مواد کا تجزیہ کر کے سوؔدا کی تاریخ ولادت 1106ھ متعین کی ہے۔اس طرح انھوں نے قائم چاند پورؔی کی رائے کو مستند تسلیم کیا ہے۔لکھتے ہیں:

”قائم سنہ پیدائش مشتبہ ہے۔آزاؔد نے ۱۱۲۵ھ لکھا ہے۔قائم نے لکھا ہے کہ بہادر شاہ کے زمانے (سنہ ۱۱۱۹ تا سنہ ۱۱۲۴ھ) میں مرزا رفیع بہادر شاہ کی فوج کے ساتھ دکن گئے تھے۔اگر اس بیان کو صحیح تسلیم کریں تو اس زمانے میں اس کی عمر فوجی ملازمت کے لیے کم از کم ۱۸ سال ہوگی اور اس لحاظ سے سنہ ولادت ۱۱۰۶ھ سے قبل ہو سکتا ہے۔میر حسؔن نے ۱۱۸۵ھ اور ۱۱۸۸ھ کے مابین لکھا ہے کہ اس کی عمر ۷۰ سال کی ہوگی۔اس اعتبار سے اس کا سال ولادت

۱۱۱۵ھ اور ۱۱۱۸ھ کے درمیان پڑتا ہے۔ ہمارے خیال میں قائم کا بیان زیادہ معتبر ہے۔'' ۱۹

قاضی عبدالودود نے سودا کی تاریخ پیدائش 1128ھ قرار دی ہے جب کہ جمیل جالبی ''تاریخ اردو ادب'' میں 1118ھ بتاتے ہیں۔ ابواللیث صدیقی کے مطابق مرزا کی تاریخ ولادت 1100ھ سے قبل ہوئی ہے۔ خلیق انجم نے آب حیات، مخزن نکات، کلیات سودا (مرتبہ عبدالباری آسی)، گل رعنا، (مولفہ نقش علی)، باغ اردو، تذکرہ شعرائے اردو جیسے بنیادی اور اہم ماخذ کی ورق گردانی کر کے یہ نتیجہ برآمد کیا ہے کہ سودا کی ولادت 1118ھ کو ہوئی ہے۔ خلیق انجم اپنی دلیل پیش کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''اس بیان کی روشنی میں کوئی وجہ نہیں کہ ہم نقش علی کے بیان پر شبہ کریں۔ وہ لکھتے ہیں کہ مرزا کی عمر پچپن سال کو پہنچ چکی ہے۔ نقش علی نے بقول قاضی عبدالودود مرزا کا ترجمہ ۱۱۷۴ھ کے لگ بھگ لکھا ہے۔ جس سے مرزا کا سنہ ولادت ۱۱۱۸ھ نکلتا ہے۔ اس کی تصدیق میر حسن کے بیان سے بھی ہوتی ہے۔..... اس لیے ۱۱۱۸ھ ہی قرار دینا مناسب ہے۔'' ۲۰

شیخ چاند اور ڈاکٹر خلیق انجم کی تحقیقوں میں سے کسی ایک کو دوسرے پر سبقت دینا اور اسے حرف آخر قرار دینا دشوار کام ہے۔ خود خلیق انجم نے بھی کوئی آخری بات نہیں کی ہے۔ انھوں نے بہت ہی محتاط انداز اختیار کیا ہے اور صرف اتنا ہی کہنے پر اکتفا کیا ہے کہ 1118ھ ہی قرار دینا مناسب ہے۔ اس سلسلہ میں کوئی حتمی فیصلہ صادر نہیں کیا جا سکتا ہے۔ محض اتنا کہہ سکتا ہے کہ اس اہم مسئلہ پر خلیق انجم نے تحقیق کا حق ادا کر دیا ہے۔ شیخ چاند نے محض ایک صفحے پر بحث کی ہے جب کہ خلیق انجم نے اس موضوع پر تقریباً پانچ صفحات پر بحث کی ہیں۔

خلیق انجم نے سودا کے مختلف ناموں سے بھی بحث کی ہے۔ شیخ چاند نے اس مسئلہ کو موضوع بحث نہیں بنایا ہے۔ اردو تذکروں میں سودا کا نام مختلف طریقوں سے ملتا ہے۔ کسی تذکرے میں ان کا نام مرزا رفیع ملتا ہے تو کسی میں مرزا رفیع الدین۔ کسی نے ان کا نام مرزا محمد رفیع بتایا ہے۔ خود سودا عبرت الغافلین کے دیباچے میں اپنا نام ''محمد رفیع'' لکھتے ہیں۔ خلیق انجم نے اس سلسلے میں ان سب پر تنقیدی نظر ڈالی ہے اور ''مرزا محمد رفیع'' نام لکھا ہے۔ یہ بات اس لیے زیادہ قریب قیاس ہے کہ ان کے والد کا نام مرزا محمد شفیع تھا۔ اس سلسلے میں خلیق انجم لکھتے ہیں:

''میر نے مرزا کا نام مرزا رفیع لکھا ہے۔ لیکن اسپرنگر نے گردیزی کے حوالے سے مرزا رفیع الدین بتایا ہے۔ جب کہ گردیزی خود مرزا رفیع الدین لکھتے ہیں۔ لیکن عبرت الغافلین کے دیباچے میں سودا اپنا نام صرف ''محمد رفیع'' لکھتے ہیں۔ ان کا نام وہی ہے جو گردیزی نے لکھا ہے۔ یعنی ''مرزا محمد رفیع۔'' ۲۱

سوؔدا کی والدہ مرحومہ سے متعلق بھی صحیح اور مستند معلومات دستیاب نہیں ہیں۔ یہ بات ہنوز تحقیق طلب ہے کہ وہ اورنگ زیب کے مشہور وقائع نگار اور صاحب نعمت علی خان عالی کی صاحب زادی تھی یا بہن یا پھر کچھ نہیں۔ کیوں کہ اس بارے میں شیخ چاند اور خلیق انجم نے متنوع نظریات پیش کیے ہیں۔ شیخ چاند نے اپنی تصنیف ''سوؔدا'' میں ''تذکرہ شاہ کمال'' کے حوالہ سے مرزا کی والدہ کو نعمت علی خان کی دختر قرار دیا ہے۔ سوؔدا کے والدین کا تعارف پیش کرتے ہوئے شیخ چاند لکھتے ہیں:

> ''سوؔدا کے والد مرزا شفیع تھے۔ ولایت سے آئے تھے، مغل تھے، تجارت نے تول دیا تھا اس لئے فارغ البال تھے اور اعزاز و امتیاز سے زندگی بسر کر رہے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ نعمت خان عالی کی دختر سے ان کی شادی ہوئی جس کے بطن سے سوؔدا پیدا ہوئے.....'' ۲۲

شیخ چاند کی طرح محمد حسن بھی سوؔدا کی والدہ کو نعمت خان عالی کی صاحب زادی قرار دیتے ہیں۔ لیکن خلیق انجم ان کے بیان سے اتفاق نہیں رکھتے۔ ان کا خیال ہے کہ اگر سوؔدا کی والدہ نعمت خان عالی کی بہن یا بیٹی ہوتی تو تذکرہ نگار اور سوؔدا کے معاصرین ضرور اس بات کا ذکر کرتے۔ سوؔدا کی والدہ کے متعلق خلیق انجم اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

> ''غالباً شاہ کمال پہلے تذکرہ نگار ہیں جنھوں نے مرزؔا کو ''پسر دخترِ نعمت خاں عاؔلی'' لکھا ہے۔ گویا کماؔل کے بیان کے مطابق نعمت خاں عاؔلی مرزؔا کے سگے نانا تھے۔ دتاسؔی کو نا جانے کیا غلط فہمی ہوئی۔...سعادت خاں ناصؔر لکھنوی نے لکھا ہے کہ ''مادرِ گرامی ان کی دختر خستجہ اختر خاندانِ نعمت خاں عاؔلی سے ہے۔ ہمارے خیال سے یہ دوست نہیں ہے کہ سوؔدا کی والدہ عاؔلی کی بہن یا بیٹی تھیں۔ اگر ایسا ہوتا تو اکثر تذکرہ نگار اس کا ذکر ضرور کرتے۔ خاص طور پر میرؔ، قائمؔ اور گردیزؔی کیوں کہ یہ سب لوگ سوؔدا کو بہت قریب سے جانتے تھے اور نعمت خاں عاؔلی کا بھانجا یا نواسہ ہونا سوؔدا کے لیے باعثِ عزت تھا۔'' ۲۳

اپنے اس دعوے کی دلیل کے ثبوت میں خلیق انجم نے ڈاکٹر جمیل جالبی کا ایک اقتباس نقل کیا ہے۔ لکھتے ہیں:

> ''ایک ایسے معاشرے میں جہاں خون کا رشتہ بڑی اہمیت رکھتا تھا، نعمت خاں عالی کا نواسہ ہونا کوئی ایسی غیر اہم بات نہیں جس کا ذکر سوؔدا کے معاصر تذکرہ نگار نہ کرتے۔ سوؔدا کے اس شعر سے بھی نعمت خاں عالی سے قرابت داری کی تردید ہوتی ہے۔'' ۲۴

شعر یہ ہے ؎

کم ہے ناصر علی سے نعمت خان
اس سے مرغوب تر ہے اس کا خیال

مذکورہ تمام بحث ومباحثے سے معلوم ہوجاتا ہے کہ سوؔدا کی والدہ نعمت خان عالی کی بہن یا بیٹی نہیں تھی۔ کیوں کہ اگر ایسا ہوتا تو اکثر تذکرہ نگارہ اور سوؔدا کے معاصرین اپنی تصانیف میں اس بات کی طرف ضرور اشارہ کرتے۔ البتہ ممکن ہے کہ سوؔدا کی والدہ نعمت خان عالی کی کوئی دور کی رشتہ دار رہی ہوگی۔ جس کا اعتراف خلیق انجم نے بھی کیا ہے۔

سوؔدا کے بچپن کے بارے میں دونوں محققین یعنی شیخ چانداور خلیق انجم تقریباً ہم خیال ہیں۔ دونوں محققین اس رائے پر قائم ہیں کہ سوؔدا کا بچپن خوش الحالی اور فارغ البالی میں گذرا ہے۔ لکھتے ہیں سوؔدا کو اپنے والد محمد شفیع سے وراثاً بہت ترکہ ملا تھا جو انھوں نے بہت جلد شاہ مزاجی کے اقتضا سے یار باشی اور احباب پرستی کی نذر کر دیا۔ وراثت میں ملی دولت ختم ہوجانے کے بعد جب سوؔدا پر معاش کے ذرائع تنگ ہوگئے تو انھوں نے فوج میں ملازمت کر لی۔ فوج سے سبکدوشی کے سلسلے میں دونون محققین میں اختلاف ہے۔ شیخ چانداس بات کی وکالت کرتے ہیں کہ سوؔدا نے اوائل جوانی میں ہی فوج کی نوکری کو خیر باد کہہ دیا۔ اپنے اس دعوے کو شیخ چاند سوؔدا کے ایک قصیدے کی منقبت سے صحیح ثابت کرتے ہیں۔ منقبت اس طرح ہیں:

کہی جاتی نہیں وہ مجھ سے جو اس ظالم نے
جس طرح کی میری اوقات میں ڈالی ہل چل
لا بٹھا مجھے گھر بار چھڑا لشکر میں
پال بے چوب تلے اپنے بغیر از پر تل

درج بالا اشعار کو مدنظر رکھتے ہوئے شیخ چانداس بات کی تائید کرتے ہیں۔ کہ انھوں نے جوانی کی اوائل عمری میں ہی سپہ گری کے پیشے کو خیر باد کہہ دیا تھا لکھتے ہیں:

”معلوم ہوتا ہے کہ فوج کی نوکری سے جلد دست برداری حاصل کر لی تھی اور معاش کے دوسرے ذرائع اختیار کیے۔“ ۲۵

خلیق انجم شیخ چاند کے اس بیان کے منافی ہیں۔ ان کا خیال ہے کہ یہ منقبت سوؔدا کی جوانی کی اوائل عمری

کی نہیں ہے۔ کیوں کہ اس میں جو فنی مہارت اور زبان و بیان کی پختگی دکھائی دیتی ہے۔ اس سے دیکھ کر یہ نہیں کہا جا سکتا کہ یہ ان کا ابتدائی کلام ہے۔ لکھتے ہیں:

''ان کے خیال سے یہ قصیدہ نوعمری اور نومشقی کے زمانے کا ہے۔ لیکن اس قصیدے میں جو فنی مہارت، زبان و بیان پر قدرت اور پختگی نظر آتی ہے، اسے دیکھ کر ہرگز یہ یقین نہیں کیا جا سکتا کہ یہ مرزا کا ابتدائی کلام ہے۔ مزید برآں قصیدے میں مرزا نے جو تعلّی کی ہے وہ بھی ایک خاص عمر پہ پہنچ کر اور ایک ادبی مقام حاصل کرنے کے بعد ہی ممکن ہے ..... میرے خیال سے یہ قصیدی اس وقت کہا گیا ہے۔ جب مرزا عماد الملک کے ساتھ ترک وطن کر کے دہلی سے نکلے تھے۔'' ۲۶

مذکورہ بالا اقتباس سے معلوم ہو جاتا ہے کہ خلیق انجم نے شیخ چاندؔ کے خیال سے اختلاف کرتے ہوئے جو دلائل پیش کیے ہیں۔ وہ تخمیناً صحیح ثابت ہوتی ہیں۔ کیوں کہ کسی بھی میدان کے ابتدائی مرحلے میں کمال نہر حاصل ہونا ممکن نہیں البتہ راقم الحروف اپنے اس مقالے میں کوئی حتمی رائے نہیں دے سکتا، کیوں کہ سوداؔ جیسے قادرالکلام شاعر سے اس بات کی توقع ممکن ہے کہ وہ ابتدائی زمانے میں اس قدرتی مہارت کے ساتھ شعر کہہ سکتے تھے۔ کیوں کہ وہ ابتدا ہی سے نہایت ذہین اور تیز فہم تھے۔ ان کی تعلیم نہایت معقول انداز میں ہوئی تھی۔

سوداؔ کے بچپن اور تعلیم کے مطالعے اور بلخصوص ان کے قصائد اور ہجویات کے سرسری مطالعے سے بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ ان کی تعلیم نہایت معقول انداز میں ہوئی تھی۔ زمانے کے دستور کے مطابق مکتبی تعلیم کے ساتھ عملی تعلیم سے بھی بہرور ہوئے تھے۔ فارسی زبان پر انھیں کافی دسترس حاصل تھی۔ چنانچہ انھوں نے اپنی ادبی زندگی کا آغاز بھی فارسی شاعری سے ہی کیا تھا۔ ان کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ انھوں نے خان آرزوؔ کے کہنے پر فارسی ترک کر کے اردو میں شعر کہنا شروع کیا۔ شیخ چاندؔ اس خیال کے منکر ہیں۔ ان کے بیان کے مطابق اگر سوداؔ نے خان آرزوؔ سے صلح و مشور لینے کے بعد ریختہ گوئی میں قدم رکھا ہوتا تو وہ فخریہ مسلم الثبوت اساتذہ میں خود کا شمار نہیں کرتے۔ اس بارے میں شیخ چاندؔ اپنی رائے ظاہر کرتے ہوئے یوں لکھتے ہیں:

''اس زمانے میں ایک اور فاضل عالم خان آرزوؔ تھے۔۔۔ سوداؔ ان کا شاگرد تو نہ تھا مگر بقول آزادؔ ان کی صحبت سے فائدہ بہت حاصل کئے۔۔۔۔ قدیم تذکرہ نگار اس بات میں خاموش ہیں۔ آزادؔ کے بیان کا ماخذ معلوم نہیں۔ لیکن سوداؔ کے ایک داخلی بیان سے ثابت ہے کہ وہ فاسی میں طبع آزمائی کو تضیع اوقات سمجھتا تھا۔'' ۲۷

مذکورہ عبارت سے صاف واضح ہو جاتا ہے کہ شیخ چاندؔ اس بات کے دعویدار ہیں کہ سوداؔ نے خان آرزوؔ کے

کہنے پر فارسی ترک کر کے اردو میں شعر کہنا شروع نہیں کیا۔انھوں نے سوؔدا کا ایک قطعہ ثبوت کے طور پر پیش کیا ہے۔ جس میں فاخر مکیںؔ پر طنز کرتے ہوئے ایک فارسی داں کا قول بیان کیا گیا ہے۔قطعہ درج ذیل ہے۔

میں ایک فارسی داں سے کہا کہ اب مجھ کو
ہوئی ہے بندش ِ اشعارِ فرس ذہن نشین
جو آپ کیجئے اصلاح ِ اشعر کی میرے
نہ پایئے غلطی تو محاورہ میں کہیں
ہے اور زیرِ فلک ذاتِ مرزافاخر
سلامت ان کو رکھے حق سد بروے زمیں
سو کب انہوں کو ہے اصلاح کا کسو کی داغ
قبول کب کرے ان کی متانتِ رنگیں
کہا یہ بعد ِ تامل کہ دو ں جواب تجھے
جو میری بات کا آے یار تجھکو ہوئے یقین
جو چاہے یہ کہ کہے ہند کا زباں داں شعر
تو بہتراس کے لیے ریختے کا ہے آئیں
وگر نہ کہہ کے وہ کیوں شعر ِ فارسی ناحق
ہمیشہ فارسی داں کا ہو موردِ نفریں
کوئی زبان ہو لازم ہے خوبیِ مضموں
زبانِ فرس پہ کچھ منحصر سخن تو نہیں
اگر فہیم ہے تو چشم ِ دل سے کر کے نظر
زباں کا مرتبہ سعدی لے کے تابہ حزیں
کہاں تک ان کی زباں تو ُ دوست بولے گا
زبان اپنی میں تو باند ہ معنی رنگیں
دیارِ ہند میں دوچار ایسے ہو گزرے

جنھوں نے باز رکھا مضحکے سے اپنے تئیں
چنانچہ خسرؔو و فیضؔی و آرزؔو و فقیؔر
سخن انھوں کا مغل کے ہے قابل تحسین
سوائے ان کے کوئی اور بھی ہو پر شاعر
سوادِ ہند میں وہ ہی ہے با مزہ نمکیں

۲۸

مذکورہ قطعہ کا جائزہ لیتے ہوئے شیخ چاؔند کا خیال ہے کہ خان آرزؔو نے سوؔدا کو کوئی مشورہ نہیں دیا تھا۔ کیوں کہ اگر ایسا ہوتا تو جس انداز سے سوؔدا نے مذکورہ قطعہ میں خود کو مسلم الثبوت استاد کہا ہے۔ وہ ایسا نہیں کہتے۔ لیکن خلیق انجم شیخ چاؔند کے اس خیال سے اختلاف کرتے ہیں۔ شیخ چاؔند نے مذکورہ قطعہ کی جو وضاحت کی ہے۔ خلیق انجم کا نظریہ اس سے برعکس ہے۔ وہ لکھتے ہیں:

> ''ہمارے خیال سے یہ دلیل مناسب نہیں ہے کیوں کہ یہ قطعہ مرزؔا کا کہا ہوا ہے آرزؔو کا نہیں۔ دوسرے یہ قطعی ناممکن ہے کہ جو کچھ مرزؔا اور اس فارسی داں کے درمیان گفتگو ہوئی ہے۔ اسے مرزؔا نے ہو بہو نظم کر دیا ہو۔ کیوں کہ شعری ضرورتوں کی وجہ سے یہ ممکن نہیں۔ چوں کہ وہ فارسی داں خان آرزؔو ہے اور آرزؔو کا نام قطعہ میں بحیثیت استادِ فن آ گیا تھا۔ اس لیے مرزؔا کو آرزؔو کا نام پوشیدہ رکھنا پڑا۔ ورنہ بظاہر کوئی وجہ سمجھ میں نہیں آتی کہ مرزؔا عنوان ہی میں فارسی داں کا نام نہ بتاتے۔''۲۹

خلیق انجم کے مطابق سوؔدا فارسی میں خان آرزؔو سے اصلاح لیتے تھے۔ ایک دن خان آرزؔو نے سمجھایا کہ مرزؔا ہندوستان نے فارسی زبان میں بڑے بڑے شاعر پیدا کیے ہیں۔ لیکن اہل زبان انہیں خاطر میں نہیں لائے۔ ریختہ گوئی کا میدان خالی ہے۔ اگر تم چاہو تو اس میں بڑا نام ہو سکتا ہے۔ سوؔدا کو خان آرزؔو کی یہ بات دل پر اثر کر گئی۔ اور وہ اردو شاعری کی طرف راغب ہو گئے۔ تھوڑی مدت گذر جانے کے بعد ہی سوؔدا ریختہ گو شعرا کے استاد ہو گئے۔ خلیق انجم اس سلسلے میں صاحب ''نشترِ عشق'' کا قول نقل کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

> ''ابتدا میں موزنیتِ طبع کی وجہ سے فارسی گوئی شروع کی اور سراج الدین علی خان آرزؔو سے اصلاح لی۔ خان آرزؔو نے کہا کہ کلامِ فارسی کا درجہ بہت بلند ہے اور ہماری تمہاری زبان ہندی ہے۔ ہر چند کہ اہلِ ہند نے فارسی دانی کو مدارجِ ارتقاع تک پہنچا دیا۔ لیکن استادانِ سلف و ایران کے سامنے وہی حیثیت ہے جو چراغ کی آفتاب کے سامنے ہوتی ہے۔ ابھی

تک ریختہ گوئی میں کسی نے شہرت نہیں پائی۔ لہٰذا اگر تم اس زمین میں مشق سخن کرو تو فیضِ طبیعت سے شاید اس فن کے امام ہو جاؤ۔ چوں کہ مستحسن مشورہ تھا۔ ان کو (مرزا) پسند آیا اور اس دن سے ریختہ میں شعر گوئی کی ابتدا کی۔''۳۰

مذکورہ عبارت سے یہ بات صاف لفظوں میں واضح ہو جاتی ہے کہ سوؔدا ابتدا میں موزونیت طبع کی وجہ سے فارسی میں شعر کہتے تھے جس کا ذکر شیخ چاندؔ نے بھی کیا ہے۔ لیکن خان آرزوؔ سے اصلاح کے بارے میں دونوں محققین میں اختلاف ہے۔ محمد حسنؔ نے اپنی کتاب ''مطالعہ سوداؔ'' میں لکھا ہے کہ سوؔدا شروع میں مرزا محمد زماں عرف سلیمان قلی ودادؔ سے فارسی میں اصلاح لیتے تھے۔ بعد میں خان آرزوؔ سے مستفید ہوئے لکھتے ہیں:

''شروع میں فارسی میں طبع آزمائی کی، اور مرزا محمد زماں عرف سلیمان قلی خان ودادؔ سے اصلاح لی جو نواب موسوی خاں کے وابستگان دولت میں سے تھے۔...سلیمان قلی خاں ودادؔ کے علاوہ وہ خان آرزوؔ کی صحبت سے بھی مستفید ہوئے، اور قیاس کیا جاتا ہے کہ انھی کی ترغیب سے فارسی گوئی کی جگہ ریختہ کی طرف مائل ہوئے۔''۳۱

گو کہ محمد حسنؔ بھی اس بات کی تصدیق کرتے ہیں کہ سوؔدا خان آرزوؔ کے کہنے پر اردو کی طرف گامزن ہو گئے۔ علاوہ ازیں محمد حسین آزادؔ بھی ''آب حیات'' میں یہی انکشاف کرتے ہیں۔ مجموعی طور پر کہا جا سکتا ہے کہ خلیق انجم نے اس سلسلے میں جو دلائل پیش کیے ہیں۔ وہ قیاساً صحیح ثابت ہوتے ہیں۔

شیخ چاندؔ نے سوؔدا کے تلمذ کے سلسلہ میں بھی کسی خاص تحقیق سے کام نہیں لیا ہے۔ ان کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ سوؔدا کو صرف شاہ حاتمؔ سے تلمذ حاصل تھا۔ جب کہ خلیق انجم نے سوؔدا کے چار اساتذہ کے نام بتائے ہیں۔ شیخ چاندؔ کے مطابق جب سوؔدا کو طبع آزمائی کا خیال پیدا ہوا تو استاد کی تلاش ہوئی۔ چناں چہ اس زمانے میں شاہ حاتمؔ کا بول بالا تھا۔ ہر خاص و عام میں ان کی شہرت تھی۔ نامور سخنوران کی شاگردی کا دم برتے تھے اور انہیں بھی اپنی استادی پر بڑا گمان تھا۔ ان کی شہرت کے فسانے سن کر سوؔدا بھی ان کے شاگرد ہو گئے۔ اس بارے میں لکھتے ہیں:

''اردو میں طبع آزمائی کا خیال پیدا ہوا تو استاد کی تلاش ہوئی۔ اس زمانے میں حاتمؔ دلی کے مشہور استاد تھے۔ ان کی شہرت عام تھی۔ اچھے اچھے سخنوران کی شاگردی کا دم بھرتے تھے۔ سوؔدا بھی ان کی شہرت سن کر ان کا شاگرد ہوا۔ طبیعت مین خداداد ملکہ تھا اور سخن سے فطری لگاؤ، اس لیے بہت زیادہ چمکا۔''۳۲

خلیق انجم نے اس سلسلے میں اردو شعرا کے مختلف تذکرہ نگاروں سے شاہ حاتمؔ کے علاوہ اور تین ناموں کا اضافہ کیا ہے۔ انھوں نے دلائل دے کر ثابت کیا ہے کہ سوؔدا وقتاً فوقتاً خان آرزوؔ، سلمان قلی خان ودادؔ اور نظاالدین

احمد صانعؔ سے بھی اصلاح لیتے تھے۔اس ضمن میں خلیق انجم لکھتے ہیں:

''قاسمؔ نے لکھا ہے کہ سوداؔ خان آرزوؔ کے شاگرد تھے۔کریم الدین نے بھی انھیں شاگرد خان آرزوؔ لکھا ہے۔ ہمارا خیال ہے سوداؔ کو خان آرزو سے با قاعدہ تلمذ تو نہیں تھا۔البتہ ان کی صحبت سے فیض ضرور اٹھایا تھا۔سوداؔ کے استادوں میں دوسرا نام سلمان قلی خاں ودادؔ کا ہے۔سوداؔ کے تیسرے استاد شاہ حاتمؔ تھے۔قدرت اللہ قاسم نے اس سلسلے میں نظام الدین احمد صانعؔ کا بھی نام لیا ہے۔'' ۳۳

مذکورہ عبارت سے صاف واضح ہو جاتا ہے کہ سوداؔ کو نہ صرف ایک بلکہ چار استادوں سے تلمذ حاصل تھا۔ اگر چہ ان میں شاہ حاتمؔ واحد شخص ہیں جن کی استادی تمام تر شبہات سے بالا تر ہے۔

سوداؔ کی وفات کے متعلق بھی مختلف رواتیں ملتی ہیں جنہیں خلیق انجم نے شک کی نگاہ سے دیکھا ہے۔شیخ چاندؔ نے سوداؔ کی وفات کے بارے میں صرف اتنا لکھا ہے کہ سوداؔ کا انتقال 1195 ھ میں 6 رجب کو لکھنؤ میں ہوا اور انہیں آغا باقر کے امام باڑے میں سپرد خاک کیا گیا ہے۔شیخ چاندؔ نے اس سلسلے میں کوئی حوالہ پیش نہیں کیا ہے۔

خلیق انجم نے شاہ محمد حمزہ اور لچھمی نرائن شفیقؔ کی بتائی تاریخوں کا مفصل جائزہ لینے کے بعد سوداؔ کی تاریخ ولادت 1195 ھ متعین کی ہیں۔شاہ محمد حمزہ سوداؔ کی تاریخ کے ضمن میں لکھتے ہیں:

''سوداؔ کا انتقال ماہ جمادی الثانی 1195 ھ میں ہوا'' ۳۴

لچھمی نرائن شفیقؔ نے سوداؔ کی تاریخ وفات کے متعلق ایک قطعہ کہا تھا۔جو درج ذیل ہیں:

لکھنؤ پہنچ میرزا دے وضیع
رفیع چوتھی رجب کی جان سیں گزرے
جب کہ ۔۔۔گیا ہوئی تاریخ
ہائے سوداؔ جہان سیں گزرے

۳۵

لچھمی نرائن شفیقؔ کی بتائی تاریخ کے مطابق شیخ چاندؔ کے بیان کی تصدیق ہو جاتی ہے۔لیکن خلیق انجم کا کہنا ہے کہ شاہ محمد حمزہ اور لچھمی نرائن شفیقؔ کی بتائی تاریخ میں یہ بتانا بہت مشکل ہے کہ کس کی بتائی ہوئی تاریخ وفات درست ہے۔لہذا انھوں نے بڑی دانشمندی اور دانشوری سے 1195 ھ کو سوداؔ کا سال وفات مقرر کیا ہے۔اس

بارے میں لکھتے ہیں:

”مولف نے جو تاریخ وفات پیش کی ہے۔ وہ درست معلوم ہوتی ہے۔ کیونکہ اس تاریخ سے 1195ھ نکلتا ہے اور یہی سال وفات ہے۔“ ۳٦

ڈاکٹر کاظم علی خان نے اپنے مضمون ”سوداؔ لکھنؤ میں“ میں سوداؔ کے مزار کی حالت زار کا نقشہ کچھ اس انداز سے کھینچا ہے:

”گردش زمانہ کے ہاتھوں سوداؔ کی قبر عرصہ دراز تک مٹی کی ایک دبیز پرت کے نیچے روپوش رہ ۱۱فروری ۱۸۶۹ء کو کھدائی کے بعد برآمد ہوئی۔تعویذ قبر پر ایک مربع فٹ کی سنگ مرمر کی جو لوح ملی اس پر یہ عبارت کندہ تھی؛

تاریخ انتقال

سرور شعران ہند

مرزا محمد رفیع المتخلص بہ سوداؔ

مصرعہ تاریخ؛ سوداؔ کجا و آں سخن دلفریب او (مصحفی)

1195ھ“ ۳۷

مذکورہ عبارت سے بھی خلیق انجم کی بتائی ہوئی تاریخ وفات درست ثابت ہو جاتی ہے۔لہٰذا راقم الحروف خلیق انجم کے اس خیال کی تائید کرتے ہیں کہ سوداؔ کی وفات 1195ھ میں ہوئی ہے۔

قدرت اللہ قاسمؔ نے اپنے تذکرہ ”مجموعہ نغز“ میں سوداؔ کے ایک تذکرہ کی نشاندہی کرائی ہے۔لیکن اس سے قبل کسی تذکرہ نگار نے سوداؔ کے کسی تذکرے کا ذکر نہیں کیا ہے۔اور ہنوز اس تذکرے کا کوئی نسخہ دریافت نہیں ہوا ہے۔قاسمؔ اردو کے واحد تذکرہ نگار ہیں۔جن کے بیان سے اس بات کی تصدیق ہو جاتی ہے کہ سوداؔ نے اردو شعراء کا کوئی تذکرہ بھی تحریر کیا تھا۔قاسمؔ نے ”مجموعہ نغز“ میں دو مقامات پر سوداؔ کے تذکرے کا ذکر کیا ہے۔ایک خان آرزوؔ کے ترجمے میں ایک شعر کے بارے میں لکھا ہے کہ:

”مرزا محمد رفیع سوداؔ ایں بیت را در تذکرہ خود بایں طور ثبت نمودہ“ ۳۸

دوسری جگہ سعدیؔ کے ترجمے میں قاسمؔ نے لکھا ہے۔

”...مظنہ بیشترے از سخن پیرا خصوص سرآمد شعرائے فصاحت آما مرزا رفیع سوداؔ نظر بر اتحاد تخلص آنکہ ایں سعدی شیرازی است قدس سرہ کہ وارد دیار دکن شدہ وسعر ریختہ از طبع وقاد

آں قدوہ متغزلان ریختہ چناں چہ درتذکرۂ خود اشعار ایں سعدی دکن راعفی اللہ عنہ بہ شیخ شیراز علیہ الرحمتہ والغفر ان نسبت نمودہ۔'' ۳۹

مذکورہ بالا عبارت سے واضح ہو جاتا ہے کہ سوؔدا نے ایک تذکرہ تحریر کیا تھا۔لیکن ان کا یہ تذکرہ اب ناپید ہے۔شیخ چاؔند قاسؔم کے مذکورہ بیان کی تصدیق کرتے ہیں۔وہ قاسؔم کی اس بات سے متفق ہے کہ سوؔدا نے اردو شعرا کا ایک تذکرہ لکھا تھا اس بارے میں شیخ چاؔند اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

'' معلوم ہوتا ہے کہ قاسؔم کی نظر سے سوؔدا کا تذکرہ گزر چکا ہے۔اسی لیے اس نے اپنے تذکرہ میں دو جگہ نہایت واضح طور پر اس کا ذکر کیا اور حوالہ دیا ہے۔تذکرۂ شعرائے اردو میں بھی سعدؔی کے تحت تذکرۂ سوؔدا کا اسی طرح حوالہ آیا ہے۔سب سے پہلے قاسؔم نے تذکرے کا پتہ دیا....اس لیے یہ شبہ نہیں ہو سکتا ہے کہ اس نے اس تذکرے کو نہیں دیکھا۔'' ۴۰

شیخ چاؔند کی مذکورہ بالا عبارت سے صاف لفظوں میں واضح ہو جاتا ہے کہ شیخ چاؔند قاسؔم کے بیان کی تائید کرتے ہیں۔لیکن تعجب کی بات یہ ہے کہ کسی اور تذکرہ نگار نے سوؔدا کے کسی بھی تذکرہ کا ذکر نہیں کیا ہے۔جب کہ یہ ممکن نہیں تھا کہ اگر سوؔدا تذکرہ لکھتے تو ان کے ہمعصر تذکرہ نگار یا اس دور کے ادبا و شعرا اس کا حوالہ نہیں دے دیتے۔ ڈاکٹر خلیق انجم شیخ چاؔند اور قاسؔم کے بیان سے اتفاق نہیں رکھتے۔انھوں نے قاضی عبدالودود کا حوالہ دے کر لکھا ہے کہ سوؔدا نے کوئی تذکرہ یادگار نہیں چھوڑا ہے۔خلیق انجم کے مطابق ممکن ہے کہ سوؔدا نے کسی بیاض میں کچھ شاعروں کے اشعار نقل کیے ہوں جو قاسؔم کی نظر سے گزر گئی ہوگی۔ورنہ یہ ممکن نہیں تھا کہ سوؔدا جیسی معروف و مشہور شخصیت تذکرہ لکھتے اور قاسؔم کے علاوہ کسی کو علم نہ ہوتا۔انھوں نے ساتھ ہی اس بات کی وضاحت بھی کی ہیں کہ قاسؔم کے علاوہ جن تذکرہ نگاروں نے بھی سوؔدا کے تذکرہ کا ذکر کیا ہے ان کا ماخذ قدرت اللہ قاسؔم کا ''تذکرہ مجموعہ نغز'' رہا ہے۔ کیوں کہ کسی بھی تذکرہ نگار نے اس بات کی تصدیق نہیں کی ہے کہ انھوں نے سوؔدا کے تذکرہ کو خود دیکھا ہے۔اس لیے کہا جا سکتا ہے کہ سوؔدا کے تذکرہ کے بارے میں بغیر مستند شواہد کے کوئی بھی حتمی فیصلہ نہیں کیا جا سکتا۔

تذکرہ کی طرح محمد حسین آزاؔد نے ''آب حیات'' میں سوؔدا کی ایک نثری تصنیف کا ذکر کیا گیا ہے۔یہ نثری تصنیف میرؔ کی مثنوی ''شعلۂ عشق'' کا نثری ترجمہ ہے۔جو کہ ہنوز مشکوک ہے۔کیوں کہ محمد حسین آزاد غالباً اردو کے واحد تذکرہ نگار ہے جنھوں نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ سوؔدا نے میرؔ کی مثنوی ''شعلۂ عشق'' کو نثری جامہ پہنا دیا ہے۔سوؔدا کی یہ نثری تحریر ان کے تذکرہ کی طرح ہنوز دستیاب نہیں ہو سکی ہے۔شیخ چاؔند اور خلیق انجم دونوں محققین محمد حسین آزاؔد کے اس بیان کے منکر ہے۔شیخ چاؔند آزاؔد کے بیان سے اختلاف کرتے ہوئے اپنی رائے کا اظہار ان

الفاظ میں کرتے ہیں:

''آزاؔد کی اس اطلاع کے ماخذ کا ہمیں علم نہیں لیکن شعلۂ عشق کی شاعرانہ خوبی پر نظر کرتے ہوئے یہ بعید از قیاس نہیں معلوم ہوتا کہ سوؔدا نے اس افسانہ کو نثر میں لکھا ہو'' [۴۱]

شیخ چاندؔ کی طرح خلیق انجم بھی محمد حسین آزاؔد کے بیان سے تفاوت کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''میرا خیال ہے کہ آزاؔد دروغ گوئی سے کام نہیں لے رہے۔ بلکہ انھیں غلط فہمی ہوئی ہے۔
لیکن حقیقت یہی ہے کہ سوؔدا کی اس نثر کا وجود مشکوک ہے۔ کیوں کہ وہ نثر کیسی بھی ہوتی۔
لیکن اہل اردو کے لیے بہت اہم تھی۔'' [۴۲]

شیخ چاندؔ اور خلیق انجم نے مذکورہ بالا عبارت میں محمد حسین آزاؔد سے اختلاف کرتے ہوئے جو دلائل پیش کیے ہیں۔ قیاساً درست معلوم ہوتے ہیں۔ کیوں کہ یہ ممکن نہیں تھا کہ سوؔدا کے ہم عصر تذکرہ نگار سوؔدا کے ایسے کارنامے کو یکسر نظر انداز کر دیتے۔ لہٰذا اس بارے میں یہی کہا جا سکتا ہے کہ تذکرے کی طرح سوؔدا کی نثری تصنیف کے بارے میں بھی بغیر مستند شواہد کے کوئی حتمی فیصلہ نہیں کیا جا سکتا ہے۔

سوؔدا جب دنیائے اردو میں مشہور ہوئے تو ان کی زندگی نے ایک نیا رخ موڑ لیا۔ انھیں مقتدر امرا اور سلاطین وقت تک رسائی حاصل ہونے لگی۔ نواب شجاع الدولہ اور آصف الدولہ کے دربار سے انھیں وظیفہ بھی مقرر کیا گیا۔ ان کی ذہانت اور قابلیت کو دیکھ کر انھیں ''ملک الشعرا'' کا خطاب بھی ملا۔ اس کی تصدیق میرؔ کے تذکرے ''نکات الشعرا'' اور قائم چاند پوریؔ کے تذکرے ''مخزن نکات'' سے ہوتی ہے۔ سوؔدا کے ''ملک الشعرا'' کے بارے میں مختلف تذکرہ نگاروں نے مختلف نظریات پیش کیے ہیں۔ میرؔ اور قائمؔ نے انھیں محض ''ملک الشعرا'' لکھا ہے۔ لیکن انھوں نے سوؔدا کے ''ملک الشعرا'' میں کوئی وضاحت طلب بات بیان نہیں کی ہے۔ میرؔ نے صرف اتنا لکھا ہے کہ سوؔدا ''ملک الشعرائی'' کے لائق ہیں۔ لکھتے ہیں:

''ہر شعرش طرف لطف رستہ رستہ در چمن بندی الفاظش گلِ معنی دستہ دستہ۔ ہر مصرع برجستہ اش را سروِ آزاد بندہ، پیش فکرِ عالیش طبع عالی شرمندہ۔ شاعرِ ریختہ، چناں چہ ملک الشعرائے ریختہ اور اشاید۔ قصیدہ در ہجو است کفتہ بہ تضحیکِ روزگار، دور از حدِ مقدور او صفتہا بکا۔ بردہ۔ مطلعش انیست۔'' [۴۳]

میرؔ کی طرح سوؔدا کے ملک الشعرا کے بارے میں قائمؔ اپنے تذکرے ''مخزن نکات'' میں لکھتے ہیں:

''عندلیب خوش نغما گلشنِ روزگار کل سرسبد محافلِ اشعار یگانہ کشورِ افضل نقادۂ دودماں کمال انتخاب نسخہ صاحب کمالی حضرت مرزا رفیع سوؔدا..... مصاحب پیشگی برآمد قبول ملوک نامدارو

تقرب سلاطین عالی مقدار اور امیسر گشت بالفعل بخطاب ملک الشعرائے کہ مہین پایہ سخنوراں است۔''[۴۴]

مذکورہ بالا اقتباسات میں میرؔ کے بیان سے صرف اس بات کی طرف اشارہ ملتا ہے کہ سوداؔ ''ملک الشعرا'' کے لائق تھے۔ جب کہ قائمؔ نے اس بات کا اشارہ کیا ہے کہ سوداؔ کو سلاطین وقت سے وابستگی کے بعد ''ملک الشعرا'' کا خطاب حاصل ہو گیا تھا۔

عبدالغفور نساخؔ اور جگن ناتھ پرشادؔ اپنے تذکروں میں لکھتے ہیں کہ سوداؔ کو آصف الدولہ نے ''ملک الشعرا'' کا خطاب دیا تھا۔ عبدالغفور نساخؔ لکھتے ہیں:

''لکھنو میں جا کر نواب آصف الدولہ کے مقربوں میں منسلک ہو کر ''ملک الشعرا'' کا خطاب پایا تھا۔''[۴۵]

جگن ناتھ پرشادؔ بھی عبدالغفور نساخؔ کے ہم خیال نظر آتے ہیں۔ لکھتے ہیں:۔

''وہاں جا کر آپ نواب آصف الدولہ بہادر کے مقربوں میں منسلک ہوئے۔ اور ملک الشعرا کا خطاب پایا۔''[۴۶]

خلیق انجم محمد عبداللہ خاں ضیغمؔ، عبدالغفور نساخؔ اور جگن ناتھ پرشادؔ سے اختلاف کرتے ہیں۔ ان کا خیال ہے کہ سوداؔ کو ملک الشعرائی کا خطاب آصف الدولہ نے نہیں دیا تھا۔ اپنی دلیل پیش کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں:

''ضیغمؔ، عبدالغفور نساخؔ اور جگن ناتھ پرشادؔ کا بیان ہے کہ سوداؔ کو نواب آصف الدولہ نے ملک الشعرا کا خطاب دیا تھا۔ مگر یہ صریحاً غلط ہے کیوں کہ میر تقی میرؔ اور قیام الدین قائمؔ نے بہت پہلے انھیں ملک الشعرا لکھا تھا۔''[۴۷]

سوداؔ کے ''ملک الشعرا'' کے بارے میں ایک روایت یہ بھی ہے کہ ایک دفعہ سوداؔ شیخ علی حزیںؔ سے ملنے گئے اور انھوں نے حزیںؔ کو اپنا کلام سنایا۔ کلام کے ایک شعر میں لفظ ''تڑپھے'' کا استعمال ہوا تھا۔ حزیںؔ نے دریافت کیا کہ ''تڑپھے'' کے کیا معنی ہے۔ سوداؔ نے کہا ''می تپد''۔ شیخ صاحب جھوم اٹھے اور ان سے شعر دوبارہ پڑھوایا جس پر شیخ نے کہا کہ مرزاؔ قیامت کردی۔ اس کے بعد سودا کو گلے لگایا اور ''ملک الشعرا'' کے خطاب سے نوازا۔ شیخ چاندؔ اس روایت کو تسلیم کرتے ہیں۔ لیکن خلیق انجم اس روایت سے اختلاف کرتے ہیں۔ ان کا خیال ہے کہ شیخ حزیںؔ جیسے بد دماغ اور تعصبی انسان سے ایسے انعام کی توقع ممکن نہیں ہے۔ لکھتے ہیں:

''حالاں کہ شیخ حزیںؔ جیسے بد دماغ اور متعصب ایرانی سے اس انعام و اکرام کی توقع نہیں کی جا سکتی۔ پھر سوداؔ کا یہ شعر اتنا معمولی ہے کہ ہرگز حزیںؔ جیسے عالم و فاضل شخص کو اتنا متاثر نہیں

کر سکتا۔''۴۸؎

شیخ چاندؔ اور خلیق انجم جس شعر کی بات کر رہے ہیں۔ وہ درج ذیل ہیں ۔

نازک نے تیرے صید نہ چھوڑا زمانے میں
تڑپھے ہے مرغ قبلہ نما آشیانے میں

خلیق انجم کا خیال ہے کہ سوداؔ کو کسی نے با قاعدگی سے ''ملک الشعرا'' کا خطاب نہیں دیا تھا۔ بلکہ ہندستانی شعرا انہیں محض اپنے قاعدے کے مطابق ''ملک الشعرا'' کہتے تھے۔ اس بارے میں خلیق انجم اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''گویا سوداؔ کو کسی نے یہ خطاب با قاعدہ نہیں دیا تھا۔ صرف ہندوسان کے شاعروں نے اپنے قاعدے کے مطابق انہیں ملک الشعرا قرار دیا تھا۔''۴۹؎

مجموعی طور پر اگر دیکھا جائے تو خلیق انجم اس بات پر بضد ہیں کہ سوداؔ کو کسی نے ''ملک الشعرائی'' کا خطاب با قاعدگی سے نہیں دیا تھا۔ اپنے تمام دلائل پیش کرنے کے بعد خلیق انجم آخر اس بات کی تصدیق کرتے ہوئے کہتے ہیں۔ کہ یہ خطاب میرؔ کی ادبی سازش کا ایک حصہ تھا۔ انہوں نے لکھا ہے کہ یہ محض میرؔ کا ایک ہتھیار تھا۔ جو انہوں نے یقیںؔ کے خلاف استعمال کیا تھا۔ ان کے مطابق میر تقی میرؔ جس دوران ''نکات الشعرا'' تالیف کر رہے تھے۔ اس وقت شمالی ہند میں مرزا مظہرؔ کا گروہ اردو شاعری پر حاوی تھا اور آرزوؔ کا گروہ ایہام گوئی کی شکست و ریخت میں مبتلا تھا۔ مظہرؔ کے گروہ میں انعام اللہ یقیںؔ خاص طور پر نمایاں تھے۔ یقیںؔ کو تقریباً دس سال تک شمالی اور جنوبی ہند میں جو مقبولیت اور شہرت نصیب ہوئی وہ بہت بعد میرؔ اور سوداؔ کو نصیب ہوئی۔ خلیق انجم کے مطابق ممکن ہے 'کہ 'نکات الشعرا'' کی تالیف کے وقت نوجوان شعراء میں یقیںؔ ''ملک الشعرائی'' کے مستحق رہے ہوں گے۔ اس لیے میرؔ نے ہر ممکن حربہ استعمال کر کے انہیں اس مقام تک پہنچنے نہیں دیا۔ اس بات کا اظہار کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں:

''ان تمام دلیلوں سے یہی بات ثابت ہوتی ہے کہ سوداؔ کو کسی بادشاہ نے یہ خطاب نہیں دیا۔ یہ صرف میرؔ کا ایک ہتھیار تھا۔ جو انعام اللہ یقیںؔ کے خلاف استعمال کیا گیا۔''۵۰؎

مذکورہ تمام بحث و مباحثے سے یہی نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ خلیق انجم نے سوداؔ کے ملک الشعرائی کے متعلق جو دلائل پیش کیے ہیں۔ وہ قیاساً درست نہیں ہے۔ کیوں کہ اوپر بیان کی گئی بحث میں خلیق انجم کے علاوہ تقریباً تمام اس بات پر متفق ہیں کہ سوداؔ ''ملک الشعرا'' تھے۔

خلیق انجم نے کلیات سوداؔ کے قلمی اور مطبوعہ نسخوں سے بھی بحث کی ہے۔ سوداؔ کی مقبولیت اور معروفیت

کے سبب ان کے دیوان کے بہت سارے نسخے تیار ہو گئے تھے۔ ابتدائی قلمی نسخے تحریر کیے گئے اور بعد میں انہی کی بنیاد پر مطبوعہ نسخے منظر عام پر آ گئے۔ ان میں سے بیشتر نسخے غیر مستند طریقہ کار پر تیار ہوئے ہیں۔ کلیات سوؔدا کے تمام نسخوں میں صرف دو ایسے نسخے ہیں جنہیں محققین اور ناقدین نے معتبر اور مستند تسلیم کیا ہے۔ ان میں سے ایک مولانا آزاد لائبریری مسلم یونی ورسٹی علی گڑھ کے حبیب گنج کلکشن کا نسخہ (نسخۂ حبیب) اور دوسرا انڈیا آفس لندن میں محفوظ ہے۔ یہ نسخہ رچرڈ جونسن کے نام سے مشہور ہے۔ خلیق انجم نے ان دونوں نسخوں کا تعارف پیش کیا ہے۔ ان کی خصوصیات کا تعین کیا ہے۔ انھوں نے تقریباً تیس صفحات میں ان کے مندرجات کا اشاریہ ترتیب دیا ہے اور دونوں کا تقابلی مطالعہ کر کے نسخۂ حبیب کو سب سے قدیم ترین قرار دیا ہے۔ نسخۂ حبیب کا تعاروف پیش کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں:

> ''کلیات سوؔدا کے اب تک جتنے بھی قلمی نسخے ملتے ہیں۔ ان میں سب سے قدیم نسخہ یہی ہے ۔اس میں کلام کی ترتیب اس طرح ہے۔
>
> | | |
> |---|---|
> | 1۔قصیدے | 26 |
> | 2۔غزل | 233 |
> | 3۔مخمس | 12 |
> | 4۔ہجویں | 7 |
> | 5۔رباعیاں | 11 |
> | 6۔مطلعات | 12 |
>
> ترقیمے کی عبارت سے پتا چلتا ہے کہ صادق مرزا نے حافظ تطارت خان کی فرمائش سے اس نسخے کی کتابت اس وقت کی تھی جب دہلی میں شاہ رانی اور مرہٹوں کے حملے ہو رہے تھے۔ 17 ربیع الثانی 1174ھ کو اس کی کتابت مکمل ہوئی۔''۵۱

شیخ چاؔند بھی اس بات کی تصدیق کرتے ہیں کہ اب تک کا سب سے قدیم ترین نسخہ ''نسخۂ حبیب'' ہے۔ اس بارے میں لکھتے ہیں:

> ''ہمیں اس کلیات کا جو قدیم ترین نسخہ ملا ہے وہ 1174ھ کا لکھا ہوا ہے۔ اس کی تدوین و کتابت کا حال کے ترقیمے (کاتب کی عبارت) سے واضح ہوگا۔''۵۲

شیخ چاؔند کو یہ نسخہ مولا حبیب الرحمٰن خان شیرازی کی وسیلے سے موصول ہوا ہے۔

نسخۂ رچرڈ جوسن:۔

نسخۂ رچرڈ جونسن سوؔدا نے رچرڈ جونسن کی خدمت میں بطور تحفہ پیش کیا تھا۔اس کے آغاز میں پہلے سوؔدا کی ایک قلمی تصویر ہے۔تصویر کے بعد دو صفحے خالی ہیں۔ایک صفحہ کے بالکل اوپر انگریزی میں درج ذیل عبارت لکھی ہوئی ہے:

Mr. Richard johnson, the gift of author Mirza Souda " ۵۳"

مذکورہ عبارت کے بعد رچرڈ جونسن کی شان میں قصیدہ لکھا گیا ہے۔یہ قصیدہ دیوان کے دو صفحوں پر الگ سے نقل کیا گیا ہے۔قصیدہ کے بعد دیوان شروع ہوتا ہے۔خلیق انجم نسخۂ رچرڈ جونسن کا تعارف یوں کرتے ہیں:

> ''یہ وہ نسخہ ہے جسے سوؔدا نے رچرڈ جونسن کی خدمت میں پیش کیا تھا،کلیات میں سب سے پہلے سوؔدا کی ایک قلمی تصویر ہے۔جس میں سوؔدا کے ایک ہاتھ میں کاغذ ہیں،دوسرے ہاتھ سے حقہ پی رہے ہیں اور پیچھے ملازم کھڑا ہے۔تصویر کے بعد دو صفحہ خالی ہیں۔پھر ایک صفحہ کے بالکل اوپر انگریزی میں یہ عبارت لکھا ہے کہ رچرڈ جونسن کو مصنف مرزا سوؔدا کا تحفہ۔اس کے بعد جانسن کی شان میں قصیدہ شروع ہوتا ہے۔جس کے تیس اشعار ہیں۔'' ۵۴

شیخ چاؔند بھی اس نسخے کی اہمیت وافادیت کو بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

> ''یہاں ایک نسخہ کا ذکر کرنا ضروری معلوم ہوتا ہے جو سوؔدا کی زندگی کا لکھا ہوا ہے اور اس کی اہمیت اس وجہ زیادہ ہے کہ یہ بطور تحفہ لکھنؤ کے رزیڈنٹ اور شاعر کے ممدوح جانسن کو دیا گیا تھا۔یہ نسخہ انڈیا آفس میں موجود ہے'' ۵۵

یہ نسخہ کلیات سوؔدا کا معتبر ترین نسخہ ہے۔اس میں وہ تمام الحاق کلام نہیں ہے جو نسخہ مصطفائی اور نسخہ آسی میں ہے لیکن سوؔدا کے شاگرد فتح علی شیدؔا نے فدوی لاہورؔی کی ہجو ایک کہی تھی وہ اس میں شامل ہے۔

ان قلمی نسخوں کے علاوہ خلیق انجم نے چند اہم مطبوعہ نسخوں سے بھی گفتگو کی ہے۔ان میں نسخہ مصطفائی دہلی 1272ھ نسخہ نول کشوری کانپور 1916ء نسخہ آسؔی 1933 شامل ہیں۔

خلیق انجم نے ان تمام نسخوں کے مشمولات کا تقابلی مطالعہ کر کے سوؔدا کے الحاق کلام کی بھی نشاندہی ہے۔کتاب کا یہ حصہ خلیق انجم نے کافی محنت اور لگن سے ترتیب دیا ہے۔شیخ چاؔند نے بھی کلیات سوؔدا میں شامل الحاق کلام کی نشاندہی کی ہے۔الحاق کلام کے سلسلے میں شیخ چاؔند نے سب سے پہلے قائؔم کا نام لیا ہے۔قائؔم سوؔدا کے نامور شاگرد تھے۔شیخ چاؔند کے مطابق قائؔم کی چار مثنویاں ''مثنوی در شدت سرما''،''مثنوی ہجو طفل پتنگ باز''،''عشقہ مثنوی حکایت مردِ درویش پنجاب''اور گیارہ اشعار پر مشتمل ایک حکایت بہ طرز مثنوی ہے۔اس کے علاوہ انھوں نے

الحاق کلام میں قائمؔ کی اور چار حکایتوں کی نشاندہی کی ہے۔ شیخ چاندؔ نے الحاق کلام میں شامل قائمؔ کے اشعار کی کل تعداد 533 بتائی ہے۔ ان کے مطابق یہ حکایتیں اور یہ مثنویاں سوداؔ کے دیوان کے قلمی نسخوں میں موجود نہیں ہیں۔ اس بارے میں شیخ چاندؔ لکھتے ہیں:

> ''قائمؔ کی ان کل الحاق کلام نظموں کے اشعار کی تعداد پانچ سو تینتیس 533 ہے یہ اشعار حقیقتاً سوداؔ کے نہیں ہیں۔ اس میں شبہ نہیں کہ ان سب پر سوداؔ کی اصلاح ہے۔ لیکن اصلاح کرنے سے اس کی تصنیف شمار ہونا لازم نہیں آتا۔ یہ مرتب کی غلطی سے داخل ہو گئے ہیں۔ ان پر سوداؔ کو مصنفانہ حق نہیں پہنچتا۔ یہ مرزاؔ ہے کہ اس سے سوداؔ کی استادانہ اصلاح اور شاعرانہ مہارت کا اندازہ ہوتا ہے۔''۵۶

علاوہ ازیں شیخ چاندؔ کے مطابق الحاق کلام میں سوداؔ کے شاگرد فتح علی شیداؔ کی ایک مثنوی ''بوم و بقال''، فضل علی ممتازؔ کی ایک مثنوی ''در توصیف چھڑی'' بنورا بن راقمؔ کا ایک ہجویہ قصیدہ اور مہربانؔ کے اٹھارہ مرثیے شامل ہیں۔ خلیق انجم نے بھی الحاق کلام میں فضل علی ممتازؔ کی مثنوی، فتح علی شیداؔ کی مثنوی اور مہربانؔ کے اٹھارہ مرثیوں کا ذکر کیا ہے۔ البتہ شیخ چاندؔ کے برعکس خلیق انجم کے مطابق قائمؔ کی سات مثنویاں کلیات سوداؔ کے الحاق کلام میں شامل ہیں۔ انھوں نے حکایتوں کا ذکر نہیں کیا ہے۔ نیز بنورا بن راقمؔ کے ہجویہ قصیدہ کا ذکر بھی خلیق انجم نے نہیں کیا ہے۔ لیکن خلیق انجم نے کلیات سوداؔ کے الحاق کلام میں میر سوزؔ کے 117 اشعار، مجذوبؔ کی دو غزلیں اور دو اشعار، قائمؔ کا ایک شعر، انعامؔ اللہ خاں یقین کی تین بندوں پر مشتمل ایک غزل، میر تقی میرؔ کا ایک مطلع، شیخ قلندر بخش جراتؔ کا ایک مطلع، احسن اللہ خاں بیانؔ شاگرد مظہر جاں جاناںؔ کا ایک قصیدہ، احسن اللہ خاں بیانؔ کی ایک رباعی اور غلام حیدر مجذوبؔ کی ایک رباعی کی نشاندہی کی ہے۔

شیخ چاند نے سوداؔ کے غیر مطبوعہ کلام میں سوداؔ کے گیارہ قصائد کی تفصیل بیان کی ہے۔ ان کے مطابق سوداؔ کے مطبوعہ کلیات میں صرف چوالیس قصیدے دستیاب ہیں۔ جب کہ سوداؔ کے گیارہ قصیدے اور ہیں جو قلمی نسخوں میں محفوظ ہیں۔ اس بارے میں شیخ چاندؔ لکھتے ہیں:

> ''سوداؔ کا بہت کلام ایسا ہے جو اب تک معرض طبع میں نہیں آیا اور عام دسترس سے باہر ہے۔ غیر مطبوعہ کلام میں سب سے پہلے قصائد پر نظر پڑتی ہے۔ مطبوعہ کلیات میں صرف چوالیس قصیدے ہیں۔ ان کے علاوہ گیارہ قصیدے اور ہیں جو ہمیں قلمی نسخوں میں دستیاب ہوئے ہیں۔''۵۷

سوؔدا کے غیر مطبوعہ کلام میں شیخ چاندؔ کے مطابق جو قصائد شامل ہیں ان کی تفصیل یہ ہے۔ ایک قصیدہ حضرت فاطمۃ الزہرؓا کی مدح میں ہے۔ دوسرا قصیدہ حضرت علیؓ کی منقبت میں ہے۔ تیسرا قصیدہ ''خلاصۃ الاولاد'' ہے جو حضرت امام زین العابدین کی مدح میں ہے۔ چوتھا قصیدہ حضرت امام حسینؓ کی مدح میں ہے۔ پانچواں قصیدہ حضرت امام باقر کی مدح میں ہے۔ چھٹا قصیدہ ''صبح صادق'' ہے جو امام جعفر صادق کی مدح میں ہے۔ ساتواں قصیدہ حضرت امام تقی کی مدح میں ہے۔ آٹھویں قصیدے کے ممدوح حضرت امام تقی ہیں۔ نواں قصیدہ دربار اودھ کے انگریز ریزیڈنٹ رچرڈ جانسن کی مدح میں ہے۔ دسواں قصیدہ شیخ جی کی ہجو میں ہے اور گیارھواں قصیدہ (مضحکہ) بریلی کے کسی شیخ کی ہجو میں ہے۔

خلیق انجم نے بھی سوؔدا کے غیر مطبوعہ کلام کا انتخاب کیا ہے۔ انھوں نے جس طرح تمام ضروری مطبوعہ اور غیر مطبوعہ متون کو کھنگالا ہے وہ قابل فخر ہونے کے ساتھ ساتھ قابل تقلید بھی ہے۔ خلیق انجم نے سوؔدا کے غیر مطبوعہ کلام کی پوری تفصیل اپنی کتاب ''مرزا رفیع سوؔدا'' کے صفحہ نمبر 488 سے 522 تک بعنوان ''سوؔدا کا غیر مطبوعہ کلام'' کے باب میں بیان کی ہے۔ اس باب میں اشعار غزلیات کی تعداد ایک سو ستاون، قطعات آٹھ، رباعی ایک، قصائد پانچ اور ایک مثنوی کی نشاندہی کی گئی ہے۔ سوؔدا کے غیر مطبوعہ کلام پر اظہار خیال کرتے ہوئے۔ خلیق انجم لکھتے ہیں:

> ''اس عنوان کے تحت سوؔدا کا ایسا کلام یکجا کیا گیا ہے جو نسخہ محبیب اور نسکہ رُچرڈ جانسن میں موجود ہے لیکن مطبوعہ کلیات میں نہیں ملتا۔'' ۵۸

خلیق انجم نے سوؔدا پر تحقیق وتنقیدی بحث کرتے ہوئے ان کے شاگردوں کا بھی ذکر کیا ہے۔ شیخ چاندؔ نے اسے یکسر نظرانداز کر دیا ہے۔ البتہ انھوں نے اپنی کتاب ''سوؔدا'' کے الحاق کلام کے باب میں قائمؔ کے علاوہ سوؔدا کے چار مزید شاگردوں کا ذکر کیا ہے۔ جن میں فتح علی شیداؔ، فضل علی ممتازؔ، بندرابن راقمؔ کے علاوہ مہربان خاںؔ کا نام بھی شامل ہے۔ اس طرح اگر دیکھا جائے تو شیخ چاندؔ نے سوؔدا کے چار شاگردوں کا ذکر کیا ہے۔ لیکن خلیق انجم نے اول تو مہربان خاںؔ کو سوؔدا کے شاگردوں میں شامل نہیں کیا ہے۔ علاوہ ازیں انھوں نے سوؔدا کے 26 چھبیس تلامذہ کے احوال بیان کیے ہیں۔ کتاب کا یہ حصہ کافی طویل تقریباً 187 صفحات پر مشتمل ہے۔ خلیق انجم سوؔدا کے شاگردوں کا انتخاب کرنے میں بڑی تلاش وتحقیق سے کام لیا ہے۔ ان کی تحقیق کا یہ حصہ بڑی اہمیت اور جداگانہ حیثیت کا حامل ہے۔ کتاب کے اس باب کو علیحدہ کتابی شکل میں بھی پیش کیا جا سکتا ہے۔ اس میں تمہید کے طور پر اردو میں استادی اور شاگردی کی روایت کی افادیت واہمیت اور معنویت پر بھی بھرپور تبصرہ کیا ہے۔ خلیق انجم نے سوؔدا کے تلامذہ میں

مرزا احسن علی احسنؔ، میر امانی اسدؔ، مرزا بچھو بیگ بسملؔ، مرزا مغل جرأتؔ، جینا بیگم جیناؔ، عنایت اللہ حجامؔ، میر محمد حسن دہلویؔ، بندا ابن راقمؔ، مرزا احسن رضاؔ، شیخ شرف الدین حسین شرفؔ، میر فتح علی شیداؔ، مرزا عظیم بیگ عظیمؔ، پچھمی رام پنڈت فداؔ، قیام الدین قائمؔ، میر جیون قربانؔ، مرزا علی لطفؔ، فخر الدین ماہرؔ، غلام حیدر مجذوبؔ، شیخ ولی اللہ صحبؔ، شیخ محمد معین الدین معینؔ، حافظ فضل علی ممتازؔ، میر احمد علی نالاںؔ، منشی سدا سکھ منشاؔ، نظیرؔ، میر ابوالحسن وحشتؔ، اور میر ہاشم علی ہاشمی کے نام شامل کیے ہیں۔

مجموعی طور پر کہا جا سکتا ہے کہ خلیق انجم کی یہ تصنیف تلاش و تحقیق کا ایک بہترین نمونہ ہے۔ یہ مستند تحقیق اور معتبر تنقید کی قابل تقلید مثال ہے۔ اس میں انھوں نے جس خوبصورتی اور مہارت کے ساتھ سوداؔ پر غیر جانبدارانہ اور سائنٹفک انداز میں محاکمہ کیا ہے۔ اس سے سوداؔ کی قدر و قیمت اور عظمت کا احساس بڑھ جاتا ہے۔ اور یہی ایک مصنف یا مولف کی سب سے بڑی کامیابی ہوئی ہے۔

## غالبؔ اور شاہان تیموریہ

''غالبؔ اور شاہان تیموریہ'' اردو میں غالبؔ کی سوانح پر خلیق انجم کی پہلی تصنیف ہے۔ اس کتاب میں خلیق انجم نے غالبؔ کی حیات اور ادبی سفر کا تفصیلی جائزہ پیش کیا ہے۔ جیسا کہ کتاب کے نام ہی سے معلوم ہو جاتا ہے کہ خلیق انجم نے اس کتاب میں غالبؔ کے قلعہ معلیٰ اور شاہان تیموریہ سے تعلقات کا ذکر نہایت عمدگی اور چابکدستی کے ساتھ کیا ہے۔ یہ کتاب پہلی بار دسمبر 1974ء میں کوہ نور پریس، دہلی کے زیر اہتمام شائع ہوئی ہے۔ اس کتاب میں کئی ذیلی عنوانات ہیں۔ جن میں خلیق انجم نے ذوق اور غالبؔ، جواں بخت کا سہرا، قلعہ کی ملازمت، غالبؔ اور تیموری شہزادے، ظفر کی شیعیت اور غالبؔ، کلام غالبؔ اور قلعہ معلیٰ، غالبؔ اور 1857، دستنبو، سکے کا الزام وغیرہ جیسے موضوعات پر سیر حاصل گفتگو کی ہے۔

کتاب ''غالب اور شاہان تیموریہ'' کے آغاز میں خلیق انجم نے لکھا ہے کہ غالب اور شاہان تیموریہ کے تعلقات بہت قدیم ہیں۔ اپنے بزرگوں کے بارے میں غالب نے لکھا ہے کہ ان کے دادا مرزا قوقان بیگ خاں اپنے والد سے ناراض ہو کر سمرقند سے ہندوستان آ گئے تھے۔ یہاں آ کر وہ پہلے لاہور میں نواب معین الملک کے ملازم ہوئے اور ان کی وفات کے بعد دہلی منتقل ہو گئے۔ دہلی میں نواب ذوالفقار الدولہ کے توسط سے شاہ عالم کی سرکار میں

ملازم ہوئے۔ خلیق انجم غالبؔ کے اس بیان پر اظہار خیال کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

> ''غالبؔ نے لکھا ہے کہ مرزا قوقان بیگ عہد شاہ عالم میں ہندوستان آئے تھے۔ اگر غالبؔ کا یہ بیان درست ہے کہ وہ نواب معین الملک کے ملازم ہوئے تو یہ عہد محمد شاہ ہوگا، عہد شاہ عالم نہیں۔'' ۵۹؎

بہر حال مغل حکومت سے وابستگی کے کچھ ہی عرصہ گذر جانے کے بعد مرزا قوقان بیگ خاں شاہ عالم کی ملازمت سے سبکدوشی اختیار کر لیتے ہیں۔ اور مہاراجہ جے پور کے ملازم ہو جاتے ہیں۔ خلیق انجم کا قیاس ہے کہ اسی ملازمت کے دوران ان کا انتقال ہو جاتا ہے۔ اس کے بعد غالب کے والد محترم مرزا عبداللہ بیگ خاں لکھنو آکر نواب آصف الدولہ، حیدرآباد میں نظام علی خاں اور الور میں راجہ راؤ بختیار سنگھ کے ملازم ہوگئے۔ غالبؔ کے والد عبداللہ بیگ کے بارے میں خلیق انجم لکھتے ہیں کہ وہ الور ہی میں کسی لڑائی میں مارے گئے تھے۔ اس طرح اگر دیکھا جائے تو غالبؔ کے دادا مرزا قوقان بیگ خاں کی وفات کے بعد غالبؔ کے خاندان کا مغل حکومت سے براہ راست کوئی تعلق نہیں رہ جاتا ہے۔ اس بارے میں خلیق انجم لکھتے ہیں:

> ''اس کا مطلب یہ ہے کہ غالب کے دادا مرزا قوقان بیگ خاں کے بعد مغل حکومت سے اس خاندان کا براہ راست کوئی نہیں رہا۔'' ٦٠؎

غالبؔ کے دادا کی وفات کے بعد مغل حکومت سے اس خاندان کی وابستگی سے متعلق خلیق انجم نے لکھا ہے ۔ کہ غالبؔ ایک شاعر کی حیثیت سے اکبر شاہ ثانی کے دربار سے منسلک ہوگئے تھے۔ جس کی بنیادی اور اصل وجہ بقول خلیق انجم غالبؔ کے چچا نصراللہ بیگ خاں تھے۔ کیوں کہ خلیق انجم کے الفاظ میں ان کا عقد ثانی قمرالدولہ دارالملک نواب احمد بخش خاں بہادر رستم جنگ والی لوہارو کی بہن سے ہوا تھا۔ اس کے بعد 1225ھ میں نواب احمد بخش خاں کے چھوٹے بھائی نواب الٰہی بخش خاں معروفؔ کی بیٹی امراؤ بیگم سے غالبؔ کی شادی ہوئی۔ دو تین سال گذر جانے کے بعد غالبؔ نے دہلی ہی میں مستقل سکونت اختیار کر لی اور دربار شاہی تک رسائی حاصل کر لی۔ دربار شاہی سے وابستگی کا ذریعہ خلیق انجم کے مطابق وہ قصیدہ ہے جو انھوں نے اکبر شاہ ثانی کی مدح میں تحریر کیا تھا۔ اس بارے میں خلیق انجم لکھتے ہیں:

> ''دربار شاہی سے غالبؔ کے تعلق کی اولین شہادت وہ قصیدہ ہے جو انھوں نے اکبر شاہ ثانی کی مدح میں کہا تھا۔ قصیدہ کا مطلع ہے۔'' ٦١؎

دریں زمانہ کہ کلکِ رصد نگار حکیم

ہزار ودوصد دپنجاہ راندرتقویم

یہاں سوال یہ پیدا ہوجاتا ہے کہ غالبؔ کی رسائی کیسے اکبرشاہ ثانی کے دربار تک ممکن ہوئی۔اس بارے میں امتیاز علی خاں عرشی لکھتے ہیں:

''دلی کے لال قلعے سے مرزا کے تعلقات اکبرشاہ ثانی کے وقت سے تھے۔ان کا ایک فارسی قصیدہ اور دو ایک اردو قطعے ان کی مدح میں موجود ہیں۔لیکن یہ تعلقات تقریبوں میں آمد و رفت اور قصیدہ خوانی تک محدود تھے۔شاہ ظفرؔ کے عہد میں مولانا نصیرالدین عرف کالے میں ،مرشد شاہ اوراحترام الدولہ حکیم احسن اللہ خاں بہادر کے توسط سے رشتہ ملازمت بھی پیدا ہوگیا۔''۶۲

خلیق انجم کے مطابق مذکورہ قصیدہ 1250ھ بمطابق 1834ء میں کہا گیا تھا۔لیکن آفاق حسین آفاق نے اس قصیدے کا سال تخلیق 1835ء تحریر کیا ہے۔لیکن بقول خلیق انجم انہوں نے کوئی حوالہ نہیں دیا ہے۔اس قصیدی کی تخلیق کے وقت خلیق انجم کے مطابق غالب کی عمر سینتیس 37 سال تھی۔اور جب انہوں نے اس قصیدے کو تحریر کیا اس وقت دنیائے ادب میں غالبؔ اپنا اچھا خاصا مقام بنا چکے تھے۔اس لیے خلیق انجم کے مطابق ممکن ہے کہ انہوں نے خود بادشاہ وقت تک رسائی حاصل کی ہو۔قصیدے کے آخر میں غالبؔ نے اکبرشاہ ثانی اور شہزادہ سلیم کی مداح سرائی بھی کی ہے۔چناں چہ اکبرشاہ ثانی کی گیارہ اولادیں تھیں اور ظفرؔ سب سے بڑے تھے۔دستور کے مطابق اکبرشاہ ثانی کے بعد ظفرؔ کو تخت پر بیٹھنا تھا۔لیکن خلیق انجم نے اس بات کی وضاحت کی ہے کہ اکبرشاہ ثانی چاہتے تھے کہ ان کی وفات کے بعد شہزادہ سلیم نشین تخت ہو۔یہی وجہ ہے کہ غالبؔ نے قصیدہ میں اس کی مدح خوانی کی ہے۔تاکہ شہزادہ سلیم سے ان کے مراسم بہتر ہوسکیں۔لیکن تھوڑے ہی دن گذر جانے کے بعد انگریزوں نے شہزادہ سلیم کے بجائے بہادر شاہ ظفرؔ کو ولی عہد مقرر کیا۔غالبؔ نے قصیدے میں شہزادہ سلیم کی جو مدح سرائی کی تھی ۔ اس بارے میں خلیق انجم لکھتے ہیں:

''غالبؔ نے مرزا سلیم کی مدح کر کے جو غلطی کی تھی۔اس کی سزا انہیں کافی عرصے تک ملی ۔''۶۳

بہادر شاہ ظفرؔ نے جس ماحول میں آنکھیں کھولیں وہ خوش نوایان سخن کی آزمائش گاہ اور زبان اردو کی ٹکسال کا تھا۔دن رات قلعہ میں شعروشاعری کی محفلیں گرم رہتی تھیں۔ظاہر ہے کہ انسان جس ماحول میں پروان چڑھتا ہے ۔اس کا گہرا اثر اس کی عملی زندگی پر پڑھتا ہے۔بہادر شاہ ظفرؔ نو عمری سے ہی شعروشاعری کی محفلوں میں دل چسپی

لینے لگے تھے۔ یہ مشغلہ ان کی زندگی کی آخری سانس تک برقرار رہا۔ بہادر شاہ ظفرؔ ابتدا میں شاہ نصیر کے شاگرد رہے ہیں۔ شاہ عالم ان کے بہت بڑے قدرداں تھے۔ اکبر شاہ ثانی بھی ان سے مشورہ سخن کرتے تھے۔ شاہ نصیر کے دکن چلے جانے کے بعد میر کاظم حسین بیقرارؔ اور عزت اللہ عشق ظفرؔ کے استاد ہوئے۔ اس طرح ذوقؔ اور غالبؔ سے مشورہ سخن اور تلمذ سے پہلے ظفرؔ کے کئی استاد رہ چکے تھے۔ جس کا ذکر خلیق انجم اپنی کتاب ''غالبؔ اور شاہان تیموریہ'' میں کیا ہے۔

ذوقؔ اور غالبؔ کی بہادر شاہ ظفرؔ کے دربار سے وابستگی اور ان سے تلمذ کے بارے میں خلیق انجم نے لکھا ہے۔ کہ ذوقؔ غالبؔ سے عمر میں آٹھ دس سال بڑھے تھے۔ ان کے مطابق ذوقؔ 1225ھ سے قبل ہی قلعہ معلیٰ سے وابسطہ ہو چکے تھے۔ کیوں کہ انہوں نے قصیدہ تہنیت پیش کیا تھا۔ اس طرح خلیق انجم کے بقول غالبؔ کے دلی آنے سے پہلے ہی ذوقؔ کو بہادر شاہ ظفرؔ کے استاد کا شرف حاصل ہو چکا تھا۔ یا کم از کم ان کا شمار ظفرؔ کے مقربوں میں ہو چکا تھا۔ جب غالبؔ دلی آئے تو شروعات میں ان کی وہ پذیرائی نہیں ہوئی جس کے وہ حقدار تھے۔ اور انہیں ظفرؔ کے دربار تک بھی رسائی حاصل نہیں ہوئی تھی۔ جس کی بنیادی وجہ کے متعلق خلیق انجم نے لکھا ہے کہ ان کے چچا انگریزوں کے وفادار تھے۔ اس لیے ممکن ہے کہ ان کی مخالفت ہوئی ہوگی۔

اردو میں یہ روایت تو رہی ہے کہ بعض شاعروں نے شاعری کی ابتدا فارسی سے کی ہو، لیکن بعد میں اردو کی طرف راغب ہوئے۔ لیکن غالبؔ اور اقبالؔ کے علاوہ شاید ہی کوئی اردو شاعر ایسا گذرا ہو جس نے ابتدا میں اردو میں شعر کہے ہوں اور بعد میں فارسی میں چلا گیا ہو۔ غالبؔ کے بارے میں خلیق انجم نے اس کی دو قیاسی وجوہات بیان کی ہیں۔ اول تو اس عہد میں غالبؔ کی مقبولیت اور خاص طور سے قلعہ معلیٰ میں ذوقؔ کی عزت افزائی تھی۔ اور دوسری وجہ اکبر شاہ ثانی کی طرف سے ذوقؔ کو دیا گیا ''خاقانِ ہند'' کا خطاب تھا۔ بقول خلیق انجم غالبؔ کا خیال تھا کہ اس کے اصلی حقدار ذوقؔ نہیں بلکہ غالبؔ تھے۔ خلیق انجم نے اس بارے میں غالبؔ کا ایک قطعہ نقل کیا ہے جس میں وہ بہادر شاہ ظفرؔ کی مدح کرتے ہوئے خود کو انوریؔ، عرفیؔ اور خاقانیؔ کے مماثل قرار دیتے ہیں۔ گویا کہ غالبؔ ظفرؔ کو یہ پیغام پہنچانا چاہتے تھے کہ ذوقؔ کو جو ''خاقان ہند'' کا خطاب ملا ہے۔ اس کے حقدار وہ خود ہیں۔ خلیق انجم اس بات اعتراف بخوبی کرتے ہیں کہ غالبؔ ایک عظیم فنکار تھے۔ لیکن ان کے خیال میں اس پائے کے فنکار کی زندگی میں جو توازن ہونا چاہیے تھا۔ غالبؔ اس سے محروم تھے۔ اور انہیں سب سے زیادہ نقصان اسی محرومی نے پہنچایا ہے۔ خلیق انجم نے اس بات کی پوری وضاحت کی ہے کہ غالبؔ ذوقؔ دشمنی میں اکثر یہ بھول جاتے تھے۔ کہ ذوقؔ کو استاد شہ

ہونے کا شرف حاصل ہے۔اس لیے ان کی اردو شاعری کا مذاق اڑانے کا مطلب ظفؔر کی شاعری کا مذاق اڑانا ہے ۔لہٰذا ظفؔر کے دربار تک رسائی حاصل کرنے کے سلسلے میں انہیں جن دشواریوں سے درپیش ہونا پڑا ہے اس کے وہ خود ذمہ دار تھے۔کیوں کہ انہیں جب کبھی ذوقؔ کو کم رتبہ دکھانے کا موقع ہاتھ آتا تھا۔وہ اسے نہیں چوکتے تھے۔جس کی وجہ سے ظفؔر ان سے کبیدہ ہوتے ہوں گے۔خلیق انجم نے غالبؔ کے ایک طویل قصیدے کے چند اشعار کو مثال کے لیے پیش کیا ہے۔جس میں انہوں نے ثابت کیا ہے کہ کس طرح غالبؔ نے ذوقؔ کو کمتر ثابت کرنے میں کوئی کسر باقی نہیں چھوڑی ہے۔خلیق انجم نے اس قصیدے کی پوری تفصیل صفحہ نمبر 22-21 پر بیان کی ہے۔

غالبؔ اور ذوقؔ کی ادبی چشمک پر بحث کرتے ہوئے خلیق انجم نے واضح کیا ہے کہ غالبؔ اور ذوقؔ کے درمیان سہرے کے معرکے کے سوا براہِ راست کبھی کوئی چپقلش نہیں ہوئی ہے۔البتہ غزل کا سہارا لے کر دونوں شعرا ایک دوسرے پر چوٹیں ضرور کرتے رہتے تھے۔خلیق انجم نے اس کی کئی مثالیں پیش کی ہیں۔خلیق انجم نے اس پس منظر میں غالبؔ کا یہ شعر نقل کیا ہے:۔ ؎

غالب !اپنا عقیدہ ہے بقولِ ناسخ
آپ بے بہرہ ہے جو معتقدِ میر نہیں

؂۶۴

اس کا جواب ذوقؔ اس شعر میں دیتے ہیں ؎

نہ ہوا پر نہ ہوا ،میر کا انداز نصیب
ذوق !یاروں نے بہت زور غزل میں مارا

؂۶۵

1850ء میں جب غالبؔ خاندان مغلیہ کی تاریخ لکھنے پر معمور ہوئے۔اس کے تھوڑی مدت گذر جانے کے بعد غالبؔ نے ایک غزل کہی۔جس کے چھ اشعار خلیق انجم نے صفحہ نمبر 23-22 میں پیش کیے ہیں۔اس غزل کے بارے میں خلیق انجم نے لکھا ہے کہ ابھی تک کسی نقاد اور محقق کی نظر اس طرف نہیں گئی ہے۔ان چھ اشعار میں غالبؔ نے خلیق انجم کے الفاظ میں ظفؔر اور ذوقؔ سے اپنے تعلقات کی پوری روداد بیان کی ہے۔خلیق انجم نے اس بات کی پوری وضاحت کی ہے کہ یہ غزل غالبؔ کے دیوان کے پہلے 1841 اور دوسرے 1847 اڈیشن میں شامل نہیں ہے۔غالبؔ کے لیے خلیق انجم کے مطابق اس مفہوم کا مقطع اس وقت تک کہنا ممکن نہ تھا جب تک نہ وہ ظفؔر کے

ملازم ہوئے ہوتے۔مطلب یہ کہ یہ غز

ل غالبؔ نے ظفرؔ کے ملازم ہونے کے بعد ہی کہی ہے۔مقطع یوں ہے:۔ ؎

بنا ہے شہ کا مصاحب ،پھرے ہے اترتا

وگر نہ شہر میں غالب کی آبرو وکیا ہے ؟

۶۶

خلیق انجم کے قیاس کے مطابق یہ غزل جولائی 1850ء اوراپریل 1852ء کے درمیان کہی گئی ہے۔یہ غزل غالبؔ نے کب کہی اس بارے میں راقم الحروف کسی حتمی رائے کا اظہار نہیں کرسکتا۔البتہ جہان تک غالبؔ کا ظفرؔ کے دربار میں ملازمت اختیار کرنے کا سوال ہے۔تواس بارے میں خلیق انجم نے کوئے مستند شواہد پیش نہیں کئے ہیں۔لیکن مالک رام اورامتیاز علی خاں عرشی نے اس سلسلے میں 4جولائی 1850ء کی تاریخ کا تعین کیا ہے۔جب کہ کالی داس گپتا رضاؔ نے اپنی تصنیف ''دیوان غالبؔ کامل''میں بعداز 1847ء لکھا ہے۔

1850ء میں جب غالبؔ تاریخ شاہان تیموریہ لکھنے پر معمور کیے گئے۔توانہیں لال قلعہ میں رسائی حاصل ہوگئی۔اس کے بعد ولی عہد بہادر شہزادہ فتح الملک نے غالبؔ کواپنا استاد مقرر کیا۔لیکن دوسال گذر جانے کے بعد ہی ان کا انتقال ہوگیا اور غالبؔ صرف بحیثیت مورخ کام کرتے رہے۔اس دوران ذوقؔ اور غالبؔ میں ادبی چشمکیں بڑھتی گئیں۔اتفاق سے اسی دوران ایک اہم ادبی معرکہ پیش آیا۔جس میں زینت محل کے صاحبزادے جواں بخت کی شادی کے موقع پر غالبؔ نے زینت محل کی فرمائش پر اپنا مشہور سہرا کہا۔یوں توسہرے میں کوئی اختلاف بات نہیں تھی۔لیکن اس کا مقطع اختلاف کا باعث بنا۔مقطع یہ تھا:۔ ؎

ہم سخن فہم ہیں ،غالب کے طرفدار نہیں

دیکھیں ، اس سہرے سے کہہ دے کوئی بہتر سہرا

۶۷

بقول خلیق انجم اس قطعے میں بظاہر محض شاعرانہ تعلیٰ ہے۔جواکثر شعرا کے کلام میں ملتی ہے۔اس لیے اس میں کوئی قابل اعتراض بات نہیں تھی۔لیکن ظفرؔ اوران کے مقربوں کی نظر میں غالبؔ کے دوسرے اشعار بھی تھے۔جن میں غالبؔ نے ذوقؔ پر چوٹ کی تھی۔جن کی فہرست خلیق انجم نے صفحہ نمبر 25پر دی ہے۔اس سہرے کے ایک اور پہلو کے بارے میں خلیق انجم نے لکھا ہے کہ قلعے میں استاد ذوقؔ کے ہوتے ہوئے زینت محل نے سہرے کی

فرمائش صرف غالبؔ سے کی۔ اس لیے ظاہر ہے کہ ذوقؔ کے مداحین کو یہ بات ناگوار گذری ہوگی اور انہوں نے ظفرؔ کے کان بھر دیے ہوں گے۔ نیتجتاً ظفرؔ نے ذوقؔ سے اس شاعرانہ تعلیٰ کا جواب دینے کی فرمائش کی۔ ذوقؔ نے غالبؔ کے سہرے کا جواب یوں دیا:۔

جن کو دعویٰ ہو سخن کا، یہ سنا دو ان کو
دیکھو، اس طرح سے کہتے ہیں سخنور سہرا

۶۸

چناں چہ غالبؔ جیسے حساس آدمی کے لیے بادشاہ کے تیور سمجھنا کوئی مشکل نہیں تھی۔ لٰہذا انہوں نے فوراً بطور معذرت کے ایک اور قطعہ بادشاہ کی خدمت میں پیش کیا۔ لیکن بقول خلیق انجم عادت سے مجبور اس قطعہ میں بھی ذوقؔ پر چوٹ کی گئی۔ شعر یوں ہے:۔

سو پشت سے ہے پیشۂ آبا سپہ گری
کچھ شاعری ذریعہ عزت نہیں مجھے

۶۹

ذوقؔ اور غالبؔ کی ادبی چشمک ذوقؔ کے انتقال تک بدستور قائم رہی اور ظفرؔ بھی غالبؔ سے اس وقت تک کبیدہ رہے۔ خلیق انجم نے اس بات کی پوری وضاحت کی ہے کہ غالبؔ نے پہلی اور آخری بار ذوقؔ کے انتقال پر ایک قطعہ تاریخ لکھ کر انہیں ''خاقانی ہند'' لکھا ہے۔ غالبؔ کا یہ قطعہ ذوقؔ کی وفات کے چوتھے دن یعنی 19 نومبر 1854ء کو دہلی اردو اخبار میں شائع ہوا۔ قطعہ یہ تھا۔

تاریخ وفاتِ ذوقؔ، غالبؔ !
با خاطر دردِ مند مایوس
خون شد دلِ زار، تا نو شتم
خاقانیِ ہند، مُردافسوس

۷۰

خلیق انجم نے اس بات کی بھی پوری تفصیل بیان کی ہے کہ کچھ عرصہ گذر جانے کے بعد غالبؔ نے ایک اچھے انسان کی طرح ذوقؔ کی طرف سے سارا غبار صاف کر لیا۔ اور انہوں نے اپنے ایک عزیز دوست نبی بخش حقیر کو

ایک خط تحریر کیا۔جس میں انہوں نے پہلی بار ذوقؔ کے لیے کلمہ خیر کہا۔

اپنے آباواجداد کی طرح بہادر شاہ ظفرؔ بھی عقیدے کے اعتبار سے سنی تھے۔لیکن عمر کے آخری ایام میں شیعیت اختیار کرنی چاہی۔جس کے بارے میں خلیق انجم نے تفصیل سے اپنی کتاب ''غالبؔ اور شاہان تیموریہ'' میں بحث کی ہے۔انہوں نے اس سلسلے میں کئی دلیلیں پیش کی ہیں۔لیکن جب ظفرؔ کے اس اقدام کی ہر سطح پر مخالفت ہوئی تو انہیں مجبوراً اس خبر کی تردید کرنی پڑی۔اس سلسلے میں بادشاہ کے نام کی ایک مثنوی بھی شائع ہوئی۔جس میں کہا گیا کہ بادشاہ وقت یعنی ظفرؔ نے کوئی شیعیت اختیار نہیں کی ہے۔ان کے شیعی مسلک اختیار کرنے کی خبر غلط اور بے بنیاد ہے۔اس مثنوی کے بارے میں خلیق انجم نے کئی حوالے پیش کئے ہیں۔جن سے اس بات تصدیق ہوجاتی ہے کہ اس مثنوی کے مصنف ظفرؔ نہیں بلکہ غالبؔ ہیں۔

1953ء میں جب ظفرؔ بیمار ہوئے اور انہیں جان کے لالے پڑ گئے۔اس دوران بقول ظفرؔ انہیں بشارت ہوئی کہ وہ حضرت عباسؓ کی درگاہ پر ''علم'' چڑھائیں۔اس بات کا ذکر مرزا حیدر شکوہ نے ایک خط میں ان الفاظ میں کیا ہے:

> ''میں کلکتہ میں تھا اور مجھے شاہی شقہ پہنچا۔جس میں خواب کا بیان اور حضرت کی درگاہ میں ''علم'' چڑھانے کا مذکور تھا۔اس کے بعد جب میں حاضر ہوا، تو پھر خواب دیکھنے کا حال بیان فرمایا اور اہل بیت کی محبت کا اظہار اور تعمیر امام باڑہ کا قصیدہ کا قصد برائے تعزیہ داری سید الشہدا مثل اپنے جد اعلیٰ امیر تیموریہ صاحبقران بیان کیا۔''۱؎

کچھ عرصہ گذر جانے کے بعد جب ظفرؔ صحت یاب ہوئے تو انہوں نے ''علم'' تیار کروا کر اسے لکھنؤ بھیجا۔جس کا ذکر انہوں نے لکھنؤ کے مجتہد العصر سلطان العلما سید محمد صاحب کے نام ایک خط میں تحریر کیا ہے۔جس میں انہوں نے اللہ کا شکر بجالایا ہے۔خلیق انجم نے اس خط کی عبارت کو نقل کیا ہے:

> ''اللہ کا شکر ہے محبتِ اہل بیتِ علیہم السلام دل سے میں نے اختیار کی ہے اور حضرت علی السلام کے دشمنوں سے قطعی تبرا کیا ہے۔امام باڑہ کی تعمیر شروع ہوگئی ہے۔عمارت تمام ہو جانے کے بعد جناب سید الشہدا کی مجالس تعزیت ہوا کریں گی۔میری کوشش ہے، اتمام اللہ تعالیٰ کے ہاتھ ہے۔مفصل مدراج دین کے جن پر میں راسخ ہوں، مرزا محمد حیدر شکوہ کی زبانی معلوم ہوں گے، وہ اس معاملے میں راز دار ہیں۔''۲؎

مذکورہ عبارات سے صاف واضح ہوجاتا ہے کہ بہادر شاہ ظفرؔ نے نہ صرف ''علم'' لکھنؤ بھیجا تھا۔بلکہ دلی میں ایک امام باڑہ کی تعمیر بھی شروع کرائی گئی تھی۔یہ امام باڑہ کہاں بننا شروع ہوا تھا۔اس بارے میں خلیق انجم نے

کوئی تفصیل بیان نہیں کی ہے۔ یہاں یہ بات بھی واضح ہوجاتی ہے کہ ظفؔر تقریباً شیعیت کی طرف راغب ہو گئے تھے ۔آ گے کی تفصیل بیان کرتے ہوئے خلیق انجم نے لکھا ہے کہ دستور العمل اودھ سے اس بات کا علم ہوجاتا ہے کہ بہادر شاہ ظفؔر کے اس اقدام کو انگریزوں نے اور تیموریہ شہزادوں نے بھی پسند نہیں کیا۔آل تیموریہ کی مخالفت تو برداشت کی جاسکتی تھی ۔لیکن مصیبت یہ تھی کہ انگریز بھی بہادر شاہ ظفؔر کے شیعی مسلک اختیار کرنے کے مخالف تھے۔خلیق انجم کے مطابق وہ اسے ایک سیاسی اقدام سمجھتے تھے۔جس کی تفصیل یہ ہے کہ بہادر شاہ ظفؔر جواں بخت کو ولی عہد بنانا چاہتے تھے ۔ان کی تمام درخواستوں اور کوششوں کے باوجود انگریزوں نے مرزا فخر وکو ولی عہد مقرر کر دیا۔اس پر بہادر شاہ ظفؔر انگریزوں سے بدزن ہو گئے اور انہوں نے شیعی مسلک اختیار کرنے کی سوچھی ۔اس پر انگریزوں کا گمان تھا کہ ظفؔر اس طرح سیاسی اعتبار سے اودھ اور ایران کے قریب آنا چاہتے ہیں اور ان سے مدد لینا چاہتے ہیں۔یہی وجہ ہے کہ انگریزوں نے ظفؔر پر دباو ڈال کر اس خبر کی تردید کرائی کہ انہوں نے شیعیت اختیار کی ہے۔اگرچہ ظفؔر نے پرزور الفاظ میں ایک تردیدی اعلان بھی جاری کرایا تھا۔جس میں انہوں نے کہا تھا کہ وہ اہل سنت چھوڑ کر شیعہ نہیں ہوئے ہیں۔تاہم خلیق انجم نے اس بات کی پوری وضاحت اور دلائل سے ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ ان کا رجحان واقعی شیعی مسلک کی طرف ہو گیا تھا۔کیوں کہ اس دوران دہلی اردو اخبار نے بادشاہ کے شیعی ہوجانے اور ایک مجلس میں شریک ہونے کی خبر شائع کی تھی۔ بہادر شاہ ظفؔر کے اس رویے کے متعلق خلیق انجم لکھتے ہیں:

> ’’بہادر شاہ نے صرف تردیدی اعلان ہی جاری نہیں کیا بلکہ ایک فارسی مثنوی بھی اسی مضمون کی شوئع کی۔چوں کہ انگریزوں کو ڈر تھا کہ کہیں اودھ اور دہلی متحد نہ ہوجائیں۔دستور العمل اودھ میں مشمولہ ایک خط سے پتہ چلتا ہے کہ اگرچہ یہ مثنوی بہادر شاہ ظفؔر کی طرف سے شائع کی گئی تھی مگر اس کے اصلی مصنف غالب تھے۔اور اس زمانے میں یہ بات عام طور پر مشہور تھی۔‘‘[۳۳]

اس مثنوی کے بارے میں خلیق انجم نے حالؔی ،مسعود حسن رضوی ادیب ،مولانا امتیاز علی خاں عرشی اور مالک رام کے حوالے بھی نقل کیے ہیں۔جن سے یہ بات واضح ہوجاتی ہے کہ یہ مثنوی ظفؔر کی نہیں بلکہ غالبؔ کی ہے۔

قلعہ معلہ سے غالبؔ کے تعلقات یوں تو اکبر شاہ ثانی کے عہد میں شروع ہوئے تھے۔اگرچہ یہ تعلقات محض تقریبوں اور قصیدہ خوانی تک ہی محدود تھے۔جس کا ذکر پہلے بھی کیا جا چکا ہے۔اس کے بعد جب بہادر شاہ ظفؔر کے عہد میں غالبؔ ایک شاعر کی حیثیت سے قلعہ سے وابستہ ہوئے۔تو اس دوران انہوں نے تیموری شہزادوں کے

متعلق کتنا کلام کہا ہے۔اس کی پوری تفصیل خلیق انجم نے اپنی کتاب ''غالب اور شاہان تیموریہ'' میں یوں بیان ہے۔

مرزا شاہ رخ ظفؔر کے دوسرے بیٹے تھے۔ان کی مدح میں غالبؔ نے ایک رباعی کہی تھی جو باغ دودر میں شامل ہے۔اسی طرح خلیق انجم کے مطابق غالبؔ نے مرزا فخرو کے ولی عہد مقرر ہونے پر ان کی مدح میں ایک مدحیہ قطعہ کہا تھا۔اس کے علاوہ انہوں نے مرزا فخرو کے بیٹے کی پیدائش پر چار شعروں کا ایک قطعہ بھی کہا تھا۔جو باغ دودر میں شامل ہے۔مرزا فرخندہ شاہ شاید بہادر شاہ ظفؔر کی ساتویں اولاد تھیں۔ان کے متعلق خلیق انجم نے کہا ہے کہ ان کی وفات پر غالبؔ نے 54 اشعار پر مشتمل ایک فارسی مرثیہ کہا تھا۔مرزا خضر سلطان کو غالبؔ سے تلمذ حاصل تھا۔ان کی ولادت پر غالبؔ نے ایک شعر کہا تھا۔اسی طرح مرزا خدا بخش قیصر کے بارے میں غالبؔ نے پانچ اشعار کا ایک قطعہ کہا تھا۔جو بقول خلیق انجم باغ دودر میں شامل ہے۔

قلعہ معلیٰ سے وابستگی کے بعد کا غالبؔ کا کتنا فارسی اور اردو کلام ہے۔اس کی پوری وضاحت خلیق انجم نے کی ہے۔اس بارے میں خلیق انجم نے لکھا ہے کہ غالبؔ نے فارسی میں اکبر شاہ ثانی کی مدح میں غالباً ایک ہی قصیدہ کہا تھا۔جبکہ بہادر شاہ ظفؔر کے ولی عہدی کے زمانے میں غالبؔ نے ان کی مدح میں کوئی قصیدہ نہیں کہا تھا۔لیکن ان کی تخت نشینی کے بعد غالبؔ نے جو قصائد کہے ہیں۔ان کی تعداد خلیق انجم نے پندرہ بتائی ہے۔جو کلیات غالبؔ (فارسی) میں شامل ہے۔ان پندرہ قصائد کے علاوہ خلیق انجم نے لکھا ہے کہ جب مالک رام نے مطبوعہ کلیات غالبؔ کا آزاد لائبریری علی گڑھ کے ایک قلمی نسخہ کلیات غالبؔ سے موازنہ کیا تو معلوم ہوا کہ مطبوعہ نسخہ میں پانچ قصیدے ایسے ہیں جن کے ممدوح پہلے بہادر شاہ ظفؔر تھے اور بعد میں غالبؔ نے ان قصائد میں ضروری ترمیم و تنسیخ کر کے انہیں دوسرے ممدوحین سے منسوب کر دیا۔ان پانچ قصاید کی تفصیل خلیق انجم نے یوں بیان کی ہے۔مطبوعہ نسخہ کا ایک قصیدہ ہے:۔

در روز گار ہا نتو انند شمار یافت
خود روز گار آنچہ دریں روز گار یافت

اس قصیدے کے بارے میں خلیق انجم نے لکھا ہے کہ اس قصیدے کا عنوان تھا ''سی ام قصیدہ در شہنشاہ انگلستان''۔لیکن آزاد لائبریری میں اس کا عنوان ہے۔''در تہنیت غسلِ صحت حضورِ اقدس''۔

دوسرا قصیدہ سر جارج فریڈرک کی مدح میں ہے۔جس کا مطلع ہے:۔

باز پیغام بہار آورد باد

مژدہ بہر روز گار آورد باد

اس قصیدے کی تفصیل بیان کرتے ہوئے خلیق انجم نے لکھا ہے کہ یہ قصیدہ آزاد لائبریری کے خطی نسخے میں ''درتہنیت نوروز'' کے عنوان سے بہادر شاہ ظفؔر کی مدح میں ہے۔ مالک رام کے بقول نسخۂ علائی سے معلوم ہوتا ہے کہ غالبؔ نے یہ قصیدہ 1855ء میں نوروز کی تقریب کے دوران لکھا تھا۔

تیسرا قصیدہ جان رسل کالون کی مدح میں ہے۔جس کا مطلع ہے: ؎

خیز تا بنگری بشاخِ نہال

طوطیان زمردیں تمثال

اس قصیدے کے بیتِ اسم ہے: ؎

اسکوئر کالون کہ درگاہش

اہلِ دل راست کعبۂ آمال

اس قصیدے کے بارے میں خلیق انجم نے مالک رام کے حوالے سے لکھا ہے کہ ''نسخہ نواب علائی'' میں پہلا مصرعہ تبدیل کیا گیا ہے۔اور یہ بھی غالباً پہلے ظفؔر کی مدح میں کہا گیا ہے۔

چوتھا قصیدہ نواب وزیرالدولہ بہادر والی ٹونک کی مدح میں ہے جس کا مطلع ہے: ؎

عید اضحی بسر آغاز زمستاں آمد

وقت آراستن مجرۂ واپواں آمد

اس قصیدے کے بارے میں خلیق انجم لکھتے ہیں کہ مالک رام کو شبہہ ہے کہ یہ بھی غالباً پہلے ظفؔر کی مدح میں کہا گیا ہے۔

پانچواں قصیدہ مطبوعہ کلیات میں مہاراجہ نرندر سنگھ والیِ پٹیالہ کی مدح میں ہے جس کا مطلع ہے: ؎

سحر کہ بادِ عرض بوستان گیرو

دہد بہ نکہت گل حکم تا جہاں گیرد

اس قصیدے کا عنوان خلیق انجم نے قلمی نسخہ کے حوالے سے یوں لکھا ہے۔''درمدح حضرت سراج الدین محمد بہادر شاہ غازی خلداللہ سلطنتہ''۔

ان پانچ قصائد کے علاوہ خلیق انجم نے اس بات کی بھی پوری وضاحت کی ہے کہ دوران انقلاب غالبؔ

نے تین قصائد ظفؔر کی مدح میں کہے تھے۔ایک 26 مئی 1857ء کو عید کے موقع پر، دوسرا 13 جولائی 1857ء کو فتح آگرے کی خوشی پر اور تیسرا 11 اگست 1857ء کو۔ان تینوں قصائد کا کوئی سراغ موجود نہیں ہے۔لیکن خلیق انجم کا قیاس ہے کہ غالبؔ نے انہیں ضائع نہیں کیا ہوگا۔ بلکہ ضروری ترمیم و تنسیخ کر کے ممدوحین بدل دیے ہوں گے۔اس خلیق انجم کے مطابق غالبؔ نے بہادر شاہ ظفؔر کی مدح میں کم از کم 23 قصائد کہے ہیں۔ پندرہ جو مطبوعہ کلیات میں شامل ہیں، پانچ وہ جن کے ممدوحین بدل دیے گئے ہیں اور تین وہ جو زمانہ غدر میں لکھے گئے تھے۔ان قصائد کے علاوہ خلیق انجم نے اس بات کی نشاندہی بھی کی ہے کہ غالبؔ نے ایک فارسی غزل، دو قطعے اور دو مثنویاں بھی ظفؔر کی خدمت میں پیش کی ہیں۔مثنویوں کے عنوان خلیق انجم نے ''سرمۂ بینش'' اور ''تہنیت عید شوال'' بتائے ہیں۔اس کے علاوہ مرزا فرخندہ کی وفات پر ترکیب بند میں کہا گیا ایک مرثیہ، مرزا فتح الملک بہادر غلام فخر الدین عرف مرزا فخرو ولی عہد بہادر شاہ کی مدح میں کہے گئے تین قصائد، دو قطعات، ملکۂ وکٹوریہ کی مدح میں ایک قصیدہ (خلیق انجم کے مطابق یہ قصیدہ پہلے مرزا فخرو کی مدح میں کہا گیا تھا بعد میں اس میں ترمیم کی گئی)، ایک مثنوی بعنوان ''در تہنیت عید بہ ولی عہد''، فارسی نثر میں خاندان تیموریہ کی تاریخ اور شہزادے مرزا رحیم بہادر حیا کے دیوان پر ایک دیباچہ۔اس طرح قلعہ سے وابستگی کے بعد غالبؔ کے فارسی کلام میں 29 قصائد، 1 غزل، 3 مثنویاں، 1 مرثیہ، 4 قطعات، تاریخ خاندانِ تیمور اور شہزادے مرزا رحیم الدین بہادر کے دیوان پر ایک دیباچہ شامل ہے۔

قلعہ معلیٰ سے وابستگی کے بعد غالبؔ کے اردو کلام کے سلسلے میں خلیق انجم نے دو قصائد، آٹھ قطعات، چودہ غزلیں، بیس اشعار اور گیارہ رباعیوں کی نشاندہی کی ہے۔جس کی پوری تفصیل خلیق انجم نے صفحہ نمبر 66 تا 74 میں بیان کی ہے۔

تاریخ ادب اردو کے طالب علم ایک طویل عرصے تک کلام ظفؔر کو ذوقؔ کی دین سمجھتے رہے۔ بہادر شاہ ظفؔر پر اس ستم ظریفی کی ابتدا ذوقؔ کے چہیتے شاگرد مولانا محمد حسین آزادؔ کی تھی۔لیکن اردو ناقدین نے کلام ظفؔر کا غیر جانبدارانہ مطالعہ کر کے یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ ظفؔر کے کلام پر ان کے اساتذہ کی اصلاح ضرور ہے لیکن اس کے خالق خود ظفؔر ہیں۔

حالیؔ نے بھی یادگار غالب میں لکھا ہے کہ:

''ناظر حسین مرزا کہتے تھے کہ ایک روز میں اور مرحوم غالبؔ دیوان عام میں بیٹھے تھے اور چوب دار آیا۔اور کہا کہ حضور نے غزلیں مانگی ہیں۔مرزا نے کہا ذرا ٹھر جاؤ اور اپنے آدمی

سے کہا کہ پالکی میں کچھ کاغذ رومال میں بندھے ہوئے رکھے ہیں وہ لے آو۔ وہ فوراً لے آیا ۔مرزا نے اسے کھولا تو اس میں آٹھ نو پرچے، جن پر ایک ایک دو دو مصرعے لکھے ہوئے تھے ،نکالے اور اسی وقت دوات قلم منگوا کر ان مصرعوں پر غزلیں لکھنی شروع کیں اور وہیں بیٹھے بیٹھے آٹھ یا نو غزلیں تمام و کمال لکھ کر چوب دار کے حوالے کیں۔'' ۳۴؎

خلیق انجم حالیؔ اور محمد حسین آزادؔ کے بیان کے خلاف ہیں۔ان کے مطابق اگر غالبؔ پوری پوری غزلیں ظفرؔ کو کہہ کر دیا کرتے تھے۔تو غالبؔ اپنے خطوط میں ضرور اس بات کا ذکر کرتے۔کیوں کہ جہاں انہوں نے منشی نبی بخش حقیر کے نام خطوط میں قلعہ میں مختلف اپنی مصروفیات کا ذکر کیا ہے۔وہاں وہ اس بات کا ذکر بھی کر سکتے تھے کہ وہ ظفرؔ کو پوری پوری غزلیں لکھ کر دیا کرتے تھے۔خلیق انجم نے اس بات کی بھی وضاحت کی ہے ممکن تھا کہ اس وقت اس بات کا اظہار مصلحت پیدا کرے لیکن 1857ء کے بعد جب مغل حکومت بالکل ختم ہوگئی تھی۔اس وقت غالبؔ اس کا ذکر ضرور کر سکتے تھے۔دوسری بات یہ کہ غالبؔ کا انداز بیان اپنے عہد کے تمام سخنوروں سے بالکل مختلف تھا۔ خلیق انجم کے مطابق غالبؔ خواہ کتنا ہی دوسرے رنگ میں شعر کہنے کی کوشش کرتے۔ان کے انداز بیان کا عکس ان اشعار پر ضرور ہوتا۔

ہنگامہ غدر کے دوران غالبؔ نے 1857ء میں ''دستنبو'' کے نام سے ایک ڈائری تخلیق کی ہے۔اس میں انہوں نے خالص پارسی زبان میں غدر کے حالات تحریر کیے ہیں۔لیکن بعض عربی الفاظ بھی شامل ہوگئے ہیں۔غالب نے عبدالغفور سرور کے نام ایک خط تحریر کیا ہے کہ یہ ان کا روز نامچہ ہے اور دوران غدر وہ دروازہ بند کر کے بیٹھ گئے تھے۔اس بارے غالبؔ لکھتے ہیں:

''۱۱/مئی 1857ء کو یہاں فساد شروع ہوا۔ میں نے اسی دن گھر کا دروازہ بند اور آنا جانا موقوف کر دیا۔ بے شغل زندگی بسر نہیں ہوتی ۔ اپنی سرگشت لکھنا شروع کی جو سنا گیا وہ بھی ضمیمۂ سرگذشت کرتا گیا۔'' ۳۵؎

غالبؔ نے مذکورہ عبارت میں دو باتیں کہی ہیں۔ایک تو یہ کہ وہ 11/ مئی سے دروازہ بند کر کے بیٹھ گئے تھے۔اور دوسری بات دستنبوان کا روز نامچہ ہے۔لیکن خلیق انجم کے مطابق ان دونوں باتوں کا حقیقت سے دور کا واسطہ بھی نہیں ہے۔خلیق انجم نے اس سلسلے میں کئی شواہد پیش کئے ہیں۔جن سے یہ ثابت ہوجاتا ہے کہ غالبؔ غدر کے دوران کئی بار دربار میں حاضر ہوئے اور انگریزوں کے ساتھ بھی ان کے تعلقات برابر قائم تھے۔جس کی پوری تفصیل خلیق انجم نے صفحہ نمبر 79 تا 84 میں بیان کی ہے۔راقم الحروف نے اس سلسلے میں ''غالب کے خطوط'' کے

عنوان میں مفصل بحث کی ہے۔غالبؔ کے دوسرے بیان کے بارے میں خلیق انجم لکھتے ہیں:

''اگر چہ غالبؔ نے متعدد مقامات پر یہ دعویٰ کیا ہے کہ دستنبوان کا روزنامچہ ہے جسے وہ آغازِ انقلاب سے لکھ رہے تھے۔مگر دستنبو میں بہت سی اندرونی شہادتیں موجود ہیں۔جن سے ثابت ہوتا ہے۔کہ یہ روزنامچہ ہرگز نہیں۔غالبؔ نے اسے صرف چند دن میں لکھا ہے۔ دستنبو میں انگریزوں کی مدح وستائش کی گئی ہے۔اس کے برعکس ہندوستانی سپاہیوں کو برا بھلا کہنے بلکہ گالیاں تک دینے میں انہوں نے کوئی کسر نہ اٹھا رکھی۔''۶ے

خلیق انجم کا خیال ہے کہ دوران غدر میں انگریزوں کی مدح سرائی اور ہندوستانیوں کی مذمت غالبؔ جیسے محتاط آدمی سے ممکن نہیں تھی۔اس لیے ان کا خیال ہے کہ دستنبو غدر کے بعد لکھی گئی ہے۔لیکن وہ اس بات کی تصدیق بھی خود کرتے ہیں کہ دستنبو مئی 1857ء تا اگست 1858ء کے درمیانی زمانے میں تحریر کی گئی ہے۔ان کے مطابق غالبؔ نے 7 اگست 1858ء کو مکمل کی ہے اور اگلے دن یعنی 8 اگست کو اس کی طباعت میں مصروف ہو گئے۔

مالک رام نے بھی ذکر غالبؔ میں لکھا ہے کہ غالبؔ نے دستنبو 1857ء کے ہنگامہ سے لے کر یکم اگست 1858ء تک کے حالات لکھ کر کے کتاب ختم کر دی اور نومبر 1858 کے پہلے ہفتے میں چھپ کر اس پہلا اڈیشن بازار میں آ گیا۔لیکن غالبؔ نے باقاعدگی سے دستنبو کو کس مہینے میں لکھنا شروع کیا۔اس بارے میں مالک رام نے کوئی وضاحت نہیں کی ہے۔

1857ء کے دوران غالبؔ پر انگریزی حکومت کی طرف سے بڑا الزام یہ تھا کہ انہوں نے بادشاہ ظفرؔ کے لیے سکہ کہہ دیا تھا۔جس کا ذکر غالبؔ نے کئی خطوط میں کیا ہے۔ہوا یوں تھا کہ گوری شنکر نامی ایک جاسوس نے انگریزوں کو خبر دی تھی کہ 18 جولائی 1857ء کو جب بہادر شاہ ظفرؔ نے دربار بلایا تو غالبؔ نے ان کی خدمت میں ایک سکہ پیش کیا۔سکہ یہ تھا۔

بزر زد سکہ کشور ستانی

سراج الدین بہادر شاہ ثانی

مالک رام نے ''ذکر غالب'' میں صادق الاخبار (13 ذیعقدہ 1273ھ، جلد وشمار 10) کے حوالے سے یہ ثابت کیا ہے کہ غالبؔ پر اس سکے کی تصنیف کا الزام بالکل بے بنیاد ہے۔ان کے مطابق اس کے اصل مصنف حافظ غلام رسول ویران شاگرد ذوقؔ تھا۔خلیق انجم بھی مالک رام کے اس بیان سے اتفاق رکھتے ہیں۔کہ مذکورہ سکہ غالبؔ کا نہیں بلکہ حافظ ویران کا تھا۔لیکن خلیق انجم آگے لکھتے ہیں کہ اس حقیقت کو فراموش نہیں کیا جا سکتا کہ

غالبؔ زمانہ غدر میں دربارشاہی میں حاضر ہوتے رہتے تھے۔ پہلے یہ فضا عام تھی کہ جیت ضرور ظفرؔ کی ہوگی اسی لیے غالبؔ نے ظفرؔ کی شان میں دو قصیدے کہے۔ پہلا قصیدہ انہوں نے اس وقت پڑھا تھا۔ جب شاہی فوجوں کو آگرے پر فتح حاصل ہوئی تھی۔اس بارے میں خلیق انجم لکھتے ہیں:

''قصہ کوتاہ، غالبؔ کا خیال تھا کہ فتح بالآخر ہندوستانیوں کی ہوگی۔اس لیے انہوں نے بادشاہ کی مدح میں کم سے کم دو قصیدے پڑھے۔لیکن ان پر جس سکے کا الزام تھا، اس کے اصلی مصنف غالبؔ نہیں، حافظ ویران تھے۔''۷ے

گویا کہ خلیق انجم بھی مالک رام کے ہم خیال ہیں کہ غالبؔ پر جس سکے کا الزام تھا۔ وہ بے بنیاد تھا۔لیکن ساتھ ہی ساتھ ان کے مطابق غالبؔ نے اسی دوران دو قصائد بہادر شاہ ظفرؔ کے دربار میں پیش کیے ہیں۔لیکن مالک رام، پروفیسر فاروقی اور دوسرے تمام محققین جنہوں اس مسلئے پر روشنی ڈالی ہے، نے یہی تسلیم کیا ہے کہ غالبؔ پر ایک ہی سکے کا الزام تھا۔لیکن خلیق انجم کے خیال میں ان کی نظر غالبؔ کے ان خطوط پر نہیں گئی ہے۔جن میں غالبؔ نے خود دو سکے کہنے کا الزام قبول کیا ہے۔اوپر اس بات کا ذکر کیا جا چکا ہے کہ خلیق انجم نے دوران غدر غالبؔ کے تین قصائد کی شان دہی کی ہے جو انہوں نے بہادر شاہ ظفرؔ کی مدح میں تحریر کیے ہیں۔ایک 26 مئی 1857ء کو عید کے موقع پر، دوسرا 13 جولائی 1857ء کو فتح آگرے کی خوشی پر اور تیسرا 11 اگست 1857ء کو۔لیکن یہاں صرف دو کی تصدیق کرتے ہیں۔ بہر حال خلیق انجم اس سلسلے میں غالبؔ کے ایک خط کی عبارت نقل کرتے ہیں۔جس میں وہ نواب یوسف مرزا کو تحریر کرتے ہیں:

''میں نے سکہ کہا نہیں، اور کہا تو اپنی جان اور حرمت بچانے کو کہا۔ یہ گناہ نہیں۔اور اگر گناہ ہے بھی تو کیا ایسا سنگین ہے کہ ملکہ معظّمہ کا اشتہار بھی اس کو نہ مٹا سکے۔سبحان اللہ! گولہ انداز کا بارود بنانا اور توپیں لگانی اور بنک گھر اور میگزین کا لوٹنا معاف ہو جائے اور شاعر کے دو مصرے معاف نہ ہوں۔ہاں صاحب گولہ انداز کا بہنوئی مددگار ہے اور شاعر کا سالا بھی جانبدار نہیں۔''۸ے

خلیق انجم کے مطابق غالبؔ نے مذکورہ عبارت میں یہ کہتے ہوئے کہ، انہوں نے اول تو سکہ کہا ہی نہیں، دروغ گوئی سے کام لیا ہے۔ان کے مطابق انہوں نے کئی بار اپنے دوستوں اور شاگردوں کے نام خطوط میں لکھا ہے کہ غدر شروع ہوتے ہی وہ گھر میں مقید ہو گئے تھے۔جبکہ یہ ثابت ہو چکا ہے کہ ایام غدر میں غالبؔ قلعے جاتے رہتے تھے۔لہٰذا خلیق انجم کا کہنا ہے کہ غالبؔ نے غدر کے دوران سکے کہے تھے۔لیکن ان پر جس سکے کا الزام تھا وہ بے بنیاد

تھا۔خلیق انجم کے مطابق غالبؔ نے جتنے بھی سکے دوران غدر کہے وہ سب انھوں نے زبانی یاد کیے ہوں گیتا کہ ان پر کوئی آنچ نہ آسکے۔

خلیق انجم نے اپنی کتاب ''غالبؔ اور شاہانِ تیموریہ'' میں ''اردو مکتوب نگاری کی ابتدا اور غالبؔ'' کے عنوان سے ایک طویل مضمون تحریر کیا ہے۔اس میں انہوں نے اردو تذکروں ،فوٹ ولیم کالج اور دہلی کالج کا ذکر کرتے ہوئے فارسی اور اردو مکتوب نگاری کے فن اور آغاز پر مفصل بحث کرتے ہوئے غالبؔ کے عہد تک اردو نثر اور مکتوب نگاری کا جامع جائزہ لیا ہے۔چوں کہ خلیق انجم نے اردو مکتوب نگاری کے آغاز کے متعلق ''غالبؔ کے خطوط'' میں مفصل بحث کی ہے۔راقم الحروف نے بھی اس موضوع پر اسی عنوان میں سیر حاصل گفتگو کی ہے۔

خلیق انجم نے اس باب میں واجد علی شاہ اور ان کی بیگمات کے خطوط، رجب علی بیگ سرور اور خواجہ غلام غوث بے خبر کے خطوط کی خصوصیات بیان کرتے ہوئے اس پس منظر کو بیان کرنے کی کوشش کی ہے جس میں غالبؔ نے اردو مکتوب نگاری شروع کی تھی۔کتاب کے آخر میں خلیق انجم نے کتابیات اور اشارے تحریر کیے ہیں۔

مجموعی طور پر کہا جاسکتا ہے کہ خلیق انجم نے اپنی کتاب ''غالب اور شاہانِ تیموریہ'' میں اکبر شاہ ثانی، بہادر شاہ ظفرؔ، تیموری شہزادے اور استاد شہ محمد ابراہیم ذوقؔ سے غالبؔ کے تعلقات کے چند اہم واقعات ہی بیان نہیں کیے ہیں۔ بلکہ ان کی زندگی کے اس اہم حصے کو بھی بیان کیا گیا ہے۔جس نے غالبؔ کی شخصیت کی تعمیر وتشکیل میں نمایاں کردار ادا کیا ہے اور جس کا ان کے فن پر واضح عکس نظر آتا ہے۔

## غالب کے خطوط

اردو نثر کی تاریخ میں ''غالب کے خطوط'' سنگ میل کی حیثیت رکھتے ہیں۔ان خطوط میں اُس عہد کے سیاسی، سماجی، معاشی اور تاریخی حالات کی جھلکیاں موجود ہیں اور پھر غالبؔ کے مخصوص طرز ادا سے ان خطوط میں متنوع قسم کی رنگارنگی اور چاشنی کی کیفیت پیدا ہوگئی ہے۔اس لیے غالب کے خطوط ایک خاص طرح کی دلچسپی اور لطف کے حامل نظر آتے ہیں۔ جہاں تک غالبؔ کے خطوط کی تحقیق وتدوین کا تعلق ہے۔تو اس سلسلے میں اب تک اردو کے کئی نامور محققین اور ناقدین نے گراں قدر خدمات انجام دیے ہیں۔ یوں تو خطوط غالبؔ کی اہمیت وافادیت کے پیش نظر ان کی ترتیب واشاعت کا سلسلہ ان کی حیات میں ہی شروع ہوگیا تھا۔''عود ہندی'' ان کی زندگی اور

''اردوئے معلیٰ'' ان کی وفات کے فوراً بعد شائع ہوئی۔ لیکن غالبؔ کے خطوط کے عملی وتنقیدی اڈیشن کا کام بیسویں صدی کی چوتھی دہائی سے پہلے شروع نہ ہوسکا۔ غالبؔ کے خطوط کے جتنے بھی مجموعے اب تک منظر عام پر آچکے ہیں۔ اور جن محققین اور ناقدین نے انہیں مرتب کیا ہے ان میں چودھری عبدالغفور سرور، خواجہ غلام غوث بے خبر اور منشی ممتاز علی خاں کے اسم گرامی سب سے اوائل میں آتے ہیں۔ ان حضرات نے ''عود ہندی'' کے نام سے خطوط غالب کا پہلا مجموعہ 1868 میں شائع کیا ہے۔ اس سلسلے کی دوسری کوشش میر مہدی مجروح، منشی جوہر سنگھ جوہر، میر فخر الدین، لالہ بہاری لعل اور نواب علاء الدین علائی نے کی ہے۔ ان لوگوں نے 1869ء میں غالبؔ کے خطوط کا دوسرا مجموعہ ''اردوئے معلیٰ'' کے نام سے شائع کیا ہے۔ اس کے بعد مولانا امتیاز علی خان عرشی نے تحقیق وتدوین کے جدید اصولوں کی روشنی میں ''مکاتیب غالبؔ'' کے نام سے غالبؔ کے خطوط کا ایک نیا انتخاب 1937ء میں شائع کیا ہے۔ اس انتخاب میں صرف نواباں رام پور اور وابستگان دربار رام پور کے نام خطوط شامل ہیں۔ امتیاز علی خان عرشی کے بعد مولوی مہیش پرشادؔ نے ''خطوط غالبؔ'' کے نام سے ایک مجموعہ مرتب کیا ہے۔ یہ مجموعہ 1941ء میں ہندوستان اکیڈمی الہ آباد سے شائع ہوا ہے۔ 1949ء میں ''نادرات غالبؔ'' کے نام سے آفاق حسین آفاقؔ نے خطوط غالبؔ کا ایک اور نیا انتخاب مرتب کیا جسے ادارہ نادرات کراچی نے شائع کیا ہے۔ اس انتخاب میں صرف منشی نبی بخش حقیرؔ اور منشی عبدالطیف کے نام خطوط شامل ہیں۔ مولانا غلام رسول مہرؔ نے ''خطوط غالبؔ'' کے نام سے دو جلدوں میں غالبؔ کے خطوط مرتب کر کے 1951ء میں لاہور سے شائع کیا ہیں۔ مالک رام کا مرتب کردہ مجموعہ ''خطوط غالبؔ'' 1962ء میں انجمن ترقی اردو ہند نے شائع کیا ہے۔ سب سے آخری اور جامع مجموعہ خطوط غالب ڈاکٹر خلیق انجم نے پانچ جلدوں میں ''غالب کے خطوط'' کے نام سے مرتب کر کے غالب انسٹی ٹیوٹ نئی دہلی سے بالترتیب ۱۹۸۴ء، ۱۹۸۵ء، ۱۹۸۷ء، ۱۹۹۳ء اور ۲۰۰۰ء میں شائع کیا ہے۔ پانچویں جلد میں پہلی چار جلدوں کے خطوط تاریخ وار شائع کیے گئے ہیں۔

مرزا اسد اللہ خاں غالبؔ کے خطوط کے دو بنیادی اور اہم مجموعے ''عود ہندی'' 1868ء اور ''اردوئے معلیٰ'' 1869ء میں یعنی انیسویں صدی کے نصف آخر میں منظر عام پر آگئے تھے۔ لیکن یہ مجموعے تحقیق وتدوین کے جدید اصول وضوابط کے مطابق مرتب نہیں کیے گئے ہیں۔ بلکہ ان میں عمومی انداز میں خطوط کو مرتب کیا گیا ہے۔ اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ اس وقت تک اردو میں تحقیق وتدوین کے اصول متعین نہیں ہوئے تھے۔ اس کے علاوہ ان مجموعوں کے مرتبین کی غرض وغایت صرف غالبؔ کے خطوط کو کتابی شکل میں شائع کرنا تھا۔ ''عود ہندی'' اور ''اردوئے

معلیٰ‘‘، کے جو اڈیشن بعد میں چھپتے رہے ان میں بھی کوئی خاص جدت دیکھنے کو نہیں ملتی ہے۔ البتہ 1937ء میں اردو کے مشہور و معروف محقق مولانا امتیاز علی خاں عرشی نے ’’مکاتیب غالبؔ‘‘ کی از سر نو تدوین و ترتیب کر کے ایک مثالی اور عمدہ کارنامہ انجام دیا ہے۔

عود ہندی‘‘ اور ’’اردوئے معلیٰ‘‘ میں غالبؔ کے مختلف احباب اور شاگردوں کے نام خطوط شامل تھے۔ اس کے برعکس ’’مکاتیب غالبؔ‘‘ میں صرف ان خطوط کو شامل کیا گیا ہے جو نواباں رامپور یوسف علی خاں ناظمؔ اور ان کے صاحبزادے نواب کلب علی خاں کے نام تحریر کیے گئے تھے۔ نیز وابستگان دربار کو بھی غالبؔ نے کچھ خطوط لکھے تھے۔ مثلاً زین العابدین عرف کلن میاں، خلیفہ احمد علی اور مولوی محمد حسن وغیرہ کے حضرات کے نام کے خطوط بھی امتیاز علی خاں عرشی نے ’’مکاتیب غالبؔ‘‘ میں شامل کیے ہیں۔ اپنے مجموعے پر اظہار خیال کرتے ہوئے عرشی لکھتے ہیں:

> ’’مذکورہ بالا مجموعوں کی اشاعت سے ساٹھ پینسٹھ برس بعد ریاست عالیہ رام پور کی طرف سے مرزا صاحب کے اُن خطوط کا مجموعہ ’’مکاتیب غالب‘‘ کے نام سے شائع کیا جا رہا ہے، جو موصوف نے نواب فردوس مکاں، نواب خلد آشیاں یا وابستگان دربار کو لکھتے تھے۔‘‘ ۷۹؎

’’مکاتیب غالبؔ‘‘ پر اظہار خیال کرتے ہیں خلیق انجم لکھتے ہیں:

> ’’جملہ معترضہ کے طور پر عرض کردوں کہ مولانا امتیاز علی خاں عرشی کا مرتبہ ’’مکاتیب غالب ‘‘ غالب کے خطوط کا وہ پہلا ایڈیشن ہے جس میں انتہائی سائنٹیفک طریقے سے متن کا تنقیدی ایڈیشن تیار کیا گیا ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ اس مجموعے میں غالب کے بیشتر خطوط روپے ماہوار کی رسید ہونے کی وجہ سے بالکل غیر اہم ہیں۔ ’’مکاتیب غالب‘‘ کی اہمیت ان کے مکتوب الیہ کی وجہ سے نہیں بلکہ اس وجہ سے ہے کہ انھیں غالبؔ نے لکھا اور عرشی صاحب جیسے نقاد نے ان کا تنقیدی ایڈیشن تیار کیا۔‘‘ ۸۰؎

ڈاکٹر خلیق انجم کا شمار اردو ادب کے اہم محققین اور مرتبین میں کیا جاتا ہے۔ خلیق انجم بیک وقت کئی جہتوں کے مالک ہیں۔ وہ ایک اہم محقق، نقاد اور مرتب ہونے کے ساتھ ساتھ ماہر غالبیات بھی ہیں۔ انھوں نے غالبؔ پر کئی کتابیں لکھی ہیں۔ خطوط غالبؔ کو پانچ جلدوں میں مرتب کیا ہے۔ یہ پانچوں جلدیں ’’غالب کے خطوط‘‘ کے عنوان سے غالب انسٹی ٹیوٹ، نئی دہلی سے شائع ہوئی ہیں۔ ’’غالب کے خطوط‘‘ از خلیق انجم کی جلد اول ۱۹۸۴ء، جلد دوم ۱۹۸۵ء، جلد سوم ۱۹۸۷ء، جلد چہارم ۱۹۹۳ء اور جلد پنجم سنہ ۲۰۰۰ء میں منظر عام پر آ گئی ہیں۔

ڈاکٹر خلیق انجم نے اپنی مرتبہ ’’غالب کے خطوط‘‘ کی ابتدا میں 228 صفحات پر مشتمل ایک بسیط و مبسوط مقدمہ لکھا ہے۔ مقدمہ میں انہوں نے اس اڈیشن کے بارے میں کئی اہم خصوصیات بیان کی ہے۔ خطوط غالبؔ کے

مختلف اڈیشنوں پر تبصرہ کرتے ہوئے غالبؔ کی اردو املا کی خصوصیات کی نشاندہی کی ہے۔اس کے علاوہ خلیق انجم نے مقدمہ میں غالبؔ کی زبان پر فارسی کے اثرات،انگریزی زبان کا استعمال،غالبؔ کے اردو خطوط کی مجموعی تعداد، خطوط غالب کا تنقیدی مطالعہ،غالبؔ سے قبل اردو نثر کا سرمایہ،اردو ومکتوب نگاری کا آغاز اور غالبؔ کا پہلا دستیاب اردو خط وغیرہ جیسے موضوعات پر بھی مفصل بحث کی ہے۔علاوہ ازیں انہوں نے انشائے غالبؔ اور اس کے متعلقات پر بھی سیر حاصل بحث کی ہے۔ڈاکٹر خلیق انجم کا دعوی ہے کہ انہوں نے اپنی مرتبہ خطوط غالبؔ میں غالبؔ کے تمام دستیاب شدہ اردو خطوط جمع کیے ہیں۔اور ساتھ ہی ان خطوط کے تمام دستیاب عکس بھی شائع کیے ہیں۔اپنے اس دعوے کا اعتراف خلیق انجم ان الفاظ میں کرتے ہیں:

> ''غالبؔ کا شاید ہی کوئی ایسا اردو خط ہو جو اس مجموعے میں شامل نہ ہوا ہو،اس میں مولانا عرشی کے مرتبہ''مکاتیبِ غالب''،آفاق حسین آفاقؔ کے مرتبہ''نادرات غالب''اور خلیق انجم کی مرتبہ''غالب کی نادر تحریریں''کے تمام خطوط شامل کر لیے گئے ہیں۔ان کے علاوہ مختلف رسالوں میں جو خطوط بکھرے ہوئے تھے انہیں بھی اس مجموعے میں شامل کر لیا گیا ہے۔اس لحاظ سے غالبؔ کے خطوط کا یہ پہلا مجموعہ ہے جس میں تمام دستیاب خطوط ترتیب دے کر یکجا کر دے گئے ہیں۔اور اس اعتبار سے بھی خطوط غالب کا یہ پہلا مجموعہ ہے کہ جس میں غالبؔ کے اردو خطوط کے تمام دستیاب عکس شامل ہے۔'' [۸۱]

خلیق انجم کا خیال ہے کہ انھوں نے غالبؔ کے تمام اردو خطوط اس اڈیشن میں شامل کر لیا ہے۔اردوئے معلیٰ،عود ہندی،مکاتیب غالب،نادراتِ غالب اور غالب کی نادر تحریریں کے تمام خطوط کے علاوہ ایسے خطوط کی تعداد بھی اچھی خاصی تھی جو ان مجموعوں میں شامل نہیں تھے۔انھیں بھی اس اڈیشن میں شامل کر لیا گیا ہے۔

''غالب کے خطوط''از ڈاکٹر خلیق انجم کا مطالعہ کرنے کے بعد یہ بات عیاں ہو جاتی ہے کہ اس مجموعہ میں 92 مکتوب الیہم کے نام خطوط کی کل تعداد 886 ہے۔جس کی پوری تفصیل ڈاکٹر خلیق انجم نے''غالب کے خطوط''کی چوتھی جلد میں یوں بیان کی ہے۔

| مکتوب الیہم | جلد | کل تعداد |
|---|---|---|
| ا.آرام منشی شیونرائن | ۳ | ۳۶ |
| ۲۔آزاد مولانا محمد نعیم الحق آزاد | ۲ | ۲ |
| ۳۔آشوب ماسٹر پیارے لال | ۲ | ۵ |

| | | |
|---|---|---|
| ۴۔احمد حسن مودودی | ۳ | ۱۱ |
| ۵۔احمد رام پوری، خلیفہ احمد علی | ۴ | ۱ |
| ۶۔افضل علی میر، میر | ۲ | ۳ |
| ۷۔امین الدین احمد خاں، نواب | ۲ | ۸ |
| ۸۔مرزا میر (عرف) میر بندہ علی خاں | ۲ | ۱ |
| ۹۔بیتاب، سعد عباس محمد عباس خاں | ۲ | ۲ |
| ۱۰۔بے خبر، خواجہ غلام غوث خاں | ۲ | ۲۵ |
| ۱۱۔تحسین، عبدالرحمٰن | ۴ | ۹ |
| ۱۲۔تفتہ، منشی مرزا ہر گوپال | ۱ | ۱۲۳ |
| ۱۳۔تفضّل حسین خاں | ۳ | ۱ |
| ۱۴۔توفیق، شہزادہ بشیر الدین | ۲ | ۴ |
| ۱۵۔ثاقب، مرزا شہاب الدین احمد خاں | ۲ | ۱۰ |
| ۱۶۔جنون بریلوی، قاضی عبدالجمیل | ۴ | ۳۰ |
| ۱۷۔جوہر، منشی جواہر سنگھ | ۴ | ۳ |
| ۱۸۔حسین مرزا (عرف) ذوالفقار الدین حیدر خاں | ۳ | ۶ |
| ۱۹۔حقیر، منشی نبی بخش | ۳ | ۷۰ |
| ۲۰۔خلیل، وفوق، منشی محمد ابراہیم | ۳ | ۱ |
| ۲۱۔درد، منشی ہیرا سنگھ | ۲ | ۲ |
| ۲۲۔ذکا، محمد حبیب اللہ | ۴ | ۱۷ |
| ۲۳۔رحیم بیگ، مرزا | ۴ | ۱ |
| ۲۴۔رضوان، مرزا شمشاد علی بیگ | ۲ | ۲ |
| ۲۵۔رعنا، مادان علی خاں | ۲ | ۲ |
| ۲۶۔رفعت شروانی، محمد عباس | ۲ | ۲ |

| | | |
|---|---|---|
| ۲۷۔زکی دہلوی، سید محمد زکریا خاں | ۲ | ۱ |
| ۲۸۔آگی، میر محمد زکی | ۱ | ۲ |
| ۲۹۔زین العابدین خاں، عرف کلن میاں | ۴ | ۲ |
| ۳۰۔سالک، مرزا قربان علی بیگ خاں | ۲ | ۲ |
| ۳۱۔سجاد، سید معین الرحمٰن حیدر عرف سید سجاد مرزا | ۲ | ۲ |
| ۳۲۔سردار سنگھ مہاراجہ | ۲ | ۲ |
| ۳۳۔سرفراز حسین، میر | ۲ | ۲ |
| ۳۴۔سردار، چودھری عبدالغفور | ۲ | ۲۷ |
| ۳۵۔سیاح، میاں داد خاں | ۲ | ۳۵ |
| ۳۶۔سیل چند، منشی | ۴ | ۷ |
| ۳۷۔شائق، شاہ عالم مارہروی | ۳ | ۳ |
| ۳۸۔شفق، انوالدولہ سعدالدین خاں | ۳ | ۲۰ |
| ۳۹۔شیفتہ، نواب مصطفیٰ خاں بہادر | ۲ | ۱ |
| ۴۰۔صاحب عالم مارہروی | ۳ | ۶ |
| ۴۱۔صوفی منیری شاہ فرزند علی (عرف) سید ابو محمد جلیل الدین حسین | ۴ | ۱ |
| ۴۲۔صفیر بلگرامی، سید فرزند احمد | ۴ | ۶ |
| ۴۳۔ضیا، مولوی ضیاء الدین احمد | ۲ | ۳ |
| ۴۴۔ظہیر الدین احمد خاں، حکیم | ۲ | ۲ |
| ۴۵۔ظہیر الدین کی طرف سے ان کے چچا کے نام | ۴ | ۱ |
| ۴۶۔عباس بیگ، مرزا | ۲ | ۱ |
| ۴۷۔عبدالحق | ۲ | ۱ |
| بقول خلیق انجم (یہ خط دراصل حکیم غلام نجف خاں کے نام ہے۔ تفصیل کے لیے دیکھیے ''استدراک'') | | |
| ۴۸۔عبداللطیف منشی | ۳ | ۲ |

| | | |
|---|---|---|
| ۴۹۔عرشی قنوجی، احمد حسن | ۲ | ۲ |
| ۵۰۔عزیز وصادق، عزیز الدین | ۴ | ۱ |
| ۵۱۔عزیز، مرزا یوسف علی خاں | ۲ | ۳ |
| ۵۲۔علائی، نواب علاء الدین | ۱ | ۵۲ |
| ۵۳۔غلام نجف خاں | ۴ | ۲ |
| ۵۴۔غلام نجف خاں | ۲ | ۲۳ |
| ۵۵۔غلام مرتضی خاں، حکیم | ۲ | ۱ |
| ۵۶۔غلام رضا خاں، حکیم | ۴ | ۱ |
| ۵۷۔غلام بسم اللہ، منشی | ۲ | ۱ |
| ۵۸۔نامعلوم (صاحب میں کل تمہارا مسہل) | ۴ | ۱ |
| ۵۹۔خاں صاحب، جمیل المناقب عمیم الاحسان | ۴ | ۱ |
| ۶۰۔غلام باباخاں،،یر | ۳ | ۱۰ |
| ۶۱۔فائق رضوی، قاضی محمد نور الدین حسین خاں | ۴ | ۱ |
| ۶۲۔فرخ مرزا، مرزا امیر الدین احمد خاں | ۴ | ۱ |
| ۶۳۔فرقانی میرٹھی | ۲ | ۱ |
| ۶۴۔قدر بلگرامی، سید غلام حسین | ۴ | ۲۲ |
| ۶۵۔کاشف، سید بدالدین احمد عرف فقیر | ۳ | ۵ |
| ۶۶۔کامل، مرزا باقر علی خاں | ۲ | ۳ |
| ۶۷۔کرامت علی، مولوی | ۴ | ۱ |
| ۶۸۔کلب علی خاں، نواب | ۳ | ۷۶ |
| ۶۹۔لطیف احمد بلگرامی، شیخ | ۲ | ۱ |
| ۷۰۔مجروح، میر مہدی حسن | ۲ | ۵۰ |
| ۷۱۔محمد حسین خاں (مدیر دبدبہ سکندری) | ۳ | ۴ |

| | | |
|---|---|---|
| ۷۲۔محمد عباس مفتی | ۴ | ۱ |
| ۷۳۔مدہوشؔ، مفتی سخاوت حسین انصاری | ۳ | ۱ |
| ۷۴۔مشتاقؔ، بہاری لال | ۳ | ۲ |
| ۷۵۔مہرؔ، مرزا حاتم علی | ۲ | ۱۹ |
| ۷۶۔میکشؔ، میر احمد حسین | ۲ | ۲ |
| ۷۷۔مینا مرزا پوری، احمد حسین | ۲ | ۲ |
| ۷۸۔ناظمؔ، نواب یوسف علی خاں | ۳ | ۴۰ |
| ۷۹۔نا معلوم ش (جناب عالی، نامہ وداد پیام) | ۴ | ۱ |
| ۸۰۔نا معلوم (میاں، وہ عرضی کا کاغذ افشاں کیا ہوا) | ۲ | ۱ |
| ۸۱۔نا معلوم (حضرت میرا حال کیا پوچھتے ہو) | ۲ | ۱ |
| ۸۲۔نساخؔ، مولوی عبدالغفور خاں | ۴ | ۱ |
| ۸۳۔نشاطؔ، بابو ہرگوبند سہائے | ۲ | ۲ |
| ۸۴۔نعمان احمد مولوی | ۴ | ۴ |
| ۸۵۔نول کشور منشی | ۴ | ۲ |
| ۸۶۔نیرؔ لغشاں ضیاء الدین احمد خاں | ۲ | ۱ |
| ۸۷۔وفاؔ، میر ابراہیم خاں نواب | ۳ | ۵ |
| ۸۸۔ولایت علی میر | ۴ | ۲ |
| ۸۹۔ولایتؔ وعزیز، صفی پوری ولایت علی خاں | ۴ | ۲ |
| ۹۰۔ہشیار، منشی کیول رام | ۲ | ۱ |
| ۹۱۔یوسف مرزا، نواب | ۲ | ۱۲ |
| ۹۲۔شاکرؔ، مولوی عبدالرزاق | ۲ | ۱۰ |

ڈاکٹر خلیق انجم سے پہلے مولانا غلام رسول مہرؔ کے مرتبہ ''خطوط غالب'' میں خطوط کی مجموعی تعداد 642 تھی ۔لیکن مہرؔ نے ''مکاتیب غالبؔ'' اور ''نادرات غالبؔ'' کے خطوط کو اپنے مجموعہ میں شامل نہیں کیا تھا۔ جب کہ ڈاکٹر

خلیق انجم نے اپنے مرتبہ مجموعہ میں مذکورہ دونوں مجموعوں کے خطوط کو بھی شامل کیا ہے ۔ نیز انھوں نے مزید 59 خطوط کا اضافہ بھی کیا ہے۔ان زائد خطوط میں بعض خطوط کا اضافہ ان مکتوب الیہم کے نام ہے جو اس سے پہلے کے مجموعوں میں شامل نہیں تھے۔ایسے خطوط کی کل تعداد 24 ہیں۔جن کی تفصیل نیچے ہے۔

چودھری عبدالغفور سرور کے نام ایک خط،حکیم غلام بخت خاں کے نام دو خط،امین الدین احمد کے نام دو خط،مولوی ضیاالدین خاں ضیاؔ کے نام ایک خط،ماسٹر پیارے لال آشوب کے نام ایک خط،صاحب عالم کے نام ایک خط،شاہ عالم کے نام ایک خط،منشی شیونرائن آرام کے نام ایک خط،نواب کلب علی خاں کے نام گیارہ خط،حبیب اللہ ذکا کے نام ایک خط،منشی نول کشور کے نام ایک خط،محمد حسین خاں کے نام ایک خط۔ان 24 خطوط کے علاوہ 35 نئے زائد خطوط کی تفصیل یوں ہیں۔

مولانا محمد نعیم الحق آزاد کے نام دو خط،فرقان میرٹھی کے نام ایک خط،مولانا عباس رفعت کے نام دو خط،محمود مرزا کے نام ایک خط،حکیم محبّ علی کے نام ایک خط،مہاراجہ سردار سنگھ والی بیکانیر کے نام ایک خط،مرزا عباس بیگ کے نام ایک خط،محمد زکریا خاں ذکیؔ کے نام ایک خط،میر بندہ علی خاں عرف مرزا امیر کے نام ایک خط،محمد محسن صدرالصدور کے نام ایک خط،میر محمد ذکی ذکیؔ کے نام ایک خط،احمد حسین مینا مرزا پوری کے نام دو خط،منشی ابراہیم خلیل کے نام ایک خط،منشی سخاوت حسین کے نام ایک خط،ولایت علی خاں ولایت وعزیز صفی پوری کے نام دو خط،محمد حسین خاں کے نام ایک خط،سید محمد عباس علی بیتاب کے نام دو خط،مظہر علی عبداللہ کے نام دو خط،میر ولایت علی کے نام دو خط،عبدالرحمٰن کے نام نو خط۔

مذکورہ 59 زائد خطوط میں بعض خطوط ایسے بھی ہے جنھیں ڈاکٹر خلیق انجم نے اپنی مرتبہ کتاب ’’غالب کی نادر تحریریں‘‘ میں شائع کیا ہے۔

خلیق انجم نے اپنی مرتبہ ’’غالب کے خطوط‘‘ کے مقدمہ میں جدید اردو نثر کے متعلق اہم آرائیں پیش کی ہے۔ چوں کہ بعض محققین و ناقدین غالبؔ کو جدید اردو نثر کے موجد ٹھراتے ہیں۔لیکن خلیق انجم نے اس موضوع کے متعلق نہایت اہم معلومات بہم پہنچائی ہیں۔انھوں نے دلائل دے کر یہ بات واضح کی ہے کہ غالبؔ سے پہلے فوٹ ولیم کالج اور دہلی کالج نے یہ کام انجام دیا تھا۔خلیق انجم اس بات سے قطعی مطمئن نہیں ہے کہ غالبؔ جدید اردو نثر کے موجد ہے۔اس بارے میں اپنی رائے کا اظہار خیال کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

’’غالبؔ جدید اردو نثر کے موجد ہرگز نہیں تھے۔کیوں کہ ان کی نثر نگاری کے آغاز سے تقریباً

پچاس سال قبل اردو نثر جدیدیت کے راستے پر گامزن ہو چکی تھی۔‘‘ ۸۲؎

اپنے اس دعوے کی دلیل خلیق انجم یوں بیان کرتے ہیں:۔

’’باغ بہار میں پہلی بار اردو نثر نے اپنی مکمل شناخت کرائی ہے اور پہلی بار اپنی قواعدی ساخت کی پابندی کی ہے۔ اس لیے اگر ہم یہ کہیں کہ جدید نثر کا آغاز فورٹ ولیم کالج کی ’’باغ و بہار‘‘ اور دوسری تالیفات سے ہوتا ہے تو غلط نہ ہوگا۔‘‘ ۸۳؎

دوسری جگہ لکھتے ہیں:

’’فورٹ ولیم کالج نے اگر چہ جدید اردو نثر کی ابتدا کی تھی لیکن اس کی مطبوعات، اخلاقیات، تاریخ، داستان، لغات اور صرف ونحو تک ہی محدود تھیں۔ دلی کالج ورنیکلر ٹرانسلیشن سوسائٹی نے اپنے ترجموں کے ذریعے پہلی بار ہندوستانی ذہن کو مغربی فکر اور مغربی ادب سے آشنا کیا ۔دلی کالج اور سوسائٹی کی مطبوعات نے اردو نثر کے جدید آہنگ کے لیے فضا بالکل ہموار کردی اور اردو نثر کو فروغ حاصل ہوا۔‘‘ ۸۴؎

یہ بات اپنی جگہ مسلم ہے کہ اردو نثر کی تاریخ میں خطوط غالبؔ بڑی اہمیت کے حامل ہے لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ جدید اردو نثر کی ابتدا انہی کے خطوط سے ہوئی ہے۔ غالبؔ نے جب اردو میں خط و کتابت شروع کی تقریباً اسی دور میں سر سید اور ان کے رفقائے کار نے بھی اردو نثر کو لفاظی اور عبارت آرائی سے صاف و پاک کرنے میں قابلِ قدر اور قابل تقلید کارنامے انجام دیے ہیں۔ لیکن حقیقت یہی ہے کہ جدید اردو نثر کی پہل میر امنؔ کی ’’باغ و بہار‘‘ سے ہوئی ہے۔ اس بات کی تصدیق خود سر سید کے اس بیان سے ہوتی ہے جس میں انھوں نے کہا ہے کہ ’’میر امنؔ کو اردو نثر میں وہی مرتبہ حاصل ہے جو میر تقی میرؔ کو اردو شاعر میں حاصل ہے‘‘۔ اس بات کی تائید حالیؔ کے درج ذیل اقتباس سے بھی ہو ہے:

’’مرزاؔ کی اردو خط و کتابت کا طریقہ فی الواقع سب سے نرالا ہے۔ نہ مرزاؔ سے پہلے کسی نے خط و کتابت میں یہ رنگ اختیار کیا۔ اور نہ ان کے بعد کسی سے اس کی پوری پوری تقلید ہو سکی ۔‘‘ ۸۵؎

مذکورہ بالا عبارت میں حالیؔ کے غالبؔ کی اردو مکتوب نگاری کے متعلق جو خصوصیات بیان کی ہیں۔ خلیق انجم حرف بہ حرف انھیں تسلیم کرتے ہیں۔ لیکن وہ اس بات کی پوری وضاحت کرتے ہیں کہ حالیؔ کا مطلب یہ کہاں ہے کہ غالبؔ کی اردو مکتوب نگاری سے جدید اردو نثر کی ابتدا ہوتی ہے۔ وہ تو صرف یہ کہہ رہے ہیں کہ غالبؔ نے اپنے اردو خطوط میں جدید رنگ اختیار کیا ہے۔ وہ منفرد تھا۔ نہ غالبؔ سے پہلے کسی نے یہ رنگ اختیار کیا تھا اور نہ غالبؔ کے

بعد کسی سے اس رنگ کی تقلید ممکن ہوسکی۔اس لیے کہا جاسکتا ہے کہ خلیق انجم کا یہ خیال کہ جدید اردو نثر کے موجد غالبؔ نہیں ہے درست معلوم ہوتا ہے۔

اردو مکتوب نگاری کے آغاز وارتقا کے متعلق بھی محققین وناقدین کے مختلف اظہارات وخیالات ملتے ہیں۔ اردو خطوط نویسی کی ابتدا غالبؔ سے ہوئی ہے۔اس بارے میں تقریباً تمام محققین وناقدین ایک نظریہ رکھتے ہیں۔ لیکن غالبؔ نے باقاعدگی کس سنہ میں اردو خط وکتابت کی ابتدا کی ہے۔اس بارے میں کوئی حتمی فیصلہ نہیں ہوسکا ہے ۔خلیق انجم نے اپنی مرتبہ ''غالبؔ کے خطوط'' کے مقدمہ میں اس موضوع پر سیر حاصل گفتگو کی ہے۔پہلے تو انھوں نے لکھا ہے کہ بعض محققین وناقدین نے جوش عقیدت میں اردو مکتوب نگاری کا موجد غالبؔ کو قرار دیتے ہوئے اردو مکتوب نگاری کی تاریخ ہی غالبؔ سے شروع کی ہیں۔جب کہ ایسا نہیں ہے۔یہاں خلیق انجم اس بات کے منکر نظر آتے ہیں کہ غالبؔ اردو مکتوب نگاری کے موجد ہیں۔لیکن جب وہ اپنے دلائل پیش کرتے ہیں تو حقائق اس کے برعکس نظر آتے ہیں اور نا چاہتے ہوئے بھی انھوں نے غالبؔ ہی کو اردو مکتوب نگاری کا موجد قرار دیا ہے۔اردو مکتوب نگاری کے آغاز کے متعلق اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں:

> '' ماسٹر رام چندر کے '' محبّ ہند'' ( جلد نمبر 20،بابت دسمبر 1849ء جنوری 1850ء)میں مکتوب نگاری کے فن پر ایک چھوٹا سا نوٹ شائع ہوا تھا۔جس میں جدید اصول بیان کیے گئے تھے۔پنڈت برج موہن دتاتریہ کیفی نے اس نوٹ کے حوالے سے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ اردو مکتوب کے طرز جدید کے موجد ماسٹر رام چندر تھے اور بہ قول پنڈت کیفی ''ظنِ غالبؔ یہ ہے کہ ماسٹر رام چندر کا یہ مضمون مرزا غالبؔ کی نظر سے ضرور گزرا ہوگا اور ان کی طبع وقار نے اس سے ضرور اثر کیا ہوگا۔''۸۶

مذکورہ عبارت میں خلیق انجم یہ ثابت کرنے کی کوشش کرتے نظر آتے ہیں کہ غالب سے پہلے ماسٹر رام چندر نے اردو مکتوب نگاری میں خامہ فرسائی کی ہے۔لہٰذا اردو مکتوب نگاری کے موجد غالبؔ نہیں بلکہ رام چندر ہیں۔لیکن اسی اقتباس میں خلیق انجم اس بات کی تصدیق بھی کرتے ہیں کہ ماسٹر رام چندر کا یہ نوٹ دسمبر 1849ء کا ہے۔جب کہ اب تک کی تحقیق سے یہ بات ثابت ہوئی ہے کہ غالبؔ کا اب تک کا سب سے قدیم ترین دستیاب خط 1849ء میں یا اس سے قبل لکھا گیا ہے۔جس کی تائید وتصدیق خود خلیق انجم درج ذیل عبارت میں کرتے ہیں:

> ''ماسٹر رام چندر کا نوٹ دسمبر 1849ء میں شائع ہوا تھا۔جب کہ اب تک کے دستیاب خطوط میں غالبؔ کا قدیم ترین اردو خط وہ ہے جو 1849ء یا اس سے قبل غالبؔ نے تفتہ کو لکھا تھا۔گویا ماسٹر رام چندر کا نوٹ شائع ہونے سے تقریباً ڈیڑھ یا دو سال قبل۔یہ ممکن نہیں

ہے کہ اس تاریخ سے قبل بھی غالبؔ نے اردو میں ایسے خطوط لکھے نہ ہوں۔''۸۷

مذکورہ عبارت سے یہ بات واضح ہوجاتی ہے کہ اردو مکتوب نگاری کے موجد غالبؔ ہی ہے۔ چوں کہ تحقیق میں کوئی بات حرف آخر نہیں ہوتی اس لیے ممکن ہے کہ غالبؔ نے 1849ء سے پہلے بھی اردو مکتوب نگاری میں خامہ فرسائی کی ہوگئی۔ لیکن ہنوز اس بارے میں کوئی شواہد دستیاب نہیں ہے۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ غالبؔ نے اردو مکتوب نگاری کا باقاعدہ آغاز کس سن میں کیا ہے۔ اس بارے میں محققین و ناقدین کے مختلف خیالات موجود ہیں۔ یہ بات اپنی جگہ مسلم ہے کہ ہنگامہ غدر کے بعد غالبؔ نے اردو خطوط نویسی کی طرف خاص توجہ مبذول کی ہے۔ لیکن اس کا مطلب ہرگز یہ نہیں ہے کہ انھوں نے 1857ء کے بعد ہی اردو خط و کتابت کا آغاز کیا ہے۔ غالبؔ کی اردو مکتوب نگاری کے آغاز کے متعلق حالیؔ نے ''یادگار غالبؔ''، غلام رسول مہرؔ نے ''خطوط غالب'' کے مقدمہ اور خلیق انجم نے ''غالب کے خطوط'' کے مقدمہ اور کئی دوسرے محققین و ناقدین نے سیر حاصل گفتگو کی ہے۔ غالبؔ کی اردو مکتوب نگاری پر اظہار خیال کرتے ہوئے حالیؔ لکھتے ہیں:

> ''معلوم ہوتا ہے کہ مرزا سنہ 1850ء تک ہمیشہ فارسی میں خط کتابت کرتے تھے۔ مگر سنہ مذکور میں، جب کہ وہ تاریخ نویسی کی خدمت پر مامور کی گئی، اور ہمہ تن مہر نیم روز کو لکھنے میں مصروف ہوگئے۔ اس وقت بضرورت ان کو اردو میں خط کتابت کرنی پڑی ہوگی........اس لیے قیاس چاہتا ہے کہ انھوں نے غالباً سنہ 50ء کے بعد اردو زبان میں خط لکھنے شروع کیے ہیں۔''۸۸

مولانا حالیؔ کے مذکورہ اقتباس سے معلوم ہوتا ہے کہ غالبؔ نے 1850ء میں اردو مکتوب نگاری کی ابتدا کی ہوگی۔ لیکن انھوں نے لفظ ''قیاس'' استعمال کیا ہے۔ جس سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ کسی حتمی فیصلے تک نہیں پہنچے ہیں۔ خلیق انجم کے مطابق اس بات میں کوئی شک نہیں ہے کہ جولائی 1850ء کے بعد غالبؔ نے فارسی کے مقابلے میں اردو خطوط نویسی کی طرف خاص توجہ مبذول کی ہوگئی۔ لیکن جس طرح یہ کہنا ممکن نہیں کہ مذکورہ تاریخ سے پہلے انھوں نے اردو میں کبھی خط و کتابت نہ کی ہوگی۔ ٹھیک اس طرح یہ کہنا بھی درست نہیں ہے کہ اس تاریخ کے بعد غالبؔ نے فارسی خط نویسی بالکل ہی ترک کی ہوگی۔ خلیق انجم کے مطابق بعض ناقدین نے حالیؔ کے اسی بیان کو بنیاد بنا کر لکھا ہے کہ غالبؔ نے جولائی 1850ء میں اردو خطوط نویسی کا آغاز کیا ہے۔ جو درست نہیں ہے۔ انھوں نے لکھا ہے کہ حالیؔ کا قول ہے کہ اس وقت ضرورتاً غالبؔ کو اردو میں خط کتابت کرنی پڑی ہوگئی۔ مولانا حالیؔ کے مذکورہ اقتباس پر اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں:

''یہ تو ممکن ہے کہ جولائی 1850 کے بعد غالبؔ نے فارسی کے مقابل میں اردو میں زیادہ خط لکھنے شروع کر دیے ہوں۔ بعض ناقدین نے حالیؔ کے اس بیان کی روشنی میں یہ لکھنا شروع کر دیا کہ غالبؔ نے اردو مکتوب کا آغاز جولائی 1850ء میں کیا تھا۔ یہ درست نہیں ۔''۸۹

غلام رسول مہرؔ حالیؔ کے بیان سے متفق نہیں ہیں۔ ان کے مطابق غالبؔ نے سنہ 1848ء سے اردو میں خط لکھنے شروع کیے تھے۔ اگر چہ بعض خطوط وقت کے ہاتھوں تلف ہو چکے ہیں۔ لیکن اب تک کے شواہد سے یہی بات سامنے آئی ہے کہ غالبؔ نے اردو میں خط کتابت کا آغاز 1850ء سے پہلے کیا تھا۔ اس بارے میں غلام رسول مہرؔ لکھتے ہیں:

''میرا خیال شروع ہی سے یہ تھا کہ اس بارے میں 1850ء کی تعین ٹھیک نہ ہوگی۔ اب 1848ء کے لکھے ہوئے خطوط بھی چھپ چکے ہیں اور ان کو سامنے رکھ کر غور کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ اس سے پیشتر بھی مرزاؔ حسب ضرورت اردو میں خط لکھتے رہے ہو گئے ۔''۹۰

مذکورہ بالا عبارت میں غلام رسول مہرؔ اس بات کی تصدیق کرتے نظر آتے ہیں کہ غالبؔ نے 1848ء سے قبل بھی اردو میں خط لکھے ہوں گے۔ اس بات کا ذکر گذشتہ اوراق میں کیا چکا ہے۔ جس میں خلیق انجم نے واضح کیا ہے کہ غالبؔ نے تفتہؔ کے نام پہلا اردو خط 1849ء یا اس سے پہلے لکھا ہے۔

امتیاز علی خاں عرشیؔ نے اس معاملے میں بہت احتیاط سے کام لیا ہے۔ انھوں نے حالیؔ کے قول کو نقل کرتے ہوئے محض یہ کہہ کر اپنی رائے کا اظہار کیا ہے کہ اردو خطوط نویسی کے متعلق مستند شواہد دستیاب نہیں ہے۔ لکھتے ہیں:

''اردو مراسلت کی ابتدا کے مطابق خود مرزا صاحب کا کوئی تصریحی بیان موجود نہیں ہے۔''۹۱

یہاں یہ بات ذہن نشین رکھنے کی ہے کہ جب غالبؔ نے اردو مکتوب نگاری کی طرف اپنی توجہ مبذول کرنی چاہی۔ اس دوران برِ اعظم ہندو پاک میں اردو کا رواج کم اور فارسی کا رواج نسبتاً زیادہ تھا۔ اور یہ بات بھی صحیح ہے کہ جب تک اردو کا چلن کم تھا۔ مرزا غالبؔ زیادہ تر فارسی میں خط و کتابت کرتے تھے۔ لیکن جوں جوں اردو کا رواج بڑھتا گیا اور فارسی کا چلن کم ہوتا گیا غالبؔ کا رجحان بھی اردو کی طرف راغب ہوتا گیا۔ یہی وجہ ہے کہ غالبؔ کے ابتدائی دور کے عام محفوظ خطوط فارسی میں اور آخری دور کے زیادہ تر خطوط اردو میں دریافت ہوئے ہیں۔ یہاں یہ بات بھی یاد رکھنے کی ہے کہ غالبؔ نے جتنے بھی اردو اور فارسی خطوط تحریر کیے تھے ہنوز وہ نہ سارے اردو اور نہ ہی سارے فارسی خط دستیاب ہو سکے ہیں یا محفوظ رہے سکے ہیں۔ اب سوال یہ رہا کہ غالبؔ کا قدیم ترین دستیاب خط کس سنہ میں لکھا

گیا ہے۔اس معاملے میں مذکورہ تمام بحث ومباحثے سے یہی نتیجہ اخذ کیا جاسکتا ہے کہ خلیق انجم، غلام رسول مہؔر اور مہیش پرشادؔ نے غالبؔ کے قدیم ترین خط کے سلسلے میں جو سنہ 1848-1849ء کا تعین کیا ہے۔وہ صحیح معلوم ہوتا ہے۔

ڈاکٹر خلیق انجم نے ''غالب کے خطوط'' کی ترتیب اور تدوین متن کے سلسلے میں بہترین اور عمدہ کارنامے انجام دیئے ہیں۔اس سلسلے میں سب سے پہلا مرحلہ تصحیح متن کا ہے۔تحقیق کی دینا میں یہ مرحلہ اس قدر صبر آزما اور وقت طلب کا حامل ہوتا ہے کہ تحقیق سے ذہنی مناسبت نہ رکھنے والے محققین اس سے دامن بچا کر نکل جاتے ہیں جس کے نتیجے میں اصل متن کہیں سے دور جا پڑتا ہے۔اور تحقیق کا سفر پہلی ہی منزل میں کھوٹا ہو جاتا ہے۔ڈاکٹر خلیق انجم نے ان تمام ذرائع اور وسائل تک رسائی حاصل کی ہے۔جن سے خطوط غالب کی تلاش، تصحیح و ترتیب متن کا کام معنٰی خیز اور معتبر ہوسکتا تھا۔یعنی متن کی تصحیح کے لیے انھوں نے نسخۂ اساس ان نسخوں کو بنایا جو غالبؔ کے ہاتھ کے لکھے ہوئے تھے۔اس کے علاوہ ''عود ہندی'' اور ''اردوئے معلٰی'' کے پہلے ایڈیشن میں شائع شدہ خطوط کو بھی بنیادی نسخہ کے طور پر استعمال کیا گیا ہے۔چوں کہ ''عود ہندی'' کے برعکس ''اردوئے معلٰی'' میں طباعت کی غلطیاں نسبتاً کم تھیں۔اس لیے جو خطوط مذکورہ دونوں مجموعوں میں مشترک تھے وہاں ڈاکٹر خلیق انجم نے اردوئے معلٰی کے متن کو ترجیح دی ہے۔یہاں ذہن میں یہ سوال ابھرتا ہے کہ جب یہ دونوں مجموعے اولین تھے تو پھر ان میں اختلافِ رائے یا تصحیح متن کی گنجائش کیسے ممکن ہے۔اس سوال کے جواب میں یہ بات ذہن نشین کرنے کی ہیں کہ جب مصنف کچھ رقم کرتا ہے تو بعض اوقات کوئی لفظ دوبارہ لکھ دیا جاتا ہے۔یا کوئی لفظ لکھنے سے رہ جاتا ہے یا پھر املا میں غلطی سرزد ہو جاتی ہے۔ایسی صورت میں محقق کی ذمہ داری بڑھ جاتی ہے کہ اسے قیاسی طور پر اصل متن تک پہنچنے کی حتی المقدور کوشش کرنی چاہیے۔اگر وہ ایسا کرنے میں کامیاب ہوسکا تو اس کی تحقیق یقیناً قابل ستائش اور قابل تقلید ہے، جہاں تک ڈاکٹر خلیق انجم کا تعلق ہے۔انھوں نے خطوط غالبؔ کی تصحیح متن کے دوران مختلف جگہوں پر اسی قسم کی قیاسی تصحیح کی ہے اور اس سے متعلق تفصیلات حاشیے میں تحریر کی ہیں۔ڈاکٹر خلیق انجم نسخۂ اساس کے بارے میں لکھتے ہیں:

> ''زیر نظر تنقیدی اڈیشن میں غالب کے ہاتھ کے لکھے ہوئے ان خطوط کو جن کے عکس مختلف رسالوں میں شائع ہوئے ہیں یا جو اصل شکل میں مختلف لائبریریوں محفوظ ہے، بنیادی نسخے کے طور پر استعمال کیا گیا ہے۔تنقیدی متن تیار کرتے ہوئے ان خطوط کا مطبوعہ خطوط سے موازنہ کر کے اختلافاتِ نسخ سے بے وجہ ضخامت بڑھنے کی کوشش نہیں کی گئی۔''اردوئے معلٰی'' اور ''عودی ہندی'' کے پہلے ایڈیشنوں میں شائع ہونے والے خطوط کو بنیادی نسخے کے

طور پر استعمال کیا گیا ہے۔ غالبؔ کے جو خطوط ان دونوں مجموعوں مین مشترک ہے، ان میں ''اردوئے معلیٰ'' کے متن کو بنیادی نسخہ بنا کر ''عودی ہندی'' کے متن سے موازنہ کر کے اختلافاتِ نسخ دے گئے ہیں۔ ''اردوئے معلیٰ'' کے متن کو اس لیے ترجیح دی گئی ہے کہ یہ مجموعہ دہلی مین شائع ہوا تھا اور ''عودی ہندی'' کے مقابلے میں اس مجموعے، میں طباعت کی غلطیاں کم ہیں۔'' ۹۲

ڈاکٹر خلیق انجم نے ''غالب کے خطوط'' کے حواشی میں جملہ خطوط کے ماخذ کی جونشاندہی کی ہے۔ وہ اس لحاظ سے قابلِ تقلید ہے کہ غلام رسول مہرؔ اور مالک رام نے اس باب میں بے احتیاطی برتی ہے۔ لیکن ڈاکٹر خلیق انجم نے اپنی محنت اور لگن سے اس باب میں قابلِ تحسین مثال پیش کی ہے۔ ڈاکٹر خلیق انجم نے تمام خطوط کو تاریخ وار مرتب کیا ہے۔ اس سے پہلے امتیاز علی خاں عرشیؔ، مولوی مہیش پرشادؔ، مولوی آفاقؔ دہلوی اور مولانا غلام رسول مہرؔ وغیرہ نے بھی غالبؔ کے خطوط کو تاریخ وار ترتیب دیا تھا۔ لیکن ڈاکٹر خلیق انجم نے انھیں متعلقہ مکتوب الیہ کے نام خطوط کے آخر میں ترتیب دیا اور اگر کسی خط کی تاریخ کا اندازہ ہونا ممکن نہ ہوسکا لیکن سنہ کا تعین ہو گیا ہے تو اس سنہ کے آخر میں اس خط کو ترتیب دیا گیا ہے۔

اس بات کا ذکر پہلے بھی کیا جا چکا ہے کہ ''غالب کے خطوط'' از خلیق انجم میں خطوط کی مجموعی تعداد 886 ہے۔ ان خطوط میں سے 785 خطوط پر تاریخیں اور سنین دونوں یا صرف سنین درج ہے۔ خلیق انجم نے ان خطوط میں سے 290 خطوط کے زمانہ تحریر کے سلسلے میں حواشی بھی لکھے ہیں۔ ان خطوط میں کچھ ایسے خطوط بھی شامل ہے۔ جن کے زمانہ کا تعین پہلے کے مرتبین خطوط غالب قیاسی طور پر کر چکے تھے۔ لیکن انہوں نے اپنی قیاس کی کوئی وجہ بیان نہیں کی ہے۔ خلیق انجم نے ان قیاسی سنین کو قبول کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے قرائن بھی لکھ دیے ہیں۔ دوسری طرف کچھ ایسے خطوط بھی ہیں جن کا زمانہ بھی خلیق انجم نے قیاسی طور پر متعین کیا ہے اور حاشیہ میں ان کا قرینہ بھی بیان کیا ہے۔ مثال کے طور پر مولوی مہیش پرشادؔ کے مرتبہ ''خطوط غالب'' میں 94 خطوط پر تاریخیں نہیں لکھی گئیں تھیں۔ خلیق انجم نے 94 میں سے 42 خطوط کا زمانہ تحریر قیاسی طور پر متعین کیا ہے۔ غلام رسول مہرؔ کے مرتبہ ''خطوط غالب'' میں ایسے خطوط کی کل تعداد 172 ہیں۔ جن میں سے 87 خطوط پر خلیق انجم نے قیاسی طور پر زمانہ تحریر کا تعین کیا ہے۔ اور ان کا قرینہ بھی بیان کیا ہے۔ اس طرح کہا جاسکتا ہے کہ خلیق انجم نے 129 خطوط کا زمانہ تحریر قرائن سے متعین کیا ہے اور ان کا قرینہ بھی بتا دیا ہے۔ خلیق انجم اس بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''ایسے خطوط کی بہت بڑی تعداد ہے جن پر تاریخ تحریر نہیں ہے۔ان خطوں میں غالبؔ نے جو واقعات بیان کیے ہیں ان کی مدد سے میں نے بیشتر خطوں کی تاریخ تحریر کا تعین کیا ہے۔ اور ہر تاریخ تحریر کے تعین کے لیے حاشیے میں اپنے مکمل دلائل پیش کیے ہیں تا کہ اگر مجھے سے غلطی ہو تو مستقبل کا محقق اسے درست کر سکے۔جن خطوں کے متن سے تاریخ کے تحریر کا تعین نہیں ہوسکا، ان کے لیے میں نے قیاس اور اندازہ سے کام نہیں لیا، بلکہ انھیں بغیر تاریخ تحریر ہی کے رہنے دیا تا کہ خطوط غالب کے ناقد اور سوانح نگار غلط فہمی کا شکار نہ ہوں۔''۹۳

غالبؔ کے خطوط میں متنوع شخصیتوں کے نام ملتے ہیں۔ان اشخاص میں کچھ شخصیتیں غالبؔ کے معاصرین اور احباب رہے ہوں گے ۔ کچھ ان کے شاگرد اور کچھ اس وقت کے ہندوستانی امراء ، کچھ حکومتِ انگلستان کے عہدیداراں وسربراہان اور کچھ مغل سلاطین کے۔خلیق انجم نے اپنی مرتبہ ''غالب کے خطوط'' میں ایسی کئی شخصیات پر حواشی لکھے ہیں۔راقم الحروف کے اعداوشمار کے مطابق خلیق انجم کی مرتبہ غالبؔ کے خطوط میں اس قسم کے حواشی کی تعداد 181 ہے۔خلیق انجم سے قبل مولانا عرشیؔ ،آفاق حسین آفاقؔ اور مولانا غلام رسول مہرؔ وغیرہ نے مذکورہ 181 اشخاص میں سے 36 شخصیتوں پر حواشی لکھے ہیں۔خلیق انجم نے مذکورہ تمام شخصیت پر بہت مفید اور کارآمد معلومات فراہم کی ہے۔چند اقتباس ملاحظہ ہو تا کہ ہمیں اس بات کا علم ہوسکے کہ خلیق انجم نے کس طرح ان شخصیات کے متعلق ہم تک معلومات بہم پہنچائی ہے:

''آشوب،امداعلی: غالب نے ان کا میر مہدی مجروحؔ کے نام ایک خط میں کیا ہے۔دہلی کے سعادات میں سے تھے۔میر روشن علی خاں فروغؔ کے صاحب زادے اور میر نظام الدین ممنونؔ کے شاگرد تھے۔اجداد میں کسی بزرگ بادشاہِ وقت سے ''خانی'' کا خطاب ملا تھا۔کہا جاتا ہے استاد کا رنگ ایسا اپنایا کہ ان کے کلام پر استاد کے کلام کا شبہ ہوتا تھا۔بقول شفتہؔ ہر مجلس مشاعرہ میں شریک ہوتے ،طرح میں غزل کہتے تھے۔''۹۴

اسی طرح دوسری جگہ لکھتے ہیں:۔

''اموجان مرزا: غالب نے ان کا ذکر میر مہدی مجروحؔ کے نام کے خط میں کیا ہے۔غالبؔ کے دیوان اردو کا تیسرا ایڈیشن مطبع احمدی دِلّی سے شائع ہوا تھا۔اس مطبع کے مالک محمد حسین خان تحسینؔ اور مہتمم مرزا اموجان تھے۔''۹۵

یہاں اس حقیقت کا انکشاف کرنا بھی ضروری معلوم ہوتا ہے کہ خلیق انجم نے اپنی مرتبہ غالب کے خطوط میں اشخاص کی جوفہرست بتائی ہے۔اس کے مطابق خطوط غالب میں وارد اعلام واشخاص کی تعداد تقریباً 784 ہے۔ اگر دیکھا جائے تو خلیق انجم کو چاہیے تھا کہ تحقیق کے اصول وضوابط کے مطابق مذکورہ تمام شخصیتوں پر حواشی لکھتے ۔اس

لیے یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ خطوط غالب پر حواشی کا یہ گوشہ ہنوز توجہ طالب اور محنت کا طلب گار ہے۔

غالبؔ نے اپنے خطوط میں بسا اوقات کسی شخص کا ذکر مفصلاً کرنے کے بجائے اس کی جانب محض اشارہ کیا ہے۔ کیوں کہ مکتوب الیہہ کی اس سے واقفیت ہوتی ہے۔ لیکن عام قارئین یہ سمجھنے سے قاصر رہ جاتے ہیں کہ غالبؔ کا اشارہ کس شخصیت کی طرف ہے۔ راقم الحروف کے مطابق ''غالب کے خطوط'' از خلیق انجم میں کم از کم 46 مقامات ایسی ہیں جہاں مرتب نے حواشی لکھ کر شخصیت کا تعین کیا ہے۔ مثال کے طور پر یوسف مرزاؔ کے نام غالبؔ ایک خط میں لکھتے ہیں:

''مولانا کا حال کچھ تم سے مجھ کو معلوم ہوا، کچھ تم مجھ سے معلوم کرو''۹۶

خلیق انجم نے حاشیے میں اس بات کی وضاحت کی ہے کہ ''مولانا'' سے مراد فضل حق خیرآبادی ہے۔ اس طرح کی چند اور مثالیں ملاحظہ ہو۔ غالبؔ ایک خط میں مغل بچوں کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''مغل بچوں کے مقدمے کو طبیعتِ امکان پر چھوڑ دو۔ میں دخل نہ کروگا''۹۷

اس پر حاشیہ تحریر کرتے ہوئے خلیق انجم نے لکھا ہے کہ مغل بچوں سے مراد مرزا قربان علی بیگ سالکؔ اور مرزا شمشاد علی بیگؔ ہے۔ اسی طرح غالبؔ نے مرزا علائیؔ کے ایک خط میں لکھا ہے:

''صاحبین کی رائے کا اختلاف مشہور ہے، مجھ سے کچھ نہیں ہوسکتا''۹۸

مذکورہ شخصیتوں کی طرح خلیق انجم نے اسٹنٹ کمشنر، لفٹنٹ کمشنر بہادر، لفٹنٹ گورنر، گورنر جنرل، لفٹنٹ گورنر بہادر پنجاب، لارڈ صاحب، صاحب اجنٹ، چیف کمشنر بہادر، صاحبِ کمشنر وغیرہ جیسی مبہم شخصیتوں پر حواشی لکھ کر شخصیت کا تعین کیا ہے۔

''غالب کے خطوط'' از خلیق انجم کی ایک خوبی یہ بھی ہے کہ بسا اوقات خطوط غالبؔ کا متن اس وقت تک قاری پر پوری طرح واضح نہیں ہو پاتا جب تک نہ اس واقع کی حقیقت کا انکشاف نہ کیا جائے۔ خلیق انجم نے اس بارے میں بھی قابلِ قدر اور عمدہ کارنامہ انجام دیا۔ راقم الحروف کے مطابق انھوں نے 82 مقامات پر اس طرح کے حواشی لکھے ہیں۔ چند مثالیں ملاحظہ ہو۔ مرزا ہرگوپال تفتہؔ کے نام ایک خط میں غالبؔ لکھتے ہیں:

''میں کالے صاحب کے مکان سے اٹھ آیا ہوں''۹۹

خلیق انجم نے مذکورہ عبارت پر حاشیہ تحریر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ 24/مارچ 1852ء کے ایک فارسی خط میں غالبؔ نے تفتہؔ کو تحریر کیا ہے:

''کالے صاحب کی وفات کے بعد اس گھر کے در و دیوار نے میرا ساتھ چھوڑ دیا (یعنی وہاں

> کے لوگوں سے نبھی نہیں)۔ میں نے کوچہ بلیماران میں ایک گھر لے لیا ہے۔ امید ہے کہ اس گھر سے میری لاش ہی نکلے گی۔"۱۰۰

انہی کے نام ایک اور خط میں غالبؔ نے لکھا ہے:

> "عیاذاً باللہ! اب مین تم کو کیوں کر کہو کہ یہ بے حرقی گورہ کرو اور رفاقت نہ چھوڑ و بلکہ یہ بھی زائد ہے جو دوست سے کہے کہ تم ہمارے واسطے اس کو ترک کر۔ بہرحال دوست کی دوستی سے کام ہے، اس کے افعال سے کیا غرض۔ جو محبت و اخلاص ان میں تم میں ہے، بہ دستور بلکہ روز افزوں رہے۔ ساتھ رہنا اور پاس رہنا بنیں ہے، نہ سہی"۱۰۱

مذکورہ بالا عبارت کے بارے میں خلیق انجم نے حاشیہ میں لکھا ہے:

> "تفتہ بھرت پور ریاست مین ملازم ہو گے تھے، قوی امکان ہے کہ یہ نوکری جانی بہاری لال راضی کے توسط سے ملی تھی۔ کچھ عرصہ کے بعد تفتہ کے راضی سے اختلافات ہو گئے اور نوبت یہان تک پہنچی کہ تفتہ نے ملازمت چھوڑ دی۔ غالب اسی واقعے کی طرف اشارہ کر رہے ہیں۔"۱۰۲

غالبؔ کے خطوط کی بار بار طباعت سے ان میں مختلف اختلافات بھی رونما ہو گئے ہیں۔ خلیق انجم نے "غالبؔ کے خطوط" کی تدوین میں ایک اہم اور قابل تقلید خدمت حواشی میں ان اختلافات نسخ کی نشاندہی ہے۔ راقم الحروف کے مطابق خلیق انجم نے کم از کم 1523 مقامات پر اس طرح کی نشاندہی حواشی میں کی ہے۔ مثال کے طور پر غالبؔ نے ایک خط تفتہ کے نام لکھا ہے جس میں درج ذیل عبارت آئی ہے:

> "جو لوگ قتیل کو اچھوت لکھنے والوں میں جانیں گے۔"۱۰۳

خلیق انجم نے حاشیے میں لکھا ہے کہ:

> "اردوئے معلی میں "جانے گے" لکھا ہے۔"۱۰۴

اسی طرح تفتہ کے دوسرے خط میں "یہ کھلی سورٹھ" پہنے" لکھا ہے۔ خلیق انجم نے حاشیے میں لکھا ہے کہ:

> "غالبؔ نے "سہرٹ" لکھا ہے۔ جو سہو قلم معلوم ہوتا ہے۔ کیوں کہ اصل لفظ "سورٹھ" ہے۔ ہندی میں یہ ایک راگنی کا نام ہے۔"۱۰۵

ایک اور خط غالبؔ نے تفتہ کے نام لکھا ہے جس میں انھوں نے درج ذیل عبارت لکھی ہے:

> "میرٹھ ہوتے ہوئے اور میرٹھ میں ان اضلاع کے علاقہ داروں اور مال گزروں کا دربار کرتے ہوئے، انبالے جائے گئے۔"۱۰۶

خلیق انجم نے حاشیے میں میرٹھ کے بجائے "میرٹ" لکھا ہے۔

غالبؔ کے خطوط میں غالبؔ اور کئی دوسرے شعرا کے اشعار استعمال کیے گئے ہیں۔خلیق انجم نے اپنی مرتبہ ''غالب کے خطوط'' میں کئی مقامات پر غالبؔ اور کئی دوسرے شعرا کے اشعار کی تخریج کی ہے۔جس کی تفصیل نیچے بیان کی جارہی ہے۔تفتہؔ کے نام ایک خط میں یہ شعر آیا ہے: ؎

یاد گار زمانہ ہیں ہم لوگ
یاد رکھنا فسانہ ہیں ہم لوگ

۱۰۷

خلیق انجم نے اس شعر پر حاشیہ تحریر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ یہ شعر مصحفیؔ کے شاگرد نورالاسلام منتظرؔ کا ہے۔ خلیق انجم نے اس شعر کے بارے میں معلومات فراہم کرتے ہوئے لکھا ہے کہ سرورؔ نے ''فسانہ عجائب'' میں اس شعر کا دوسرا مصرع کچھ یوں لکھا ہے: ؎

یاد رکھنا فسانہ ہیں ہم لوگ

۱۰۸

اسی طرح عبدالغفور سرورؔ کے نام ایک خط میں غالبؔ نے ''منکہ باشم عقل کل الخ'' آیا ہے۔اس کی تخریج کرتے ہوئے خلیق انجم نے حاشیہ میں لکھا ہے کہ یہ عرفیؔ کے ایک قصیدے کا شعر ہے اور اصل شعر یوں ہے: ؎

من کہ باشم عقلِ کل رانادک انداز ادب
مرغ اوصاف تواز اوج بیان انداختہ

۱۰۹

انہی کے نام اسی خط میں ایک دوسرے شعر کا یہ ٹکڑا تحریر کیا گیا ہے: ؎

احسان توبشگافتہ الخ

۱۱۰

خلیق انجم نے حاشیہ میں اس مصرعے کے بارے میں لکھا ہے کہ یہ عرفیؔ کے ایک اور قصیدے کا شعر ہے۔ جو یوں ہے: ؎

انعام تو بردوختہ چشم و دہنِ آز
احسان توبشگافتہ ہر قطرۂ یم را

۱۱۱

غالبؔ نے نواب علاء الدین احمد خان علائی کے نام ایک خط میں ایک شعر لکھا ہے۔ شعر یوں ہے: ؎

در بزم وصال توبہ ہنگام تماشا
نظارہ جندن مژگاں گلہ دادر

۱۱۲

ان ہی کے نام ایک دوسرے خط میں غالبؔ نے ایک اور شعر لکھا ہے۔ جو یوں ہے: ؎

دامانِ نگہ تنگ گل حسن توبسیاد
گلچین بہار تو زداماں گلہ دارد

۱۱۳

غالبؔ نے مذکورہ دونوں اشعار قدسؔی کے نام منسوب کیے ہیں۔ انھوں نے لکھا ہے کہ یہ دونوں اشعار قدسی کے ہیں۔ جن کا شمار مغربی قدما اور عرفا میں کیا جاتا ہے۔ لیکن خلیق انجم کے مطابق یہ دونوں اشعار غالبؔ نے قدسؔی کے نام غلط منسوب کیے ہیں۔ انھوں نے حاشیہ میں لکھا ہے کہ کلیاتِ قدسؔی کے دو قلمی نسخے انھیں دستیاب ہوئے ہیں۔ لیکن دونوں قلمی نسخوں میں نہ ان اشعار کا کوئی ذکر ملتا ہے اور نہ ہی اس زمین میں قدسؔی نے کوئی غزل کہی ہے۔ خلیق انجم کے مطابق یہ دونوں اشعار فارسی اشعار کے ایک مطبوعہ مجموعہ عشرتؔی میں موجود ہے۔ ان کے مطابق مقطع کا ایک مصرع یوں ہے: ؎

اے عشرتی از وضع تو جاناں گلہ دارد

۱۱۴

غالبؔ نے نواب کلب علی خاں بہادر کے نام ایک خط میں شعر کا ایک مصرع ''جو تم پھر آ تو تو حضرت پھریں ہمارے دن'' استعمال کیا ہے۔ یہ مصرع ''غالبؔ کے خطوط'' از خلیق انجم صفحہ 1221، جلد سوم پر ہے۔ یہ مصرع کس کا ہے خط میں اس کی نشاندہی نہیں کی گئی ہے۔ خلیق انجم نے اس پر حاشیہ تحریر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ یہ مصرع جرآتؔ دہلوی کا ہے۔ اور اصل مصرع کچھ اس طرح ہے: ؎

جو تم پھر آو تو پیارے ، پھریں ہمارے دن

۱۱۵

نواب کلب علی خاں بہادر ہی کے نام ایک اور خط میں غالبؔ نے ایک قطعہ لکھا ہے۔ جو یوں ہے:۔

مغلوب ِ غلبۂ غم ِ دل ، غالبؔ حزیں
کاندر قنش زضعف تواں گفت، بال نبود
از رام پور زندہ بدیلی رسیدہ است
مارابدین گیاہ ضعیف ایں گماں نبود

۱۱۶

اس قطعہ پر حاشیہ تحریر کرتے ہوئے خلیق انجم نے لکھا ہے کہ یہ قطعہ اصل میں سفر کلکتہ کے متعلق کہا گیا ہے ۔ان کے مطابق جب غالبؔ کلکتہ میں تھے تو انھوں نے اپنے ایک دوست رائے چھج مل کو ایک خط تحریر کیا جس میں انھوں نے یہ قطعہ بھی تحریر کیا تھا۔ لیکن اس خط میں پہلے اور تیسرے مصرع کی صورت قدر مختلف تھی۔ اس قطعہ کے بارے میں مزید معلومات بہم پہنچاتے ہوئے خلیق انجم نے لکھا ہے کہ رائے چھج مل کو لکھے گئے خط میں پہلے اور تیسرے مصرعے کی صورت اس طرح تھی:۔

مغلوب سطوت غم دل غالبؔ حزیں
گو ئندہ زندہ قابہ بنارس رسیدہ است

۱۱۷

غالبؔ نے قاضی عبدالجمیل جنوںؔ بریلوی کے نام ایک خط تحریر کیا ہے جس میں غالبؔ نے اشعار پر اصلاح کرتے ہوئے لکھا ہے۔ کہ شعر کو دور کرو اور اگر کوئی اور شعر ہاتھ نہ آئے اور آپ اسی کو رکھنا چاہو تو یوں رکھو:۔

گالیاں دیتے ہو کیوں مشفق من ، خیر تو ہے

۱۱۸

جس مصرع کی غالبؔ اصلاح کر رہے تھے وہ مصرع یوں ہے:۔

اے مشفق من نامہ بوط اور فتح ، ٹکسال باہر

۱۱۹

خط میں غالبؔ نے شعر کے خالق کی نشاید ہی نہیں کی ہے۔ خالق کی نشاندہی کرتے ہوئے خلیق انجم نے حاشیہ میں لکھا ہے کہ یہ شعر جنوںؔ کا ہے اور پورا شعر یوں ہے:۔

باعث ِ ترک تکلف نہیں کھلتا مجھ کو
گالیا ں دیتے ہو اے مشفق من خیز تو ہے

۱۲۰

قاضی عبدالجمیل جنوںؔ بریلوی کے ایک اور خط میں غالبؔ نے جنوںؔ کے ایک شعر کی اصلاح کا ذکر کیا ہے ۔جنوںؔ نے اصلاح کے لیے جو شعر بیجھا تھا خط میں اس کی نشاندہی نہیں کی گئی ہے ۔البتہ اصلاح کرنے کے بعد غالبؔ نے جو شعر بیجا تھا وہ یوں ہے:۔

وصل کے وعدے سے ہو دل شاد کیا
تم سے دشمن کی مبارک باد کیا

۱۲۱

خلیق انجم نے مذکورہ شعر پر حاشیہ تحریر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ جنوںؔ نے اصلاح کے لیے جو شعر بھیجا تھا اس کا اصل مصرعہ یہ تھا:۔

وصل کیا بوسہ نہیں ملتا ہمیں

۱۲۲

اس طرح بقول خلیق انجم غالبؔ نے پورا مصرعہ ہی بدل دیا ہے۔

غالبؔ نے محمد حبیب اللہ ذکا کے نام ایک خط لکھا ہے۔جس میں انھوں نے ایک مصرع تحریر کیا ہے۔مصرع یوں ہے:۔

دیدیم گل ولالہ چہار رنگ برآورد

۱۲۳

خلیق انجم نے مذکورہ مصرع پر حاشیہ تحریر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ اصل شعر یہ ہے:۔

ہر یک زگل ولالہ چہار رنگ بر آورد
رخسارِ تو زیں ہر دو جدا رنگ برآورد

۱۲۴

محمد حبیب اللہ ذکاؔ ہی کے نام ایک خط میں غالبؔ نے ذکاؔ کے کلام پر اصلاح کرنے کا ذکر کیا ہے۔غالبؔ

جس کلام کا ذکر کر رہے ہیں۔ خط میں اس کا متن نہیں دیا گیا ہے۔ ذکاؔ کے کلام پر اصلاح کرتے ہوئے غالبؔ لکھتے ہیں:

''پہلے مطلع میں لطف نہیں۔ ہاں مضمون لطیف ہے۔ وہ فرد میں خوب اا گیا ہے۔ مطلع ثانی یہ سبب تقصیدات کے مہمل دہ گیا۔ ''ورنہ'' کا قافی اور شعر میں اور طرح سے بندھ گیا۔ تیسرا شعر الفاظ بدلنے سے بہت اچھا ہوگیا۔ جو شعر بے تصرف بہ دستور رہا اس کا ذکر کچھ ضرور نہیں ،ساقی ابھی چھی...'' ۱۲۵

خلیق انجم نے اس پر حاشیہ تحریر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ غالبؔ نے خط میں جن اشعار کا ذکر کیا ہے وہ یوں ہیں: ؎

ساقی ابھی چھی کو نچوڑ یں تو نکل آئے
پانی جو سکندر ، کو میسر نہ ہوا تھا
غافل کبھی مجھ سے وہ ستم گرنہ ہوا تھا
یعنی مجھے اندیشہ ، محشر نہ ہوا تھا
رائے تجھے یاں تک مجھے باور نہ ہواتھا
عاشق تری دلالہ پہ مین ورنہ ہوا تھا
رکھو چھوڑا وہیں عالم بالا پہ قفانے
طوبیٰ جو ترے قد کے برابر نہ ہوا تھا
اچھا کیا ، پچھلے سے جو رخصت کی نادی
مرن کا مرے وقت مقرر نہ ہواتھا
قائل ہوں میں غالبؔ کے ذکر کا طرز سخن کا
ایسا کوئی دلی میں سخنور ہوا تھا

۱۲۶

خلیق انجم نے حاشیہ میں لکھا ہے کہ مذکورہ غزل دیوان صاحب کے اس قلمی نسخے میں موجود ہے۔ جو حبیب اللہ ذکاؔ کی ملکیت رہ چکا تھا۔ سید میر تقی حسین فاضلؔ نے بھی ''اردوئے معلیٰ'' کی جلد دوم میں یہ نقل کیا ہے۔

غالبؔ نے مرزا حاتم علی مہؔر کو ایک خط میں تحریر کیا ہے کہ انھوں نے حال ہی میں ملکہ وکٹوریہ کی مدح میں ساٹھ اشعار پر مبنی ایک قصیدہ لکھا ہے۔ اپنے اس قصیدے کے بارے میں غالبؔ حاتم علی مہؔر کو لکھتے ہیں:

''میں نے حضرت ملکہ معظمہ انگلستان کی مدح میں ایک قصیدہ ان دنوں میں لکھا ہے۔

''تہنیت فتح ہنداور عمل داری شاہی ساٹھ بیت ہے۔''۱۲۷

خلیق انجم کا خیال ہے کہ غالبؔ نے یہی قصیدہ ملکہ وکٹوریہ سے پہلے بہادر شاہ ظفر کی طویل بیماری کے بعد غسل صحت کے موقع پر کہا تھا۔ غالبؔ نے قصیدے کے چند اشعار نکال کر کے اور بعض لفظی تبدیلیاں کر کے اسی قصیدے کو ملکہ معظّمہ کی مدح میں کر دیا ہے۔ خلیق انجم نے اس قصیدے پر حاشیہ تحریر کرتے ہوئے لکھا ہے۔ کہ غالبؔ نے بہادر ظفر کی خدمت میں جو قصیدہ پیش کیا تھا۔ اس کا مطلع یہ ہے: ؎

در روزگار ہانتو اند شمار یافت
خود روز گار انجہ دریں روز گار یافت

۱۲۸

اپنے اس دعویٰ کی دلیل خلیق انجم یوں بیان کرتے ہیں:

''ملکہ معظّمہ کی مدح میں قصیدے کے بارے میں تقریباً یہی باتیں غالبؔ نے 22/ ستمبر 1858ء کے خط میں منشی نبی بخش حقیؔر کو بھی لکھی تھیں۔ غالبؔ نے دونوں لکھا ہے کہ انھوں نے یہ قصیدہ انہی دنوں میں کہا ہے۔ جو حقیقت نہیں۔ غالبؔ نے یہ قصیدہ 1853ء میں بہادر شاہ ظفر کی طویل بیماری کے بعد غسل صحت کے موقع پر کہا تھا۔''۱۲۹

خلیق انجم نے اپنے دعویٰ کی دلیل میں مالک رآم کی کتاب ''غالبؔ کے فارسی قصیدے'' کا حوالہ بھی دیا ہے۔

غالبؔ 1212ھ مطابق 27/دسمبر 1797ء کو آگرہ میں پیدا ہوئے۔ ان کی وفات 2/ذیعقدہ سنہ 1285ھ مطابق 15/فروری 1869ء کو ہوئی۔ خلیق انجم کے مطابق غالبؔ نے محمد زکی زکؔی کے نام ایک خط تحریر کیا ہے جس پر 1267ھ تاریخ تحریر ہے۔ اس خط میں غالبؔ نے اپنی عمر 76 سال بتائی ہے۔ اپنی عمر کے بارے میں غالبؔ لکھتے ہیں:

''امید کہ حضرات طرفین بہ موجب مفہم لایکلف اللہ نفساً الا وسعہا۔ اس پیر ہفتا دوش سال ضعیف الحواس کو معفو فرمائیں۔''۱۳۰

مذکورہ عبارت میں غالبؔ نے اپنی عمر 76 سال بتائی ہے۔ چناں چہ غالبؔ کی وفات 1285ھ میں ہوئی تھی اور مذکورہ خط پر 1267ھ تاریخ تحریر رقم کی گئی ہے۔اس حساب سے مرزا غالبؔ کی وفات 94 برس کی عمر میں ہوجانی چاہیے۔ جو سراسر غلط ہے۔ کیوں کہ غالبؔ کی وفات ہجری حساب سے 73 برس کی عمر میں ہوجاتی ہے۔ جب کہ عیسوی حساب سے 71 برس کی عمر میں خلیق انجم نے مذکورہ خط پر تحریر کرتے ہوئے لکھا ہے:

> ''غالبؔ نے اپنی عمر 76 سال بتائی ہے جو دوست نہیں۔ہجری حساب سے غالبؔ کی وفات 73 سال میں اور عیسوی حساب سے 71 سال میں ہوئی تھی۔''[۱۳۱]

حبیب اللہ ذکاؔ کے نام ایک خط میں غالبؔ نے تحریر کیا ہے کہ جب وہ 1830ء میں کلکتہ گئے تھے وہاں انھیں گورنر جنرل سے ملنے کا شرف حاصل ہوگیا۔ گورنر جنرل سے ملاقات کے بعد دربار سے انھیں تین خلعت سے نوازا گیا۔حبیب اللہ ذکاؔ لکھتے ہیں:

> ''1830ء میں کلکتے گیا۔نواب گورنر سے ملنے کی درخواست کی۔ دفتر دیکھا گیا۔ میری ریاست کا مال معلوم کیا گیا۔ ملازمت ہوئی۔ سات پارچے اور جیغہ سر پیچ۔ ملاے مروار۔یہ تین رقم خلعت ملا۔''[۱۳۲]

مذکورہ عبارت سے معلوم ہوجاتا ہے کہ غالبؔ کو گورنر جنرل نے ملازمت، سات پارچے اور جیغہ سر پیچ کے عزازات سے نوازا تھا۔خلیق انجم غالبؔ کے اس دعویٰ کے منکر ہیں۔انھوں نے مذکورہ خط پر حاشیہ تحریر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ غالبؔ نے کلکتہ میں گورنر جنرل کے دربار میں شرکت ضرور کی تھی۔لیکن انہیں دربار سے کوئی خلعت نہیں ملا تھا۔انھوں نے لکھا ہے کہ ممکن ہے غالبؔ نے خلعت کی درخواست کی ہوگئی۔لیکن ان کی یہ درخواست قبول نہیں ہوئی۔ خلیق انجم نے ساتھ ہی اس بات کی تصدیق بھی کی ہے کہ ہنوز انھیں اپنے اس اختلاف کے بارے میں کوئی شواہد دستیاب نہیں ہوئے ہیں۔اس لیے کہا جاسکتا ہے کہ خلیق انجم کا اختلاف بے بنیاد ہے۔ کیوں کہ تحقیق مین بغیر شواہد اور دلائل کے کوئی بات نہیں کہی جاسکتی۔

''قاطع برہان'' ایک فارسی لغت ہے۔جس کا اصل نام ''برہان قاطع'' ہے۔اس لغت کے مؤلف محمد حسین برہان تبریزی ہیں۔غالبؔ نے اس میں کئی خامیوں کی نشاندہی کرائی ہے۔جس کی وجہ سے بہت سے لوگ غالبؔ کے مخالف ہوگئے۔انھوں نے اس کے جواب میں ایک رسالہ بھی نکالا تھا۔ یہ رسالہ پہلی بار'' قاطع برہان'' کے نام سے چھپا تھا اور بعد میں اس کا دوسرا اڈشن ''درفش کادیانی'' کے نام سے شائع ہوا۔جس میں باضابطہ اعترافات کئے گئے ہیں۔غالبؔ نے منشی میاں داد سیاحؔ کے نام ایک خط میں اعتراف کیا ہے کہ اس رسالے کو انھوں نے خود چھاپا

تھا۔ ''قاطع برہان'' کی طباعت کے بارے میں غالبؔ لکھتے ہیں:

''میرے پاس روپیہ کہاں جو'' قاطع برہان'' کو دوبارہ چھپواوں۔ پہلے بھی نواب مغفور نے دوسو روپیے بھیج دیے تھے۔ تب پہلا مسودہ صاف ہو کر چھپوایا گیا تھا۔ اب بھی وعدہ کیا تھا کہ اپریل کی وجہ مقرری کے ساتھ دوسو پہنچیں گے، وہ آخر اپریل 1865ء میں مرگئے۔ اپریل کا روپیہ رئیس حال سے میں نے پایا۔''۱۳۳

خلیق انجم غالبؔ کے اس بیان کے منکر ہیں۔ غالبؔ کے اس بیان پر حاشیہ تحریر کرتے ہوئے خلیق انجم نے لکھا ہے کہ اس کا پہلا اڈیشن غالبؔ نے نہیں بلکہ منشی نول کشور نے چھاپا تھا۔ غالبؔ کے مذکورہ بیان سے اختلاف کرتے ہوئے خلیق انجم نے حاشیہ میں لکھا ہے:

''غالبؔ کا یہ بیان درست نہیں'' قاطع برہان'' کا پہلا اڈیشن منشی نول کشور نے چھاپا تھا اور غالبؔ نے اس کی طباعت پر ایک پیسہ بھی خرچ نہیں کیا تھا اور نہ ہی نواب رام پور نے اس سلسلے میں غالبؔ کو کوئی رقم دی۔ غالبؔ چاہتے ہیں کہ نواب میر غلام بابا خان'' قاطع برہان'' کے دوسرے اڈیشن کے لیے دوسو روپیے دے دیں غالبؔ کو اپنے مقصد میں کامیابی تو ہوئی لیکن پوری نہیں۔''۱۳۴

مذکورہ عبارت سے صاف واضح ہو جاتا ہے کہ خلیق انجم غالبؔ کے پورے بیان کی تردید کرتے ہیں۔ خلیق انجم کا اختلاف کس حد درست ہے اس بارے میں کوئی حتمی فیصلہ نہیں کیا جا سکتا۔ کیوں کہ انھوں نے اپنے اختلاف میں کوئی شواہد پیش نہیں کیے ہیں۔ اس لیے قیاس یہی ہے کہ'' قاطع برہان'' کی اشاعت غالبؔ نے ہی کی ہوگی۔ کیوں کہ آگے خود خلیق انجم اس بات کی تصدیق کرتے ہیں کہ غالبؔ نے نواب میر غلام بابا خانؔ سے'' قاطع برہان'' کی دوسری اشاعت کے لیے سو روپے لے لیے۔ اگر غالبؔ نے غلط کہا ہوتا تو ممکن ہے کہ نواب میر غلام بابا خانؔ انہیں اس کی دوسری اشاعت کے لیے پیسے دے دیتے۔

نواب فردوس مکانؔ کے ساتھ تلمذ کے بارے میں غالبؔ نے اپنے کئی خطوط مختلف میں ذکر کیا ہے۔ لیکن ہر خط میں ان کا بیان دوسرے خط کے بیان سے مختلف ہے۔ مارچ ۱۸۶۰ء میں انہوں نے خواجہ غلام غوث بے خبرؔ کو ایک خط تحریر کیا ہے جس میں انہوں نے لکھا ہے کہ نواب فردوس مکانؔ سنہ ۱۸۵۵ء میں ان کے شاگرد ہوئے ہیں۔ وہ لکھتے ہیں:

'سنہ ۱۸۵۵ء میں نواب یوسف علیخاں بہادر والی رام پور، کہ میرے آشنائی قدیم ہیں۔ اس سال یعنی سنہ ۱۸۵۵ء میں میرے شاگرد ہوئے۔'' ناظمؔ'' اونکو تخلص دیا گیا''۱۳۵

منشی ہرگوپال تفتہ کے نام ایک خط میں غالب نے اس بات کا ذکر یوں کیا ہے:۔

''نواب یوسف علی خاں بہادر تیس بتیس برس کے میرے دوست اور پانچ چھ برس سے میرے شاگرد ہیں۔ آگے گاہ گاہ کچھ بھیج دیا کرتے تھے۔ اب جولائی سنہ ۱۸۵۹ء سے سو روپیا مہینا ماہ بماہ بھیجتے ہیں۔''۱۳۶

اس تخمینہ کی رو سے نواب یوسف علی خاں ناظم نے سنہ ۵۵۔۱۸۵۴ء میں غالب کی شاگردی اختیار کی ہے ۔لیکن ۳۰ جولائی ۱۸۶۵ء کو انھوں نے میاں دادخاں سیاح کو ایک خط میں تحریر کیا ہے:

''ایک قرن ۱۲ برس سے فردوس مکان نواب یوسف علی خاں والی رام پور اپنے اشعار میرے پاس بھیجتے تھے اور سو روپیہ مہینا ماہ بماہ بسبیل ہنڈوی بھجواتے تھے۔''۱۳۷

اس حساب سے نواب فردوس مکان کو 1853ء میں مرزا صاحب سے مشورہ سخن حاصل ہونا چاہیے۔ مرزا صاحب کے سوانح نگاروں میں مولانا غلام رسول مہر نے سنہ 1855ء کو تسلیم کیا ہے۔خلیق انجم نے اس بارے میں مولانا امتیاز علی خاں عرشی کا حوالہ دیتے ہوئے حاشیہ میں لکھا ہے کہ نواب صاحب نے 5/فروری 1857ء کو غالب کے نام ایک خط تحریر کیا ہے جس میں انھوں نے غالب سے تلمذ اختیار کرنے کی خواہش ظاہر کی تھی، اور اصلاح کے لیے کچھ اشعار بھی بھیجے تھے۔اس کی پوری تفصیل مولوی امتیاز علی عرشی نے مکاتیب غالب کے پہلے اڈیشن میں بیان کی ہے۔

مولانا عرشی لکھتے ہیں کہ جب 1855ء میں نواب جنت آرام گاہ نے وفات پائی اور نواب یوسف علی خاں ناظم تخت نشین ہوئے۔تو مرزا غالب نے قدیم رابطہ کو مدنظر رکھتے ہوئے قطعہ تاریخ جلوس ارسال کیا۔لیکن معلوم ہوتا ہے کہ دربار رام پور سے اس خط کا کوئی جواب نہیں دیا گیا اور تقریباً دو سال تجدید تعلقات کی یہ کوشش ناکام رہی۔

دو سال بعد 1857ء میں حسن اتفاق سے مولانا فضل حق خیرآبادی رام پور میں مقیم تھے۔اپنی دوستی کا حق ادا کرتے ہوئے انھیں جب موقع ملا تو انھوں نے یوسف علی خاں ناظم کے سامنے مرزا صاحب کی اس قدر تعریف وتوصیف کی کہ یوسف علی خاں ناظم غالب کے کلام کے مشتاق ہو گئے۔اور جب انھیں حالات سازگار نظر آئے تو انھوں نے غالب کو رقعہ بھیجا کہ سرکار کی خدمت مبارک میں نامہ بندگی اور مدحیہ قصیدہ ارسال کریں۔اس بات کا ذکر کرتے ہوئے عرشی صاحب لکھتے ہیں:

''مولانا کا نامہ گرامی مرزا صاحب کو 28/جنوری 1857ء کو موصول ہوا۔ 28 جنوری کو

انھوں نے بتعمیل ارشادنواب فردوس مکاں کی خدمت میں پہلا عریضہ ارسال کیا۔اس کے جواب میں سرکار نے 5 رفروی کو اپنے کچھ اشعار بغرض اصلاح بھیجے اوراس کے ساتھ تحریر فرمایا۔..نمیقہ انیقہ بلاغت آگیں شعر رسید خط مولوی صاحب مخدوم محمد فضل حق صاحب با دیگر مراتب محبت واشفاق بصیارت رنگین ورفیق درعین انتظار سرمہ کش عیون وصول نشاط شمول گردیدۂ باطلاع کیر بہتا سرمایۂ سرور نامحصور افزودہ از مزید شفقت و ایتلاق قلبی مقور شد۔''۱۳۸

عرشی صاحب کے مطابق سرکار رام پور یوسف علی خاں ناظم کے اس بیان سے مرزا غالب میں ایک نیا جوش اور ولولہ پیدا ہو گیا۔اورانھوں نے 11 رفروری 1857ءکونواب یوسف علی خاں ناظم کی مدح میں ایک مدحیہ قصیدہ تحریر کر کے بذریعہ ڈاک ارسال کیا۔اس قصیدے کی ایک نقل مرزا صاحب نے مولانا فضل حق خیرآبادی کی خدمت میں بھی بھیجی تھی۔جوانہیں الور میں موصول ہوگئی۔عرشی کے مطابق مولانا فضل حق نے الور سے 10 راپریل 1857ءکونواب یوسف علی خاں ناظم کی خدمت میں ایک خط تحریر کیا۔جس میں انھوں نے لکھا:

''بعز عرض میرساند، کہ خیر سگاں بافضال ایز دہیماں بصحت واعتدال بالور رسیدہ، ملاطفہ مرزا صاحب مشفق نجم الدولہ مرزا اسد اللہ خاں صاحب تخلص بغالب مع قصیدہ ہمیہ کہ در مدح حضور فیض معمور منظوم کردہ اند، از ڈاک خانہ یافت مرزا صاحب موصوف در ثناوستایش موزونی طبع اقدس عطای مبلگ ہانصد روپیہ، کہ بد دفعہ بمرزا صاحب موصوف عنایت شدند، اسہاب درتحریر فرموداند، حالانکہ طبع اقدس درعلوم عقلی وفنون حکمیہ آنچناں دقیقہ رس عدیل آں درمملکت ہندوستان کہ حال علمای آں تفصیلاً معلوم است، کمتر بلکہ معدوم است، نظم شعر وفہم آں وابداع معانی تازہ ومضامین مبتکرہ وسرد الفاظ فصیحہ وتراکیب بلیغہ بحسب اوزان عروض نسبت بعلو طبع اقدس وبلندی افکار صائبہ از ادنی مراتب است ...حضور لامع النور بنفس نفیس امتحانات فرمودہ اند، وتکریرامتحان ہم سہل است ۔ ونظر بہمت والا درجود وسخا بذل آلافِ الوف رااقل قلیل توان پنداشت ۔ مرزا صاحب حق سپاسگزاری ادا کردہ اند نظم قصیدہ، مدحیہ درغایت بلاغت وانجام است۔غالباً شرف اندوز ملاحظہ والا شدہ باشد۔''۱۳۹

مولانا امتیاز علی خاں عرشی کے مطابق مولانا فضل حق خیرآبادی کی اس تحریر نے غالب کے سابقہ تمام تعلقات از سرنو استوار کیے۔اس طرح ایک شفیق اور مخلص دوست کی کوششوں سے مرزا صاحب کی دلی خواہش پوری ہوئی کہ نواب یوسف علی خاں ناظم نے غالب سے تلمذ اختیار کیا۔

مذکورہ تمام بحث ومباحثے سے واضح ہوجاتا ہے کہ نواب فردوس مکاں کے غالب سے تلمذ کے بارے میں

مولوی عرشی نے جو دلائل اور شواہد پیش کیئے ہیں۔ وہ قیاساً درست اور مستند معلوم ہوتے ہیں۔ اس لئے قیاس یہی ہے کہ یوسف علی خاں ناظم نے 5 فروری 1857 کو غالب سے تلمذ حاصل کیا ہے۔

ہنگامۂ غدر سے پہلے غالب کی مالی حالت بہت بہتر تھی۔ انھیں انگریزی سرکار سے ساڑھے ساتھ سو روپے سالانہ پنشن مل رہی تھی۔ بہادر شاہ ظفر نے بھی تاریخ نویسی کے لیے سالانہ چھ سو روپئے مقرر کیے تھے۔ مرزا فخرو چار سو روپئے سالانہ وظیفہ اور دس روپئے ماہانہ باقر علی اور حسین علی کے پھلوں کے لیے دیتے تھے۔ اس طرح اگر دیکھا جائے تو انہیں ماہانہ ایک سو پچیس روپئے اور کچھ آنے ملتے تھے۔ لیکن ہنگامۂ غدر کے بعد ان کی آمدنی کے تقریباً تمام ذرائع بیک وقت بند ہو گئے۔

1857ء سے ایک دو سال پہلے جب انگریزوں نے مرزا فخرو کے سامنے یہ شرط رکھی کہ مرزا فخرو اسی وقت ولی عہد تسلیم کئے جائیں گے۔ جب وہ اس بات کی یقین دہانی کریں گے کہ بادشاہ ہونے کے بعد وہ قلعۂ معلیٰ کی سکونت چھوڑ کر قطب صاحب چلے جائیں گے۔ غالب اس شرط کا مفہوم بہت اچھی طرح جان چکے تھے۔ انہیں بہ خوبی علم تھا۔ کہ اسی کے ساتھ مغل حکومت ختم ہو جائے گی۔ اس لیے وہ براہ راست ملکہ معظّمہ سے تعلقات قائم کرنے کے خواہش مند تھے۔ خلیق انجم کے مطابق انہوں نے اس سلسلے میں 9 نومبر 1855ء کو ایک قصیدہ لارڈ الن برا کی خدمت میں بھیجا جس میں غالب نے یہ درخواست بھی کی تھی کہ انہیں ملکہ معظّمہ کی طرف سے خطاب عطا کیا جائے۔ اور ان کے موجودہ خلعت اور پنشن میں اضافہ کیا جائے۔ خلیق انجم کے مطابق غالب کو پوری امید تھی کہ ان کا کہا پورا ہو جائے گا۔ لیکن اس سے پہلے کہ غالب کی خواہش پوری ہو جاتی 1857ء کا انقلاب رونما ہوا۔ 11 مئی سے 12 ستمبر یعنی چار مہینے چار دن تک پوری دلی پر ہندوستانیوں کا قبضہ تھا۔ لیکن اس کے بعد پورا نظام یکسر بدل گیا۔ یوں تو سارے براعظم ہندو پاک پر یہ منظر قیامت سے کچھ کم نہ تھا۔ لیکن جن ہندوستانیوں کے تعلقات انگریزوں سے اچھے تھے۔ انہیں جان و مال کے لالے پڑنے لگے۔ کیوں کہ انقلابیوں کے دلوں میں شدید غم و غصہ بھرا پڑا تھا۔ اس دوران بہت سے انگریزوں کو مار دیا گیا تھا۔ انگریزوں کا ایک گروہ ایسا بھی تھا جنہیں انگریزوں سے ہمدردی تو تھی۔ لیکن حالات سے مجبور ہو کر انہوں نے خاموشی اختیار کر رکھی تھی۔ وہ اس حقیقت سے واقف تھے کہ انگریزوں سے ہمدردی کا اظہار موت کے برابر ہے۔ اس لیے یہ سب انقلابیوں سے خائف بظاہر انہی کی حمایت کر رہے تھے۔ خلیق انجم کے مطابق 14 مئی 1857ء کے حالات کے تحت جن لوگوں کو بہادر شاہ ظفر کے دربار میں ہونا پڑا تھا ان میں غالب کا نام بھی شامل تھا۔ لیکن غالب نے تفتہ کے نام ایک خط میں اس بات کا اظہار کیا ہے کہ ان پر کسی قسم کا

کوئی الزام ثابت نہیں ہوا ہے۔ غالبؔ نے لکھا ہے کہ نہ انقلابیوں سے ان کا کوئی تعلق تھا اور نہ ہی انہوں نے انگریزوں کی کوئی مدد کی ہے۔ لکھتے ہیں:

''اس فتنہ و آشوب میں کسی مصلحت میں، میں نے دخل نہیں دیا۔ صرف اشعار کی خدمت بجا لاتا رہا اور نظر اپنی بے گناہی پر، شہر سے نکل نہیں گیا۔ میرا شہر میں ہونا حکام کو معلوم ہے، مگر چونکہ میری طرف بادشاہی دفتر میں سے یا مخبروں کے بیان سے کوئی بات پائی نہیں گئی، لہذہ طلبی نہیں ہوئی۔ ورنہ جہاں بڑے بڑے جاگیردار بلائے ہوئے یا پکڑے ہوئے آئے ہیں، میری کیا حقیقت تھی۔''[۱۴۰]

مذکورہ عبارت سے معلوم ہو جاتا ہے کہ ہنگامۂ غدر کا غالبؔ پر کوئی الزام ثابت نہیں ہوا تھا۔ خلیق انجم غالبؔ کے اس بیان کی تردید کرتے ہیں۔ ان کے مطابق غالبؔ کا یہ دعوی بے بنیاد ثابت ہوا ہے کہ ان کے خلاف مخبروں کے بیان سے کوئی بات پائی نہیں گئی۔ خلیق انجم نے اس واقع کی پوری تفصیل ''غالبؔ اور شاہانِ تیموریہ'' میں بیان کی ہے۔ جس میں انہوں نے لکھا ہے کہ گوری شنکر نامی ایک جاسوس نے 19 جولائی 1857ء میں انگریزوں کو اطلاع دی تھی کہ غالبؔ نے ایک سکہ کہہ کر ظفرؔ کی نظر کیا ہے۔ خلیق انجم کے مطابق گوری شنکر کی اس رپوٹ نے غالبؔ کو کافی پریشانی میں مبتلا کیا تھا۔ ان کا کہنا ہے کہ جہاں ایک طرف انہیں گوری شنکر کی رپوٹ سے کافی پریشانی ہوئی وہیں دوسری طرف 1857ء کی حالات کی تفتیش میں غالبؔ کو بھی بہادر شاہ ظفرؔ کے دربار میں حاضر ہونا پڑا تھا۔ اپنے اس دعوے کی دلیل میں خلیق انجم نے کئی شواہد پیش کیے ہیں۔ اپنی دلائل کو پیش کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں:

''14 مئی 1857ء کے حالات کے تحت عبداللطیف نے ظفرؔ کے دربار میں حاضر ہونے والے جن لوگوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ ان میں غالبؔ کا نام بھی شامل ہے۔''

''19 مئی 1857ء کے تحت جیون لال نے کئی شاعروں کا ذکر کیا ہے۔ جیون نے بادشاہ کی خدمت میں سکے پیش کیے تھے۔ ان میں غالبؔ کا ذکر بھی ہے۔''

''26 مئی 1857ء کو عید کے موقع پر غالبؔ نے ظفرؔ کی خدمت میں قصیدہ تہنیت پیش کیا تھا۔''

''13/ جولائی 1857ء کو بقول منشی جیون لالؔ نیز اخبار عالمتاب، آگرہ، غالبؔ نے آگرے کی فتح کی خوش کے موقع پر ایک قصیدہ تہنیت پیش کیا۔''

''19/ جولائی 1857ء کے تحت ایک انگریزی جاسوس گوری شنکر نے لکھا ہے کہ کل اسد اللہ خان غالبؔ نے سکہ ذرا ایک پرچے پر لکھا! اور پھر یہ سکہ درج کیا ہے:

بزرِ زر    سکہ    کشور    ستان

## سراج الدین بہادر شاہ ثانی

مذکورہ تمام اقتباسات سے یہ بات واضح ہوجاتی ہے کہ غالبؔ غدر کے دوران کئی بار ظفرؔ کے دربار میں[141] حاضر ہوئے تھے۔ ممکن ہے کہ اوپر دی گئی تاریخوں کے علاوہ بھی وہ قلعہ میں گئے ہوں گے۔ خلیق انجم کے مطابق ان دنوں میں عام خیال یہی تھا کہ فتح ہندوستانیوں کی ہوگئی۔ اسی لیے غالبؔ نے دربار سے تعلقات بدستور قائم رکھے تھے۔ اس بات کا ذکر کرتے ہوئے خلیق انجم ''غالبؔ اور شاہانِ تیموریہ'' میں لکھتے ہیں:

> ''میرا ذاتی خیال ہے کہ غالبؔ کم سے کم اگست کے آخر تک قلعے ضرور جاتے رہے اور جب حالات بگڑے تو انھوں نے آمد ورفت بند کردی۔ خاموش رہے اور پھر انھوں نے انگریزوں کی خوشامد شروع کردی۔''[142]

دورانِ غدر اگر چہ غالبؔ بہادر شاہ ظفرؔ کے دربار سے بھی منسلک تھے۔ لیکن انھیں اس بات کا پورا اعتماد تھا کہ وہ انگریزوں کے نظر سے بے گناہ ہیں۔ جس کا ذکر انھوں نے تفتہؔ کے نام ایک خط میں کیا ہے۔ لکھتے ہیں:

> ''بہ ہر حال یہ خدا کا شکر ہے کہ بادشاہی دفتر سے میرا کچھ شمول، فساد میں پایا نہیں گیا۔ اور میں حکام کے نزدیک یہاں تک پاک ہوں کہ پنشن کی کیفیت طلب ہوئی۔''[143]

مذکورہ عبارت میں جہاں غالبؔ بہادر شاہ ظفرؔ کے دربار سے اپنی بے گناہی کا ثبوت پیش کرتے نظر آتے ہیں۔ وہیں دوسری طرف انھوں نے اس بات کا انکشاف بھی کیا ہے کہ انگریزی سرکاران سے خوش تھی۔ لیکن خلیق انجم غالبؔ کے اس بیان کے منکر ہیں۔ انھوں نے لکھا ہے کہ غالبؔ اس حقیقت سے پوری طرح آشنا تھے کہ انگریز ان سے خوش نہیں ہیں۔ مگر انھیں صرف اتنا خیال تھا کہ انقلاب کے دوران قلعہ میں ان کی آمد رفت انگریزوں کو ناگوار گزری ہے۔ اس لیے انھوں نے اپنے عزیز شاگرد نواب یوسف علی خان ناظمؔ والی رام پور کے ذریعہ انگریزوں سے اپنی معافی چاہی۔ اپنے اس دعویٰ کے ثبوت میں خلیق انجم نے غالبؔ کے اس خط کا حوالہ دیا ہے جو ابھوں نے 14 رجنوری 1857ء کو نواب رام پور کو لکھا تھا۔ اس خط میں غالب لکھتے ہیں:

> ''... پیوند تعلق با بہادر شاہ جز آن نبود کہ ازہفت ہشت سال بہ تحریر تاریخ سلاطین تیموریہ واز دوسہ سالہ بہ اصلاح اشعار شہریاری پرداختم۔ درین ہنگامہ خودرا بکنار کشیدم، دبدین اندیشہ کہ مباد، اگر یک قلم ترکِ آمیزش کنم، خانۂ من بتاراج رود و جان در معرض تلف افتد، بباطن بیگانہ و بظاہر آشنا ماندم۔''[144]

خلیق انجم کے مطابق غالبؔ نے یہ تمام واقعات نواب یوسف علی خان ناظمؔ کو اس لیے تحریر کیے تھے۔

کیوں کہ انھوں نے 1857ء کے انقلاب میں انگریزوں کا ساتھ دیا تھا جس کی بدولت انگریزوں سے ان کے بہت اچھے تعلقات تھے۔ اس لیے غالبؔ کو پورا اعتماد تھا کہ اگر نواب یوسف علی خان ناظمؔ ان کی صفائی پیش کریں گے تو انھیں اس مشکل دور سے راحت مل سکتی ہے۔

الغرض مذکورہ تمام بحث ومباحث سے یہ حقیقت ظاہر ہوجاتی ہے کہ 1857ء کے دوران غالبؔ جہاں انگریزوں سے اچھے مراسمات رکھنے کے خواہشمند تھے وہی دوسری طرف وہ انقلابیوں سے بھی برابر مطابقت رکھتے تھے۔اور 1857ء کے حالات کی تفتیش میں جن لوگوں کو بہادر شاہ ظفرؔ کے دربار میں حاضر ہونا پڑا تھا ان میں غالبؔ کا شمار بھی شامل تھا۔لہذا کہا جا سکتا ہے کہ غالبؔ کا یہ بیان کہ انھوں نے فتنہ وآشوب میں کسی مصلحت میں کوئی دخل نہیں دیا درست نہیں ہے۔اور خلیق انجم نے غالبؔ کے اس بیان کی تردید میں جو دلائل اور شواہد پیش کیے ہیں۔ قیاساً درست اور مستند ہیں۔

مرزا غالبؔ نے مرزا ہرگوپال تفتہؔ کے نام ایک خط میں تحریر کیا ہے کہ انھوں نے ایک قصیدہ لکھا ہے جو منشی محمد حسن کی وساطت سے روشن الدوالہ اور روشن الدوالہ کی کرم فرمائی سے نصیر الدین حیدر کے دربار تک پہنچ گیا۔ غالبؔ نے لکھا ہے کہ جس گھڑی یہ قصیدہ نصیر الدین حیدر کی نظر سے گزرا اسی آن انھوں نے غالبؔ کے نام پانچ ہزار روپیہ بطور انعام کا حکم نامہ جاری کیا۔لیکن منشی محمد حسن نے اس حقیقت کا انکشاف غالبؔ کے سامنے نہیں کیا۔ایک روز جب مظفر الدوالہ لکھنؤ سے تشریف فرما تھے تو انھوں نے یہ کہہ کر اس راز کو افشا کیا کہ منشی محمد حسنؔ کو بات کی خبر نہ ہوسکے کہ آپ کو اصل حقیقت ہم سے معلوم ہوئی ہے۔اور جب ہمیں مظفر الدوالہ سے اصلیت معلوم ہوئی تو ہم نے ناسخؔ کو خط لکھ بھیجا کہ اصل حقیقت دریافت کریں کہ میرے قصیدے پر کیا گزری ہے۔غالبؔ کے اس خط کے جواب میں ناسخؔ نے لکھا ہے کہ نصیر الدین حیدر کے دربار سے پانچ ہزار روپیہ بطور انعام ملے ہیں۔تین ہزار روشن الدوالہ نے کھائے اور باقی دو ہزار منشی محمد حسن کو یہ کہہ کر دیے کہ اس میں سے جو آپ مناسب جانو غالبؔ کو بھیج دو۔ میں ناسخؔ ہوں روپیہ ان کے حلق سے نکال کر تم کو بھیج دوں گا۔تیسرے دن شہر میں خبر اٹھی کہ نصیر الدین حیدر مر گیا۔خلیق انجم نے غالبؔ کے اس خط پر حاشیہ تحریر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ اول تو قصیدہ نصیر الدین حیدر تک پہنچا ہی نہیں اور جب قصیدہ دربار تک پہنچا ہی نہیں تو صلہ کیسا؟۔دوسری بات یہ کہ غالبؔ کے مطابق ناسخؔ نے غالب کو روشن الدولہ کے حلق سے پیسے نکالنے کا جو وعدہ کیا خلیق انجم کے مطابق درست نہیں ہے۔کیوں کہ روشن الدولہ کے دربار میں ناسخؔ کا وہ اثر ورسوخ نہیں تھا کہ وہ ایسا وعدہ کر سکتے تھے۔لہذا خلیق انجمؔ غالبؔ کی بیان کی تردید کرتے ہیں۔

قاضی عبدالودود غالبؔ کے اس بیان کے بارے میں لکھتے ہیں کہ میکش نامی غالبؔ کے ایک منظور نظر شاگرد کی رسائی لکھنو میں قطب الدولہ کے دربار تک ہوئی۔ غالبؔ کو محسوس ہوا کہ قطب الدولہ کے وسیلے سے واجد علی شاہ کی خدمت میں قصیدہ پیش کر کے انعام واکرام حاصل کر لیا جائے۔ مگر ان کی خواہش تھی کہ انھیں کم سے کم پانچ ہزار روپیہ ملے۔ چوں کہ صلہ کی رقم خود مقرر کرنا دستور کے خلاف ہے۔ غالبؔ نے یہ دکھانے کوشش کی ہے کہ دربار اودھ سے معمول کے مطابق انھیں پانچ ہزار روپیہ بطور بخشش موصول ہوئی ہے۔ خلیق انجم غالبؔ کے اس خط پر حاشیہ تحریر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''لیکن یہ بھی داستان محض ہے۔ نصیر الدین حیدر تک قصیدہ پہنچا ہی نہیں۔ اس صورت میں صلے کا سوال کیا ہے۔...غالبؔ یہ بھی فراموش کر گئے کہ عہد روش الدولہ میں ناسخؔ کا وہ اثر نہ تھا کہ ایسا وعدہ کر سکتے۔''[۱۴۵]

غالبؔ نے نصیر الدین حیدر کے دربار سے پانچ ہزار روپیہ کا صلہ وصول کیا تھا یا نہیں۔ اس بارے میں راقم الحروف کوئی حتمی رائے نہیں دے سکتا۔ البتہ خلیق انجم نے اس بارے میں جو دعوی کیا ہے۔ انہوں نے اس دعوے کے کوئی مستند شواہد پیش نہیں کئے ہیں۔ چوں کہ تحقیق میں کوئی بات بغیر شواہد کے تسلیم نہیں کی جاسکتی ہے۔ اس لیے قیاس یہی ہے کہ خلیق انجم کا اختلاف درست نہیں ہے۔

غالبؔ نے مرزا ہرگوپال تفتہؔ کے نام کتنے خطوط لکھے ہیں۔ اس بارے میں بھی مختلف آرائیں موجود ہیں۔ ''خطوط غالبؔ'' از مولوی مہیش پرشادؔ میں تفتہؔ کے نام غالبؔ کے 124 خطوط شامل ہیں۔ ''اردوئے معلیٰ'' کے پہلے اور دوسرے اڈیشن کے بعد کے اڈیشنون میں تفتہؔ کے نام غالبؔ کے خطوط کی تعداد 124 بتائی گئی ہے۔ لیکن ''غالبؔ کے خطوط'' مرتبہ خلیق انجم اور غلام رسول مہرؔ کے مجموعے ''خطوط غالبؔ'' میں تفتہؔ کے نام غالبؔ 123 خطوط ہی شامل کئے گئے ہیں۔ خلیق انجم نے اس پر حاشیہ تحریر کرتے وقت واضح کیا ہے۔ کہ غالبؔ نے تفتہؔ کے نام 124 نہیں بلکہ 123 خطوط ہی تحریر کئے ہیں۔ انہوں نے لکھا ہے کہ مولوی مہیش پرشادؔ نے خط ''67'' کے آخری پراگراف کو علحدہ خط تسلیم کیا ہے۔ جس کی کوئی خاص وجہ معلوم نہیں ہوتی۔ دوسری بات یہ کہ خلیق انجم کے مطابق مہیش پرشادؔ نے حاتم علی مہرؔ کے نام کا ایک خط ''بھائی صاحب، 33 کتابیں بھیجی ہوئی برخوردار منشی شیونرائن کی الخ'' تفتہؔ کے نام درج کیا ہے۔ اس اعتبار سے اگر دیکھا جائے تو ''خطوط غالبؔ'' از مہیش پرشادؔ میں تفتہؔ کے نام غالبؔ کے صرف 122 خطوط ہی رہ جاتے ہیں۔ خلیق انجم کے اس بیان کی تصدیق ''اردوئے معلیٰ'' کے پہلے اور دوسرے

اڈیشن سے بھی ہو جاتی ہے۔ لیکن مہیش پرشاؔد کیمرتبہ ''خطوط غالبؔ'' کی اشاعت کے بعد ڈاکٹر نثار احمد فاروقؔی نے ایک اور خط کی دریافت کی ہے۔ جس سے یہ تعداد 123 ہو جاتی ہے۔

سید محمد اسمٰعیل صاحب رسا ہمدانی گیاوؔی نے ''نادر خطوط غالب'' کے عنوان سے غالبؔ کے خطوط کا ایک مجموعہ مرتب کیا ہے۔ اس مجموعہ میں انھوں نے حضرت کرامت ہمدانی کے نام 23 خطوط، حضرت صغیر بلگرمی کے نام 26 خطوط اور حضرت صوفی میزی بہاری کے نام غالبؔ کے 27 خطوط شامل کیے ہیں۔ اس طرح اس مجموعے میں رسا ہمدانی نے غالبؔ کے 76 خطوط شامل کیے ہیں۔ رسا ہمدانی کا یہ مجموعہ 1939ء میں دی فائن پریس لکھنؤ راما شنکر پرنٹر کے زیر اہتمام منظر عام پر آیا ہے۔ ''نادر خطوط غالبؔ'' کا پہلا خط سید کرامت حسین کرامت ہمدانی کے نام ہے۔ جس کی ابتدا درج ذیل عبارت سے ہوتی ہے:

> ''شاہ صاحب کو غالبؔ ناتواں کا سلام پہونچے۔ یہ پہلا خط ہے جو میں تمھیں اردو زبان میں لکھ رہا ہوں۔ زبان فارسی میں خطوں کا لکھنا آج سے متروک ہے۔ پیرانہ سری اور ضعف کے صدموں سے محنت پژوہی اور جگر کاوی کی قوت مجھ میں نہیں رہی۔''[۱۴۶]

رسا ہمدانی نے لکھا ہے کہ مذکورہ خط 1851ء میں تحریر کیا گیا ہے۔ اور اس میں غالبؔ اس بات کی خود تصدیق کرتے ہے کہ یہ ان کا پہلا اردو خط ہے۔ چوں کہ سید کرامت حسین ہمدانؔی رسا ہمدانی کے پرداد تھے۔ ان کے مطابق سید کرامت حسین ہمدانؔی غالبؔ کے شاگرد تھے۔

خلیق انجم رسا ہمدانؔی کی اس بات سے اختلاف کرتے ہیں۔ کہ یہ خط کرامت حسین ہمدانؔی کے نام غالبؔ نے تحریر کیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ رسا ہمدانی نے حالؔی کے اس بیان کو بنیاد بنایا ہے جس نے انھوں نے غالبؔ کی اردو مکتوب نگاری کے آغاز کے متعلق بحث کی ہے۔ خلیق انجم حاشیہ میں رسا ہمدانؔی کے اس خط کو جعلی قرار دیتے ہیں۔ انھوں نے لکھا ہے کہ حالؔی نے اس عبارت کو عبدالرزاق شاکؔر کے نام غالبؔ کے ساتویں خط سے نقل کیا ہے۔ چوں کہ خلیق انجم نے عبدالرزاق شاکؔر کے نام اپنی مرتبہ ''غالب کے خطوط'' میں غالبؔ نے دس خطوط شامل کیے ہیں۔ ساتویں خط میں رسا ہمدانؔی کی مذکورہ عبارت تحریر کی گئی ہے۔ لیکن اس میں رسا ہمدانؔی کی مذکورہ عبارت ''شاہ صاحب کو غالبؔ ناتواں کا سلام پہونچے۔ یہ پہلا خط ہے جو میں تمھیں اردو زبان میں لکھ رہا ہوں'' کا کوئی ذکر نہیں کیا گیا ہے۔ چناں چہ حالؔی نے بھی جس قول کو نقل کیا ہے اس میں بھی مذکورہ عبارت کا کوئی ذکر نہیں ہے۔ اس خط کے بارے میں اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں:

> ”یہ خط جعلی ہے۔ رسا ہمدانی نے حالی کے اس بیان کو اس خط کی بنیاد بنایا ہے، بلکہ پورے فقرے چرا لیے ہیں ۔ قاضی عبدالودود نے پہلی بار ان خطوط کے جعل کا انکشاف کیا تھا ۔“۱۴۷

مذکورہ عبارت سے جہاں یہ بات واضح ہوجاتی کہ غالب نے مذکورہ عبارت رسا ہمدانی کے پر دادا سید کرامت حسین کرامت ہمدانی کے نام نہیں لکھی تھی ۔ وہیں اس بات کی نشاندہی بھی ہوجاتی ہے کہ رسا ہمدانی کے مجموعے ”نادر خطوط غالب“ میں شامل غالب کے خطوط جعلی ہیں ۔جس کا انکشاف پہلی بار قاضی عبدالودود نے کیا تھا۔

اس بات کا ذکر پہلے بھی کیا جاچکا ہے۔کہ خلیق انجم نے اپنی مرتبہ ”غالب کی نادر تحریریں“ میں شامل خطوط بھی اس مجموعے میں شامل کیے ہیں۔غالب کی نادر تحریریں 1961ء میں مکتبہ شاہرہ دہلی کے زیر اہتمام چھپ کر شائع ہوئی تھی۔اس کتاب کی تالیف کا کام انہوں نے علی گڑھ میں طالب علمی کے زمانے میں پروفیسر نثار احمد فاروقی کے مشورے سے شروع کیا تھا۔اس کتاب کی تعمیل وتشکیل کے لیے انہوں نے بہت سارے کتب خانوں کی خاک کو کھنگالا ہے۔مختلف کتب خانوں سے مواد کی فراہمی کے دوران خلیق انجم نے اتنا مواد جمع کیا تھا۔کہ ایک بڑی کتاب کی ترتیب وتدوین کی جاسکتی تھی۔اس کتاب میں خلیق انجم نے غالب کے وہ خطوط شامل کیے ہیں ۔جو کسی اور مجموعے میں دستیاب نہیں ہیں۔تحقیقی اور تنقیدی اعتبار سے یہ کتاب ایک بلند پایہ مقام کی حیثیت رکھتی ہے۔اس کتاب کے مطالعے سے اس بات کی طرف بھی اشارہ مل جاتا ہے کہ خلیق انجم تحقیق وتدوین اور ترتیب متن کے میدان میں کتنا آگے نکل جائیں گے۔جس کی تصدیق ”غالب کے خطوط“ کی پانچ جلدوں سے ہوجاتی ہے۔غالب کے موضوع پر یہ خلیق انجم کا پہلا اور اہم کام رہا ہے۔

غالب کی نادر تحریریں میں شامل خطوط غالب نے اپنے چالیس دوستوں اور شاگردوں کے نام تحریر کیے ہیں ۔اس کتاب کے دو حصے ہیں ۔ پہلے حصے میں مذکورہ خطوط کا انتخاب کیا گیا ہے۔اور دوسرے حصے میں صوفی کی مثنوی، غالب کی ایک تحریر، دیباچہ لطائف غیبی، دیباچہ تیغ تیز، غالب کی چند نئی اردو تحریریں، ایک استفتا، دو فارسی شعروں کے مطالب، غالب کی درخواستیں، لفافوں کے پتے، حواشی، ضمیمے اور اشارے دیے گئے ہیں۔مقدمہ میں خلیق انجم نے غالب کے خطوط کی غالب کی حیات میں اشاعت، نامہ غالب، عہد ہندی، اردوئے معلی کی اشاعت، سرگذشت غالب، مکاتیب الغالب، مکاتیب غالب، خطوط غالب (جلد اول)، نادرات غالب پر بحث کرتے ہوئے ”غالب کے اردو خطوط نویسی کے آغاز“ کے متعلق ایک نوٹ دیا ہے۔

''صوفیؔ کی مثنوی لواء الحمد پر غالبؔ کی اصلاح'' کے عنوان میں خلیق انجم نے محض ان اشعار کو درج کیا ہے۔جنہیں صوفی کی مثنوی پر اصلاح کے دوران یا تو غالبؔ نے تصحیح کی تھی یا پھر رد کیا تھا۔''دو فارسی شعروں کے مطالب'' کے عنوان میں خلیق انجم نے غالبؔ کے دو فارسی اشعار کی شرح کر کے انہیں سمجھانے کی سعی کی ہے۔قاطع برہان کی تخلیق کے بعد غالبؔ کے مخالفین کی ایک بڑی تعداد جمع ہوگئی تھیں۔جنہوں نے قاطع برہان کے جواب میں کتابیں لکھیں۔انہی مخالفین میں سے ایک مخالف سید سعادت علی تھے۔انہوں نے قاطع برہان کے جواب میں ''محرق قاطع برہان'' لکھی۔اس کے جواب میں ''لطائف غیبی'' لکھی گئی۔اس پر مصنف کی حیثیت سے میاں داد خاں سیاح کا نام تحریر تھا۔مالک رام ذکر غالب میں لکھتے ہیں کہ اس کتاب کے مصنف غالبؔ تھے۔اور مصلحتاً اس پر ان کے شاگرد میاں داد خاں سیاح کا نام لکھا گیا ہے۔خلیق انجم نے ''لطائف غیبی'' کے عنوان میں اسی کتاب یعنی ''لطائف غیبی'' کا دیباچہ نقل کیا ہے۔اس دیباچہ میں بھی اس بات کی تصدیق کی گئی ہے کہ ''لطائف غیبی'' کے مصنف غالبؔ ہی ہیں۔

غالبؔ نے 34 صفحات پر مشتمل ایک مختصر رسالہ اردو میں تحریر کیا ہے۔اس کا نام انہوں نے ''تیغ تیز'' رکھا ہے۔یہ رسالہ سترہ فصلوں پر مشتمل ہے۔پہلی سولہ فصلوں میں مولوی احمد علی پر ایک ایک اعتراض کیا گیا ہے۔اور ساتھ ساتھ ان اعتراضات کے جوابات دیئے گئے ہیں۔آخری فصل میں برہان قاطع پر مزید اعتراضات ہیں۔آخر میں سولہ ادبی سوالات کا استفتاء ہے۔جن کے جواب شیفتہؔ نے دیے ہیں اور مولانا حالیؔ،مولوی سعادت علی خاں اور نواب ضیاء الدین احمد خاں نے ان جوابات کی تصدیق و تائید کی ہے۔یہ رسالہ پہلی بار 1867ء میں شائع ہوا تھا۔خلیق انجم نے اپنی کتاب ''غالب کی نادر تحریریں'' میں اسی رسالے یعنی ''تیغ تیز'' کا ڈھائی صفحات پر مشتمل دیباچہ نقل کیا ہے۔

''ایک استفتا'' کے عنوان میں خلیق انجم نے ''آثار غالب'' سے ایک عبارت نقل کی ہے۔اس عبارت میں سولہ سوالات کے جوابات دیے گئے ہیں۔

عام طور پر خیال کیا جاتا ہے کہ غالبؔ نے صرف برہان قاطع پر تنقیدی نوٹ تحریر کیے تھے۔جو پہلے قاطع برہان کے نام سے اور بعد میں درفش کاویانی کا لقب پا کر شائع ہوئے تھے۔لیکن امتیاز علی خاں عرشیؔ نے ایک مقالہ تحریر کیا تھا۔جو شاعر بمبئی کے خاص نمبر 59 میں چھپا تھا۔اس میں انہوں نے غالبؔ کی چند نئی تحریروں کا ذکر کیا ہے۔جو لوہارو سیکشن (رضا لائبریری) میں موجود ہے۔ان تحریروں پر غالبؔ کے ریمارک ہیں۔خلیق انجم نے زیر

بحث کتاب میں ''غالبؔ کی چند نئی تحریریں'' کے عنوان میں عرشی کے اسی مقالے کو پیش کیا ہے جس کا ذکر اوپر کیا گیا ہے۔عرشی صاحب کا یہ مضمون چھ صفحات پر مشتمل ہے۔

خلیق انجم کے مطابق غالبؔ نے پنجاب کے فینانشل کمشنر کی فرمائش پر ایک رسالہ مرتب کیا تھا۔اس رسالے میں دو دیباچے۔دو نقلیں،ایک لطیفہ اور گیارہ خطوط شامل ہیں۔یہ رسالہ محمد عبدالرزاق نے ''انتخاب غالب'' کے نام سے سنہ 1345ھ میں شائع کیا تھا۔ڈاکٹر عبدالستار صدیقی کے پاس بھی اس رسالے کا ایک قلمی نسخہ محفوظ ہے۔خلیق انجم نے اپنی تالیف میں محمد عبدالرزاق کے شائع کردہ ''انتخاب غالب'' کا دیباچہ نقل کیا ہے۔جس میں انتخاب غالب کے متعلق چند اہم معلومات فراہم کی گئی ہیں۔اسی طرح ''مظہرالعجائب میں ترجمہ مرزا غالبؔ'' کے عنوان میں خلیق انجم نے غالبؔ کی خودنوشت پر دو صفحات پر مشتمل ایک نوٹ تحریر کیا ہے۔جس میں غالبؔ کی حیات اوران کے آباواجداد کے متعلق معلومات فراہم کی گئی ہیں۔

غالبؔ نے خلیق انجم کے بقول دہلی سوسائٹی کے 11 اگست 1865ء کے جلسے میں ایک مضمون بعنوان ''مضمون نواب اسداللہ خانصاحب المتخلص بہ غالبؔ'' پڑھا تھا۔جو بعد میں دہلی سوسائٹی کے پہلے شمارے میں صفحہ نمبر 22.23 میں شائع ہوا۔خلیق انجم نے دو صفحات پر مشتمل اس مضمون کو'احوال غالب'' کے عنوان سے اپنی زیر بحث تالیف میں شامل کیا ہے۔

''غالب کی نادر تحریریں'' میں شامل خطوط میں سے بعض خطوط پر مکتوب الیہ کا نام نہیں تھا۔لیکن اگر خلیق انجم کو خط کے مضمون سے مکتوب الیہ کا نام معلوم ہو گیا ہے تو اسے انہوں نے قوسین میں لکھا ہے۔اور حواشی میں اس کے دلائل بیان کیے ہیں۔بعض خطوط ایسے بھی ہیں جن پر تاریخ تحریر نہیں ہے۔اس صورت میں اگر خط کے مواد سے خط کی تاریخ تحریر یا سنہ کا اندازہ ہو گیا ہے۔تو اسے بھی خلیق انجم نے قوسین میں درج کیا ہے۔اور جو خطوط ادبی ہیں لیکن ان کی تاریخ تحریر کا اندازہ نہیں ہوسکا ہے۔انہیں آخر میں مرتب کیا گیا ہے۔ہر خط کے آخر میں اس کا ماخذ دیا گیا ہے۔

غرض کہ ڈاکٹر خلیق انجم نے ''غالب کی نادر تحریریں'' کی تالیف کر کے غالبیات کے موضوع پر شروعات سے ہی بڑے معتبر انداز میں کام کیا ہے۔یہ کام انہوں نے ستمبر 1960ء میں کیا تھا۔اس دور میں غالبیات کے سلسلے میں اس کتاب کی اردو حلقوں میں کافی پذیرائی ہوئی۔اور اردو ادب میں اسے ایک قابل قدر اضافہ سمجھا گیا۔

مجموعی طور پر اگر دیکھا جائی تو کہا جاسکتا ہے کہ خلیق انجم کی غالبیات کے تقریباً تمام تر گوشوں پر گہری

واقفیت تھی۔انھوں نے اردوے معلیٰ، عود ہندی، مکاتیب غالب، نادرات غالب اور غالبؔ کی نادر تحریریں کے تمام خطوط کواس مجموعے میں شامل کرلیا ہے۔ سب سے بڑی اور قابلِ تحسین بات یہ ہے کہ متن کی ترتیب میں خلیق انجم نے سائنٹفک طریقہ اختیار کیا ہےاور متن کی ترتیب کے جدید تقاضوں کو پورا کیا ہے تاکہ کوئی غلطی رہ نہ پاسکے۔انھوں نے متن کی تصحیح بھی کی ہےاور بنیادی نسخوں سےان کی بازیافت بھی۔ غالبؔ نے نہ صرف اردو مکتوب نگاری کوایک نیا موڑ دیا تھا بلکہ انھوں نے اردونثر کوبھی ایک نیا اسلوب عطا کیا تھا۔اس لیےان سے قبل کی نثراوران کی مکتوب نگاری کا جائزہ بھی ضروری تھا۔خلیق انجم نے غالبؔ سے قبل اردو کا نثری سرمایہ اوراردو مکتوب نگاری کے تحت ایک مبسوط اور بسیط مقالہ لکھ کراس موضوع پر سیر حاصل گفتگو کی ہے۔خطوط غالبؔ کا تنقیدی جائزہ لیا ہے۔اور مکتوب نگاری کے فن پر مفصل بحث کرتے ہوئے اسے لطیف ترین فن قرار دیا ہے۔اس کی اہمیت وافادیت پر ادبی، سماجی، سیاسی اور تاریخی نقطۂ نظر سے بحث کی ہے۔اس طرح خلیق انجم نے ’’غالبؔ کے خطوط‘‘ کومرتب کرکے غالب کی مکتوب نگاری کی ایک انسائیکلو پیڈیا تیار کی ہے۔انہوں نے ان کی ترتیب وتدوین کا کارنامہ انجام دے کراردوادب میں ایک بڑا اضافہ کیا ہے۔اور ساتھ ہی ساتھ انہوں نے ماہر غالبیات کی حیثیت سے بھی لوہا منوالیا ہے۔

## دلی کی درگاہ شاہِ مرداں

یہ کتاب خلیق انجم کی تحقیقی فتوحات کی ایک اہم کڑی ہےاور تحقیق وتدوین کے سلسلے کا یہ کارنامہ ایک مرقع ہے۔ یہ ان دنوں کی بات ہے۔ جب خلیق انجم نے ماہ نامہ ’’ایوانِ اردو‘‘ کے لیے قسطوں میں دلی کے آثارقدیمہ پر مضامین کا سلسلہ شروع کیا تھا۔حالاں کہ آثارِقدیمہ پر تحقیق کرنا نہایت مشکل اور مشقت طلب کام ہے۔اس کام کے لیے درگاہوں، قبرستانوں، قدیم عمارتوں کے کھنڈرات کی خاک چھاننا، گرمی برسات اور جاڑوں کی پرواہ کیے بغیر بہت دیر تک قبروں کے کتبے تلاش کرکے کتبہ نگاری کا کام کرنا اور پھران کے بارے میں آثارِقدیمہ کے ریکارڈ، کتب خانو میں مخطوطات ومطبوعات کے پلندوں سے گرد جھٹک کرمہینوں دیدہ ریزی سے کام کرنا وغیرہ کوئی ہنسی کا کھیل نہیں ہے۔ یہ کام صرف وہی انجام دے سکتا ہے۔ جسے آثارِقدیمہ سے دلی لگاو ہو، جس میں کام کرنے کی لگن ہو، جس میں صبر وتحمل اور مالی مصارف کو برداشت کرنے کی ہمت ہو۔ اتنا ہی نہیں بلکہ ان زبانوں سے واقفیت بھی ضروری ہے جو قبروں کے کتبوں اور کھنڈروں کے درو دیوار پر کندہ ہو۔ وہ زبانیں جو کتب خانوں کی کتابوں،

مخطوطات اور رسالوں کی رہی ہو۔آ ثارِ قدیمہ کے ایک محقق کے لیے محض ان زبانوں سے واقفیت رکھنا ہی کافی نہیں ہے۔ بلکہ ان پر بہت حد تک دسترس حاصل ہونا بھی ضروری ہے۔ان تمام شرائط کی تکمیل محض اسی محقق کے لیے آسان اور ممکن ہوتی ہے۔ جو آ ثارِ قدیمہ کا ماہر ہو۔خلیق انجم نے جب دلی کے آثارِ قدیمہ کی تحقیق کا کام ذمہ لیا۔اس وقت وہ آثارِ قدیمہ کے ماہر نہیں تھے۔لیکن خلیق انجم کا یہ شیوہ رہا ہے کہ وہ اسی کام کا انتخاب کر لیتے تھے جو ان کے لیے کسی چیلنج سے کم نہ ہو۔

''دلی کی درگاہ شاہِ مرداں'' میں خلیق انجم نے نہ صرف درگاہ شاہِ مرداں کی پوری تاریخ کو قلمبند کیا ہے۔ بلکہ وہاں موجود''قدمِ شریف'' کے بارے میں بھی اچھی تحقیق کی ہے۔انہوں نے اس بات کو مدلل بیان کیا ہے۔کہ سرسید نے'' آثارالصنادید'' کے دوسرے اڈیشن میں جو تحریر کیا ہے کہ 1137ھ میں نواب قدسیہ کے پاس ''نقش قدم'' کا جو پتھر آیا تھا۔جس پر نواب قدسیہ نے سنگ مرمر کا فرش کر کے مجر بنایا ہے، وہ حضرت علیؓ کے قدم مبارک کا نقش ہے، صحیح نہیں ہے ۔انہوں نے دلائل دے کر ثابت کیا ہے کہ نواب قدسیہ سے دوسو سال قبل بھی یہ'' قدم شریف'' یہاں موجود تھے۔اس سلسلے میں انہوں نے فارسی میں تحریر کردہ مختلف کتابوں کے حوالے سے ان تمام قبروں کی نشان دہی بھی کی ہے، جو درگاہ شاہِ مرداں میں تھیں اور بعد میں مسمار کر دی گئیں۔

کتاب کا پیش لفظ بشیر حسین زیدیؔ نے لکھا ہے۔جس میں انہوں نے کتاب کی اہمیت وافادیت پر گفتگو کی ہے۔ان کے مطابق یہ خیال عام تھا کہ محمد شاہ بادشاہ کی بیگم نواب قدسیہ نے قدم شریف حاصل کر کے اس مقام پر نصب کیے تھے۔ایک قیاس یہ بھی کیا جاتا تھا کہ نواب قدسیہ بیگم نے علی گنج آباد کیا ہے اور درگاہ شاہ مرداں کی تعمیر کرائی تھی ۔لیکن خلیق انجم نے اس سلسلے میں کئی تحقیقی شواہد پیش کر کے ثابت کیا ہے کہ یہ محض قیاس آرائیاں ہیں حقیقت سے ان کا کوئی تعلق نہیں ہے۔

کتاب کا حرف آغاز اردو اکادمی دہلی کے سابق سکریڑی سید شریف الحسن نقوی نے تحریر کیا ہے۔جس میں انہوں نے خلیق انجم کی ادبی وعلمی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے اس کتاب کی اہمیت کا ذکر بھی کیا ہے۔اس کے بعد سید حسین علی جعفری کے خط کا عکس شامل کیا ہے جو انہوں نے خلیق انجم کو مسودے کے سلسلے میں لکھا تھا۔

اس کے بعد خلیق انجم نے'' کچھ اس کتاب کے بارے میں'' کے عنوان سے مقدمہ تحریر کیا ہے جس میں انہوں نے اس کتاب کا سبب تالیف، اس کی اہمیت وافادیت اور دلی کی تاریخی عمارتوں سے اپنی دلچسپی کا ذکر بہت خوب صورت انداز میں کیا ہے۔اس کے علاوہ انہوں نے ان تمام دوست واحباب اور اداروں کا شکریہ ادا کیا ہے

جنہوں نے اس کتاب کی تکمیل ہونے میں خلیق انجم کی حتی المقدور مدد کی ہے۔

خلیق انجم نے اس کتاب میں درگاہ شاہِ مرداں کا محل وقوع، جور باغ، کربلا، ماہ خانم کی قبر، اشرف بیگ خاں کی قبر، جسٹس مرتضیٰ فضل علی کی قبر، نجف علی خاں کی قبر، موضع علی گنج کی فصیل، علی گنج کا شمالی دروازہ، ایک منہدمہ مسجد، قناتی مسجد، زینت کی مسجد، نقار خانہ، نقار خانے کے متصل مسجد، مہابت خاں کا مقبرہ، ایک منہدمہ مسجد، درگاہ عارف علی شاہ، درگا شاہِ مرداں، قدم مبارک، بی بی فاطمہؓ کی چکی، محل دار بیگم کی قبر، احمد حسین کی قبر، اکبر مرزا کی خاندانی ہڑداڑ، مہر النسا بیگم کی چوکھنڈی، عشرت کی قبر، شاہی خاندان کا قبرستان، مرزا محسن کی قبر، شرف النساعرف حاجی بیگم کی قبر، صدر النسا کی قبر، سادات خاں کی قبر، قاسم علی خاں کا مزار، حافظ حفیظ کی قبر، شاہ نعمت الہیٰ کی قبر، شاہ نعمت الہیٰ کی چوکھنڈی، شاہ مرداں میں قدیم ترین قبر کا کتبہ، عشرت علی خاں کا مجلس خانہ، نواب سید سلطان مرزا کی قبر، پہلے دالان کے اندر کی قبر، عباس مرزا کی قبر، کبریٰ بیگم کی قبر کا کتبہ، حسین مرزا کی قبر، کبری بیگم کی قبر کا کتبہ، حسین مرزا کی قبر، عشرت اللہ کی قبر، سیدہ خاتون کی قبر، محمد میر کی قبر، آغا زمحمد یوسف کی قبر، تیسرے دالان کی قبریں، سید علی حسن کی قبر، سجاد کی قبر، ولایتی خانم کی قبر، بیبان جان کی قبر، جاوید خاں کی قبر، مجلس خانہ، خورشید علی رضوی کی قبر، کربلائی بیگم کی قبر، مولوی سید علی حسن کی قبر، نواب مبارک محل کا مقبرہ، نواب قدسیہ کی مسجد، عیسیٰ خاں کی باغیچی، نواب ابراہیم بیگ کا مزار، مرزا نجف خاں اوران کا مقبرہ، مقبرہ مرزا نجف خاں، صفدر جنگ، صفدر جنگ کا مقبرہ، بخشی الملک اشرف الدولہ افراسیات کی قبر، انجمن حیدری، علی گنج کی فصیل اور دوسری عمارتوں کا انہدام، درگاہ شاہ مرداں کی مجلسیں کی نہایت ہی واضح اور خوبصورت تصویریں دی گئی ہیں۔ یہ تصویریں دیکھ کر واضح ہو جاتا ہے کہ خلیق انجم ایک بہترین اور عمدہ فوٹو گرافر تھے۔

کتاب کی ابتدا میں چار صفحات پر مشتمل کرنل بشیر حسین زیدی کا پیش لفظ ہے۔ جس میں انہوں نے خلیق انجم کی قابلیت اور اردو گھر کی تعمیر و تشکیل میں ان کی خدمات کو سراہا ہے۔ اس کے بعد چار صفحات پر محیط سید شریف الحسن نقوی کا حرف آغاز ہے۔ اس میں انہوں نے خلیق انجم کی ادبی خدمات پر بحث کرتے ہوئے اردو اکاڈمی اور اس کتاب کی خصوصیات کو سرہاتے ہوئے اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے۔ پھر سید حسین علی جعفری صاحب کا ایک خط ہے۔ جو انہوں نے مسودے کے سلسلے میں خلیق انجم کو تحریر کیا تھا۔ اس میں بہت سی اہم تاریخی معلومات فراہم کی گئی ہے۔ اس کے بعد خلیق انجم نے ''کچھ اس کتاب کے بارے میں'' کے عنوان سے ایک مضمون تحریر کیا ہے۔ جس میں خلیق انجم نے، جیسا کہ عنوان سے ہی ظاہر ہو جاتا ہے، اس کتاب کے بارے میں اہم معلومات بیان کی ہے۔ خلیق

انجم کی یہ کتاب پہلی بار فروری 1988ء میں اردو اکاڈمی، دہلی کے زیر اہتمام شائع ہوئی ہے۔اس کتاب کی اہمیت پر اظہار خیال کرتے ہوئے بشیر حسین زیدی لکھتے ہیں:

''کربلا اور شاہ مرداں کی تاریخ، اس کی عمارتوں اور وہاں مدفون لوگوں پر یہ پہلی کتاب ہے۔ یہ علمی کام تو ہے ہی لیکن انہوں نے اپنی عاقبت بھی سنواری ہے۔''[۱۴۸]

## غالبؔ کا سفرِ کلکتہ اور کلکتے کا ادبی معرکہ

خلیق انجم کو زمانہ طالب علمی سے ہی غالبؔ سے کافی دلچسپی رہی ہے۔اس سلسلے کی پہلی کاوش ''غالبؔ کی نادر تحریریں'' ہیں۔ یہ اس زمانے کی بات ہے۔ جب خلیق انجم دہلی کالج میں زیر تعلیم تھے۔اس کے بعد انہوں نے ''غالبؔ اور شاہان تیموریہ'' اور پھر ''غالبؔ کے خطوط'' کو پانچ جلدوں پر مشتمل تاریخ وار شائع کیا ہے۔''غالبؔ کا سفر کلکتہ اور کلکتے کا ادبی معرکہ'' بھی غالبؔ سے ذہنی مناسبت کی اختراع ہے۔ یہ کتاب ساڑھے چار سو صفحات پر پھیلی ہوئی دو ابواب پر مشتمل ہے۔دونوں ابواب کے کئی ذیلی عنوانات ہیں۔ پہلے باب میں خلیق انجم نے غالبؔ کا سفر کلکتہ ، غالبؔ کانپور اور لکھنؤ میں، غالبؔ کا باندہ، الہ آباد اور مرشد آباد کا سفر، غالبؔ کلکتے میں، غالبؔ کی پنشن کا قضیہ، ادبی معرکہ کے تین مشاعرے، بادِ مخالف، سفیر ہرات، سفرِ کلکتہ میں غالبؔ کی صحت، سفرِ کلکتہ میں غالبؔ کی مالی حالت، سفرِ کلکتہ کے دوران غالبؔ کی تخلیقی سرگرمیاں جیسے موضوعات پر مفصل بحث کی ہے۔ دوسرے باب میں انہوں نے غالبؔ اور ہندوستانی فارسی شاعری اور فارسی فرہنگ نویس، غالبؔ کی بعض ہندوستانی فارسی دانوں کی مدح سرائی، غالبؔ اور قتیلؔ، غالبؔ اور بیدلؔ، مولوی غیاث الدین عزتؔ، غالبؔ اور عبدالواسع ہانسوی، غالبؔ در مدح خود، چند اہم دستاویزیں اور غالبؔ کے سفرِ کلکتہ کا نقشہ اور نقشہ ذرائع آمدورفت باندہ جیسے موضوعات پر سیر حاصل گفتگو کی ہے ۔حرف آغاز میں کتاب کے متعلق ضروری معلومات پہنچائی گئی ہے۔کتاب کے آخر میں ضمیمہ، تعلیقات، اشاریہ اور کتابیات بھی دیے گئے ہیں۔

غالبؔ کے سفرِ کلکتہ کے عنوان میں خلیق انجم نے اس بات کی وضاحت کی ہے کہ غالبؔ نے پنشن کی بحالی کے لیے کلکتے کا سفر کیا تھا۔اس دوران غالبؔ کو کن مصائب و مشکلات کا سامنا ہوا اس پر بھی خلیق انجم نے تفصیل سے روشنی ڈالی ہے۔ غالبؔ کے پنشن کا قضیہ بیان کرتے ہوئے خلیق انجم نے لکھا ہے کہ غالبؔ کے چچا نصر اللہ بیگ انگریزی فوج میں ملازم تھے۔انہیں انگریزی حکومت کی طرف سے کچھ جاگیر دی گئی تھی۔لیکن ان کی وفات کے بعد

لارڈ لیک نے یہ جاگیر واپس لی اور بدلے میں ان کے اہل خانہ کے لیے پنشن مقرر کردی۔پنشن کی رقم سالانہ دس ہزار تھی۔اس کی تصدیق مالک رام اور حنیف نقوی کے بیان سے بھی ہوجاتی ہے۔جس دوران یہ واقع پیش آیا۔اس وقت غالبؔ کی عمر دس سال تھی اور ان کے چھوٹے بھائی مرزا یوسف کی عمر سات سال تھی۔انگریزی حکومت کی طرف سے ملنے والی پنشن نواب احمد بخش خاں نے دس ہزار سے گھٹا کر پانچ ہزار کردی۔اس کے علاوہ نصر اللہ بیگ کے اہل خانہ میں ایک ملازم خواجہ حاجی کو بھی شامل کرلیا۔مالک رام نے ذکر غالب میں لکھا ہے کہ انہیں نواب احمد بخش خاں کی سفارش پر انگریزی حکومت کی طرف سے پنشن بحال ہوئی۔جس کی تقسیم کچھ اس طرح ہوئی۔

1۔خواجہ حاجی دو ہزار روپے سالانہ

2۔مرزا نصر اللہ بیگ خاں کی والدہ اور تین بہنیں ڈیڑھ ہزار روپے سالانہ

3۔غالبؔ اور ان کے بھائی مرزا یوسف ڈیڑھ ہزار روپے سالانہ

آگے کی تفصیل بیان کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں کہ غالبؔ نے جب ہوش سنبھالا تو انہیں نواب احمد بخش خاں کی نا انصافی کا علم ہوا اور انہوں نے نواب احمد بخش خاں کے نام ایک خط تحریر کیا ہے جس میں انہوں نے انصاف کا مطالبہ کیا ہے۔جواب میں نواب احمد بخش خاں وعدہ کرتے رہے۔لیکن عملی طور پر انہوں نے کبھی کوئی اقدام نہیں اٹھائے۔ایک وعدہ یہ بھی کیا گیا تھا کہ جب خواجہ حاجی انتقال کر جائیں گے تو انہیں ملنی والی پنشن بھی غالبؔ کو دی جائے گی۔لیکن ان کے انتقال کے بعد ان کو ملنے والی پنشن ان کے دو اولادوں کو ملنی شروع ہوگئی۔غصے میں آکر غالبؔ نواب بخش کے پاس فیروز پور ملنے گئے۔وہاں غالبؔ نے نواب بخش سے مطالبہ کیا کہ چوں کہ اب خواجہ حاجی انتقال کرگئے۔لہٰذا مجھے اب اپنا حق دیا جائے۔لیکن غالبؔ کو اس بارے میں کوئی کامیابی حاصل نہ ہوسکی۔اس بات تصدیق حنیف نقوی کے اس بیان سے بھی ہوجاتی ہے:

> ''خواجہ حاجی کے انتقال کے بعد بھی جب نواب صاحب نے اپنے وعدے کے مطابق غالبؔ اور ان کے دیگر افراد خاندان کو پوری تنخواہ ادا نہیں کی تو وہ انتہائی مایوسی کے عالم میں فیروز پور ان کی خدمت میں حاضر ہوئے۔نواب صاحب نے اس موقع پر اپنی بعض مجبوریوں اور جنرل اختر لونی (رزیڈنٹ دہلی) سے تعلقات کی ناخوشگواری کا عذر پیش کر کے انہیں حالات کے سازگار ہونے تک مزید چند روز تحمل سے کام لینے پر آمادہ کیا۔''[۱۴۹]

آگے خلیق انجم نے مالک رام کے حوالے سے لکھا ہے کہ 15 جولائی 1825ء کو دہلی کے ریذیڈنٹ اختر لونی کا انتقال ہوگیا اور 26 اگست 1825ء کو ان کی جگہ سر چارلس مٹکاف کا انتخاب کیا گیا۔غالبؔ کی پوری کوشش

تھی کہ وہ اپنی شکایت ریذیڈنٹ چارلس مٹکاف تک پہنچائے۔انہوں نے منصوبہ بنایا کہ وہ نوب احمد بخش کو بیچ میں ڈالے بغیر براہ راست مٹکاف سے بات کریں گے۔غالبؔ جب چارلس مٹکاف سے ملاقات کے لیے کان پور پہنچ گئے تو مٹکاف سے ان کی ملاقات نہیں ہو پائی۔کیوں کہ اول تو ان کی صحت خراب ہوگئی دوسری بات اسی دوران بھرت پور کا معاملہ پیش آیا۔

حنیف نقوی نے بھی اپنی کتاب ''غالبؔ احوال وآثار'' میں یہی لکھا ہے۔چوں کہ کان پور میں غالبؔ کو کوئی مناسب طبیب نہ مل سکا لہٰذا انہوں نے دریا گنگا پار کرکے لکھنؤ کی راہ اختیار کرلی۔لکھنؤ میں غالبؔ نے پانچ مہینے اور چند روز قیام کیا۔یہاں سے غالبؔ خلیق انجم کے مطابق 26 ذیعقدہ 1290ھ مطابق 21 جون 1827ء بروز جمعہ روانہ ہوئے۔اور چوتھے چن کان پور پہنچ گئے۔یہاں کچھ دن آرام کرنے کے بعد کلکتے کے ارادے سے باندہ روانہ ہوئے۔خلیق انجم کے بقول غالبؔ نے اس وقت کلکتہ جانے کا ارادہ کرلیا تھا جب وہ لکھنؤ میں چارلس مٹکاف سے ملاقات کرنے میں ناکام ہوئے تھے۔

سفر کلکتے کی روداد بیان کرتے ہوئے خلیق انجم نے لکھا ہے کہ جب غالبؔ نے لکھنؤ سے کلکتے کے سفر کا ارادہ کیا۔تو انہیں اس بات کی پوری توقع تھی کہ معتمد الدولہ اور شاہِ اودھ سے انہیں انعام واکرام کی صورت میں اتنی رقم ضرور موصول ہوگی جو انہیں چاہیے ہوگی۔لیکن ایسا نہ ہوسکا۔اب غالبؔ نے لکھنؤ سے کان پور اور کان پور سے باندھ جانے کا تہیہ کرلیا۔خلیق انجم نے نواب انورالدولہ سعدالدین خاں شفیق کے نام غالبؔ کے ایک خط کے حوالے سے لکھا ہے کہ غالبؔ کو اس بات کی پوری امید تھی کہ باندھ میں نواب ذوالفقار علی بہادر ان کا علاج ومعالجہ کرائیں گے۔علاوہ ازیں کلکتے کے سفر کے لیے اخراجات کا انتظام بھی یہیں سے ہو جائے گا۔غالبؔ جب باندھ پہنچے تو ان کی طبیعت بہت خراب تھی۔نواب ذوالفقار علی بہادر نے ان کا علاج ومعالجہ کرایا۔اس بات کی تصدیق غالبؔ اپنے الفاظ میں یوں کرتے ہیں:

> ''اللہ کے فضل اور نواب صاحب کی توجہ اور تیمارداری کی بدولت مجھے اس خطرناک بیماری سے شفا حاصل ہوئی۔''۱۵۰

خلیق انجم کے قیاس کے مطابق غالبؔ کو ''بوالدم'' کی بیماری تھی۔اس میں پیشاب کے ساتھ قطرہ قطرہ خان بھی آتا ہے۔جس سے بے حد سوزش اور جلن کا احساس ہوتا ہے۔

باندھ میں چھ مہینے گذر جانے کے بعد ذوالفقار علی کے مہاجن امی کرن سے دو ہزار روپے لے کر غالبؔ

سفر کلکتہ کے لیے روانہ ہوئے۔ یہاں سے غالبؔ کشتی کے ذریعے چلہ تارا سے روانہ ہو کر الہ آباد پہنچے۔ خلیق انجم نے تحریر کیا ہے کہ کشتی بانوں نے غالبؔ کو یقین دلایا تھا کہ وہ تین دن میں الہ آباد پہنچ جائیں گے۔ خلیق انجم کے مطابق کشتی 27 نومبر بروز جمعہ کو الہ آباد پہنچی۔ خلیق انجم نے تاریخ تو لکھی ہے۔ لیکن اس کشتی کو کتنے دن الہ آباد پہنچنے میں لگے۔ اس بات کی طرف انہوں نے کوئی اشارہ نہیں کیا ہے۔ دوسری بات یہ کہ کشتی 27 تاریخ کو ہی کیسے الہ آباد پہنچی۔ اس بات کی بھی خلیق انجم نے کوئی وضاحت نہیں کی ہے۔ الہ آباد میں غالبؔ نے محض چوبیس گھنٹے قیام کیا۔ یہاں سے روانہ ہونے کے بعد غالبؔ بنارس پہنچ گئے۔ بقول خلیق انجم:

''جس دن غالبؔ بنارس پہنچے، مشرق سے بادۂ جاں فضا اور نسیم سحر چل رہی تھی، جس سے جان میں توانائی آئی اور دل کو طمانیت نصیب ہوئی۔'' ۱۵۱

دوسری جگہ لکھتے ہیں:

''غالبؔ جب بنارس پہنچے ہیں تو پانچ دن تک سرائے نیرنگ آباد میں، جسے عام طور پر نورنگ آباد کہتے ہیں۔ مقیم رہے۔ اس کے بعد انہوں نے نورنگ آباد کے عقب میں میاں رمضان اور مٹھالی کی حویلی میں گوسی خانساماں کی حویلی سے ملحق ایک مکان کرائے پر لیا۔' ۱۵۲

غالبؔ کے لیے شہر بنارس کی حیثیت اس نخلستان کی تھی۔ جو تپتے ہوئے ریگستان میں طویل سفر کے بعد مسافر کے لیے فردوس بریں کا درجہ رکھتی ہو۔ جس کا ٹھنڈا پانی، ٹھنڈی ہوائیں اور درختوں کی حیات بخش چھاؤں جسم اور روح کے جلتے ہوئے زخموں پر مرہم کا کام کرتی ہو۔ کیوں کہ بنارس پہنچتے ہی غالبؔ کو طویل بیماری سے نجات مل گئی۔ بنارس میں غالبؔ نے خلیق انجم کے مطابق چار ہفتے قیام کیا۔

اسی انتہائی تکلیف دہ سفر کی دین غالبؔ کی مثنوی ''چراغ دیر' ہے۔ اس مثنوی کا شمار ہندوستان کے فارسی ادب کے اعلیٰ شہ پاروں میں کیا جاتا ہے۔ خلیق انجم کے مطابق اس مثنوی کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ شاید ہی کسی اور نے بنارس شہر کو غالبؔ سے بہتر خراج تحسین پیش کیا ہو۔ غالبؔ اپنے عزیزوں، دوستوں اور شہر دلی کے لیے کیسے تڑپ اٹھتے تھے۔ اس کا مکمل اظہار اس مثنوی میں کیا گیا ہے۔

''مثنوی چراغ دیر'' کے عنوان میں خلیق انجم نے پہلے اس مثنوی کی خصوصیات کا بڑی عمدگی سے جائزہ لیا ہے۔ پھر حنیف نقوی کے منظوم ترجمے، غالبؔ کی پوری مثنوی اور ظ۔ انصاری کا نثری ترجمہ پیش کیا ہے۔ بنارس سے روانہ ہو کر بالآخر غالبؔ 20 فروری 1828ء کو کلکتہ پہنچ جاتے ہیں۔ غالبؔ کو سفر کلکتہ کے لیے کن کن مصائب و مشکلات سے گزرنا پڑا۔ اس بات کا ذکر خلیق انجم نے غالبؔ کے ایک فارسی خط کی اس عبارت سے کیا ہے:

''میں گرد راہ کی طرح گرتا پڑتا کوہ وبیابان میں ہر قدم پتھروں اور کانٹوں کی دھار پر چلتا ہوا،
کبھی راتوں کی سردی سے افسردہ پریشان اور کبھی گردشِ ایام کی ستم گری سے نالاں، چوتھی
شعبان کو دن کا کچھ وقت گزرنے پر کلکتے پہنچا۔''۱۵۳

محققین غالبؔ نے غالبؔ کی پنشن کے معاملات پر اتنا کچھ تحریر کیا ہے کہ اگر اسے ترتیب دیا جائے تو وہ ہزاروں صفحات پر مشتمل ہوگا۔لیکن اس سلسلے میں خلیق انجم کی سب سے اہم دستاویز خود غالبؔ کی وہ درخواست ہے۔ جو انہوں نے کلکتہ پہنچ کر 28 مئی 1828 کو حکومت کے سامنے پیش کی تھی۔ یہ درخواست انڈیا آفس لائبریری میں محفوظ ہے۔اس سلسلے میں خلیق انجم نے مزید یہ لکھا ہے کہ غالبیات کے سلسلے میں سب سے اہم کارناموں میں مالک رام کا ایک کارنامہ اس دستاویز کی دریافت ہے۔ جو انگریزی میں ہے اور مالک رام نے اس کا ترجمہ اردو میں کر کے ماہنامہ ''افکار'' کراچی، سے مارچ 1969 میں صفحہ نمبر 46 تا 54 میں شائع کیا ہے۔اس ترجمے کو بعد میں انہوں نے اپنے مضامین کے مجموعے ''فسانۂ غالبؔ'' میں شامل کیا ہے۔اس سلسلے کی ایک اہم دستاویز مرزا افضل بیگ کی ہے۔ جو انہوں نے غالبؔ کی درخواست کے جواب میں 8 مارچ 1830ء میں حکومت کے سامنے پیش کی تھی ۔ اس درخواست میں انہوں نے غالبؔ کے خلاف دعویٰ کیا تھا کہ غالبؔ نے حاجی صاحب کے صاحب زادوں کی حق تلفی کی ہے۔ چناں چہ یہ دونوں تحریریں نہایت طویل ہیں۔لیکن خلیق انجم نے دونوں دستاویزات کو کتاب میں شامل کیا ہے۔

غالبؔ کے پنشن کی روداد بیان کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں کہ جب انہوں نے اپنی درخواست 28 مئی 1828ء کو حکومت کے سامنے پیش کی تو سرکاری افسروں نے غالبؔ کو آگاہ کیا کہ انہوں نے یہاں آکر غلطی کی ہے۔ کیوں کہ سرکاری اصول کے مطابق غالبؔ کو چاہیے تھا کہ وہ اپنی درخواست دہلی کے ریذیڈنٹ کول بروک کے سامنے پیش کرتے ۔ اسی کی رپورٹ پر کلکتہ میں مناسب کاروائی کی جاتی ۔ باوجود اس کے غالبؔ نے دہلی کے ریذیڈنٹ کے بجائے براہِ راست کلکتہ میں اپنی درخوست دائر کی۔لیکن غالبؔ کی درخواست کو اصول کے مطابق رد کیا جاتا سائمن نے غالبؔ کی عرض داشت لے کر رکھ لی اور غالبؔ کو خیال ہوا کہ انہوں نے دہلی کے ریذیڈنٹ کے ذریعے درخواست نہ بھیجنے کی جو غلطی کی تھی، اسے نظر انداز کر دیا گیا۔اس بارے میں خلیق انجم لکھتے ہیں:

''سائمن فریزر نے وہ درخواست اپنے پاس رکھ لی ۔۔۔ کچھ دن بعد غالبؔ سائمن فریزر
سے پھر ملے۔ سائمن کا رویہ بہت ہمدردانہ تھا۔فریزر نے فارسی کی ایک تحریر دکھاتے ہوئے
غالبؔ سے کہا کہ یہ آپ کی عرض داشت ہے۔ اب یہ صاحبانِ کونسل کے پاس بھیج دی

جائے گی۔فریزر نے یہ بھی کہا کہ آپ کا حق سرکاری طور پر ثابت ہو چکا ہے اور اراکین سرکار
کسی کے حق کی ادائیگی میں کوئی لحاظ نہیں کرتے۔"[۱۵۴]

اس وقت کلکتے میں اینڈر یوز اسٹرلنگ نامی ایک اور آفیسر تھے۔ یہ کونسل میں بہت اعلیٰ عہدے پر فائز تھے ۔سائمن فریزر انہی کے ماتحت تھے۔ اسٹرلنگ ہی طے کرتے تھے کہ کون سے مقدمے کونسل بھیجیں جائیں اور کون سے مقدمے کو بنیادی مرحلے پر ہی رد کیا جائے۔ اسٹرلنگ سے غالبؔ کی ملاقات کے بارے میں خلیق انجم لکھتے ہیں:

"غالبؔ نے ان سے اپنی ملاقات کے بارے میں جو کچھ لکھا ہے، اس سے اندازہ ہوتا ہے
کہ اسٹرلنگ کی گفتگو سے وہ اپنے مقدمے کے سلسلے میں بہت پر امید ہو گئے تھے۔ اسٹرلنگ
کو غالبؔ سے ہمدردی تھی۔لیکن وہ اصول وضوابط کے سامنے معذور تھے۔ قائد کے مطابق
اسٹرلنگ نے عرض داشت پر لکھا تھا کہ عرض داشت پہلے دہلی کے ریذیڈنٹ کے سامنے پیش
کی جانی چاہیے تھی اور پھر وہاں سے ان کے پاس آنی چاہیے۔"[۱۵۵]

آگے کی تفصیل بیان کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں کہ غالبؔ نے جب یہ سنا کہ اراکین نے ان کے مقدمے کو اس شرط پر قبول کر لیا ہے۔ کہ عرض داشت دہلی کے ریذیڈنٹ کی معرفت سے آنی چاہیے۔ غالبؔ کے لیے یہ ممکن نہیں تھا۔ کیوں کہ اول تو مالی اعتبار سے غالبؔ اس لائق نہیں تھے کہ وہ دہلی جاتے۔ دوسری بات یہ کہ ان کی صحت بھی اتنے لمبے سفر کے لیے متحمل نہیں تھی۔ لہٰذہ انہوں اپنے رفیق مولانا فضل حق خیر آبادی کو خط لکھ کر اس سلسلے میں مدد طلب کی۔ فضل خیر آبادی نے ان کی مدد کے لیے ایک وکیل پنڈت ہیرالال کی خدمات حاصل کر لی۔ ابھی مقدمہ چل ہی رہا تھا کہ غالبؔ کو معلوم ہوا کہ تین سال کے لیے میرٹھ کو دارالسلطنت قرار دیا گیا۔ اس لیے گورنر جنرل مع کونسل اور کونسل کے اراکین کے عملے کے ساتھ شمالی ہند روانہ ہوئے۔ غالبؔ بھی اس کاروان کے ساتھ میرٹھ روانہ ہوتے لیکن ان کی مالی حالت اس قابل نہیں تھی کہ وہ سفر کے اخراجات کو برداشت کرتے۔ لہٰذہ انہیں کلکتہ میں مزید قیام کرنا پڑا۔ کچھ دن بعد غالبؔ کو ایک خط موصول ہوا جس میں لکھا تھا کہ ان کی درخواست مسل کاغذات میں شامل ہو گئی ہے۔ بقول خلیق انجم:

"غالبؔ اس فقرے کا مطلب نہیں سمجھے۔ لیکن خوش امیدی نے انہیں یہ سوچنے پر مجبور کر دیا
کہ ان کی عرض داشت مسل پر لگ گئی ہے۔ اور اب یہ مقدمہ شروع ہو جائے گا۔"[۱۵۶]

لیکن غالبؔ کی یہ بدقسمتی کہ سر ایڈورڈ کولبروک پر اسی دوران ان کے دشمنوں نے کچھ الزام تراشیاں کیں۔ جس کے نتیجے میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ جب تک ان الزامات کی مکمل تحقیق نہیں ہوتی کولبروک کو اس عہدے سے برترف کیا جاتا ہے۔ اور ان کی جگہ ہاکنز کا تقرر کیا گیا۔ جب غالبؔ کو یقین ہو گیا کہ کلکتہ میں مزید قیام ان کے لیے کوئی

فائدہ مند ثابت نہیں ہوسکتا ہے۔تو وہ 20 اگست 1829ء کو کلکتے سے روانہ ہوکر 18 نومبر 1829 کو دہلی پہنچ گئے ۔دہلی میں انہوں نے ریذیڈنٹ سے رابطہ قائم کرلیا۔

آ گے خلیق انجم لکھتے ہیں کہ ہاکنز نواب شمس الدین احمد خاں کے بہت قریبی تھے۔انہوں نے نواب شمس الدین کے کہنے پر صدر دفتر میں دوسری رپورٹ بھیجی جس میں تحریر کیا گیا کہ غالبؔ نے اپنی پنشن کے بارے میں جو نا انصافی کا دعویٰ کیا ہے۔وہ بے بنیاد ہے۔اس کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں ہے۔اس بات کا ذکر کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں:

> ''دہلی کے قائم مقام ریذیڈنٹ نے 5 مئی 1830 کے ایک خط میں گورنر جنرل کو اطلاع دی کہ غالبؔ کی شکایت بے بنیاد ہے۔لارڈ لیک نے وظیفے کی جو رقم طے کی تھی وہ انہیں پابندی سے مل رہی ہے۔اس کے جواب میں چیف سیکریٹری گورنمنٹ۔جی سوئنٹن نے دہلی کے قائم مقام ریذیڈنٹ ایف ہاکنز کو مئی 1830 کے ایک خط میں لکھا کہ گورنر آپ کی اس رائے سے متفق ہیں کہ اسداللہ خاں کی شکایت بے بنیاد ہے۔''۱۵۷

حکومت کے اس حتمی فیصلے کے باوجود غالبؔ نے ہمت نہیں ہاری۔انہوں نے جولائی 1830ء کو گورنر جنرل کے نام ایک اور عرض داشت بھیجی۔اس عرض داشت میں وہ تمام باتیں پھر دہرائیں گئیں۔جو خواجہ حاجی اور پنشن کے بارے میں پہلی عرض داشت میں تحریر کی گئی تھیں۔ساتھ ہی حکومت کے کیے گئے فیصلے پر نظر ثانی کی درخواست بھی کی گئی تھی۔خلیق انجم کے مطابق اس بار غالبؔ کو یہ کامیابی حاصل ہوگئی کہ ان کی عرض داشت پر گورنر جنرل لارڈ ولیم بینٹنک نے 20 اگست 1830ء کو دہلی کے قائم مقام ریذیڈنٹ ہاکنز کو حکم دیا کہ لارڈ لیک کا 7 جون 1806ء کا وہ خط، جو نواب احمد بخش خاں کے نام تحریر کیا گیا تھا اور جس میں نصراللہ بیگ کے ورثا کی پنشن رقم مقرر کی گئی تھی، نواب شمس الدین سے لے کر ان کو بھیج دیا جائے۔ایف ہاکنز نے نواب شمس الدین سے یہ خط لے کر 18 اکتوبر 1830ء کو گورنر جنرل کو بھیج دیا۔ایف ہاکنز نے لارڈ لیک کا جو خط کلکتہ بھیج دیا اسے صاف ظاہر تھا کہ غالبؔ نے اپنی پنشن کے بارے میں جو عرض داشت دائر کی ہے وہ بالکل بے بنیاد ہے۔لیکن ہاکنز کی طرف سے بھیجے گئے دستاویزات پر غالبؔ مسلسل یہ اصرار کرتے رہے کہ لارڈ لیک کے یہ دستاویز جعلی ہیں۔لیکن حکومت کے مختلف عہدے داران مسلسل اس کے اصل ہونے کی تصدیق کر رہے تھے۔نتیجتاً غالبؔ نے لارڈ ولیم بینٹنک کے نام ایک درخوست تحریر کیا جس میں انہوں نے بقول خلیق انجم سرکاری افیسروں پر رشوت خوری اور خود لارڈ لیک پر سرکاری کاموں میں لاپرواہی برتنے کے الزامات عائد کئے۔31 دسمبر 1830ء کو دہلی کے ریذیڈنٹ ہاکنز کو ایک

خط کے ذریعے ہدایت دی گئی تھی کہ نواب شمس الدین سے اصل خط حاصل کر کے کلکتہ بھیج دیا جائے۔ آگے کی تفصیل بیان کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں کہ:

> ''دہلی کے ریذیڈنٹ ڈبلیو بی مارٹن نے 24 اگست 1831ء کے ایک خط میں گورنر جنرل کو لکھا، جس میں بتایا کہ یہی وہ دستاویز ہے، جس کی بابت اسداللہ خاں کا دعویٰ ہے کہ اس میں تحریف کی گئی ہے لیکن جب اصل دستاویز سر جون میلکم بہادر کو تجزیے کے لیے پیش کی گئی تو موصوف نے اس کے صحیح ہونے کی تصدیق کی تھی۔ چناں چہ تمام حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے میں اس نتیجے پر پہنچتا ہوں کہ نہ تو مدعی کو نالش کرنے کا مجاز ہے۔ نہ ہی حکومت نواب شمس الدین خاں سے کسی رقم کی ادائیگی کا مطالبہ کرسکتی ہے جیسا کہ دادخواہ چاہتا ہے۔'' ۱۵۸

خلیق انجم نے اس خط کے بارے میں مزید یہ بھی لکھا ہے کہ اس خط میں مارٹن نے اس حقیقت کا انکشاف بھی کیا ہے۔ کہ پہلے بھی دو دفعہ اس طرح کی عرض داشتیں پیش کی گئی تھیں اور دونوں دفعہ انہیں مسترد کر دیا گیا تھا۔ اور پھر بالآخر گورنر جنرل کی ہدایت پر معتمد میکنائن نے یکم مئی 1832ء کو غالبؔ کے نام ایک خط تحریر کیا ہے جس میں انہوں نے لکھا ہے:

> ''گورنر جنرل صاحب، فضیلت مآب صدران کونسل کے خیالات سے کلی طور پر اتفاق فرماتے ہیں۔ لہٰذا ایسی صورت میں نواب شمس الدین سے موجودہ پنشن میں اضافے کا مطالبہ سراسر ناروا ہے اور جنرل لارڈ لیک صاحب کی عطا کردہ سند جس میں مختلف حصے داروں کے نام مخصوص رقم کا اندراج ہے، بالکل صحیح ہے۔'' ۱۵۹

اس کے بعد 1834ء میں جب نواب شمس الدین کو ولیم فریزر کے قتل کے الزام میں پھانسی دی جاتی ہے تو غالبؔ نے ایک بار پھر اپنی عرض داشت دائر کی۔ لیکن غالبؔ کی اس درخواست کو بھی مسترد کیا گیا۔ اور لفٹنٹ گورنر نے فیصلہ کیا کہ 7 جون 1806ء کے شقے کے مطابق جو ساڑھے سات سو سالانہ انہیں ملتے رہتے ہیں وہی درست ہے۔ اور آئندہ بھی وہ اس سے زیادہ کے حقدار نہیں۔ مرزاؔ نے اس کے خلاف گورنر جنرل کے پاس اپیل کی مگر وہاں سے بھی یہی فیصلہ بحال رہا۔

غالبؔ پنشن کے مقدمے کے سلسلے میں مرزا افضل بیگ کی غالبؔ دشمنی کے بارے میں خلیق انجم نے اپنی کتاب میں تفصیل سے بحث کی ہے۔ غالبؔ جب اپنی پنشن کے لیے کلکتہ پہنچے اور صاحب اقتدار برطانوی افسروں سے انہوں نے تعلقات قائم کر لیے۔ تو مرزا افضل بیگ کو محسوس ہوا کہ انگریزوں سے غالبؔ کے بڑھتے تعلقات سے ممکن ہے کہ مقدمہ غالبؔ کے حق میں ہو اور ان کے بھانجے پنشن کے حق سے محروم ہو جائیں۔ اس بات کو مدِ نظر

رکھتے ہوئے مرزا افضل بیگ نے غالبؔ کے خلاف وہ تمام حربے استعمال کیے جن سے غالبؔ کی عزت اور وقار کو ٹھیس پہنچ سکتی تھی ۔ ساتھ ہی ساتھ پنشن کے مقدمے کا فیصلہ غالبؔ کے خلاف ہو۔اس بارے میں خلیق انجم نے غالبؔ کے ایک خط کی عبارت نقل کرتے ہوئے لکھا ہے:

''یہ امر پوشیدہ نہ رہے کہ جب میں کلکتے پہنچا تو لوگوں کے گروہ میرے پیچھے پڑھ گئے ۔اور انہوں نے نکتہ چینی اور شرفا آزاری شروع کردی بلکہ انہوں نے ایک ٹولا خاص طور پر (مجھے) پریشان کرنے کے لیے ترتیب دیا اور وہ آپس میں مل بیٹھے صرف اس لیے کہ میری مخاصمت پر اٹھ کھڑے ہوئے۔''۱۶۰

جب غالبؔ کلکتہ پہنچے تو مرزا افضل بیگ اکبر شاہ ثانیؔ کے وکیل کی حیثیت سے کلکتہ میں قیام پذیر تھے۔ انہوں نے ہر محاظ پر غالبؔ کو شکست دینے کی کوشش کی ۔خلیق انجم کے الفاظ میں بحثیت شاعر غالبؔ ممتاز شخصیت تھی ۔لیکن اس شخصیت کو بگاڑنے میں مرزا افضل بیگ نے ہر ممکن کوشش کی ۔اول یہ کہ کلکتہ میں قتیلؔ کے حامیوں کی اچھی خاصی تعداد تھی ۔اس لیے یہ افواہ پھلائی گئی کہ غالبؔ قتیلؔ کو برا بھلا کہتے ہیں ۔جس کی وجہ سے حامیانِ قتیلؔ غالبؔ سے بدظن ہوگئے ۔پھر یہ کہا گیا کہ غالبؔ سخنورانِ کلکتہ کو بے حیثیت گردانتے ہیں ۔نتیجتاً کلکتہ کے شاعروں اور دانشوروں کا ایک بڑا طبقہ غالبؔ کے مخالف ہوگیا ۔ان سب الزام تراشیوں کا مقصد صرف یہی تھا کہ غالبؔ کو جھگڑوں میں الجھا رکھا جائے اور ان کی درخواست گورنر جنرل تک نہ پہنچ پائے ۔اس مقصد کے پیش نظر کلکتہ میں غالبؔ اور مشاعرانِ کلکتہ کے درمیان تین ادبی معرکے ہوئے ۔جن کی تاریخیں خلیق انجم نے اس طرح بیان کی ہے۔

| | |
|---|---|
| پہلا مشاعرہ | یکم جون 1828 |
| دوسرا مشاعرہ | گیارہ جون 1828 |
| تیسرا مشاعرہ | پندرہ جون 1828 |

ان تینوں مشاعروں کی تفصیل خلیق انجم نے اپنی کتاب ''غالبؔ کا سفر کلکتہ اور کلکتے کا ادبی معرکہ'' میں صفحہ نمبر 127 تا 140 پر تفصیل سے بیان کی ہے۔

''سفیرِ ہرات'' کے ذیلی عنوان میں خلیق انجم نے غالبؔ کو کلکتہ میں پیش آنے والے ادبی معرکہ کے ایک اہم سفیر (سفیر ہرات) پر بحث کرتے ہوئے لکھا ہے کہ اب تک سفیر ہرات کے بارے میں ہماری معلومات بہت محدود تھی ۔ان کے بارے غالبؔ ہی کے حوالے سے ہمیں محض اتنا معلوم تھا کہ جب کلکتہ کے ایک مشاعرے میں مرزا

افضل بیگ کے چڑھائے ہوئے کچھ نااہل اور کم رتبہ لوگوں نے غالبؔ کے دوشعروں پر اعتراض کیا تو اس موقع پر سفیر ہرات نے غالبؔ کی حمایت کی۔خلیق انجم نے غالبؔ کے خطوط کے حوالے سے اس بات کی پوری وضاحت کی ہے کہ کم سے کم چار خطوں میں کلکتے کے ادبی معرکہ کے متعلق غالبؔ نے تین مشاعروں کا ذکر کیا ہے۔جن میں سے تین خط فارسی میں نواب محمد علی خاں کے نام اور ایک اردو میں مولوی عبدالرزاق شاکر کے نام ہے۔خلیق انجم نے مذکورہ چار خطوط میں سے تین خطوط کی عبارتیں صفحہ نمبر 169 تا172 پر نقل کی ہے۔جن میں غالبؔ نے سفیر ہرات سے اپنے بارے میں جو توصیفی کلمات منسوب کیے ہیں۔وہ تینوں خطوط میں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔اس بارے میں خلیق انجم نے تحریر کیا ہے:

> ’’ان مشاعروں میں سفیر ہرات کی شرکت کے بارے میں غالبؔ کے دوخطوط سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ پہلے مشاعرے میں شریک تھے۔جبکہ ایک اور خط میں واضح طور پر کہا گیا ہے کہ تیسرے مشاعرے میں شریک تھے۔البتہ غالبؔ کے مختلف بیانات سے کہا گیا ہے کہ سفیر ہرات صرف ایک ہی مشاعرے میں شریک ہوئے تھے۔‘‘[۱۶]

سفیر ہرات کے بارے میں غالبؔ کے مختلف بیانات پر بحث کرتے ہوئے خلیق انجم اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ سفیر ہرات کا پورا نام سید حسین علی خاں معروف بہ کفایت خاں تھا۔یہ اس دربار میں موجود تھے۔جس میں غالبؔ شریک ہوئے تھے۔ہوسکتا ہے کہ غالبؔ سے ان کی دعا سلام بھی ہوئی ہو لیکن ان ادبی معرکوں کے کسی بھی مشاعرے میں وہ شریک نہیں تھے۔اس لیے غالبؔ کی تعریف وتوصیف میں جو کلمات ان سے منسوب کیے گئے ہیں وہ خود غالبؔ کے ذہن کی اختراع ہے۔

سفر کلکتہ کے دوران اگر چہ غالبؔ طرح طرح کے ذہنی مسائل ومشکلات سے دوچار تھے۔لیکن ان کی تخلیقی سرگرمیاں پھر بھی جاری تھیں۔اس دوران انہوں نے جتنا بھی اردو فارسی کلام تخلیق کیا ہے۔اس کی پوری فہرست خلیق انجم نے صفحہ نمبر 181 تا201 پر دی ہے۔

کتاب کا دوسرا حصہ غالبؔ اور ہندوستان کے فارسی شاعر اور فرہنگ نویسوں کے متعلق ہے۔اس باب کے کئی ذیلی عنوانات ہیں۔یہ موضوع غالبؔ کے سفر کلکتہ یا کلکتے کے ادبی معرکہ سے براہِ راست کوئی تعلق نہیں رکھتا ہے۔اس حصے میں فارسی کے دوشاعر بیدلؔ اور قتیلؔ اور دو فرہنگ نویسوں عبدالواسع ہانسوی اور مولوی غیاث الدین کے مختصر سوانح اور ان حضرات سے غالبؔ کے اختلاف کے وجوہ بیان کیے گئے ہیں۔

قتیلؔ سے غالبؔ کی نفرت کا سبب بیان کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں کہ جب کلکتے میں غالبؔ اور کلکتے کے شاعروں اور دانشوروں کے درمیان معرکہ ہوا۔ اس دوران مرزا افضل بیگ نے غالبؔ کے خلاف زبردست محاذ قائم کیا تھا۔ چوں کہ کلکتہ میں قتیلؔ کے حامیوں کی ایک بڑی تعداد تھی اس لیے مرزا افضل بیگ اور ان کے ساتھیوں نے مشہور کر دیا کہ غالبؔ قتیلؔ کو برا بھلا کہتے ہیں۔ جب کلکتہ میں ادبی معرکہ ہوا اس میں کچھ لوگوں نے غالبؔ کے ایک شعر میں استعمال کی گئی ''ہمہ عالم'' کی ترکیب پر اعتراض کرتے ہوئے کہا کہ ''ہمہ'' جمع ہے جبکہ ''عالم'' واحد ہے۔ قتیلؔ کی ''چہار شربت'' اور ''بہر الفصاحت'' میں اس ترکیب کی سند نہیں ملتی ہے۔ غالبؔ کو یہ بات ناگوار گزری اور وہ قتیلؔ کے مخالف ہو گئے۔

غالبؔ اور بیدلؔ کے بارے میں خلیق انجم لکھتے ہیں کہ غالبؔ عبدالقادر بیدلؔ کے بہت بڑے مدح تھے۔ بیدلؔ کے انداز میں شعر کہنے اور تتبع کرنے پر غالبؔ فخر کرتے تھے۔ لیکن کلکتہ کے ادبی معرکہ کے بعد غالبؔ بیدلؔ سے منحرف ہو گئے اور انہیں غیر مستند کہنے لگے تھے۔ بیدلؔ سے غالبؔ کا ذہنی رشتہ تھا۔ انہوں نے اپنے اردو اشعار میں خلیق انجم کے مطابق کم سے کم تیرہ بار بیدلؔ کی شاعرانہ عظمت کا اعتراف کیا ہے۔

عبدالواسع ہانسوی اور غالبؔ کے بارے میں خلیق انجم نے تحریر کیا ہے کہ عبدالواسع ہانسوی نے رسالہ ''عبدالواسع ہانسوی'' میں تحریر کیا ہے۔ کہ لفظ ''اے مراد'' صحیح اور ''نامراد'' غلط ہے۔ جب غالبؔ کی نظر عبدالواسع ہانسوی کی اس غلطی پر پڑی تو انہوں نے آسمان سر پر اٹھا لیا اور عبدالواسع ہانسوی پر اعتراضات کیے۔

مولوی غیاث الدین سے غالبؔ کے اختلاف پر اظہار خیال کرتے ہوئے خلیق انجم نے لکھا ہے کہ مولوی غیاث الدین نے اپنی تصنیف میں قتیلؔ کے کچھ حوالے دیے تھے۔ یہی بات غالبؔ کو ناگوار گزری اور انہوں نے نواب انوارلدولہ شفق کے نام خط لکھا۔ جس میں انہوں نے پہلی بار قتیلؔ اور مولوی غیاث الدین کے خلاف اپنی شدید نفرت کا اظہار کیا ہے۔

کتاب کے آخر میں خلیق انجم نے نقشہ سفر مرزا غالبؔ (کانپور سے باندہ تک)، ضمیمے تین، حواشی، تعلیقات اور اشاریہ بھی تحریر کیا ہے۔ تعلیقات میں خلیق انجم نے 65 شخصیات کے متعلق اہم معلومات پہنچائی ہے۔ جن میں 27 انگریزی افسران ہیں۔

# (ب) خلیق انجم متنی تنقید اور ترتیب متون

# مرزا مظہر جان جاناں کے خطوط

مرزا مظہر جان جاناں اٹھارویں صدی عیسوی کے ایک اہم صوفی شاعر تھے۔ان کی شخصیت کے کئی پہلو ہیں۔وہ بیک وقت سلسلہ نقشبندی کے صوفی بزرگ، فارسی کے اہم شاعراور شمالی ہند میں جن شعرا نے اردو شاعری کی بنیاد ڈالی اوراس کی ترقی وترویج میں نمایاں کردارادا کیا ہے،ان میں ایک اہم اورنا قابل فراموش نام ہیں۔مرزا مظہر جان جاناں کے عہد میں اردوشاعری میں ایہام گوئی کو بہت مقبولیت حاصل تھی۔اس زمانے میں اردوشاعری الفاظ کی بازی گری بنی ہوئی تھی۔ سچے اور حقیقی جذبات کے برعکس الفاظ کوزیادہ اہمیت ووقعت حاصل تھی۔لیکن مرزا مظہر جان جاناں نے اس کے بمقابل اردوشاعری میں سادہ گوئی کے رواج کو عام کیا اوراسے ایہام گوئی کے عیب سے صاف و پاک کیا۔انہوں نے خودتو اردو میں بہت کم شعر کہے ہیں۔لیکن اپنے شاگردوں کی ذہنی تربیت میں نمایاں کردارادا کیا ہے۔انہیں رب کائنات نے ایسا مزاج اورایسی صلاحیتیں ودیعت میں بخشی تھیں کہ وہ بقول خلیق انجم کے جس میدان میں بھی گئے اس کے امام بن کررہے۔اردوشاعری میں انہیں ''نقاش اول ریختہ'' کہا جاتا ہے۔خلیق انجم کے الفاظ میں اگرانہیں ''دبستان دلی'' کا امام کہا جائے تو کچھ بے جانہ ہوگا۔مرزا مظہر جان جاناں کا سب سے بڑا کارنامہ یہی ہے کہ انہوں نے اردوشاعری کوایہام گوئی سے پاک کرنے میں حتی المقدور کوششیں کی ہیں۔اور اسے فطری اظہار کا راستہ دکھایا۔ان کا کلام شستہ اور پراثر ہے۔انہوں نے کئی تصانیف اپنی یادگار چھوڑی ہیں۔ان کی تخلیقات میں دیوان مظہر (فارسی مطبوعہ)،خریطۂ جواہر (فارسی مطبوعہ)،دیوان مظہر (اردو غیر مطبوعہ)،متفرق اردوکلام،وصیت نامہ (فارسی مطبوعہ)، رسالہ درسلوک طریقہ و بیان مقامات طریقہ مجددیہ،رسالہ تنبیہات خمسہ درحقیقت مذہب اہل سنت وبطلان رویہ شیعہ،رسالہ لب الاسرار، دیباچہ رسالہ کلمات الحق، دیباچہ دیوان مظہر (فارسی مطبوعہ)،خطبات جمعہ (عربی مطبوعہ)،اور مکاتیب فارسی کے چار مجموعے رقعات کرامت سعادت،کلمات طیبات،مکاتیب مرزا مظہراورلوائح خانقاہ مظہریہ کے نام قابل ذکر ہیں۔

مرزا مظہر جان جاناں کے مکاتیب کوسب سے پہلے حضرت شاہ نعیم اللہ بہرائچی نے چند حصوں میں مرتب کیا تھا۔پہلے حصے میں حضرت شاہ نعیم اللہ بہرائچی نے وہ مکاتیب شامل کیے ہیں۔جومرزا مظہر نے اپنے مخلصین اورمریدین کے سوالات وجوابات میں وقتاً فوقتاً لکھا کرتے تھے۔یہ مکاتیب طریقہ نقشبندیہ مجددیہ اورعلم تصوف کے

بیان اورشریعت وطریقت کے اسرار سے بھرے پڑے ہیں۔ان مکاتیب کی جمع وترتیب کی ابتدان کی حیات ہی میں ہوچکی تھی۔جس کا اعتراف وہ خود ایک خط میں ان الفاظ میں کرتے ہیں:

''دبستان تحقیق کے اس بے سواد میں تصنیف کتاب کی اشعداد نہیں ہے۔احباب نے شریعت وطریقت کے بعض مسائل پوچھے تھے۔ان کے جواب مکاتیب کی صورت میں لکھے تھے۔جنہیں عزیزوں نے جمع کیا ہے۔'' ١٦٢

ان مکتوبات کو حضرت شاہ نعیم اللہ بہرائچی نے جمع کیا تھا۔یہ مکاتیب مرزا مظہر جان جاناں کے مکاتیب کا پہلا حصہ ہے۔اس مجموعے میں مکاتیب کی مجموعی تعداد 23 ہیں۔یہ تمام مکاتیب ''مقامات مظہری''، فصل ہژدہم میں اور ''کلمات طیبات'' کی فصل دوم میں شامل ہے۔

پہلے حصے کے بعد نعیم اللہ بہرائچی نے بہت سے خطوط کو یکجا کر کے مرزا مظہر جان جاناں کے خطوط کا ایک نیا مجموعہ ترتیب دیا تھا۔یہ مجموعہ 242 صفحات پر مشتمل ہے۔اس مجموعے کے متعلق ظفر احسن بہرائچی لکھتے ہیں:

''یہ مجموعہ 9x6 سائز کے 242 صفحات پر مشتمل ہے۔ہر صفحہ میں 17 سطریں ہیں۔یہ قلمی نسخہ بوسیدہ اور کرم خوردہ حالت میں ہے۔جس کی وجہ سے مکاتیب کی صحیح تعداد معلوم نہ ہوسکی اور اس مجموعہ کا کوئی دوسرا نسخہ بھی ابھی تک دستیاب نہیں ہوسکا ہے۔'' ١٦٣

اس مجموعے کے بعد شاہ نعیم بہرائچی نے اس مجموعے کا انتخاب کر کے تیسرا مجموعہ ترتیب دیا۔یہ مجموعہ پہلی بار ''رقعات کرامت سعادت'' کے نام سے 1271ھ مطابق 1854ء میں مطبع فتح الاخبار کول (علی گڑھ) کے زیر اہتمام شائع ہوا ہے۔اس مجموعہ پر مولوی محمد نصر اللہ خاں نے حاشیہ تحریر کیا ہے۔اس مجموعہ میں مکاتب کی تعداد 67 ہیں۔رقعات کرامت سعادت کے تمام مکاتیب ''کلمات طیبات'' کی فصل دوم میں شامل ہیں۔اس طرح مرزا مظہر جان جاناں کے مذکورہ دونوں مکاتیب کے مجموعوں کو ''کلمات طیبات'' کے موئف نے اپنی کتاب میں شامل کیا ہے۔لیکن ان دونوں مکاتیب کے مجموعوں کو انہوں نے حذف کیا ہے۔

کلمات طیبات کی پہلی طباعت 1301ھ میں مطبع مطلع العلوم مراد آباد سے امجد علی کے زیر اہتمام ہوئی ہے۔اسے ابوالخیر محمد بن احمد مراد آبادی نے مرتب کیا ہے۔اس کے علاوہ اس پر مولوی محمد قمرالدین مراد آبادی اور مولوی محمد صدیق حسن سنبھل کا حاشیہ اور منشی انوار حسین تسلیم سہوانی کی لکھی ہوئی تقریظ ہے۔کلمات طیبات کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔پہلا حصہ در مکاتیب کے عنوان سے ہے۔یہ باب چار فصلوں پر مشتمل ہے۔فصل اول در مکاتیب حضرت غوث الثقلین، فصل دوم در مکاتیب حضرت مظہر مرزا جان جاناں شہید، فصل سوم در مکاتیب قاضی ثناءاللہ

پانی پتی اور فصل چہارم در مکاتیب شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کے عنوان سے ہے۔باب دوم در ترجمہ رسالہ اسرارالا لعارفین وسیر الطالبین شیخ شہاب الدین سہروردی کے عنوان سے ہے۔

ابوالخیر محمد بن احمد مراد آبادی کے اسی مرتبہ ''کلمات طیبات'' کی فصل دوم صفحہ 18 سے مکتوب ہشتاد و ہشتم صفحہ 96 تک کے تمام مکاتیب کو خلیق انجم نے اردو میں ترجمہ کیا ہے۔خلیق انجم کا یہ ترجمہ پہلی بار 1962ء میں بعنوان ''مرزا مظہر جان جاناں کے خطوط'' سے شائع ہوا ہے۔

عبدالرزاق قریشی نے بھی مرزا مظہر جان جاناں کے مکاتیب کو مرتب کر کے ''مکاتیب مرزا مظہر'' کے عنوان سے 1966ء میں شائع کیا ہے۔ان مکاتیب کی زبان فارسی ہے۔اور متنی حواشی بھی جو کہ بہت کم ہے، فارسی میں ہیں۔لیکن پیش گفتار اور تشریحات اردو میں ہیں۔کیوں کہ بقول عبدالرزاق قریشی۔اس کتاب سے ہندوستان کا اردوداں طبقہ مستفید ہوسکتا ہے۔اس میں اہل ایران کی دلچسپی کا کوئی سامان نہیں۔

عبدالرزاق قریشی کے مرتبہ ''مکاتیب مرزا مظہر'' میں مکاتیب کی کل تعداد 147 ہے۔تین مکاتیب کو چھوڑ کر باقی 144 مکاتیب عبدالرزاق قریشی کو مولانا ابالحسن زید صاحب فاروقی کی عنایت اور کرم فرمائی سے موصول ہوئے ہیں اور انہیں شائع کرنے کی اجازت بھی دی ہے۔دو خط بشارات مظہریہ سے لیے گئے ہیں۔اور باقی ایک خط جناب مولانا نسیم احمد صاحب نے ماہنامہ ''الفرقان'' لکھنو سے شائع کیا تھا۔مکاتیب مرزا مظہر میں شامل مکاتیب سب کے سب قاضی ثناء اللہ پانی پتی کے نام تحریر کیے گئے ہیں۔یہ مکاتیب مرزا مظہر صاحب کے آخری دور سے تعلق رکھتے ہیں۔

''مکاتیب مرزا مظہر'' میں شامل مکاتیب کے بعد عبدالرزاق قریشی نے ضمیمہ کے طور پر مرزا صاحب کی دو اور تحریریں بھی شامل کی ہیں۔تاکہ وہ زمانہ کی دستبرد سے محفوظ ہوجائیں۔یہ دونوں تحریریں انہوں نے بشارات مظہریہ سے نقل کی ہیں۔آخر میں تشریحات ،فہرست ماخذ اور اشاریہ دیا گیا ہے۔دو صفحات پر مشتمل سرآغاز میں عبدالرزاق قریشی نے مکتوبات مرزا مظہر کی فراہمی سے متعلق اہم معلومات بیان کی ہے۔اس سلسلے میں انہوں نے مولانا ابوالحسن زید صاحب فاروقی ،صدیق مخلص افتخار احمد جھنجھانوی اور مخدوم محترم مولانا مہر محمد خاں صاحب شہاب مالیر کوٹلوی کا شکرادا کیا ہے۔

19 صفحات پر مشتمل ''پیش گفتار'' کے عنوان میں عبدالرزاق قریشی نے مرزا مظہر جان جاناں کے مکتوبات کی خصوصیات کو بیان کرتے ہوئے کلمات طیبات، رقعات کرامت سعادت،مرزا صاحب کا اپنے مریدوں اور

عزیزوں سے محبت وخلوص اوراپنی مرتبہ مکاتیب مرزامظہر پر اظہار خیال کیا ہے۔ساتھ ہی ساتھ انہوں نے اس باب میں مرزامظہر کی زندگی کے مختلف پہلوؤں پر بھی روشنی ڈالی ہے۔

عبدالرزاق قریشی کے اس مجموعہ کا اردو ترجمہ ڈاکٹر محمد عمر صاحب نے 1995ء میں کیا ہے۔محمد عمر کے ترجمے میں کوئی دیباچہ یا مقدمہ تحریر نہیں کیا گیا ہے۔محض چند سطریں ''حروف چند'' کے عنوان سے تحریر کی گئی ہیں۔جس میں وہ لکھتے ہیں:

> ''درگاہ مظہر جانجاناں (درگاہ شاہ ابوالخیر) کے آخری سجادہ نشین اور ہمارے مخدوم حضرت زیدابالحسن فاروقی مرحوم ومغفور کا بڑا اچھا ذاتی کتابخانہ تھا/ہے۔اس میں حضرت نانجاناں کے فارسی مکاتیب کا ایک بڑا ذخیرہ محفوظ تھا جو عبدالرزاق قریشی صاحب نے مرتب کر کے شائع کرایا تھا۔مثلاً ان کے خطوط کا ایک اور مجموعہ شائع ہو چکا تھا۔جس کا اردو ترجمہ ڈاکٹر خلیق انجم کی توجہ سے شائع ہو چکا ہے۔اب یہ نو دریافت شدہ خطوط کا ترجمہ ڈاکٹر عمی کی عنا یت سے اردو میں آرہا ہے۔امید ہے دلچسپی سے پڑا جائے گا۔'' ۱۶۴

اس مجموعہ میں 145 خط ہیں۔جن میں سے 130 قاضی ثناءاللہ صاحب کے نام ہیں۔اور بقیہ ان کے اہل خاندان (والدہ،بیگم،صاحبزادے اور قاضی ثناءاللہ شہر پانی پتی کے دوسرے متعلقین کے نام ہیں۔

ایک مجموعہ ڈاکٹر مصطفیٰ خاں صاحب نے بھی 1972ء میں ترتیب دیا تھا۔یہ مجموعہ دوسو مکتوبات پر مشتمل ہیں۔یہ مکتوبات ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں صاحب کو خانقاہ اخوند ملا نسیم الموسوم بہ خانقاہ نورمل مغربی پاکستان سے موصول ہوئے تھے۔اس بات کا اعتراف انہوں نے خود اپنے تحریر کیے ہوئے مقدمہ میں کیا ہے۔اس سلسلے میں وہ لکھتے ہیں:

> ''راقم الحروف نے حضرت نسیم کے جمع کردہ نادر اور غیر مطبوعہ مکتوبات تک رسائی حاصل کرنے کے لیے اوچ کا سفر کیا تھا۔خانقاہ میں حضرت مظہرؒ کے دس مکتوبات اور ان کے خلیفہ حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتی کے نو مکتوبات موجود ہیں۔حضرت مظہرؒ کے نام ان کے احباب اور مریدین ومتوسلین کے لکھے ہوئے مکتوبات بھی ایک بڑی تعداد میں موجود ہیں۔ان کی تعداد 137 ہے۔علاوہ ازیں 44 مکتوبات ایسے ہیں۔جو حضرت مظہرؒ کے احباب اور مریدین ومتوسلین کے آپس میں ایک دوسرے کو تحریر کئے ہیں یا حضرت نسیم کے متوسلین نے تحریر کیے ہیں۔اس موقع پر حضرت نسیم کے اخلاف مذکورہ کی عنایت سے نہ صرف ان غیر مطبوعہ مکتوبات میں سے بعض کی نقل حاصل ہوئی بلکہ چند کے عکوس تیار کرانے کا موقع بھی ملا۔'' ۱۶۵

مذکورہ مجموعہ دو حصوں پر مشتمل ہے۔پہلا حصہ ''باب مظہر'' کے نام سے تحریر کیا گیا ہے اور دوسرا حصہ ''باب

نسیم'' کے نام سے۔ باب مظہر میں مرزا مظہر کے تحریر کیے ہوئے اور ان کے نام تحریر کیے ہوئے مکتوبات کے علاوہ ان کے سلسلے کے دوسرے حضرات کے آپس میں لکھے گئے مکتوبات ہیں۔ دوسرے حصے میں اخوند ملا محمد نسیم کے نام قاضی ثناء اللہ پانی پتی، اہلیہ حضرت مظہر، والدہ ماجدہ حضرت نسیم کے مکتوبات ہیں۔ علاوہ ازیں احباب اور مریدین کے مکتوبات بھی اس میں شامل ہیں۔ زیر بحث مجموعے کے جملہ مکتوبات فارسی میں ہیں۔ بغیر ایک کے جو عربی زبان میں تحریر کیا گیا ہے۔ اس مجموعہ میں مرزا مظہر جان جاناں کے صرف دس مکتوبات شامل ہیں۔ ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں صاحب کا ترتیب دیا ہوا مجموعہ 1975ء میں لوائح خانقاہ مظہریہ کے نام سے شائع ہوا ہے۔

اس بات کا ذکر پہلے بھی کیا جا چکا ہے کہ خلیق انجم نے ابوالخیر محمد بن احمد مراد آبادی کے مرتبہ ''کلمات طیبات'' کی فصل دوم کے صفحہ 18 سے مکتوب ہشتاد و ہشتم صفحہ 96 تک کے تمام مکاتیب کو اردو میں ترجمہ کیا ہے۔ ان کا یہ ترجمہ ''مرزا مظہر جان جاناں کے خطوط'' کے عنوان سے پہلی بار 1962ء میں شائع ہوا ہے۔ خلیق انجم کا یہ ترجمہ نہ صرف ترجمہ ہے۔ بلکہ تحقیق و تدوین کا معیاری اور عمدہ کارنامہ بھی ہے۔ خطوط کی ترتیب سے پہلے دیباچہ تحریر کیا گیا ہے۔ جس میں مرزا مظہر جان جاناں کے سوانح حیات، شجرہ نسب، ادبی خدمات، تالیف وتصانیف کا ذکر اور مرزا مظہر جان جاناں کے تاریخی اور سماجی پس منظر کی ساری تفصیلات خلیق انجم کی تحقیقی کاوشوں کو واضح کرتی ہیں۔ خلیق انجم کے مجموعے میں مکاتیب کی مجموعی تعداد 90 ہے۔ جن میں سے 41 مکتوب الیہم کے نام 69 خطوط اور 23 خطوط بنام نامعلوم ہیں۔ خلیق انجم کے مجموعے میں شامل مکاتیب کی فہرست یوں ہیں۔

| | |
|---|---|
| خطوط بنام نامعلوم | ۲۱ |
| بنام شاہ ابالفتح | ۱ |
| بنام نامعلوم | ۱ |
| بنام میر مسلمان | ۴ |
| بنام مولوی ثناء اللہ سنبھلی | ۴ |
| بنام شاہ محمد اسلم | ۱ |
| بنام مولوی نعیم اللہ بہرائچی | ۱ |
| بنام میاں محمد قاسم | ۴ |
| بنام محمد اسحاق خاں | ۱ |

| | |
|---|---|
| بنام صاحبزادہ مرید حسین | ۱ |
| بنام نواب عبداللہ خاں | ۱ |
| بنام نواب فیض اللہ خاں | ۱ |
| بنام نواب ارشاد علی خاں | ۱ |
| بنام ظفر علی خاں | ۱ |
| بنام شاہ ابوالفتح | ۲ |
| بنام چودری تیور خاں | ۱ |
| بنام مولوی قطب شاہجہاں پوری | ۱ |
| بنام سید حفیظ اللہ خاں | ۱ |
| بنام میر اجنبی | ۱ |
| بنام مولوی عبدالرزاق | ۱ |
| بنام مولوی احسن خاں بریلوی | ۱ |
| بنام مولوی محمد کلیم بنگالی | ۱ |
| بنام میر پیر علی | ۱ |
| بنام میر محمد مبین خاں | ۱ |
| بنام میر محمد مبین | ۱ |
| بنام محمد معین | ۱ |
| بنام نامعلوم | ۱ |
| بنام سید حشمت خاں | ۱ |
| بنام انتظام الدولہ | ۲ |
| بنام نواب عمادلملک | ۴ |
| بنام صاحبزادہ غلام عسکری | ۶ |
| بنام صاحبزادہ محمد احسان | ۳ |

| | |
|---|---|
| بنام قاضی ثناءاللہ پانی پتی | ۷ |
| بنام متعلق قاضی ثناءاللہ | ۱ |
| بنام مولوی احمداللہ | ۱ |
| بنام دلیل اللہ | ۱ |
| بنام محمد مراد | ۱ |
| بنام حکیم محمد فاروقی | ۱ |
| بنام حکیم شریف خاں | ۱ |
| بنام بدرعلی | ۱ |
| بنام غلام عسکری خاں | ۱ |
| بنام میر مسلمان | ۱ |
| بنام سید موسی خاں دھبیدی | ۱ |

سلسلہ نسب کے عنوان میں خلیق انجم نے مرزا مظہر جان جاناں کی اولاد، مرزا مظہر کی شہادت، ان کا مزار جیسے موضوعات پر مفصل بحث کی ہے۔ان کے آباواجداد، ان کی تاریخ ولادت، نام و تخلص، تعلیم و تربیت، علم بیانی، مرزا مظہر کی شریک حیات جیسے موضوعات کی تفصیل کو خلیق انجم نے محمد علی مرادآبادی مرتب کلمات طیبات کے حوالے سے بیان کیا ہے۔مرزا مظہر جان جاناں کے شجر نسب کے متعلق خلیق انجم کا کہنا ہے کہ ان کا شجرہ نسب اٹھائیس واسطوں سے محمد بن حنفیہ کے توسط سے حضرت علیؓ تک پہنچتا ہے۔اس بات کا اعتراف خلیق انجم ان الفاظ میں کرتے ہیں:

> ''مرزا صاحب ایک خط میں اپنے سلسلۂ نسب کے بارے میں لکھا ہے۔کہ اس خاکسار کی نسبت اٹھائیس واسطوں سے محمد بن حنیفہ کے توسط سے شبیر بیشہ کبریا علی مرتضٰی علیہ التحیہ والثنا تک پہنچتی ہے۔''[۱۶۶]

والہ داغشانی نے بھی اپنے تذکرے ''ریاض الشعرا'' میں یہی تحریر کیا ہے۔کہ مرزا صاحب ''سادات علویہ'' سے تھے۔اس کے علاوہ ڈاکٹر سید تبارک علی نقش بندی نے اپنی تصنیف ''مرزا مظہر جان جاناں ان کا عہد اور اردو شاعری'' اور عبدالرزاق قریشی نے اپنی کتاب ''مرزا مظہر جان جاناں اور ان کا کلام'' میں یہی لکھا ہے۔لیکن

مصحفی کا خیال اس کے برعکس ہے۔ وہ ''عقدِ ثریا'' میں والہ داغشانی کے بیان سے اختلاف کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''والہ داغشانی نے لکھا ہے کہ مرزا صاحب سادات علویہ سے تھے۔ یہ محض غلط ہے کیوں کہ
صحیح کے مطابق مرزا ''اتراک توران'' سے تھے۔''۱۶۷

خلیق انجم مصحفی کے مذکورہ بیان سے متفق نہیں۔ انہوں نے لکھا ہے کہ مصحفی کے ماخذ کا پتا نہیں ہے۔ لیکن خود مرزا صاحب کے اپنے بیان کے بعد اس سلسلے میں مزید تحقیق کی ضرورت باقی نہیں رہتی۔ عبدالرزاق قریشی بھی مصحفی کے اس بیان کے بارے میں اختلاف کرتے ہیں۔ مرزا مظہر جان جاناں کا شجرۂ نسب بیان کرتے ہوئے خلیق انجم نے مولوی نعیم اللہ بہرائچی کے حوالے سے تحریر کیا ہے:

''مرزا مظہر جان جاناں ابن مرزا جان ابن مرزا عبدالسبحان ابن مرزا محمد امان ابن شاہ
بابا سلطان خان ابن امیر غلام محمد ابن امیر محمد ابن خواجہ رستم شاہ ابن امیر کمال الدین۔'' ۱۶۸

مرزا مظہر جان جاناں کے والد محترم کا نام گرامی مرزا جان تھا۔ جو مرزا عبدالسبحان کے نور چشم تھے۔ مرزا جان نہایت پرہیزگار تھے اور خدا دوست آدمی تھے۔ ان کے بارے میں نعیم اللہ بہرائچی نے لکھا ہے کہ وہ اورنگ زیب کے دور حکومت میں لشکر میں ملازم تھے۔ گارستان دتاسی کے بیان کے مطابق مرزا عہدۂ قضا پر فائز تھے۔ خلیل السہر اندی نے بھی لکھا ہے کہ مرزا جان اورنگ زیب کے لشکر میں ملازم تھے۔ لیکن وہ اورنگ زیب سے کسی بات پر ناراض ہو کر اپنے عہدے سے مستعفی ہو گئے۔ ان کی ناراضگی اور استعفی کا سبب مولوی نعیم اللہ بہرائچی نے تفصیل بیان کرتے ہوئے لکھا ہے۔ جس زمانہ میں اورنگ زیب مملکت دکن کی تسخیر کی طرف متوجہ تھا، صوبہ دار ارکاٹ نے بغاوت کی۔ بادشاہ بہت پریشان ہوا، چوں کہ صوبہ دار ارکاٹ اور مرزا جان میں بڑی محبت اور یگانگت تھی۔ اس لیے ارکان دولت نے بادشاہ کو مشورہ دیا کہ مرزا جان کو صوبہ دار ارکاٹ کے پاس بھیجا جائے تا کہ وہ اسے سمجھا کر بادشاہ کی اطاعت پر راضی کریں۔ بادشاہ نے مرزا جان کو اس کام پر متعین کیا۔ انہوں نے صوبیدار کو بادشاہ کی اطاعت پر آمادہ کر لیا۔ اور اس کی طرف سے ایک خطیر رقم بطریق پیش کش اور بہت سے تحائف بادشاہ کی خدمت میں پیش کیے۔ جو تحائف خود انہیں ملے تھے ان میں سے کچھ نہ لیا۔ بادشاہ بہت خوش ہوا اور ان سے کہا کہ اگر تمہاری کوئی خواہش ہو تو کہو وہ پوری کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ میں ایک مدت سے اپنے منصب میں ترقی کا امیدوار ہوں، بادشاہ نے کہا کہ اگر اس کے علاوہ کچھ چاہیے ہو تو کہو۔ انہوں نے کہا کہ اس کے علاوہ میں کچھ نہیں چاہتا۔ بادشاہ کو غصہ آ گیا۔ اس نے کہا کہ تمہیں اپنے اجداد کی نمک حرامی یاد نہیں۔ انہوں نے جواب دیا کہ نمک حرامی اور جانفشانی

دونوں یاد ہیں۔ان ہی لوگوں کی جانفشانی کا نتیجہ ہے کہ آج ہندوستان کا تخت آپ کے تصرف میں ہے۔ بادشاہ نے کہا کہ خلد مکان نے مجھے چند وصیتیں کی تھیں۔ان میں ایک یہ تھی کہ تمہارے خاندان کے کسی فرد کو اعلیٰ منصب نہ دیا جائے۔مرزا جان نے کہا تو پھر میں بھی آپ کی خدمت سے دست بردار ہوتا ہوں۔ چناں چہ انہوں نے استعفی دے دیا اور اکبر آباد آ کر ترک دنیا کر کے گوشہ نشینی اختیار کر لی۔

خلیق انجم کے مطابق نعیم اللہ بہرائچی کے مذکورہ بیان میں دو غلطیاں ہیں۔ایک یہ کہ اورنگ زیب کے دور حکومت میں ارکاٹ نام کا کوئی صوبہ نہیں تھا۔اس لیے مرزا مظہر کا وہاں کا صوبے دار ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔دوسری بات یہ کہ اورنگ زیب کو خود ''خلد مکان'' کہا جاتا ہے۔اس لیے خلیق انجم کے الفاظ میں یہ پورا واقعہ من گھڑت ہے۔ان کے مطابق اس واقعہ کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں ہے۔عبدالرزاق قریشی نے بھی اپنی کتاب ''مرزا مظہر جان جاناں اور ان کا کلام'' میں یہی واقعہ بیان کیا ہے۔ بہر حال واقعہ کوئی بھی ہو۔لیکن یہ حقیقت اپنی جگہ مسلم ہے کہ مرزا مظہر جان جاناں نے اپنے عہدے سے مستعفی ہو کر دنیاوی امور سے کنارہ کشی اختیار کر کے اپنے مال و دولت کا بڑا حصہ راہِ خدا میں تقسیم کر دیا۔

مرزا مظہر جان جاناں کی والدہ کے متعلق خلیق انجم نے تحریر کیا ہے کہ مرزا صاحب کی والدہ کے بارے میں اس سے زیادہ اور کچھ معلوم نہیں ہو سکا ہے۔کہ وہ بیجا پور کے شاہی خاندان سے تھیں۔اور غالباً مرزا جان یعنی مرزا صاحب کے والد محترم کے قیامِ دکن کے دوران ان کی شادی ہوئی تھی۔خلیق انجم کے الفاظ میں وہ بہت نیک، پارسا ،رحم دل اور عبادت گذار تھیں۔

مرزا مظہر جان جاناں کی تاریخ ولادت اور جائے پیدائش کے متعلق مختلف بیانات ملتے ہیں۔عنایت اللہ فتوت، احمد علی سندیلوی اور فتح علی حسینی گردیزی کے مطابق مرزا مظہر کی ولادت اکبر آباد میں ہوئی ہے۔لیکن نعیم اللہ بہرائچی کا بیان ان سے مختلف ہے۔وہ لکھتے ہیں کہ جب مرزا جان ملازمت ترک کر کے دکن سے اکبر آباد جا رہے تھے۔تو راستے میں ان کا قیام حدود مالوا میں رہا۔ان کے بیان کے مطابق یہیں ان کی ولادت 11 رمضان المبارک بروز جمعہ کی رات کو ہوئی۔خلیق انجم مولوی نعیم اللہ بہرائچی کے اس بیان کو درست تسلیم کرتے ہیں۔ باوجود اس کے کہ وہ خود اس بات کی تصدیق کرتے ہیں کہ نعیم اللہ بہرائچی کے بیان کی تائید کسی اور ذریعہ سے نہیں ہو جاتی ہے۔اس بات اعتراف کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں:

''اگر چہ کسی اور ذریعہ سے مولوی نعیم اللہ بہرائچی کے اس بیان کی تصدیق نہیں ہوتی۔لیکن

جس طرح انہوں نے یہ واقع بیان کیا ہے۔اسے اندازہ ہوجاتا ہے کہ مولوی صاحب کا بیان درست ہے۔'' ۱۶۹

سید تبارک علی نقش بندی نے اپنی کتاب ''مرزا مظہر جان جاناں ان کا عہد اور اردو شاعری'' اور عبدالرزاق قریشی نے ''مرزا مظہر جان جاناں اور ان کا اردو کلام'' میں یہی لکھا ہے۔ کہ مرزا مظہر کی ولادت کالا باغ میں حداد مالوا میں واقع ہوئی ہے۔

مرزا مظہر کی جائے پیدائش کی طرح ان کی سنہ ولادت میں بھی اختلاف ہے۔مختلف تذکروں اور خود مرزا صاحب کی تحریروں میں سنہ ولادت کی مختلف تاریخیں ملتی ہیں۔عبدالرزاق قریشی،ڈاکٹر سید تبارک علی نقش بندی اور خلیق انجم نے اس سلسلے میں مختلف تذکرہ نگاروں اور محققین کے حوالے پیش کر کے اس موضوع پر مفصل بحث کی ہے۔لیکن انہوں نے جو نتائج برآمد کیے ہیں۔وہ ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔عبدالرزاق قریشی نے 1113ھ پر زیادہ زور دیا ہے۔ڈاکٹر سید تبارک سلی نقش بندی نے 1111ھ کو زیادہ مناسب سمجھا ہے۔جبکہ خلیق انجم نے 1110ھ کو صحیح تسلیم کیا ہے۔اس سلسلے میں جس انداز سے خلیق انجم نے اپنے دلائل پیش کیے ہیں۔وہ تاریخ صحیح معلوم ہوتی ہے۔خلیق انجم اپنی دلیل بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''اگر ہم تسلیم کریں کہ مرزا صاحب ۱۱رمضان کو جمہ کے دن پیدا ہوئے تھے۔تو ۱۱۱۳ھ(۱۷۰۱۔۱۷۰۲ء) میں ۱۱رمضان کو جمعرات کا،اور ۱۱۱۲ھ(۱۷۰۰۔۱۷۰۱ء) میں اس تاریخ کو ہفتے کا اور ۱۱۱۱ھ میں منگل کا دن تھا۔۱۱۱۰ھ(۱۶۹۸-۱۶۹۹ء) وہ سال ہے جب ۱۱ رمضان المبارک کو جمہ کا دن تھا۔اس لیے درست معلوم ہوتا ہے۔گویا مرزا صاحب ۱۱۱۰ھ (۱۶۹۹ء) میں گیارہ رمضان المبارک کو بقول نعیم اللہ جمعہ کی رات کو اور بقول شاہ غلام علی جمعہ کی صبح کو پیدا ہوئے۔'' ۱۷۰

مرزا مظہر جان جاناں کی تعلیم و تربیت کے بارے میں بھی خلیق انجم نے اچھی خاصی بحث کی ہے۔اس سلسلے میں انہوں نے لکھا ہے۔کہ مرزا صاحب کے والد محترم مرزا جان نے بچپن سے ہی ان کی تعلیم و تربیت کا بہت خیال رکھا ہے۔متنوع تعلیم حاصل کرنے کے لیے تقسیم الاوقات کی تائید کرتے تھے۔اور فرمایا کرتے تھے کہ وقت کا بدل نہیں ہے۔مرزا مظہر جان جاناں رسائل فارسی محاورہ اپنے والد سے پڑھتے تھے۔قرآن شریف قاری عبدالرسول کے زیرنگران پڑھا۔علم تجوید اور قرأت بھی انہی سے حاصل کی ہے۔والد کی وفات کے بعد حدیث وتفسیر کا علم محمد افضل سیالکوٹی سے حاصل کی۔مرزا مظہر جان جاناں کے علم وفضل کا اعتراف تقریباً ان کے تمام معاصرین

نے کیا ہے ۔لیکن بقول خلیق انجم محمد حسین آزاد نے مرزا مظہر کی تصویر بگاڑنے میں کوئی کثر باقی نہیں اٹھا رکھی ہے ۔انھوں نے مرزا صاحب پر بعض بیہودہ اور بے بنیاد الزام بھی لگائے ہیں ۔مرزا صاحب کے علم وفضل کے بارے میں آزاد نے جو کچھ کہا ہے ۔وہ کسی اور تذکرہ نگار نے نہیں کی ہے ۔

مرزا صاحب کی وفات تقریباً 82 بیاسی سال کی عمر میں 1195ھ مطابق 1780ء میں ہوئی ۔ان کی موت قاتلانہ حملہ سے ہوئی ۔جس کی بنیادی وجہ اکثر مورخین کے مطابق مذہبی اختلاف بتائی جاتی ہے ۔اور نجف خاں کو اس کا ذمہ دار ٹھرایا جاتا ہے ۔کریم الدین علی لطف اور قدرت اللہ قاسم وغیرہ کا بھی یہی خیال ہے ۔کئی تذکرہ نگار اس بات کی شہادت دیتے ہیں کہ مرزا مظہر کے قتل میں نجف خاں کا ہاتھ تھا ۔صاحب ''تذکرہ عشق'' نے مرزا صاحب کے قتل کے متعلق یہی لکھا ہے کہ وہ نجف خاں کا ملازم تھا اور مذہبی تعصب کی وجہ سے انہیں قتل کر دیا گیا تھا۔خلیق انجم کا خیال بھی یہی ہے ۔کہ مرزا صاحب مذہبی اختلاف کی وجہ سے قتل کر دیے گئے تھے ۔لیکن انہوں نے ساتھ ہی اس بات کی وضاحت بھی کی ہے کہ ان کے قتل کرنے کی ایک خاص وجہ سیاسی شعبدہ بازی بھی تھی ۔وہ بھی اس بات سے متفق ہیں کہ نجف خاں کٹر شیعہ تھے ۔مرزا مظہر جان جاناں کی وفات کے متعلق خلیق انجم لکھتے ہیں :

''لیکن حقیقت یہ ہے کہ مرزا صاحب کے قتل میں سیاسی اور مذہبی دونوں اسباب کام کر رہے تھے ۔جن میں سیاسی اسباب کو اولیت خاص تھی ۔اور مذہب کو محض سیاسی اغراض کے لیے استعمال کیا گیا۔'' 171

''مرزا صاحب کے خطوط'' کے ذیلی عنوان میں خلیق انجم نے خطوط کی اہمیت وافادیت پر روشنی ڈالتے ہوئے مرزا مظہر جان جاناں کی شاعری اور خطوط نگاری پر گفتگو کی ہے ۔اس باب میں خلیق انجم نے مرزا صاحب کی مختلف تخلیقات خریطۂ جواہر، ان کے مطبوعہ اور غیر مطبوعہ کلام ،رقعات مرزا مظہر،کلمات طیبات ،رقعات کرامت سعادت وغیرہ کے حوالے سے مختصراً مگر جامع بحث کی ہے ۔نیز مرزا مظہر کے خطوط کی خصوصیات بیان کرتے ہوئے خلیق انجم نے ان واقعات کی طرف بھی اشارہ کیا ہے ۔جن سے بہ آسانی اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ مرزا صاحب کی سوانح اور اس عہد کی سیاسی ،سماجی اور اقتصادی زندگی کی کیا نوعیت تھی ۔

کتاب کے آخر میں حواشی ،اشاریہ اور کتابیات ہیں ۔حواشی میں خلیق انجم نے تقریباً 29 شخصیتوں کے متعلق ضروری معلومات فراہم کی ہے ۔یہ وہی شخصیات ہیں جن کا ذکر خلیق انجم کی مرتبہ وترجمہ ''مرزا مظہر جان جاناں کے خطوط'' کے مکاتیب میں کیا گیا ہے ۔یا پھر جن کے متعلق یہ مکاتیب تحریر کیے گئے ہیں ۔اس کے علاوہ انہوں نے تین

خطوط کی تاریخ تحریر کا تعین بھی کیا ہے۔

مجموعی طور پر کہا جا سکتا ہے کہ یہ کتاب بیک وقت ایک عمدہ ترجمہ اور تدوین کا بہترین اور معیاری نمونہ ہے ۔اجداد میں مرزا صاحب کا سلسلہ نسب اور خاندانی شجرہ کی تفصیلات بیان کے بعد الگ سے مرزا کی سوانح لکھی ہے۔ پھر مرزا صاحب کے خطوط کے عنوان سے ایک بسیط و مبسوط مقدمہ تحریر کیا ہے۔ جس میں خطوط کے موضوعات اور ان کی اہمیت و افادیت بیان کی گئی ہے۔ ان خطوط کے ذریعہ ہمیں مغلیہ حکومت کے آخری دور کے سیاسی ،سماجی اور مذہبی حالات کا اندازہ بخوبی ہو جاتا ہے۔ اس کتاب کے مطالعے سے ہمیں ڈاکٹر خلیق انجم کی بہترین صلاحیتوں کا ثبوت بھی ملتا ہے۔ اس ترجمہ کی زبان و بیان نہایت سادہ، عام فہم اور دلکش ہے۔

## متنی تنقید

تاریخ ادب اردو میں جب ہم تنقید کی بات کرتے ہیں تو اس کے کئی اقسام ہیں ۔ جیسے جمالیاتی تنقید، تاثراتی تنقید، مارکسی تنقید، ترقی پسندی تنقید، سائنٹفک تنقید اور اسلوبیاتی تنقید۔ لیکن متنی تنقید ان سب میں الگ ہیں۔ کیوں کہ اس کا تعلق صرف ادب سے نہیں بلکہ جملہ قدیم تحریروں سے ہوتا ہے۔ کوئی بھی پرانی تصنیف اگر آپ کے ہاتھ لگ جاتی ہے تو اس کی اہمیت و افادیت کو آپ کس طرح جانچیں اور پرکھیں گے۔ وہ اس متنی تنقید میں آپ کو پڑھنے کو ملے گا۔ اگر آپ کی رسائی ایک ہی کتاب کے کئی نسخوں تک ہو جاتی ہے۔ تو یہ کتاب آپ کے لیے بہت مفید اور معاون ثابت ہو سکتی ہے، کہ کیسے آپ مصنف کی لکھی کتاب یا مصنف کی کتاب سے نقل کی ہوئی کتاب تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ کتابوں میں نفس متن کے سوا بھی کئی اہم چیزیں ہوتی ہیں، جیسے حواشی ،تعلیقات ،مہریں ،عرض دیدہ، تخریج ، یاداشتیں ،ترقیمے ،تملیک ،مقدمہ وغیرہ۔ ان چیزوں سے بھی متن کو پہچاننے میں بہت مدد مل سکتی ہے، اور جن اصولوں کے ذریعے یہ کام انجام دیا جاتا ہے اسے تنقید متن یا متنی تنقید کہا جاتا ہے۔

تنقید متن پر اردو میں اصولی بحثیں بہت کم کی گئی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جب ہم ادب کا مطالعہ کرتے ہیں تو یہ بات عیاں ہو جاتی ہے کہ متعدد محققین کے عملی کارناموں کے باوجود متن کی تنقید کے اصولوں کی جان پہچان عام نہیں ہے۔ خلیق انجم کی تصنیف ''متنی تنقید'' اردو میں لکھی ہوئی ایسی پہلی کتاب ہے، جو تصحیح متن کے اصولوں پر شرح وبسط کے ساتھ روشنی ڈالتی ہے۔ خلیق انجم کی تالیف، تحقیقی اور تنقیدی صلاحیتوں کے تذکرے کے ضمن میں اگر ان کی

مایہ ناز تصنیف ''متنی تنقید'' کا ذکر نہ کیا جائے تو خلیق انجم پر کوئی بھی کام ادھورا اور تشنہ رہ جائے گا۔ اردو زبان وادب کی تاریخ میں اس تصنیف کا ذکر اس لیے ضروری ہے کہ یہ کتاب خلیق انجم کی تمام تالیفات، تحقیقات اور تنقیدی معیار کا سرچشمہ ہے۔ خلیق انجم نے جتنی بھی کتابیں ترتیب دی ہیں یا انہوں نے جتنی بھی کتابیں لکھی ہیں۔ ان تمام تصنیفات وتالیفات میں ہمیں ان کے متنی تنقیدی شعور کی توانائی کارفرما دکھائی دیتی ہے۔ اردو زبان وادب میں اس کتاب کی اشاعت سے قبل متنی تنقید پر کوئی باضابطہ کتاب موجود نہیں تھی۔ اس میں پہلی بار کتابوں کے متن کی تصحیح وتحقیق کے اصولوں سے بحث کی گئی ہے۔ البتہ اس سے پہلے موضوع کے بارے میں گنے چنے مضامین ضرور دستیاب تھے۔ مغربی ناقدین کے نزدیک پرانی تحریروں کے سائنٹفک مطالعہ کو متنی تنقید کہا جاتا ہے۔ لیکن جب ہم خلیق انجم کی تصنیف ''متنی تنقید'' کا مطالعہ کرتے ہیں تو ہمیں اس بات کا علم ہوجاتا ہے۔ کہ متنی تنقید کے سلسلے میں ہمارے یہاں مغربی تنقید کے اصولوں وضوابط سے بعینہ اتفاق نہیں کیا جاسکتا۔ اس کتاب کے ذریعے خلیق انجم نے متنی تنقید کے لیے جن اصولوں کا تعین کیا ہے، ان سے صاف واضح ہوجاتا ہے کہ متنی نقاد کے لیے ضروری ہے کہ وہ تحقیقی اور تنقیدی بصیرت کے ساتھ ساتھ زبان وادب کے تخلیقی اور لسانی رموز سے بھی واقفیت رکھتا ہو۔ تاکہ تصحیح متن اور تنقید متن کے مراحل طے کرنے میں کسی دشواری اور خامی کا امکان نہ ہو۔

ایک محقق ومرتب متن کو تحقیق کے دوران کن مسائل ومراحل سے گزرنا پڑتا ہے، اور ان مسائل ومراحل کے لیے ایک محقق یا مرتب متن کو کن اصولوں کی پابندی کرنی چاہئے۔ ان تمام مراحل کی پوری وضاحت خلیق انجم نے اپنی تصنیف ''متنی تنقید'' میں بہترین اور عمدہ رطریقے سے بیان کی ہے۔ کتاب کی فہرست پر ایک نظر ڈالنے سے معلوم ہوجاتا ہے کہ خلیق انجم نے ہر ایک باب کو اس کی جزیات میں تقسیم کرکے ہر ایک جز پر روشنی ڈالی ہے۔ مثال کے طور پر اگر ہم تصحیح متن کے باب کی بات کریں۔ تو اس باب میں بنیادی نسخہ، موازنے کا طریقہ، اختلاف نسخ کے مسائل، متون کی مختلف قرائتیں، اردو رسم الخط کی دشواریاں، متن کی تصحیح، قیاساً تصحیح کے عنوانات دیے گئے ہیں۔

مذکورہ اجزا میں خلیق انجم نے قیاسی تصحیح کے پانچ مدارج بیان کیے ہیں اور پھر سب مدارج کو الگ الگ بیان کیا ہے۔ گرچہ قیاسی تصحیح کی پوری تفصیل ایک الگ باب میں اس عنوان سے کی گئی ہے۔ اس لیے کہ یہ موضوع تصحیح متن کے دیگر امور سے ممتاز اپنی ایک الگ جداگانہ حیثیت رکھتا ہے۔ ٹھیک اسی طرح ''اعلی تنقید'' کے باب کو متعدد اجزا میں تقسیم کرکے اس کے ہر جز پر الگ الگ بحث کی ہے۔ مثال کے طور پر متن مستند ہے یا غیر مستند، سرقہ، مصنفین کے ناموں کی مماثلت، مذہبی اختلاف، عوام کی عقیدت، مصنف کی شہرت کا ناجائز فائدہ وغیرہ۔ اس طرح اگر دیکھا

جائے تو متن کی تحقیق کے سلسلے میں خلیق انجم نے مواد کی فراہمی سے لے کر موازنے ومقابلے کے طریق، اختلاف نسخ کے مسائل، اغلاط عام کی نوعیت وکیفیت، جعلی متنوں کی تحقیق، فرضی نام، گم نام مصنفین یا فرضی ناموں سے لکھنے کی تصنیفات، سنہ تصنیف کا تعین غرض بہت سے ایسے مسائل کی طرف توجہ دلائی ہے، جو ایک متنی نقاد کو متن کی تحقیق و ترتیب کے سلسلے میں درپیش آتے ہیں۔ ان مروجہ اصولوں کی روشنی میں تحقیق وتدوین کا کام نہایت منظّم اور اغلاط سے صاف وپاک واضح اور معتبر ہو جاتا ہے۔ اردو تحقیق میں وہی کامیاب اور اعلی درجے کی تحقیق کا فریضہ انجام دے سکتا ہے، جو متنی تنقید کے بارے میں کما حقہ آ گہی رکھتا ہو۔ اس سلسلے میں بہت سی دلچسپ تفصیلات بیان ہوئی ہیں جن کی بدولت یہ کتاب چند خشک مباحث کا مجموعہ نہیں رہی بلکہ قابل مطالعہ ہوگئی ہے۔ یہ کتاب محض محققین کے لیے ہی مفید اور کارآمد نہیں ہے۔ بلکہ عام قارئین کے لیے بھی دلچسپی کا سامان رکھتی ہے۔

تعلیقات، مہریں، عرض دیدہ، حواشی، تخرجیح، ترقیمے، یاداشتیں، تملیک، مقدمہ وغیرہ کے باب میں خلیق انجم نے ان تمام چیزوں کا تعارف بیان کرتے ہوئے ان کی اہمیت وافادیت، مختلف ادوار میں ان کے مختلف طریق کار اور ان کے ذریعے کسی تحریر یا فن پارے کو پرکھنے کی پوری وضاحت بیان کی ہے۔

متنی تنقید کے مختلف موضوعات پر بحث کرتے ہوئے خلیق انجم نے بعض ایسے حقائق کی نشان دہی بھی کی ہیں، جن کی ادبی تنقید میں بڑی اہمیت ہے۔ لیکن عصر حاضر میں جدید تنقید کا ایک حلقہ انہیں نظرانداز کر رہا ہے۔ ماضی اور کلاسکی ادب پر اظہار خیال کرتے ہوئے خلیق انجم اپنی علمی بصیرت اور ادبی آ گہی کا ثبوت دیتے ہوئے لکھتے ہیں:

> ''مہذب قوم کی ایک نشانی یہ بھی ہے کہ اس کے پاس اپنے بزرگوں کی ذہنی اور فکری سفر کے ارتقا کی پوری تاریخ محفوظ ہوتی ہے۔ ہمارے حال کو فکر کی جن شمعوں نے روشن کیا ہے ان میں کوئی شمع ایسی نہیں جن کا رشتہ ماضی سے نہ ہو۔ کوئی سائنس اور کوئی فن ایسا نہیں جو ماضی کی پروا کیے بغیر ترقی کر سکے۔ وقت کے تیز اور تندھار سے ہر چیز کو مٹاتے ہوئے چلتے ہیں۔ انسان ازل سے ان دھاروں پہ قابو پانے کی کوشش کر رہا ہے۔ جن ایجادوں کے ذریعے انسان نے اپنے مقصد میں تھوڑی بہت کامیابی حاصل کی ہے ان میں تہذیب سرفہرست ہے ۔ کتابوں اور مختلف اشیا پر لکھی گئی تحریروں ہی سے ہم ماضی کی بازیافت کرتے ہیں۔ الہامی کتابوں کے بعد اگر کوئی چیز مقدس ہے تو بزرگوں کے وہ فکری کارنامے ہیں جو کتابوں کی صورت میں ہمیں ورثے میں ملے ہیں۔''[۲۷]

ادبی تنقید اور متنی تنقید میں تفریق بیان کرتے ہوئے خلیق انجم نے اس بات کی پوری وضاحت کی ہے کہ دونوں کے کچھ اصول وضوابط ہیں۔ ادبی تنقید کے اصول وقت کے ساتھ بدلتے رہتے ہیں۔ جب کہ متنی تنقید کے

اصول بدلتے نہیں ، بلکہ انہیں زیادہ زیادہ سائنٹفک بنانے کے لیے مزید اصولوں کا اضافہ کیا جاتا ہے ۔ دونوں کی راہیں کبھی بالکل ایک اور کبھی بالکل الگ ہو جاتی ہے ۔لیکن دونوں کا مقصد سچائی کی تلاش ہے اور دونوں اپنے مواد کی تشریح اور تجزیہ کرتے ہیں ۔

خلیق انجم کی زیر بحث تصنیف کو اردو کے نامور محققین و ناقدین نے خوب سراہا ہے ۔ اردو ادب میں اس کتاب کی اہمیت وافادیت کو سبھی نے تسلیم کیا ہے، اور تقریباً اردو کے ہر بڑے ادیب، محقق اور ناقد نے اس کتاب کی انفرادیت اور مقبولیت پر اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے ۔ اس کتاب کی خصوصیات کو بیان کرتے ہوئے عبدالمغنی لکھتے ہیں:

> ''اگر غور کیا جائے تو ''متنی تنقید'' کے مباحث میں ڈاکٹر انجم نے عبارت کلام کے جن مسائل سے بحث کی ہے اور اس سلسلے میں جو علمی حقائق اور تنقیدی نکات انہوں پیش کیے ہیں وہ وضاحتی کتابیات اور اسلوبیاتی تنقید دونوں کو روشنی دکھاتے اور ان کی رہ نمائی کرتے ہیں ۔ جس طرح شبلی نے ''موازنہ انیس و دبیر'' میں ایک صنف شاعری کا فنی مطالعہ اور محی الدین قادری زورؔ نے اسلیب نثر کا تجزیہ کر کے اسلوبیاتی جائزے کی نہ صرف راہ ہموار کی تھی بلکہ شاہراہ تعمیر کی تھی ۔ اسی طرح خلیق انجم نے ''متنی تنقید'' لکھ کر اسی کشادہ راستے پر ایک سنگ میل نصب کیا۔''۱۷۳

## آثارالصنادید

''آثارالصنادید'' دلی کی تاریخ، تہذیب، ثقافت اور قدیم عمارات کے بارے میں سرسید احمد خاں کی اہم اور قابل تقلید تالیف ہے ۔ اس کتاب میں سرسید نے دلی کی ان عظیم شخصیتوں کی بازیافت کرنے کی سعی کی ہے ۔ جو دلی کی شاندار اور روشن تاریخ کا حصہ رہے ہیں ۔ اس بازیافت کی کوشش ان عظیم اور معروف شخصیتوں کے چھوڑے ہوئے ان آثار یا نشانات کے ذریعے کی گئی ہے ۔ جن میں ان کی تہذیب و تمدن، ثقافت اور ان کی بنائی ہوئی عمارات شامل ہیں ۔ سرسید احمد خاں کی حیات میں ''آثارالصنادید'' کے دو اڈیشن شائع ہو چکے ہیں ۔ اس کے علاوہ اس کے پانچ نئے اڈیشن بھی منظر عام پر آ چکے ہیں ۔ سرسید کی حیات میں شائع ہونے والا پہلا اڈیشن 1847ء میں مطبع سید الاخبار سے اور دوسرا اڈیشن 1854ء میں مطبع سلطانی کے زیر اہتمام منظر عام پر آ چکا ہے ۔ سرسید نے خود ہی پہلے

اڈیشن کے برعکس دوسرے اڈیشن میں خاصی ترمیم وتخفیف کی ہے ۔اور ساتھ ہی کچھ اضافے بھی کئے ہیں۔آثارالصنادید کے پہلے اڈیشن کی ضخامت چھ سوصفحات پر مشتمل تھی۔جبکہ اس کا دوسرا اڈیشن محض دوسو چوراسی 284 صفحات پر مشتمل ہے۔پہلے اڈیشن کا چوتھا باب دوسو چھیالیس 246 صفحات پر پھیلا ہوا ہے۔اس باب میں سرسید نے''شاہجہاں آباد کے لوگوں کا بیان'' کے عنوان سے اپنے عہد کے دلی کے صوفیائے کرام ،علمائے کرام، شاعر،خوش نویس اور ارباب موسیقی کا ذکر نہایت عمدگی کے ساتھ کیا ہے۔لیکن دوسرے اڈیشن میں اختصار کے پیش نظر اس باب کو خارج کردیا گیا ہے ۔اگر چہ سرسید نے مذہبی ،تاریخی ،علمی ،تہذیبی اور تعلیمی موضوعات پر بڑی تعداد میں کتابیں اور مضامین تحریر کیے ہیں۔لیکن سب سے زیادہ مقبولیت اور شہرت''آثارالصنادید'' کو حاصل ہوئی ہے۔تقریباً ایک سوتہتر 173 سال گذر جانے کے بھی دلی کے آثار قدیمہ کے مطالعہ کے لیے اس کتاب کو بنیادی اور اہم ماخذ کی حیثیت حاصل ہے۔

''آثارالصنادید'' سے قبل ہندوستان کے آثار کے متعلق کم از کم پانچ کتابیں لکھی جا چکی تھیں۔لیکن ان میں سے کوئی شائع نہیں ہوئی ہے۔''سیرالمنازل'' کے پیش لفظ میں ڈاکٹر شریف حسین قاسمی نے اس موضوع پر تین ایسی کتابوں کا ذکر کیا ہے ۔جو ہندوستان کے آثار قدیمہ پر لکھی گئیں تھیں۔جن کے نام'' کیفیت مکانات قلعۂ گوڑ لکھنوی''،''تفریح العمارت'' اور''احوال شہرا کبرآباد'' ہیں۔کیفیت مکانات قلعہ گوڑ لکھنوتی چار ابواب پر مشتمل ہے ۔پہلے باب میں راج شہر میں سلطان شجاع کی بنائی ہوئی عمارتوں کا ذکر کیا گیا ہے۔دوسرے باب میں گوڑ کی مسجدوں ،دیگر عمارتوں اور شاہی خاندان کی تعمیر کردہ عمارتوں کا ذکر ملتا ہے۔تیسرے باب میں صرف مسجدوں اور عمارت گاہوں کی تفصیل بیان کی گئی ہے۔اور چوتھے باب میں لکھنوتی کے گزشتہ بادشاہوں کی تاریخ لکھی گئی ہے ۔پروفیسر شریف حسین قاسمی کے مطابق یہ کتاب 1810ء میں مکمل ہوئی تھی۔

1825ء میں آگرے کے مجسٹریٹ کلکٹر اور آگرہ گورنمنٹ کالج کے سپرنٹنڈنٹ جیمس اسٹیفن لوشنگٹن نے اپنے کالج کے طلبہ کو ہدایت جاری کی کہ وہ مہینے کی مدت میں آگرہ شہر کی عمارتوں کی تاریخ ترتیب دیں۔ان کی ہدایت کے نتیجے میں لال چند نے''تفریح العمارت''اور مانک چند نے''احوال شہرا کبرآباد'' تحریر کی۔ان دونوں کتابوں میں آگرے کی تاریخی عمارتوں ،مسجدوں ،مقبروں اور باغوں وغیرہ کی تفصیل بیان کی گئی ہے ۔ یہ دونوں کتابیں 1825ء میں لکھی گئیں تھیں۔خلیق انجم کے بقول''تفریح العمارت'' خدا بخش لائبریری پٹنہ اور باقی دونوں کتابیں برٹش میوزیم میں محفوظ ہیں۔

دلی کے آثار قدیمہ پر اب تک کی دریافت کتابوں میں پہلی کتاب مرزا سنگین بیگ کی تصنیف ''سیر المنازل'' ہے۔ یہ کتاب فارسی میں لکھی گئی ہے۔اس پر اظہار خیال کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں:

> ''دلی کی تاریخی عمارتوں پر اب تک کی دستیاب کتابوں میں قدیم ترین کتاب مرزا سنگین بیگ کی فارسی میں لکھی ہوئی سیر المنازل ہے۔ جو ڈاکٹر شریف حسین قاسمی کے خیال کے مطابق 1821ء سے قبل لکھی جانی شروع ہو چکی تھی اور 1827ء یا اس سے قبل پایہ تکمیل کو پہنچی۔''[۴۷]

سیر المنازل میں مرزا سنگین بیگ نے دلی کی مختصر تاریخ، دلی کے آثار قدیمہ کا حال، کتبوں کی عبارتیں، دلی کے گلی کوچوں کی تفصیل، اس عہد کے اہم لوگوں کے مکانوں کی نشان دہی اور اعلی صنعت کاروں اور بعض ماہرین کا حال بیان کیا ہے۔

سیر المنازل کے بعد چارلس تھیو ملس مٹکاف کے چھوٹے بھائی سر طامس مٹکاف نے "REMINISCENCES OF IMPERIAL DELHI" کے نام سے 1844ء میں ایک کتاب مرتب کی تھی۔ انہوں نے اپنی کتاب میں دلی کی سماجی زندگی اور آثار قدیمہ کی رنگین تصویریں شامل کی ہیں۔ سر سید نے آثار الصنادید کا پہلا اڈیشن انہی یعنی سر طامس مٹکاف کے نام معنون کیا ہے۔اس طرح اگر دیکھا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ ''آثار الصنادید'' سے قبل پانچ کتابیں یعنی کیفیت مکانات قلعۂ گوڑ لکھنوتی، تفریح العمارات، احوال شہر اکبر آباد، سیر المنازل اور "REMINISCENCES OF IMPERIAL DELHI" کتابیں لکھی جا چکی تھیں۔

سر سید نے 1846ء میں ''آثار الصنادید'' لکھنی شروع کی اور 1847ء میں تقریباً ڈیڑھ سال کی مدت میں کتاب مکمل ہو کر شائع ہو گئی۔ سر سید نے اسے خود اپنے بھائی کے مطبع ''سید الاخبار'' سے 1847ء میں شائع کرایا۔ یہ اڈیشن چار ابواب میں منقسم اور چھ سو صفحات پر مشتمل ہے۔اس میں تقریباً دلی کی ایک سو اٹھائیس 128 عمارتوں کے خاکے شامل ہیں۔ جنہیں دو مصوروں مرزا شاہ رخ اور فیض علی خاں نے بنایا تھا۔ آغاز میں آٹھ صفحات کا مقدمہ ہے۔ مقدمہ میں کتاب سر طامس مٹکاف کے نام معنون کی گئی ہے۔ مٹکاف کی نثری مدح کے علاوہ مقدمہ میں 78 اشعار کا فارسی قصیدہ بھی شامل ہے۔

پہلا باب:۔

پہلے اڈیشن کے پہلے باب کی ضخامت 238 صفحات پر پھیلی ہوئی ہے۔اس باب میں تقریباً ایک سوتیس 130 آثارقدیمہ کا حال بیان کیا گیا ہے۔ جوشاہجہاں آباد کی فصیل سے باہر ہیں۔ بیشتر عمارتوں کے ذکر کے ساتھ ان کے کتبے بھی نقل کیے گئے ہیں۔

دوسراباب:۔

دوسراباب چوالیس 44 صفحات پر مشتمل ہے۔اس میں لال قلعے کی بتیس 32 عمارتوں کا حال بیان کیا گیا ہے۔

تیسراباب:۔

باب سوم بہتر 72 صفحات پر پھیلا ہوا ہے۔اس باب میں شاہجہاں آباد کی فصیل کے اندر کی ستھر 70 عمارتوں، دروازوں، کھڑکیوں وغیرہ کی تفصیلات پہنچائی گئی ہے۔

چوتھاباب:۔

باب چہارم 246 صفحات پر محیط ہے۔ جو کہ پہلے اڈیشن کا سب سے زیادہ ضخیم باب ہے۔اس باب کے شروع میں سرسید نے دلی کی مختلف آبادیوں، یہاں کی آب وہوااور زبان پر روشنی ڈالتے ہوئے اپنے عہد کے دلی کے ایک سو انتیس 129 مشائخ ،مجذوبوں ، رسول شاہیوں ،قاریوں ،حافظوں ،شاعروں،خوش نویسوں اور موسیقاروں کے حالات تحریر کیے ہیں۔

اس بات کا ذکر پہلے بھی کیا جاچکا ہے کہ ''آثارالصنادید'' سے قبل انگریزی اوراردو میں تقریباً پانچ کتابیں لکھی جا چکی تھیں۔ دوسری بات یہ کہ آثارالصنادید سے قبل دلی کے آثارقدیمہ پر ایسا اعلیٰ درجے کا کام نہیں ہوا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ سرسید کی آثارالصنادید کی غیرمعمولی پذیرائی ہوئی۔اس اڈیشن کے آغاز میں نواب ضیاءالدین رخشاںؔ، مرزااسداللہ خاں غالبؔ اورمولانا امام بخش صہبائی کی لکھی ہوئی تقریظیں شامل ہیں۔ یہ تینوں تقریظیں بہت مرصع فارسی میں ہیں۔ رخشاں کی تقریظ نثر میں جبکہ غالبؔ اورصہبائی کی تقریظیں نظم میں تحریر کی گئی ہیں۔

آثارالصنادید کے دوسرے اڈیشن کا پہلا ٹائٹل انگریزی اوردوسرا اردو میں ہے۔اس طرح آثارالصنادید کے دوسرے اڈیشن میں ایک پیش لفظ انگریزی میں دو صفحے کا اور ایک اردو میں پانچ صفحے کا شامل ہے۔ساتھ ہی قطب مینار پر انگریزی میں ایک نوٹ بھی ہے۔ خلیق انجم کے بقول یہ نوٹ غالباً وہی ہے جوسرسید نے آرکیالوجیکل سوسائٹی آف انڈیا کے جلسے میں پڑھا تھا۔ آثارالصنادید کے دوسرے اڈیشن کوزیادہ سائنٹفک بنانے کے لیے سرسید

نے اس اڈیشن میں کافی ترمیم وتنسیخ کی ہے۔اور ساتھ ہی بہت سے اضافے بھی کیے ہیں۔ کتاب کی ترتیب بھی بدل دی گئی ہے۔ یہ اڈیشن دلی کے مطبع سلطانی سے 1854ء میں شائع ہوا ہے۔اس اڈیشن کی تفصیل یوں ہے۔

دوسرے اڈیشن کا پہلا باب 48 اڑتالیس صفحات پر مشتمل ہے۔جس کے شروع میں ''دلی کی عمل داریوں کے مختصر حالات میں'' کے عنوان کے تحت طوفان نوحؑ اور ہندوستان میں ابتدائی آبادی اور ابتدائی ہندوراجاؤں سے لے کر راجا جدھشٹر تک کے حالات پر پانچ صفحوں پر مشتمل ایک نوٹ تحریر کیا گیا ہے۔اس کے بعد چھتیس 36 صفحات کا ایک جدول بعنوان ''فہرست فرمانروا یانِ دارالملک اندر پرست و دہلی از ابتدا سے راجاجد ھشٹر۔لغایت 1803ء مطابق 1268ھ'' ہے۔اس باب میں راجا جدھشٹر سے لے کر ملکۂ وکٹوریہ تک کے دلی کے دوسو فرمانرواوؤں کی تفصیل بیان کی گئی ہے۔ یہ وہی فہرست ہے جو''سلسلۃ الملوک'' کے نام سے 69 انہتر صفحات پر مشتمل 1852ء میں الگ سے کتابی شکل میں شائع ہوئی تھی۔اس باب کے آخر میں دوسرے باب کے مضامین کی فہرست شامل کی گئی ہے۔فہرست کا عنوان ہے''فہرست دوسرے باب آثار الصنادید کی''۔اس میں دلی میں قلعوں کے بننے اور شہروں کے آباد ہونے کا ذکر کیا گیا ہے۔

دوسرے اڈیشن کا دوسرا باب 54 صفحات پر محیط ہے۔اس باب میں اندر پرستھ میں راجا جدھشٹر کے قلعے سے لے کر شاہجہاں کے لال قلعے تک تقریباً انیس 19 قلعوں کا حال بیان کیا گیا ہے۔ان میں ان قلعوں کا ذکر بھی ہے جواب باقی نہیں رہے ہیں۔

تیسرا باب 108 ایک سو آٹھ صفحات پر پھیلا ہوا ہے۔اس کے آغاز میں دس صفحوں پر مشتمل ''فہرست تیسرے باب، آثار الصنادید کی''، جس میں بادشاہوں اور امیروں کی متفرق بنائی ہوئی عمارتوں کا ذکر کیا گیا ہے۔آخر میں 62 صفحات کا ''کتبہ ہا'' ہے۔جس میں عمارتوں کے کتبے نقل کیے گئے ہیں۔

اس طرح اگر دیکھا جائے تو ''آثار الصنادید'' کے پہلے اور دوسرے اڈیشن میں بہت امتیاز ہے۔ پہلا اڈیشن اگر چہ چھ سو صفحات پر مشتمل ہے تو دوسرا اڈیشن محض دوسو چوراسی صفحات پر محیط ہے۔ پہلا اڈیشن سر طامس مٹکاف کے نام معنون تھا۔لیکن دوسرے اڈیشن میں ان کا نام خارج کر دیا گیا ہے۔اس کے علاوہ دوسرے اڈیشن میں پہلے باب کا اضافہ کیا گیا ہے۔جس کا ذکر اوپر کیا جا چکا ہے۔ پہلے اڈیشن کے دوسرے باب میں شاہجہاں کے بنائے ہوئے لال قلعے کا مختصر ذکر کیا گیا تھا۔لیکن دوسرے اڈیشن میں نہ صرف اس قلعے کی مزید تفصیلات بیان کی گئی ہیں۔ بلکہ ان تمام قلعوں کا ذکر بھی کیا گیا ہے۔جو سرزمین دلی پر تعمیر کیے گئے تھے۔ پہلے اڈیشن کے مقابلے میں

دوسرے اڈیشن میں آثار قدیمہ کی تفصیلات بہت زیادہ ہے۔ پہلے اڈیشن کا ٹائٹل اور پیش لفظ دونوں اردو میں ہیں۔ لیکن دوسرے اڈیشن میں دونوں انگریزی اور اردو میں ہیں۔ دوسرے اڈیشن کے حاشیے میں کتابوں کے حوالے بھی تحریر کیے گئے ہیں۔ پہلے اڈیشن کا آخری باب ''شاہجہاں آباد کے لوگوں کا بیان'' دوسرے اڈیشن سے خارج کر دیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ دوسرے اڈیشن میں دلی کے دوسو فرمانرواؤں کی فہرست بھی مرتب گئی ہے۔ اس فہرست میں شاہ عالم ثانی کے بعد دلی کے فرمانروان میں شاہ جارج چہارم، شاہ ولیم چہارم، ابوالظفر سراج الدین محمد بہادر شاہ بادشاہ اور ملکۂ وکٹوریہ وغیرہ کے نام شامل ہیں۔ پہلے اڈیشن میں سرسید نے عمارتوں کے نقشے بھی شامل کیے تھے۔ جبکہ دوسرے اڈیشن میں یہ نقشے حذف کر دیے گئے ہیں۔

آثار الصنادید کے کئی اور اڈیشن اور ری پرنٹ بھی شوئع ہو چکے ہیں۔ پہلے اور دوسرے اڈیشن کی پوری تفصیل اوپر بیان کی جا چکی ہے۔ ان کے علاوہ 1876ء میں مطبع نول کشور سے اس کا ری پرنٹ شائع ہوا تھا۔ اس پر اظہار خیال کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں:

> ''چوں کہ ''آثار آلصنادید'' کا پہلا اڈیشن مشرقی مزاج سے زیادہ ہم آہنگ تھا۔ اس لیے مطبع نول کشور سے پہلے آڈیشن کا ری پرنٹ شائر کیا گیا۔ یہ ری پرنٹ کم یاب ہے۔ اس کا ایک نسخہ علی گڑھ مسلم یونی ورسٹی کی مولانا آزاد لائبریری میں محفوظ ہے۔ مطبع نول کشور لکھنو سے ''آآثار الصنادید'' کے پہلے اڈیشن کا ایک اور ری پرنٹ 1900ء میں شائع ہوا۔ پوری ری پرنٹ اکثر لائبریریوں میں مل جاتا ہے۔''۱۷۵

1904ء میں نامی پریس۔ کانپور کے زیر اہتمام ایک اور اڈیشن شائع ہوا۔ اس کے ٹائٹل پر تحریر ہے کہ:

> ''پہلے اور دوسرے اڈیشن کی جدا جدا خوبیوں کو ایک میں مجتمع کر کے رحمت اللہ رعدؔ نے نامی پریس کانپور میں چھاپا۔''۱۷۶

رحمت اللہ رعدؔ نے دوسرے اڈیشن کو بنیاد بنایا ہے۔ پہلے اڈیشن کے نقشے بھی اپنے مرتبہ اڈیشن میں شامل کیے ہیں۔

1965ء میں سنٹرل بک ڈپو، جامع مسجد دہلی کے زیر اہتمام اس کا نیا اڈیشن منظر عام پر آیا۔ اس اڈیشن کی ترتیب میں رحمت اللہ رعدؔ کے اڈیشن کو بنیاد بنایا گیا ہے۔

1966ء میں پاکستان ہسٹاریکل سوسائٹی کراچی سے ایک ری پرنٹ شائع ہوا۔ یہ پہلے اڈیشن کا ری پرنٹ ہے۔ جس پر مرتب کی حیثیت سے ڈاکٹر سید معین الحق کا نام ہے۔

2000ء میں اردو اکادمی نے ایک نیا ری پرنٹ شائع کیا ہے۔ اس ری پرنٹ میں سینٹرک بک ڈپو کے اڈیشن کے متن کو جوں کا توں لے لیا گیا ہے۔ اس پر ڈاکٹر تنویر احمد علویؔ نے ''سرسید ایک عہد آفرین شخصیت'' کے عنوان سے 35 صفحات پر مشتمل مقدمہ تحریر کیا ہے۔ جس میں تنویر احمد علویؔ نے سرسید کے خاندان، مرزا سنگین بیگ کی کتاب ''سیر المنازل'' اور سرسید کی تصنیفات کا ذکر کرتے ہوئے ''آثار الصنا دید'' کی اہمیت وافادیت پر مفصل بحث کی ہے۔ اس کتاب پر اظہار خیال کرتے ہوئے انیس اعظمی آثار الصنا دید کے حرف آغاز میں لکھتے ہیں:

''زیر نظر کتاب ''آثار الصنا دید'' سرسید احمد خاں کی معرکتہ الآرا کتاب ہے، جس میں دلی کے آثار قدیمہ اور تاریخی عمارات کا تفصیلی جائزہ ہے۔۔۔ 2000ء میں اکادمی نے فیصلہ کیا کہ سرسید احمد خاں کی اصلی کتاب ڈاکٹر تنویر احمد علوی کے مبسوط مقدمہ کے ساتھ شائع کی جائے۔ ڈاکٹر تنویر احمد علوی نے ہماری گزارش پر جو مقدمہ تیار کیا اس میں سرسید احمد خاں کے حالات زندگی کے ساتھ ان عوامل کا بھی ذکر کیا ہے جنہوں نے انہیں یہ کتاب تیار کرنے پت آمادہ کیا، ان کی کوششوں، کاوشوں اور مشکلات کا بھی بھرپور جائزہ لیا گیا ہے۔ اس بات پر بھی بحث کی ہے سرسید نے ''سیر المنازل'' یا دوسری کتب سے استفادہ کیا یا نہیں۔ ڈاکٹر تنویر احمد علوی نے فن تعمیر پر بھی تحقیقی انداز میں اپنے قلم کے جوہر دکھائے ہیں، سرسید کے طرز تحریر اور طرز اظہار پر بھی روشنی ڈالی ہے۔''[۱۷۷]

خلیق انجم نے اپنے تنقیدی اڈیشن کے لیے ''آثار الصنا دید'' کے دوسرے اڈیشن کو بنیاد بنایا ہے۔ سرسید نے ''آثار الصنا دید'' کے پہلے اڈیشن کا جو چوتھا باب یعنی ''شاہجہاں آباد کے لوگوں کا بیان'' دوسرے اڈیشن میں خارج کر دیا تھا۔ خلیق انجم نے اس باب کی غیر معمولی اہمیت وافادیت کے پیش نظر اسے بھی اپنے مرتبہ اڈیشن میں شامل کر لیا ہے۔ انہوں نے متن کی درستی کا ہر ممکن خیال رکھا ہے۔ خلیق انجم نے پہلا تنقیدی اڈیشن دہلی اردو اکادمی کے زیر اہتمام ۱۹۹۰ء میں شوئع کیا تھا۔ جو کہ بہت جلدی ختم ہو گیا تھا۔ اس لیے اس کا دوسرا اڈیشن ۱۹۹۲ء میں، تیسرا اڈیشن ۱۹۹۴ء میں اور چوتھا اڈیشن ۲۰۰۳ء میں شائع کیا۔

''آثار الصنا دید'' مرتبہ خلیق انجم تین جلدوں پر مشتمل تقریباً ۱۱۳۸ صفحات پر محیط ہے۔ ان میں آثار الصنا دید کا متن پہلی جلد میں ۱۴۵ ایک سو پینتالیس صفحات پر پھیلا ہوا ہے۔ اس کے علاوہ ایک صفحہ پر ڈاکٹر حمید اللہ بھٹ کا تحریر کیا ہوا پیش لفظ، تیرہ صفحات پر محیط حرف آغاز، ۱۲۷ صفحات پر مقدمہ اور ۱۱ صفحات پر ہمایوں کے مقبرے، پرانے قلعے میں شیر گڑھ، جنتر منتر، شمس الدین التمش کے مقبرے کی ایک دیوار پر نقاشی، سبز برج، مقبرہ غیاث الدین تغلق، مقبرہ عیسیٰ خاں، مسجد خیر المنازل، دروازہ عرب سرائے، قدسیہ باغ کے ہاتھی خانہ کا دروازہ اور فیروز شاہ کوٹلہ

کی تصویریں ہیں۔اس کے علاوہ پہلی جلد کے ۶۰ ساٹھ صفحات پر محیط حواشی اور کتابیات درج ہیں۔

دوسری جلد ۳۱۰ تین سو دس صفحات پر مشتمل ہے۔اس جلد میں خلیق انجم نے آثار الصنادید کے پہلے اڈیشن کے چوتھے باب کو شامل کیا ہے۔یہ وہی باب ہے جسے سرسید نے آثار الصنادید کا دوسرا اڈیشن تیار کرتے وقت بہت سے ترمیم و تنسیخ کے بعد نکالا تھا۔سرسید نے اس باب میں دلی کی مختلف آبادیوں،آب وہوا اور زبان پر روشنی ڈالتے ہوئے اپنے عہد کے دلی کے تقریباً ۱۱۹ ایک سو انیس مشائخ،رسول شاہیوں،مجذوبوں،قاریوں،حافظوں،خوش نویسوں اور موسیقاروں وغیرہ کے حالات تحریر کیے تھے۔خلیق انجم نے اپنے مرتبہ اڈیشن میں نہ صرف ان عظیم شخصیتوں کو شامل کیا ہے۔بلکہ جن شخصیتوں کا ذکر کیا ہے ان پر ضروری حواشی بھی تحریر کئے ہیں۔آثار الصنادید مرتبہ خلیق انجم کی دوسری جلد کے ۲۳۲ صفحات پر خلیق انجم نے مذکورہ شخصیتوں کی تفصیل بیان کی ہے اور ۶۵ صفحات پر ان کے حواشی اور کتابیات لکھی ہے۔شروع میں اس کی فہرست بیان کی ہے۔

تیسری جلد ۴۲۸ صفحات پر محیط ہے۔جن میں ۲۹۲ صفحات پر خلیق انجم نے دلی کے آثار قدیمہ کی تصویریں پیش کی ہیں اور باقی ۱۱۹ صفحات پر حواشی اور کتابیات کی تفصیل بیان کی ہے۔اس جلد میں انہی کی لی ہوئی تصویریں شامل ہیں۔ان تصویروں کی اہمیت وافادیت یہ ہے کہ ان سے ہمیں آثار قدیمہ کی موجودہ حالت کی کیفیت کا اندازہ ہو جاتا ہے۔گذرتے وقت کے ساتھ ساتھ ان تصویروں کو غیر معمولی اہمیت حاصل ہے۔اور آنے والے وقت میں ان تصویروں کو شاید حوالے کے طور پر استعمال کیا جائے گا۔

پہلی جلد کے حرف آغاز میں خلیق انجم نے دلی کے آثار قدیمہ کی خستہ حالی اور ان کے تئیں آثار قدیمہ پر دہلی انتظامیہ کی رپورٹ کی تفصیل بیان کی ہے۔ساتھ ہی ساتھ انہوں نے حرف آغاز میں اپنے زیر نظر تنقیدی اڈیشن کے بارے میں اہم معلومات فراہم کی ہیں۔اس کے بعد مقدمہ میں خلیق انجم نے ماہرانہ انداز میں مسلم فن تعمیر کے آغاز وارتقا پر تفصیلی روشنی ڈالتے ہوئے ہندستان کے قدیم فن تعمیر کا جائزہ بھی لیا ہے۔ساتھ ہی انہوں نے اس بات کی وضاحت بھی کی ہے کہ کس طرح ان دو مختلف انداز تعمیر کی آمیزش سے ایک نئے فن تعمیر کی ایجاد ہوئی ہے۔اس کے بعد خلیق انجم نے دہلی کے آثار قدیمہ کا نہایت ہی ماہرانہ انداز میں جائزہ لیا ہے۔''آثار الصنادید'' کا یہ مقدمہ مسلم اور ہندوستانی فن تعمیر پر غالباً اردو میں پہلی مستند تحریر ہے۔اس بارے میں خلیق انجم آل انڈیا ریڈیو سے ایک مذاکرہ کے دوران فرماتے ہیں:

''پہلے میں نے اسلامی فن تعمیر پر بہت کچھ تفصیل سے لکھا ہے۔اس کے لیے میں نے کافی

> پڑھا ہے۔ پھر میں نے ہندوستانی مسلمانوں کے آنے سے پہلے کی فن تعمیر کی تفصیل بیان کی ہے۔ وہ ہندوستانی فن تعمیر سے مل کر ایک مشترکہ فن تعمیر بنا۔ پھر میں نے اس مشترکہ فن تعمیر کی روشنی میں دہلی کی کچھ عماتوں کا جائزہ لیا ہے۔ اس کے بعد میں نے آثار الصنادید کا متن مرتب کیا ہے۔''۱۷۸

مقدمہ میں خلیق انجم نے ایک موضوع بعنوان ''سرسید بحیثیت مورخ'' میں سرسید اوران کے خاندان کے مختصر حالات بیان کرتے ہوئے یہ ثابت کرنے کی سعی کی ہے۔ کہ سرسید اوران کے خاندان کے مغل حکومت اور ایسٹ انڈیا کمپنی سے گہرے مراسمات تھے۔ اس کے بعد انہوں نے اس موضوع میں سرسید کی لکھی ہوئی تحریروں پر مختصر مگر جامع بحث کی ہے۔ سرسید کی تاریخ کے موضوع پر لکھی ہوئی کتابوں میں خلیق انجم نے جام جم، اسباب بغاوت ہند، تاریخ فیراز شاہی اور توزک جہانگیری کی نشان دہی کرائی ہے۔ سرسید کی تاریخ نویسی کے بعد خلیق انجم نے مقدمہ میں آثار الصنادید کی اہمیت وافادیت اور شہرت ومقبولیت پر مفصل تفصیل بیان کرتے ہوئے آثار الصنادید کے مختلف اڈیشنوں کی تعریف اور خصوصیات کا جامع اور معنی خیز جائزہ پیش کیا ہے۔ مقدمہ کے آخر میں دلی کی گیارہ آثار قدیمہ کی تصویریں پیش کی گئی ہیں اور پھر آثار الصنادید کا متن ترتیب دیا گیا ہے۔ خلیق انجم کی مرتبہ'' آثار الصنادید'' پر اظہار خیال کرتے ہوئے پروفیسر نثار احمد فاروقی لکھتے ہیں:

> ''خلیق انجم نے'' آثار الصنادید'' کی ترتیب میں بڑی محنت اور جانفشاری سے کام لیا ہے۔ یہ کام انتہائی قابل تعریف اور لائق داد ہے۔ اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جاسکتا کہ ان کا مرتبہ اڈیشن تمام اڈیشنوں سے بہتر ہے۔''۱۷۹

مجموعی طور پر اگر آثار الصنادید کی تینوں جلدوں کو سامنے رکھا جائے تو اس کام کے دو بنیادی روشن پہلو سامنے آجاتے ہیں۔ ایک آثار الصنادید کا متن جس کی تدوین خلیق انجم نے آثار الصنادید کے پہلے اور دوسرے اڈیشن کی بنیاد پر رکھی ہے۔ اور تقریباً چار سو کے قریب اردو، فارسی اور انگریزی کتابوں کی مدد سے متن کے متعلقات سے بحث کرتے ہوئے مبسوط اور مفصل حواشی اور 127 صفحات کا جامع اور معنی خیز مقدمہ تحریر کیا ہے۔ اس اڈیشن کا دوسرا روشن پہلو یہ ہے کہ اس میں آثار قدیمہ کو وہی خصوصی اہمیت وافادیت دی گئی ہے جو خود سرسید نے دی تھی۔ اس سلسلے کے حواشی اور تعلیقات کیمرے سے لی گئی ان آثار قدیمہ کی وہ تصویریں ہیں۔ جن میں یہ آثار قدیمہ ہو بہ ہو اور مستند شکل میں کتاب کے صفحات میں محفوظ ہو گئے ہیں۔ اگر یوں کہا جائے تو کچھ بے جا نہ ہوگا کہ یہ صورت حال آثار الصنادید کے پہلے اڈیشن میں شامل آثار قدیمہ کی قلمی شکلوں کے برعکس زیادہ مستند، عمدہ اور بہتر ہونے کے ساتھ

ساتھ سائنٹفک بھی ہے۔

خلیق انجم نے اپنی مرتبہ ''آثار الصنادید'' کے اڈیشن میں سر سید کے پہلے اڈیشن کے پہلے باب کی جو شمولیت کی ہے۔وہ خلیق انجم کی ذاتی پسند یا ناپسند کے پیش نظر نہیں بلکہ متنی تنقید کے اصول وضوابط اور تقاضوں کے مطابق ہے۔آثار الصنادید مرتبہ خلیق انجم کا پہلا اڈیشن دہلی اردو اکادمی کے زیر اہتمام 1990ء میں شائع ہوا تھا۔ یہ اڈیشن محض چند مہینوں میں ختم ہو گیا تھا۔اس کے بعد اس کا دوسرا، تیسرا اڈیشن ،اور چوتھا اڈیشن بھی منظر عام پر آیا ہے۔راقم الحروف کے پیش نظر چوتھا اڈیشن رہا ہے۔اس اڈیشن میں خلیق انجم نے حواشی اور تعلیقات میں بہت سی ترمیمیں ،اضافے اور حذف کیے ہیں۔جس کی وجہ سے زیر بحث اڈیشن کی افادیت اور اہمیت میں اضافہ ہوا ہے مختصراً انہوں نے آثار الصنادید کی ترتیب وتدوین میں بڑی محنت اور جانفشانی سے کام کیا ہے۔یہ کام انتہائی قابل تعریف اور قابل ستائش ہے۔اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ خلیق انجم کا مرتبہ اڈیشن تمام اڈیشنوں سے بہتر اور عمدہ ہے۔

## حوالہ جات

۱۔مولانا مولوی عبدالحق، معراج العاشقین ،ص ۱۱، ۱۲، ۱۳

۲۔ایضاً، ص ۷

۳۔ایضاً، ص ۶، ۷

۴۔خلیق انجم، معراج العاشقین مع دکنی کلام، ص ۱۰

۵۔گوپی چند نارنگ ،معراج العاشقین، ص ۳

۶۔خلیق انجم، معراج العاشقین مع دکنی کلام، ص ۵۱

۷۔ڈاکٹر حفیظ قتیل، معراج العاشقین کا مصنف، ص ۲۳، ۲۴

۸۔ایضاً، ص ۵۶

۹۔ڈاکٹر سیدہ جعفر، دکنی نثر کا انتخاب (ابتدا سے فوٹ سینٹ جارج کالج تک )، ص ۶

۱۰۔ڈاکٹر حفیظ قتیل، معراج العاشقین کا مصنف، ص ۷

۱۱۔جمیل جالبی، تاریخ ادب اردو (جلد اول )، ص ۱۵۹

۱۲۔شیخ چاند، سودا، ص ۱۷

۱۳۔پروفیسر آل احمد سرور، بحوالہ مرزا محمد رفیع سودا، ص ۱۵

۱۴۔عبدالغفور نساخ، سخن شعرا، ص ۲۲۲

۱۵۔محمد قیام الدین قائم چاند پوری، مخزنِ نکات، ص ۴۳

۱۶۔شیخ چاند، سودا، ص ۴۷

۱۷۔خلیق انجم، مرزا محمد رفیع سودا، ص ۶۱

۱۸۔ایضاً، ص ۶۱، ۶۲

۱۹۔شیخ چاند، سودا، ص ۴۷

۲۰۔خلیق انجم، مرزا محمد رفیع سودا، ص ۷۴، ۷۵

۲۱۔ایضاً، ص ۷۰

۲۲۔شیخ چاند، سودا، ص ۴۷

۲۳۔خلیق انجم، مرزا محمد رفیع سودا، ص ۶۲، ۶۳

۲۴۔ایضاً، ص ۶۴

۲۵۔شیخ چاند، سودا، ص ۴۹

۲۶۔خلیق انجم، مرزا محمد رفیع سودا، ص ۷۷

۲۷۔شیخ چاند، سودا، ص ۵۸

۲۸۔ایضاً،ص۵۹،۶۰

۲۹۔خلیق انجم،مرزا محمد رفیع سودا،ص۸۰

۳۰۔ایضاً،ص۷۹

۳۱۔ڈاکٹر محمد حسن،مطالعہ سوداؔ،ص۹،۱۰

۳۲۔شیخ چاند،سوداؔ،ص۶۰،۶۱

۳۳۔خلیق انجم،مرزا محمد رفیع سودا،ص۸۳،۸۴،۸۵

۳۴۔ایضاً،ص۱۲۶

۳۵۔ایضاً،ص۱۲۵

۳۶۔ایضاً،ص۱۲۵،۱۲۶

۳۷۔ڈاکٹر کاظم علی خان،بحوالہ مرزا محمد رفیع سوداؔ(تحقیقی وتنقیدی جائزے)مرتبہ پروفیسر نذیر احمد،ص۲۲۱

۳۸۔قدرت اللہ قاسمؔ،بحوالہ مرزا محمد رفیع سوداؔ،خلیق انجم،ص۳۱۷

۳۹۔ایضاً

۴۰۔شیخ چاند،سوداؔ،ص۱۱۰

۴۱۔ایضاً،ص۱۱۳

۴۲۔خلیق انجم،مرزا محمد رفیع سودا،ص۴۱۹

۴۳۔میرؔ،نکات الشعرا،ص۳۲،۳۳

۴۴۔محمد قیام الدین قائم چاند پوری،مخزن نکات،ص۴۳

۴۵۔عبدالغفور نساخ،سخن شعرا،ص۲۲۲

۴۶۔جگن ناتھ پرشاد،گلزار سخن،ص۲۱۲

۴۷۔خلیق انجم،مرزا محمد رفیع سودا،ص۸۶

۴۸۔ایضاً،ص۸۷

۴۹۔ایضاً،ص۸۹

۵۰۔ ایضاً

۵۱۔ایضاً،ص۴۲۰،۴۲۱

۵۲۔شیخ چاند،سوداؔ،ص۱۰۵

۵۳۔ایضاً،ص۱۰۷

۵۴۔خلیق انجم،مرزا محمد رفیع سودا،ص۴۲۱

۵۵۔شیخ چاند،سوداؔ،ص۱۰۷

۵۶۔ایضاً،ص۱۲۶

۵۷۔ ایضاً، ص۱۴۳

۵۸۔ خلیق انجم، مرزا محمد رفیع سودا، ص ۴۸۸

۵۹۔ خلیق انجم، غالبؔ اور شاہان تیموریہ، ص ۱۱

۶۰۔ ایضاً، ص ۱۱،۱۲

۶۱۔ ایضاً، ص۱۲

۶۲۔ امتیاز علی خاں عرشی، مکاتیب غالب، ص ۶۷

۶۳۔ خلیق انجم، غالبؔ اور شاہان تیموریہ، ص۱۴

۶۴۔ ایضاً، ص۲۲

۶۵۔ ایضاً

۶۶۔ ایضاً، ص۲۳

۶۷۔ ایضاً، ص۲۴

۶۸۔ ایضاً، ص ۲۷

۶۹۔ ایضاً

۷۰۔ ایضاً، ص۳۰

۷۱۔ ایضاً، ص۳۹

۷۲۔ ایضاً، ص۴۱

۷۳۔ ایضاً، ص۴۶

۷۴۔ حالؔی، بحوالہ غالبؔ اور شاہان تیموریہ، ص ۷۷

۷۵۔ خلیق انجم، غالبؔ اور شاہان تیموریہ، ص ۸۶

۷۶۔ ایضاً، ص۹۰

۷۷۔ ایضاً، ص۱۰۸

۷۸۔ ایضاً، ص۱۱۰

۷۹۔ امتیاز علی خاں عرشی، مکاتیب غالبؔ، طبع ہشتم ص ۲۲۸

۸۰۔ خلیق انجم، غالبؔ کے خطوط، جلد اول، ص ۹،۱۰

۸۱۔ ایضاً، جلد چہارم، ص ۱۴۰۸

۸۲۔ ایضاً، ص ۱۰۸

۸۳۔ ایضاً، ص ۱۰۶

۸۴۔ ایضاً، ص ۱۰۷، ۱۰۸

۸۵۔ حالؔی، بحوالہ غالبؔ کے خطوط (جلد اول)، مرتبہ خلیق انجم، ص ۱۰۹

۸۶۔ایضاً

۸۷۔ایضاً،ص۱۰۹،۱۱۰

۸۸۔حالؔی،بحوالہ غالبؔ کے خطوط (جلد اول)،مرتبہ خلیق انجم،ص۱۱۸،۱۱۹

۸۹۔ایضاً،ص۱۱۹

۹۰۔غلام رسول مہر،خطوط غالب،ص۱۸

۹۱۔امتیاز علی خاں عرشی،مکاتیب غالبؔ،ص

۹۲۔خلیق انجم،غالبؔ کے خطوط،ص۱۵

۹۳۔ایضاً،ص،۱۹

۹۴۔ایضاً،ص۱۶۵۴

۹۵۔ایضاً،ص۱۶۶۵

۹۶۔ایضاً،ص۵۴

۹۷۔ایضاً،ص۳۸۵

۹۸۔ایضاً،ص۳۸۰

۹۹۔ایضاً،ص۲۴۴

۱۰۰۔ایضاً،ص۴۵۳

۱۰۱۔ایضاً،ص۲۴۶

۱۰۲۔ایضاً،ص۴۵۴

۱۰۳۔ایضاً،ص۲۳۷

۱۰۴۔ایضاً،ص۴۵۲

۱۰۵۔ایضاً،ص۴۵۳

۱۰۶۔ایضاً،ص۳۳۹

۱۰۷۔ایضاً،ص۲۷۸

۱۰۸۔ایضاً،ص۴۵۹

۱۰۹۔ایضاً،ص۹۰۸

۱۱۰۔ایضاً،ص۵۷۷

۱۱۱۔ایضاً،ص۹۰۸

۱۱۲۔ایضاً،ص۳۹۴

۱۱۳۔ایضاً،ص۳۹۵

۱۱۴۔ایضاً،ص۴۷۵

۱۱۵۔ ایضاً،ص۱۳۹۴

۱۱۶۔ ایضاً،ص۱۲۲۲

۱۱۷۔ ایضاً،ص۱۳۹۵

۱۱۸۔ ایضاً،ص۱۵۰۱

۱۱۹۔ ایضاً

۱۲۰۔ ایضاً،ص۱۶۲۹

۱۲۱۔ ایضاً،ص۱۵۰۹

۱۲۲۔ ایضاً،ص۱۶۳۰

۱۲۳۔ ایضاً،ص۱۵۲۲

۱۲۴۔ ایضاً،ص۱۶۳۱

۱۲۵۔ ایضاً،ص۱۵۲۵

۱۲۶۔ ایضاً،ص۱۶۳۲

۱۲۷۔ ایضاً،ص۴۰۷

۱۲۸۔ ایضاً،ص۹۴

۱۲۹۔ ایضاً،ص۹۴۴

۱۳۰۔ ایضاً،ص۸۲۳

۱۳۱۔ ایضاً،ص۹۶۷

۱۳۲۔ ایضاً،ص۱۵۳۳،۱۵۳۴

۱۳۳۔ ایضاً،ص۵۶۴

۱۳۴۔ ایضاً،ص۹۰۵،۹۰۶

۱۳۵۔ غالبؔ،بحوالہ مکاتیب غالبؔ،مرتبہ امتیاز علی خاں عرشی،ص۶۵،۶۶

۱۳۶۔ ایضاً،ص۶۶

۱۳۷۔ ایضاً

۱۳۸۔ امتیاز علی خاں عرشؔی،مکاتیب غالب،ص۶۴

۱۳۹۔ مولانا فضل حق،بحوالہ مکاتیب غالب مرتبہ امتیاز علی خاں عرشؔی،ص۶۴،۶۵

۱۴۰۔ غالبؔ،بحوالہ غالب کے خطوط مرتبہ خلیق انجم،ص۲۶۷،۲۶۸

۱۴۱۔ خلیق انجم،غالب اور شاہان تیموریہ،ص۸۱،۸۲

۱۴۲۔ ایضاً،ص۸۲

۱۴۳۔ غالبؔ،بحوالہ غالب کے خطوط مرتبہ خلیق انجم،ص۱۳۸۳

۱۴۴۔ غالبؔ، بحوالہ غالبؔ اور شاہان تیموریہ، ص ۸۳

۱۴۵۔ خلیق انجم، غالب کے خطوط، ص ۴۶۵

۱۴۶۔ غالبؔ، نادر خطوط غالب، ص ۱۴

۱۴۷۔ خلیق انجم، غالب کے خطوط، ص ۴۵۰، ۴۵۱

۱۴۸۔ بشیر حسین زیدیؔ، بحوالہ دلی کی درگا شاہ مرداں، مرتبہ خلیق انجم، ص ۱۸

۱۴۹۔ حنیف نقوی، غالبؔ احوال و آثار، ص ۵۸

۱۵۰۔ غالبؔ، بحوالہ غالبؔ کا سفر کلکتہ اور کلکتے کا ادبی معرکہ از خلیق انجم، ص ۴۲

۱۵۱۔ خلیق انجم، غالبؔ کا سفر کلکتہ اور کلکتے کا ادبی معرکہ، ص ۴۹

۱۵۲۔ ایضاً، ص ۵۲، ۵۳

۱۵۳۔ ایضاً، ص ۷۵

۱۵۴۔ ایضاً، ص ۱۱۰

۱۵۵۔ ایضاً، ص ۱۱۰، ۱۱۱

۱۵۶۔ ایضاً، ص ۱۱۲

۱۵۷۔ ایضاً، ص ۱۱۴

۱۵۸۔ ایضاً، ص ۱۱۹

۱۵۹۔ ایضاً، ص ۱۲۰

۱۶۰۔ غالبؔ، بحوالہ غالبؔ کا سفر کلکتہ اور کلکتے کا ادبی معرکہ از خلیق انجم، ص ۱۲۳

۱۶۱۔ خلیق انجم، غالبؔ کا سفر کلکتہ اور کلکتے کا ادبی معرکہ، ص ۱۷۱

۱۶۲۔ خلیق انجم، مرزا مظہر جانجاناں کے خطوط، ص ۳۲

۱۶۳۔ ظفر احسن بہرائچی، آثار مرزا مظہر جان جاناں، ص ۳۲

۱۶۴۔ ڈاکٹر محمد عمر، مکاتیب میرزا مظہر جانجاناں

۱۶۵۔ ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں، لوائح خانقاہ مظہریہ، ص ۴۳

۱۶۶۔ خلیق انجم، مرزا مظہر جانجاناں کے خطوط، ص ۹

۱۶۷۔ غلام ہمدانی مصحفیؔ، عقد ثریا، ص ۵۵

۱۶۸۔ خلیق انجم، مرزا مظہر جانجاناں کے خطوط، ص ۱۰

۱۶۹۔ ایضاً، ص ۲۰، ۲۱

۱۷۰۔ ایضاً، ۲۲، ۲۳

۱۷۱۔ ایضاً، ص ۶۰

۱۷۲۔ خلیق انجم، متنی تنقید، ص ۲۸، ۲۹

۱۷۳۔ عبدالمغنی، بحوالہ کتاب نما کا خصوصی شمارہ، مرتبہ خلیق انجم، ص ۵۰

۱۷۴۔ خلیق انجم، آثار الصنادید، ص ۱۳۹

۱۷۵۔ ایضاً، ص ۱۵۳، ۱۵۴

۱۷۶۔ ایضاً، ص ۱۵۴

۱۷۷۔ انیس اعظمی، آثار الصنادید

۱۷۸۔ خلیق انجم، آثار الصنادید، ص ۱۴۰

۱۷۹۔ پروفیسر نثار احمد فاروقی، کتاب نما کا خصوصی شمارہ، مرتبہ ایم، حبیب، خاں، ص ۳۰

# باب سوم: خلیق انجم بحیثیت سوانح نگار

# محی الدین قادری زورؔ

ڈاکٹر محی الدین قادری زورؔ اردو ادب کی تاریخ میں کسی تعارف کے محتاج نہیں ہے۔ وہ بیک وقت کئی شخصیتوں کے مالک تھے۔ انہوں نے قدیم دکنی ادب کے شہ پاروں کی بازیافت کر کے بہترین اور قابل ستائش کارنامے انجام دیئے ہیں۔ ادارۂ ادبیات اردو اور اس کی عمارت ایوان اردو جیسے عظیم بالشان کارنامے انہی کی مرہون منت ہے۔ دکنی زبان کے علاوہ انہیں دکن کی قدیم تاریخ اور تہذیب سے غیر معمولی دلچسپی تھی۔ ایک طرف جہاں انہوں نے ایوان اردو میں بڑی تعداد میں مخطوطات اوت مطبوعات جمع کیے تو وہی دوسری طرف میوزیم قائم کر کے اس میں دکن کے حاکموں کی تصویریں، تلواریں اور دوسرے ہتھیار، فرامین، طغرے، خطاطی کے اعلیٰ نمونے، سیاسی دستاویزیں وغیرہ جمع کی۔ یہ وہ چیزیں ہیں جو دکن کی قدیم تاریخ اور تہذیب کا مطالعہ کرنے والے طالب علموں کے لیے ایک نشان راہ کی حیثیت رکھتے ہیں۔

سنہ 18-17 اگست 1987ء کو انجمن ترقی اردو ہند کے مرکزی دفتر اردو گھر میں ڈاکٹر زورؔ کی شخصیت اور فن پر دو روزہ قومی سمینار منعقد ہوا تھا۔ زیر بحث کتاب یعنی ''محی الدین قادری زورؔ'' میں انہی مقالوں کو ترتیب دے کر خلیق انجم نے 1989ء میں انجمن ترقی اردو ہند، نئی دہلی کی طرف سے شائع کیا ہے۔ اس کتاب میں انیس مقالہ نگاروں کے مقالات کو شامل کیا گیا ہے۔ ان مقالات کی فہرست کچھ اس طرح ہے۔ ''حیات زورؔ'' از خلیق انجم، ''سید محی الدین قادری زورؔ'' از مالک رام، ''ڈاکٹر محی الدین قادری زورؔ'' از سید شہاب الدین، ''زورؔ صاحب'' از پروفیسر سلیمان اطہر جاوید، ''زورؔ صید افگن'' از گوپی چند نارنگ، ''ڈاکٹر زورؔ ایک عہد ایک عشق'' از پروفیسر ثمینہ شوکت، ''ڈاکٹر زورؔ چند تاثرات'' از سری نیواس لاہوٹی، ''ڈاکٹر زورؔ کی شخصیت'' از وقار خلیل، ''ڈاکٹر زورؔ ادب کی ایک ماڈل شخصیت'' از اسلم پرویز، ''زورؔ کی تصنیفی سرگرمیوں پر ایک نظر'' از سید صباح الدین عبدالرحمٰن، ''ڈاکٹر زورؔ کی افسانہ نگاری'' از پروفیسر گیان چند جین، ''محی الدین قادی زورؔ کی تنقید نگاری'' از پروفیسر عبدالمغنی، ''زورؔ کی فارسی خدمات'' از ڈاکٹر نورالاسلام صدیقی، ''مخطوطہ شناسی کا فن اور ڈاکٹر زور مرحوم'' از ڈاکٹر مجید بیدار، ''زورؔ صاحب کی تصانیف کا تعارف'' از ڈاکٹر ضیاء الدین انصاری، ''اردو اور ایوان اردو'' از ڈاکٹر سید تبارک علی، '' کارنامۂ زور زندہ باد'' از رانا بھگوان داس، ''ڈاکٹر زورؔ کا سماجی شعور'' از مجید بیدار کے علاوہ محی الدین قادری زورؔ کا مضمون ''یہ جو اردو زبان ہماری ہے''۔

زیر بحث کتاب میں شامل مضامین میں بنیادی طور پر محی الدین قادری زورؔ کی شخصیت ، ان کی تخلیقی سرگرمیوں ، ان کی افسانہ نگاری ،تنقید نگاری ،مخطوط شناسی ، ان کا سماجی شعور اوران کے دیگر علمی و ادبی خدمات کو موضوع بحث لایا گیا ہے۔کتاب کے حرف آغاز میں خلیق انجم محی الدین قادری زورؔ کی شخصیت پر اظہار خیال کرتے ہو لکھتے ہیں:

''ڈاکٹر سید محی الدین قادری زورؔ تاریخ ادب اردو کا ایک روشن باب ہے۔انہوں نے تقریباً چالیس سال اردو زبان وادب کی خدمت کی ۔ان کا بیشتر کام دکنی ادب پر ہے،لیکن انہوں نے کبھی شمالی ہند کے ادیبوں سے کسی بھی طرح کا تعصب نہیں برتا۔دکن میں پیدا ہونے کے ناتے ان کے لیے دکن کا ہر ذرہ دیوتا تھا۔زبان اور ادب ان کا اوڑھنا،بچھونا تھا۔انہوں نے قدیم دکنی ادب کے شہ پاروں کی بازیافت کی ، دکنی کے کئی اہم اور قدیم مخطوطات مرتب کر کے شائع کیے۔اپنے ہم عصروں اوراپنے عہد کے نوجوان کو دکنی ادب پر کام کرنے کی نہ صرف ترغیب دی بلکہ کام کے لیے سہولیتیں بھی فراہم کیں۔''[1]

اسی طرح اپنے مضمون ''حیات زورؔ'' میں محی الدین قادری زورؔ اوران کے آبا اجداد کے بارے میں لکھتے ہیں:

''ڈاکٹر سید محی الدین قادری زورؔ کا تعلق حیدر آباد کے مشہور طبقۂ معاش داران اور اہل خدمات شرعیہ سے تھا۔ان کے آباواجداد میں اہل سیف بھی تھے،اہل قلم اوراہل خانقاہ بھی ۔زورؔ صاحب حیدر آباد کے ان چند سپوتوں میں تھے، جنہوں نے آزادی کے بعد دکن کی آبرو رکھی۔ وہ صف اول کے ادیب،مورخ،نقاد،شاعر،معلم،افسانہ نگار،فہرست نگار،ادبی صحافی اور محقق تھے۔۔۔زورؔ صاحب کا خاندان صدیوں سے دکن میں آباد ہے۔کہا جاتا ہے کہ ان کے اجداد میں ایک بزرگ سید ابراہیم،سلطان محمد تغلق کے ساتھ دکن پہنچے تھے۔سید ابراہیم وہ بزرگ تھے جنہوں نے حضرت نظام الدین اولیاؒ سے فیض اٹھایا تھا۔روایت ہے کہ محبوب الٰہی نے انہیں ''شیخ'' کے لقب سے نوازا تھا۔شیخ سید ابراہیم نے دکن کے ایک چھوٹے سے قصبے قندھار میں مستقل سکونت اختیار کر لی تھی۔''[2]

خلیق انجم نے اپنے مقالے ''حیات زورؔ'' میں محی الدین قادری زورؔ کے خاندان،آباواجداد،وطن،حیات ،شخصیت،تعلیم وتربیت،حلیہ،سیرت وکرداراوران کی علمی وادبی خدمات پرایک بہترین اور معلوماتی جائزہ پیش کیا ہے ۔اگر یوں کہا جائے تو غلط نہیں ہوگا کہ خلیق انجم نے اپنے اس مقالے میں محی الدین قادری زورؔ کا ایک مکمل سوانحی خاکہ تحریر کیا ہے۔

محی الدین قادری زورؔ کے بارے میں مزید تفصیلات بیان کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں کہ ان کے والد کا نام حضرت سید غلام محمد شاہ قادری اور والدہ کا نام بشیر النسا بیگم تھا۔ بعض حضرات نے ان کے والد کا پورا نام مولوی حافظ قاری سید شاہ غلام محمد قادری الرفاعی لکھا ہے۔ انہوں نے شعر وشاعری کی طرف بھی توجہ مبذول کی تھی اور زعمؔ تخلص اختیار کیا۔ لیکن سرسید سے متاثر ہو کر انہوں نے شعر وشاعری چھوڑ کر دیہات میں رہنے والے مسلمانوں کی سماجی، معاشرتی اور مذہبی حالات کو بہتر بنانے کے لیے اصلاحی تحریک شروع کی۔ ان کا انتقال 1361ھ میں ہو گیا۔ بشیر النسا بیگم محمد وقار الدین کی صاحب زادی اور حیدر آباد کے چھٹے حکمران میر محبوب علی خاں کے عہد کے سررشتۂ امور مذہبی کے وزیر اعلی فضیلت جنگ کی رشتہ دار تھیں۔ محمد وقار الدین بڑے عالم و فاضل تھے۔ سیدہ جعفرؔ کے مطابق محمد وقار الدین کا تحریر کردہ ''چار گلزار'' کا ایک نسخہ ادارۂ ادبیات اردو میں موجود ہے۔

محی الدین قادری زورؔ کی ولادت اور تعلیم و تربیت کے بارے میں معلومات بیان کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں کہ زورؔ صاحب کی ولادت 25 دسمبر 1905ء میں حیدر آباد کے محلّہ شاہ گنج میں ہوئی ہے۔ رواج کے مطابق ابتدائی تعلیم گھر پر ہوئی تھی۔ بعد میں انہیں مدرسہ میں داخل کیا گیا۔ جہاں انہوں نے فارسی اور عربی سیکھی۔ یہاں سے نکل کر سٹی ہائی اسکول میں داخل کیے گئے۔ انٹر کے لیے عثمانیہ کالج میں داخلہ لیا۔ بی۔اے اور ایم۔اے کے امتحانات میں اول آئے۔ ایم۔اے میں اول آنے پر حکومت حیدر آباد نے انگلینڈ میں تعلیم حاصل کرنے کے لیے وظیفہ مقرر کر دیا۔ لندن یونی ورسٹی میں انہوں نے اپنے پی۔ایچ۔ڈی کے مقالے کے لیے لسانیات کے میدان کا انتخاب کر کے ''اردو زبان کا آغاز اور ارتقا'' کے موضوع پر مقالہ مکمل کر کے ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کر لی۔ لندن یونی ورسٹی میں انہیں پروفیسر آر۔ایل ٹرنر اور پروفیسر اے لائیڈ جیمس جیسے اساتذہ سے فیض یاب ہونے کا موقع ملا۔ پی۔ایچ۔ڈی کے بعد مزید تعلیم کے لیے پیرس گئے۔ یہاں یونی ورسٹی کالج میں داخلہ لے کر عام فن صوتیات اور انگریزی صوتیات میں تعلیم حاصل کی۔ پیرس سے واپس آ کر جامعہ عثمانیہ میں اردو کے پروفیسر مقرر ہوئے اور پھر چادر گھاٹ کالج کے پرنسپل کی حیثیت سے ریٹائر ہو گئے۔ چادر گھاٹ کالج سے ریٹائر ہوتے ہی کشمیر یونی ورسٹی کے شعبۂ اردو میں ان کا تقرر بحیثیت پروفیسر ہو گیا۔ یہیں 23 ستمبر 1962ء کو ان پر دل کا دورہ پڑھنے سے 24 ستمبر 1962ء کو ان کا انتقال ہوا۔ انہیں سرینگر کے خانیار شریف کے قبرستان میں دفن کر دیا گیا ہے۔ محی الدین قادری زورؔ پر مکمل سوانحی خاکہ پیش کرنے کے بعد خلیق انجم نے ان کی علمی و ادبی خدمات کا بہترین اور معلوماتی جائزہ پیش کیا ہے۔

مجموعی طور پر کہا جا سکتا ہے کہ زیر بحث کتاب میں شامل مقالات کو ترتیب دے کر کتابی شکل میں شائع کر کے ڈاکٹر خلیق انجم نے محی الدین قادری زورؔ کی حیات، شخصیت اور ان کی علمی و ادبی خدمات کے بارے میں ایک اہم اور قابل احترام کارنامہ انجام دیا ہے۔

## اختر انصاری شخص اور شاعر

خلیق انجم کی یہ تالیف انجمن ترقی اردو (ہند) کی طرف سے سنہ 1990ء میں شائع ہوئی ہے۔ کتاب کے حرف آغاز میں خلیق انجم نے اختر انصاری کے معیار اور مرتبے کا تعین کرنے کی کوشش کی ہے۔ جس میں انہوں نے لکھا ہے کہ بیسویں صدی کی چھٹی دہائی میں اردو کی جن عصری کتابوں کو خاصی اہمیت و افادیت حاصل رہی ہے۔ ان میں اختر انصاری کی دو تنقیدی تصانیف ''افادی ادب'' اور ''ایک ادبی ڈائری'' کا شمار بھی کیا جاتا ہے۔ خلیق انجم نے اختر انصاری کا شمار ترقی پسند کے نامور شاعروں اور ناقدوں میں کیا ہے۔ اختر انصاری کے بارے میں اہم معلومات پہنچاتے ہوئے خلیق انجم کتاب کے حرف آغاز میں لکھتے ہیں:

> ''25-20 سال قبل اردو کی جن عصری کتابوں کو اہمیت حاصل تھی ان میں ''افادی ادب'' اور ''ایک ادبی ڈائری'' بھی شامل تھیں۔ یہ دونوں کتابیں ایک ایسے شخص کی تصنیف تھیں جس کا شمار اردو کے ممتاز اور نامور ترقی پسند نقادوں اور شاعروں میں ہوتا تھا یعنی اختر انصاری مرحوم۔ آہستہ آہستہ اختر صاحب کی مقبولیت اور شہرت میں کمی آنے لگی۔ یہاں تک کہ خود ان کی زندگی میں نئی نسل ان کے نام اور ان کی ادبی خدمات سے واقف نہیں رہی۔ اختر انصاری کی شہرت و مقبولیت کو نقصان پہنچانے والے خود اختر انصاری تھے۔ اختر انصاری صاحب کی ایک ایسی کمزوری تھی جس نے انہیں سخت نقصان پہنچایا اور وہ کمزوری تھی ان کی انا کی غیر معمولی بڑھتی ہوئی لے۔۔۔ نتیجہ یہ ہوا کہ اس کے معاصرین نقادوں نے انہیں قطعی نظر انداز کر کے بدلا چکالیا اور پھر ترقی پسند نقاد شروع ہی سے بہت زیادہ مصلحتوں کے شکار رہے ہیں۔۔۔ مرحوم نے زندگی بھر خون جگر سے اردو شعر و ادب کی آبیاری کی لیکن خود ان کی زندگی ہی میں ان کو فراموش کر دیا گیا۔ اس لیے نہیں کہ وہ تیسرے یا چوتھے درجے کے ادیب یا شاعر تھے بلکہ اس لیے کہ وہ گروہ بندی کے قائل نہیں تھے۔ انہوں نے کبھی کسی کی خوش آمد نہیں کی۔'' ۳۴

الغرض اگر دیکھا جائے تو خلیق انجم نے کتاب کے ''حرف آغاز'' میں اختر انصاری کی مکمل تفصیل بیان کی

ہے جو اگر سپرد قلم نہ کیا جاتا تو اختر انصاری کے متعلقہ جملہ مضامین میں کمی رہ جاتی۔اس کی نشان دہی بہت ضروری تھی کیوں کہ ''انا'' کی گرفت میں پھنسنے سے عصر حاضر کے شعرا وادبا یہ سمجھنے سے پیچھے رہ سکتے ہیں۔شاید اس لیے کہ بالواسطہ مشورہ نفسیاتی اعتبار سے تیر بہ ہدف ہی ثابت ہوتا ہے۔کیوں کہ براہ راست مشورہ اکثر و بیشتر ناگوار گذرتا ہے۔خلیق انجم نے اس بات کی پوری وضاحت کی ہے کہ اردو کے بعض ترقی پسند ادیبوں اور شاعروں کی طرح اختر انصاری بھی نظر انداز کر دیے گئے ہیں۔جس کے لیے اختر انصاری خود ذمہ دار تھے۔اول تو اختر انصاری ''انا'' کے شکار ہو گئے اور دوسری بات یہ کہ انہوں نے کبھی کسی دوسرے شخص کی تعریف میں قصیدے نہیں کہے ہیں۔نتیجہ یہ ہوا کہ دوسرے ادیبوں اور نقادوں نے بھی ان کے ساتھ وہی برتاو کیا۔

حرف آغاز کے بعد کتاب میں دو صفحات پر مشتمل اختر انصاری کا ''سوانحی خاکہ'' پیش کیا گیا ہے۔جس میں اختر انصاری کی سن ولادت، جائے پیدائش، جائے وفات، تعلیم و تربیت، ملازمت اوران کی تصنیفات وغیرہ کا ذکر کیا گیا ہے۔اختر انصاری کی تاریخ ولادت کے بارے میں معلومات فراہم کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں کہ اختر انصاری 1909ء میں بدایوں میں پیدا ہوئے ہیں اوران کا انتقال 5 اکتوبر 1988ء کی صبح 6 بجے علی گڑھ میں ہوا۔ ابتدائی تعلیم قدیم اینگلو عربک ہائی اسکول میں حاصل کی اور پھر مزید تعلیم کے لیے سینٹ اسٹیفنسن کالج دہلی میں داخلہ لیا۔1930ء میں دہلی یونی ورسٹی سے بی۔اے آنرس پاس کیا اور پھر اعلی تعلیم کے لیے انگلستان گئے۔لیکن اچانک والد کے انتقال کے سبب واپس مادر وطن آ گئے اور علی گڑھ مسلم یونی ورسٹی سے پہلے بی۔ٹی اور پھر ایم۔اے اردو کیا۔ اختر انصاری کی ملازمت کے بارے میں خلیق انجم لکھتے ہیں کہ اختر انصاری سب سے پہلے علی گڑھ مسلم یونی ورسٹی کے سٹی ہائی اسکول میں ٹیچر مقرر ہوئے اور پھر شعبۂ اردو میں لکچر ر ہوئے۔یہاں تین سال گزارنے کے بعد ٹریننگ کالج میں منتقل ہو گئے اور پھر یہیں سے ریٹائر ہو گئے۔تصنیفات کے عنوان میں خلیق انجم نے اختر انصاری کی تصنیفات و تالیفات اور شعری مجموعوں کا ذکر کیا ہے۔اس کے بعد اردو کے نامور محققین اور ناقدین کے دس مضامین کو کتاب میں شامل کیا ہے۔جن میں ڈاکٹر خلیل الرحمٰن اعظمی کا ''اختر انصاری''، رشید حسن خاں کا ''اختر انصاری''، پروفیسر ظہیر احمد صدیقی کا ''خدا کی دین ہے سرمایہ غم فرہاد''، ایم حبیب۔خاں کا ''اختر انصاری ایک مطالعہ''، مشرف علی صدیقی کا ''اختر انصاری۔زندگی کی ایک جھلک''، شہپر رسول کا ''اختر انصاری۔آئینے سے عکس تک''، منصور عمر کا ''اختر انصاری کا پہلا اور آخری ڈرامہ''، نثار احمد کا 'اختر انصاری۔ایک ہمہ جہت ادبی شخصیت'' جیسے مضامین کے نام قابل ذکر ہیں۔ اس کے علاوہ کتاب میں ادارہ کی طرف سے اختر انصاری کے خطوط بھی شامل کر لیے گئے ہیں۔ان خطوط کی فہرست

یوں ہیں۔ پروفیسر مختارالدین احمد کے نام پانچ (5) خطوط، پروفیسر ظہیراحمد صدیقی کے نام نو (9)، پروفیسر ابوذر عثمانی کے نام چار (4)، جناب ظفر ادیب کے نام ایک (1)، ایم حبیب۔خاں کے نام پانچ (5)، جناب منصور عالم صدیقی کے نام تین (3) اورڈاکٹر محمد ایوب تاباں کے نام دو(2) خطوط شامل ہیں۔اس طرح اگر دیکھا جائے تو کتاب میں شامل اختر انصاری کے خطوط کی مجموعی تعداد (29) انتیس ہیں۔اس کے علاوہ ان خطوط پر حواشی بھی لکھے گئے ہیں۔

کتاب کے آخر میں اختر انصاری کے کلام کے انتخاب اور متفرق اشعار کو بھی شامل کرلیا گیا ہے جوان کی شاعری کے بارے میں ایک متوازن رائے بتاتا ہے۔مجموعی طور پر اگر دیکھے جائے تو خلیق انجم کی زیر نظر کتاب کے بارے میں کہا جاسکتا ہے کہ اختر انصاری کی نگارشات کو مطالعہ میں لانے کے لیے خلیق انجم کی تالیف ''اختر انصاری شخص اور شاعر'' اختر انصاری کی شخصیت اور شاعری کے بارے میں سرفہرست نظر آئے گی۔

## حسرت موہانی

حسرت موہانی شاعر، صحافی، صوفی، عالم، مجاہد آزادی اور ایک عظیم انسان تھے۔ان کی تمام زندگی ایک جہاد تھی۔ان کی آواز انقلاب سے لبریز تھی اوران کی شاعری عاشقی کا ترانہ۔وہ بے شمار خوبیوں کے پیکر تھے۔حسرت موہانی اٹل عزم وارادے کے مالک تھے۔لیکن کسی ایک سیاسی جماعت سے وابستہ ہو نہ رہ سکے۔کیوں کہ ان کی بے لچک پرستی نے انہیں کسی پلیٹ فارم پر ٹھرنے نہیں دیتی تھی۔وہ بڑے خوش عقیدہ اور سچے مسلمان تھے۔انہوں نے کئی دفعہ حج و زیارت کی سعادت بھی حاصل کی۔حسرت جیسی متنوع شخصیتوں کی سوانح حیات کا جائزہ لینا آسان نہیں۔لیکن خلیق انجم نے جس دیدہ ریزی اور لگن سے حسرت موہانی کی شخصیت کا تعین کیا ہے۔وہ قابل ستائش اور قابل تقلید ہے۔انہوں نے اپنی تخلیق میں حسرت موہانی کی ایک جیتی جاگتی تصویر پیش کی ہے۔ یہ تصویر جیتی جاگتی تو ہے لیکن ہر پہلو کو پوری طرح پیش نہیں کیا گیا ہے۔اس میں خلیق انجم کا کوئی قصور نہیں ہے۔ بلکہ سرکاری مطبوعات کی تنگ دامنی کا ہے۔ جہاں لال فیتہ ہر چیز پر حاوی ہو جاتا ہے۔ پہلے خلیق انجم سے سوڈیڑھ سو صفحوں پر مشتمل لکھنے کی تجویز کی گئی تھی۔لیکن جب خلیق انجم نے مواد اکٹھا کیا تو محسوس ہوا کہ سوڈیڑھ سو صفحات میں پورے مواد کو ترتیب نہیں دیا جاسکتا۔پبلی کیشنز ڈویژن نے بڑی رعایت سے تین سو صفحات کی اجازت دے دی۔خلیق انجم نے بہت کھینچ

تا ان کی۔مگر پھر بھی تین سو صفحے سے دو تین صفحے بڑھ گئے۔ بقول خلیق انجم:

''مواد اکٹھا کرنے کے بعد جب لکھنے بیٹھا تو معلوم ہوا کہ کتاب کی ضخامت چار سو صفحوں سے کم نہ ہوگی۔محبوب صاحب نے تین صفحوں کی اجازت دے دی۔اس لیے مجبوراً حسرت کی سیاسی زندگی اور تنقیدی حصے کو کم کرنا پڑا۔''۴

مذکورہ عبارت سے صاف واضح ہو جاتا ہے کہ اس کتاب میں خلیق انجم نے حسرت موہانی کے تمام پہلوؤں کا احاتہ کرنے کے باوجود حسرت موہانی کی شخصیت تشنہ رہ گئی ہے۔

کتاب ''حسرت موہانی'' میں آباو اجداد کے ذیلی عنوان میں خلیق انجم نے حسرت موہانی کے آباو اجداد کے قصبہ کا خلاصہ کرتے ہوئے لکھا ہے۔کہ اردو کے صف اول کے شاعر، ادیب، نقاد، صحافی اور جنگ آزادی کے عظیم مجاہد حسرت موہانی قصبہ موہان میں اپنے اس خاندانی مکان میں تولد ہوئے، جسے بارہ دری کہا جاتا تھا۔یہ قصبہ لکھنو اور کانپور کے درمیان ضلع اناہ میں واقع ہے۔عبدالشکور اس بارے میں لکھتے ہیں:

''موہان ہمیشہ حکما اور اطبا کے لیے مشہور تھا اور ہے، اس لیے اسے موہان خطۂ یونان کہا جاتا ہے۔''۵

خلیق انجم عبدالشکور کے اس بیان سے اختلاف کرتے ہیں۔اس بارے میں انہوں نے لکھا ہے کہ:

''میں نے کہیں اور نہیں پڑھا کہ موہان کو خطۂ یونان کہا جاتا ہو۔اس قصبے کی کوئی تاریخی اہمیت ضرور رہی ہے۔کیوں کہ حضرت سید رسول نما کے والد جب بخارا سے ہندوستان آئے تھے۔تو انہوں نے پہلے موہان ہی میں سکونت اختیار کی تھی۔چوں کہ اس علاقے میں اعلیٰ درجے کے حکیم تھے۔اسی لیے حسرت نے اسے یونان کہا ہے۔''۶

خلیق انجم نے حسرت موہانی کے آباو اجداد کے بارے میں دو چار حوالے نقل کرتے ہوئے تحریر کیا ہے کہ حسرت کے آبا اجداد میں ایک بزرگ سید محمود نیشاپوری نے 15-1214 عیسوی میں ترک وطن کیا اور مختلف مقامات سے ہوتے ہوئے التمش کے زمانے میں 19-1218 عیسوی میں ہندوستان آئے۔یہاں موہان پہنچ کر مستقل سکونت اختیار کر لی۔

حسرت موہانی کے دادا پر دادا کا تعارف پیش کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں۔کہ سید مظہر حسن حسرت موہانی کے پر دادا تھے۔انہوں نے موضع کھونٹا، تحصیل کھجوا میں ایک صاحب ثروت نومسلم خاندان میں عقد کر کے کھجوا میں ہی مستقل سکونت اختیار کر لی تھی۔حسرت کے دادا سید مہرالحسن نے موہان میں اپنے خاندان کی ایک لڑکی سے شادی کر لی۔جن سے ان کی دو اولادیں ایک لڑکا جن کا نام سید ازہر حسن یعنی حسرت کے والد محترم اور لڑکی حضور النسا

تولد ہوئیں۔سید از ہر حسن کی شادی نیاز حسن کی صاحبزادی شہر بانو بیگم سے ہوئی۔حسرت موہانی ان ہی کے بطن سے تولد ہوئے۔حسرت موہانی کا سلسلہ نسب بیان کرتے ہوئے خلیق انجم نے حسرت ہی کا ایک اقتباس نقل کیا ہے۔ جس میں حسرت موہانی لکھتے ہیں:

''سید فضل الحسن بن سید از ہر حسن بن سید مہر الحسن بن سید مظہر حسن بن سید غلام علی بن سید محمد بن سید شاہ وجیہ الدین محمد بن سید محمد حنیف بن سید غلام علی بن سید عبدالرؤف بن سید جمال بن سید حافظ بن سید سعد اللہ بن سید گون بن سید اللہ داد عرف سید اوہن بن سید منتخب ولایت نژاد بن سید محمود نیشا پوری بن سید محمد بن سید احمد بن سید حسین بن سید ابو بکر یحیٰی بن سید عبدالعزیز بن سید ابراہیم بن سید محمود بن سید زید بن سید یعقوب بن سید احمد بن سید محمد بن سید احمد (نام اوم) سید محمد نقی (نام دوم) بن سید ابوالفضل موسیٰ الرافع بن سید ابوافضائل امام علی نقی بن حضرت سید ابوجعفر امام محمد نقی سید واسط بن حضرت امام علی موسیٰ رضا بن حضرت امام موسیٰ کاظم بن حضرت سید الشہد اامام حسینؓ بن حضرت سیدتنا فاطمہ وسیدنا علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہما۔''[7]

حسرت موہانی کی تاریخ ولادت کے بارے میں کوئی حتمی رائے نہیں دی جاسکتی ہے۔حسرت موہانی کی زندگی میں ہی کئی سوانح نگاروں نے ان کی ولادت کے متعلق مختلف تاریخیں تحریر کی ہیں۔لیکن حسرت موہانی نے نہ ہی کسی کی تائید کی ہے اور نہ کسی کی تردید۔حد تو یہ ہے کہ اسکول رجسٹر پر ان کی تاریخ ولادت مختلف ہیں۔ڈاکٹر محمد اسمٰعیل آزاد فتح پوری نے بتیس ایسے حضرات کے حوالے دیے ہیں۔جنہوں نے حسرت کی تاریخ ولادت تحریر کی ہے۔خلیق انجم نے بہت استدلال کے ساتھ حسرت موہانی کی تاریخ ولادت کے متعلق تیرہ ایسے حوالے نقل کیے ہیں۔جو ایک دوسرے سے مطابقت نہیں رکھتے ہیں۔حسرت کی تاریخ پیدائش کے متعلق انہوں نے لکھا ہے کہ حسرتؔ خود اس بات سے نابلد تھے۔کہ ان کی اصل تاریخ پیدائش کیا ہے۔اس لیے انہوں نے اس بارے میں قطعی طور پر کسی بھی تاریخ کا تعین نہیں کیا ہے۔اس بارے میں خلیق انجم لکھتے ہیں:

''اب تک کی دستیاب معلومات کے مطابق حسرت کی تاریخ ولادت کے بارے میں یقینی طور پر کچھ کہنا ممکن نہیں ہے۔''[8]

حسرت موہانی کے معاصرین عارف سہوی،عبدالشکور،نیاز فتح پوری،مولانا سید سلیمان ندوی اور مولانا جمال الدین عبدالوہاب وغیرہ نے حسرت موہانی کی سوانح لکھی ہے۔خلیق انجم نے یہ بات واضح کی ہے کہ ان محققین نے حسرتؔ کی سوانح میں جو سنین تحریر کیے ہیں۔ان میں کچھ سنین میں اختلاف ہے۔اس سلسلے میں تاریخ

ولادت اور تاریخ تعلیم کے سنین خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔خلیق انجم نے لکھا ہے کہ حسرت خاصے لاپرواقسم کے آدمی تھے۔بعض محققین نے سنین ان سے پوچھ کر تحریر کیے ہوں گے۔لیکن ان کا خیال ہے کہ حسرت کوخود اپنی سوانح کے متعلق اہم سنین یادنہیں رہتی تھیں۔اس لیے ان کے ذہن میں جو کچھ آیا ہوگا۔انہوں نے کہ دیا ہوگا۔

حسرت موہانی کے سوانح نگاروں نے ان کی سیاسی سرگرمیوں کی ابتدا کے بارے میں جو بیانات دیے ہیں ۔خلیق انجم نے ان سے اختلاف کیا ہے۔عام بیانات میں یہ کہا گیا ہے کہ حسرت موہانی زمانہ طالب علمی سے ہی سیاست میں حصہ لینے لگے تھے۔بعض نے یہاں تک کہہ دیا ہے کہ وہ طالب علمی کے زمانے سے ہی سیاسی تحریکوں میں مشغول رہ چکے ہیں۔خلیق انجم نے ان بیانات کوانشا پردازی اور مبالغہ آرائی سے تعبیر کیا ہے۔انہوں نے تحریر کیا ہے کہ ان کے زمانہ طالب علمی کا ایک واقعہ بھی ایسا نہیں ہے جس سے اس بات کی تصدیق ہو سکے کہ حسرت موہانی برطانوی حکومت کے خلاف تھے۔حسرت موہانی نے جب میٹرک کا امتحان امتیازی نمبروں کے ساتھ پاس کیا تو مزید تعلیم کے لیےانہوں نے محمڈن اینگلواورینٹل کالج کا رخ کیا۔علی گڑھ میں حسرت موہانی چار سال رہے۔حسرت موہانی کی بیٹی رابعہ بیگم نے تحریر کیا ہے کہ حسرت موہانی تین مرتبہ نعرۂ حریت بلند کرنے میں ایم۔اے۔اوکالج سے نکالے گئے تھے۔اس بات کا ذکر اوپر کیا جا چکا ہے کہ کئی سوانح نگاروں نے بھی یہ بات کہی ہے۔حسرت موہانی کی سیاسی سرگرمی میں کے بارے میں رابعہ بیگم لکھا ہیں کہ:

> ''حسرتؔ نے بی،اے کا امتحان اختیاری مضمون ریاضی کے ساتھ پاس کیا۔امتحان سے پہلے ہی وہ سیاسیات ہند سے دلچسپی لینے لگے تھے اور تین مرتبہ نعرۂ حریت بلند کرنے پر پرانے ایم،اے،اوکالج سے نکالے گئے تھے۔لیکن جو جذبہ ان کے دل میں بیدار ہو چکا تھا وہ روز بروز کرتا گیا۔''[9]

اثر بن یحیٰ ،عبدالشکور اور دیگر سوانح نگاروں نے بھی یہی لکھا ہے کہ حسرت موہانی تین مرتبہ نعرۂ حریت بلند کرنے کی پاداش میں ایم۔اے۔اوکالج سے نکالے گئے تھے۔لیکن خلیق انجم ان کی اس بات کے منکر ہیں۔وہ لکھتے ہیں:

> ''حقیقت یہ ہے کہ ایک واقعہ بھی ایسا نہیں ملتا جس سے ثابت ہو کہ علی گڑھ کی طالب علمی کے زمانے میں حسرت موہانی کو سیاست میں دلچسپی پیدا ہوگئی تھی۔ہماری اب تک کی معلومات کے مطابق حسرت نے زمانہ طالب علمی میں ایک بار بھی نعرۂ حریت بلند نہیں کیا ۔ہاں ایک بار معاصرانہ چشمک اور دو بار شرارتوں کی وجہ سے پرنسپل نے ان کا نام ''فردسیاہ'' میں درج کیا تھا،جس کی تفصیل سید سجاد حیدر یلدرم (خافی خاں) نے اپنے

مقالے میں بیان کی ہے۔''۱۰؎

خلیق انجم نے مذکورہ عبارت میں جو دعویٰ کیا ہے اور اپنے دعویٰ کے ثبوت میں انہوں نے سجاد حیدر یلدرم کے جس مقالے کا حوالہ دیا ہے۔ وہ پورا مقالہ انہوں نے اپنی کتاب میں پیش کیا ہے۔ اس مقالے میں خلیق انجم کا کیا گیا دعویٰ درست معلوم ہوتا ہے۔ خلیق انجم حسرت موہانی کی بیٹی رابعہ بیگم اور ان کے بعض سوانح نگاروں سے اختلاف کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ یہ حسرت کو پر لگا کر اڑانے کی کوشش ہے۔ ورنہ اس کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ کیوں کہ اگر یہ حقیقت ہوتی تو حسرت کو سب سے پہلے سوانح نگار عارف سہسوی اس کا ذکر ضرور کرتے۔ البتہ شرارتوں کی وجہ سے فرد سیاہ میں تین باران کا نام ضرور درج ہوا۔

خلیق انجم نے جس انداز سے اپنے دعویٰ کی دلیل کو حسرت موہانی کے پہلے سوانح نگار عارف سہسوی اور سجاد حیدر یلدرم کے مقالے سے مستند بنانے کی سعی کی ہے۔ اس سے قیاس ہوتا ہے کہ خلیق انجم کا اختلاف درست ہے۔ البتہ خلیق انجم نے اس بات کی تصدیق بھی کی ہے کہ حسرت موہانی کالج کی مختلف سرگرمیوں میں دلچسپی لیتے تھے۔ ان کے مطابق انہوں نے کالج کی یونین کی سیاست میں بھی دلچسپی لی ہے۔ انہوں نے دو مرتبہ یونین کے انتخاب میں آزاد امیدوار کے طور پر بھی حصہ لیا ہے۔

رابعہ بیگم اور سید سلیمان ندوی نے لکھا ہے کہ حسرت موہانی جب علی گڑھ میں زیر تعلیم تھے اس دوران انہوں نے ایک ادبی تنظیم قائم کر لی تھی۔ جس کی غرض و غایت اردو نظم اور شعر و سخن کے چرچے کو ترقی بخشنا تھا۔ اس بارے میں رابعہ بیگم لکھتی ہیں:

''حسرت نے کالج میں ایک نئی انجمن قائم کی جس کے اغراض و مقاصد اردو نظم کو ترقی دینا اور شستہ مذاقِ شعری کو پیدا کرنا تھا۔''۱۱؎

خلیق انجم رابعہ بیگم اور سید سلیمان ندوی کے اس خیال سے اختلاف کرتے ہیں۔ ان کے مطابق اس کی بنیاد اصل میں سجاد حیدر یلدرم نے رکھی تھی۔ اس کے جواز میں خلیق انجم تین صفحات پر مشتمل (ص۔36-35-34) سجاد حیدر یلدرم کا ایک اقتباس بھی نقل کیا ہے۔ اس سے اس بات کی تصدیق ہو جاتی ہے کہ انجمن اردوئے معلیٰ کی بنیاد حسرت نے نہیں بلکہ سجاد حیدر یلدرم نے رکھی تھی۔

حسرت موہانی کے بعض سوانح نگاروں نے لکھا ہے کہ حسرت کئی دفعہ انگلستان گئے تھے۔ بعض نے حسرت کے سفر انگلستان کا ذکر ہی نہیں کیا ہے۔ خلیق انجم نے اس بارے میں لکھا ہے کہ اب تک صرف دو دفعہ ان کے

انگلستان جانے کے ثبوت دستیاب ہوئے ہیں۔ایک دوسوانح نگاروں نے یہ بھی لکھا ہے کہ حسرت حج کو گئے تھےاور وہاں سے لندن گئے۔خلیق انجم اس بات سے بھی اختلاف کرتے ہیں۔انہوں نے لکھا ہے کہ حسرت انگلستان سے واپسی پر لاہور آئے ہوئے تھے۔یہاں عبدالمجید سالک ان کی خدمت میں موجود تھے۔اس بارے میں انہوں نے عبدالمجید سالک کا اقتباس نقل کیا ہے۔جو یوں ہے:

''انہی دنوں ''زمیندار'' کے دفتر میں ملاقات ہوئی۔مولانا انگلستان سے واپس آئے تھےاور عقیدت مندوں کے جھرمٹ میں بیٹھے ہوئے تھے۔وہاں کے حالات سنا رہے تھے۔میں نے پوچھا۔مولانا آپ کواللہ نے چھپڑ پھاڑ کر بہت سی دولت دے دی ہے۔کیوں کہ آپ دو دفعہ انگلستان ہوآئے ہیں۔کہنے لگے انگلستان جانے پر کون سی دولت خرچ ہوتی ہے۔میں کہا آخر چند ہزار روپے تو خرچ ہو ہی جاتے ہیں۔کہنے لگے،میں تو چار سو روپے میں انگلستان چلا بھی جاتا ہوں اور واپس بھی آجاتا ہوں۔۔۔''[۱۲]

ڈاکٹرخلیق انجم نے حاشیے میں تحریر کیا ہے کی حسرت پر سب سے بہترین کتاب احمر لاری کی ہے۔انہوں نے حسرتؔ کے سفرلندن کا بالکل کوئی ذکر نہیں کیا ہے۔البتہ اسلم ہندی نے لکھا ہے کہ حسرت دو بار لندن گئے ہیں۔

حسرت موہانؔی کی شخصیت کے بارے میں خلیق انجم نے تحریر کیا ہے کہ وہ غیر معمولی اور بہت دلچسپ آدمی تھے۔بلا کے ذہین تھے۔انہوں نے ساری زندگی درویشانہ انداز میں بسر کی ہے۔دوسرے لفظوں میں ان کی زندگی کا بڑا حصہ غریبی اور مفلسی میں گذرا ہے۔یہ مفلسی اور غریبی حسرت ان کی مجبوری نہیں تھی۔بلکہ بخوشی حاصل کی ہوئی تھی۔ان کے سامنے دولت اورخوشی حاصل کرنے کے کئی راستے کھلے ہوئے تھے۔لیکن ہندوستان کی جنگ آزادی کے عظیم مقصد نے انہیں قناعت اور استغنا پیدا کی ہوئی تھی۔ساری زندگی اس میں ذرا بھی فرق رونما نہیں ہوا۔حسرتؔ ان خوش نصیب مجاہدین آزادی میں تھے۔جنہوں نے اپنی زندگی میں خورشید آزادی کوطلوع ہوتے دیکھا ہے۔ان کی شخصیت کی ایک خوبی ان کا آہنی عزم تھا۔وہ عقیدت کے بہت مضبوط تھے۔وہ ہندو مسلم اتحاد کے بہت بڑے حامی تھے۔وہ ہندو مذہب کا بہت احترام کرتے تھے۔حسرت موہانؔی کی شخصیت پر اظہار خیال کرتے ہوئے خلیق انجم نے نیاز فتح پوری کا ایک اقتباس نقل کرتے ہوئے لکھا ہے:

''مولانا حسرت موہانؔی اپنے کردار کے اعتبار سے مجھے ٹھوس پہاڑ کا ایک چلتا پھرتا ٹکڑا لگے تھے۔حسرت بڑی پختہ طبعیت کے انسان تھے۔''[۱۳]

حسرتؔ کے حلیے کے بارے میں خلیق انجم نے لکھا ہے کہ آغاز جوانی سے ہی ان کا حلیہ وضع اورلباس کچھ

ایسا نرالہ اور دلچسپ تھا۔ کہ کئی سانح نگاروں نے مزے لے لے کر ان کا حلیہ تحریر کیا ہے۔ اس وقت سے لے لے کر جب انہوں نے علی گڑھ میں داخلہ لیا تھا۔ ادیبوں نے مختلف زمانوں میں ان کا حلیہ تحریر کیا ہے۔ جس سے ہمیں پتا چلتا ہے کہ عمر کی مختلف منزلوں میں ان کا حلیہ کیسا رہا تھا۔ خلیق انجم کے مطابق سجاد حیدر یلدرم غالباً پہلے ادیب ہیں جنہوں نے حسرت کا حلیہ تحریر کیا ہے۔ حسرت کا حلیہ بیان کرتے ہوئے خلیق انجم نے سجاد حیدر یلدرم کا اقتباس نقل کیا ہے۔ جس میں وہ لکھتے ہیں:

''چھوٹا قد، لاغر بدن، گندمی رنگ پر چیچک کے ہٹے ہوئے داغ۔ عمر کا خیال کرتے ہوئے داڑھی کسی قدر نیچی، فراخ پیشانی اور چہرے کے مسکراہٹ قیامے کو ناگوار نہ ہونے دیتی تھی۔ اس پر کلا بتونی ٹوپی۔ پرانی وضع کے چارخانے کا انگرکھا۔ مشروع کا تنگ پاجامہ جس کے پائنچے ٹخنوں سے خالہ اماں یا دوسرے لفظوں میں سید فضل الحسن حسرت موہانی کی صورت چشم تصور کے سامنے پھرنے لگے گی۔ عموماً تیز چلتے تھے مگر جس طرح صاحب عصر جدید کے والد مرحوم آہستہ آہستہ خرام تھے مگر ضرورت کے وقت تیز بھی چل سکتے تھے۔ اسی طرح فضل الحسن آہستہ بھی چل سکتے تھے اور نوعِ حیوانات کی اس عام صف سے محروم نہ تھے۔''[۱۴]

حسرت کے حلیے کے سلسلے میں خلیق انجم نے سجاد حیدر یلدرم کے علاوہ مشتاق احمد زاہدی، عتیق صدیقی، ہارون خاں شیرانی، عبدالمجید سالک، خواجہ حسن نظامی، رشید احمد صدیقی اور پرویز آزاد کے اقتباسات نقل کیے ہیں۔ جن سے حسرت موہانی کے مختلف زمانوں کا حلیہ پوری طرح واضح ہو جاتا ہے۔

دنیا کے ہر انسان کی کوئی نہ کوئی خامی ضرور ہوتی ہے۔ حسرت موہانی کی کمزوری کے بارے میں خلیق انجم نے لکھا ہے کہ وہ آہنی عزم کے انسان تھے۔ ایک دفعہ جو فیصلہ کر لیا کرتے تھے۔ ہمیشہ اسی پر ڈٹے رہتے تھے۔ جیل کی سختیاں بھی ان کے قدم نہیں ڈگمگا سکیں۔ ان کا جسم اور دماغ لوہے کا تھا۔ لیکن ان کا دل شیشے کا تھا۔ ان کی سب سے بڑی کمزوری حسن تھا۔ بچپن سے لے کر بڑھاپے تک انسانی حسن ان کے دل و دماغ کو متاثر کرتا رہا۔ اس بارے میں خلیق انجم نے ڈاکٹر احمر لاری، نیاز فتح پوری، رابعہ بیگم اور ان کا کلام سے کئی مثالیں پیش کی ہیں۔ جن سے اس بات پوری وضاحت ہو جاتی ہے کہ حسرت موہانی کس قدر حسن کے شیدائی تھے۔ اس سلسلے میں احمر لاری کا ایک اقتباس ملاحظہ ہو:

''حسرت کے ننھیال کے پڑوس میں اصحاب حسن خاں نام کا ایک صاحب رہتے تھے۔ جن کی اہلیہ، جو خانم کے نام سے مشہور تھیں، بے حد حسین تھیں۔ حسرت کے خانم سے بڑی انسیت ہو گئی تھی اور وہ ان کے گھر جا کر گھنٹوں ان کو دیکھا کرتے اور ان سے محوِ گفتگو

رہتے۔‘‘ ۱۵

حسرتؔ کے مذہبی رجحانات بھی بڑی سلیقگی اور سنجیدگی سے تحریر کیا گیا ہے۔اس بارے میں خلیق انجم نے لکھا ہے کہ وہ سچے سکیولرازم کے حامی تھے۔ان کی سکیولرازم صرف زبان تک ہی محدود نہیں تھی۔ بلکہ وہ اس پر عامل بھی تھے،وہ صوفی صافی تو تھے ہی ساتھ ہی ساتھ زیارات واعراس کے شائق بھی تھے۔وہ متھرا سے بھی دلی لگاو رکھتے تھے اور بار بار وہاں جا کر اپنی عقیدت کا برملا اظہار بھی کیا کرتے تھے۔انہوں نے بارہ بار حج کی زیارت کا بھی شرف حاصل کیا ہے۔

خلیق انجم نے حسرت موہانؔی کی سیاسی زندگی کا تجزیہ بھی بڑی عمدگی کے ساتھ کیا ہے۔انہوں نے لکھا ہے کہ حسرتؔ کا المیہ یہ تھا۔ کہ وہ مصلحت اور صبر وتحمل سے کام نہیں لیتے تھے۔اگر ایک سیاسی پارٹی سے انہیں اختلاف ہوتا تو وہ دوسری پارٹی میں شریک ہوجاتے تھے۔لیکن اس سب کے باوجود وہ ہمارے ان سیاسی رہنماوؤں کی صف میں کھڑے ہیں۔جنہوں نے ملک کو آزاد کرانے کے لیے اپنا سب مال وجان قربان کر دیا تھا۔ان کی زندگی اور عمل نے ہزاروں ہندوستانیوں کی رہنمائی کا کام انجام دیا ہے۔لیکن ایک مشکل یہ تھی کہ وہ بہت ضدی مزاج آدمی تھے۔وہ شاید واحد شخص تھے جس کا جھگڑا اس عہد کے تمام صف اول کے رہنماوؤں سے رہا ہے۔انہوں نے گاندھی جی، پنڈت جواہر لال نہرو،مولانا ابالکلام آزاد اور محمد علی جناح غرض کہ سبھی سیاسی رہنماوؤں سے جھگڑے کیے اور پبلک جلسوں میں ان کی مخالفت کی ہے۔لیکن اس مخالفت کی بنیاد کسی بدنیتی پر نہیں ہوتی تھی۔یہ الگ بات ہے کہ حسرتؔ صحیح حالات کا اندازہ نہیں لگا پاتے تھے۔اگر وہ اندازہ لگا بھی لیتے تھے تو اس پر ان کے باغیانا جذبات حاوی ہوجاتے تھے۔

خلیق انجم کتاب’’حسرت موہانؔی‘‘ کا شاندار باب ان کی رفیقہ حیات نشاط النسا بیگم کی داستان زندگی ہے۔انہوں اس بات کی پوری وضاحت کی ہے۔کہ نشاط النسا بیگم پہلی مسلمان خاتون ہیں۔جو جنگ آزادی میں میں بڑی ہمت و بہادری سے شریک ہوئیں اور اس کے لیے انہوں نے پردے تک کو خیر باد کہہ دیا۔اہم ترین قومی پلیٹ فارموں سے اپنے شوہر کی تائید کی اور حکومت وقت سے ٹکر لی۔حسرتؔ بار بار جیل گئے۔جیل کے باہر کی زندگی بھی مصیبتوں سے لبریز تھی۔خلیق انجم نے تحریر کیا ہے کہ شوہر کے جیل جانے کے بعد انہوں نے حسرتؔ کے امور خانہ داری اور کاروبار کو بڑی کامیابی کے ساتھ نبھایا ہے۔اوران کے سیاسی کام وکاج کو بھی آگے بڑھاتی رہیں۔ملک کے عظیم رہنماوؤں سے رابطہ قائم رکھا۔ان کی زباان کبھی شکوہ وشکایت سے آشنا نہیں ہوئیں بلکہ بڑی دلداری سے

حسرتؔ کا دل بڑھاتی رہیں۔نشاط النسا بیگم کے متعلق یہ داستان خلیق انجم نے بڑی ہمدردی اور امور خانہ ایمانداری سے بیان کی ہے۔انہوں نے بڑی صفائی سے اس عظیم خاتوں کے کارناموں کو اجاگر کیا ہے۔نشاط النسا بیگم کی شخصیت اوران کے کردار پر خلیق انجم نے ان الفاظ میں اظہار خیال کیا ہے:

'اگر ہندوستان کی عظیم خواتین پر کتاب لکھی جائے تو بیگم حسرت موہانی کے ذکر کے بغیر وہ کتاب مکمل نہیں ہوسکتی'' ۱۶؎

خلیق انجم نے اپنی کتاب ''حسرت موہانی''میں حسرتؔ کی شاعری کا بھی بہتریں تجزیہ کیا ہے۔مختصر سوانح عمری کی تنگ دامانی تفصیلی تجزیے کی تو متحمل نہ تھی۔لیکن پھر بھی خلیق انجم نے تمام اہم نکات کو بڑی خوش سلیقگی اور نہایت عمدگی سے سمیٹنے کی سعی کی ہے۔خلیق انجم نے حسرت موہانی کی شاعری کی خصوصیات بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ انہوں نے فلسفے اور زندگی کی پیچیدگیوں کو موضوع نہیں بنایا ہے۔انہوں نے بلند خیالی اور معنی آفرینی سے دامن بچائے رکھا۔وہ زندگی بھر دار ورسن کی کڑی آزمائشوں سے گزرتے رہے،لیکن انہوں نے اپنی فکر، ذہن اور دل کی دنیا کو حسن وعشق کی رعنائیوں سے سجائے رکھا۔خلیق انجم نے لکھا ہے کہ حسرت موہانی فکر کے نہیں بلکہ سچے، کھرے اور معصوم جذبے کے شاعر ہیں۔انہوں نے جو کچھ محسوس کیا ہے۔اسے ایک خاص انداز میں ہمارے سامنے پیش کیا ہے۔

حسرت موہانی کی ادبی خدمات کا جائزہ لیتے ہوئے خلیق انجم نے تحریر کیا ہے کہ حسرت موہانی نے بہت کم عمر میں شعر گوئی کا آغاز کیا تھا۔اوران کا بیشتر کلام مجموعوں کی صورت میں منظر عام پر آچکا ہے۔لیکن قصیدوں اور نظموں پر مشتمل خاص تعداد میں ایسا کلام بھی تھا۔جسے انہوں نے دیوان کی صورت میں شائع کرنا پسند نہیں کیا۔حسرت موہانی کے مجموعے کلام اور دوسری تصانیف میں خلیق انجم نے گلدستۂ حسرت،انتخاب سخن دیوان حصہ اول،انتخاب حصہ دوم،نکات سخن (پانچ ابواب میں )انتخاب اردوئے معلیٰ،شرح دیوان غالب، مشاہدات زنداں اور ڈائری کا مفصل جائزہ پیش کیا ہے۔حسرت موہانی کی صحافت کے سفر کی روداد بیان کرتے ہوئے خلیق انجم نے تحریر کیا ہے کہ ہمارے پاس کوئی ایسے شواہد نہیں ہے۔جس سے اس بات کی تصدیق ہو سکے کہ حسرت موہانی ''اردوئے معلیٰ'' جاری کرنے سے پہلے سیاستِ میدان کی سرگرمیوں میں مائل ہوگئے تھے۔اور نہ ہی اس بات کے شواہد موجود ہیں کہ حسرت موہانی نے سیاسی اغراض ومقاصد کی خاطر ''اردوئے معلیٰ'' کو جاری کیا تھا۔اردوئے معلیٰ کا پہلا شمارہ جولائی 1903ء میں شائع ہوا تھا۔اور اکتوبر 1908ء پہلی بار بند کیا گیا تھا۔اکتوبر 1909ء سے

جون 1914ءتک اس کا دوسرا دور تھا۔اور فروری 1925ء سے مارچ 1942ءتک اس کا تیسرا اور آخری دور تھا۔

خلیق انجم نے اردوئے معلیٰ کے اغراض ومقاصد کے متعلق اردوئے معلیٰ کے پہلے شمارے کے آخری صفحے پر شائع ہونے والے حسبِ ذیل اغراض ومقاصد تحریر کیے ہیں۔

ا۔مضامین نظم ونثر ہر قسم کے ہوں گے۔یعنی سوانحی،تاریخی،علمی،فلسفی،اخلاقی،تمدنی،ادبی،تنقید اور متعلق بہ افسانہائے مختصر ومکمل۔

۲۔مضامین نہ حد سے زیادہ خشک ہوں گے نہ حد سے ہلکے اور ان کی ترتیب ایسی ہوگی جو ہر قسم کے مذاق کو گوارا ہو۔

۳۔حصۂ نظم صرف اس قسم کی نظمیں شائع کی جائیں گی،جن کے انداز بیان میں کوئی خصوصیت ہو۔ان نظموں کے متعلق طرز قدیم وجدید کی قید نہ ہوگی۔

۴۔نظم ونثر میں حتی الامکان صحت زبان کا سختی سے لحاظ رکھا جائے گا۔

۵۔مضامین منتخب شائع ہوں گے اور جو انتخاب میں نہ آئیں گے وہ بجنسہہ واپس کر دیے جائیں گے۔

تذکرۃ الشعرا کا ذکر کرتے ہوئے خلیق انجم نے لکھا ہے کہ جب جون 1913ء میں اردوئے معلیٰ بند کیا گیا۔تو جولائی 1914ء میں حسرت موہانی نے ''تذکرۃ الشعرا'' کے نام سے ایک نیا سہ ماہی رسالہ جاری کیا۔تذکرۃ الشعرا کے جو حصے شائع ہوئے ہیں۔ان کے متعلق خلیق انجم یوں لکھتے ہیں:

حصہ اول:۔جز واول ودوم 1914ء

جز وسوم اور چہارم اور پنجم 1915ء

حصہ دوم:۔جز واول 1916ء

بقول خلیق انجم (13 اپریل 1916ء کو حسرت گرفتار ہو گئے،اس وقت تک یہ جز وخریداروں تک نہیں پہنچا تھا۔رہائی کے بعد حسرت 1919ء میں پھر ''تذکرۃ الشعرا'' جاری کیا۔)

جز ودوم وسوم (حصہ دوم کا) جولائی اگست 1919ء۔یہ تذکرہ الشعرا کے آخری شمارے تھے۔کیوں کہ 1920ء میں حسرت کانپور منتقل ہو گئے اور وہاں سودیشی اسٹور قائم کیا۔خلیق انجم کا قیاس ہے کہ غالباً اسی وجہ سے حسرت ''تذکرۃ الشعرا'' کی اشاعت جاری نہ رکھ سکے۔

مستقل کے بارے میں خلیق انجم نے تحریر کیا ہے کہ 1928ء میں حسرت موہانی نے کانپور سے مستقل

نامی ایک روزنامچہ شائع کرنا شروع کیا۔اس روزنامچے کے جتنے بھی شمارے دستیاب ہوسکے ہیں۔ان کا محمد حامد علی نے ایک اچھاانتخاب مرتب کیا ہے۔جسے 1983ء میں اتر پردیش اردواکاڈمی نے شوئع کیا ہے۔

کتاب کے آخر میں خلیق انجم نے حسرت موہانی کی اکیس غزلوں کا انتخاب کیا ہے اور پھر کتابیات کی فہرست بیان کی ہے۔مختصراًاگر دیکھا جائے تو کہا جاسکتا ہے کہ خلیق انجم نے اس کتاب میں بہترین انداز میں حسرت موہانی اوران کی شریک حیات نشاط النسا بیگم کی شخصیت اور کردار کو پیش کیا ہے۔اس کے علاوہ انہوں نے جس خوبی اور سلیقہ مندی سے حسرت کی سیاسی سرگرمیوں،شاعرانہ خصوصیات،صحافتی زندگی اورادبی خدمات کی تفصیل کو پیش کیا ہے۔وہ بھی اپنی مثال آپ ہیں۔

## آصف علی اور ارونا آصف علی

ڈاکٹر خلیق انجم نے خود کو بحیثیت محقق،نقاد،مولف،مصنف اور کامیاب ترجمہ نگار ثابت کرنے کے بعد ''آصف علی اور ارونا آصف علی'' لکھ کر یہ ثابت کیا ہے کہ وہ جس میدان میں بھی قدم رکھتے تھے اپنا لوہا منوا کر ہی دم لیتے تھے۔کتاب ''آصف علی اور ارونا آصف علی''خلیق انجم کی ایک مشہور و معروف ایک سیاسی مرد وزن کی سوانح اور شخصیت نامہ ہے۔جو کہ ایک میاں بیوی کے پاک دامن رشتے کی روداد ہے۔دونوں میاں بیوی نہ صرف تعلیم یافتہ ہیں بلکہ بالغ نظر اور بلند پایہ کردار کے حامل بھی ہیں۔آصف علی ادیب،شاعر اور ترجمہ نگار عالم ہیں۔جب کہ ارونا آصف علی اعلی تعلیم یافتہ اور ترقی یافتہ ماحول کی تربیت یافتہ خاتون۔ارونا آصف علی عام عورتوں کے برعکس انقلابی توانائی کی حامل اپنی شخصیت اور شناخت خود بنانے کی اہلیت رکھتی ہیں۔یہ دونوں میاں بیوی جنگ آزادئ ہند کے عظیم ترین مجاہدین ہیں۔دونوں میاں بیوی کی حب الوطنی اور سیاسی سرگرمیوں کو آزادئ ہند گاندھی،نہرواور مولانا ابوالکلام آزاد جیسی عظیم شخصیتوں نے خوب سراہا ہے۔آصف علی ٹھنڈے دماغ کے سنجیدہ انسان ہیں۔آزادی کو عدم تشدد کے ذریعہ حاصل کرنے کے قائل ہیں۔انہوں نے آزادی ہند کی خاطر مولانا آزاد اور نہرو کے ساتھ قید وبند کی مصیبتیں جھیلی ہیں۔آصف علی گاندھی وادمزاج کے انسان تھے اور گاندھی جی سے ان کا بہت قریبی رشتہ رہا ہے۔ان کی شخصیت کے بارے میں خلیق انجم کتاب کے حرف آغاز میں لکھتے ہیں:

> ''آصف علی کا شمار ہمارے عظیم مجاہدین آزادی میں ہوتا ہے۔ہندوستان کی تحریک ازادی کی تاریخ میں مولانا ابوالکلام آزاد،گاندھی جی اور پنڈت نہرو کے بعد جن رہنماؤں کے نام

سامنے آتے ہیں، ان میں آصف علی ممتاز اور نمایاں ہیں۔ خلافت تحریک میں مولانا ابوالکلام آزاد، مولانا علی محمد جوہر اور آصف علی گاندھی جی کے دست راست تھے۔ گاندھی جی کو آصف علی کی ذات پر کس قدر اعتماد تھا، اس کا اندازہ اسی بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ ان کی تحریروں میں آصف علی کا نام بارہا بہت اچھے الفاظ میں آیا ہے۔ یہی نہیں آصف علی اور ارونا آصف علی کے نام گاندھی جی کے جو خطوط ہیں، ان کو پڑھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ گاندھی جی ان دونوں کو بہت عزیز رکھتے تھے۔''۱۷

آصف علی کے برعکس ارونا آصف علی حصول آزادی کے لیے عدم تشدد کو پسند نہیں کرتی ہے۔ بلکہ وہ سمجھوتے کے بجائے تشدد پر اتفاق کرتی ہے۔ انہوں نے برطانوی حکومت کا بڑی بے باکی اور ہمت کے ساتھ مقابلہ کیا ہے۔ ارونا آصف علی ہندوستان کی سیاسی تاریخ کا سب سے مختلف اور منفرد کردار ہے۔ جو گاندھی جی کے نقش قدم پر چلنے کے بجائے خود اپنا ایک الگ رستہ بناتی ہے۔ ارونا آصف علی کی کردار نگاری پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں:

''ارونا آصف علی ہندوستان کی عظیم خاتون مجاہدین آزادی تھیں۔ 1942ء میں روپوش ہو کر انہوں نے دنیا کی عظیم طاقت یعنی برطانوی حکومت کا جس ہمت اور بہادری سے مقابلہ کیا، وہ ہندوستان ہی نہیں پوری دنیا کی تاریخ کا اہم ترین حصہ ہے۔ اسی لیے ارونا کی سیاسی سرگرمیاں بھی تفصیل سے بیان کی گئی ہے۔''۱۸

اگر دیکھا جائے تو کہا جا سکتا ہے کہ اس کتاب کے ذریعے خلیق انجم نے ہندوستان کی سیاسی تاریخ کے دو بلند پایہ کرداروں کا تعارف کرا کے ہندوستانیوں میں احساس برتری کے جذبے کو ابھارنے کی سعی کی ہے۔ کتاب کے مطالعے کے بعد آصف علی اور ہندوستان چھوڑ دو تحریک کی ہیروئن ارونا آصف علی کے نام اور کردار دل و دماغ میں جگہ کر لیتے ہیں۔

کتاب کو خلیق انجم نے عنوانات کے لحاظ سے کئی حصوں میں تقسیم کیا ہے۔ پہلے حصے میں آصف علی کے سوانحی کوائف، باپ دادا، ان کے ننھیال، شجرۂ نسب اور والدین کی پوری تفصیل بیان کی گئی ہے۔ کتاب کے دوسرے حصے میں آصف علی کا نام، محمد علی جناح سے ان کی ملاقاتیں، آصف علی اور ارونا آصف علی کی سیرت و کردار کی مکمل تفصیل پیش کی گئی ہے۔ تیسرے حصے میں آصف علی کی سیاسی زندگی، خلافت تحریک پر سیر حاصل گفتگو کی گئی ہے۔ کتاب کے چوتھے حصے میں آصف علی بحیثیت ادیب اور شاعر کا مفصل جائزہ لیا گیا ہے۔ آخر میں اشاریہ دیا گیا ہے۔ آصف علی کے آبا و اجداد اور شجرۂ نسب کے بارے میں معلومات فراہم کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں:

''آصف علی کا تعلق ایک مشہور اور معزز خویشگی قبیلے کے پٹھان خاندان سے تھا۔ان کے آباو اجداد کسی زمانے میں افغانستان سے ہندوستان آئے تھے۔چوں کہ یہ لوگ اہل علم اور مختلف فنون کے ماہر تھے۔اس لیے شاہی دربار میں اعلا عہدوں پر فائز ہوئے۔آصف علی کے بھانجے اسد علی صاحب نے مجھے اپنے خاندان کا شجرۂ نسب دیا ہے جس کے مطابق اس خاندان کے جس پہلے فرد کا نام ہمیں معلوم ہوتا ہے، وہ نواب محمد مصطفیٰ خان تھے، جو مغل دربار میں وزیر اور طبیب کے عہدے پر فائز تھے۔ان کا دوسرا نام سردار محمد عبداللہ بھی تھا۔''

۱۹

آصف علی کے نانا کا تعارف کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں کہ نواب مصطفیٰ خان کے دو صاحب زادے تھے۔نواب محمد ارتضی خان اور نواب محمد مرتضی خان۔ارتضی خان آصف علی کے نانا تھے۔دونوں بھائیوں کو فنون لطیفہ سے والہانہ لگاؤ تھا، اور فن موسیقی سے بھی گہری وابستگی رکھتے تھے۔اعلی درجے کے ستار نواز اور خوش نویس تھے۔مغل بادشاہ ابوالنصر معین الدین محمد اکبر شاہ نے محمد مرتضی خان کو امین الدولہ ضیاً الملک محمد مرتضی خان فیروز جنگ اور محمد ارتضی خان کو معین الدولہ وزیر الملک محمد ارتضی خان بہادر مظفر جنگ کے خطابات سے نوازا تھا۔آصف علی کے نانا ارتضی خان کی شادی ذکی بیگم سے ہوئی تھی۔انہیں اپنی والدہ پیار سے بنی بیگم بلاتی تھیں۔اس لیے دوسرے لوگ بھی انہیں اسی نام سے بلاتے تھے۔آصف علی کے دادا کے بارے میں معلومات بہم پہنچاتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں:

''یقین سے نہیں کہا جا سکتا کہ آصف علی کے دادا کا پورا نام کیا تھا۔مختلف کتابوں میں یہ نام ''علی'' ملتا ہے۔خود آصف علی نے بھی ان کا نام علی لکھا ہے۔صرف ایک کتاب میں ان کا نام لطف علی خاں ملا ہے۔'' ۲۰

لطف علی خاں نے اپنے بارے میں لکھا ہے کہ وہ اودھ کے نواب وزیر منصور علی خاں صفدر جنگ کے خاندان سے تھے۔لیکن آصف علی اپنے دادا کے اس بیان کے بارے میں لکھتے ہیں کہ اس بیان کی تائید کسی اور ذریعے سے نہیں ہوتی ہے۔

آصف علی کی والدہ کے بارے میں خلیق انجم لکھتے ہیں کہ ان کا نام اکبری بیگم تھا۔والدین کی سب سے بڑی اولاد ہونے کے سبب ان کی پرورش بڑے لارڈ و پیار سے ہوئی ہے۔انہوں نے فارسی اور اردو کی اعلی تعلیم حاصل کی تھی۔انہیں موسیقی سے بھی رغبت تھی۔دہلی کے روزمرے اور محاورات پر انہیں جو قدرت حاصل تھی، وہ ان کی ہم عصر عورتوں میں بہت کم کو حاصل تھی۔اکبری بیگم بچپن سے ہی مذہبی ذہن رکھتی تھیں، اور انہیں اسلام اور اسلامی تاریخ کا بہت اچھا مطالعہ تھا۔بہت کم عمر میں قرآن شریف ختم کر لیا تھا اور پانچوں وقت کی نماز کی پابند تھیں۔اکبری

بیگم کے عادات واطوار، سیرت وکردار اور شادی کے بارے میں خلیق انجم لکھتے ہیں:

''اکبری بیگم بہت مہذب، شریف، نیک، ایماندار خاتون اور عبادت گزار تھیں۔ان کی عمر ابھی آٹھ سال تھی جب احسان علی سے ان کی منگنی ہوگئی۔ پانچ سال بعد جب ان کی عمر تیرہ سال اور احسان علی کی عمر سترہ سال تھی تو ان دونوں کی شادی ہوگئی۔''[۲۱]

آصف علی کے والد کا نام احسان علی تھا۔اپنے زمانے کے عام نوجوانوں کی طرح وہ بھی حسن کے شوقین تھے۔شادی کے بعد ان کے تعلقات مختلف عورتوں سے رہے ہیں۔انہوں نے ایگنس نامی ایک انگریز یا اینگلو انڈین خاتوں سے شادی کی تھی، جس کی وجہ سے ان کی پہلی اہلیہ اکبری بیگم ان سے ناراض ہوکر میکے چلی گئیں۔اسی دوران آصف علی کی ولادت ہوئی تھی۔آصف علی کی ولادت کے ڈیڑھ سال بعد احسان علی ڈبل نمونیا کی سخت بیماری سے اس فانی دنیا سے چل بسے۔

آصف علی کے بارے میں خلیق انجم لکھتے ہیں کہ ان کی ولادت 11 مئی 1888ء میں ہوئی۔دہلی کے مسلم گھرانوں کی روایت کے مطابق ابتدائی تعلیم گھر پر ہوئی۔حافظ نواب مرزا سے قرآن پڑھا اور بشمبر ناتھ سے انگریزی اور اردو سیکھی ہے۔گھر پر موسیقی اور شعر وشاعری سیکھ رہے تھے۔آٹھ سال کی عمر میں باقاعدہ تعلیم کے لیے اسکول میں داخل کیا گیا۔میٹرک کا امتحان پاس کرنے کے بعد والدہ کی خواہش تھی کہ انہیں مزید تعلیم کے لیے علی گڑھ میں داخل کریں۔لیکن آصف علی نے علی گڑھ چھوڑ کے سینٹ اسٹیفن کالج میں داخلہ لیا۔یہاں انہوں نے سائنس، فلسفہ، انگلش اور فارسی مضامین کا انتخاب کیا۔سینٹ اسٹیفن کالج سے فارغ ہوکر والد محترم احسان علی کے ایک دوست کی مالی امداد سے مزید تعلیم کے لیے انگلینڈ گئے۔آصف علی کے خدوخال، سیرت وکردار اور شخصیت کو بیان کرتے ہوئے خلیق انجم نے ہفت''روزہ منادی'' کے حوالے سے لکھا ہے:

''میانہ قد، کاسنی بدن، رس بھری آنکھیں، نمکین رنگ، نوجوان، داڑھی مونچھ صاف، آواز میں لطافت وشیرینی، دہلی کے ممتاز اور قدیمی شرفاٗ میں ہیں۔بیرسٹر ہیں، لیڈر ہیں۔ہندو مسلمانوں میں یکساں ہر دل عزیز ہیں کہ سب کے کام آتے ہیں۔''[۲۲]

ارونا آصف علی کی حیات، شخصیت، سیرت وکردار اور والدین کے بارے میں خلیق انجم لکھتے ہیں کہ ان کے والدین اوپیندر ناتھ گنگولی اور امبالیکا کا تعلق بنگال سے تھا۔ارونا اپنے والدین کی سب سے پہلی اولاد تھیں۔ان کی تعلیم لاہور کے کنوینٹ آف دی سیکریڈ ہارٹ میں ہوئی ہے۔یہاں انہیں ایک خاتون حضرت عیسیٰؑ کے مصائب کی داستان سنایا کرتی تھیں اور انہیں پڑھنے کے لیے بائبل سے متعلق کتابیں دیتی تھیں۔ارونا ان سے اس قدر متاثر

ہوئیں کہ انہوں نے رومن کیتھولک مذہب اختیار کرنے کا فیصلہ کرلیا۔لیکن جب انہوں نے اپنے والدین کو اپنے اس ارادے کے بارے میں بتایا تو انہوں نے ارونا کو اس اسکول سے نکال کر نینی تال کے ایک پروٹیسٹینٹ اسکول میں داخل کر دیا۔یہیں ارونا کی تعلیم مکمل ہوئیں۔ارونا آصف علی کا تعارف کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں:

''دبلی پتلی، نازک اندام، بوٹا سا قد، انتہائی خوب صورت اور تیکھے خدوخال، غیر معمولی ذہانت، خاندانی شرافت، خلوص اور ایمان داری کی روشنی سے چمکتی ہوئی آنکھیں، کھدر کی سفید ساڑی اور سفید بلاؤز میں ملبوس۔کم آمیز، کم گو، تصنع اور بناوٹ سے آزاد، سیکولرازم، جمہوریت، فرد کی آزادی اور امن عالم کی زبردست علم بردار، اپنے تاؤ اور رویے میں بہت مہذب اور بظاہر نرم لیکن اپنے عقیدوں، نظریوں اور ارادوں میں لوہے کی طرح مضبوط، ایثار اور قربانی کی زندہ مثال۔۔۔یہ تمام خصوصیات تھیں جنگ آزادی کی اس مجاہد خاتون کی، جس کا نام تھا ارونا آصف علی۔''۲۳

آصف علی اور ارونا آصف علی کی شادی کے بارے میں تفصیلات بیان کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں کہ دونوں کی پہلی ملاقات مسوری میں ہوئی تھی اور پہلی ہی ملاقات میں دونوں ایک دوسرے سے بہت متاثر ہوئے تھے۔ الہ آباد کی ملاقاتوں کے دوران دونوں نے ایک دوسرے سے شادی کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ارونا اپنے والدین کی رضا مندی سے آصف علی سے شادی کرنا چاہتی تھی۔لیکن جب انہوں نے اپنے والدین سے خط کے ذریعے اپنی شادی کی رضامندی چاہی تو انہیں ارونا کی یہ تجویز بہت ناگوار گزری۔اپنے اعتراضات کا سبب بیان کرتے ہوئے اوپیندناتھ نے کہا کہ اول تو آصف علی ارونا سے عمر میں بہت بڑے ہیں۔کیوں کہ دونوں کی عمر میں تقریباً بیس سال کا فرق تھا۔اور دوسری بات اس دوران زبردست فرقہ وارانہ کشیدگی تھی، اس لیے ہندو مسلم شادی خطرناک ثابت ہوسکتی تھی۔لیکن بالآخر والد کی وفات کے بعد تمام مشکلات اور رکاوٹوں کے باوجود ارونا نے اپنی والدہ کی رضامندی سے مذہب اسلام قبول کر کے آصف علی سے شادی کر لی۔ان کی شادی کے بارے میں خلیق انجم ''شیر دل ارونا آصف علی'' کے حوالے سے لکھتے ہیں:

''چوں کہ ارونا جی اس وقت بالغ نہیں تھیں۔اس لیے یہ بھی مشکل تھا کہ وہ سول میرج کرسکیں۔کیوں کہ اس حالت میں باپ کی رائے نہایت ضروری ہے۔پھر تو ان کے لیے ایک ہی راستہ باقی تھا، یعنی رواج کے مطابق شادی کرنا۔مسٹر آصف علی کو اس نوجوان حسینہ میں رفیقۂ حیات کی جھلک ملتی تھی اور ارونا نے بھی وہاں ایک نئی دنیا کا خواب دیکھا۔اس نے اسلام قبول کرلیا اور مشہور مولوی احمد سعید نے ان دونوں کی زندگیوں کو ایک گرہ سے

شادی کی زنجیروں سے باندھ دیا۔''۲۴

مجموعی طور پر کہا جا سکتا ہے کہ خلیق انجم نے زیر بحث کتاب میں آصف علی اور ارونا آصف علی کے سوانحی کوائف، سیاسی زندگی اور خلافت تحریک پر تفصیل سے روشنی ڈالی ہے۔اس کے علاوہ اس کتاب میں آصف علی کی شخصیت کے ایک ایسے پہلو کو بھی موضوع بنایا گیا ہے جس کا بہت کم لوگوں کو علم رہا ہوگا۔وہ یہ کہ آصف علی نے بہت شستہ اور عمدہ غزلیں اور نظمیں بھی کہی ہیں۔رباعیاں لکھی ہیں اور ترجمے بھی کیے ہیں۔خلیق انجم نے ''آصف علی بحیثیت ادیب وشاعر'' کے عنوان میں آصف علی کی غزل گوئی، نظم نگاری، رباعیاں اور ترجمہ نگاری پر شرح وسبط کے ساتھ جو روشنی ڈالی ہے وہ لائق تعریف ہے۔کتاب کے آخر میں خلیق انجم نے آصف علی کے خطوط کا انتخاب بھی کیا ہے۔جس میں سے مولانا ابوالکلام آزاد کے نام آصف علی کے دو خط، جواہر لال نہرو کے نام دو خط، محمد زماں کے نام دو خط، میر مشتاق احمد کے نام ایک خط، چودھری خلیق الزماں کے نام تین خط، خواجہ حسن نظامی کے نام ایک خط، ملا واحدی کے نام ایک خط، خواجہ غلام السیدین کے نام گیارہ خط اور قاضی عبدالغفار کے نام ایک خط شامل ہے۔اس طرح خلیق انجم نے نو مکتوب الیھم کے نام آصف علی کے چوبیس خطوط کا انتخاب کیا ہے۔علاوہ ازیں مہاتما گاندھی نے آصف علی کے نام دو خط انگریزی میں لکھتے تھے، اور ارونا آصف علی نے اسد علی کے نام ایک خط انگریزی میں تحریر کیا تھا۔خلیق انجم نے مذکورہ تینوں خطوط کا عکس بھی کتاب میں شامل کیا ہے۔ان کی یہ کتاب 1999ء میں انجمن ترقی اردو (ہند) کے زیر اہتمام شائع ہوئی ہے۔

## بیسویں صدی کی ممتاز شخصیت پروفیسر خواجہ احمد فاروقی

پروفیسر خواجہ احمد فاروقی کا شمار بیسویں صدی عیسوی کی ممتاز اور نامور شخصیتوں میں کیا جاتا ہے۔خواجہ احمد فاروقی اعلیٰ درجہ کے منظّم اور اردو تحریک کے ایک اہم علمبردار تھے۔وہ بیک وقت محقق، نقاد، مکتوب نگار اور ناول نگار تھے۔اردو زبان وادب کی تحقیق کے فروغ میں ان کی خدمات بہت اہمیت وافادیت کی حامل ہیں۔ان کی تصنیف ''میر تقی میر حیات اور اردو شاعری'' ایک معرکہ آموز مونوگراف ہے۔اس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ شیخ چاند کی تصنیف ''سودا'' کے بعد یہ اردو کا پہلا مونوگراف ہے۔زیر بحث کتاب میں پروفیسر خواجہ احمد فاروقی کے فن اور شخصیت پر کوئی خاص تحقیقی یا تنقیدی بحث نہیں کی گئی ہے۔بلکہ اس میں خواجہ احمد فاروقی کی شخصیت کا ایک طویل خاکہ

تحریر کیا گیا ہے۔البتہ کتاب کے آغاز میں خواجہ صاحب کی مختصر سوانح بیان کی گئی ہیں۔ساتھ ہی ساتھ ان کے ادبی کارناموں کے بارے میں بھی ضروری معلومات پہنچائی گئی ہے۔خلیق انجم کے الفاظ میں یہ خاکہ اسی انداز کا ہے۔ جس انداز کا فرحت اللہ بیگ نے ''نذیر احمد کی کہانی، کچھ ان کی کچھ میری زبانی'' کے نام سے اپنے استاد محترم یعنی ڈپٹی نذیر احمد کا خاکہ تحریر کیا ہے۔چوں کہ خلیق انجم نے اس میں خواجہ صاحب کے کچھ سوانح بھی تحریر کیے ہیں۔لہٰذا اگر اسے سوانحی خاکہ کہا جائے تو کچھ بے جا نہ ہوگا۔خلیق انجم نے تقریباً تیس پنتیس سال خواجہ احمد فاروقی کی صحبت میں گذارے ہیں۔لہٰذا انہیں خواجہ صاحب کی شخصیت کے ہر پہلو پر گہری نظر اور واقفیت رہی ہوگی۔چوں کہ انہوں نے حرف آغاز میں اس بات کی تصدیق کی ہے کہ انہوں نے جس انداز سے خواجہ احمد فاروقی کو دیکھا ہے۔اسے بغیر کسی مبالغہ آرائی کے بیان کیا گیا ہے۔

خلیق انجم نے کتاب ''بیسویں صدی کی ممتاز شخصیت پروفیسر خواجہ احمد فاروقی'' میں خواجہ صاحب کی شخصیت اور ادبی خدمات کا بھرپور احاطہ کیا ہے۔زیر نظر کتاب میں خواجہ صاحب کی حیات اور ادبی کارنامے اس انداز سے ابھر کر سامنے آتے ہیں کہ خواجہ صاحب کی جیتی جاگتی تصویر آنکھوں میں سما جاتی ہے۔اردو حلقوں میں اس کتاب کی بہت پذیرائی ہوئی ہے۔درحقیقت خلیق انجم کی یہ خوبی رہی ہے کہ وہ جس کسی بھی موضوع پر کام کرنے کے خواہش مند تھے۔وہ پہلے اس کے تمام گوشوں پر گہری واقفیت حاصل کر لیتے تھے۔

کتاب کا پیش لفظ پروفیسر امیر عارفی نے تحریر کیا ہے۔جس میں انہوں نے پروفیسر خواجہ احمد فاروقی اور خلیق انجم کی علمی و ادبی خدمات اور اردو دوستی پر مختصر مگر نہایت اہم معلومات فراہم کی ہے۔حرف آغاز میں خلیق انجم نے پروفیسر خواجہ احمد فاروقی کی ہمہ جہت شخصیت پر گفتگو کرتے ہوئے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ یہ کتاب خواجہ صاحب کے فن اور شخصیت پر کوئی تحقیقی یا تنقیدی مقالہ نہیں بلکہ خواجہ صاحب کی شخصیت کا ایک طویل خاکہ ہے۔

کتاب کے آغاز میں خلیق انجم نے چھ صفحات پر مشتمل ''مختصر سوانح'' کے عنوان سے خواجہ صاحب ہی کی کتاب ''عمر رائیگان'' کے حوالے سے خواجہ صاحب کی سوانح بیان کی ہے۔اس میں انہوں نے خواجہ صاحب کے آبا و اجداد، وطن، بہن بھائی اور تعلیم و تربیت پر گفتگو کی ہے۔خلیق انجم نے خواجہ صاحب کی مختصر سوانح بیان کرتے ہوئے ان کی ولادت 30 اکتوبر 1917ء بمقام بچھرایوں ضلع مراد آباد اور ان کے بزرگوں کا وطن اعظم پور بتایا ہے۔خواجہ صاحب کے والد کا نام مولوی حسن احمد لکھا ہے۔جو کہ مولوی اسد اللہ کے صاحب زادے تھے۔خواجہ صاحب کے دو بھائی حسین احمد اور حسنین احمد کم عمری میں ہی اللہ کو پیارے ہو چکے تھے۔ان کی ایک بہن رضیہ صاحبہ تھیں جن کا عقد

پروفیسر خلیق احمد سے ہو چکا تھا۔

پروفیسر خواجہ احمد فاروقی کے بچپن اور تعلیم وتربیت پر اظہار خیال کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں۔ کہ ان کے مطابق خواجہ صاحب کی پرورش بڑے لارڈ پیار سے ہوئی ہے۔ بچپن میں انہیں بچھڑایوں کے مدرسہ میں داخل کردیا گیا۔ مدرسہ میں استاد محترم قاری غلام صاحب نے ڈانٹ کھلائی تو خواجہ صاحب نے مدرسہ جانے سے صاف انکار کردیا۔ اس کے بعد تقریباً دس سال کی عمر میں انہیں ہردوئی کے گورنمنٹ ہائی اسکول میں پانچویں جماعت میں داخل کیا گیا۔ 1932ء میں میٹرک کا امتحان پاس کرنے کے بعد میرٹھ کالج میں داخلہ لیا۔ یہاں سے انٹر کا امتحان پاس کرنے کے بعد یہیں بی۔ اے انگریزی میں داخلہ لیا۔لیکن نہ جانے کیوں پہلے سال کا امتحان پاس کرنے کے بعد تعلیم ترک کردی۔ پھر کچھ عرصہ گذر جانے کے بعد فارسی میں ایم۔اے کیا اور پھر اردو میں بھی ایم۔اے کیا۔ 1953ء میں ''مکتوبات اردو کی تاریخ اور ادبی ارتقا'' کے موضوع پر اردو میں پی،ایچ،ڈی کی ڈگری حاصل کرلی۔

ملازمتیں کے عنوان میں خواجہ صاحب کی ملازمتوں کی تفصیل بیان کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں۔ کہ خواجہ صاحب نے اپنی ملازمتوں کی تفصیل کے بارے میں کہیں کچھ نہیں کہا ہے۔ البتہ ان کی تحریروں میں کہیں کہیں کچھ اشارے ضرور مل جاتے ہیں۔ جن سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ گوالیار کے وکٹوریہ کالج، کانپور کے حلیم کالج اور بریلی کے کسی کالج میں اردو کے استاد رہ چکے ہیں۔ اس کے علاوہ خلیق انجم کے بقول وہ اندر پرستھ گرلز کالج میں فارسی کے لکچرر اور علی گڑھ مسلم یونی ورسٹی میں کمسٹری کے استاد بھی رہ چکے ہیں۔ مزید انہوں نے گوالیار کے ہوم منسٹر شنتھو جی راؤ کے سکریٹری کی حیثیت سے بھی کام کیا ہے۔ علاوہ ازیں خواجہ صاحب دہلی کالج میں لکچرر کی حیثیت سے اور دلی یونی ورسٹی کے شعبۂ اردو کے صدر بھی رہ چکے ہیں۔ دلی یونی ورسٹی کے شعبۂ اردو کے تئیں خواجہ صاحب کی بے لوث خدمات پر اظہار خیال کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں:

> ''انہوں نے اپنی انتھک کوششوں سے بہت کم عرصے میں شعبۂ اردو کو وہ عزت اور وقار بخشا، جس کو بہت سی دوسری یونی ورسٹیوں کے اردو کے شعبۂ تو کیا دوسرے علوم کے شعبے بھی رشک کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔ اس حقیقت سے کوئی انکار نہیں کرسکتا کہ دہلی یونی ورسٹی کے شعبۂ اردو کی ریس میں دوڑتے دوڑتے بہت سی دوسری یونی ورسٹیوں کے اردو شعبوں کا سانس پھول گیا تھا۔ یہ خواجہ صاحب ہی کی کوششوں کا نتیجہ تھا کہ دہلی یونی ورسٹی کے شعبۂ اردو اور اس کی پیروی میں ہندوستان کی بہت سی یونی ورسٹیوں میں ادبی تحقیق اور علمی کاموں کی روایت کا آغاز ہوا۔''[۲۵]

آٹھ صفحات پر مشتمل ''خواجہ صاحب بحیثیت محقق، نقاد اور ادیب'' کے مضمون میں خلیق انجم نے خواجہ صاحب کی تمام تصنیفات اور مضامین کا احاطہ کرتے ہوئے ان کی خصوصیات مختصراً بیان کی ہے۔

مضمون ''خاکہ نگاری اور مکتوب نگاری'' میں خلیق انجم نے پروفیسر خواجہ احمد فاروقی کی خاکہ نگاری اور ان کی مکتوب نگاری پر گفتگو کی ہے۔خواجہ صاحب کی خاکہ نگاری اور مکتوب نگاری پر اظہار خیال کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں۔کہ خواجہ صاحب تحقیق اور تنقید کے مرد میدان ہیں۔اس باوجود انہوں نے خاصی تعداد میں خاکے تحریر کیے ہیں۔ان کے خطوط کو مکتوب نگاری کی تاریخ میں ممتاز مقام حاصل ہے۔بقول خلیق انجم تحقیق ہو یا تنقید، خاکہ نگاری ہو یا مکتوب نگاری ہر میدان میں خواجہ صاحب کی نثر میں جو تازگی ،توانائی ، برجستگی، شگفتگی ،سادگی اور پرکاری ہے وہ بہت کم ادیبوں کو نصیب ہوئی ہے۔اپنی نثر میں یہ خوبصورتی اور دل کشی پیدا کرنے کے لیے انہوں نے بچپن ہی سے ایسے ادیبوں کا گہرا مطالعہ کیا تھا۔جو صاحب طرز تھے۔

مختصراً کہا جا سکتا ہے کہ خلیق انجم نے اپنے استاد محترم پروفیسر خواجہ احمد فاروقی پر یہ کتاب لکھ کر کے جس انداز سے ان کی شخصیت اور علمی و ادبی کارناموں کو اجاگر کیا ہے۔اس سے معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے اپنی شاگردی کا حق کر دیا ہے۔ مذکورہ تصانیف کے علاوہ خلیق انجم کی کتاب غالبؔ اور شاہانِ تیموریہ اور غالبؔ کے خطوط میں بھی غالبؔ کے بارے میں بعض سوانحی کوائف دیکھنے کو ملتے ہیں۔ان کی تفصیل مقالے کے باب دوم ''خلیق انجم بحیثیت محقق'' کے عنوان میں پیش کی گئی ہے۔

## حوالہ جات


۱۔خلیق انجم،محی الدین قادری زورؔ،ص۶

۲۔ایضاً،ص۹

۳۔خلیق انجم،اختر انصاری شخص اور شاعر،ص۷،۸

۴۔خلیق انجم،حسرت موہانی،ص۱۰

۵۔عبدالشکور،حسرتؔ موہانی،ص۵

۶۔خلیق انجم،حسرت موہانی،ص۱۳

۷۔حسرت موہانی،بحوالہ حسرت موہانی از خلیق انجم،ص۱۶

۸۔خلیق انجم،حسرت موہانی،ص۱۷

۹۔رابعیہ بیگم،حسرتؔ کی خانگی زندگی،(اردو ادب حسرتؔ نمبر)ص،۹۸

۱۰۔خلیق انجم،حسرت موہانی،ص۲۷

۱۱۔رابعیہ بیگم،حسرتؔ کی خانگی زندگی،(اردو ادب حسرتؔ نمبر)ص،۹۸

۱۲۔عبدالمجید سالک،بحوالہ حسرت موہانی از خلیق انجم،ص۴۰،۴۱

۱۳۔خلیق انجم،حسرت موہانی،ص۴۹

۱۴۔ایضاً،ص۹۰،۹۱

۱۵۔ایضاً،ص۹۸

۱۶۔ایضاً،ص۱۰۴

۱۷۔خلیق انجم،آصف علی اور ارونا آصف علی،ص۹

۱۸۔ایضاً،ص۱۱

۱۹۔ایضاً،ص۱۳،۱۴

۲۰۔ایضاً،ص۲۱

۲۱۔ایضاً،ص۲۳

۲۲۔ایضاً،ص۵۷،۵۸

۲۳۔ایضاً،ص۶۳

۲۴۔ایضاً،ص۶۹

۲۵۔خلیق انجم،بیسویں صدی کی ممتاز شخصیت خواجہ احمد فاروقی،ص۳۱

# باب چہارم: خلیق انجم بحیثیت نقاد

# خلیق انجم بحیثیت نقاد

اردو کے ممتاز محقق ، ماہر غالبیات ، نقاد اور انجمن ترقی اردو ( ہند ) کے جنرل سکریٹری خلیق انجم اپنے زمانے کی ایک فعال شخصیت تھے۔انہوں نے مرزا مظہر جان جاناں کے فارسی خطوط کا اردو ترجمہ کیا۔غالبؔ کی نادرو نایاب تحریروں کو جمع کیا۔مرزا محمد رفیع سوداؔ پر ایک تفصیلی مقالہ کتابی شکل میں پیش کیا۔ یہ کتاب اردو تحقیق وتنقید کی قابل تقلید مثال ہے۔''متنی تنقید'' جیسی ایک اہم کتاب لکھ کر متنی تنقید کے ناقدین میں اپنی ایک الگ شناخت قائم کر لی ۔اس کتاب کو تحقیقی معیار عطا کر کے انہوں نے متنی تنقیدی بصیرت کا ایک نیا باب کھول دیا۔اپنے موضوع پر اردو میں یہ پہلی کتاب ہے۔اس کتاب کی اشاعت سے قبل اردو میں متنی تنقید پر کوئی باقاعدہ کتاب نظر نہیں آتی ہے۔البتہ گنے چنے مضامین ضرور ملتے ہیں۔ان کا ایک اہم کارنامہ خطوط غالبؔ کی ترتیب اور اس کا مقدمہ ہے۔اگر خلیق انجم ان خطوط کی ترتیب اور مقدمے کے علاوہ اور کوئی علمی کام نہیں کرتے تب بھی ماہرین غالبیات میں اپنی ایک الگ شناخت اور خاص مقام رکھتے۔کیوں کہ ان مکاتیب کے حوالے سے خلیق انجم کو غالبؔ پر اعلیٰ درجے کی تحقیق کرنے والوں میں شمار کیا جاتا ہے۔اس کتاب میں خلیق انجم نے تقریباً غالبؔ کے تمام گوشوں پر تنقیدی مہارت کے ساتھ اپنے ناقدانہ خیالات کا اظہار کیا ہے۔یوں تو خلیق انجم نے تنقید پر کوئی باضابطہ کتاب نہیں لکھی ہے۔لیکن راقم نے ان کی بعض کتابوں بالخصوص خطوط غالبؔ کا مقدمہ، غالبؔ اور شاہان تیموریہ، مرزا محمد رفیع سوداؔ، حسرت موہانیؔ اور بیسویں صدی کی ممتاز شخصیت خواجہ احمد فاروقی وغیرہ میں ان کے تنقیدی نظریات کے نقوش کی نشان دہی کی ہے۔خطوط غالبؔ کے مقدمہ میں خلیق انجم نے خطوط غالبؔ کے مختلف اڈیشنوں اور خصوصیات خطوط غالبؔ پر اپنی تنقیدی بصیرت کا بہترین اظہار کیا ہے۔ غالبؔ اور شاہان تیموریہ میں انہوں نے غالبؔ کی شخصیت ، قلعہ اور انگریزوں سے ان کے تعلقات، خطوط رجب علی بیگ سرورؔ، خطوط غلام غوث بے خبرؔ، خطوط بیگمات واجد علی شاہؔ، دستنبو، 1857ء اور مرزا غالبؔ وغیرہ کا تنقیدی جائزہ لیا ہے۔کتاب ''مرزا محمد رفیع سوداؔ'' میں انہوں نے سوداؔ پر بہترین تحقیق کرتے ہوئے کلام سوداؔ کی مختلف اصناف سخن کی خصوصیات پر اپنے تنقیدی نظریات کا عمدہ اظہار بھی کیا ہے۔ ''حسرت موہانیؔ'' میں انہوں نے جہاں حسرتؔ کے بارے میں عمدہ تحقیقی جائزہ پیش کیا ہے۔ وہیں دوسری طرف

انہوں نے حسرتؔ کی غزل گوئی، سیاسی زندگی اور بعض دوسرے پہلوؤں کا تجزیاتی جائزہ لیتے ہوئے اپنی تنقیدی آرائیں پیش کی ہیں۔ کتاب ''بیسویں صدی کی ممتاز شخصیت خواجہ احمد فاروقی'' میں انہوں نے خواجہ صاحب کی تحقیق ،تنقید، مکتوب نگاری اور خاکہ نگاری پر تنقیدی رائے دیتے ہوئے اپنی تنقیدی بصیرت کا عمدہ کارنامہ انجام دیا ہے۔ وہ کسی تنقیدی دبستان سے منسلک نہیں تھے۔ البتہ ان کے ہاں نظریاتی تنقید کی نفیس اور اعلی درجہ کی مثالیں موجود ہیں۔ اس لیے کہا جا سکتا ہے کہ خلیق انجم نے نہ صرف تحقیق کے میدان میں کارہائے نمایاں انجام دیے ہیں۔ بلکہ اردو تنقید کے میدان میں بھی بطور ناقد اپنی ایک الگ شناخت قائم کی ہے۔

غالبؔ کی داستان حیات یوں تو بڑی سادہ ہے۔ لیکن حقیقت میں اس میں رنگا رنگی ہے، جس کا ایک ہلکا سا عکس ان کی شاعری میں نظر آتا ہے۔ مگر اس کی پوری جھلک ہمیں ان کے خطوط میں دیکھنے کو ملتی ہے۔ غالبؔ اردو شعرا اور انشا پردازوں میں ایک جاندار اور بھرپور شخصیت کے مالک تھے۔ انہوں نے اعلیٰ پایہ کی شاعری بھی کی اور خطوط کے جواہر ریزے بھی پیش کیے۔ ان کی زندگی میں جو رکھ رکھاؤ، حسن سلیقہ اور نفاست ہے۔ وہی رکھ رکھاؤ، حسن سلقہ اور نفاست ان کے خطوط میں بھی موجود ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی شاعری جس قدر رنگین اور حسین ہے اتنی ہی سادہ اور بے تکلف ان کی نثر بھی ہے۔ ان کے خطوط ان کی شخصیت کے آئینہ بھی ہیں اور ان کی زندگی کا خزینہ بھی۔ اردو نثر کی تاریخ میں ان کے یہ خطوط سنگ میل کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ان خطوط میں غالبؔ کے عہد کی پوری سیاسی' سماجی' معاشی اور تاریخی حالات کی جھلکیاں موجود ہیں اور پھر غالبؔ کے مخصوص طرز ادا سے ان خطوط میں متنوع قسم کی رنگا رنگی اور چاشنی کی کیفیت پیدا ہو گئی ہے۔ اس لیے غالبؔ کے خطوط ایک خاص طرح کی دلچسپی اور لطف کے حامل نظر آتے ہیں۔ ان خطوط کی یہ بنیادی اور سب سے اہم خصوصیت ہے کہ ان میں بے پناہ خلوص اور بے اندازہ صداقت ہے۔ وہ ایک ایسے انسان کے قلم سے نکلے ہوئے معلوم ہوتے ہیں، جو کسی بات کو چھپا نہیں سکتا تھا۔ جس میں مبالغہ آرائی کا کوئی دخل نہیں۔ تکلف جسے چھو بھی نہیں گیا تھا۔ تصنع سے جس کو کوئی دلچسپی نہیں تھی۔ یہی سبب ہے کہ ان خطوط میں ایک مانوس فضا ملتی ہے۔ ایک دلکش ماحول نظر آتا ہے اور ان خطوط میں غالبؔ نے جس خوبصورت انداز سے اپنی باتوں کا اظہار کیا ہے وہ کسی نہ کسی نسبت سے ہمیں اپنی باتیں معلوم ہوتی ہے۔

جہاں تک غالبؔ کے خطوط کی اشاعت اور تحقیق و تدوین کا تعلق ہے۔ تو اس سلسلے میں اب تک اردو کے کئی نامور محققین اور ناقدین نے گراں قدر خدمات انجام دیے ہیں۔ یوں تو خطوط غالبؔ کی اہمیت و افادیت کے پیش نظر ان کی ترتیب و اشاعت کا سلسلہ ان کی حیات میں ہی شروع ہو گیا تھا۔ ''عود ہندی'' ان کی زندگی اور ''اردو

ئے معلیٰ'' ان کی وفات کے فوراً بعد شائع ہوئی۔لیکن غالبؔ کے خطوط کے عملی وتنقیدی ایڈیشن کا کام بیسویں صدی کی چوتھی دہائی سے پہلے شروع نہ ہوسکا۔مرزا اسداللہ خاں غالبؔ کے خطوط کے دو بنیادی اور اہم مجموعے''عود ہندی ''1868ءاور''اردوئے معلیٰ''1869ء میں یعنی انیسویں صدی کے نصف آخر میں منظر عام پر آ گئے تھے۔لیکن یہ مجموعے تحقیق وتدوین کے جدید اصول وضوابط کے مطابق مرتب نہیں کیے گئے ہیں۔ بلکہ ان میں عمومی انداز میں خطوط کو مرتب کیا گیا ہے۔اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ اس وقت تک اردو میں تحقیق وتدوین کے اصول متعین نہیں ہوئے تھے۔اس کے علاوہ ان مجموعوں کے مرتبین کی غرض وغایت صرف غالبؔ کے خطوط کو کتابی شکل میں شائع کرنا تھا۔''عود ہندی''اور''اردوئے معلیٰ'' کے بعد جو ایڈیشن چھپتے رہے ان میں بھی کوئی خاص جدت دیکھنے کو نہیں ملتی ہے۔البتہ 1937ء میں اردو کے مشہور ومعروف محقق مولانا امتیاز علی خاں عرشی نے''مکاتیب غالب'' کی از سر نو تدوین وترتیب کر کے ایک مثالی اور عمدہ کارنامہ انجام دیا ہے۔عود ہندی''اور''اردوئے معلیٰ''میں غالبؔ کے مختلف احباب اور شاگردوں کے نام خطوط شامل تھے۔اس کے برعکس''مکاتیب غالب''میں صرف ان خطوط کو شامل کیا گیا ہے جو نواباں رامپور یوسف علی خاں ناظمؔ اور ان کے صاحبزادے نواب کلب علی خاں کے نام تحریر کیے گئے ہیں۔ نیز وابستگان دربار کو بھی غالبؔ نے کچھ خطوط لکھے تھے۔مثلاً زین العابدین عرف کلن میاں، خلیفہ احمد علی اور مولوی محمد حسن وغیرہ جیسے حضرات کے نام خطوط بھی امتیاز علی خاں عرشی نے''مکاتیب غالب''میں شامل کیے ہیں۔عرشی کے مکاتیب غالبؔ کے تنقیدی اڈیشن کی خصوصیات کو بیان کرتے ہوئے خلیق انجم اپنی ناقدانہ رائے کا اظہار کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

> ''مولانا عرشی نے ان خطوط کا تنقیدی اڈیشن انتہائی سائنٹفک انداز میں اور غیر معمولی احتیاط سے تیار کیا ہے۔ پورے متن میں مشکل ہی سے کوئی غلطی نکلے گی۔ خطوط پر بڑی محنت اور عالمانہ انداز سے حواشی لکھے گئے ہیں۔ کسی بھی خط میں شاید ہی کوئی ایسا واقعہ ہو، جو تشریح طلب ہو، اور عرشی صاحب نے اس پر حواشی نہ لکھا ہو۔ میں یہ بات پورے وثوق اور پوری ذمہ داری کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ مکاتیب غالبؔ سے پہلے کسی اردو متن کا ایسے سائنٹفک انداز میں تنقیدی اڈیشن تیار نہیں ہوا بلکہ اس کے بعد بھی جہاں تک میرا مطالعہ ہے، ایسا تنقیدی اڈیشن تیار نہیں ہوا، جسے''مکاتیب غالبؔ'' کے مقابلے میں رکھا جا سکے''[1]

جب کوئی ناقد کسی فن پارے کو تنقید کی کسوٹی پر پرکھتا ہے تو اس کے لیے ضروری ہے کہ وہ اس فن پارے کے حسن وقبح پر فنی اصول وضوابط کی روشنی میں اپنی رائے کا اظہار کرے۔ چناں چہ مذکورہ عبارت میں خلیق انجم نے

''مکاتیب غالبؔ'' کی خصوصیات پر اپنی رائے کا اظہار اسی انداز میں کیا ہے۔اس لیے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ خلیق انجم کو تنقید کے اصول وضوابط سے پوری آگہی ہے۔ان میں ادب کو پرکھنے، اس میں برے بھلے یا صحیح غلط کی تمیز کرنے کی صلاحیت بدرجہ اتم موجود تھی ۔اس لیے یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ خلیق انجم نہ صرف ایک اچھے محقق بلکہ ایک بہترین نقاد بھی ہیں۔

امتیاز علی خان عرشی سے قبل مہیش پرشادؔ اور غلام رسول مہرؔ نے خطوط غالبؔ کے سلسلے میں گراں بار خدمات انجام دیئے ہیں۔ غالبؔ کے تمام خطوط کو یکجا کرنے کا بیڑا سب سے پہلے مولوی مہیش پرشادؔ نے اٹھایا تھا۔''خطوط غالبؔ''، مرتبہ مہیش پرشادؔ کے تنقیدی اڈیشن کی خاصیت اور انفرادیت پر تنقیدی رائے دیتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں:

> ''غالبؔ کے خطوط کو یکجا کرکے ان کا تنقیدی اڈیشن تیار کرنے کا خیال پہلی بار مولوی مہیش پرشاد کو آیا۔انہوں نے ہر ممکن ذریعے سے غالبؔ کے خطوط جمع کیے۔۔۔مولانا عرشی کے'' مکاتیب غالبؔ'' کے بعد غالبؔ کے خطوط کا یہ پہلا مجموعہ تھا، جس کی ترتیب اور طباعت میں اتنا اہتمام کیا گیا'' ۲؎

کسی بھی متن کا تنقیدی اڈیشن تیار کرنے کے دوران ایک اہم مرحلہ املا کا ہوتا ہے۔اردو کے بعض ناقدین کا کہنا ہے کہ متن کی املا وہی ہونی چاہیئے ، جو کہ مصنف کی تھی اور بعض کا کہنا ہے کہ قدیم املا کو جدید املا میں لکھا جانا چاہیئے۔مہیش پرشادؔ نے اپنی مرتبہ'' خطوط غالبؔ'' میں ایسا نہیں کیا ہے۔متنی تنقید کا ایک اہم ترین اصول یہ ہے کہ ایک محقق، ادیب، مولف یا نقاد جب کسی متن کا تنقیدی اڈیشن تیار کرے تو اسے چاہیئے کہ متن کی ترتیب کے لیے جو بھی اصول اپنائے ۔شروع تا آخر تک انہی کی پابندی کرے۔لیکن مولوی مہیش پرشادؔ نے ایسا نہیں کیا ہے۔ایسا معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے جب بھی کسی قرأت کا مسلہ اٹھایا ہے تو انہوں نے اسی قرأت کی بنیاد پر فیصلہ کیا ہے، نہ کہ کسی سوچے سمجھے اصول کی بنیاد پر۔انہوں نے بے شمار قرأتیں بدلی ہیں لیکن اکثر و بیشتر اس کی اطلاع نہیں دی ہے۔جس سے قارئین کو یہ تاثر ہوتا ہے کہ غالبؔ کے اصل خط یا پہلے اڈیشن میں یہی قرأت ہوگی۔ حالاں کہ ایسا بالکل بھی نہیں ہے ۔ایسے بہت کم مقامات ہیں جہاں انہوں نے قیاسی تصحیح کی نشان دہی کی ہے۔مولوی مہیش پرشادؔ نے خطوط غالبؔ کا تنقیدی اڈیشن تیار کرنے میں کئی طریقے استعمال کئے ہیں۔مختلف طریقے اپنانے کی وجہ سے'' خطوط غالبؔ'' کے متن کی املا ایسی ہوگئی ہے جو نہ جدید ہے اور نہ ہی غالبؔ کی ہے۔مولوی مہیش پرشادؔ کے مرتبہ'' خطوط غالبؔ'' میں ان تمام کوتاہیوں کے باوجود خلیق انجم ان کے کام کو سراہتے ہوئے اپنی ناقدانہ رائے کا انکشاف کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

> ''تمام کوتاہیوں کے باوجود ہمیں یہ اعتراف کرنا چاہئے کہ مولوی صاحب نے پہلی بار غالبؔ

کے خطوط کو تاریخ وار ترتیب دیا تھا۔ انہوں نے خطوں کے تنقیدی اڈیشن کی تیاری میں جس محنت اور دیدہ ریزہ سے کام لیا، وہ قابل قدر ہے اگر مرحوم متنی تنقید کے اہم اصولوں کی پابندی کرتے اور متن کی درستی کا خاص خیال کرتے تو یہ کام بہت معیاری ہوتا۔'' ۳۲

ایک ناقد کا کام کسی فن پارے کی قدر و قیمت متعین کرنا ہوتا ہے۔ اس کی خوبیوں اور خامیوں دونوں کو اجاگر کرنا نہ کہ محض تنقیص کرنا۔ مذکورہ عبارت میں خلیق انجم نے جس انداز سے مولوی مہیش پرشاد کی مرتبہ ''خطوط غالبؔ'' کی کوتاہیوں کی نشان دہی کرتے ہوئے اس کی خوبیوں کا اعتراف کیا ہے۔ اسے صاف واضح ہوجاتا ہے کہ انہیں نہ صرف تحقیق بلکہ تنقید کی بھی اچھی پرکھ تھی۔ اس لیے کہا جاسکتا ہے کہ خلیق انجم ایک بہترین محقق ہونے کے ساتھ ساتھ ایک قابل احترام نقاد بھی تھے۔

مولوی غلام رسول مہرؔ نے بھی دو جلدوں میں خطوط غالب کو یکجا کر کے 1951ء میں پہلی بار کتاب منزل لاہور سے شائع کیا ہے۔ اس کے اب تک کئی ایڈیشن چھپ چکے ہیں۔ پہلی طباعت کی جلد اول کی ابتدا ایک صفحہ پر مشتمل ''تعارف'' سے ہوتی ہے۔ تعارف میں مولوی غلام رسول مہرؔ نے اپنے کام کی نوعیت پر روشنی ڈالی ہے۔ اس کے بعد انھوں نے تقریباً 48 صفحات پر مشتمل ایک بسیط مقدمہ رقم کیا ہے۔ اس مقدمہ کے چار بنیادی موضوع ہے۔ سوانح غالبؔ، تصانیف غالبؔ، غالبؔ کے خطوط کے مختلف مجموعے اور انشائے غالبؔ ہیں۔ مقدمہ میں غلام رسول مہرؔ نے غالبؔ کی حالاتِ زندگی مختصراً بیان کی ہے۔ تصانیف غالبؔ کے عنوان میں انھوں نے مرزا غالبؔ کی چھوٹی بڑی قریباً اکیس کتابوں کی مختصر تفصیل بیان کی ہے۔ مقدمہ کے تیسرے حصے میں غلام رسول مہرؔ نے غالبؔ کی اردو نثر کے متعلق بحث کرتے ہوئے اپنے مرتبہ ''خطوط غالبؔ'' کے بارے میں بعض اہم باتیں قلم بند کی ہیں۔ اس کے بعد انھوں نے خطوط غالبؔ کے تین مجموعوں یعنی ''خطوط غالبؔ'' مرتبہ مولوی مہیش پرشاد، ''عود ہندی'' اور ''اردوئے معلیٰ'' کا ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد مہرؔ نے خطوط غالبؔ کے تین انتخابات ''نادر خطوط غالبؔ''، مکاتیب غالبؔ'' اور ''نادرات غالبؔ'' کی تفصیل بیان کی ہے۔ مقدمہ کے اس حصے میں انھوں نے اردو خطوط نویسی کی ابتدا کے متعلق اور غالبؔ کی نثر پر مفصل گفتگو کی ہے۔ مقدمہ کے آخری حصے یعنی ''انشائے غالبؔ'' میں غلام رسول مہرؔ نے خطوط غالبؔ کی خصوصیت اور انفرادیت پر سیر حاصل گفتگو کی ہے۔ مقدمہ کے بعد انھوں نے پانچ صفحات پر مشتمل ''خاندان لوہارو'' کے باب میں اس خاندان کے حالات کو بیان کیا ہے۔ اس باب میں غلام رسول مہرؔ نے یہ بتانے کی سعی کی ہے کہ خاندان لوہارو سے تعلق رکھنے والے غالبؔ کے احباب اور تلامذہ میں کس کے نام پیش نظر خطوط کے

مجموعے میں کتنے خطوط شامل ہیں۔ ''خطوط غالبؔ'' از غلام رسول مہرؔ میں خطوط کی مجموعی تعداد 642 اور مکتوب الیہم کی کل تعداد 70 ہے۔ مذکورہ خصوصیات کی بنا پر اگر دیکھا جائے تو غلام رسول مہرؔ کا کارنامہ قابل سراہنا ہے۔ لیکن اس مجموعے کی ترتیب وطباعت کے دوران غلام رسول مہرؔ نے نہ جانے کیوں متنی تنقید کے اصول وضوابط کی ٹھیک سے تقلید نہیں کی ہے۔ کیوں اس مجموعے میں غلام رسول مہرؔ سے کئی غلطیاں ہوئیں ہیں۔ جن پر اپنی ناقدانہ رائے کا اظہار کرتے ہوئے ڈاکٹر خلیق انجم لکھتے ہیں:

> ''مولانا ایک جہد عالم تھے۔ لیکن نہ جانے کیوں غالبؔ کے خطوط کی ترتیب میں انھوں نے بہت لاپرواہی بلکہ غیر ذمہ داری کا ثبوت دیا۔ مولانا نے متنی تنقید کے کسی اصول کی پابندی نہیں کی ہے۔ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ انہوں نے ''خطوط غالبؔ'' کے عام نسخے لے کر کاتب کو دے دیے اور کتابت پڑھنے کا کام دوسروں سے لیا۔ میں پوری ذمہ داری سے کہہ سکتا ہوں کہ آج تک غالبؔ کے خطوط کا کوئی مجموعہ اتنا غلط نہیں چھپا۔''[۴۲]

چوں کہ تنقید کا مقصد کھرے اور کھوٹے کی تمیز کرنا ہے۔ لہذا مذکورہ عبارت میں خلیق انجم نے جس خوبصورتی سے مولانا غلام رسول مہرؔ کے مجموعے کا تنقیدی جائزہ لیا ہے۔ وہ قابل تقلید ہے۔ اس لیے یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ خلیق انجم جہاں ایک بہترین محقق کا ذہن رکھتے تھے۔ وہیں دوسری طرف ان میں ایک بہترین اور عمدہ ناقد ہونے کی صلاحیت بھی بہ درجہ اتم موجود تھی۔

غالبؔ کی اردو نثر اس اعتبار سے بڑی اہمیت کی حامل ہے کہ یہ نثر ان خطوط پر مشتمل ہے، جو غالبؔ نے وقتاً فوقتاً اپنے مختلف احباب کو لکھے۔ اعلیٰ درجے کے خطوط کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے۔ کہ وہ خواہ کتنے ہی نجی کیوں نہ ہوں۔ موضوع کے اعتبار سے خواہ کتنے ہی محدود کیوں نہ ہوں۔ ان میں مکتوب نگار کے قلم نے ایسی گل افشانیاں کی ہوں کہ مکتوب نگار کی داستان ہر پڑھنے والے کی داستان بن گئی ہو۔ لیکن جو خصوصیات کسی فن پارے کو ادب عالیہ میں جگہ دیتی ہیں۔ ٹھیک وہی خصوصیات اعلیٰ مکاتیب کے لیے بھی لازمی ہے۔ یعنی ہر دور کے لوگوں کے ذوق کی تشفی کا سامان ان میں موجود ہو۔ ادبِ عالیہ زماں ومکاں کی قید وبند سے آزاد ہو کر ہر دور کے انسان کا تعلق اپنے تخلیقی دور سے قائم کرتا ہے۔ خطوں کی اہمیت وافادیت صرف ان کے موضوعات ہی کی وجہ سے نہیں ہوتی بلکہ ان کے اسلوب کی بھی اہمیت اور وقعت ہوتی ہے۔ جہاں تک غالبؔ کے خطوط کا تعلق ہے تو ان میں غالبؔ کی زندگی کا ہر پہلو اور ان کے مزاج کی ہر خصوصیت نمایاں ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بعض خصوصیات ان خطوط میں بھی دیکھنے کو ملتی ہے جو نجی ضرور تھے۔ لیکن جن کو لکھتے وقت یہ خیال ان کے پیش نظر تھا کہ یہ چھپیں گے ضرور۔ یہ خطوط

مختلف موضوعات پر مشتمل ہے ۔ان خطوط میں ان کی شخصیت کے متعلق تقریباً ہر خاص و عام بات موجود ہے ۔ان خطوط میں غالبؔ کے متعلق ان کی پیدائش سے لے کر ان کی موت تک کے واقعات کا ذکر بڑی تفصیل سے ملتا ہے ۔ بچپن کے حالات ،تعلیم و تربیت ، شادی اور اس کے اثرات ، احباب اور متعلقین ، دلی اور دلی کے حالات ، مالی دشواریاں اور پریشانیاں ،پینشن کی تفصیل ، غدر کا ذکر وغیرہ جیسے تمام موضوعات پر ان خطوط سے روشنی پڑتی ہے ۔ غالبؔ نے ان خطوط میں نہ صرف ان موضوعات کی تفصیل بیان کی ہے بلکہ انھوں نے ان سب پر روشنی ڈالتے ہوئے اپنے ذہنی رجحان اور افتادِ طبع کو بھی ملحوض رکھا ہے ۔ ہر ایک چیز پر وہ ایک صائب رائے رکھتے ہیں اور اسی کا اظہار ان خطوط سے ہوتا ہے ۔اردو کے تقریباً تمام مشہور و معروف محققین اور ناقدین نے خطوط غالبؔ کی ان خصوصیات کا اظہار کیا ہے ۔محمد طفیل خطوط غالبؔ کی ادبی اہمیت و افادیت کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ مرزا غالبؔ کے خطوط مختلف اور متضاد خصوصیات کی بنا پر اردو ادب میں ممتاز درجہ رکھتے ہیں ۔ان خطوط سے نہ صرف ان کی اپنی زندگی بلکہ اس دور کے بہت سے حادثات و واقعات کا علم ہو جاتا ہے ۔سادگی وصفائی اور شگفتگی و پرکاری کا جو حسن ان خطوط میں پایا جاتا ہے ۔اس میں کشمیر کی وادیوں کا سا حسن و جمال پایا جاتا ہے ۔خصوصیات خطوط غالبؔ کی انہی خوبیوں کے بارے میں خلیق انجم اپنی ناقدانہ رائے کا اظہار کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

> ''خطوں کی اہمیت صرف ان کے موضوعات ہی کی وجہ سے نہیں ہوتی بلکہ ان کے اسلوب کی بھی اہمیت ہے ۔ رجب علی بیگ سرورؔ اور غلام غوث بے خبرؔ کے خطوط میں بھی تنوعِ مضامین ہے ۔ان میں بھی اپنے عہد کی تصویریں ملتی ہیں ۔لیکن یہی تصویریں سرورؔ اور بے خبرؔ کے مکاتیب میں مدھم اور غیر دلکش ہیں ۔ غالب کے ہاں جیتی جاگتی اور دل آویز نظر آتی ہیں ۔ وجہ یہ کہ غالبؔ کے کمال فن نے ان میں زندگی ڈالی ہے ۔خطوط غالبؔ کی زبان اور اسلوب نہ صرف اردو کے اعلیٰ ترین مکتوباتی ادب کا نمونہ ہے بلکہ پوری اردو نثر کا قابل فخر سرمایہ ہیں ۔اسی لیے ممکن نہیں کہ اردو نثر کی کوئی تاریخ لکھی جائے اور اس میں خطوط غالبؔ کا ذکر نہ ہو۔
> ''۵

خلیق انجم نے مذکورہ عبارت میں خطوط غالبؔ کی خصوصیات کا تذکرہ جس طرز میں کیا ہے ۔اسے ان کے تنقیدی شعور کی مکمل عکاسی ہو جاتی ہے ۔

ہر زبان کے لیے لازمی ہے کہ اس کی املا کے قاعدے منضبط ہوں اور ان قاعدوں کی بنیاد صحیح اصول پر ہو۔ اگر کسی زبان کے قاعدے متعین نہ ہوں تو اس زبان کی یکرنگی اور یکسائی کو سخت نقصان پہنچنے کا اندیشہ ممکن ہوتا ہے ۔

جہاں تک اردو کی املا کا تعلق ہے تو اسے اس وقت اسی قسم کے خطرے لاحق ہیں ۔ چاہے وہ عربی ہو یا فارسی یا پھر انگریزی ہر شائستہ زبان میں جو قاعدے مقرر ہیں، ہر لکھنے والا ان کی پوری پوری تقلید کرتا ہے۔اس کے برعکس اردو والے اپنے تئیں خود کو ہر قسم کی قید و بند سے آزاد سمجھتے ہیں۔املا کی خرابی یا بے ضابطگی کی صورتیں جب کسی ترقی یافتہ قوم کو پیش آئیں تو اس قوم کے زبان دانوں نے فوراً اس خرابی کی اصلاح کی ۔ترقی یافتہ قومیں اس صارفینی دور میں بھی اپنی زبان کے لفظوں کی لکھاوٹ میں ضروری ترامیم اور مناسب اصلاح میں مشغول رہتی ہیں۔اگر دیکھا جائے تو عام طور پر اصلاح کی صورت اس لیے پیش آتی ہے کہ ایک لکھنے والا اپنی رائے کو دخل دے کر ایک غلط راہ اختیار کر لیتا ہے اور دوسرے بغیر کوئی تحقیق کیے اس غلطی کی پیروی کرتے ہیں۔اس طرح جہاں کہیں بھی کسی غلطی کی تکرار ہوئی، وہ کتابوں اور اخباروں میں راہ پا گئیں۔ایسے میں عام عوام کے لیے یہ بڑی سند ثابت ہو جاتی ہے کہ فلاں کتاب میں یا فلاں اخبار میں اس لفظ کو یوں تحریر کیا گیا ہے۔لیکن اسے ستم ظریفی کہیے یا کچھ اور، ایسے لوگوں کی تعداد بہت کم ہوتی ہے جو لفظ کے صحت اور اصول پر نظر رکھتے ہیں۔جبکہ مقلدوں کا ایک بڑا حلقہ ہوتا ہے۔جب ایسا ہو تو اہل تحقیق پر یہ ذمہ داری عائد ہو جاتی ہے کہ وہ اصلاح کریں۔ایسی خرابیوں کی روک تھام صرف اور صرف اسی صورت میں ممکن ہے کہ علمی انجمنیں اپنے فرض کا احساس کر کے نہ صرف قاعدے بنائیں بلکہ جہاں تک ممکن ہو سکے انہیں عمل میں لانے کی سعی بھی کریں۔

املا کے مسائل کو مدِ نظر رکھتے ہوئے جب ہم غالبؔ کے خطوط کا مطالعہ کرتے ہیں تو ہمیں معلوم ہو جاتا ہے کہ غالبؔ نے اپنے خطوط میں جہاں مسائل زبان اردو کے بارے میں اشارے کیے ہیں۔وہیں بعض مقامات پر املا کے بارے میں بھی بحث کی ہے۔خطوط غالبؔ کے مطالعے سے یہ بھی واضح ہو جاتا ہے کہ غالبؔ قواعد زبان، تلفظ اور املا کا بطور خاص خیال رکھتے تھے ساتھ ہی اپنے احباب اور شاگردوں کی توجہ بھی اس طرف مبذول کراتے تھے۔ انہوں اپنے بعض شاگردوں کے نام جو خطوط تحریر کیے ہیں۔ان میں املا کے بارے میں بعض ضروری ہدایتیں دی گئی ہیں۔جنہیں پڑھ کر اس بات کا اندازہ بخوبی لگایا جا سکتا ہے کہ غالبؔ کی یہ حتی المقدور کوششیں رہتی تھیں کہ ان کے شاگرد صحیح املا لکھیں۔

غالبؔ کے آخری عہد میں اردو املا میں کئی اہم بنیادی تبدیلیاں رونما ہوئیں ۔ جیسے معکوسی اور ہکاری علامتوں میں باقاعدگی پیدا کی گئی۔انہی کے زمانے میں امیر مینائیؔ نے اپنی کتابوں میں املا کا ایسا اہتمام کیا ہے جن پر نظر ڈالتے ہی اندازہ ہو جاتا ہے کہ اردو املا کی معیاری کوشش کی جا رہی ہے۔غالبؔ نے اپنی اردو تحریروں میں پرانی

املا بھی استعمال کی ہے اور نئی املا بھی۔ ان کی اردو تحریروں میں وہ تبدیلیاں دکھائی دیتی ہیں جو اس عہد کی املا میں ہو رہی تھیں۔ غالبؔ نے اپنے اردو خطوط میں املا کے بارے میں جو ہدایتیں دی ہیں۔ ان کو تنقید کی کسوٹی پر پرکھتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں:

> ''غالبؔ کے خطوط میں اردو املا کے بارے میں ہدایتیں پڑھ کر یہ تاثر پیدا ہوتا ہے کہ غالبؔ اردو املا پر بہت توجہ دیتے تھے، لیکن دلچسپ بات یہ ہے کہ غالبؔ اس سلسلے میں خاصے غیر محتاط تھے۔''[6]

مذکورہ اقتباس میں خلیق انجم نے جس بے باکی سے اس بات کی پوری وضاحت کی ہے کہ اگرچہ غالبؔ نے اپنے خطوط میں اردو املا کے بارے میں بہت ہدایتیں دی ہیں۔ لیکن ان ہدایتوں کی انہوں نے خود کبھی مسلسل پابندی نہیں کی ہے۔ چناں چہ خطوط غالبؔ کے مطالعے سے اس حقیقت کا انکشاف بھی ہو جاتا ہے۔ لہذا درج بالا عبارت میں جہاں ہمیں غالبؔ کے شاگردوں کو ان کی دی ہوئی ہدایتوں اور ان پر غالبؔ کی عمل آوری سے واقفیت حاصل ہو جاتی ہیں۔ وہیں دوسری طرف ہمیں اس بات کا علم بھی ہو جاتا ہے کہ خلیق انجم اپنی تنقیدی رائے کا اظہار اعتدال اور نڈر ہو کر کیا کرتے تھے جو کہ ایک اچھے ناقد ہونے کی پہچان ہے۔

خطوط غالبؔ کی انفرادی خصوصیت یہ بھی ہے کہ ان میں غالبؔ اپنے مخصوص طرز تحریر سے بالکل بے نظیر نظر آتے ہیں۔ انہوں نے قدیم روایت کا خیال نہ کرتے ہوئے مقصدیت کی طرف زیادہ رجوع کیا ہے۔ ان کے انداز کا انوکھا اور نرالا پن ہی اردو مکتوب نگاری میں اپنی مثل آپ ہیں۔ اپنے طرز تحریر پر اظہار خیال کرتے ہوئے غالبؔ لکھتے ہیں:

> ''میرا طریقہ یہ ہے کہ جب خط لکھنے کے لیے قلم و کاغذ اٹھاتا ہوں تو مکتوب الیہ کو کسی ایسے لفظ سے جو اس کی حالت کے موافق ہوتا ہے پکارتا ہوں۔۔۔ اور اس کے بعد ہی مطلب شروع کر دیتا ہوں۔ القاب و آداب کا پرانا طریقہ شکر و شکوہ، شادی و غم کے قدیم رویہ کو میں نے بالکل اٹھا دیا ہے۔''[7]

غالبؔ کے مذکورہ بیان پر اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں کہ اردو کے بعض ناقدین نے غالبؔ کے بیان سے یہ نتیجہ اخز کیا ہے کہ انہوں نے القاب و آداب کو بالکل ترک کر دیا تھا۔ جب کہ ایسا نہیں ہے۔ انہوں نے ایسے کئی خطوط تحریر کیے ہیں، جن میں انہوں نے القاب و آداب کو ملحوض رکھا ہے۔ مثال کے طور پر میری جان، صاحبِ برخوردار، بھائی جاں، راحت جاں، من وعن وغیرہ۔ غالبؔ بڑے طویل اور تصنع سے بھر پور القاب

سے عظیم شخصیتوں کو مخاطب ہوتے تھے۔مثال کے طور پر سبحان اللہ تعالی شانہ ما اعظم برہانہ، جناب مستطاب نواب میر غلام بابا خاں بہادر وغیرہ۔خطوط غالبؔ میں استعمال کیے گئے القاب و آداب پر اپنی رائے دیتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں:

''ہمارے بعض ناقدوں نے غالبؔ کے بیان سے یہ نتیجہ نکال لیا ہے کہ غالبؔ نے خطوط میں القاب و آداب لکھنا ترک کر دیا تھا۔خطوط غالبؔ کے مطالعے سے یہ بات غلط ثابت ہوتی ہے۔۔۔وہ مخاطب کی حیثیت کے مطابق چھوٹا سا القاب لکھ کر، مطلب کی بات بیان کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ایسے خطوط کی تعداد بہت کم ہے جن میں القاب نہیں لکھے گئے ہیں۔''۸؎

دوسری جگہ لکھتے ہیں:

''اردو خطوط نویسی کو غالبؔ کی دین یہ نہیں ہے کہ انہوں نے القاب و آداب لکھنے بند کر دیے بلکہ ان کی دین یہ ہے کہ ایک تو القاب کو مختصر کیا اور دوسرے القاب کو مکتوب الیہ سے اپنی ذہنی رشتے کے اظہار کا ذریعہ بنایا جس کی وجہ سے القاب میں تصنع اور تکلف کے بجائے ایک فطری انداز پیدا ہو گیا۔''۹؎

اوپر اس بات کا ذکر کیا جا چکا ہے کہ غالبؔ کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ انہوں اپنے خطوط میں القاب و آداب کو بالکل ترک کر دیا تھا، جب کہ ایسا نہیں ہے۔انہیں القاب کو موقع ومحل کی مناسبت سے استعمال کرنا خوب آتا تھا۔جس کا ذکر خلیق انجم نے مذکورہ اقتباسات میں بہترین انداز میں کیا ہے۔خلیق انجم کی مذکورہ عبارت میں جہاں ہمیں اس بات کی آگہی ہو جاتی ہے کہ غالبؔ نے اپنے خطوط میں القاب و آداب کو متروک نہیں بلکہ مختصر کر دیا ہے۔وہیں ہمیں خلیق انجم کے بہترین ناقد ہونے کی واقفیت بھی ہو جاتی ہے۔

خطوط غالبؔ میں استعمال کی گئی مقفی نثر اور اس مقفی نثر سے ان خطوط کی بڑتی چاشنی پر خلیق انجم اپنی ناقدانہ رائے دیتے ہوئے لکھتے ہیں:

''غالبؔ مقفی عبارت لکھتے ہوئے بھی پورا خیال رکھتے ہیں کہ اصل مقصد فوت نہ ہو جائے، اس لیے ان کی اکثر مقفی عبارتیں ایسی ہیں کہ کچھ فقرے مقفی ہیں اور کچھ غیر مقفی۔اس طرح عبارت بھی خوبصورت ہو گئی اور مفہوم الفاظ کی نذر بھی نہیں ہوا۔''۱۰؎

دوسری جگہ لکھتے ہیں:

''غالبؔ عام طور سے سادہ نثر لکھتے۔دو فقروں کو مقفی کر دیتے ہیں۔یہ فقرے شعوری کوشش

سے نہیں بلکہ بے ساختہ اور برجستہ قلم سے نکل جاتے ہیں، اسی لیے ان فقروں سے عبارت زیادہ با معنی اور زیادہ موثر ہو جاتی ہے۔''[11]

مذکورہ عبارت سے اس بات کی پوری وضاحت ہو جاتی ہے کہ جب کوئی نثر نگار خوبصورت لفظوں، ترکیبوں، محاوروں، تشبیہوں اور استعارات کا استعمال کر کے اپنی نثر کو رنگین اور دلکش بنانے کی سعی کرتا ہے۔ یا پھر اسے مقفی اور مسجع کر کے اس میں شعریت پیدا کرنا چاہتا ہے۔ تو ایسی صورت میں عام طور پر عبارت کا مفہوم الفاظ کے انبار میں گم ہو جاتا ہے۔ لیکن غالبؔ اس معاملے میں بہت محتاط تھے۔ انہیں چوں کہ نظم اور نثر دونوں پر عبور حاصل تھا۔ اس لیے وہ اپنے ذہن کی بھاگ دوڑ کبھی الفاظ کے ہاتھ میں نہیں دیتے۔ ساتھ ہی جس برجستگی اور بے ساختگی کے ساتھ خطوط غالبؔ میں یہ مقفی عبارتیں استعمال کی گئی ہیں۔ اسے غالبؔ کی نثر کے حسن میں مزید اضافہ اور اظہار میں مزید زور پیدا ہوتا ہے۔ لہذا یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ خلیق انجم نے جس فن کارانہ انداز سے غالبؔ کی مقفی نثر کی خصوصیات کو بیان کیا ہے، اسے ان کے تنقیدی ذوق کی مکمل عکاسی ہو جاتی ہے۔

غالبؔ کو اپنی اردو خطوط نویسی پر بڑا ناز تھا۔ انہیں اپنی اہمیت کا بخوبی علم تھا۔ اور جس طرز تحریر کے وہ موجد تھے۔ اس کا اعتراف انہوں نے خود اپنے خطوط میں کیا ہے۔ انہیں اس بات پر غرور نہیں بلکہ ناز تھا کہ انہوں نے ایک نیا انداز تحریر ایجاد کیا ہے۔ ان کے خطوط اردو مکتوب نگاری کی تاریخ میں ایک اہم مقام و مرتبہ رکھتے ہیں۔ ان کے یہ خطوط اردو ادب کا ایک بڑا سرمایا ہے۔ ان کی اردو مکتوب نگاری کے آغاز کے بارے میں اردو کے محققین و ناقدین نے متعدد آرائیں پیش کی ہیں۔ بعض نے 1847.48ء اور بعض نے 1850ء کو غالبؔ کی اردو مکتوب نگاری کی تاریخ متعین کیا ہے۔ جب کہ بعض محققین و ناقدین نے اردو مکتوب نگاری کی تاریخ کا سہرا ہی ان کے سر باندھا ہے۔ لیکن خلیق انجم اس بات سے اتفاق نہیں رکھتے۔ اس موضوع پر پچھلے باب میں بحث کی گئی ہیں۔ لیکن وہاں خلیق انجم کو بحیثیت محقق بیان کرنے کی سعی کی گئی ہے۔ یہاں انہیں بحیثیت نقاد پیش کرنا مقصود ہے۔ نہ ہی خلیق انجم کو غالبؔ کا اردو مکتوب نگاری کا باوا آدم ہونا منظور ہے، اور نہ ہی غالبؔ کا جدید اردو نثر کا موجد ہونا انہیں قبول ہے۔ لیکن ان خطوط کی اہمیت و افادیت کا اعتراف کرتے ہوئے غالبؔ کے خطوط کو خوب سراہاتے ہیں۔ غالبؔ نے کس وجہ سے اردو میں مکتوب نگاری شروع کی۔ جب کہ انہیں اپنی فارسی دانی پر بڑا ناز تھا۔ فارسی کے مقابلے میں وہ اپنے اردو کے سرمائے کو کم تر تصور کرتے تھے۔ اس سوال کا جواب غالبؔ خود اپنے ایک خط میں لکھتے ہیں:

''زبان فارسی میں خطوں کا لکھنا پہلے سے متروک ہے۔ پیرانہ سری اور ضعف کے صدموں

سے محنت پژدہی اور جگر کاوی کی قوت مجھ میں نہیں رہی۔'' ۱۲؎

اس کے علاوہ غالبؔ کو چوں کہ 1850ء تاریخ نویسی کی خدمت پر مامور کیا گیا تھا۔اس وقت غالبؔ مہر نیم روز اور فارسی تاریخ لکھنے میں مشغول تھے۔فارسی خطوط نویسی کے لیے وقت کا ہونا لازم تھا۔جب کہ اردو مکتوب نگاری کو فارسی کے برعکس زیادہ ممکن الحصول سمجھا جاتا تھا۔دوسری اہم وجہ یہ بھی ہوسکتی ہے کہ ان کی زندگی کے آخری دور میں فارسی خطوط نویسی کا چلن تقریباً اپنی انتہا کو پہنچ چکا تھا۔غالباً یہی وجہ ہے کہ انہیں یہ بے وقت کی راگنی معلوم ہونے لگی تھی اور انہوں نے اردو میں خط وکتابت کی ابتدا کی۔

غالبؔ ایک انقلابی ذہن وفکر کے دلدادہ تھے۔انہوں نے مراسلت کے تمام قاعدوں کو توڑ کر اپنے دل کی بات اس انداز سے اپنے مکتوبات میں بیان کردی۔گویا دو آدمی آپس میں بات چیت کررہے ہوں۔اس کے بارے میں انہوں نے خود لکھا ہے کہ محمد شاہی روش انہیں پسند نہیں ہے۔ان کے اکثر خطوط میں سادگی،سلاست اور روانی موجود ہے۔ان کے خطوط کی ایک نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ ان میں مکالماتی انداز اختیار کیا گیا ہے۔ان میں غالبؔ نے بہت خوبصورتی سے اپنی بات کو مکالماتی انداز میں بیان کیا ہے۔خطوط غالبؔ کی ان خوبیوں اور اردو مکتوب نگاری کی تاریخ میں ان خطوط کی اہمیت وافادیت پر اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں:

> ''تو کیا اردو نثر اور اردو مکتوب مکتوب نگاری میں غالبؔ کی کوئی اہمیت نہیں؟ جی نہیں، ایسا نہیں ہے۔یہ ٹھیک ہے کہ غالبؔ اردو مکتوب نگاری کے موجد ہیں اور نہ اردو مکتوب نگاری کے باوا آدم۔لیکن غالبؔ کے خطوط اردو مکتوب نگاری کا بیش قیمت سرمایہ ہیں۔کیوں کہ غالبؔ کے جدت پسند ذہن نے اس فن کو نیا آب ورنگ دیا ہے۔غالبؔ نے خود بھی کبھی دعویٰ نہیں کیا ہے کہ آسان، صاف، صادہ اور تکلف وتصنع سے پاک زبان میں اردو مکتوب نگاری کا انہوں نے آغاز کیا ہے۔ہاں غالبؔ نے بارہا یہ دعویٰ کیا ہے کہ انہوں نے مراسلے کو مکالمہ اور خط کو ملاقات کا بدل بنا دیا ہے۔اور ان یہ دعویٰ سو فی صدی درست ہے۔'' ۱۳؎

مذکورہ عبارت میں خلیق انجم نے جس استدلال سے خطوط غالبؔ کی خصوصیات اور اردو مکتوب نگاری کی تاریخ میں ان کی اہمیت وافادیت پر اپنی رائے کا انکشاف کیا ہے۔اسے صاف واضح ہوجاتا ہے کہ خلیق انجم بہترین تنقیدی شعور کے مالک تھے۔

تشبیہ اور استعارے شاعری کے علاوہ نثر میں بھی کام آتے ہیں لیکن نثر کے مقابلے شاعری سے ان دونوں کا گہرا تعلق ہے۔شاعر اور انشا پرداز توضیح کلام اور تشریح معانی کے لیے ان کا استعمال کرتے ہیں۔بیان کی توضیح کے

لیے دو مماثل چیزوں کو یکجا کر کے ان کے موازنے سے معنویت میں اضافہ کرنے کی سعی کی جاتی ہے۔ چناں چہ اچھی تشبیہ کی ایجاد کے لیے ذہین ہونا لازمی ہے۔ خطوط غالبؔ میں تشبیہات کی بڑی تعداد ہے۔ انہوں نے اپنی اردو نثر میں استعاروں کا بھی برجستہ استعمال کیا ہے۔ استعارے کی مدد سے غالبؔ پورا واقع اور اس کے بارے میں اپنی ذہنی اور جذباتی کیفیت بیان کر دیتے ہیں۔ استعاروں کے استعمال سے ان کی نثر میں اختصار پیدا ہو گیا ہے اور ساتھ ہی اس کی تفصیل کی جانب بھی قارئین کا ذہن منتقل ہو جاتا ہے۔ جو غالبؔ بیان کرنا چاہتے ہیں۔ غالبؔ نے استعاروں کے فن کارانہ استعمال سے اپنی شاعری کو گراں قدر بنا دیا ہے۔ لیکن وہ شعری اور نثری اسالیب کے جداگانہ تقاضوں پر گہری نظر رکھتے تھے۔ غزل ایجاز و اختصار کی تقاضا کرتی ہے جب کہ نثر کا اسلوب خیال کی وضاحت اور صراحت پر زور دیتا ہے۔ غالبؔ اپنی گفتگو کو دراز کرنے کے عادی تھے۔ اسی لیے ہمیں ان کے خطوط میں استعارے کا استعمال محدود پیمانے پر دکھائی دیتا ہے۔ البتہ غالبؔ کے اس مخصوص وصف کو سمجھنا لازمی ہے کہ وہ استعارے کے محض اشارے کو کوئی نہیں جانتے تھے۔ بلکہ بنیادی خیال اور استعارے سے ملحق مفاہیم کا اضافہ ضرور قرار دیتے تھے۔ دراصل غالبؔ کی ذہنی ترتیب شعری اسلوب میں ہوئی تھی۔ اسی لیے جب وہ نثر لکھتے تھے تو اپنی شاعرانہ صلاحیتوں کو بھرپور لیکن متوازن انداز سے کام میں لاتے تھے۔ غالبؔ اپنی نثر میں جس قدر استعارے کا استعمال کرتے تھے۔ اسے کہیں زیادہ انہوں نے اپنی اردو نثر میں تشبیہ کا استعمال کیا ہے۔ جو کہ اکہرے بھی ہیں اور توضیحی بھی۔ انہوں نے عام طور پر کسی واقعے کے بارے میں اپنے جذباتی اور ذہنی کیفیت کے بیان کے لیے تشبیہ کا ہی استعمال کیا ہے۔ اس بارے میں نورالحسن نقوی لکھتے ہیں:

> ''غالبؔ شاعر ہیں اور نثر میں بھی حسب ضرورت شعری وسائل کا سہارا لیتے ہیں۔ کہیں استعارہ و تشبیہ سے کام لیتے ہیں کہیں پیکر تراشی سے۔ قافیہ آرائی کی مثالیں بھی بے شمار ہیں۔ رعایت لفظی کے استعمال سے بھی نہیں چوکتے لیکن اس صنعت کے استعمال میں وہ حد اعتدال سے تجاوز نہیں کرتے۔ گویا ان خطوط میں سادگی و رنگینی کا دلکش امتزاج نظر آتا ہے۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ کہیں تصنع یعنی بناوٹ کا گمان بھی نہیں گزرتا۔''[۱۴]

خطوط غالبؔ کی اس رنگینی کے بارے میں خلیق انجم اپنی رائے کا انکشاف کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

> ''اردو میں خط لکھتے ہوئے اگر چہ غالبؔ عام بول چال اور روزمرہ کی زبان استعمال کرتے ہیں لیکن اپنی بات کہنے کے لیے وہ ایسی تشبیہوں اور استعاروں کو بھی کام میں لاتے ہیں، جن کے استعمال سے ان کا اظہار زیادہ موثر، معنی خیز، تہہ دار اور شگفتہ ہو جاتا ہے۔ یہ تشبیہیں اور استعارے روایتی بھی ہوتے ہیں اور غیر روایتی بھی۔ غیر روایتی تشبیہوں اور استعاروں

میں اکثر خود غالبؔ کی جدت پسند طبیعت کی اپج کا نتیجہ ہوتے ہیں۔''۱۵؎

دوسری جگہ لکھتے ہیں۔

''غالبؔ عام طور سے کسی واقعے سے متعلق اپنے جذباتی ردعمل اور ذہنی کیفیت کے اظہار کے لیے تشبیہ کا استعمال کرتے ہیں۔ایسے تشبیہات کی تعداد خاصی ہے جو غالبؔ نے اپنے گرد و پیش کی سماجی اور سیاسی زندگی سے اخذ کی ہیں۔انہوں نے تشبیہات کا استعمال محض آرائش نثر کے لیے نہیں کیا بلکہ وہ تشبیہات کی مدد سے اظہار میں معنویت اور اثر پیدا کرنا چاہتے ہیں ۔''۱۶؎

جب ہم خطوط غالبؔ کا مطالعہ کرتے ہیں تو یہ بات عیاں ہوجاتی ہے کہ غالبؔ نے اپنے خطوط میں جابجا تشبیہ واستعارات کا استعمال کیا ہے،اور مذکورہ عبارت میں خلیق انجم نے خطوط غالبؔ کی اس خوبی کو جس ڈھنگ سے بیان کیا ہے۔اسے خلیق انجم کے ناقدانہ شعور کی مکمل تصویر ہوجاتی ہے۔

غالبؔ کی زندگی میں مصائب ومشکلات اسی وقت سے شروع ہوئے تھے جب ان کی عمر تقریباً صرف نو سال کی تھی۔ بڑھتی عمر کے ساتھ ان کے مصائب وآلام میں مزید اضافہ ہوتا گیا۔ پہلے والد اور چچا کی وفات، پھر پینشن کے معاملے میں شکست، حادثہ اسیری، 1857ء کے حالات، اس خونین حادثے میں بے شمار دوستوں اور عزیزوں کی قتل وغارت وغیرہ جیسے خون ریز اور نامساعات حالات غالبؔ جیسے حساس اور ہوش مند شخص کو پاگل کر دینے یا پھر انہیں اس دنیا سے متنفر کردینے اور انہیں قنوطی بنانے کے لیے کافی تھے۔لیکن بجائے اس کے غالبؔ نے زندگی کی آخری سانس تک اپنے ہوش وحواس اس لیے قائم رکھے کہ ان میں غیر معمولی قوت ارادی بدرجہ اتم برقرار تھی ۔جس کی وجہ سے انہوں نے زندگی کے ساتھ مکمل طور پر مفاہمت کرلی تھی۔ یہ محض ان کا خیال نہیں بلکہ عقیدہ تھا کہ زند گی کا پودا حقیقی معنوں میں غم اور خوشی کی دھوپ چھاؤں میں ہی بڑھتا ہے اور ان میں بھی غم ہی کو خوشی پر فوقیت اور بر تری حاصل ہے۔اسی کا انکشاف انہوں نے اپنی تحریروں میں بڑی فنی مہارت اور سلیقگی کے ساتھ کیا ہے۔ غالبؔ کے اس طرز انداز پر خلیق انجم اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''غالبؔ نے جان عزیزی کے لیے آرزو اور شکست آرزو، خوشی اور غم، کامیابی اور ناکامی کے درمیان زندہ رہنے کا سلیقہ سیکھ لیا تھا۔اسی لیے تو وہ اپنے آپ کو''ہدف ستم ہائے روزگار'' نہیں بلکہ''زمین ستم ہائے روزگار'' کہتے ہیں۔اس''ستم ہائے روزگار'' سے ان کی زندہ دلی اور بذلہ سنجی اور ان کی حس مزاح ماند نہیں پڑتی بلکہ اس میں اور تیکھی پیدا ہوتی چلی گئی۔''۱۷؎

خلیق انجم نے جس انداز سے مذکورہ اقتباس میں اس بات کی وضاحت کی ہے کہ غالبؔ کبھی بھی مشکلات و

مصائب سے تھکے ہارے نہیں بلکہ ان مشکلات ومصائب سے ان کے قوت ارادی میں مزید جولانی پیدا ہوتی گئی۔ اسے صاف واضح ہوجاتا ہے کہ خلیق انجم ایک اچھے محقق ہونے کے ساتھ ساتھ ایک اچھے نقاد بھی تھے۔

خطوط غالبؔ میں غالبؔ کی انا کا بھی برملا اظہار ملتا ہے۔ انفرادیت تو ہر انسان میں ہوتی ہے۔ لیکن عام انسانوں کی انفرادیت کی لو اتنی مدھم ہوتی ہے کہ مخصوص سماجی گروہ یا طبقے کی اجتماعی انفرادیت کی تیز روشنی میں گم ہو کر رہ جاتی ہے۔ اور صرف انسانی نفسیات کے ماہرین ہی اس دبی ہوئی اور کمزور انفرادیت کا پتا لگا سکتے ہیں۔ جہاں تک انفرادیت کے فروغ کا سوال ہے۔ تو اسے فروغ انا سے حاصل ہوتا ہے۔ جس انسان کی انا میں جس قدر قوت ہوگی اس کی انفرادیت اتنے ہی بلند مقام پر ہوگی۔ اس کے سرچشمے مختلف ہوتے ہیں۔ جیسے خاندانی وقار، علم وفن، سیاسی اقتدار، دولت وغیرہ۔ انا سے انفرادیت حاصل ہوتی ہے اور پھر انفرادیت سے شہرت اور عزت۔ کسی فرد کی شہرت اس کے سماجی گروہ تک ہی محدود رہے گی یا اس کی شہرت ومقبولیت کا بول بالا قومی سطح پر ہوگا یا پھر زماں ومکاں کی قید وبند سے آزاد ہوکر آفاقی ہوگی۔ اس سب کا انحصار انفرادیت کی قوت پر ہوتا ہے۔ جس شخص کی انفرادیت میں جتنی لے زیادہ ہوگی، اتنی ہی اس کی شہرت ومقبولیت کا بول بالا بھی ہوگا۔ غالبؔ کی اسی انانیت پر خلیق انجم نے بڑی خوبی سے اپنی رائے کا اظہار کیا ہے لکھتے ہیں:

> ''وہ غالبؔ جو شاعری میں پوری کائنات سے مبارزہ طلب ہے اور ہر بڑی طاقت سے نبرد آزما ہے، خطوں میں اپنی معمولی ضرورتوں اور احتیاجوں کے حصار میں گرفتار نظر آتے ہیں۔ وہ اہل ثروت کے سامنے کاسہ گدائی لیے کھڑا ہے۔ نواب کلب علی خاں کے دربار میں گڑگڑا کر دعائیں دے رہا ہے۔ کبھی کہتا ہے ''حضرت کو سلامت رکھے، مجھ سے اپاہج نکمے کو بہ عوض خدمت تنخواہ دیتے ہو'' اور کبھی عرض کرتا ہے ''مختصر یہ کہ اب میری جان اور آبرو آپ کے ہاتھ ہے۔''۱۸

مذکورہ عبارت میں خلیق انجم نے جس انداز سے خطوط غالبؔ سے ان کی زندگی کے بعض گوشوں کی نشان دہی کی ہے، اس سے صاف واضح ہوجاتا ہے کہ انہیں نہ صرف ادب کو پرکھنے کا خوب ہنر آتا تھا بلکہ انہیں فن پاروں سے مصنف کی شخصیت کا تعین کرنا بھی خوب آتا تھا۔ لہذا یہ کہنے میں دو رائیں نہیں کہ خلیق انجم محقق ہونے کے ساتھ ساتھ ایک بہترین نقاد بھی تھے۔

اردو ادب کی تاریخ میں ایک لمبے عرصے تک کلام ظفرؔ پر طرح طرح کی تنقیص کی جاتی رہی۔ کبھی یہ مشہور کردیا گیا کہ وہ شاعر ہی نہیں ہے۔ تو کبھی یہ کہا گیا کہ ان کے وہ اشعار جو انہوں نے ایام غدر کے خون ریز واقعات

کے بارے میں کہے ہیں اور جن میں رنج وغم اور بے بسی کی کسک موجود ہے وہ ان کے ہے ہی نہیں۔لیکن ہر شام کی ایک صبح ہوتی ہے۔ محققین نے اس بات کو دلائل دے کر ثابت کیا ہے کہ یہ تمام الزامات بے بنیاد ہے۔ دنیائے ادب میں ان الزامات کی کوئی جگہ نہیں۔

بہادر شاہ ظفؔر پر اس ستم ظریفی کی ابتدا شیخ محمد ابراہیم ذوقؔ کے چہیتے شاگرد مولانا محمد حسین آزادؔ نے کی ہے۔لیکن محمد حسین آزادؔ کے بیان کی اب کوئی وقعت باقی نہیں رہی ہے۔لیکن حد تو یہ ہے کہ مولانا الطاف حسین حالؔی بھی اس میدان میں پیچھے نہیں رہے۔ انہوں نے بھی غالبؔ اور ظفؔر کے بارے میں ''یادگار غالبؔ'' میں کچھ ایسا ہی تحریر کیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ غالبؔ پوری پوری غزلیں بہادر شاہ ظفؔر کو لکھ کر بھیجتے تھے۔لیکن جب ہم کلام غالبؔ اور کلام ظفؔر کا مطالعہ کرتے ہیں تو ہمیں اس بات کا اندازہ بخوبی ہو جاتا ہے کہ ظفؔر کی شاعری میں وہ آفاقیت نہیں ہے جو غالبؔ کی شاعری میں ہے۔ بادر شاہ ظفؔر ہندوستان کی تاریخ کے ایک خاص عہد کا نام ہے۔ جب کہ غالبؔ اس عہد کی آواز ہیں۔حیات وکائنات کی پیچیدگیوں کا بھر پور احساس اور روح عصر کو اپنے اندر جذب کرنے کی جو صلاحیت غالبؔ میں موجود تھی۔ وہ ان کے ہم عصروں میں ظفؔر تو کیا بلکہ کسی کے بس کی بات نہیں تھی۔ غالبؔ نے داخلی کیفیتوں سے خارجی دنیا کی سیر کی ہے۔ جب کہ ظفؔر اپنے ہی غم میں اتنے محو تھے کہ آنکھ اٹھا کر کچھ نہ دیکھ سکے۔ غالبؔ اور ظفؔر کے فرق کو سمجھنے کے لیے ہمیں ان اشعار سے کافی مدد مل سکتی ہے جہاں ان دونوں کے ہاں ایک دوسرے سے کسی نہ کسی قسم کے توارد یا سرقے کا گمان ہوتا ہے۔لیکن ایسے اشعار میں غالبؔ ظفؔر سے کئی کوس آگے ہیں۔

پہلے آزادؔ اور پھر حالؔی کے بیانات نے اچھی خاصی غلط فہمی ادبی دنیا میں پیدا کر دی تھی۔نصیر حسین خیالؔ، شان الحق حقؔی، خلیل الرحمٰن اعظمی، خواجہ تہور حسینؔ، عمر فیضؔی اور دوسرے کئی ناقدین و محققین نے تفصیل سے یہ ثابت کیا ہے کہ ظفؔر خود اچھے اور بلند پایہ کے شاعر تھے۔ان کا اپنا ایک الگ رنگ سخن تھا۔تنویر احمد علوؔی نے بھی یہ ثابت کرنے کی حتی المقدور کوشش کی تھی کہ ظفؔر کا سارا کلام ذوقؔ کا ہے۔لیکن اسلم پرویزؔ نے دلائل دے کر ان کے خیالات کی تردید کی ہے۔ٹھیک اسی طرح حالؔی کے اس بیان، کہ غالبؔ پوری پوری غزلیں ظفؔر کے لیے لکھتے تھے، کی بھی تردید خلیق انجم نے مدلل طریقے سے کی ہے۔اس بارے میں اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں:

> ''اگر بقول حالؔی، غالبؔ پوری پوری کہہ کر دیا کرتے تھے تو غالبؔ اپنے خطوں میں اس بات کا ذکر ضرور کرتے۔۔۔غالبؔ کا انداز بیان اپنے عہد کے تمام سخنوروں سے بالکل مختلف تھا۔غالبؔ خواہ کتنا ہی دوسرے رنگ میں شعر کہنے کی کوشش کرتے۔ان کے انداز بیان کا عکس

ان اشعار میں ضرور ہوتا۔کلیات ظفؔر میں ایک غزل بھی ایسی نہیں ہے جس پر گالبؔ کی چھاپ لگی نظر آتی ہے۔ جواس بات کا ثبوت ہے کہ یہ رشتہ تلمذ حک واصلاح سے زیادہ نہیں تھا۔''۱۹

مذکورہ اقتباس میں خلیق انجم نے اس بات کی وضاحت جس طریقے سے کی ہے کہ اگر غالبؔ ظفؔر کے لیے غزلیں لکھتے ہوتے تو ان میں غالبؔ کا رنگ سخن ضرور ہوتا۔ اسے معلوم ہوجاتا ہے کہ خلیق انجم کو کلام کا موازنہ کرنا خوب آتا تھا۔لہذا اس بات سے انکار ممکن نہیں کہ خلیق انجم ایک بہترین نقاد تھے۔

غالبؔ ایک ایسے شاعر تھے۔ جنہوں نے 1857ء سے پہلی دلی بھی دیکھی ہے اور 1857ء کے بعد کی دلی بھی۔ وہ بہادر شاہ ظفؔر کے دربار سے بھی منسلک رہے اور انہوں نے انگریزوں سے اپنی ہمدردی کا اظہار بھی کیا ہے۔ انہوں نے کئی بار اس بات کا دعوہ کیا ہے کہ دوران غدر وہ اپنے گھر میں محبوس دروازہ بند کر کے روز نامچہ لکھتے رہے اور ضعف کی وجہ سے نہ انگریزوں کی کوئی مدد کی اور نہ ہی اس دوران قلعہ سے ان کا کوئی تعلق تھا۔ ان حالات میں وہ شاہ پرستوں اور باغیوں دونوں سے الگ تھلگ رہے۔ انگریزوں کے فوجی دستے داخل ہونے کے بعد بھی انہوں نے شہر دلی میں رہنا پسند کیا۔ جب کہ بہت سے رؤسا اور شرفا بھاگ گئے۔ بغاوت میں اپنی عدم شرکت کے ثبوت میں انہوں نے ہندوستان اور انگلینڈ میں اعلیٰ حکام کی خدمت میں اپنا فارسی روز نامچہ (دستنبو) پیش کیا۔ لیکن بہت سے محققین وناقدین نے ثابت کیا ہے کہ دوران غدر غالبؔ کئی بار بہادر شاہ ظفؔر کے دربار میں حاضر ہوئے۔ چوں کہ پہلے یہ خیال عام تھا کہ 1857ء کی جنگ آزادی میں جیت ہندوستانیوں کی ہوگی۔ اس لیے غالبؔ دربار سے مسلسل منسلک رہے۔ لیکن جوں جوں حالات اور زیادہ بگڑتے گئے اور یہ اندیشہ ہونے لگا کہ جیت انگریزوں کی ہوگی تو غالبؔ نے قلعے کی آمدورفت بند کردی۔ وہ خاموش رہے اور پھر انگریزوں کی خوشامد شروع کردی۔ یہاں اس بات کا ذکر کرنا بھی ضروری ہے کہ اگر بہادر شاہ ظفؔر اور انگریز دونوں کے ساتھ غالبؔ کے تعلقات نہیں تھے تو انہیں اپنی صفائی کیوں کر پیش کرنی پڑتی۔ اس پر اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں:

''غالبؔ نہ صرف انگریزی حکام کے سامنے اپنی صفائی پیش کرتے ہیں۔ بلکہ انہوں نے بعض دوستوں کو بھی ایسی باتیں لکھیں، جن کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں۔ غالبؔ کو خوب معلوم تھا کہ انگریز ان سے خوش نہیں، لیکن انہیں صرف اتنا خیال تھا کہ انقلاب کے دوران قلعے میں ان کی آمدورفت انگریزوں کو ناگوار گزری ہے۔ اس لیے انہوں نے اپنے عزیز شاگرد نواب یوسف علی خاں ناظمؔ والی رام پور کے ذریعے انگریزوں سے اپنی صفائی چاہی۔''

۲۰

مذکورہ عبارت میں خلیق انجم نے جس طریقے سے 1857 کے ہنگامے میں غالبؔ کے بہادر شاہ ظفرؔ اور انگریزوں کے تعلقات پر اپنی رائے کا بے باکانہ اظہار کیا ہے۔ اسے صاف واضح ہو جاتا ہے کہ خلیق انجم جہاں ایک اعلیٰ پایہ کے محقق تھے وہیں دوسری طرف وہ ایک بہترین تنقیدی شعور بھی رکھتے تھے۔

اس بات کا ذکر اوپر بھی کیا جا چکا ہے کہ غالبؔ اس بات کے دعوے دار ہیں کہ دوران غدر وہ اپنے گھر میں محبوس دروازہ بند کر کے ایک روز نامچہ لکھ رہے تھے۔ جس کا نام انھوں نے ''دستنبو'' رکھا ہے۔ روز نامچہ ایک ایسی تحریر ہوتی ہیں جس میں روزانہ کے تاریخ وار حالات یا حسابات لکھے جائیں۔ غالبؔ کی یہ تحریر مئی 1857ء تا اگست 1858ء یعنی پندرہ مہینوں پر محیط ہے۔ دستنبو پہلی بار نومبر 1858ء میں شائع ہوئی۔ چوں کہ یہ بہت ہی مشکل فارسی یعنی قدیم فارسی میں لکھی گئی تھی۔ لہٰذا اس کا اردو ترجمہ کرنا کوئی آسان کام نہیں تھا۔ یہی وجہ ہے کہ اس کے اردو ترجمے کی اشاعت کا حوصلہ غالبؔ کی وفات کے پچاس سال بعد تک کسی کو نہ ہو سکا۔ 1920ء میں پہلی بار اس کا اردو ترجمہ خواجہ حسن نظامیؔ کی فرمائش پر مرزا محمد یعقوب بیگؔ نے کیا۔

دستنبو کی ابتدا مدح سے ہوتی ہے۔ اس کے بعد غالبؔ نے اس میں اپنی وفاداری اور 1857ء کی بغاوت کا انتہائی مضحکہ خیز فلسفہ بیان کیا ہے۔ جس میں انھوں نے لکھا ہے کہ ہندوستانی فوج نے اپنے آقاؤں اور سرداروں یعنی انگریزوں سے بغاوت کر کے انتہائی نادانی اور کمینے پن کا ثبوت دیا ہے۔ اگر یوں کہا جائے تو بے جا نہیں کہ دستنبو کی یہ تمہید کسی نثری قصیدے سے کم نہیں۔ اس میں انھوں نے انگریزوں کی عظمت، شان وشوکت اور انصاف پسندی کے نغمے گائے ہیں۔ اس کے بعد قلعے سے اپنی لاتعلقی کا اظہار کیا ہے۔ پھر 1857ء کا ذکر کیا گیا ہے جس میں یہ بتایا گیا ہے کہ کس طرح میرٹھ سے ہندوستانی فوج دلی وارد ہوئے اور انھوں نے انگریزوں کا قتل عام شروع کر دیا۔ اس کے بعد 18 ستمبر کا مختصراً ذکر کیا گیا ہے۔ اس تاریخ کو انگریزی فوج دلی میں وارد ہوئے تھے۔ اور پھر مجبوری خانہ نشینی، انگریزوں کے قتل عام پر اظہار افسوس کرتے ہوئے باغیوں کی مذمت، شرفا کی تباہی، غدر کی مذمت، بادشاہ کی مجبوری، قیدیوں کی رہائی، انگریزوں کی مورچہ بندی، تعداد افواج، حکیم احسن اللہ خاں، تفضّل حسین خاں بہادر، انگریزوں کی فتح اور مظالم وغیرہ کا ذکر کیا ہے۔ اس کے علاوہ انھوں نے دستنبو میں اپنی سوانح، اپنے بھائی مرزا یوسف کے کچھ حالات کا ذکر کرتے ہوئے اس قصیدے کی تفصیل بیان کی ہے، جو انھوں نے ملکہ وکٹوریہ کے لیے کہا تھا۔ اس ضمن میں غالبؔ کے تین مطالبات کا ذکر بھی کیا گیا ہے۔ پہلے مطالبے میں یہ کہا گیا ہے کہ ملکہ وکٹوریہ انہیں خطاب دیں، دوسرے مطالبے میں خلعت دینے کا ذکر ہے اور تیسرے میں پنشن میں اضافت کا اظہار کیا گیا ہے۔

اس کے بعد غالبؔ نے 31 ستمبر کو مرزا یوسف کے گھر لٹنے وغیرہ کی پوری داستان بیان کی ہے۔اس پوری کتاب کا مطالعہ کرنے کے بعد معلوم ہوتا ہے کہ اس کتاب کی تخلیق کا مقصد غالبؔ کا قلعے سے اپنی بے تعلقی اور بے نیازی ثابت کرنا تھا۔چوں کہ غالبؔ نے متعدد مقامات پر دعوہ کیا ہے کہ یہ ان کا روزنامچہ ہے۔جسے وہ آغاز انقلاب سے لکھ رہے تھے۔روزنامچہ کی تعریف بیان کرتے ہوئے اوپر اس بات کا ذکر کیا گیا ہے کہ روزنامچہ ایسی تحریر کو کہتے ہیں جس میں روزانہ کے تاریخ وار حالات یا حسابات لکھے جائیں۔خلیق انجم کا دعوہ ہے کہ یہ غالبؔ کا روزنامچہ نہیں ہے۔ان کے مطابق غالبؔ کا دعوہ بے بنیاد ہے۔کیوں کہ روزنامچہ کے لیے جن شرائط کا ہونا ضروری ہے۔خلیق انجم کے مطابق دستنبو ان شرائط پر پوری نہیں اترتی۔اس بارے میں خلیق انجم لکھتے ہیں:

> ’’چوں کہ دستنبو روزنامچے کی طرح نہیں لکھی گئی ہے بلکہ واقعات گزرنے کے بہت دن بعد چند روز میں لکھی گئی، اس لیے ان کے ہاں کئی واقعات کی ترتیب بھی غلط ہے۔مثلاً غالبؔ نے پہلے حکیم احسن اللہ خاں کے ساز وسامان لٹنے اور ان کے گھر میں آگ لگنے کا واقعہ لکھا ہے اور اس کے بعد خاں بہادر خاں کا ذکر کیا ہے اور پھر واجد علی شاہ کے بیٹے برجیش قدر کی مسند نشینی کا واقعہ قلم بند کیا ہوا ہے۔یہ ترتیب یکاً غلط ہے۔احسن اللہ کا مکان 11 اگست 1857ء کو جلایا گیا۔خاں بہادر نے اشرفیاں 11 جولائی 1857 کو بھیجیں۔واجد علی شاہ کے بیٹے کو شرف الدولہ نے 5 جولائی 1857ء کو مسند نشین کیا۔‘‘[۲۱]

دوسری جگہ لکھتے ہیں:

> ’’اس سلسلے میں ایک بات یہ ہے کہ خطوط اور روزنامنے مصنوعی زبان میں لکھے جاتے۔جن لوگوں نے پر تکلف اور تصنع زبان میں خطوط لکھے ہیں۔ادب میں بھی ان کا وہی حال ہے۔مثلاً رجب علی بیگ سرور کے خطوط اور ’’فسانۂ عجائب‘‘ کی زبان میں قطعاً فرق نہیں ہے ۔غالبؔ نے یہ اہتمام کیا ہے کہ دستنبو میں عربی زبان قطعاً استعمال نہ ہو۔ایسی عبارت لکھنے کے لیے جس مزاج اور فرصت کی ضرورت ہوتی ہے۔روزنامچہ نگار اس سے محروم ہوتا ہے۔
> ‘‘[۲۲]

مذکورہ اقتباس میں خلیق انجم نے دستنبو کی اندرونی شہادتیں دے کر جہاں یہ ثابت کیا ہے کہ یہ روزنامچہ نہیں ہے۔وہیں دوسری طرف ہمیں اس بات کا اندازہ بھی بخوبی ہوجاتا ہے کہ خلیق انجم ایک بہترین محقق ہی نہیں بلکہ ادب کو پرکھنے کا بہترین ناقدانہ شعور بھی رکھتے تھے۔

آخری تاجدار اِودھ واجد علی شاہ نے جلاوطنی کے ایام شہر کلکتہ کے مٹھیا برج میں گزارے۔انہیں علم وادب

سے کافی لگاؤ تھا۔ جب انگریزوں نے انہیں معزول کر کے کلکتہ جلاوطن کر دیا تو بہت سی بیگمات لکھنؤ میں رہ گئیں۔ ان بیگمات اور واجد علی شاہ کے درمیان صرف خط وکتابت کا سلسلہ باقی رہا تھا۔ اس لیے قیاس ہے کہ ان میں سے ہر ایک نے کم از کم ایک خط بادشاہ کو لکھا ہوگا اور بادشاہ نے اس کا جواب دیا ہوگا۔ عاشق ومعشوق کی باہمی خط وکتابت اردو شاعری کا خاص موضوع رہا ہے۔ واجد علی شاہ کی نجی زندگی کا مطالعہ کرنے سے اندازہ ہوجاتا ہے کہ وہ کہیں عاشق اور کہیں معشوق نظر آتے ہیں۔ جلاوطنی اختیار کرنے اور نظر بند ہونے کے بعد واجد علی شاہ کی کم وبیش وہی حالت تھی جو شاعری میں ہجراں نصیب عاشق کی بیان کی گئی ہے۔ جلاوطنی کے ابتدائی دور میں سوائے مکتوباتی ادب کے اور کوئی صنف تالیفات یا تصنیفات واجد علی شاہ کی نہیں ملتی ہے۔ جب کہ نہوں نے اس زمانے میں کئی کتابیں لکھی ہے، لیکن اب وہ ناپید ہے۔ واجد علی شاہ کے یہ خطوط جہاں بیگمات کے نام محبت نامے ہیں۔ وہیں ان خطوط میں انہوں نے اپنے بچوں کے علاوہ متعلقین اور ملازمین کی جومزاج پرسی کی ہے۔ اسے ان خطوط کی فکری خوبیاں اجاگر ہوگئی ہیں۔ ان خطوط کے ذریعے انہوں نے گزرے حسین لمحات کی یاد تازہ کر کے گویا اپنے دل کو ٹھنڈک پہنچائی ہے۔ اور حال کی تلخیاں ایک حد تک فراموش کرنے کی کوشش کی ہیں۔ غرض کہ ان خطوط کے ذریعے انہوں نے اپنے مصائب کے سمندر کو دلکش یادوں سے بھلانے کی کوشش کی ہے۔ بیگمات واجد علی شاہ نے اکثر منظوم خطوط لکھے ہیں۔ یہ خطوط اردو ادب کی تاریخ میں ایک اہم مقام ومرتبہ رکھتے ہیں۔ ان خطوط کا کچھ حصہ ماقبل 1857ء اور کچھ حصہ اس کے بعد لکھا گیا ہے۔ وہ بیگمات جو بادشاہ کے ہمراہ کلکتہ نہ جاسکیں۔ انہوں نے ان خطوط میں اپنے اشتیاق اور محبت کا برملا اظہار کیا ہے۔ ساتھ ہی ان خطوط سے اس بات کا اندازہ بھی ہوجاتا ہے کہ وہ کسمپرسی اور پریشانیوں کے کس دور سے گزر رہی تھیں۔ ان خطوط کے ذریعے ایسے ایسے حالات کا پتہ چلتا ہے۔ جن سے دل کانپ اٹھتا ہے۔ بیگمات واجد علی شاہ کو سردیوں میں لحاف تک میسر نہ تھا۔ یہاں تک کہ قرض خوار تنگ کرتے اور رہائش تک کی پریشانی کا حال ان خطوط میں بیان کیا ہے۔ واجد علی شاہ کی بیگمات کے خطوط کی ان خصوصیات کا بیان کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں:

> ''ان خطوط میں اس عورت کی جھلک دکھائی دیتی ہے جو جاگیرداری طبقے کے ہاتھوں ذلیل و خوار تھی۔ جس کی ساری زندگی ایک ایسے انسان سے محبت کی بھیک مانگتے گزر جاتی جوان سے ناآشنا ہوتا اور جو دولت کے بل پر دنیا کی ہر خوبصورت عورت پر اپنا پیدائشی حق سمجھتا۔ ۔۔صرف اس شخص کی تمنا ہے جسے شاید تخت وتاج واپس مل جائے۔ مکتوب نگار کے پس کہنے کو کوئی بات نہیں صرف جدائی کے دکھڑوں کو طرح طرح سے بیان کیا گیا ہے۔۔۔ لطف کی بات یہ ہے کہ میاں بیوی کی یہ راز ونیاز کی باتیں اکثر بیگمات نے خود نہیں بلکہ پیسے دے کر

منشیوں یا اپنے عزیزوں سے لکھوائی ہیں۔اس لیے یہ بیگمات کے جذبات نہیں بلکہ اہل قلم کی محض انشاء پردازی ہے۔''۲۳

مذکورہ اقتباس میں خلیق انجم نے جس انداز سے واجد علی شاہ اوران کی بیگمات کے خطوط کا تجزیہ کیا ہے۔ اس سے صاف واضح ہوجاتا ہے کہ خلیق انجم ادب کو پرکھنے کے اصول وضوابط سے پوری طرح آگاہ تھے۔

اردوادب کی تاریخ میں رجب علی بیگ سرورؔ کو''بابائے مقفیٰ و مسجع'' کہا جاتا ہے۔لیکن تاریخ کا مطالعہ کرتے وقت ہمارا ذہن اس بات کی طرف بہت کم جاتا ہے کہ سرورؔ بھی انیسویں صدی کی نثر کے موجداورتغیر پذیر رجحانات کے نمائندے ہیں۔ان کے جتنے بھی خطوط محفوظ ہیں۔ان کے مطالعہ سے ہمیں اس بات اندازہ بخوبی ہو جاتا ہے کہ انہیں صرف مقفیٰ و مسجع اورآرائش وزیبائش سے بھرپور نثر پر ہی پوراعبور نہیں تھا بلکہ انہیں صاف وسلیس اور رواں دواں نثر لکھنے کا ہنر بھی خوب آتا تھا۔ان کے خطوط کی بے ریائی وخلوص،سادگی وبے تکلفی کی وجہ سے انہیں اردو کے ابتدائی مکتوب نگاروں میں شامل کیا جاتا ہے۔ان کے خطوط کے مجموعے''انشائے سرور'' میں حمد ونعت کے بعد گیارہ عرضیاں،احباب کے نام دس خطوط،واجد علی شاہ کی بیگمات کے نام سات خطوط،مرزا احمد علی کے نام سنتالیس خطوط،واجد علی شاہ کے نام ایک خط،فارسی کے آٹھ مکتوبات اورایک دعوت نامہ ہے۔ان خطوط کے علاوہ کچھ اور خط بھی شائع ہوئے ہیں۔جن میں سے آٹھ خطوط''انشائے اردو'' میں شامل ہیں۔ایک بہت مختصر خط ماہنامہ''خیاباں'' لکھنؤ کے مارچ 1934ء کے شمارے میں شائع ہوا ہے۔ایک خط صفیر بلگرامی نے اپنے تذکرے''جلوۂ حفر'' کے جلد دوم،حصہ اول اورایک خط یونس جعفری نے''نوائے ادب'' جولائی 1934ء کے شمارے میں شائع کیا ہے۔

سرورؔ کے خطوط کے مطالعے سے معلوم ہوجاتا ہے کہ ان کی نظر میں خطوط نویسی کا معیار کیا تھا۔ان کے نزدیک خط کا مقصد پیغام رسائی ہے اور یہ پیغام رسائی مبہم نہیں ہونی چاہیے۔بلکہ خط میں اس پیغام کا پورا انکشاف ہونا چاہیے۔سرورؔ کے خطوط میں گھریلو گفتگو کا اسلوب بھی بیان گیا ہے۔لیکن یہ انداز تحریر ان کے خطوط میں ہر جگہ موجود نہیں ہے۔بلکہ کہیں کہیں اس کی جھلک دیکھنے کو ملتی ہے۔''انشائے سرور'' میں شامل خطوط سے سرورؔ کے مختلف انشائی رنگ ابھر کرسامنے آتے ہیں۔ان خطوط کی نثر جہاں رنگین،مقفیٰ،مسجع اورتشبیہات سے پر ہیں۔وہیں ان خطوط میں سادگی وسلاست اوررنگینی کے عمدہ نمونے پیش کئے گئے ہیں۔ان خطوط میں سرورؔ نے اپنی انشاء پردازی اوررنگینی کی تمام تر رعنائیوں کواجاگر کیا ہے۔رجب علی بیگ سرورؔ کے خطوط کی خوبیاں بیان کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں:

''سرورؔ کے خطوط میں عام طور سے رنگینی عبارت،مبالغہ آرائی اور کثرت مترادفات نہیں

لیکن انہیں مقفیٰ عبارت لکھنے کا شوق ہے۔کبھی کبھی عبارت میں حسن پیدا ہوتا ہےاور کبھی غیر موثر ہوجاتی ہے۔خط لکھتے ہوئے سرؔور پورا خیال رکھتے ہیں کہ عبارت دلچسپ ،شگفتہ اور پر لطف ہو۔۔۔ان کے تقریباً تمام خطوط کی عبارت مقفیٰ ہے۔انہیں اس پرفخر بھی ہے۔اس لیے انشائے سرؔور کے ہر صفحے پر''انشائے سرؔور اور مقفیٰ'' لکھا گیا ہے۔سرؔور کی مکتوب نگاری یہ ہے کہ اس میں انشا پردازی کے وہ جوہر نہیں دکھائے گیے جو عبارت کا عیب بن جاتے ہیں۔۔۔ان کے مکاتیب کے مطالعے سے اندازہ ہوتا ہے کہ اردو نثر اور مکاتیب کی زبان قدیم انشا پردازی سے اپنا دامن چھڑانے کی کوشش کر رہی ہے لیکن ابھی پوری طرح کامیاب نہیں ہوئی۔''۲۴

مذکورہ عبارت میں رجب علی بیگ سرؔور کے خطوط کی خوبیوں کا احاطہ کر کے خلیق انجم نے جس انداز سے اپنے ناقدانہ شعور کا انکشاف کیا ہے۔اسے صاف واضح ہوجاتا ہے کہ انہیں تنقید پر گہری دسترس حاصل ہے۔

مکتوب نگاری کے ابتدائی دور کے مکتوب نگاروں میں خواجہ غلام غوث بےخبؔر ایک منفرد مقام و مرتبے کے مالک ہیں۔ان کے خطوط کے مطالعے سے اندازہ ہوتا ہے کہ غلام غوث بےخبؔر دو اسالیب کے مالک تھے۔پہلا قدیم اور مقفیٰ ۔دوسرا سادہ اور سلیس۔خطوط نگاری کے اوالین دور میں جب قدریں بدل رہی تھیں۔فکرری میلانات ارتقا پذیر ہونے کے ساتھ ساتھ قدامت کا رنگ بھی جاری وساری تھا۔خطوط نویسی کو انشا پردازی کا نمونہ بنایا جارہا تھا۔ ایسے میں غلام غوث بےخبؔر نے اپنے مکتوبات میں جہاں سادہ اور سلیس زبان کا استعمال کیا ہے۔وہیں انہوں نے اپنے خطوط میں مقفیٰ اور مسجع اسلوب کو بھی جگہ دی ہے۔جو قافیہ اور شعری صنعتوں سے آراستہ ہیں۔

دیباچوں اور تقریظوں میں عام طور پر یہ روش رہی ہے کہ انہیں لکھتے وقت مبالغہ آمیز ستائش اور کتاب کی مدح کے ساتھ ساتھ تواضع اور انکساری سے بھی کام لیا جائے۔انشاء پردازی میں ایک ہی بات کو انداز بدل بدل کر پیش کرنا انتہائی کمال سمجھا جاتا تھا۔غلام غوث بےخبؔر کے خطوط کا انداز بیان ایسا ہی ہے۔ان میں وہ دلکشی اور چاشنی پیدا کردی گئی ہے کہ ہر فقرہ ایک نیا لطف پیدا کر دیتا ہے۔انہوں نے اپنے خطوط میں مناظر قدرت کو اپنی انشاء پردازی سے بہت ہی خوبصورت اور دلکش انداز میں پیش کیا ہے۔ان خطوط میں جہاں مقفیٰ فقروں ،مبالغہ آمیزی اور تشبیہات وغیرہ کا ذکر کیا گیا ہے۔وہیں سادہ اور سلیس عبارتیں بھی استعمال کی گئی ہیں۔غلام غوث بےخبؔر کے خطوط پر اپنی ناقدانہ رائے کا اظہار کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں:

''رجب علی بیگ سرؔور کے مکاتیب سے اندازہ ہوتا ہے کہ اردو نثر قدامت سے دامن چھڑا رہی ہے۔اور سرؔور قدیم اور جدید کے درمیان ایک کڑی ہیں۔اس کے برعکس بےخبؔر کے

مکاتیب کا مطالعہ پڑھنے والے کو کسی نتیجے پر پہنچنے نہیں دیتا۔ وہ بیک وقت قدیم بھی ہیں اور جدید بھی۔ ان کے بعض خطوط میں الفاظ کی محض شعبدہ گری ہے اور بعض خطوط کا شمار یقیناً جدید نثر میں ہوتا ہے۔ دیباچوں اور تقریظوں میں عام طور پر ایسی عبارت لکھی جاتی تھی لیکن بے خبر نے ایسے مکتوب بھی لکھے ہیں۔ جن میں صرف انشا پردازی کے جوہر دکھائے گئے ہیں۔'' ۲۵

مذکورہ عبارت میں خلیق انجم نے غلام غوث بے خبر کے خطوط پر اپنی رائے کا اظہار کر کے اپنی تنقیدی بصیرت کا بہترین نمونہ پیش کیا ہے۔

تاریخ ادب اردو میں مرزا محمد رفیع سودا کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ اردو زبان و ادب کی مختلف النوع خدمات اور گونا گوں کمالات کے اعتبار سے مرزا محمد رفیع سودا کی عظمت اور ان کے اعلیٰ مقام و مرتبے میں کوئی شک و شبہ نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے اپنی فارسی دانی سے نہ صرف اردو زبان و ادب کے نشو نما کی آبیاری کی ہے بلکہ فارسی زبان میں شاعری بھی کی ہے۔ انہیں اردو شاعری کی کئی اہم اصناف پر غیر معمولی قدرت حاصل رہی ہے۔ انہوں نے قصیدہ، غزل، مرثیہ، مثنوی اور شہر آشوب وغیرہ اصناف میں تقریباً ایک ایک دیوان یا پھر ایک ایک مجموعے کے برابر اپنا کلام چھوڑا ہے۔ اردو غزل کے صف اول کے شعرا میں ان کا شمار کیا جاتا ہے۔ اٹھارویں صدی کے افق شاعری پر اردو شاعری کے جن تابناک اور روشن ستارہ شعرا کا ظہور ہوا۔ ان میں میر تقی میر کے شانہ بہ شانہ سودا کا نام بھی بڑی اہمیت کا حامل ہے۔ سودا کی استادی، قادرالکلامی اور فن شاعری پر ان کی بے پناہ تعریف تقریباً اس عہد کے تمام تذکرہ نگاروں نے کی ہے۔ ان تذکرہ نگاروں میں سودا کے دوست اور معاصرین تو شامل تھے ہی۔ لیکن ان میں وہ تذکرہ نگار بھی شامل تھے جو ان کے مخالف تھے۔ سودا کی شاعری کا آغاز جس دور میں ہوا۔ وہ شمالی ہند میں اردو شاعری کا ابتدائی دور تھا۔ سراج علی خاں آرزو اور شاہ حاتم کے علاوہ ایہام گو شعرا نے اردو شاعری کی بنیاد رکھی تھی۔ اور اس غزل کو جو دیوان ولی کے ذریعے دلی میں وارد ہوئی تھی، اسے مزید نکھارنے اور اس کی نوک پلک درست کرنے کا کام شروع کر دیا تھا۔ مگر ابتدا ہی میں اردو شعرا ایہام کی پیچیدگیوں کا شکار ہو گئے اور جذبے و احساسات کی ترجمانی کے بجائے لفظی بازی گری میں مصروف ہو گئے۔ اس طرح ایک نئے طرز کی ایجاد تو ہوئی مگر غزل کا دامن وسیع ہونے کے بجائے سمٹنا شروع ہوا۔ اور لفظی بازی گری نیز الفاظ کے معنی قریب و بعید میں الجھ کر شاعری چیستاں بن کر رہ گئی۔

سودا کی شاعری اور بالخصوص ان کی غزل کا تقابل میر تقی میر سے کیا جاتا ہے۔ اس بات میں کوئی شک نہیں کہ میر کا مزاج اور تربیت غزل کو راس آ گئی۔ غزل کی لیے جس دروں بینی، جذب و کیف اور درد و حسرت کی

ضرورت ہوتی ہے۔ وہ میر کے مزاج میں بدرجہ اتم موجود ہے۔ علاوہ ازیں داخلی کیفیات واحساسات کی ترجمانی اور قلبی واردات کو نہایت دردانگیزی سے بیان کرنے کا ہنر میر کو خوب آتا تھا۔ ان کے غزل کی بمقابل سودا کی غزل میں وہ کیفیت نظر نہیں آتی۔ ان کی خوش مزاجی، خارجیت اور نشاط آمیز آہنگ نے ان کی غزل کا تانا بانا بالکل الگ انداز سے بنا ہے۔ مگر پھر بھی ہمارے ناقدین دونوں کا مقابلہ کرتے ہیں۔

شمالی ہند کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ اس میں داخلیت کا عنصر زیادہ ہے۔ جس کی بنیادی وجہ یہی معلوم ہوتی ہے کہ جب شمالی ہند میں اردو شاعری کی داغ بیل پڑ گئی۔ اس وقت حکومت کی بنیادیں ہل رہی تھیں۔ اس دوران کچھ لوگ تصوف کے شش محل میں پناہ گزین ہو گئے تھے اور کچھ لوگوں نے عیش وعشرت میں ڈوب کر زندگی کی تلخیوں کو بھلا دیا تھا۔ اس عہد کے صوفیا یا تصوف سے دلچسپی رکھنے والے عام طور پر وہ لوگ تھے جو اجتماعی زندگی سے رشتہ توڑ کر انفرادیت کو فروغ دینے کے قائل تھے۔ اردو شاعری میں شدید داخلیت انہی سماجی اور سیاسی حالات کی پیدا کردہ ہے۔ چوں کہ سودا کی داخلیت میں خارجیت کی بھی ہلکی سی چاشنی دکھائی دیتی ہے۔ ان کے ہاں ایسے اشعار کی تعداد نہیں ہے جن میں صرف داخلیت ہے۔ سودا کی غزل گوئی پر اظہار خیال کرتے ہوئے خلیق انجم نے بہت احتیاط سے کام لیا ہے۔ انہوں نے سودا کو ایک عظیم شاعر تو تسلیم کیا ہے۔ لیکن ایک عظیم غزل گو نہیں۔ لکھتے ہیں:

> ''سودا ایک عظیم شاعر تھے۔ لیکن ایک عظیم غزل گو نہیں۔ اگر ان کی متاع فن اور صرف غزل ہی ہوتی تو اہم غزل گو شاعروں میں ہوتا اور بس ان کی شہرت اور مقبولیت اور شاعرانہ عظمت کی اصل بنیاد قصیدہ گوئی اور ہجو گوئی کے ساتھ ساتھ اس حقیقت پر بھی ہے۔ کہ ان کے کلیات میں تقریباً جملہ اصناف سخن کے کامیاب نمونے موجود ہیں اور صف اول کے غزل گو نہ ہونے کے باوجود انہوں نے غزل کو بہت کچھ دیا ہے۔ اردو غزل میں '' خارجیت''، ''زور بیان'' اور ''نشاط آمیز لب ولہجہ'' انہی کی دین ہے۔''[۲۶]

مذکورہ اقتباس میں جہاں خلیق انجم نے سودا کی غزل گوئی کی خصوصیات کو بیان کیا ہے۔ وہیں انہوں نے اس بات کی طرف اشارہ بھی کیا ہے کہ بعض وجوہات کہ بنا پر سودا اپنے بعض ہم عصر شعرا کے برابر نہیں۔ اس طرح یہ بات صاف واضح ہو جاتی ہے کہ خلیق انجم کسی بھی فن پارے کا تجزیہ خوب کرنا جانتے تھے۔ لہذا انہیں نہ صرف تحقیق بلکہ تنقید پر بھی اچھی دسترس حاصل ہے۔ سودا کی غزل گوئی پر اسلم پرویز اظہار خیال کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

> ''میر اور سودا دونوں نے شعر کی جملہ اصناف میں طبع آزمائی کی ہے اور دونوں نے خوب کہا ہے۔ اسی لیے میر نے اپنے ساتھ ساتھ سودا کو بھی پورا شاعر مانا ہے۔ تاہم صورتِ حال یہ ہے کہ سودا کا قصیدہ میر کے قصیدے سے برتر ہے اور میر کی مثنوی سودا کی مثنوی سے بڑھی

> ہوئی ہے لیکن میرؔ کی غزل کی کیفیت اور کمیت دونوں کے اعتبار سے جہاں ہے سوداؔ وہاں نہیں پہنچتے۔'' ۲۷

سوداؔ کی غزلوں کے کامیاب ترین اشعار وہ ہیں جن میں یا تو عشق و عاشقی کے معاملات اور جذبات بیان کیے گئے ہیں۔ یا پھر جن میں انسانی زندگی کی بے ثباتی وغیرہ کا ذکر کیا گیا ہے۔ معاملات عشق و عاشقی اور جذبات میں سوداؔ رنگینی اور مضمون آفرینی کے قائل نظر آتے ہیں۔ اپنے محبوب کی توصیف و تعریف، اس کے حسن و جمال کا دنیا کی تمام تر حسین چیزوں سے موازنہ کرنا اور ان پر اپنے محبوب کے حسن و جمال کو فوقیت دینا سوداؔ کا محبوب ترین موضوع رہا ہے۔ سوداؔ کے اس مضمون کو شیخ چاند نے سب سے زیادہ اہمیت دی ہے۔ سوداؔ اپنے محبوب کو نئے نئے پہلو اور نت نئے زاویوں سے دیکھتے ہیں۔ اور اس کی ہر ادا میں نئی کیفیت اور ہر رنگ میں نئی کشش دیکھتے ہیں۔ سوداؔ نے اپنے محبوب کی جس طرح سے تعریف و توصیف کی ہے۔ اس پر اپنی تنقیدی رائے کا اظہار کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں:

> ''سوداؔ کے عشق کا بھرم اس وقت کھلتا ہے جب وہ اپنے محبوب کی تعریف کرتے ہیں۔ ان کے ہاں محبوب کا کوئی مکمل اور جامع تصور نہیں۔ انہوں نے محبوب کے جسم م بعض اعضا اور صفات کی مدح کی ہے مگر پورا کلیات پڑھنے کے بعد بھی ہمارا ذہن سوداؔ کے محبوب کی تصویر بنانے میں ناکام رہتا ہے۔'' ۲۸

سوداؔ کے ہاں ہمیں عشق کے بیشتر مضامین محض رسمی اور روایتی نظر آتے ہیں۔ ان کے عشق کا تصور وہی ہے جو اس زمانے میں مقبول رہا ہے۔ اس دور میں صوفیا کے ہاں مادی عشق کو بہت اہمیت و افادیت حاصل رہی ہے۔ کیوں کہ ان کے نزدیک یہ خدا تک پہنچنے کا ایک ذریعہ تھا۔ یہی وجہ ہے کہ وہ اپنے مریدوں کو عشق مجازی کی تلقین کرتے نظر آتے ہیں۔ تا کہ وہ خود کو عشق مجازی میں جلا کر خاک کریں۔ کیوں کے ان کے مطابق ایک انسان کو تب تک خدا تک پہنچنے کی تمنا کا کوئی حق نہیں ہے جب تک نہ وہ خود کو مادی عشق میں جلا کر خاک نہ کر دے۔ سوداؔ کے تصور عشق پر اظہار خیال کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں:

> ''ناممکن ہے کہ سوداؔ قتیل غمزہ عشوہ نہ رہے ہوں۔ لیکن ان کا عشق بھی لاکھوں انسانوں کی طرح معمولی عشق تھا۔ سوداؔ کا دل و دماغ عشق کے معمولی تجربات اور روایتی مضامین تک محدود ہے۔ اس لیے وہ اس مقام سے محروم ہیں جہاں عشق مادی کثافت کے پردے چاک کر کے حقیقت کا انکشاف کرتا ہے۔ اور عاشق کے دل میں ایک قدر کا نہیں بلکہ پوری کائنات کا درد سمو دیتا ہے۔ ان کے ہاں ماورائیت اور روحانی عشق کی جھلکیاں بھی نظر آتی ہیں۔ مگر یہ عشق صرف ذہن و فکر تک محدود ہے۔ جس کا عملی زندگی سے کوئی تعلق نہیں۔'' ۲۹

مذکورہ اقتباسات میں خلیق انجم نے اس بات کی پوری وضاحت کی ہے کہ سوداؔ کے مادی عشق میں وہ بلندی اور رفعت نہیں ہے جو ذہنی آسودگی کا ذریعہ بن سکے۔ان کا شعور صحت بند نہیں ہے۔اس لیے ان کے عشق میں وہ دردو کسک موجود نہیں ہے جو ہمیں تڑپا سکے اور جس کی وجہ سے ان کے اشعار ہمارے دل کی گہرائیوں کو چھو سکیں۔

غزل کے بمقابل مرزا محمد رفیع سوداؔ کی شہرت ومقبولیت اور اردو شاعری میں ان کے مرتبہ کمال پر فائز رہنے کا سبب ان کی قصیدہ نگاری ہے۔موضوع کے اعتبار سے قصیدہ کا دامن بہت وسیع ہے۔اس میں مختلف موضو عات پر طبع آزمائی کی جاسکتی ہے۔مناظر قدرت،مظاہر فطرت،مذہبی خیالات،معاشی بدحالی،سیاسی انتشار،شہر آشوب،موسم کی کیفیت وغیرہ قصیدے کے موضوعات ہو سکتے ہیں۔

اس حقیقت کا اعتراف تقریباً اردو کے ہر محقق اور ناقد نے کیا ہے کہ سوداؔ اردو کے سب سے بڑے قصیدہ گو شاعر ہیں۔ان کی قصیدہ نگاری کی عظمت کا اعتراف کرتے ہوئے مصحفی نے انہیں اپنے تذکرے میں ''اردو قصدے کا نقاش اول'' کہا ہے۔بعض تذکرہ نگاروں کی رائے کے مطابق سوداؔ کے قصائد عرفیؔ وخاقانیؔ اور انوریؔ کے پہلو بہ پہلو ہیں۔جب کہ بعض کا خیال ہے کہ سوداؔ اکثر میدانوں میں فارسی قصیدہ گوشعرا سے آگے نکل گئے ہیں۔سوداؔ کی قصیدہ نگاری پر اظہار خیال کرتے ہوئے رام بابو سکسینہ ''تاریخ ادب اردو'' میں لکھتی ہیں:

> ''ان کے اردو قصائد بڑے بڑے فارسی استادوں کے قصائد کے ٹکر کے ہیں۔اور بعض تو عرفیؔ وخاقانیؔ کے معرکہ الآرا قصیدوں کو بھلا دیتے ہیں۔نزاکت خیال اور طرفگیٔ مضامین میں وہ اکثر اہل عجم سے گویا سبقت لے گئے ہیں۔'' ۳۰

سوداؔ نے بڑی تعداد میں قصیدے تحریر کیے ہیں۔انہوں نے قصیدہ نگاری کے لیے فارسی کے قصیدہ نگاروں کو معیار بنایا ہے۔زبان وبیان اور شوکت الفاظ کے علاوہ انہوں نے فارسی کے نامور قصیدہ نگاروں کی زمینوں میں قصیدے کہے ہیں۔قصائد سوداؔ کی ایک خوبی یہ بھی ہے کہ انہوں نے اکثر قصائد کے عنوانات متعین کیے ہیں۔اس سلسلے میں بھی وہ فارسی شعرا کی تقلید کرتے نظر آتے ہیں۔سوداؔ نے اپنے قصائد کے چاروں اجزاء یعنی تشبیب،گریز، مدح اور خاتمہ کو اپنی فنی ذہانت سے اس طرح مربوط کیا ہے کہ کسی طرح کے آورد کا گمان نہیں ہوتا۔حالاں کہ قصیدے کی بنیاد آمد کے مقابلے میں آورد پر رکھی ہوئی ہے۔اس حیثیت سے قصائد سوداؔ اپنے معاصرین ومتاخرین میں ممتاز حیثیت ومقام کے حامل ہیں۔سوداؔ الفاظ کے بادشاہ تھے۔انہیں موقع ومحل کے مطابق الفاظ کے استعمال کا ہنر خوب آتا تھا۔چوں کہ قصیدے کا تعلق مشکل پسندی اور بلند آہنگ اسلوب نگارش سے ہے۔اس لیے سوداؔ نے بھی اپنے

قصائد کے لیے ایسی ہی زمینوں کا انتخاب کیا ہے جسے ان کی استادی اور قادرالکلامی ثابت ہو سکے۔ انہوں نے فارسی کی مروجہ زمینوں کے علاوہ سنگلاخ زمینیں بھی اختراع کی ہیں۔ قافیہ اور ردیف کے مشکل انتخاب نے انہیں اور بھی پیچیدہ کر دیا ہے۔ مگر حیرت ہوتی ہے کہ سودؔا نے ان زمینوں کو بھی اپنے قدرتِ بیان سے اعلیٰ اور عمدہ نمونے پیش کیے ہیں۔

سودؔا نے آنحضرت ﷺ، مذہبی پیشواؤں اور بزرگان دین کی شان میں بھی قصیدے کہے ہیں۔ ایسے قصائد مذہبی جوش اور عقیدت واحترام کی وجہ سے خاص اہمیت رکھتے ہیں اور مدحیہ اشعار میں بڑی حد تک صداقت و خلوص نظر آتا ہے۔ ایسے قصائد کی مدحیات تخیل کی بلند پروازی، جدت ادا، مضمون آفرینی اور زور بیان کی عمدہ مثالیں ہیں۔ مرزا محمد رفیع سودؔا کے قصائد کی خصوصیات کا تنقیدی جائزہ لیتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں:

> ''سودؔا اردو کے پہلے شاعر ہیں جنھوں نے قصیدہ نگاری کو باقاعدہ فن کی حیثیت سے انتہائی بلندی پر پہنچایا۔ سودؔا کے بعد اردو ادب کی تاریخ میں صرف ذوقؔ وہ شاعر ہیں جنہیں دوسرا بڑا قصیدہ گو کہا جا سکتا ہے۔ لیکن قصائد ذوقؔ میں وہ تنوع، نیرنگی، قدرت اظہار اور وہ پر شور انداز بیان نہیں ہے جو اچھے قصیدے کے لیے لازم ہے اور یہی وہ خصوصیات ہیں جنھوں نے سودؔا کو انفرادیت بخشی ہے۔ قصیدے کا انداز بیان دوسرے اصناف سخن سے مختلف ہوتا ہے۔ مضمون آفرینی، جوش بیان، پختگی کلام، مشکل زمینیں، شکوہ الفاظ، روانی وسلاست اور جدت ادا وغیرہ قصیدے کی خصوصیات ہیں۔ سودؔا کے قصائد میں یہ تمام خوبیاں موجود ہیں۔''
>
> ۳۱

مذکورہ اقتباس میں خلیق انجم نے جس طرح قصائد سودؔا کی خصوصیات کا تجزیہ کر کے اردو قصیدہ نگاری کی تاریخ میں سودؔا کے مقام ومرتبے کا تعین کیا ہے۔

قصیدے کی طرح مرزا محمد رفیع سودؔا ہجو نگاری میں بھی نقاش اول کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ابتدا میں ہجو فارسی میں کافی ترقی پذیر رہی ہے۔ جعفر زٹلی، عبدالجلیلؔ اور بعض دوسرے کئی ہجو نگاروں کی کافی شہرت ومقبولیت ہوئی ہے۔ لیکن کچھ تو زبان کی ناہمواری کی بنا پر اور کچھ قدرت کلام اور تخیل کی بلند پروازی کی کمی کی وجہ سے ان کی ہجویات کو سودؔا کی ہجویات کا ہم پلہ قرار دینا دشوار ہے۔ انوریؔ سے سودؔا نے ضرور اثر قبول کیا ہے مگر ریختہ میں اس اثر کو بہت کچھ ترقی دے کر پیش کیا۔

اگر دیکھا جائے تو عام طور پر ہجو نگاری میں تنگ خیالی شخصیت کا اظہار ہوتا ہے۔ لیکن جہاں تک ہجویات

سوداؔ کا تعلق ہے تو ان میں ایک کھلی فضا دیکھنے کو ملتی ہے۔ ان کی ہجویات میں حسد، جلن اور غصہ گھٹن کی شکل اختیار نہیں کرتا۔ بلکہ وہ ایک دانا دنیادار کی طرح حریفوں کی پگڑی اچھالتا بھی ہے اور ان پھبتیوں کی جی کھول کر داد بھی دیتا ہے۔

ہجویات سوداؔ کو دو حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ ایک وہ جو افراد کے خلاف لکھی گئی ہیں۔ ان ہجویات کی بنیاد ادبی، مذہبی یا ذاتی اختلافات پر قائم ہے۔ دوسری قسم کی ہجویات وہ ہیں۔ جن میں اس وقت کے پورے دور کے انحطاط کی تصویر کشی کی گئی ہو۔ ان ہجویات میں طنز کا وار زیادہ تیکھا ہوتا ہے۔ مزاح کی انتہا یہ ہے کہ اس سے بصیرت پیدا ہو اور بصیرت سے دردمندی پیدا ہوتی ہے۔ سوداؔ کی ان ہجویات میں بصیرت اور دردمندی دونوں نمایاں ہیں۔ سوداؔ کی ہجو نگاری کا ذکر کرتے ہوئے ڈاکٹر سہیل انور لکھتے ہیں:

> ''سوداؔ کی ہجویات سے نہ صرف سوداؔ کے متعلق بلیغ تجربے، مشاہدے اور ان کی ندرت بیانی کا علم ہوتا ہے بلکہ سوداؔ کی ہجویات، وسیع معلومات کا ایک ایسا آئینہ ہے جس میں سوداؔ کے دور کی متحرک تصویروں کا عکس بخوبی دیکھا جا سکتا ہے۔''۳۲

ہجویات سوداؔ سوداؔ کے بے پنا مشاہدے اور ہمہ جہت معلومات کی آئینہ دار ہیں۔ ان ہجویات میں عہد سوداؔ کی جیتی جاگتی تصویریں دیکھنے کو ملتی ہیں۔ قصیدے اور مثنویوں میں جن باتوں کی طرف صرف اشارے ممکن تھے۔ ان ہجویات میں ان کے بارے میں مفصل گفتگو کی گئی ہے۔ عہد سوداؔ کے رسم و رواج، معاشرت، شادی بیاہ، موت اور غم کی تصویریں، میلے ٹھیلے، دعوتوں کے ہنگامے وغیرہ غرض کہ ان ہجویات میں ہمیں عہد سوداؔ کی زندگی کا جیتا جاگتا مرقع نظر آتا ہے۔ ہجویات سوداؔ میں پیشہ ورانہ اصطلاحات، مختلف طبقوں کے مخصوص الفاظ اور لب و لہجہ اور کوچہ و بازار میں بولے جانے والے الفاظ بھی کثرت سے ملتے ہیں۔ ہجویات سوداؔ کا وہ حصہ توجہ طلب ہے جو افراد کے بجائے سماج کو اپنے طنز کا نشانہ بناتا ہے۔ سوداؔ نے ہجو گوئی کے لیے تقریباً تمام اصناف سخن استعمال کیے ہیں۔ غزل، قصیدہ، مثنوی، ترکیب بند، ترجیع بند، رباعی، قطعہ وغیرہ غرض کہ ہر صنف سخن میں ان کی ہجوئیں موجود ہیں۔ رشید حسن خان ہجویات سوداؔ پر اظہار خیال کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

> ''سوداؔ نے ان نظموں میں سیاسی و معاشی ابتری کو اس وضاحت کے ساتھ پیش کیا ہے کہ ایسی نظمیں تاریخی کہانیاں بن کر رہ گئی ہیں۔ ان کا طنزیہ انداز گفتگو اور ظریفانہ پیرایۂ گفتار ان نظموں میں زہریلا پن بھی پیدا کرتا ہے اور دلچسپی کے جوہر بھی بھر دیتا ہے۔''۳۳

ہجویات سوداؔ کی خصوصیات پر اپنی تنقیدی رائے کا اظہار کرتے ہوئے خلیق انجم اپنے کتاب ''مرزا محمد رفیع

سوداؔ‘‘ میں لکھتے ہیں:

’’سوداؔ نے ہجو گوئی کو باقاعدہ فن کی صورت دی۔ وہ اس فن کے امام ہیں۔ان سے پہلے اور ان کے بعد اردو میں کوئی اتنا بڑا ہجو گو نہ پیدا ہوسکا۔۔۔سوداؔ کے ہاں رچا ہوسماجی اشعور تھا۔ ان کے اکثر مربی وہ لوگ تھے جو صاحب اقتدار تھے۔ان کی صحبتوں میں رہ کر سوداؔ نے ملکی سیاست کو بہت قریب سے دیکھا تھا۔ان کی ہجوؤں کو بغور پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ سودا اپنے زمانے سے شدید نا آسودگی کا اظہار کررہے ہیں ۔ یہ دوسری بات ہے کہ ان کی نا آسودگی اور غم حقارت اور نفرت کے جذبے میں تبدیل ہوگیا ہے۔لیکن یہی جذبہ ان کی ہجو نگاری کا سرچشمہ ہے۔‘‘ ۳۴

ہجویات سوداؔ کا جائزہ لیتے ہوئے رشید احمد صدیقی نے لکھا ہے کہ سوداؔ کو ہجو و ہجا میں نہ صرف فعل تقدم حاصل ہے بلکہ ان کے کلام سے طنزیات کی بہترین صلاحیت و استعداد بھی نمایاں ہے۔بہترین طنز کی اساسی شرط یہ ہے کہ وہ ذاتی عناد و تعصب سے پاک اور ذہن وفکر کی بے لوث برہمی یا شگفتگی کا نتیجہ ہو۔اس معیار پر سوداؔ کی ہجوئیں تمام وکمال پوری نہیں اترتی۔تاہم اس خارستان میں بھی طنز و مضحکات کے ایسے نمونے ملتے ہیں جن میں ان کی زندہ دلی اور شگفتہ مزاجی کا ہمیں پوری طرح معترف ہونا پڑھتا ہے۔لہذا مذکورہ تمام بحث ومباحثے میں اس بات کی مکمل وضاحت ہوجاتی ہے کہ خلیق انجم ایک بہترین نقاد کا شعور رکھتے تھے۔

مرثیہ نگاری اردو شاعری کا بیش بہا خزانہ ہے۔اس میں غزل کی چاشنی وسادگی اور سوز وگداز،قصیدے کی شان وشوکت،مثنوی کا انداز بیان، رزم و بزم کی مرقع کشی،فطرت نگاری،انسانی رشتوں اور تعلقات کی ترجمانی اور حق و باطل وغیرہ کا بہترین بیان کیا جاتا ہے۔اردو میں مرثیہ نگاری محمد قلی قطب شاہ کے عہد میں شروع ہوئی اور اس صنف شاعری کی طرف دکن کے شاعروں نے بہت توجہ مبذول کی ہے۔دکنی مرثیہ نگاروں کی ایک اچھی تعداد ہے ۔البتہ شمالی ہند میں سوداؔ سے پہلے مرثیہ نگاروں کی تعداد بہت کم ہے۔ان مرثیہ نگاروں میں غلام مصطفیٰ خاں یک رنگؔ ،خواجہ مہربان الدین عاصمیؔ ،اعلیٰ علی،سید محمد تقیؔ،مرزا علی قلی ندیمؔ،میر عبداللہ، مسکینؔ،حزیںؔ، غمگینؔ،سکندرؔ وغیرہ کے نام قابل ذکر ہیں۔شمالی ہند میں صنف مرثیہ کا آغاز کب اور کس سے ہوا۔ یہاں پر اس بحث سے کوئی سروکار نہیں۔لیکن یہ حقیقت اپنی جگہ مسلم ہے کہ ادبی اعتبار سے عہد سوداؔ تک مرثیہ نے کوئی خاص ترقی نہیں کی تھی۔واقعات تسلسل اور ترتیب کے ساتھ ضرور نظم کئے جانے لگے تھے۔لیکن ان کا مقصد صرف رونا اور رلانا تھا۔اسے آگے مرثیہ نہیں بڑھ سکا تھا۔اس کی ظاہری ہیئت میں بھی بعض تبدیلیاں ہوچکی تھیں اور مرثیہ سلام وغزل کے طرز سے ہٹ کر مربع میں لکھے

جانے لگے تھے۔ لیکن اس صنف شاعری کو بہت اچھی نظر سے نہیں دیکھا جاتا تھا۔ بگڑا شاعر مرثیہ گو کی مثل عام تھا۔ ادب اور مذہبی عقیدت کی وجہ سے لوگ مرثیہ نگاری پر اعتراض نہیں کرتے تھے اور فن معائب پر مذہبی احترام کی وجہ سے پردا پڑا رہتا تھا۔ لیکن مرثیہ گوئی پر سوؔدا کا بنیادی اعتراض یہی تھا کہ مرثیہ گو شاعر فن شاعری کے اصول کی پابندی نہیں کرتے ہیں۔

مرثیہ گوئی میں سوؔدا کی اہمیت وافادیت اس لیے نہیں ہے کہ انہوں نے زیادہ مرثیے کہے ہیں یا ان کے مرثیوں میں بہت ادبیت دیکھنے کو ملتی ہے۔ اگر اس زاویہ نگاہ سے مراثی سوؔدا کا مطالعہ کیا جائے تو پڑھنے والے کو شاید مایوسی ہوگی۔ سوؔدا کو مرثیوں میں مرثیت کی جھلک بھی کم ہے۔ اس بات کا ذکر کرتے ہوئے خود سوؔدا نے رسالہ ''سبیل ہدایت'' میں کہا ہے کہ اس صنف شاعری میں شاعری کرنا مشکل کام ہے۔

سوؔدا نے ہمارے سامنے مرثیے کی وہ شکل پیش کی جس نے میر انیسؔ اور مرزا دبیرؔ کے زمانے میں ترقی کی اتنی منزلیں طے کر لی کہ آج اگر ان مرثیوں کو اردو ادب سے نکال دیا جائے تو اردو زبان وادب کا ایک سنہرا باب کم ہو جائے گا۔ صنف مرثیہ کو وسعت بخشنے کا سہرا انہی کے سر ہے۔

زمانہ سوؔدا تک مرثیہ شہادت کے حال یا غم انگیز واقعات سے شروع کیا جاتا تھا۔ ان مرثیوں میں کوئی تمہید نہیں ہوتی تھی۔ لیکن سوؔدا پہلے شاعر ہیں جنہوں نے اپنے بیشتر مراثی میں تمہید کی پابندی کا احتمام کیا ہے۔ انہی تمہیدوں میں تھوڑا بہت اضافہ کر کے بعد کے شعرا نے اسے چہرا بنا کر پیش کر دیا۔ مرثیہ نگاری میں منظر نگاری کو بھی آج بڑی اہمیت حاصل ہے۔ اگر مراثی سوؔدا کا جائزہ لیا جائے تو ہمیں معلوم ہوجاتا ہے کہ سوؔدا نے بڑے اچھے انداز میں مناظر فطرت اور موسم کی کیفیات وغیرہ کی تصویر کشی کی ہے۔ ان کے مرثیوں میں چہرے کی بڑی اہمیت ہے۔ آج مرثیہ کا مطالعہ کرتے وقت اس کے بہت سے اجزائے ترکیبی ہمارے پیش نظر رہتے ہیں اور انہی اجزائے ترکیبی کو مد نظر رکھ کر مرثیہ کے بارے میں کسی فیصلے یا رائے کا اظہار کیا جاتا ہے۔ لیکن جب ہم مراثی سوؔدا کا مطالعہ کرتے ہیں تو ہمیں اس بات کا علم ہوجاتا ہے کہ مرثیہ کے یہ اجزائے ترکیبی، جو انیسؔ و دبیرؔ کے یہاں پہنچ کر مرثیے کی روح قرار پائے، پہلی بار مراثی سوؔدا میں ہی نظر آتے ہیں۔ اس لیے کہا جاسکتا ہے کہ اس زمانے میں جب اردو مرثیے کے لیے کوئی اصول وضوابط متعین نہیں تھے، سوؔدا کے مرثیوں میں ان اصول وضوابط کا پایا جانا، جن کا تعین بعد میں ہوا، کسی کرامت سے کم نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ مراثی سوؔدا مرثیت کے لحاظ سے غیر اہم ہوتے ہوئے بھی اردو مرثیے کا ایک عظیم کارنامہ ہے۔ مراثی سوؔدا کی انہی خصوصیات کا تنقیدی جائزہ لیتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں:

> ''اردو مرثیہ نگاری کے ارتقا میں سوؔدا کی حیثیت اس سنگ میل کی ہے جو ایک واضح اور صاف راستے کے تعین میں مددگار ہوتا ہے۔سوؔدا نے مرثیہ نگاری ابتدا کی اور نہ ہی اسے انتہا پر پہنچایا ۔لیکن اس صنف سخن کی ہیئت اور مواد میں ان کے تجربات بہت اہم اور تاریخی حیثیت رکھتے ہیں۔ضمیؔر، خلیقؔ اور بعد کے عظیم مرثیہ گو شعرا انیسؔ و دبیؔر نے سوؔدا سے بہت کچھ حاصل کیا ہے۔۔۔۔سوؔدا کے ابتدائی مرثیے فن کے کچھ اچھے نمونے نہیں تھے۔لیکن کچھ ہی عرصہ میں سوؔدا نے اس فن پر کمال حاصل کرلیا اور اپنے تمام معاصر مرثیہ گو شعرا پر سبقت لے گئے۔سودا سے قبل مرثیے غزل کے انداز پر مربع یا چو مصرعے کہے جاتے تھے۔سوؔدا نے مرثیے کی تکنیک میں گونا گوں تجربات کئے۔ان کے ہاں مرثیے کی حسب ذیل صورتیں ملتی ہیں۔ منفرد، مستزادہ، مستزاد منفردہ، مثلث، مثلث مستزاد، مربع، مربع مستزاد، مخمس تھکیب بند، مخمس ترجیع بند، مسدس، مسدس ترکیب بند، دھرہ بند، مرثیہ دوازدہ مصرع دہرہ۔بعض حضرات کا خیال ہے کہ مرثیہ کو پہلی بار جس نے مسدس کی شکل دی وہ سوؔدا ہیں۔'' ۳۵

مذکورہ عبارت میں خلیق انجم نے جس خوبی سے مراثی سوؔدا کا جائزہ پیش کیا ہے۔اسے خلیق انجم کے بہترین ناقد ہونے کی تصدیق ہو جاتی ہے۔کیوں کہ خلیق انجم نے مراثی سوؔدا کی جو خصوصیات بیان کی ہیں اردو کے دوسرے محققین و ناقدین نے بھی تقریباً مراثی سوؔدا کی انہی خصوصیات کی نشان دہی کی ہے۔

ہیئت کے اعتبار سے شہر آشوب کی تعریف کرنا آسان نہیں۔کیوں کہ کسی بھی عہد میں اس کی کوئی حد بندی نہیں رہی ہے۔رباعی، مثنوی، مخمس، مسدس وغیرہ سب میں شہر آشوب ملتے ہیں۔شمالی ہند کے ابتدائی شعرا کے جو شہر آشوب دستیاب ہوئے ہیں۔ان میں مختلف طبقات کی اقتصادی بدحالی کا تذکرہ ملتا ہے یا کسی سیاسی حادثے کا یا پھر ماضی کی خوش حالی، عیش و عشرت، مالی آسودگی اور ذہنی سکون کا۔اردو کے کئی ادیبوں نے شہر آشوب کی تعریفیں کی ہیں ۔ڈاکٹر سید عبداللہ شہر آشوب کی تعریف کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

> ''دراصل کسی نظم کا شہر آشوب کی صف میں شامل ہونا اس بات پر موقوف ہے کہ اس میں چند بنیادی اوصاف اور شرائط موجود ہوں۔اولین شرط اس نظم کی یہ ہے کہ اس میں کسی شہر (یا ملک) کے مختلف طبقوں کا تذکرہ ہو۔علی الخصوص کاری گروں اور پیشہ وروں کا ذکر ،دوسری صفت اس نظم کی یہ ہے کہ اس میں اقتصادی اختلال یا کسی حادثے کی وجہ سے سیاسی اور مجلسی پریشانی کا ذکر ہو، ابتدائی زمانے کے شہر آشوبوں پر پہلی صفت غالب تھی۔مگر بعد میں دوسری صفت بھی شہر آشوب کے ساتھ لازم ہوگئی۔'' ۳۶

سوؔدا کے شہر آشوب اس زوال آمادہ زندگی کی مکمل تصویر پیش کرتے ہیں جس میں وہ وہ رہے تھے۔جن پر

اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں:

''سودا کے یہ شہر آشوب اس عہد کی سیاسی اور سماجی زندگی کا آئینہ ہیں۔ یہ ٹھیک ہے کہ سودا کے زور بیان اور قوت متخیلہ نے ان میں ضرورت سے زیادہ مبالغہ آمیزی کی ہے۔ لیکن ہجو گوئی اسی بنیادی مبالغہ پر ہوتی ہے۔''[۳۷]

مذکورہ اقتباس میں خلیق انجم نے جہاں اس بات کی نشان دہی کی ہے کہ سودا کے شہر آشوب اس زمانے کی زوال آمادہ زندگی کی مکمل ترجمانی کرتے ہیں۔ وہیں انہوں نے اس بات کی طرف اشارہ بھی کیا ہے کہ سودا نے ان شہر آشوبوں میں زیادہ مبالغہ آمیزی سے کام لیا ہے۔ چوں کہ ایک ناقد کا کام کسی فن پارے کی قدر و قیمت متعین کرنا ہوتا ہے۔ اس کی خوبیوں اور خامیوں دونوں کو اجاگر کرنا نہ کہ محض تنقیص یا خوبی بیان کرنا۔ مذکورہ عبارت میں خلیق انجم نے جس انداز سے سودا کے شہر آشوب کی کوتاہیوں کی نشان دہی کرتے ہوئے اس کی خوبیوں کا اعتراف کیا ہے۔ اسے صاف واضح ہوجاتا ہے کہ انہیں نہ صرف تحقیق بلکہ تنقید کی بھی اچھی پرکھ تھی۔ اس لیے اس بات دورائیں نہیں کہ خلیق انجم ایک بہترین محقق ہونے کے ساتھ ساتھ ایک قابل احترام نقاد بھی تھے۔

لفظ ''مثنوی'' عربی زبان کے لفظ ''مثنیٰ'' سے بنا ہے جس کے معنی دو کے ہیں۔ اصطلاح میں بیت کے لحاظ سے مثنوی ایسی صنف سخن اور مسلسل نظم کو کہتے ہیں۔ جس کے ہر شعر کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوں اور ہر دوسرے شعر کے بعد قافیہ بدل جائے۔ لیکن ساتھ ہی اس بات کا خیال رکھنا بھی لازمی ہے کہ ساری مثنوی ایک ہی بحر میں ہو۔

اردو میں مثنوی نگاری کی ابتدا دکن سے ہوئی ہے۔ یہاں نویں صدی ہجری میں نظامی نے ''کدم راؤ پدم راؤ'' نامی ایک عشقیہ مثنوی لکھی ہے۔ بعد کے زمانے میں میراجی شمس العشاق نے کئی مثنویاں اپنی یادگار چھوڑی ہیں۔ ان کی تمام مثنویوں میں تصوف کے مسائل کو بیان کیا گیا ہے۔ دسویں صدی ہجری کے شروع میں اشرف بیابانی نے مثنوی ''نوسرہار'' لکھی ہے۔ اسی عہد میں برہان الدین جانم نے بھی کئی مثنویاں لکھی ہیں۔ اس کے بعد گیارھویں صدی ہجری میں عبدل، وجہی، غواصی اور نصرتی وغیرہ جیسے شعرا نے اس میدان میں کارہائے نمایاں انجام دیے ہیں۔ بارھویں صدی ہجری کے آغاز میں شمالی ہند میں اردو شاعری کا آغاز ہوا اور ابتدا ہی سے یہاں مثنویوں کے اچھے نمونے پیش کیے جانے لگے۔ شمالی ہند کے ابتدائی مثنوی نگاروں میں جعفر زٹلی، نواب صدرالدین فائز، شاہ مبارک آبرو اور شاہ حاتم وغیرہ جیسے حضرات کے نام قابل ذکر ہیں۔ مرزا محمد رفیع سودا اور میر تقی میر نے بھی اس صنف شاعری کی طرف توجہ کی ہے۔

مرزا محمد رفیع سوؔدا نے مختلف موضوعات پر مثنویاں لکھی ہیں۔ان کی مثنویوں کو مختلف موضوعات کے تحت تقسیم کیا جا سکتا ہے۔جیسے ہجویہ، تمہیدیہ، مدحیہ، اخلاقیہ، عشقیہ وغیرہ۔لیکن جو دسترس اور عبور انہیں دیگر اصناف شاعری پر حاصل تھا۔وہ دسترس انہیں مثنوی نگاری پر نہیں تھی۔سوؔدا کی مثنوی نگاری کا تنقیدی جائزہ لیتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں:

> ''میرؔ نے اگرچہ مختلف موضوعات پر مثنویاں لکھی ہیں مگر شہرت اور مقبولیت عشقیہ مثنویوں کو سب سے زیادہ ملی۔قائمؔ، مصحفیؔ اور راسخؔ عظیم آبادی نے میرؔ کی مثنویوں کی تقلید کی ہے ۔جس کی وجہ صرف یہ ہے کہ میر کی غزل میں جو دردوں بنی، سوز و گداز، خستگی، درد و غم کی دھیمی دھیمی آنچ ہے وہی کچھ مثنوی میں بھی موجود ہے۔سوؔدا اس شدید داخلیت سے محروم رہے تھے۔اس لیے وہ کوئی قابل تقلید مثنوی تصنیف نہ کر سکے۔''۳۸

مذکورہ عبارت میں خلیق انجم نے صاف واضح کیا ہے کہ سوائے مثنوی کے سوؔدا تقریباً تمام اصناف سخن پر قادر تھے۔جسے خلیق انجم کے تنقیدی شعور کی مکمل عکاسی ہو جاتی ہے۔

واسوخت اردو شاعری کی ایک صنف ہے، جس سے مراد بیزاری ہے۔واسوخت فارسی کے توسط سے اردو میں داخل ہوئی ہے۔فارسی میں وحشی یزدانؔی کو پہلا واسوخت نگار کہا جاتا ہے۔وحشی یزدانؔی نے اس کا عنوان مسدس اور مثمن دیا تھا۔لیکن اردو میں واسوخت نگاری کی ابتدا پہلے ہوئی اور واسوخت اس کا نام بعد میں پڑا۔اردو میں بھی اسے عام طور پر مسدس اور مثمن کی ہیئت میں لکھا جاتا ہے۔واسوخت نظم کی وہ قسم ہے۔جس میں شاعر اپنے محبوب کی بے وفائی، تغافل اور رقیب کے ساتھ اس کے تعلق وغیرہ کی شکایت کرتا ہے۔اور ساتھ ہی اپنا واسطہ کسی اور محبوب سے ظاہر کر کے اس کو دھمکاتا ہے۔ جہاں تک اردو کے پہلے واسوخت نگار کا تعلق ہے تو اس سلسلے میں اردو کے زیادہ تر محققین و ناقدین اس بات پر متفق ہیں کہ واسوخت کی صنف میرؔ و سوؔدا کے دور میں مقبول ہوئی۔مولانا محمد حسین آزاؔد نے واسوخت میں اولیت کا سہرا میرؔ کے سر باندھا ہے۔میرؔ کے علاوہ سوؔدا نے بھی بڑے خوبصورت پیرائے میں اس صنف میں طبع آزمائی کی ہے۔ان کا صرف ایک واسوخت ہے جو ترکیب بند کی ہیئت میں ہے۔اس کے ہر بند کے تین شعر اردو اور آخری شعر فارسی کا ہے۔انہوں نے محبوب کی بے وفائی اور عاشق کے اضطراب کو عام فہم انداز میں پیش کیا ہے۔چوں کہ قصیدے اور مرثیے کی طرح اس کے بھی اجزائے ترکیبی مخصوص ہیں۔لیکن سوؔدا کے واسوخت میں ان تمام اصول وضوابط کی پابندی نہیں ملتی جن کا ہونا ایک واسوخت کے لیے لازمی ہے۔ممکن ہے کہ جس وقت

سوداؔ نے یہ واسوخت کہا ہے اس وقت واسوخت کے اجزا متعین نہیں  ہوئے ہوں اوران کا اطلاق بعد میں ہوا ہو ۔سوداؔ کے واسوخت کا جائزہ لیتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں:

> ’’سوداؔ نے بھی ایک واسوخت کہا تھا لیکن اس کے اجزائے ترکیبی وہ نہیں ہیں جو اوپر بیان کئے گئے ۔ نہ صرف سوداؔ بلکہ اس عہد کے کسی بھی شاعر کے ہاں ایسا واسوخت نہیں ملتا جس میں یہ تمام اجزائے ترکیبی موجود ہوں۔‘‘ ۳۹

خلیق انجم نے جس انداز سے مذکورہ اقتباس میں سوداؔ کے واسوخت پر اظہار خیال کرتے ہوئے اس عہد کے دوسرے واسوخت نگاروں کا تبصرہ کیا ہے۔ اسے واضح ہو جاتا ہے کہ اپنی رائے قائم کرنے سے پہلے خلیق انجم کافی مطالعہ کرتے تھے۔ جو کہ ایک اچھے نقاد ہونے کی پہچان ہے۔ اس لیے یہ کہنا غلط نہیں کہ خلیق انجم محقق ہونے کے ساتھ ساتھ ایک اچھے نقاد بھی تھے۔

رباعی اردو اور فارسی شاعری کی ایک اہم صنف ہے۔ لیکن اسے وہ مقبولیت حاصل نہیں ہوسکی جو غزل، قصیدہ، مثنوی اور مرثیہ کو ہوئی ہے۔ رباعی کا ایک نام دوبیتی بھی ہے۔ چوں کہ بیت کے معنی شعر کے ہیں۔ اس لیے دو بیتی کے معنی ہوئے دو شعروں والی نظم۔ عربی میں ربع کے معنی چار کے ہیں۔ رباعی میں چوں کہ چار مصرعے ہی ہوتے ہیں اس لیے چار مصروں والی نظم کا نام رباعی ہو گیا۔ اس کا پہلا دوسرا اور چوتھا مصرعہ ہم قافیہ یا ہم قافیہ وہم ردیف ہوتا ہے۔ اس کی خاص شناخت یہ ہے کہ اس کے لیے ایک خاص بحر مقرر ہے۔ اس کے چوبیس ارکان مقرر ہیں۔ کسی بھی رباعی کے تمام مصرعے ان چوبیس ارکان میں سے کسی بھی ایک وزن میں ہو سکتے ہیں یا پھر ہر مصرعہ مختلف وزن میں ہوسکتا ہے۔

فارسی میں ابوسعدؔ، ابوالخیرؔ، عمر خیامؔ اور شاہ سرمدؔ کو اس میدان میں خاص مقبولیت رہی ہے۔ دکنی اردو میں محمد قلی قطب شاہ، ملا وجہیؔ، غواصیؔ، شاہیؔ، نصرتیؔ، ولیؔ وغیرہ شعرا کی رباعیاں ملتی ہیں۔ شمالی ہند میں اٹھارویں صدی شعرا کے یہاں بیشتر رباعیاں ملتی ہیں۔ مرزا محمد رفیع سوداؔ نے بھی اس صنف سخن میں طبع آزمائی کی ہے۔ ان کے کلیات مطبوعہ مصطفائی میں لگ بھگ اسی (80) رباعیاں ملتی ہیں۔ ان رباعیوں میں بقول خلیق انجم بعض مقامات پر رباعی کی مقررہ بحروں سے انحراف نظر آتا ہے۔ ان رباعیوں کا موضوع وہی ہے جو عام طور پر ان کے پیش رووں کی رباعیوں کا ہے۔ سوداؔ نے سب سے زیادہ عشقیہ رباعیاں کہی ہیں۔ بعض رباعیوں میں انہوں نے مذہبی رواداری، دنیا کی بے ثباتی، قناعت اور صبر واستقلال کے مضامین بھی بیان کئے ہیں۔ سوداؔ نے ان رباعیوں میں انہی مضامین کو

بیان کیا ہے جو ان کی غزل کے ہیں۔ ان رباعیوں کی خوبی صرف سوؔدا کا انداز بیان ہے۔ سوؔدا کی رباعیوں پر اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں:

''سوؔدا کی رباعیاں دوسرے اور تیسرے درجے کی ہیں۔ ان میں وہی باتیں کی گئی ہیں جو سوؔدا غزل میں کہتے ہیں۔''[۲۴]

جب ہم رباعیات سوؔدا کا بغور مطالہ کرتے ہیں تو یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ خلیق انجم کی مذکورہ رائے ان پر نافذ ہو جاتی ہے۔

غزل ابتدا سے ہی اردو شاعری کی نہایت محبوب اور مقبول ترین صنف رہی ہے۔ اگر یہ کہا جائے تو کچھ بے جا نہیں کہ اردو شاعری کے ہر دور میں اس کی محبوبیت برقرار رہی ہے۔ اردو کے تقریباً تمام بڑے شاعروں نے اپنے بہترین مشاہدات اور تجربات اس میں پیش کئے ہیں اور اپنی فن کاری اور ہنرمندی کو پوری طرح استعمال میں لاتے ہوئے اس کی شکل وصورت سنوارنے اور نکھارنے کی سعی کی ہے۔ لیکن اس حقیت سے بھی انکار ممکن نہیں کہ اردو شاعری میں ایک وقت ایسا بھی ایسا جب زوال آمادہ ماحول کے در پردہ چند کم سواد اور بدذوق شعرا نے اس حسین و جمیل صنف کی شکل وصورت ہی بگاڑ کر رکھ دی۔ ان حضرات کے پست اور متبدل خیالات اور ان کی سخن سازی نے بلا شبہ اس کا وجود خطرے میں ڈال دیا تھا۔ لیکن پھر حالؔی کی فکرمندی اور حسرؔت کے عمل نے اسے حیات نو بخشی۔

حسرت موہاؔنی بیسویں صدی عیسوی کی ایک کثیر الجہات شخصیت ہیں۔ ان کا شمار ان شعرا میں کیا جاتا ہے جو غزل دشمن تحریک کے مقابل صفِ آرا ہوئے۔ حسرؔت نے زیادہ تر غزلیں کہی ہیں۔ انہوں نے ایک نئے انداز سے غزل کہہ کر فرسودہ مضامین کو نئی آواز اور توانائی کے ساتھ پیش کیا، اور اس طرح غزل ایک بار پھر عام وخواص میں مقبول ومعروف ہوئی۔ گویا کہ انھوں نے غزل کو ایک نئی زندگی بخشی۔ کلام حسرؔت کے مطالعے سے معلوم ہوجاتا ہے کہ ان کے کلام میں دبستان لکھنؤ اور دبستان دہلی کا حسین امتزاج موجود ہے۔ ابتدا میں انہوں نے اردو کے مختلف اصناف سخن قصیدہ، قطعات، نظمیں وغیرہ پر بھی طبع آزمائی کی۔ چند انگریزی نظموں کے ترجمے بھی کئے۔ لیکن ابتدائی مشق کی یہ یادیں انہوں نے نظر ثانی کے بعد اشاعت کے قابل نہیں سمجھیں اور انہیں ضائع کردیا۔ اس لیے کہ انہیں غزل کے علاوہ کوئی دوسری صنف سخن راس نہیں آئی۔ جس کا اعتراف انہوں نے خود بھی کیا ہے۔ کلام حسرؔت کے مطالعے سے یہ بات بھی واضح ہو جاتی ہے کہ انہوں نے اس صنف سخن کا انتخاب محض رسمی و روایتی طور پر نہیں بلکہ سوچ سمجھ کر اور اپنے موضوع اور طرز اظہار کی مناسبت کیا تھا۔ انہوں نے شعوری طور پر اس کی طرف توجہ کی اور اس کی روا

یت کو سمجھا تھا۔ مختلف اسالیب کا گہرا مطالعہ کرنے کے بعد انہوں نے اس صنف سخن کو منتخب کیا۔ حسرت موہانی کی شاعری کا ذکر کرتے ہوئے ایم۔ حبیب خاں لکھتے ہیں:

''اردو غزل کو اپنے پیش رو کے بعد حسرتؔ ہی نے زندہ کیا اور اس کو نیا آہنگ اور لب ولہجہ دیا۔ انہوں نے جدید غزل کے نئے اصول وضع کئے اور تغزل کی صحیح راہ متعین کی۔ وہ جدید غزل کے صحیح معنوں میں رمز شناس ہیں۔''[۴۱]

غزل سے حسرتؔ کی رغبت اور مناسبت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ انہوں نے اس زمانے میں صنف غزل کو سینے سے لگایا جب اردو شاعر اور نقاد اسے رجعت پسندی اور محض تفنن طبع کا ذریعہ سمجھتے تھے۔ بیسویں صدی کے اوائل میں نئے اصناف ادب تخلیق کیے جا رہے تھے۔ غزل کی بگڑی ہوئی کیفیت نے اس کی طرف سے لوگوں میں بدگمانیاں پیدا کر دی تھیں۔ لیکن حسرتؔ اپنے زمانے کی جدید تر جدید تحریکوں کے حامی اور علمبردار ہونے کے باوجود غزل کی اہمیت اور افادیت کے قائل تھے۔ غزل کی قدامت کے باوجود انہیں اس کی سحر کاری کا احساس تھا۔ اس طرح دوسرے اصناف ادب کے بجائے غزل کا انتخاب کرنا حسرتؔ کے فنکارانہ شعور کی دلالت پیش کرتا ہے۔ اس ضمن میں اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں:

''حسرتؔ صفِ اول کے غزل گو تھے۔ اگرچہ انہوں نے مختلف اصناف سخن میں طبع آزمائی کی ہے۔ لیکن بنیادی طور پر وہ غزل ہی کے شاعر تھے۔ بیسویں صدی کے اوائل میں جن شاعروں نے اردو غزل کو نئی توانائی اور طاقت بخشی ان میں حسرتؔ کا نام سرفہرست ہے۔''
[۴۲]

مذکورہ عبارت میں حسرت موہانی کی غزل گوئی پر اظہار خیال کرتے ہوئے خلیق انجم نے اپنی ناقدانہ صلاحیت کا بہترین نمونہ پیش کیا ہے۔

حسرتؔ کی یہ عظمت تھی کہ انہوں نے اپنی ساری زندگی درویشانہ انداز میں گذار دی۔ یا اگر یوں کہا جائے کہ ان کی زندگی کا بڑا حصہ غریبی اور مفلسی میں گزرا تو کچھ غلط نہیں۔ یہ غریبی اور مفلسی ان کی مجبوری نہیں بلکہ بخوشی حاصل کی ہوئی تھی۔ لیکن وہ تلون مزاج تھے۔ شاید اسی لیے ان کے بعض سوانح نگاروں نے ان کے بارے میں اپنی آرائیں بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ ان میں دوسروں کو اپنی طرف کھینچنے کی کیفیت نہیں تھی۔ خلیق انجم حسرت موہانی کے بعض سوانح نگاروں کا جائزہ لیتے ہوئے لکھتے ہیں:

''حسرتؔ نے میدان سیاست میں ایسی بے مثال قربانیاں دی تھیں اور قید و بند کی ایسی سخت ترین مشقتوں سے گزرے تھے کہ ان کے سوانح نگاروں نے ان کے بارے میں مبالغہ آمیز

باتیں کہیں اور پڑھنے والوں نے انہیں تسلیم کرلیا۔ کچھ لوگوں نے البتہ دبے لفظوں میں حسرتؔ کی شخصیت کی کمزوریوں کی نشاندہی کی ہے۔''۴۳

مذکورہ عبارت میں خلیق انجم نے حسرت موہانیؔ کے سوانح نگاروں پر جس طرح اپنی رائے کا اظہار کیا ہے ۔اسے صاف واضح ہوجاتا ہے کہ انہیں ادب کے ساتھ ساتھ شخصیت کے مقام ومرتبے کا تعین کرنا بھی خوب آتا تھا۔

حسرت موہانیؔ برصغیر ہند و پاک کی جنگ آزادی کے ایک ایسے دلیر اور منفرد مرد مجاہد ہیں۔ جو ہر جگہ انجام سے بے نیاز ہوکر بے خوف وخطر اپنے خیالات کا اظہار کرتے تھے۔ وہ برطانوی حکومت کے خلاف مسلسل جدوجہد کرتے رہے۔اس سلسلے میں انہیں کئی بار جیل جانا پڑا۔قید وبند کی مشقتیں برداشت کرنی پڑیں۔لیکن وہ مسلسل اپنے عقیدے پر قائم رہے۔انہوں نے کبھی بھی برطانوی حکومت کے سامنے گردن نہیں جکائی۔ یوں تو حسرتؔ کئی بار جیل گئے اوران کی زندگی کا کافی عرصہ جیل میں گزرا۔لیکن پہلی بار وہ جون 1908ء میں حکومت سے بغاوت کے الزام میں گرفتار کرلیے گئے۔ یہ وہ زمانہ تھا جب انہوں رسالہ ''اردوئے معلی'' میں ایک مضمون بعنوان ''مصر میں انگریزوں کی تعلیمی پالیسی'' چھاپا تھا۔اس مقالے پر مصنف کا نام ''راقم ایک طالب علم ازعلی گڑھ'' دیا گیا تھا۔بعض حضرات نے اس مقالے کے مصنف کا نام مشہور شاعر اقبال سہیلؔ بتایا ہے۔اس مضمون میں مصر میں انگریزوں کی تعلیمی پالیسی پر بحث کی گئی ہے،جیسا کہ مقالے کے نام سے ہی ظاہر ہوجاتا ہے۔لیکن انگریزوں نے اس مقالے پر بغاوت کا الزام عائد کیا ہے،اوراسے چھاپنے کی پاداش میں حسرتؔ کو گرفتار کرلیا گیا۔اس بارے میں ڈاکٹر اسلم فرخی لکھتے ہیں:

''مولانا حسرتؔ ''اردوئے معلی'' میں ہرطرح کے مضمون شائع کرتے تھے۔ادبی مضمون بھی چھپتے تھے ۔ سیاسی مضمون بھی چھپتے تھے ۔ ایک دفعہ ایک مضمون شائع ہوا۔''مصر میں انگریزوں کی تعلیمی پالیسی''،مضمون تھا سخت،انگریزوں کی پالیسی کی خرابیاں ظاہر کی گئی تھیں ۔انگریزوں نے اس مضمون کو بہانا بنا کر مولانا پر مقدمہ دائر کردیا۔ ۔ ۔مقدمہ چلا جج نے بغاوت کے جرم میں مولانا کو دوسال کی سزا دی اور پانچ سو روپے جرمانہ کیا۔''۴۴

اس مقالے کا جائزہ لیتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں:

''یہ مضمون حکومت کی نظر میں باغیانہ قرار پایا۔اس کی بنیاد پر ۲۳ جون ۱۹۰۸ء کو حسرتؔ کو بغاوت کے الزام میں گرفتار کرلیا گیا۔ میں نے یہ مقالہ خود پڑا ہے اور اس میں کوئی ایسی باغیانہ بات نہیں ہے۔جس کی بنیاد پر اڈیٹر کو گرفتار کیا جاسکتا ہو۔ یہ دراصل اسی مہم کا حصہ تھا، جو برطانوی حکومت نے باغی آوازوں کو دبانے کے لیے شروع کی تھی۔''۴۵

حسرت موہانیؔ چوں کہ ''اردوئے معلی'' کے اڈیٹر تھے،اس لیے ان پر اس مقالے کو چھاپنے کی پاداش میں

گرفتار کرلیا گیا۔خلیق انجم نے مذکورہ عبارت میں اسی مقالے کا جائزہ لیتے ہوئے لکھا ہے کہ اس مقالے میں کوئی ایسی بات بیان نہیں کی گئی ہے، جسے باغیانہ قرار دیا جائے۔ چوں کہ اگر دیکھا جائے تو خلیق انجم نے اس مقالے کے بارے میں جو رائے قائم کی ہے وہ درست ہے۔ کیوں کہ حالات حاضرہ پر اظہار خیال کرنا ہی ایک مصنف یا ادیب وشاعر وغیرہ کا کام ہوتا ہے۔لیکن اگر ہم اسی مضمون کو دوسرے زاویے سے دیکھیں گے تو اس بات کا اندازہ لگانہ مشکل نہیں ہے کہ مذکورہ مضمون میں حکومت برطانیہ کی چال بازیوں اور عام عوام الناس کو چوکنہ رہنے کا بھی اشارہ کیا گیا ہے۔جو کہ باغیانہ ہے۔ کیوں کہ جب کوئی طاقتور قوم کسی کمزور قوم پر حکومت کرنا چاہتی ہو، تو براہ راست یا بالواسط طاقتور قوم کی چال بازیوں پر اپنی ذہانت اور ہوشیاری کا اظہار کرنا حکومت کے خلاف سوچی سمجھی چال اور بغاوت تصور کی جاتی ہے۔لہذا راقم کا قیاس ہے کہ خلیق انجم نے مذکورہ بیان میں جانبداری سے کام لیا ہے۔ جو کہ ایک اچھے ناقد کی نشانی نہیں ہے۔

غزل گوئی کے ساتھ ساتھ حسرت موہانی نے تنقید بھی کی ہے۔ان کے یہاں نظریاتی اور عملی دونوں قسم کی تنقیدیں موجود ہیں۔اس کی تالیف ''نکات سخن'' نظریاتی تنقید کے بارے میں ہے۔ جب کہ ان کے عملی تنقید کے نمونے ان کے رسالے ''اردوئے معلیٰ'' کے ''تذکرۃ الشعرا'' کے عنوان میں ملتے ہیں۔حسرت کی تنقید نگاری کو جہاں اردو کے دوسرے ناقدین نے سراہا ہے۔ وہیں خلیق انجم نے بھی ان کی تنقید نگاری کا جائزہ لیا ہے۔لکھتے ہیں:

> ''حسرت نے اردو اور فارسی کے کلاسیکی ادب کا گہرا مطالعہ کیا تھا۔چوں کہ ذہین انسان تھے ،اس لیے ان میں ایک غیر معمولی تنقیدی نظر پیدا ہوگئی تھی۔ان کے زمانے سے بہت قبل مغربی تنقید اردو ادب پر چھا گئی تھی۔انگریزی تنقید کے ترجمے اردو تنقید کا حصہ بننے لگے تھے ۔مغربی تنقید کا وہ گز ایجاد ہو چکا تھا، جس سے اردو کے تخلیقی ادب کو ناپا جاتا ہے۔حسرت علی گڑھ کے گریجویٹ تھے۔ظاہر ہے کہ ان کی انگریزی بہت اچھی تھی۔انہوں نے انگریزی نظموں کے اردو میں ترجمے کیے تھے لیکن وہ اس راز سے واقف تھے کہ مشرقی ادب کا مشرقی تنقید ہی کی روشنی میں جائزہ لیا جا سکتا ہے۔اسی لیے انہوں نے خود اعلیٰ درجے کی شاعری کی۔اردو کے کلاسیکی شاعروں کے انتخابات شائع کیے اور زبان اور تنقید کے مسائل پر کتابیں لکھیں۔''۴۶؎

حسرت کی تنقید نگاری کا آغاز علی گڑھ کی طالب علمی کے زمانے میں ہوا۔ ہندوستان کی جنگ آزادی کے دوران انہوں نے جو زندانی ادب تخلیق کیا۔اس میں ''نکات سخن'' بھی شامل ہے۔ جب دوسری بار حسرت موہانی گرفتار کر لیے گئے۔اس دوران انہوں نے ''نکات سخن'' لکھی۔ چناں چہ بہت عرصہ تک انہیں اس پر نظر ثانی کا موقع

نہیں ملا۔لیکن جب وہ تیسری بار جیل گئے ۔اسی دوران انہوں نے اس پر نظر ثانی کی ۔اس کتاب کو انہوں ''اردوئے معلیٰ''، میں (دوسری بار جاری کرنے کے بعد) قسطوں میں شائع کیا۔ یہ کتاب پانچ ابواب پر محیط ہے۔ ہر باب کی کئی فصلیں ہیں،اور ہر فصل کے کئی عنوانات ہیں۔ جب اس کتاب کا ایک باب ''اردوئے معلیٰ'' میں چھپ جاتا تھا۔ تو حسرت موہانی اسے کتابی شکل میں شائع کر دیتے تھے۔لیکن اس کتاب کے صرف چار ابواب ہی کتابی صورت میں شائع ہو چکے ہیں۔ پانچواں باب ''اصلاح سخن'' نہ ہی ''اردوئے معلیٰ'' میں اور نہ ہی کتابی صورت میں شائع ہو چکا ہے۔ ''نکات سخن'' کا پہلا باب ''متروکات سخن''، دوسرا باب '' معائب سخن''، تیسرا باب ''محاسن سخن''، اور چوتھا باب ''نوادر سخن'' کے نام پر مشتمل ہے۔ان چاروں ابواب کو جمع کر کے حسرت موہانی نے 1935ء میں کتابی شکل میں شائع کیا ہے۔ ''نکات سخن'' کا دیباچہ اور باب اول کا کچھ حصہ ''تذکرۃ الشعراء'' کے حصہ دوم جزواول ودوم جولائی ،اگست 1919ء میں شائع ہوا تھا۔حسرتؔ نے یہ کتاب ان جدید شعرا کے لیے لکھی تھی، جو شاعری کے فنی رموز سے پوری طرح آگاہ نہیں تھے۔ ''نکات سخن'' کے دیباچہ میں حسرت موہانی لکھتے ہیں:

> ''ایک عرصہ دراز سے راقم الحروف کو جہاں اردو زبان کے روز افزوں ترقی اور مذاق صحیح کی جانب نوجوان اردو شاعروں کے قبل قدر رجان کو دیکھ کر مسرت حاصل ہوئی تھی۔ وہیں اس بات کا افسوس بھی ہوتا تھا۔ کہ دور جدید کے اکثر تعلیم یافتہ شاعر اپنے کلام میں بلندی مضمون و ندرت کے مقابلے میں زبان و بیان کی خوبیوں کا کافی لحاظ نہیں رکھتے ہیں۔ جن کا نتیجہ اکثر یہ ہوتا ہے کہ اچھے سے اچھا مضمون محض ادنی اخرابی کی وجہ سے بے تکلف ہو کے رہ جاتا ہے۔ ''[۲۷]

حسرت موہانی نے ''نکات سخن'' کے پہلے باب یعنی ''متروکات سخن'' میں متروکات کی پانچ قسمیں قدیم، معروف، جائز، بیجا اور قابل ترک بتائی ہیں۔ دوسرے باب یعنی ''معائب سخن'' میں انہوں نے زبان کے استعمال وغیرہ کے متعلق پنتیس (35) عنوانات قائم کئے ہیں۔ ''نکات سخن'' کا تیسرا باب ''محاسن'' میں سترہ عنوانات ہیں۔ تنقیدی نقطۂ نظر سے یہ باب ''نکات سخن'' کی جان ہے۔اسی باب سے حسرتؔ کے تنقیدی نظریات کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ان کے نزدیک شاعری جذبات کی صحیح ترجمانی کا نام ہے۔خواہ یہ جذبات علوی ہوں یا سلفی۔ وہ شاعری میں صداقت پر زور دیتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ وہ معاملہ بندی کے اشعار کو بھی اچھی شاعری کا نمونہ سمجھتے ہیں۔لیکن شرط یہ ہے کہ اس میں جذبات کی صحیح ترجمانی کی گئی ہو۔ چوتھا باب ''نوادر سخن'' بہت مختصر ہے۔ یہ باب کتابی صورت میں محض بارہ صفحات پر مشتمل ہے۔اس باب کا تعلق درحقیقت قواعد اور لسانیات سے ہے۔ پانچواں باب ''اصلاح

سخن‘‘ نوخیز شاعروں کے لیے خصوصیت کے ساتھ قابل مطالعہ ہے۔

’’تذکرۃ الشعراء‘‘ کے عنوان کے تحت حسرت موہانی نے اردو اساتذہ کے حالات، انتخاب اور ان کے کلام پر اپنی رائے کے اظہار کا سلسلہ شروع کر دیا۔

مذکورہ تمام بحث ومباحثے کی غرض وغائیت محض یہی ہے کہ حسرت موہانی کی تنقید کے بارے میں خلیق انجم نے جو نظریات قائم کیے ہیں۔ وہ درست ہیں۔ اس لیے خلیق انجم کے مذکورہ تنقیدی نظریات سے جہاں حسرت موہانی کی تنقیدی بصیرت کا اندازہ ہو جاتا ہے۔ وہیں دوسری طرف خلیق انجم کے تنقیدشعور کے بارے میں بھی واقفیت حاصل ہو جاتی ہے۔

’’انتخاب سخن‘‘ میں حسرت موہانی نے تقریباً دوسو (۲۰۰) اساتذہ اردو کے دواوین کا انتخاب کیا ہے، یہ رسالہ ’’اردوئے معلیٰ‘‘، ’’تذکرۃ الشعرا‘‘ اور اس کے ضمیموں کی شکل میں کئی سال تک شائع ہوتے رہے۔ ’’انتخاب سخن‘‘ گیارہ جلدوں پر محیط ہے۔ اردو شعرا کا یہ انتخاب شائع کر کے حسرت موہانی نے اردو ادب کی بہت بڑی خدمات انجام دی ہیں۔ اس انتخاب کے ذریعے حسرتؔ کے ذوق اور نظر دونوں کا اندازہ بخوبی ہو جاتا ہے۔ حسرت کا یہ بہت بڑا کارنامہ ہے کہ انھوں نے اس انتخاب کے ذریعے مستند اساتذہ سخن کے علاوہ خاص تعداد میں ایسے قدیم گمنام اور پامال شدہ اساتذہ سخن کے کلام کو منظر عام پر لایا۔ جن کے نام سے بہت کم لوگ واقف تھے یا پھر جن کے نام سے لوگ بالکل ناواقف تھے۔ اس انتخاب کو مرتب کرتے وقت حسرتؔ نے اس بات کی حتی المقدور کوشش کی ہے کہ ہر غزل کے انتخاب میں غزل کی ہئیت برقرار رہے۔ یعنی مطلع مقطع اور کم از کم تین اشعار ضرور ہوں۔ اس سے جہاں ایک فائدہ یہ ہوا کہ زیادہ شعری سرمایہ محفوظ ہو گیا۔ وہیں دوسری طرف یہ نقصان بھی ہوا کہ کم زور اشعار بھی اس انتخاب میں جگہ پا گئے۔ حسرت موہانی کے اس ادبی سرمائے کا جائزہ لیتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں:

> ’’حسرتؔ کو یہ احساس تھا کہ مغرب کے زیر اثر ہم اپنے کلاسیکی ادب سے محروم ہوتے جارہے ہیں۔ حسرتؔ نے ناموں کو نہیں فن پاروں کو اہمیت دی ہے۔ اس لیے اس انتخاب میں خاصی تعداد میں ایسے شاعر شامل ہیں جن کے نام سے لوگ واقف نہیں یا بہت کم واقف ہیں۔ یہ انتخاب ایک مشرقی ادب کا اعلا درجے کا مذاق رکھنے والے شاعر اور نقاد نے کیا ہے، اسی لیے اگر اردو ادب کا طالب علم حسرتؔ کے انتخابات کا احتیاط سے مطالعہ کرلے تو اردو شاعری کی پوری روایت سے آگہی ہو جاتی ہے۔ اس انتخاب میں بڑے شاعر ہیں اور چھوٹے بھی۔ انتخاب مطبوعہ دیوانوں سے بھی کیا گیا ہے اور مخطوطات سے بھی۔‘‘ [۴۸]

مذکورہ اقتباس میں خلیق انجم نے حسرتؔ موہانی کے ’’انتخاب سخن‘‘ کا جائزہ جس خوبصورتی سے پیش کیا ہے اسے صاف واضح ہوجاتا ہے کہ وہ تنقید کا بھی گہرا شعور رکھتے تھے۔

اردو ادب کی تاریخ میں حسرت موہانیؔ ایک اہم اور مشہور شاعر کی حیثیت سے جانے جاتے ہیں۔ وہ جہاں ایک اچھے شاعر تھے۔ وہیں اردو تنقید میں بھی ان کا ایک اہم مقام و مرتبہ قائم ہے۔ اس کے علاوہ وہ ایک بہترین صحافی ، قابل قدر شارح ، صوفی بزرگ اور تحریک آزادی کے مجاہد بھی تھے۔ ان کی شاعری کے قدرداں ان کی شاعری کے آغاز سے ہی موجود تھے۔ اردو کے نامور ناقدین نے ان کی شاعری کو سراہا ہے۔ آل احمد سرورؔ اس بات کا اعتراف کرتے ہیں کہ حسرتؔ بڑی دراز شخصیت کے مالک تھے۔ وہ کہتے ہیں کہ حسرتؔ کو اردو کے بڑے شعرا میں ہیں، اور انہوں نے انقلاب کے لیے ساز و سامان ہمارے کلاسیکی سرمائے سے لیا ہے۔ خلیل الرحمٰن اعظمیؔ کے بقول حسرتؔ کی شاعری روایتی اور رسمی نہیں ہے۔ ڈاکٹر یوسف حسین خاں حسرتؔ کی غزل کو سرائی حسن و محبت کی قلبی وارداتوں کی داستان کہتے ہیں۔ الغرض اردو کے نامور ناقدین نے حسرتؔ کی شاعرانہ عظمت کا اعتراف کیا ہے۔

حسرتؔ اردو کے بہترین شاعر تھے۔ ان کا کلام عاشقانہ تھا۔ ان کے کلام میں ہمیں حسن یا حسن پرستی کا جو احساس ملتا ہے، وہ خیالی نہیں بلکہ حقیقی ہے۔ وہ بچپن سے ہی حسن کے دلدادہ تھے۔ حسن ان کی کمزوری رہا ہے۔ بچپن سے لے کر بڑھاپے تک انسانی حسن ان کے دل و دماغ کو متاثر کرتا رہا ہے۔ انہوں نے حسن کو بہت قریب سے دیکھا تھا۔ انہوں نے ایک دو بار اظہار عشق بھی کیا تھا۔ مگر بات بنی نہیں۔ انہوں نے اپنی شاعری میں جا بجا عشق و عاشقی اور حسن کی رعنائیوں کو موضوع بنایا ہے۔ ان کی عشقیہ شاعری کی ایک بڑی خصوصیت یہ ہے کہ وہ اپنی داستان محبت کو مایوسی اور نامرادی کی لے میں ختم نہیں کرتے ۔ بلکہ وہ پرامید ہیں ۔ وہ تمام اشعار جن پر ان کی شہرت و مقبولیت کی بنیاد ہے، زیادہ تر عاشقانہ ہے۔ ان کی شاعری جذبات کی شاعری ہے۔ حسرتؔ کی شاعری میں بہت سی خوبیاں ہیں ۔ جن کی وجہ سے انہیں ہر زمانے میں پڑا اور پسند کیا جاتا ہے۔ ان کی شاعری رسمی و روایتی نہیں بلکہ اس میں حقیقی شخصیت کا عکس نظر آتا ہے۔ حسرت موہانیؔ کی شاعری کی انہی خصوصیات کو خلیق انجم نے بھی دوسرے ناقدین کی طرح سراہاتے ہوئے لکھا ہے:

> ’’حسرتؔ کے بارے میں پہلی اور اہم بات یہی کہی جاسکتی ہے کہ انہوں نے فلسفے اور زندگی کی پیچیدگیوں کو موضوع نہیں بنایا۔ بلند خیالی اور معنی آفرینی سے دامن بچائے رکھا۔ وہ زندگی بھر دار و رسن کی کڑی آزمائشوں سے گزرتے رہے، لیکن انہوں نے اپنی فکر، ذہن اور

دل کی دنیا کو حسن اور عشق کی رعنائیوں سے سجائے رکھا۔حسرتؔ فکر کے نہیں سچے، کھرے اور
معصوم جذبے کے شاعر ہیں، انہوں نے جو کچھ محسوس کیا اسے ایک انداز خاص میں پیش
کردیا۔''۴۹

خلیق انجم نے مذکورہ اقتباس میں حسرتؔ کی شاعری کا جائزہ لیتے ہوئے جن اوصاف کی وضاحت کی ہے۔اردو کے دوسرے ناقدین نے بھی کلام حسرتؔ پر اظہار خیال کرتے ہوئے تقریباً انہی خصوصیات کی نشان دہی کی ہے۔

حسرت موہانیؔ کی سماجی حیثیت اور شاعرانہ حیثیت ایک دوسرے سے بہت مختلف ہے۔سماج میں ان کا مقام جنگ آزادی کے مجاہدین اور ایک صاحب نسب صوفی کی ہے۔جبکہ شاعری میں جس جذبے نے انہیں بڑے شعرا میں جگہ دلائی۔وہ جذبہ عشق ہے۔حسرتؔ کا یہ جذبۂ عشق بعض ناقدین کی نظر میں ''پاکباز'' ہے۔جب کہ کچھ ناقدین کے نزدیک حسرتؔ کے عشق میں پاکبازی نہیں ہے۔ڈاکٹر یوسف حسین خاں کے مطابق حسرتؔ کا عشق ''پاکباز'' تھا۔ہوس سے ان کا دور کا بھی واسطہ نہیں تھا۔ان کے مطابق حسرتؔ کی شاعری کا اصلی محرک ان کا یہی عشق پاکباز ہے۔لکھتے ہیں:

''واقعہ یہ ہے کہ حسرتؔ کے عشق پاکباز کی شیفتگی اور فریفتگی ہی میں ان کے جذبے کی
صلاحیت کو تلاش کرنا چاہئے۔''۵۰

خلیق انجم ڈاکٹر یوسف حسین خاں کے بیان سے متفق نہیں ہے۔ان کے نزدیک عشق میں پاکبازی نام کی کوئی چیز نہیں ہوتی، اور جب وہ حسرتؔ کے جذبے عشق کی بات کرتے ہیں تو لکھتے ہیں:

''اس کا عفوان شباب کا عالم ہے۔جنسی جذبات کی شدت نے اس کا لہو گرم کر رکھا ہے۔ان
کے وہ تمام جنسی مطالبے ہیں، ایک صحت منداور توانا جسم کے ہوتے ہیں۔لیکن ساتھ ہی اس
میں خاندانی روایات کی شائستگی بھی ہے اور سماجی وقار کا رکھ رکھاؤ بھی۔ناتجربہ کاری کی حیا
بھی ہے اور انفعالیت کی معصومیت بھی۔وہ محبوب کو گرم آغوش میں بھینچ کر اپنی شدید جنسی
پیاس کو بجھانا چاہتا ہے لیکن اس میدان کی ابتدائی منزلیں کڑی ہیں۔''۵۱

گویا کہ خلیق انجم کے مذکورہ بیان کے مطابق حسرتؔ کا عشق مادی تھا۔چوں کہ جب ہم اردو شاعری کا مطالعہ کرتے ہیں تو یہ کہنا مشکل ہے کہ کسی شاعر نے محض عریانیت یا مجازی عشق کو اپنا موضوع بنایا ہے اور کسی نے محض عشق حقیقی یا تصوف کو۔جب ہم اردو شاعری کا مطالعہ کرتے ہیں تو ہمیں اس بات کا علم ہو جاتا ہے کہ تقریباً اردو کے ہر شاعر نے عشق حقیقی اور عشق مجازی دونوں کو اپنا موضوع بنایا ہے۔البتہ کسی کے ہاں عشق حقیقی کا پلڑہ بھاری ہے تو کسی

کے ہاں عشق مجازی کا۔کسی نے اپنی شاعری میں عریانیت کو زیادہ بڑا چڑا کر پیش کیا ہے اور تصوف کو کم ،تو کسی نے تصوف کا اظہار زیادہ کیا ہے اور عریانیت کا کم ۔لیکن تقریباً ہر شاعر کے ہاں دونوں کا اظہار ملتا ہے۔لہٰذا ہم یہ بات قطعی نہیں کہہ سکتے کہ حسرتؔ کے ہاں صرف عشق پاکبازی ہی ہے یا پھر ان کے ہاں صرف جنسی جذبات کا برملا اظہار کیا گیا ہے۔چوں کہ خلیق انجم خود اس بات کی تصدیق کرتے ہیں کہ ہم اپنے ذاتی عقیدت کی بنا پر کسی بھی چیز کو پاکباز نہیں ثابت کر سکتے۔اس بارے میں لکھتے ہیں:

'میں ایک عام انسان ہوں اور عام انسان کی حیثیت سے میری سمجھ میں یہ بات کبھی نہیں آئی کہ عشق میں پاکبازی کیا چیز ہے؟اپنی ذاتی عقیدت کی وجہ سے ہم جس کو چاہیں پاکباز ثابت کر دیں لیکن حقیقت میں یہ شاعر اور اس کے فن کے ساتھ سخت ناانصافی ہے۔''عشق پاکباز'' کا ذکر حسرتؔ نے دو تین سے زیادہ شعروں میں کیا۔ہم نے اسے بنیاد بنا لیا،لیکن بہت بڑی تعداد میں ان اشعار کو نظر انداز کر دیا جن میں سو فیصدی جسم کی محبت ہے اور

ناقدین کے نقطۂ نظر کے مطابق ''ہوس'' ہے۔''۵۲

مذکورہ بحث و مباحثے سے یہی نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ خلیق انجم نے حسرتؔ کے معاملات عشق کے بارے میں جس انداز سے اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے،اسے صاف واضح ہو جاتا ہے کہ انہیں نہ صرف اردو نثر بلکہ شعری فن پاروں کو پرکھنے کی بھی خوب پہچان تھی۔

اس بات کا ذکر پہلے بھی کیا جا چکا ہے کہ حسرت موہانؔی نے ''اردوئے معلیٰ'' نامی ایک رسالہ جاری کیا ہے ۔لیکن اس رسالے کی اشاعت سے قبل حسرتؔ علمی و ادبی حلقوں میں کافی مشہور ہو چکے تھے۔اس رسالے کے ذریعے انہوں نے اپنی صحافتی زندگی کا آغاز کیا ہے۔ان کی صحافتی زندگی کم و بیش چار دہائیوں پر محیط ہے۔اردوئے معلیٰ کے علاوہ انہوں نے ''تذکرۃ الشعرا'' رسالہ بھی نکالا تھا۔اس کے علاوہ ''مستقل'' نامی ایک اخبار بھی جاری کیا جو شروعات میں ایک روزنامچہ تھا۔بعد میں پہلے سہ روزہ، پھر ہفتہ وار اور پھر ماہنامہ اور آخر میں اردوئے معلیٰ کا ضمیمہ بن گیا۔رسالہ اردوئے معلیٰ کا پہلا شمارہ جولائی 1903ء میں شائع ہوا،اور اس کے پہلے شمارے کے آخری صفحے پر اس کی اشاعت کے اغراض و مقاصد تحریر تھے۔یہ رسالہ جولائی 1903ء سے مارچ 1942ء تک جاری رہا۔لیکن اس کی چالیس سالہ زندگی میں کئی انقلاب رونما ہوئے۔اس کی اشاعت چار مرتبہ بند کر دی گئی۔یہ رسالہ اردو زبان کا پہلا سیاسی اور ادبی رسالہ تھا جسے حسرتؔ نے نہ صرف سیاسی شعور بیدار کرنے کے لیے استعمال کیا، بلکہ اس میں شروع سے ہی علمی و سائنسی مضامین پر بھی خصوصی توجہ کی گئی۔اس میں انگریزی تراجم ،فلسفیانہ،اخلاقی اور تکنیکی مضامین کے

علاوہ نظم ونثر، تنقید، انشائیے، ادبی چشمکیں، طویل اور مختصر افسانے وغیرہ بھی شائع ہوتے رہے۔ اس کے علاوہ اردوئے معلیٰ میں حسرتؔ نے نہ صرف مشاہیر شعراء کے حالات زندگی اور انتخاب کلام شائع کیے بلکہ تحقیق و تجسس سے بہت سے ایسے شعراء کے حالات زندگی اور کلام سے اردو دنیا کو متعارف کرایا جو گوشۂ گمنامی میں پڑے ہوئے تھے۔ شعراء کے تذکرے اور کلام کے علاوہ انہوں نے اس رسالے میں علمی و ادبی اور تنقیدی مضامین شائع کر کے اردو ادب کے سرمائے میں گراں قدر اضافہ کیا۔ خلیق انجم اردوئے معلیٰ کی خصوصیات کا اعتراف کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

> ''اردوئے معلیٰ کی سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ ''اردوئے معلیٰ'' سے پہلے اور اس کے بعد آج تک کسی بھی اردو رسالے نے اتنے بڑے پیانے پر اردو شاعری کے اساتذہ کا انتخاب پیش نہیں کیا۔ ''انتخاب سخن'' کے نام سے حسرتؔ نے ''اردو معلیٰ'' کے صفحات پر مطبوعہ دیوانوں، مخطوطوں اور بیاضوں وغیرہ سے تقریباً دوسو شاعروں انتخاب پیش کیا۔ ۔۔اس رسالے کو غیر معمولی اہمیت حسرتؔ کے سوانح نگاروں اور نقادوں کی دی ہوئی ہے، ورنہ حقیقت یہ ہے کہ ''اردوئے معلیٰ'' کے ہم عصر رسالوں میں جو مقبولیت الہلال، زمانہ، مخزن، نگار، معارف، دلگداز وغیرہ کو حاصل تھی، وہ اردوئے معلیٰ کو حاصل نہیں ہوئی۔ اردوئے معلیٰ کے تعداد اشاعت کبھی پانچ سو سے آگے نہیں بڑھی۔'' ۵۳

مذکورہ عبارت میں خلیق انجم نے جہاں اردوئے معلیٰ کی خصوصیات اور مقبولیت کا اعتراف کیا ہے۔ وہیں انہوں نے اس بات کی طرف اشارہ بھی کیا ہے کہ اس رسالے اہمیت کے وجوہات کیا ہیں۔ جسے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ انہیں اردو کے بہترین ناقدین میں شمار کیا جا سکتا ہے۔

پروفیسر خواجہ احمد فاروقی کا شمار اپنے عہد کی ممتاز شخصیتوں میں ہوتا ہے۔ انہوں نے ادب کے بہت سے شعبوں میں کارہائے نمایاں انجام دیے ہیں۔ ان کی شخصیت ہمہ جہت اور تہہ دار تھی۔ وہ اعلی درجے کے محقق، نقاد، ادیب، ممتاز مکتوب نگار اور خاکہ نگار تھے۔ خواجہ احمد فاروقی ایک لمبے عرصے تک ہندوستان کی مختلف دانشگاہوں میں اردو زبان وادب کی ترقی و ترویج کے لیے کوشاں رہے۔ اس حقیقت سے بھی انکار نہیں کیا جا سکتا کہ ہندوستان کی دانش گاہوں میں اردو تحقیق اور متنی تنقید کا جو ماحول بنا ہے، اس میں ان کا کلیدی اور اہم کردار رہا ہے۔ انہیں اردو، فارسی اور انگریزی زبان وادب پر گہری دسترس تھی۔ اردو زبان وادب میں انہوں نے جو کارنامے انجام دیے ہیں، وہ کسی معجزے سے کم نہیں ہیں۔ ان کی تین کتابوں ''ادبی تنقیدیں''، ''میر تقی میرؔ''، اور ''تاریخ مکاتیب اردو'' کے

مسودے ۱۹۴۷ء کے ہنگامے میں تلف ہوگئے ہیں۔ان کا پہلا عظیم بالشان تنقیدی مضمون ''مثنوی زہرعشق'' ہے۔ ان کا یہ مقالہ ''نگار'' میں نومبر ۱۹۳۹ء میں شائع ہوا ہے۔اس کے بعد انہوں نے ''بہارعشق'' کے عنوان سے ایک اور مقالہ لکھا جو رسالہ ''نقوش'' کے جشن آزادی نمبر میں ۱۹۴۸ء میں منظر عام پر آیا ہے۔مذکورہ دونوں مضامین کی خوب قدرومنزلت ہوئی ہے۔اردو کے نامور ناقدین و محققین نے انہیں خوب سراہا ہے۔''نئی شاعری''، ''کلاسیکی ادب''، ''چراغ رہ گزر'' اور ''ذوق وجستجو'' ان کے تنقیدی مضامین کے مجموعے ہیں۔وہ اپنے تنقیدی مضامین میں مصنف یا شاعر کے سیاسی وسماجی پس منظر اور تاریخی عوامل پر بہت زور دیتے ہیں۔

تنقید تاریخ سے مختلف ہوتی ہے۔لیکن اس میں توانائی اسی کی بدولت آئی ہے۔پروفیسر خواجہ احمد فاروقی کی تنقید میں ہمیں قدم قدم پر تاریخ کی جھلکیاں دیکھنے کو ملتی ہے۔انہوں نے خالص تاریخی موضوعات پر بھی مقالے لکھے ہیں۔جن میں ''علم تاریخ کی اہمیت''، ''تاریخی نظریے کا ارتقا''، ''جنگ پلاسی اور انگلستان کا صنعتی انقلاب''، ''ہندو مسلمانوں کے کلچرل تعلقات'' اور ہندوستان کی تاریخ میں اتحاد پسندی کا رجحان'' وغیرہ کے نام قابل ذکر ہیں۔ان کی تاریخ اور تنقید نگاری پر تبصرہ کرتے ہوئے پروفیسر خلیق احمد نظامیؔ لکھتے ہیں:

> ''خواجہ صاحب تاریخ کا بہت اچھا مذاق رکھتے ہیں اور اسی مذاق نے ان کی تنقید کو مضبوط اور موثر بنادیا ہے۔ان کی تنقید عینی یا جمالیاتی نہیں ہے۔ان کے یہاں صرف ان احساسات کی بازگشت نہیں ہے جن سے ادیب یا شاعر دوچار ہوا ہے۔انہوں نے بلند و پست میں تمیز کی ہے۔نور کو ظلمت سے الگ کیا ہے اور ادب کے پائیدار حصوں کی قدر و قیمت متعین کی ہے۔ یہ بات میرے نزدیک اس وقت تک ممکن نہیں ہے جب تک تاریخی نگاہ اور سماجی شعور صحیح نہ ہو۔خواجہ صاحب اس سے بہرہ مند ہیں۔''[۵۴]

تحقیق و تنقید کے ساتھ ساتھ خواجہ احمد فاروقی نے صنف خاکہ نگاری میں بھی طبع آزمائی کی ہے۔تحقیق، تنقید اور خاکہ نگاری کے علاوہ خواجہ احمد فاروقی نے اردو مکتوب نگاری میں بھی اپنی ایک الگ پہچان بنالی ہے۔ان کی مکتوب نگاری سے معلوم ہوتا ہے کہ انہیں مکتوب نگاری سے فطری لگاؤ تھا۔پی، ایچ، ڈی میں ان کا مقالہ اسی موضوع کے متعلق رہا ہے۔ان کے مقالہ کا عنوان ''مکتوبات اردو کا ادبی و تاریخی ارتقا'' تھا۔ان کے اسلوب کو نکھارنے اور اسے ایک خاص رنگ عطا کرنے میں شاید اسی مقالے کا ہاتھ رہا ہے۔ان کے خطوط کی اہمیت اور لطف ان کے شاعرانہ انداز بیان میں مضمر ہے۔ان کی نثر میں احساس شعریت کی وجہ سے خاص حسن پیدا ہوگیا ہے۔ان کا حسن بیان ان کے ہر خط میں موجود ہے۔اردو کے بہترین مکتوب نگاروں کی فہرست خواہ کتنی ہی مختصر کیوں نہ بنائی جائے،

ممکن نہیں کہ اس میں خواجہ صاحب کا نام شامل نہ کیا جائے۔ ان کے خطوط میں ان کی نفسیاتی، علمی وسماجی اور ادبی شخصیت کی رنگین جھلکیاں دیکھنے کو ملتی ہیں۔ ان کی شخصیت وسیرت اور اندازِ فکر کو سمجھنے کے لیے ان کے یہ خطوط نہایت اہم اور بنیادی ماخذ ہیں۔ ان کے خطوط کی خصوصیات کو اردو کی ممتاز ومعروف شخصیتوں نے بیان کیا ہے۔ الغرض اردو زبان وادب کی تاریخ میں خواجہ احمد فاروقی نہ صرف بلند پایہ محقق ونقاد کی حیثیت سے اہمیت رکھتے ہیں، بلکہ وہ اعلیٰ درجہ کے خاکہ نگار، بہترین انشاپرداز اور منفرد مکتوب نگار بھی ہیں۔ ان کی تحقیق، تنقید، خاکہ نگاری اور مکتوب نگاری کی خصوصیات کا جائزہ لیتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں:

> ''خواجہ صاحب تحقیق اور تنقید کے مردِ میدان ہیں۔ اس کے باوجود انہوں نے خاصی تعداد میں خاکے لکھے ہیں اور ان کے خطوط کو مکتوب نگاری کی تاریخ میں ممتاز مقام حاصل ہے۔ تحقیق ہو یا تنقید، خاکہ نگاری ہو یا مکتوب نگاری ہر میدان میں خواجہ صاحب کی نثر میں جو تازگی، توانائی، برجستگی، شگفتگی، سادگی اور پرکاری ہے وہ بہت کم ادیبوں کو نصیب ہوتی ہے۔ اپنی نثر میں یہ خوبصورتی اور دلکشی پیدا کرنے کے لیے انہوں بچپن ہی سے ایسے ادیبوں کا گہرا مطالعہ کیا تھا جو صاحب طرز تھے۔'' ۵۵

مذکورہ عبارت میں خلیق انجم نے خواجہ احمد فاروقی کی تحقیق، تنقید، خطوط نویسی اور خاکہ نگاری کے بارے میں جن الفاظ میں اپنی رائے کا اظہار کیا ہے، اسے صاف واضح ہوجاتا ہے کہ خلیق انجم جہاں ادب پاروں کو پرکھنے کے بہترین نباض تھے۔ وہیں دوسری طرف اس حقیقت کا انکشاف بھی ہوجاتا ہے کہ ان میں ایک اچھے ناقد کی طرح ادب میں شخصیت کا مقام ومرتبہ قائم کرنے کی پوری صلاحیت بھی بدرجہ اتم موجود تھی۔

مجموعی طور پر اگر دیکھا جائے تو کہا جاسکتا ہے کہ خلیق انجم نہ صرف ایک اہم محقق تھے، بلکہ وہ ایک بہترین نقاد بھی تھے۔ ان میں وہ تمام اوصاف موجود تھے جو ایک اچھے ناقد کے لیے ضروری ہے۔ ان میں ادب پاروں کو جانچنے اور پرکھنے کی ناقدانہ صلاحیت بدرجہ اتم موجود تھی۔ کسی ادب پارے کا تجزیہ کرکے اس کی خوبیوں اور خامیوں کی نشان دہی کرکے، ادبی دنیا میں اس کا مقام ومرتبہ تعین کرنے کا ہنر انہیں خوب آتا تھا۔ جس طرح انہوں نے خطوط غالبؔ کے مختلف اڈیشنوں، خطوط غالبؔ کی خصوصیات اور غالبؔ کی زندگی کے بعض اہم گوشوں، خطوط رجب علی بیگ سرورؔ، خطوط غلام غوث بےخبرؔ اور خطوط بیگمات واجد علی شاہؔ، دستنبو وغیرہ پر گفتگو کی ہے۔ کلام سوداؔ کی خصوصیات کا جائزہ لیا ہے۔ حسرت موہانیؔ کی شاعری، تنقید نگاری اور شخصیت کا تذکرہ کیا ہے۔ خواجہ احمد فاروقی کی تحقیق وتنقید اور مکتوب نگاری وخاکہ نگاری کی خوبیاں بیان کی ہیں۔ اس سے صاف واضح ہوجاتا ہے کہ خلیق انجم کو نہ صرف اردو تحقیق

بلکہ اردو تنقید پر بھی کافی دسترس حاصل ہے۔ لہٰذا اگر یہ کہا جائے تو کچھ بے جا نہیں کہ جس طرح اردو تحقیق کی دنیا میں خلیق انجم نے ایک خاص اور قابل احترام مقام حاصل ہے۔ ٹھیک اسی طرح اردو تنقید میں بھی وہ ایک اہم اور قابل قدر مقام کے حامل ہیں۔

# حوالہ جات


۱۔غالب کے خطوط،مرتبہ خلیق انجم،ص ۴۱

۲۔ ایضاً،ص ۴۲،۴۳

۳۔،ایضاً،ص ۵۱

۴۔ایضاً،ص ۵۲

۵۔ایضاً،ص ۱۲۹،۱۳۰

۶۔ایضاً،ص ۶۳

۷۔دانش وبینش،کوثر چاند پوری،ص ۱۰۶

۸۔غالب کے خطوط،مرتبہ خلیق انجم،ص ۱۴۸،۱۴۹

۹۔ایضاً،ص ۱۵۱

۱۰۔ایضاً،ص ۱۶۷

۱۱۔ایضاً،ص ۱۷۰

۱۲۔غالب شاعر ومکتوب نگار،نور الحسن نقوی،ص ۱۴۶

۱۳۔غالب کے خطوط،مرتبہ خلیق انجم،ص ۱۱۱

۱۴۔غالب شاعر ومکتوب نگار،نور الحسن نقوی،ص ۱۴۲،۱۴۳

۱۵۔غالب کے خطوط،مرتبہ خلیق انجم،ص ۱۷۹

۱۶۔ایضاً،ص ۱۷۲

۱۷۔ایضاً،ص ۱۹۸

۱۸۔ایضاً،ص ۱۴۱

۱۹۔ایضاً،ص ۷۸،۷۹

۲۰۔غالبؔ اور شاہان تیموریہ،خلیق انجم،ص ۸۳

۲۱۔ایضاً،ص ۹۴

۲۲۔ایضاً،ص ۹۶،۹۷

۲۳۔ایضاً،ص ۱۳۳،۱۳۴

۲۴۔ایضاً،۱۳۵،۱۳۶

۲۵۔ایضاً۔۱۳۷

۲۶۔مرزا محمد رفیع سوداؔ،خلیق انجم،ص ۱۵۴

۲۷۔مرزا محمد رفیع سودا تحقیقی وتنقیدی جائزے،مرتب پروفیسر نذیر احمد،مضموں اردو کا پورا شاعر سوداؔ،اسلم پرویز،ص ۱۵۳

۲۸۔مرزا محمد رفیع سوداؔ،خلیق انجم،ص ۱۵۸، ۱۵۹

۲۹۔ایضاً،ص ۱۵۸، ۱۵۹

۳۰۔تاریخ ادب اردو، رام بابو سکسینہ،ص ۱۱۰

۳۱۔مرزا محمد رفیع سوداؔ،خلیق انجم، ۲۳۱، ۲۳۲

۳۲۔ہجویات سودا کا سماجیاتی مطالعہ، ڈاکٹر سہیل انور،ص ۸۲، ۸۳

۳۳۔انتخاب سودا، مرتبہ رشید حسن خان،ص ۲۱

۳۴۔مرزا محمد رفیع سوداؔ،خلیق انجم،ص ۲۶۰

۳۵۔ایضاً،ص ۳۲۳، ۳۲۴

۳۶۔ بحث ونظر، سید عبداللہ،ص ۲۸، ۲۹

۳۷۔مرزا محمد رفیع سوداؔ،خلیق انجم،ص ۳۵۴

۳۸۔ایضاً،ص ۳۵۶

۳۹۔ایضاً،ص ۳۸۱

۴۰۔ایضاً،ص ۳۹۰

۴۱۔حسرت موہانیؔ، ایم۔حبیب خاں،ص ۶۷

۴۲۔حسرت موہانیؔ،خلیق انجم،ص ۹

۴۳۔ایضاً،ص ۵۶

۴۴۔ڈاکٹر اسلم فرخی، ہمارے نامور ادیب اور شاعر مولانا حسرت موہانی،ص ۱۲

۴۵۔حسرت موہانیؔ،خلیق انجم،ص ۱۴۹

۴۶۔ایضاً،ص ۲۲۰

۴۷۔متروکات سخن (باب اول کتاب نکات سخن)، دیباچہ،ص ۱

۴۸۔حسرت موہانیؔ،خلیق انجم،ص ۲۲۱، ۲۲۲

۴۹۔ایضاً،ص ۲۳۲

۵۰۔حسرتؔ کی شاعری، ڈاکٹر یوسف حسین خاں،ص ۷

۵۱۔حسرت موہانیؔ،خلیق انجم،ص ۲۳۴

۵۲۔ایضاً،ص ۲۳۶

۵۳۔ایضاً،ص ۲۶۰

۵۴۔کتاب نما کا خصوصی شمارہ خواجہ احمد فاروقی نمبر، مرتبہ خلیق انجم،ص ۱۵، ۱۶

۵۵۔بیسویں صدی کی ممتاز شخصیت پروفیسر خواجہ احمد فاروقی،خلیق انجم،ص ۶۷

# باب پنجم

## خلیق انجم کے مضامین کا مطالعہ

# خلیق انجم کے مضامین کا مطالعہ

ادبی دنیا سے وابستہ عظیم المرتبت اور عظیم القدر شخصیتوں کی یہ بڑی خوبی ہوا کرتی ہے کہ وہ علمی وادبی دنیا کے کسی ایک خاص شعبہ یا پھر کسی ایک مخصوص گوشہ تک خود کو محدود نہیں رکھتے ہیں۔ان کی خدمات کا دائرہ بہت وسیع و بسیط اور ہمہ جہت ہوا کرتا ہے۔ وہ زبان وادب کے مختلف گوشوں اور شعبوں کو اپنے قلم کی خوش بیانی اور خوش گفتاری سے ایسی عظیم بالشان حیثیت قائم کر جاتے ہیں کہ نسل درنسل اس کا چرچا چلتا رہتا ہے۔اگر اپنی بات کو پایۂ ثبوت تک پہنچانے کے لیے سلسلۂ کلام حضرت امیر خسرؔو سے شروع کریں اور علم وادب کے مختلف ادوار کی سیر کرتے ہوئے غالبؔ کے عہد تک آئیں اور پھر غالبؔ کے عہد سے لے کر عہد حاضر تک کے اکابرین علم وادب کی مختلف وگوناگوں اور متضاد علمی وادبی خدمات کا باریک بینی سے مطالعہ کیا جائے تو ایسی شخصیات کی اچھی تعداد ابھر کر سامنے آئے گی۔ جن کی علمی وادبی اور تحقیقی وتنقیدی خدمات کا دائرہ بے حد وسیع اور متنوع ہوگا۔ایسی اعلی اور بلند مرتبہ شخصیات میں بغیر کسی پس وپیش کے خلیق انجم کا نام بھی شامل کیا جا سکتا ہے۔

خلیق انجم کی شخصیت غیر معمولی اہمیت کی حامل ہے۔انہوں نے اپنی محنت ولگن سے اردو ادب میں اپنی عظمت کا لوہا منوایا ہے جسے دیکھ کر آدمی ششدر رہ جاتا ہے۔اردو کے نامور ادیب، محقق، نقاد او ماہر غالبیات خلیق انجم اپنے علم وفضل، ادبی وتنقیدی اور تحقیقی خدمات کے لحاظ سے ایک بے مثل شخصیت تھی۔ان کی ادبی کاوشوں کا دائرہ بہت وسیع وبسیط ہے۔انہوں نے ادبی سرگرمیوں کی ابتدا اسکولی زمانے سے ہی شروع کی تھی۔ وہ اپنی ساری زندگی اردو زبان وادب کی خدمت میں منہمک رہے ہیں۔ان کا مطالعہ بہت کشادہ اور گہرا تھا۔ان کی گراں بار ادبی وعلمی کارناموں کو دیکھ کر مختلف اداروں، اکاڈمیوں اور انجمنوں نے ان کی عظمت اور قدر ومنزلت کا اعتراف کیا ہے۔ان کے علمی وادبی کاوشوں کے سلسلے میں انہیں بہت سے انعامات اور اعزازات سے سرفراز کیا گیا ہے۔خلیق انجم کی یہ بڑی خوبی رہی ہے کہ وہ جس کسی میدان قلم کا انتخاب کرتے تھے اس میں اپنی شخصیت کا تعین کر کے ہی رہتے تھے۔وہ ایک بہترین اور اعلی پایہ کے محقق ومرتب اور دانشور ہونے کے ساتھ ساتھ ایک عمدہ ونفیس نقاد اور مترجم بھی تھے۔ بقول محمد الیاس الاعظمی:

> ''ڈاکٹر خلیق انجم کا مطالعہ وسیع اور عمیق تھا اور اپنے موضوعات پر انہیں استحضار بھی تھا۔ مہر و مروت کے بھی وہ ایک پیکر تھے ۔ ڈاکٹر خلیق انجم کی گراں قدر اور عظیم الشان خدمات کا مختلف اداروں ، انجمنوں اور اکیڈمیوں نے اعتراف کیا اور انہیں مختلف ایوارڈز اور اعزازات سے نوازا۔ شاید ہی کوئی ایسا قابل ذکر انعام ہو جو انہیں نہ ملا ہو اور واقعہ یہ ہے کہ وہ شخص اس کا حق دار بھی تھا۔'' [۱]

خلیق انجم کئی درجن کتابوں کے مصنف و مرتب رہ چکے ہیں ۔ انہوں نے اچھی تعداد میں مضامین بھی تحریر کیے ہیں ۔ جن میں سے بعض مضامین ملک و بیرون ملک کے مشہور و معروف رسائل و جرائد میں شائع ہو چکے ہیں ۔ اور بعض مضامین کا انتخاب اردو کے نامور ادیبوں نے اپنی تصنیفات و تالیفات میں کیا ہے ۔ تبصرہ نگاری میں بھی انہوں نے ایک خاص مقام و مرتبہ حاصل کیا ہے ۔ انہوں نے مختلف رسائل و جرائد کے اداریئے بھی تحریر کیے ہیں ۔ خلیق انجم کی ادبی شخصیت کو سراہتے ہوئے شاہد علی خاں لکھتے ہیں:

> ''ڈاکٹر خلیق انجم کے علاوہ میں نے کوئی ایسا شخص نہیں دیکھا جو دانشور، ادیب، محقق اور مترجم ہو ۔ جو پچاس سے زائد اعلا درجے کی کتابوں کا مصنف ، مولف اور مترجم ہو اور پھر عام زندگی میں ایسا فعال اور ایسا زبردست منتظم ہو۔'' [۲]

مقالے کے گذشتہ ابواب میں خلیق انجم کی حیات اور ادبی خدمات ، خلیق انجم بحیثیت محقق اور خلیق انجم بحیثیت نقاد کے حوالے سے سیر حاصل گفتگو کرنے کی کوشش کی گئی ہے ۔ مقالے کے اس باب میں خلیق انجم کے مضامین کا مطالعہ کرنے کی سعی کی گئی ہے ۔ ان کے مضامین کی طویل فہرست ہے ۔ جو یوں ہیں:

رشید احمد صدیقی ، اردو کتابوں کی اشاعت آزادی کے بعد ، فیض بیتی ، انیس کی رباعیاں ، مولانا عبدالسلام نیازی ، سید صاحب کا سوانحی خاکہ ، ہندوستانی قومیت اور مشترکہ کلچر ، مالک رام: صف اول کے خاکہ نگار ، جوش کے کچھ خطوط کنور مہندر سنگھ سحؔر اور شنکر پرشاد کے نام ، ممتاز محقق اور متنی نقاد رشید حسن خاں ، اردو کتابوں کی طباعت و فروخت ، میرے دوست پروفیسر آزؔاد ، سید صاحب کا سوانحی خاکہ ، شبلی اور سرسید کے اختلافات ، اردو کا بانکا اور سجیلا شاعر ، خواجہ احمد عباس ( سوانحی خاکہ ) ، بنیادی نسخہ ، محمود شیرانی کا قیام لندن ، ہند ایرانی تہذیب کا آخری نمونہ: مالک رام ، کلام فراق کے کچھ پہلو ، مولانا عرشی اردو کے پہلے متنی نقاد ، غالب اور اقبال کی مکتوب نگاری ، محروم : بچوں کے شاعر ، اردو کا کلاسیکی شاعر : پروفیسر جگن ناتھ آزاد ، مولانا آزاد کا ماہنامہ ''لسان الصدق'' ، ایک عظیم سیکولر ہندوستانی:

فخرالدین علی احمد، آنند نرائن ملا۔ ترانوے سال کے نوجوان، اردو زبان کے مسائل پر مسعود حسین خاں کے مضامین، ذوقؔ اور غالبؔ کے ادبی معرکے، شبلی اور سرسید کے اختلافات، دہلوی تہذیب کا آخری یادگار نمونہ: بیگم حمیدہ سلطان، بہادر شاہ ظفرؔ کی وسیع المشربی، سوداؔ، سرسید اور عہد حاضر کی فرقہ وارانہ سیاست، خواجہ احمد فاروقی صف اول کے مکتوب نگار، کچھ جمیل جالبی کے بارے میں، مومن کی عشقیہ زندگی اور شاعری، مومن اور نغمہ عندلیب، امام بخش صہبائی، مرقع دہلی، اردو کے مشہور شعرا اور ناصح، صفالکھنوی، مرزا اشرف علی فغاںؔ، ڈاکٹر کنور محمد اشرف (خاکہ)، زار مرحوم، حقائق ،شاہد احمد دہلوی (خاکہ)، مکتوب نگاری کا فن، خواجہ حسن نظامی بحیثیت انشا پرداز، آخری مغل تاجدار (بہادر شاہ ظفر) ، دہلی کے آثار قدیمہ، اردو کتابوں کی طباعت اور فروخت کے مسائل، پنڈت آنند نرائن ملا، استاد رسا دہلوی اور سرسید اور اکبر وغیرہ۔

## رشید احمد صدیقی

''رشید احمد صدیقی''، خلیق انجم کا ایک بہترین مضمون ہے جو مالک رام کی کتاب ''رشید احمد صدیقی: کردار، افکار، گفتار'' میں شامل ہے۔ مالک رام کی یہ کتاب سنہ 1975ء میں جمال پرنٹنگ پریس سے شائع ہوئی ہے۔ خلیق انجم نے مذکورہ مضمون میں رشید احمد صدیقی کی شخصیت، ان کے طور طریق، عادات و اطوار، ان کے مزاج، ان کی گھریلو زندگی، انسان دوستی، مہمان نوازی، ان کے شوقین مزاج اور خطوط نویسی وغیرہ پر بہترین گفتگو کی ہے۔ اگر یوں کہا جائے کہ خلیق انجم نے زیر بحث مضمون میں رشید احمد صدیقی کا قابل تعریف خاکہ پیش کیا ہے تو کچھ غلط نہیں ہوگا۔

دنیائے ادب کی تاریخ میں رشید احمد صدیقی کسی تعارف کے محتاج نہیں ہیں۔ انہیں شہرت و مقبولیت کا بام عروج نصیب ہوا ہے۔ ان کی شہرت و مقبولیت کے بارے میں خلیق انجم زیر بحث مضمون میں لکھتے ہیں کہ رشید صاحب ان خوش نصیب فن کاروں میں سے ہیں جو اپنی زندگی ہی میں شہرت و مقبولیت کے عروج پر پہنچ گئے ہیں۔ لیکن وہ شہرت کے پیچھے نہیں بھاگے بلکہ شہرت ان کے پیچھے بھاگی۔ ذاتی پروپیگنڈے بڑے سے بڑے فن کار کو بھی

کمزور بنا دیتی ہے۔لیکن اس سلسلے میں رشید صاحب کی مثال ہندوستان تو کیا عالمی ادب میں بھی مشکل سے ہی مل سکتی ہے۔عموماً یہ دیکھا جاسکتا ہے کہ کسی بھی انسان کی نجی زندگی کے مزاج کا انکشاف ان کی تحریروں میں ہوتا ہے۔ جب ہم رشید احمد صدیقی کی تحریروں کا مطالعہ کرتے ہیں تو اندازہ ہوتا ہے کہ رشید صاحب ہنس مکھ انسان رہے ہوں گے۔ان کی تصانیف مضامین رشید، خنداں اور گنج ہائے گراں مایہ وغیرہ میں ہمیں بار بار خوش مزاجی کی جو شعاعیں دیکھنے کوملتی ہے وہ ان کی حقیقی زندگی میں نہیں پائی جاتیں۔رشید صاحب کی تحریروں کے مطالعے سے ایک قاری کے ذہن میں جو خاکہ بنتا ہے نجی زندگی میں ان کی شخصیت اس سے بہت مختلف ہے۔ان کی شخصیت رعب دار اور سنجیدہ تھی۔ان کی شخصیت کے اسی متضاد رویے کے بارے میں خلیق انجم نے زیر بحث مضمون میں لکھا ہے:

> ’’ہمارے ذہنوں میں رشید صاحب کی جو تصویر تھی، وہ اس سے بالکل مختلف نکلے۔ ہمارا خیال تھا کہ تحریروں کی طرح گفتگو میں بھی ان کی ہر بات میں بات ہوگی۔ وہ ایسے ہنس مکھ انسان ہونگے، جن کی گل افشانی گفتار سے محفلیں زعفران زار ہونگی۔لیکن وہ اس کے بالکل برعکس نکلے۔‘‘[۳۱]

رشید صاحب اپنے دوست واحباب اور دوسرے لوگوں کے ساتھ کس طرح سلوک رکھتے تھے۔اس بارے میں خلیق انجم نے اپنے مضمون میں بحث کرتے ہوئے لکھا ہے کہ ان کی اسی سالہ عمر میں بھی ان کے دوستوں کی تعداد بہت کم تھی۔وہ بڑی مشکل سے کسی کو اپنا دوست بنا لیتے تھے۔لیکن جب ایک بار کسی سے دوستی کر لیتے تو پھر دوستی کا پورا حق ادا کر دیتے تھے۔اپنی تحریروں میں اپنے دوستوں کا ذکر اس انداز سے کرتے گویا وہ ان کی خوبیوں کے قصیدے پڑھ رہے ہوں۔ان کی یہ بڑی خوبی تھی کہ وہ کبھی بھی دوست یا دشمن کے عیبوں پر نظر نہیں ڈالتے۔ان کی شرافت اور انسان دوستی کی ستائش ان کے دوست واحباب تو کر ہی لیتے تھے۔لیکن ان کے انسان دوستی کے قائل ان کے رشتے دار بھی تھے اور بقول خلیق انجم یہ وہ مرتبہ ہے، جو بعض پیغمبروں تک کو بھی نہیں ملا ہے۔گھر کا کوئی فرد ہو یا کوئی رشتہ دار ہو یا پھر کوئی دوست یا شاگرد رشید صاحب کا یہ معمول تھا کہ وہ ان کے تمام دکھ درد میں برابر کے شریک رہتے تھے۔لیکن لطف کی بات یہ ہے کہ وہ کبھی بھی کسی کو اپنے ذاتی غم اور دکھ درد میں شریک نہیں کر لیتے۔اس سلسلے کا ایک واقع بیان کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں:

> ’’جب ان کی جوان لڑکی کا انتقال ہوا، تو کافی عرصے تک انہوں نے خود کو کمرے میں بند رکھا۔لوگ تعزیت کرنے آئے اور گھر کے دوسرے افراد سے مل کر چلے گئے۔مگر رشید صاحب باہر نہیں آئے۔جب اس سانحے کا اثر کچھ کم ہوا، تو انہوں نے لوگوں سے پھر ملنا شروع کیا۔‘‘

۴

رشید صاحب کی مہمان نوازی کے بارے میں خلیق انجم زیر بحث مضمون میں لکھتے ہیں کہ انہیں مہمانوں کے آنے سے بے حد خوشی ہوتی تھی ۔اس لیے اکثر و بیشتر ان کا گھر مہمان سرائے بنا رہتا۔بعض اوقات تو نوبت یہاں تک آتی تھی کہ مہمانوں کی اکثریت گھر والوں کی اقلیت میں بدل جاتی ۔رشید صاحب کی خصوصیات بیان کرتے ہوئے خلیق انجم اپنے مضمون میں لکھتے ہیں کہ مجھے رشید صاحب کی جن خصوصیات نے غیر معمولی متاثر کیا ہے ،ان میں ان کی مذہبی رواداری اور وسیع المشر بی بھی ہے ۔رشید صاحب چوں کہ عقیدے سے مسلمان تھے ۔وہ مسلمانوں کے دکھ درد سے تڑپ اٹھتے تھے۔لیکن دوسرے تمام مذاہب کا بھی دل سے احترام کرتے تھے۔

کوئی بھی ذہین اور صاحب فراست انسان ہمیشہ اس بات کا خواہش مند رہتا ہے کہ ہر طرف اس کے نام کے چرچے ہوں ۔اس کے پاس مال وحشمت ہو۔لیکن رشید صاحب کا مزاج اس کے برعکس تھا۔اس سلسلے میں ان کا کیا نظریہ تھا اس بارے میں خلیق انجم اپنے مضمون میں لکھتے ہیں کہ شہرت کی طرح رشید صاحب دولت سے بھی بے نیاز تھے۔وہ کبھی دولت جمع کرنے کے چکر میں نہیں پڑے۔انہوں نے کبھی تالا چابی استعمال نہیں کیا اور نا ہی کبھی کسی بینک میں کھاتہ کھولا۔دولت جمع کرنے یا جائیداد بنانے میں انہیں کبھی کوئی دلچسپی پیدا نہیں ہوئی۔البتہ جس مکان میں رہتے تھے وہ ان کی اپنی ملکیت تھا۔

جب کوئی فن کار اپنی آپ بیتی لکھتا ہے تو اپنی غیر معمولی ذہانت سے ایسے ایسے قصیدے پڑتا ہے کہ دوسروں پر مضامین لکھتے ہوئے بھی اپنی مداح کے پہلو نکال لیتا ہے۔خلیق انجم نے اپنے مضمون میں رشید صاحب کی آپ بیتی ’’آشفتہ بیانی میری‘‘ پر اظہار خیال کرتے ہوئے لکھا ہے کہ رشید صاحب ’’در مدح خود‘‘ قسم جیسی چیزوں سے ہمیشہ گریز کرتے رہے۔آشفتہ بیانی میری میں انہوں نے جس انکساری اور خاکساری کا مظاہرہ کیا ہے، اس کی مثالیں بہت کم ملتی ہیں۔

رشید صاحب کے مشاغل کا ذکر کرتے ہوئے خلیق انجم نے لکھا ہے کہ وہ خرید وفروخت کے بہت شوقین تھے۔کسی زمانے میں انہیں نئی نئی چیزیں خریدنے کا بہت شوق ہوا کرتا تھا۔نئی نئی چیزوں پر اپنی پسند کی داد حاصل کرنا ان کی بڑی کمزوری تھی ۔اس کے علاوہ انہیں گلابوں سے بے حد لگاؤ تھا۔انہوں نے گھر میں ایک بہت خوبصورت باغیچہ بنا رکھا تھا۔جس کی دیکھ ریکھ کے لیے ایک تو نوکر تھا اور دوسرا وہ خود بھی اس کی دیکھ ریکھ کرتے تھے۔مکتوب نگاری ان کا سب سے بڑا مشغلہ رہا ہے۔ بقول خلیق انجم علی گڑھ کے حضرات کی یہ بڑی خصوصیت رہی ہے کہ آپ انہیں کتنا

ہی ضروری خط لکھیں، وہ آپ کے خط کا جواب نہیں دیں گے، لیکن رشید احمد صدیقی علی گڑھ کی اس روایت کے باغی تھے۔ ایسا ممکن ہی نہیں ہے کہ آپ رشید صاحب کو خط لکھیں اور دو تین دنوں میں وہ آپ کے خط کا جواب نہ دیں۔ رشید صاحب عموماً خط پوسٹ کارڈ پر لکھتے تھے۔ اگر خط کا مضمون طویل ہو جاتا تو وہ عبارت کو غیر معمولی حد تک خفی کر دیتے تھے۔ ان کی خطوط نویسی کے بارے میں خلیق انجم نے لکھا ہے کہ اگر وہ ادیب نہ ہوتے، تو چاول کے دانے پر سورۂ اخلاص لکھنے کے ماہر ہوتے۔

## اردو کتابوں کی اشاعت آزادی کے بعد

سرینگر کشمیر میں 18 تا 20 جون 1977ء میں ایک سمینار منعقد کیا گیا تھا۔ سمینار میں اردو زبان کے ماہرین اور نامور محققین و ناقدین نے اردو کتابوں کی طباعت و اشاعت کے مسائل اور دیگر دشواریوں، ساتھ ہی ان مسائل اور دشواریوں کے حل کی نشان دہی کرنے کی کوشش کی تھی۔ سمینار میں پیش کیے گئے تمام مضامین کو انور کمال حسین نے ''اردو طباعت و اشاعت کے مسائل'' نامی کتاب میں مرتب کر کے شائع کیا ہے۔ خلیق انجم نے بھی اس سمینار میں ایک بہترین مضمون ''اردو کتابوں کی اشاعت آزادی کے بعد'' پڑھا تھا۔ اس مضمون میں انہوں نے ہندوستان کی مختلف ریاستوں میں اردو زبان کی صورت حال کا بہترین جائزہ لیا ہے۔ خلیق انجم اپنے مضمون میں اردو زبان کے مسائل اور اس کی صورت حال پر اظہار خیال کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ ہندوستان کی آزادی کے اعلان کے ساتھ ہی ہندوستان کی مشترکہ تہذیب اور اردو زبان کے زوال کا آغاز ہو گیا۔ ابھی آزادی کا کچھ عرصہ ہی گذر چکا تھا کہ اتر پردیش کے پرائمری اسکولوں سے اردو کی تعلیم کا خاتمہ کیا گیا۔ اور پھر یہی ردعمل بہار، مدھیہ پردیش اور راجستھان وغیرہ ریاستوں نے بھی شروع کیا۔ پنجاب میں پہلے اردو کا چلن کچھ حد تک باقی رہا۔ لیکن بعض سیاسی وجوہات کی بنا پر پہلے آہستہ آہستہ پنجابی کا استعمال بڑھنے لگا اور پھر ایک وقت ایسا بھی آن پہنچا جب پنجاب تین حصوں یعنی ہریانہ، مدھیہ پردیش اور پنجاب میں تقسیم ہو گیا۔ اس تقسیم کے ساتھ زبان کے مسلے کا حل یہ نکالا گیا کہ پنجاب میں پنجابی، ہریانہ اور مدھیہ پردیش میں ہندی زبان کا نفاذ کیا گیا۔ اس طرح ان تینوں علاقوں میں اردو زبان کے بجائے دوسری زبانوں کو اہمیت دی گئی۔

شمالی ہند میں آزادی کے بعد اردو کی صورت حال پر اظہار خیال کرتے ہوئے خلیق انجم زیر بحث مضمون

میں لکھتے ہیں کہ آزادی سے پہلے ہر مذہب کے طالب علم اردو پڑھتے اور لکھتے تھے۔لیکن آزادی کے بعد ایسا ماحول قائم کیا گیا جسے اردو زبان ایک مخصوص مذہب کے طبقے تک محدود رہ گئی۔ چناں چہ جب اردو کو اسکولوں سے خارج کردیا گیا اس لیے اس مذہب کے بچے بھی اردو تعلیم سے محروم رہنے لگے۔

آزادی کے بعد الحاق حیدرآباد اور اردو کی صورت حال پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے خلیق انجم اپنے مضمون میں لکھتے ہیں کہ ریاست حیدرآباد کا الحاق ہندوستان کے بعد جہاں بہت سے سیاسی اور معاشی فائدے ہوئے ہیں، لیکن وہیں دوسری طرف اردو زبان کو بہت بڑا نقصان پہنچا۔ یہاں اول تو الحاق کے بعد اردو کے ذریعے تعلیم کو منسوخ کر کے انگریزی کو ذریعہ تعلیم بنایا گیا اور ساتھ ہی اردو نواب حیدرآباد اور ان کی حکومت کی سرپرستی سے محروم ہوگئی۔اس کے بعد اگر کوئی کسر باقی رہ گئی تھی وہ نئی ریاست یعنی آندھرا پردیش کی تشکیل کے بعد پوری کردی گئی۔لیکن اس پورے ملک میں جموں کشمیر واحد ریاست ہے جس نے اردو کو گلے لگایا اور اسے سرکاری زبان کا درجہ بخشا۔

ہندوستان کی مختلف ریاستوں میں اردو کی صورت حال کا ذکر کرتے ہوئے خلیق انجم نے زیر بحث مضمون میں لائبریریوں کا ذکر بھی کیا ہے۔اس بارے میں وہ لکھتے ہیں کہ آزادی کے بعد بہت عرصے تک شمالی ہند میں لائبریریوں نے اردو کتابوں کی خرید بالکل بند کردی تھی۔لیکن جب اردو کے حالات کسی حد تک بہتر ہونے لگے تو لائبریریوں کے بجٹ میں اردو کا شمار بھی ہونے لگا اور وقت گذرنے کے ساتھ ساتھ اس بجٹ میں اضافہ ہونے لگا۔ خلیق انجم نے اس بات کا ذکر بھی نہایت وضاحت کے ساتھ کیا ہے کہ اردو کے لیے کمیشن کی کوئی شرح مقرر نہیں کی گئی ہے۔جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ جب کوئی لائبریری ٹینڈر مانگتی ہے تو بک سیلر اس کی کمیشن ساڑھے بارہ فیصدی سے لے کر تینتیس فیصدی بلکہ بعض اوقات چالیس فیصدی تک مانگتے ہیں۔لہذا سرکار کو چاہئے کہ کمیشن جس طرح انگریزی اور دوسری کتابوں کے کمیشن کی شرح مقرر کی گئی ہے ٹھیک اسی طرح اردو کے کمیشن کی شرح بھی مقرر کی جانی چاہئے۔

آزادی کے بعد سے لے کر بیسویں صدی کی نویں اور دسویں دہائی تک اردو کی نصابی کتابوں کے مسائل پر اظہار خیال کرتے ہوئے خلیق انجم اپنے مضمون میں لکھتے ہیں:

> ”آزادی کے بعد سے لے کر اب تک اردو کی نصابی کتابوں کا مسئلہ بڑا تشویشناک رہا ہے۔
> تقریباً تمام صوبے اپنی علاقائی زبانوں میں نصاب کی کتابیں چھاپ رہے ہیں لیکن جموں

> کشمیر، بہار، مہاراشٹر اور دہلی کو چھوڑ کر کوئی بھی صوبائی حکومت اردو کی نصابی کتابیں چھاپنے کے لیے تیار نہیں ہے۔ اتر پردیش حکومت پچھلے دو تین سال سے اس طرف متوجہ ہوئی ہے لیکن بہت بددلی کے ساتھ۔'' ۵

غرض کہ خلیق انجم نے اپنے مضمون میں جس تفصیل سے آزادی کے بعد ہندوستان میں اردو کی صورت حال اور اس کے مسائل پر بحث کی ہے۔ اسے ہندوستان میں آزادی سے قبل اور آزادی کے بعد اردو کی صورت حال اور اس کے مسائل کی مکمل عکاسی ہو جاتی ہیں۔

## فیض بیتی

خلیق انجم کا مضمون ''فیض بیتی'' فیض احمد فیضؔ پر لکھا گیا ایک سوانحی مضمون ہے۔ جو خلیق انجم نے اپنی تالیف ''فیض احمد فیض تنقیدی جائزہ'' میں شامل کیا ہے۔ دراصل جب فیضؔ کا انتقال ہوا تو برصغیر ہندو پاک میں کئی رسالوں نے فیضؔ پر مضامین شائع کیے۔ اسی دوران انجمن ترقی اردو (ہند) کی طرف سے سہ ماہی اردو ادب کا ''فیضؔ نمبر'' شائع کر کے فیضؔ کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ خلیق انجم نے اسے ترتیب دے کر کتابی شکل میں شائع کیا۔ فیضؔ کی شاعری پر مضامین کا مجموعہ مرتب کرنے سے پہلے انھوں نے ابتدا میں فیضؔ پر کچھ سوانحی مضامین مرتب کیے۔ تاکہ جب قارئین فیضؔ کی شاعری کے بارے میں پڑھیں تو وہ نہ صرف فیضؔ کی شاعری بلکہ ان کے سوانحی کوائف سے بھی روشناس ہو سکیں۔

خلیق انجم نے اپنے مذکورہ مضمون میں فیضؔ کی سوانحی حالات کو بیان کرتے ہوئے ان کے آبا و اجداد کے بارے میں فیضؔ کی بڑی بہن بی بی گل کے ایک انٹرویو کے حوالے سے لکھا ہے کہ سین پال نامی ایک راجپوت راجا تھے۔ ان کی اولاد میں سے ایک نے اسلام قبول کر لیا۔ فیضؔ کا تعلق اسی خاندان سے ہے۔ ان کے پردادا کا نام سربلند اور دادا کا نام صاحب زادہ خاں تھا۔ والد کا نام پہلے سلطان بخش تھا۔ لیکن جب وہ تھوڑے بہت بڑے ہو گئے تو انھوں نے اپنا نام سلطان بخش سے بدل کر سلطان محمد خاں کر لیا، اور وہ اسی نام سے معروف ہو گئے۔ فیضؔ کے والد محترم کے بارے میں معلومات فراہم کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں کہ انھوں نے کافی مسائل و مشکلات کے بعد اپنی ذہانت کی وجہ سے پہلے پرائمیری، پھر مڈل اور ہائی اسکول کی تعلیم حاصل کر لی۔ اعلیٰ تعلیم کے لیے انھوں نے کیمبرج یونی ورسٹی میں داخلہ لیا۔ کیمبرج میں داخلہ لینے سے پہلے انھیں گرفتار کر کے لاہور کے قلعے میں قید کر لیا گیا۔

یہ وہی قلعہ ہے جہاں فیضؔ کو پاکستانی حکومت نے مقید کیا تھا۔ سلطان خاں نے ایک انگریز خاتون ڈاکٹر للیز ہیملٹن کو جیل ہونے کی اطلاع دی اور انہوں نے انگریز حکومت سے کچھ اس طرح خط وکتابت کی سلطان خاں کو جیل سے رہا کیا گیا۔ جیل سے رہائی کے بعد سلطان خاں نے لندن کا رخ کیا اور یہاں انہوں نے کیمبرج میں داخلہ لیا۔ سلطان محمد خاں کو چوں کہ فارسی اور انگریزی پر غیر معمولی دسترس حاصل تھی۔ جس کی وجہ سے انہیں دوران تعلیم ہی افغانستان کے کونسلر سردار امیر محمد خاں کی نگرانی میں ترجمہ وغیرہ کا کام کرنے کا موقع نصیب ہوا تھا اور جب امیر افغانستان کو یہ اطلاع ہوئی کہ سلطان خاں لندن میں مقیم ہیں تو انہوں نے انہیں لندن میں سفیر کے عہدے پر معمور کر دیا۔ سلطان خاں کی علم دوستی اور ان کی ترقی کے مختلف منازل پر اظہار خیال کرتے ہوئے خلیق انجم اپنے مضمون میں لکھتے ہیں:

> سلطان صاحب کو بچپن ہی سے علم وادب سے لگاؤ تھا۔ علامہ اقبالؔ، سر عبدالقادر، سر شفیع سے لندن میں دوستی ہوئی تھی۔ ہندوستان میں مولانا سید سلیمان ندوی اور ڈاکٹر ضیاءالدین جیسے علما ان کے دوستوں میں تھے۔ کالا قادر کے جنگلوں مین مویشی چرانے والا لڑکا بے شمار ادبی اور سماجی تنظیموں کا سربراہ تھا۔ سلطان صاحب علی گڑھ مسلم یونی ورسٹی کورٹ کے رکن رہے۔ انجمن اسلامیہ سیالکوٹ کے صدر اور انجمن حمایت اسلام کی انتظامیہ کے اہم رکن رہے۔ انہوں نے انگریزی میں ''افغانستان کے دستوری قوانین'' اور امیر عبدالرحمٰن کی سوانح عمری لکھیں۔'' ۶

لندن سے واپس آنے کے بعد سلطان خاں نے جہلم نامی ایک چھوٹے سے شہر میں وکالت کا پیشہ شروع کیا۔ یہاں ترقی کے امکانات کو محدود دیکھتے ہوئے انہوں نے سیالکوٹ کا رخ کیا، سیالکوٹ میں ان کی کافی پذیرائی ہوئی اور انہوں نے شہرت اور منزلت کی کافی منزلیں طے کی۔ سلطان خاں نے پانچ شادیاں کی تھیں۔ فیضؔ کی والدہ محترمہ کا نام سلطان فاطمہ تھا جو کہ سلطان خاں کی پانچویں بیوی تھی۔ فیضؔ جب کالج میں زیر تعلیم تھے تو ان کے والد سلطان خاں کا انتقال ہوا اور تدفین وتکمیل کے فوراً بعد قرض خواہوں نے آنا شروع کر دیا۔ فیضؔ کے بڑے بھائی نے جائیداد بھیج کر یہ سارا قرضہ اتارا۔ جو جائیداد بچی تھی وہ بھی کچھ کم نہ تھی لیکن وہ دوسروں کے قبضے میں تھی۔ جس کے نتیجے میں پورا کا سارا خاندان اب مفلسی اور غربت وافلاس کا شکار ہو گیا۔

فیضؔ کی تاریخ ولادت کے بارے میں خلیق انجم اپنے مضمون میں لکھتے ہیں کہ فیضؔ کی تاریخ ولادت 1911ء اور کئی 1912ء بتائی گئی ہے۔ لیکن ان کی جائے پیدائش کے بارے میں خلیق انجم لکھتے ہیں کہ انہیں ایک دفعہ خود فیضؔ نے بتایا تھا کہ ان کی ولادت کالا قادر گاؤں میں ہوئی ہے۔ ابتدائی تعلیم مشرقی انداز میں ہوئی

۔ چار سال عمر میں قرآن پاک حفظ کرنا شروع کر دیا۔ ابراہیم میر سیالکوٹ کے مکتب میں پانچ سال تک عربی اور فارسی تعلیم حاصل کرتے رہے۔ 1921ء میں اسکاچ مشن اسکول میں چوتھی کلاس میں داخلہ لیا اور 1927ء میں میٹرک کا امتحان امتیازی نمبروں سے پاس کیا۔ مزید تعلیم کے لیے ''مرے کالج آف سیالکوٹ'' میں داخلہ لے کر فرسٹ ڈویژن میں انٹرمیڈیٹ کا امتحان پاس کیا۔ اسی دوران انہوں نے شمس العلما مولوی سید میر حسن سے فارسی اور عربی پڑھی۔ اعلیٰ تعلیم کے لیے لاہور کالج میں داخلہ لیا اور یہاں سے انہوں نے 1931ء میں بی، اے پاس کیا اور پھر عربی میں بی، اے آنرز کیا۔ 1933ء میں اسی کالج سے انگریزی میں ایم، اے اور 1934ء میں اورینٹل کالج لاہور سے عربی زبان میں ایم، اے کی ڈگری حاصل کر لی۔ 1935ء میں امرتسر کے ایم، اے، او کالج کے شعبۂ انگریزی میں ان کا تقرر ہوا اور 1940ء میں لاہور کے ہیلی کالج میں انگریزی کے استاد مقرر ہوئے۔ 1942ء میں فیضؔ کا تقرر فوج میں کیپٹن کی حیثیت سے ہوا اور انہوں نے گورنمنٹ کالج لاہور کی ملازمت سے سبکدوشی اختیار کر لی۔ 1943ء میں انہیں میجر اور 1944ء میں لفٹنٹ کرنل بنا دیا گیا۔ فوج میں بہترین کارکردگی کے عوض میں انہیں 1946ء میں برطانوی حکومت سے ایم، بی، ای (M,B,E) کا خطاب دیا گیا۔

فوجی ملازمت سے سبکدوشی کے کچھ عرصہ گذر جانے کے بعد انہیں راولپنڈی سازش کیس میں 9 مارچ 1951ء کو سجاد ظہیر اور دوسرے کئی فوجی افسران کے ہمراہ گرفتار کر لیا گیا۔ حالاں کہ فیضؔ اس سازش میں بالکل بے قصور تھے۔ خلیق انجم نے اس کیس کی پوری روداد اپنے مضمون میں تفصیل کے ساتھ بیان کی ہے۔

1936ء میں ہندوستان میں ترقی پسند تحریک کے قیام کے ساتھ دوسرے کئی شعرا اور ادیبوں کی طرح فیضؔ بھی اس تحریک سے وابستہ ہوئے۔ فیضؔ انجمن کی پنجاب شاخ کے سکریٹری منتخب ہوئے اور وہ ہر اتوار کو انجمن کے جلسے میں شرکت کے لیے امرتسر سے لاہور جاتے تھے۔ فیضؔ کی ترقی پسند تحریک سے وابستگی کے بعد ان کی شہرت و مقبولیت کے بارے میں خلیق انجم اپنے زیر بحث مضمون میں لکھتے ہیں:

> ''ترقی پسند تحریک نے اگر فیضؔ کی شہرت اور مقبولیت میں اہم رول ادا کیا ہے تو آج برصغیر میں فیضؔ کی شاعری کی وجہ سے ترقی پسند تحریک کی بھی آبرو قائم ہے۔''[۷]

فیضؔ کی سوانحی کوائف کو تحریر کرتے ہوئے خلیق انجم زیر بحث مضمون میں لکھتے ہیں کہ دوسری جنگ عظیم کے ختم ہونے کے بعد فیضؔ نے فوج کی ملازمت سے سبکدوشی اختیار کر لی اور میاں افتخار الدین کے اصرار پر انگریزی روزنامہ ''پاکستان ٹائمز'' کے چیف ایڈیٹر ہو گئے۔ اس سے پہلے وہ اردو کے مشہور رسالے ''ادب لطیف'' کے اڈیٹر بھی

رہ چکے تھے۔علاوہ ازیں ''امروز'' اور ''لیل ونہار'' کے مدیر اعلیٰ بھی رہ چکے تھے۔ایک عرصے تک وہ افروایشین رائٹرز فیڈریشن کے ترجمان ''لوٹس'' کے اڈیٹر بھی رہ چکے ہیں۔لاہور ریڈیو کے ڈرامے ''پرائیویٹ سکریٹری''، ''سانپ کی چھتری'' اور ''تماشا میرے آگے'' جیسے مقبول ڈرامے بھی لکھے۔انہوں نے پاکستانی فلموں ''جاگو ہوا سویرا'' اور ''دور ہے سکھ کا گاؤں'' کے لیے گانے اور مکالمے بھی تحریر کیے تھے۔1964ء میں انہیں دنیا کا مشہور لینن امن ایوارڈ ملا۔

فیضؔ کی شادی کا ذکر کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں کہ 1938ء میں فیضؔ کی ملاقات ایلس کیتھرین جارج سے امرتسر میں ہوئی اور پہلی ہی ملاقات دونوں ایک دوسرے کے شیدا ہو گئے۔ایلس سے شادی کے لیے انہیں اپنے والدین کو راضی کرنے میں تھوڑا وقت لگا۔28 اکتوبر 1941ء میں ان کے والدین کی مرضی سے ان کی شادی کشمیر میں مہاراجا کشمیر کے گرمیوں کے محل میں ہوئی۔شیخ محمد عبداللہ نے ان کے نکاح کے سنت کی ادائیگی کی۔بارات میں صرف تین آدمی فیضؔ، ان کے بڑے بھائی محمد طفیل احمد خاں اور دوست نعیم تھے۔ایلس نے شادی کے لیے صرف ایک شرط رکھی تھی کہ وہ برقعہ نہیں پہنے گی۔باقی انہوں نے مشرقی روایات کے مطابق سرخ جوڑا، چینی بروکیڈ کا اغرارہ اور گوٹے کناری کا دوپٹہ وغیرہ پہنا تھا۔فیضؔ کی والدہ نے ان کا نام کلثوم رکھا۔

فیضؔ کی شاعری کے آغاز کے بارے میں خلیق انجم لکھتے ہیں کہ مڈل اسکول کی تعلیم کے دوران اپنے بڑے بھائی مرحوم طفیل احمد خاں کے ایک دوست نذیر احمد محمود کے کہنے پر دس سطور پر مشتمل ایک نظم لکھی تھی جو کہ سارے اسکول میں بہت مشہور ہو گئی۔جب دسویں جماعت میں پہنچے تو شعر بندی شروع کر دی اور دو مشاعروں میں شرکت کر کے شعر بھی پڑھ دیے۔لیکن منشی سراج الدین نے کہا کہ ابھی یہ کام چھوڑ دو۔ابھی تم پڑھو لکھو اور جب تمہارے دل و دماغ میں پختگی آجائے۔تب یہ کام شروع کریں۔لیکن جب مرے کالج سیالکوٹ پہنچے تو پروفیسر یوسف سلیم چستی نے یہ مشورہ دیا کہ فوراً اس طرف متوجہ ہو جاؤ۔شاید تم کسی دن شاعر ہو جاؤ۔اس کے بعد جب لاہور کالج میں داخل ہوئے تو یہاں کئی فاضل اور شفیق اساتذہ سے مستفید ہونے کا موقع نصیب ہوا۔اسلامیہ کالج میں ڈاکٹر تاثیر، صوفی تبسم کی صحبت میں رہنا نصیب ہوا۔اس کے علاوہ شہر کے دوسرے بڑے ادیبوں جیسے امتیاز علی تاج، چراغ علی حسرتؔ، حفیظ جالندھری، اختر شیرانیؔ وغیرہ سے ذاتی مراسم قائم ہوئے اور ان کی صحبت سے فیضیاب ہو کر ان کے دل و دماغ میں نکھار پیدا ہوتا گیا۔اس طرح انہوں نے ایم،اے تک پہنچتے پہنچتے باقاعدہ لکھنا شروع کر دیا۔1928ء میں مرے کالج سیالکوٹ میں ایک ''اخوان الصفا'' کے نام سے ایک ادبی تنظیم تھی۔اس تنظیم کے زیر اہتمام ایک مشاعرہ ہوا تھا جس میں فیضؔ نے ایک غزل کہی۔جسے بہت مقبولیت اور شہرت حاصل ہوئی تھی اور یہیں سے فیضؔ کی ادبی شہرت کا آغاز

ہوا۔

فیضؔ کے بارے میں مزید معلومات بیان کرتے ہوئے خلیق انجم اپنے مضمون میں لکھتے ہیں کہ فیضؔ نے اپنی زندگی کے آخری ایام میں شراب اور سگریٹ نوشی دونوں سے فراریت اختیار کرلی تھی۔اور بالآخر زندگی کے مختلف نشیب وفراز دیکھ کر 20 نومبر 1984ء کی دوپہر ایک بج کر بیس منٹ پر ابدی نیند سو گئے۔ان کا مزار لاہور کے ماڈل ٹاؤن کے قبرستان میں حفیظؔ جالندھری کے مزار کے قریب ہے۔

## انیسؔ کی رباعیاں

میر انیسؔ کا شمار اردو کے چوٹی کے شعرا میں کیا جاتا ہے۔مولانا ابوالکلام آزادؔ نے ان کے بارے میں کہا تھا کہ میر انیسؔ کے مرثیے اور غالبؔ کی غزلیں عالمی ادب کو اردو کی دین ہے۔میر انیسؔ نے اپنے مرثیوں کی وساطت سے اردو شاعری کو سوز و گداز اور اخلاقی بلندی عطا کی ہے۔میر انیسؔ کا انتقال 29 شوال 1291ھ مطابق دسمبر 1874ء کو لکھنؤ میں ہوا۔جنوری 1975ء کو مرکزی انیسؔ صدی کمیٹی کا قیام عمل میں آیا۔اس کمیٹی کی غرض وغایت میر انیسؔ جیسے عظیم بالشان شاعر کی وفات کی صدی ان کے شایان شان منائی جائے۔اس سلسلے میں میر انیسؔ صدی تقریبات کا آغاز ایک کل ہند سمینار سے 22 اپریل 1975ء کو ایوان غالب نئی دہلی میں ہوا۔اس سمینار میں ہندوستان کے نامور محققین و ناقدین نے میر انیسؔ کی شاعری اور شخصیت کے مختلف پہلوؤں پر مقالے پیش کیے تھے۔اس کے تقریباً ایک سال بعد مارچ 1976ء میں انیسؔ صدی کمیٹی نے ہندو پاک صدی سمپوزیم کا انعقاد غالب اکیڈمی میں ہوا۔یہ دونوں علمی اجتماع انیسؔ صدی کمیٹی کے سکرٹری پروفیسر گوپی چند نارنگ کے زیر اہتمام ہوا۔ہندو پاک سمپوزیم کے دو اجلاس ہوئے ان دونوں اجلاس میں اردو کے مشہور ومعروف ادیبوں اور نقادوں نے مضامین پیش کیے۔ان تمام مقالات کو گوپی چند نارنگ نے بڑی محنت ولگن اور سلیقے سے انہیں مرتب کر کے کتابی شکل میں ''انیسؔ شناسی'' کے نام سے 1981ء میں شائع کیا۔خلیق انجم نے بھی اس سمپوزیم میں اپنا مقالہ بعنوان ''انیسؔ کی رباعیاں'' پڑھا تھا۔

مضمون کے آغاز میں خلیق انجم نے اردو میں رباعی کی ابتدا اور اس کی مقبولیت پر مختصر گفتگو کی ہے جس میں وہ لکھتے ہیں کہ اگرچہ اردو میں قلی قطب شاہؔ اور ملا وجہیؔ سے لے ہمارے عہد تک کے اکثر و بیشتر شعرا نے رباعیاں کہی ہیں ۔لیکن فارسی کی طرح اردو میں بھی اس صنف کو کوئی خاص مقبولیت حاصل نہیں رہی۔غزل کی غیر معمولی مقبولیت نے

رباعی کو وہ مقام و مرتبہ حاصل نہیں ہونے دیا جس کی یہ مستحق تھی۔ اگر دیکھا جائے تو اردو کے تمام رباعی گو شعرا کی شہرت ومقبولیت کی بنیاد غزل، مثنوی یا پھر مرثیہ ہے۔ انھوں نے محض اپنے منہ کا مزا بدلنے کے لیے اس صنف سخن میں طبع آزمائی کی ہے۔

اردو میں رباعی کے فروغ اور اس کی مقبولیت پر اظہار خیال کرتے ہوئے خلیق انجم زیر نظر مضمون میں لکھتے ہیں کہ اگر چہ اردو میں رباعی کو مرثیہ گوئی کے ساتھ تھوڑا بہت فروغ حاصل ہوا۔ لیکن یہ کہنا آسان نہیں کہ یہ روایت انیسؔ و دبیرؔ کے زمانے میں رائج ہوئی یا اس سے پہلے بھی اس کا رواج عام تھا۔ لیکن اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں کہ مرثیہ گو شعرا مرثیہ کے ابتدا میں ایک دو رباعیاں ضرور کہتے۔ رباعی کے بعد سلام اور پھر مرثیہ۔ ایک طریقہ یہ بھی رہا ہے کہ جب کوئی مرثیہ نگار کوئی رباعی کہتا تو اس کا حریف اس سے بہتر انداز میں اس رباعی کے مفہوم کو بہترین الفاظ میں کہنے کی سعی کرتا۔ جس کی مثالیں انیسؔ و دبیرؔ کے یہاں اچھی تعداد میں دیکھنے کو ملتی ہیں۔ میر انیسؔ کی رباعیوں پر اظہار خیال کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں:

> ''میر انیسؔ نے غالباً بیشتر رباعیاں ایسے ہی موقعوں پر کہی تھیں۔ انھوں نے رباعی میں عشق و محبت اور خمریات کو چھوڑ کر ان تمام موضوعات پر طبع آزمائی کی ہے جو غزل کے موضوعات ہیں۔ ان کے ہاں ایسی رباعیاں بھی خاصی تعداد میں ہیں جو شہدائے کربلا اور ان کے مصائب کے متعلق ہیں۔ ان رباعیوں کو رثائی رباعیاں کہتے ہیں۔ اس میدان میں انیسؔ تو موجد نہیں کیوں کہ ان سے پہلے بھی کچھ شاعر رثائی رباعیاں کہہ چکے تھے۔ لیکن اس طرح کی رباعیوں کے فروغ اور ان کی مقبولیت میں انیسؔ کا بہت بڑا حصہ ہے۔'' ۸

میر انیسؔ کے بارے میں مزید معلومات فراہم کرتے ہوئے خلیق انجم مذکورہ مضمون میں لکھتے ہیں کہ انیسؔ دراصل ایک رزمیہ شاعر تھے اور اگر وہ مرثیہ نہیں لکھتے تو وہ ضرور ایک عظیم رزمیہ کے مصنف ہوتے۔ چوں کہ انیسؔ کے آبا و اجداد پانچ پشتوں سے اس صنف شاعری سے منسلک تھے لہٰذا ان کی پرورش ایک ایسے ماحول میں ہوئی جہاں ان کی ولادت سے پہلے ہی مرثیہ نگاری کا بول بالا تھا۔ انیسؔ کے مرثیوں کے ہیرو حضرت امام حسینؓ تھے۔ ایک ادبی ہیرو کی حیثیت سے ان کی شخصیت میں وہ تمام خوبیاں موجود تھیں جن کا رزمیہ شاعری کے لیے ہونا ضروری ہے۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ انیسؔ نے اپنی پوری شخصیت کو حضرت امام حسینؓ کے عاشق کے سانچے میں ڈھال دیا۔ حضرت امام حسینؓ کا عشق ان کے لیے سب سے بڑی طاقت ہے۔ لیکن اسی عشق نے جہاں انہیں سب سے بڑا مرثیہ گو شاعر بنا دیا۔ وہیں دوسری طرف دوسری اصناف سخن میں یہ عشق ان کی کمزوری بن جاتا ہے۔ ان کی سب سے زیادہ اثر انگیز رباعیاں

وہی ہیں جو انہوں نے حضرت امام حسینؑ خصوصاً ان کی شہادت کے بارے میں کہی ہیں۔ کہیں کہیں انہوں نے نازک خیالی سے کام لیتے ہوئے رباعی کو غیر معمولی حد تک موثر بنا دیا ہے۔ حمد، نعت اور منقبت جیسے موضوعات پر ان کی رباعیاں نسبتاً کم ہیں۔

میر انیسؔ کی خصوصیات بیان کرتے ہوئے خلیق انجم آگے لکھتے ہیں کہ میر انیسؔ کا سب سے بڑا کارنامہ یہی ہے کہ ان کو زبان و بیان پر پوری قدرت حاصل تھی اور شاعرانہ صلاحیتیں انہیں قدرت کی طرف سے ودیعت ہوئی تھیں۔ وہ معمولی سے معمولی چیز سے لے کر بڑی سے بڑی شے کو اس انداز سے بیان کر دیتے تھے جیسے بعینہٖ دیکھ رہے ہوں۔ جس کی وجہ سے وہ بالمیکیؔ اور تلسی داسؔ کے بعد ہندوستان کے تیسرے عظیم رزمیہ شاعر ہیں۔

## مولانا عبدالسلام نیازی

29، 30 اور 31 مارچ 1885ء میں غالبؔ اکیڈمی کے زیر اہتمام ''دلی والے'' کے عنوان سے ایک سمینار کا انعقاد کیا گیا تھا۔ سمینار میں اردو کے مشہور و معروف ادیبوں اور ناقدوں نے اپنے اپنے مقالے پیش کیے جنہیں صلاح الدین نے ترتیب دے کر ''دلی والے'' ہی کے عنوان سے 1986ء میں کتابی شکل دے کر شائع کیا۔ خلیق انجم نے بھی اس سمینار میں اپنا ایک مقالہ بعنوان ''مولانا عبدالسلام نیازی'' پڑھا۔ جس کا مطالعہ کرنے کی سعی راقم الحروف نے نیچے کی ہے۔

خلیق انجم نے اپنے مذکورہ مضمون میں مولانا عبدالسلام نیازی کی حیات، ان کی شخصیت کے اہم پہلوؤں اور ان کی شہرت و مقبولیت پر مفصل بحث کی ہے۔ عبدالسلام نیازی کی سنہ ولادت اور عمر کے بارے میں خلیق انجم لکھتے ہیں کہ ان کی سنہ ولادت اور عمر کے بارے میں کسی کو کوئی علم نہیں تھا۔ ان کے مختلف احباب یا عزیز و اقارب میں اگر کوئی مولانا سے ان کی سنہ ولادت یا عمر کے بارے پوچھتا تو وہ ٹال دیتے تھے۔ البتہ ان کے انتقال پر بعض لوگوں کا خیال تھا کہ ان کی عمر ڈیڑھ سو سے زیادہ تھی۔ جب کہ ان کے ایک قریبی ساتھی نے مجھے ان کی عمر ایک سو بیس بتائی۔ اور ان کے ایک قریبی دوست حکیم عبدالسلام نے ان کی عمر ایک سو آٹھ سال بتائی۔ اس تمام بحث سے خلیق انجم نے یہی نتیجہ اخذ کیا ہے کہ ان کی عمر ایک صدی سے اوپر رہ چکی ہے۔

ان کی عمر اور سنہ ولادت کی طرح مولانا کے مقامی باشندہ ہونے کے بارے میں ان کے دوستوں کے متنوع

بیانات ملتے ہیں۔ان کے بعض دوستوں کے مطابق مولانا عبدالسلام نیازی دہلی کے رہنے والے تھے۔جبکہ کسی کے مطابق وہ بجنوراور کسی کے مطابق وہ میرٹھ کے رہنے والے تھے۔خلیق انجم کا جھکاؤ اس سلسلے میں میرٹھ کی طرف واضح ہے۔سنہ ولادت،عمر،رہنے کی جگہ کی طرح مولانا عبدالسلام نیازی کے خاندان کے بارے میں کسی کو کوئی علم نہیں تھا۔ مولانا عبدالسلام نیازی کا حلیہ خلیق انجم اپنے زیر بحث مضمون میں کچھ اس طرح کرتے ہیں:

''مولانا بڑے طرح دار آدمی تھے۔جوانی میں ان کا حلیہ تھا۔کسرتی جسم،بازوؤں کی مچھلیاں چڑھی ہوئیں،چوڑا سینہ،پتلی کمر،بھری بھری رانیں،کشادہ ماتھا،کھڑی ناک متوسط دہانہ، داڑھی،مونچھیں اور سر کے بال صاف۔''[9]

مولانا عبدالسلام نیازی پر مزید بحث کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں کہ انہوں نے جوانی میں شادی کی تھی۔ لیکن کوئی اولاد نہیں ہوئی۔اس لیے اپنے ایک عزیز دوست حاجی ابوبکر کی صاحبزادی کو گود لیا۔مولانا ان سے بہت محبت کرتے تھے۔بڑی دھوم دھوم سے ان کی شادی کی۔ان کا ایک لڑکا ہوا۔جس کا نام شمس الزماں تھا۔مولانا کو ان سے والہانہ لگاؤ تھا۔لیکن آزادی کے بعد وہ پاکستان چلے گئے جس سے مولانا کو بہت دکھ ہوا۔کچھ عرصہ گذر جانے کے بعد انہوں نے اپنے ایک دوسرے دوست ممتاز خاں عرف گھو کے صاحبزادے کو گود لیا۔ان کا نام عبدالرحمٰن تھا۔گود لیتے وقت ان کی عمر چالیس سال تھی۔مولانا کے وارث یہی قرار پائے۔

مولانا عبدالسلام نیازی درویش صفت انسان تھے۔وہ حاجت مندوں کی خوب مدد کرتے تھے۔لیکن اپنی ذات پر بہت کم خرچہ کرتے تھے۔وہ صبح کو بسکٹ اور ایک کپ چائے،عصر کے وقت آدھ پاؤ گوشت کا قیلہ اور دو روٹیاں کھاتے تھے۔چوبیسوں گھنٹے بس یہی ان کی خوراک تھی۔

مولانا چوں کہ تصوف اور اسلامی علم وادب پر غیر معمولی واقفیت رکھتے تھے۔ان کے علمیت کا شہرہ اس قدر تھا کہ بقول نذیر نیازی علامہ اقبالؔ نے انہیں اسرارِ خودی کا ایک نسخہ بھیجا تھا۔لیکن جس طرح کسی کو اس بات کا علم نہیں تھا کہ وہ کون اور کہاں کے رہنے والے تھے۔ٹھیک اسی طرح اس بات کا علم بھی کسی کو نہیں تھا کہ انہوں نے کہاں سے علم کا یہ دریا حاصل کیا تھا۔ان کے استاد کون تھے۔البتہ حکیم عبدالسلام کے مطابق انہوں نے جامعۃ ازہر میں تعلیم حاصل کی تھی اور انہیں علم طب پر بڑی مہارت حاصل تھی۔لیکن حکیم عبدالسلام کے بیان کے علاوہ اس بات کی تصدیق کسی اور ذریعے سے نہیں ہوتی ہے۔زید ابوالحسن کے بیان کے مطابق مولانا عبدالسلام نیازی طریقۃ چشتیہ نظامیہ میں بیعت تھے اور حضرت نیازی بریلوی کے خلیفہ عزیز میاں کے مرید تھے۔مولانا بے حد حسن پرست اور گانے کے شوقین

تھے۔ وہ ''بے نظیر'' نامی ایک خاتون کے عشق میں گرفتار بھی ہوئے تھے۔ اکثر مزاروں پر وہ اپنی اس محبوبہ کے ساتھ جایا کرتے تھے۔ مولانا کی اس محبوبہ کا ذکر جوش کی اپنی خودنوشت ''یادوں کی بارات'' میں بارہا کیا ہے۔ مولانا کو بہت غصہ آجایا کرتا تھا۔ کسی سے اختلاف ہوجاتا تو اس کے پورے خاندان کی قبریں گالیوں سے کھود دیا کرتے تھے۔

مولانا نے لمبی عمر پائی تھی جس کا پہلے بھی کیا جاچکا ہے۔ زندگی کے آخری ایام میں انہیں بخار چڑھا۔ کچھ دن صاحب فراش رہے اور بالآخر 30 جون 1966ء کو وہ اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ انہیں حضرت نظام الدین اولیاؒ میں دفن کیا گیا ہے اور ہر سال دس ربیع الاول کی تاریخ کو ان کا عروس ہوا کرتا ہے۔

مذکورہ تمام بحث و مباحثے سے یہی نتیجہ اخذ کیا جاسکتا ہے کہ خلیق انجم کا مذکورہ مضمون مولانا عبدالسلام نیازی کی حیات اور شخصیت پر لکھی گئی بہترین اور قابل قدر تحریر ہے۔ اس میں مولانا کی شخصیت کو بہت دلچسپ اور پر اسرار طریقے سے بیان کیا گیا ہے۔

## ہندوستانی قومیت اور مشترکہ کلچر

اردو اکاڈمی دہلی کی تحقیقی و اشاعتی کمیٹی کی طرف سے ایک فیصلہ کیا گیا تھا کہ دہلی کی تہذیبی اور ادبی و سماجی زندگی کے ساتھ ساتھ اردو اور ہندوستانی مشترکہ تہذیب پر لکھے گئے مضامین کا ایک عمدہ ترین انتخاب تیار کیا جائے۔ ڈاکٹر کامل قریشی نے سید شریف الحسن نقوی کی درخواست پر ''اردو اور مشترکہ ہندوستانی تہذیب'' کے عنوان کے تحت اس سلسلے کے بیشتر مضامین کو بحسن وخوبی کے ساتھ مرتب کرکے کتابی شکل دے کر جمال پریس، دہلی کی طرف سے 1987ء میں شائع کیا ہے۔ کامل قریشی کے اس انتخاب میں اردو کے بہترین دانشوروں، محققوں اور نقادوں کے مضامین شامل ہیں۔ خلیق انجم کا مذکورہ مضمون ''ہندوستانی قومیت اور مشترکہ کلچر'' بھی اسی کتاب میں شامل کیا گیا ہے۔

مضمون کے آغاز میں خلیق انجم نے قومیت کے تصور اور روایت پر مختصر مگر جامع بحث کی ہے۔ اس بحث میں خلیق انجم لکھتے ہیں کہ مخصوص جغرافیائی حدود میں بسنے والے عوام کو متحد کرکے قومیت کا موجودہ شعور اور تصور ہے یہ مغرب کی دین ہے۔ جس کا پہلا واضح اظہار اٹھارویں صدی کے نصف آخر میں فرانس میں ہوا۔ یہ وہ دور تھا جب فرانس کی تاریخ میں پہلی بار عوام نے متحد ہوکر مخصوص عقائد کے تحت صاحب اقتدار طبقے کے خلاف بغاوت کرکے

کامیابی حاصل کی۔اس کے بعد قومیت کا یہ تصور جرمنی اور اٹلی وغیرہ سے ہوتے ہوئے بیسویں صدی تک آتے آتے پوری دنیامیں یہ تصور عام ہوگیا۔

ہندوستانی قومیت اور مشترکہ تہذیب پر اظہار خیال کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں کہ جغرافیائی خصوصیات کی بنا پر غیر منقسم ہندوستان دنیا کا منفرد ملک رہا ہے۔ یہ ملک رقبے کے لحاظ سے دنیا کا سب سے بڑا ملک رہا ہے۔اس کے شمال میں ہمالہ کے اونچے اونچے پہاڑ، مشرق میں خلیج بنگال، جنوب میں بحیرۂ ہند اور مغرب میں بحیرۂ عرب۔زراعتی اعتبار سے ہندوستان ایک ایسا ملک رہا ہے جہاں ہر طرح کی آب وہوا موجود ہے۔یہاں ہر طرح کی پیداوار اور خادم موجود ہیں۔یہی وجہ ہے کہ ہزاروں سال سے مختلف نسلوں کے قافلے زرخیز زمین کی تلاش میں اس سرزمین پر آباد ہوئے۔جن میں پہلے نگرائڈ اور فلسطینی قبائل شامل ہیں۔ان کی تہذیب کیا تھی اور انہوں نے ہندوستان میں کس تمدن کو جنم دیا۔اس بارے میں کوئی دلیل موجود نہیں ہیں۔البتہ ان کے بعد جو قبائل زرخیز زمین کی تلاش یا حملہ آور کی حیثیت سے یہاں وارد ہوئے ان میں دراوڑی، آریا، مسلمان اور انگریز مشترکہ تہذیب وتمدن کے لحاظ سے بڑی اہمیت کے حامل ہیں۔

ہندوستانی تہذیب اور تمدن کی بنیادیں دراوڑیوں نے رکھی۔اس زمانے میں دراوڑی تہذیب دنیا کی سب سے زیادہ ترقی یافتہ تہذیبوں میں شمار ہوتی تھی۔جس کا سب سے بڑا ثبوت ہڑپا اور موہنجوداڑو ہیں۔جس تہذیب نے ہندوستان میں ہڑپا اور موہنجوداڑو کو تخلیق کیا، وہ ہندوستان سے عراق، عرب، ساحل، ایجین اور مصر کے دور دراز علاقوں تک پھیلی ہوئی تھی۔ایک کھدائی کے اندازے کے مطابق یہ تہذیب مشرقی پنجاب، مغربی یوپی اور راجپوتانے تک پھیلی ہوئی تھی۔اس تہذیب کا زوال صدیوں بعد ہوا۔

دراوڑیوں کے بعد ہندوستان میں آریاؤں کی آمد ہوئی۔یہ لوگ کون تھے۔کہاں سے آئے تھے اور ان کا ورود ہندوستان میں کب ہوا۔اس بارے میں ہنوز کوئی حتمی تحقیق نہیں ہوئی ہے۔آریائی قوم ایک خانہ بدوش قوم کی حیثیت سے ہندوستان میں داخل ہوئی تھی۔لیکن یہاں انہوں نے کچھ عرصہ گذر جانے کے بعد زراعتی خضری زندگی کو اختیار کیا۔آریا ہمیشہ سے دراوڑیوں کو نیچ ذات اور حقارت کی نظر سے دیکھتے تھے۔جس کی وجہ سے ذات پات کا تصور پیدا ہوگیا۔یہ دونوں قومیں ابتدا میں ایک دوسرے سے بہت نفرت کرتے تھے لیکن وقت گذرنے کے ساتھ ساتھ یہ نفرت آہستہ آہستہ کم ہوتی گئی۔ان دونوں قوموں کے تہذیب نے جس مشترکہ تہذیب کو جنم دیا۔اس کا اظہار آریاؤں کے چار ویدوں میں کیا گیا ہے۔

آریاؤں کے بعد یونانیوں کی ایک نسل ہندوستان میں داخل ہوئی۔لیکن ان کی تہذیب کا کوئی اثر یہاں کی تہذیب پر رونما نہیں ہوا۔البتہ یہاں کی ترقی یافتہ تہذیب نے انہیں اتنا متاثر کیا کہ انہوں نے بودھ مذہب اپنا کر ہندوستانی تہذیب کو اپنایا۔

یونانیوں کے کافی عرصہ بعد مسلمان ہندوستان میں داخل ہوئے۔کئی مسلم حکومتوں نے ہندوستان پر کافی لمبے عرصے تقریباً آٹھ صدیوں تک حکومت کی۔جن میں خاندان قاسم ،غزنوی خاندان، خاندان غلام، خاندان خلجی اور مغلوں کے نام قابل ذکر ہیں۔ان تمام سلطنتوں کے بادشاہوں میں سے صرف دو چار کو چھوڑ کر کسی نے بھی حکومت کی بنیاد اسلامی قوانین پر نہیں رکھی۔جس کی بنیادی وجہ بقول خلیق انجم مسلم مجاہد نہیں بلکہ ایسے حکمران تھے جو اپنی سیاسی مصلحتوں کے پیش نظر ملک کے قوانین بناتے تھے۔ہندوستانی قومیت اور مشترکہ تہذیب پر مزید بحث کرتے ہوئے خلیق انجم اپنے زیر بحث مضمون میں لکھتے ہیں:

> ''اگر آج برصغیر میں کوئی ایسی تہذیب ہے جسے ہند ایرانی کلچر یا ہندو مسلم کلچر یا مشترکہ کلچر کہہ سکتے ہیں تو وہ عالموں، شاعروں، ادیبوں اور ان سب سے بڑھ کر مسلمان اور ہندو صوفیائے کرام کی دین ہے۔اس کلچر کے فروغ میں عوام کا بھی براہ راست حصہ ہے۔جو مسلمان دوسرے ملکوں سے آئے تھے انہوں یہاں کے رسم و رواج، طور طریق، لباس، زبان غرض ہر چیز کو متاثر کیا اور خود بھی متاثر ہوئے۔اس کلچر کی تشکیل میں سب سے بڑا حصہ ان لوگوں کا ہے جنھوں نے اسلسام قبول کیا۔یہ لوگ اگر چہ مسلمان ہو گئے لیکن انہوں نے اپنی بیشتر ہندو روایات اور رسم و رواج کو قائم رکھا۔جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ آج ہند، پاکستان اور بنگلہ دیش کے مسلمانوں کے جو رسم و رواج ہیں وہ ننانوے فی صدی ہندوستانی ہیں۔۔۔فرق صرف یہ ہیں کہ ہندو جن موقعوں پر منتر پڑھتے ہیں، مسلمان قرآن شریف۔''[۱۰]

اس موضوع پر مزید تفصیل بیان کرتے ہوئے خلیق انجم آگے لکھتے ہیں کہ ہندو مسلم مذاہب کے لوگوں کو ایک دوسرے سے قریب لانے اور آپسی نفرتوں کو مٹانے کے لیے بھگتی تحریک کا بہت بڑا حصہ رہا ہے۔بھگتی تحریک کا آغاز رامانج نے گیارویں صدی عیسوی میں جنوبی ہند میں کیا۔سولویں صدی عیسوی کے آغاز میں کبیرؔ نے اس تحریک کو ایک نیا رخ دیا جسے مسلمانوں کی رہی سہی مغائرت بھی ختم ہو گئی۔اس کے علاوہ تلسی داسؔ، سور داسؔ وغیرہ نے مذہبی اور تہذیبی یک جہتی کے لیے شعوری کوششیں کیں۔

مسلمانوں میں اس کام کے لیے ملک محمد جائسی ، شیخ منجھن اور قطبن وغیرہ نے پہل کی۔انہوں نے ہند کردار اور ہندوستانی موضوعات کے سہارے ہندو مسلم عوام کو مسائل سمجھانے کی کوششیں کیں۔اس کے علاوہ دکنی

شعرا حضرات نے ہندوستانی قصوں کہانیوں پر مشتمل مثنویاں لکھیں۔جن میں نظامؔی کی کدم راؤ پدم راؤ، نصرتؔی کی کنور منوہر اور مد مالتی وغیرہ بڑی اہمیت کی حامل ہیں۔اس کے علاوہ برج بھاشا شاعروں عبدالرحیم خانخاناں، عالم شیخ ،آرزو خاں محبوب، حافظ موسیٰ، مبارک علی خاں رجب وغیرہ نے بھی اس سلسلے کی شعوری کوششیں کیں۔ان صوفیوں ،سنتوں اور شاعروں کی مسلسل شعوری کوششوں کے نتیجے میں مذہب کے بنیادی اختلافات اس حد تک دور ہو گئے کہ ہندو مسلمان صوفیوں کے مرید اور مسلمان ہندو صوفی سنتوں کے مرید ہوتے گئے۔

جب ہم ہندوستان کی ہزاروں سال کی تاریخ کا مطالعہ کرتے ہیں تو اس حقیقت کا انکشاف ہوجاتا ہے کہ بہت کم بار ایسا ہوا ہے جب ہندوستان کسی سیاسی وحدت کے رشتے میں مربوط رہا ہو۔ورنہ یہ ملک ہمیشہ چھوٹی چھوٹی ریاستوں میں منقسم رہا ہے۔لیکن تہذیب وتمدن اور اس کے فروغ اور ارتقا میں یہ تقسیم کبھی کوئی رکاوٹ نہیں بن سکی ہے۔ یہاں کے مختلف علاقوں میں طرح طرح کے کپڑے پہننے جاتے ہیں۔مختلف دیوی دیوتاؤں کی پوجا کی جاتی ہے۔ بہت سی زبانیں بولی جاتی ہیں۔مختلف تہذیبی اقدار ہیں۔لیکن اس کے باوجود ان سب میں کچھ ایسی مشترک قدریں ہیں کہ سب ایک دوسرے سے جدا ہونے کے باوجود ایک نظر آتے ہیں۔

مذکورہ تمام بحث کے پیش نظر یہی کہا جاسکتا ہے کہ خلیق انجم کا زیر بحث مضمون ہندوستانی قومیت اور مشترکہ تہذیب وتمدن پر لکھا گیا بہترین اور قابل قدر مقالہ ہے۔

## مالک رام: صف اول کے خاکہ نگار

مضمون ''مالک رام: صف اول کے خاکہ نگار'' میں خلیق انجم نے مالک رام کی خاکہ نگاری پر گفتگو کرنے سے پہلے اردو خاکہ نگاری کی روایت کی مختصر مگر جامع بحث کی ہے۔اس بحث میں انہوں نے اس بات کی پوری وضاحت کی ہے کہ اگر چہ اردو میں خاکہ نگاری کا باضابطہ آغاز مرزا فرحت اللہ بیگ کے خاکے'' نذیر احمد کی کہانی کچھ ان کی کچھ میری زبانی'' سے ہوتا ہے لیکن اردو خاکہ نگاری کے ابتدائی نقوش فارسی اور اردو تذکروں میں موجود ہیں۔ میرؔ کے تذکرے ''نکات الشعرا'' سے لے کر محمد حسین آزاد کے تذکرے ''آب حیات'' تک شاید ہی کوئی ایسا تذکرہ ہوگا جس میں تحریر کے ایسے نمونے موجود نہ ہوں جنہیں ہم مختصر یا مختصر ترین خاکے کہہ سکتے ہوں۔خلیق انجم نے اس بات کا اعتراف بھی کیا ہے کہ ان تذکروں میں بعض تحریریں اتنی مختصر ہیں کہ شاعر کی پوری شخصیت ظاہر نہیں ہوجاتی

ہیں ۔لیکن تاہم انہی تحریروں کو بنیاد بنا کر بعد میں ان شعرا پر بڑی بڑی کتابیں لکھی گئی ہیں ۔محمد حسین آزاد کا تذکرہ ''آب حیات'' اردو کا پہلا تذکرہ ہے جس میں پہلی بار بعض شاعروں کے مکمل خاکے بیان کیے گئے ہیں ۔

محمد حسین آزاد نے چہرے ،جسم ،لباس ، عادات واطوار وغیرہ پر روشنی ڈالتے ہوئے پہلی بار شاعروں کی مکمل قلمی تصویریں پیش کی تھیں ۔ان کے بعد فرحت اللہ بیگ نے ''دلی کا آخری یادگار مشاعرہ'' میں اس فن کو نئی آب وتاب عطا کی ۔اور پھر مولوی عبدالحق ، رشید احمد صدیقی ،سعادت حسن منٹو، شاہد احمد دہلوی ، مالک رام ،محمد طفیل ،مجتبیٰ حسین اور یوسف ناظم وغیرہ جیسے ادیب خاکہ نگاری کی طرف متوجہ ہوئے ۔ مالک رام کی خاکہ نگاری پر بحث کرتے ہوئے خلیق انجم نے خاکہ نگاری کے فن اور خصوصیات بیان کرتے ہوئے لکھا ہے ۔اگر چہ ایک خاکہ نگار کے لیے ضروری ہے کہ جس شخصیت کا وہ خاکہ تیار کر رہا ہے اسے خاکہ نگار کی قربت رہی ہو۔لیکن مالک رام کا خاکہ جو انہوں غالب پر لکھا ہے، اپنی نوعیت کا پہلا خاکہ ہے جو تقریباً غالب کی وفات کے سو سال بعد لکھا گیا ہے۔خلیق انجم اس بات کا اعتراف بھی کرتے ہیں کہ غالب کی شخصیت اور فن کے بارے میں جتنی معلومات مالک رام کو حاصل رہی ہے شاید ہی کسی اور محقق کو رہی ہو اور جتنا کام مالک رام نے غالب اور ان کی شخصیت پر کیا ہے۔شاید ہی کسی دوسرے اردو محقق نے کیا ہو۔غالب پر لکھے گئے مالک رام کے خاکے پر اظہار خیال کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں :

> ''اس خاکے کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ غالب کا روز مرہ کا معمول بیان کیا گیا ہے۔ غالب کے عادات و اطوار اور ان کے اقتصادی اور سماجی مسائل بیان کیے گئے ہیں ۔ شاگردوں اور دوستوں سے ان کے تعلقات پر روشنی ڈالی گئی ہے اور دلچسپ بات یہ ہے کہ ایک بات بھی ایسی نہیں کہی گئی ، جو حقیقت سے دور ہو۔غالب کے خطوط میں سے بہت سے فقرے نکال کر انہیں مکالموں کو طور پر استعمال کیا گیا ہے۔خاکے میں 1850ء سے غالب کی وفات 5 فروری 1869ء تک کے حالات بیان کیے گئے ہیں ۔ خاکے میں بہت کامیاب اور دلچسپ ٹکنیک استعمال کی گئی ہے۔''[11]

مالک رام کی خاکہ نگاری کی خصوصیات بیان کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں کہ ایک خاکہ نگار کی حیثیت سے مالک رام کو جزئیات نگاری پر جو دسترس حاصل ہے وہ اعلی درجے کے تخلیق کاروں کو ہی ہوتی ہے۔وہ کسی واقعے یا موقع کی انہی تفصیلات کو بیان کرتے ہیں جو کسی شخصیت کی عادات واطوار اور کردار کو سمجھنے کے لیے لازمی ہوتے ہیں ۔خاکہ لکھتے وقت مالک رام نہ صرف غالب اور ان کے متعلقین پر ہی نظر رکھتے ہیں بلکہ وہ اس عہد کی دلی کا نقشہ بھی کھینچتے چلے جاتے ہیں ۔غالب کے علاوہ مالک رام نے شیفتہ ،نواب ضیاء الدین احمد خاں ، خاں بہادر حکیم امجد علی

خاں، مرزا یگانہ یاسؔ، حبیب الرحمٰن خاں شیروانی، مولانا سید سلیمان ندویؔ وغیرہ جیسی شخصیات پر قلمی چہرے تحریر کیے ہیں۔ ان کے دس خاکے ''وہ صورتیں الٰہی'' میں شامل ہیں۔ ان خاکوں کی اہمیت اردو خاکہ نگاری کی تاریخ میں وہی ہے جو بقول خلیق انجم مزاح نگاری میں پطرس کے آٹھ دس مضامین کی ہے۔ جس طرح مزاح نگاری کی تاریخ میں ان مضامین کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ ٹھیک اسی طرح مالک رام کے خاکے بھی اردو خاکہ نگاری میں نہ صرف اہم ترین اضافہ ہیں۔ بلکہ ان خاکوں نے فن خاکہ نگاری کو ایک نئی سمت عطا کی ہیں۔ مالک رام کی خاکہ نگاری کے بارے میں خلیق انجم زیر بحث مضمون میں لکھتے ہیں:

> ''مالک رام صاحب اگر افسانہ نگاری پر توجہ کرتے تو وہ کامیاب افسانہ نگار ہوتے۔ میں نے یہ بات اس لیے کہی کہ مالک رام صاحب جزئیات پر گہری نظر رکھتے ہیں۔ پھر وہ ایک ایک لمحے کے لیے بھی اپنے قاری کو فراموش نہیں کرتے۔ ان کا رویہ اس رہنما کا ہوتا ہے جو سیاحوں کو آثار قدیمہ دکھاتا ہے۔ یہ رہنما کہیں اختصار سے کام لیتا ہے اور کہیں تفصیل سے، وہ دراصل جانتا ہے کہ کن چیزوں کا علم ضروری ہے اور کونسی چیزیں ایسی ہیں، جن کی عدم واقفیت سے کوئی اثر نہیں پڑتا۔'' [۱۲]

مذکورہ تمام بحث و مباحثے سے اس حقیقت کا انکشاف ہو جاتا ہے کہ مالک رام نہ صرف ایک اعلیٰ پایہ کے محقق تھے۔ بلکہ انہیں خاکہ نگاری پر بھی گہری دسترس حاصل تھی جس کی مکمل تفصیل خلیق انجم نے اپنے مضمون ''مالک رام: صف اول کے خاکہ نگار'' میں بیان کی ہے۔

## سید صاحب کا سوانحی خاکہ

اردو ادب کی تاریخ میں سید سلیمان ندویؔ کسی تعارف کے محتاج نہیں ہیں۔ وہ بیک وقت مورخ، عالم دین، شاعر، محقق، سوانح نگار ہونے کے ساتھ ساتھ ایک بہترین سیرت نگار بھی تھے۔ لیکن بقول خلیق انجم بعض سیاسی وجوہات کی بنا پر انہیں وہ مقام و مرتبہ نہیں دیا گیا جس کے وہ مستحق تھے۔ 1984ء میں مولانا سید سلیمان ندویؔ کا صد سالہ جشن بنایا اور مارچ 1985ء میں انجمن ترقی اردو (ہند) کی طرف سے مولانا سید سلیمان ندویؔ کی شخصیت اور فن پر دو روزہ سمینار کا انعقاد کیا گیا۔ اس سمینار میں اردو کے معروف ادیبوں اور محققوں نے مقالے پیش کیے۔ جنہیں خلیق انجم نے بعد میں ترتیب دے کر ''سید سلیمان ندوی'' کے عنوان سے کتابی شکل میں شائع کیا۔ خلیق انجم کا مذکورہ مضمون ''سید صاحب کا سوانحی خاکہ'' اسی سمینار میں پیش کیا گیا تھا۔

سید سلیمان ندویؔ کی سوانحی کوائف اور ان کی عظیم شخصیت، عظیم عالم، ادیب، مورخ، سیاست داں، ماہر تعلیم، صحافی، مترجم، شاعر، مفکر اور ان کی دانشوری پر گفتگو کرنے سے قبل خلیق انجم نے اپنے مضمون میں سیدوں کے خاندان کی مختصر تاریخ بیان کی ہے۔ سید سلیمان ندویؔ کے آبا واجداد کا ذکر کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں کہ دسنہ گانوں میں سیدوں کے خاندان کا ایک بزرگ حکیم سید ابوالحسن کئی پشتوں سے طبابت کا پیشہ کرتے آرہے تھے۔ ان کی دو اولادیں سید ابوالحبیب اور مولانا سید سلیمان ندوی تھیں۔ سید سلیمان ندویؔ کی ولادت مولانا شاہ معین الدین احمد کے مطابق نومبر 1884ء اور عبدالقوی دسنوی کے مطابق 22 نومبر 1884ء کو ہوئی اور ان کی وفات 23 نومبر 1953ء کو ہوئی ہے۔

بڑے بھائی ابوحبیب کے نام کی نسبت سے نوزائیدہ چھوٹے بھائی یعنی سید سلیمان کا نام ابونجیب تجویز کیا گیا تھا۔ لیکن بعد میں کسی کی تجویز پر ابونجیب بدل کر سید سلیمان کر دیا گیا۔ جو بڑے ہوکر سید سلیمان ندوی کے نام سے مشہور ہوئے۔

سید سلیمان کی ابتدائی تعلیم گھر پر ہوئی تھی۔ عربی وفارسی کی تعلیم پہلے اپنے بڑے بھائی سے شروع کی۔ بعد میں انہیں مزید تعلیم کے لیے پھلواری شریف بھیج دیا گیا۔ یہاں انھوں نے مولانا شاہ محی الدین سے ہدایہ اور مولانا عبدالرحمٰن کاکوی سے شرح تہذیب پڑھنی شروع کی۔ یہاں ایک سال کا عرصہ گذر جانے کے بعد انہیں مدرسۂ امدادیہ دربھنگہ بھیج دیا گیا۔ جہاں انہوں نے مرتضی حسین دیوبندی سے تعلیم حاصل کی۔ دربھنگہ سے انھوں نے دارالعلوم ندوۃ العلما کا رخ کیا۔ ندوۃ العلما میں انھوں نے درجہ ابتدائی سال دوم میں داخلہ لیا۔ سید سلیمان ندوی کی یہ خوش قسمتی تھی کہ اس دوران ندوۃ العلما میں مولانا فاروق چڑیا کوٹی صدر مدرس تھے اور مفتی عبداللطیف اور مولانا حفیظ اللہ جیسے اساتذہ تھے۔ جن کی صحبت میں رہ کر سید صاحب بہت متاثر ہوئے۔

سید سلیمان ندویؔ کے استادوں میں سب سے اہم نام مولانا شبلیؔ کا ہے۔ شبلیؔ سے ان کی پہلی ملاقات 1904ء میں ہوئی تھی۔ شبلیؔ کے حلقۂ درس میں رہ کر سید سلیمان ندویؔ کو ''دلائل الاعجاز''، ''نقد الشعر'' اور مصر وشام کے عربی اخبارات جیسی کتابیں پڑھ کر ان کے ادبی ذوق میں نکھار آتا چلا گیا۔ اس طرح شبلیؔ کا باقاعدہ شاگرد ہونے سے پہلے ہی سید صاحب کو عربی زبان وادب پر غیر معمولی دسترس حاصل ہوگئی تھی۔

سید سلیمان ندویؔ پر مزید معلومات فراہم کرتے ہوئے خلیق انجم اپنے زیر بحث مضمون میں لکھتے ہیں کہ ''الہلال'' جیسے اخبار کی مجلس ادارت میں کام اگرچہ باعث فخر تھا۔ لیکن شبلیؔ کی دلی خواہش تھی کہ ان کا تقرر کسی ایسے

مقام پر ہونا چاہئے جہاں ان کی صلاحیتوں کومزید استعمال کیا جاسکے۔لہذا ان ہی کی سفارش پر دکن کالج، پونا میں اسسٹنٹ پرشین لیکچر کی جگہ پران کاتقرر ہوا۔یہیں انہوں نے بعد میں ایک یہودی سے عبرانی سیکھنی بھی شروع کی تھی ۔یہیں انہوں نے اپنی مشہور ومعروف کتاب ''ارض القرآن'' کا پہلا حصہ بھی مکمل کیا تھا۔لیکن سید صاحب کوابھی صرف ڈیڑھ سال کا عرصہ پونا میں ہوا تھا کہ شبلی کا انتقال ہوگیا۔شبلی کی وفات کے بعد انہوں نے ان کی فرمائش پر ''سیرت النبیؐ'' کی تکمیل بھی کی تھی۔ چوں کہ شبلی کی وفات کے بعد سید صاحب نے دارالمصنفین اعظم گڑھ میں ناظم کی حیثیت سے بھی کام کیا تھا۔علامہ شبلی نعمانی کی نے ایک ماہنامے رسالے کا منصوبہ بنایا تھا جودارالمصنفین جیسے علمی ادارے کا ترجمان بن سکے۔ان کے اس منصوبے کوسید سلیمان ندوی نے عملی جامہ پہنا کر جولائی 1916ء میں ''معارف'' نام سے ایک ماہنامہ رسالہ جاری کیا۔اس رسالے کی خصوصیات بیان کرتے ہوئے خلیق انجم شاہ معین الدین کے حوالے سے لکھتے ہیں:

> ''پرانے طبقے کواس نے مذہب اسلام اوراسلامی علوم وفنون کی خدمت کے نئے وسائل اور علمی مسائل کی تحقیق وتنقید اورانشا تحریر کے نئے طریقوں سے آشنا کیا، جدید طبقے کو جن کی دنیا محض جدید تعلیم تک محدود تھی اپنی تاریخ اوراپنے علوم کی طرف متوجہ کیااوران دونوں میں سنجیدہ اہل قلم کی قلم کی ایک جماعت پیدا کردی۔ معارف نے سیکڑوں علمی موضوعوں اور مسائل پراوراسلامیات کی مختصر شاخوں پر مضامین کا تنا بڑا ذخیرہ جمع کردیا جس سے اسلامی انسائیکلوپیڈیا مرتب کی جاسکتی ہے۔''[۱۳]

سید سلیمان ندوی پر مزید بحث کرتے ہوئے خلیق انجم اپنے مذکورہ مضمون میں لکھتے ہیں کہ 1920ء میں جب خلافت کمیٹی نے ہندوستانی مسلمانوں کے جذبات کی ترجمانی کے لیے ایک وفد کولندن اورفرانس بھیجا تو پانچ اصحات پر مشتمل اس وفد میں سید صاحب بھی موجود تھے۔ وہ اس وفد میں نہ صرف ایک سیاسی رہنما بلکہ ایک عالم اور مورخ کی حیثیت سے بھی شامل کیے گئے تھے۔انہوں نے ''خلافت اور ہندوستان''، ''خلفائے اسلام کا اثر واقتدار'' ، ''خلافت عثمانیہ اور دنیائے اسلام''، ''خلافت عثمانیہ اور مسیحی دنیا کا اعتراف'' وغیرہ جیسے مضامین لکھ کر خلافت اسلامیہ کی مذہبی اور سیاسی اہمیت پر زوردے کراس بات کی مکمل عکاسی کرنے کی کوشش کی ہے کہ کن تاریخی وجوہات کی بناپر ہندوستانی مسلمانوں کا خلافت اسلامیہ سے گہرا ذہنی رشتہ ہے۔

مذکورہ تمام بحث ومباحثے سے اس بات کی مکمل عکاسی ہوجاتی ہے کہ خلیق انجم کے مضمون ''سید صاحب کا سوانحی خاکہ'' میں خلیق انجم نے نہ صرف سید صاحب کے بعض سوانحی کوائف پر ضروری تفصیل بیان کی ہے۔ بلکہ اس

میں انہوں نے سید صاحب کی بعض علمی وادبی خدمات کی بھی وضاحت کی ہے۔

## اردو کا بانکا اور سجیلا شاعر (دوہوں کی روشنی میں)

مضمون ''اردو کا بانکا اور سجیلا شاعر''، جمیل الدین عالؔی پر لکھا گیا خلیق انجم کا بہترین مضمون ہے۔ جو ایم، حبیب خاں کی مرتبہ کتاب ''جمیل الدین عالؔی فن اور شخصیت''، میں شامل ہے۔ مذکورہ مضمون میں خلیق انجم نے جمیل الدین عالؔی کی حیات، شخصیت اور فن کے مختلف گوشوں پر گفتگو کرتے ہوئے دوہے کے فن اور روایت پر بھی مفصل بحث کی ہے۔ عالؔی کی حیات کے بعض اہم پہلوؤں کا ذکر کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں کہ عالؔی کی ولادت ایک مشہور خاندان میں ہوئی تھی۔ لیکن ان کی دفتری زندگی کا آغاز ایک معمولی کلرک کی حیثیت سے ہوا ہے۔ بعد میں ترقی کی مختلف منازل طے کر کے اعلیٰ ترین عہدوں پر فائز ہوئے۔ چوں کہ وہ غالبؔ کے خاندان میں پیدا ہوئے تھے اور ان کی تخلیقی شخصیت کی تعمیر دلی کے اس ماحول میں ہوئی ہے۔ جس میں غالبؔ کے ساتھ ساتھ داغؔ اور ان کے شاگردوں کا سکہ بھی چل رہا تھا۔ عالؔی شاعری میں غالبؔ کو اپنا آئیڈل مانتے تھے۔ بقول خلیق انجم:

> ''عالؔی کی پرورش داغؔ کے شاگردوں کی محفلوں میں ہوئی اور وہ اس ماحول سے اس لیے متاثر نہیں ہوئے کہ وہ غالبؔ بننا چاہتے تھے۔ انہوں نے شاعری میں فکر کی روایت غالبؔ ہی سے حاصل کی۔ وہ غالبؔ تو نہیں بنے، لیکن غالبؔ کے اثر نے ان کی شاعری کو نئی سمت، نئی تاب و توانائی، نیا حسن و رنگ، تازہ کاری، حسن کارانہ شعور اور فکر انگیزی سے ہم کنار کر دیا۔ عالؔی نے ادب کی دنیا میں نئی زمینوں اور نئے آسمانوں کی تلاش غالبؔ سے متاثر ہو کر ہی کی۔
>
> ''۱۴

جمیل الدین عالؔی کے بارے میں خلیق انجم اپنے مضمون میں مزید لکھتے ہیں کہ عالؔی غزل کو محض حسن و عشق کی داستان بیان کرنے کا ذریعہ نہیں بلکہ اپنی ذات کے اظہار، تخلیقی تجربے اور اپنے گرد نواح میں پھیلی زندگی کی عکاسی کا بہت بڑا اور اہم وسیلہ سمجھتے ہیں۔ انہیں زبان پر پوری دسترس حاصل تھی۔ ان کے بارے میں کئی نقادوں نے کہا ہے کہ وہ بنیادی طور پر غزل کے شاعر تھے۔ اس بات کا اعتراف کرتے ہوئے خلیق انجم کا خیال ہے کہ اگر عالؔی دوہے اور گیت میں طبع آزمائی نہیں بھی کرتے۔ تب بھی انہیں پاکستان کے اہم اور ممتاز اردو شاعروں میں ضرور شمار کیا جاتا۔ خلیق انجم کا خیال ہے کہ عالؔی کا مزاج غزل کے برعکس دوہے اور گیت میں زیادہ ہم آہنگ ہے۔ جس کی

بنیادی وجہ غالباً نغمگی اور موسیقی ہے۔ کیوں کہ غزل کے مقابلے میں گیت اور دوہوں میں زیادہ نغمگی اور موسیقیت ہوتی ہے۔ انہوں نے اردو اور ہندی کے کلاسیکی دوہا نگاروں کی طرح اپنے دوہوں کو اخلاقی تعلیم کے لیے استعمال نہیں کیا۔ بلکہ ان کے دوہوں کا ہیرو ایک ایسا نوجوان ہے۔ جو صحت مند، محبت کرنے والا اور جنس کے قدرتی تقاضوں سے مجبور نظر آتا ہے۔ انہوں نے دوہوں میں اصلی زندگی کے مسائل بیان کرنے کے ساتھ ساتھ نئے نئے تجربات بھی کیے ہیں۔ غزل مسلسل کی طرح مسلسل دوہے بھی کہے ہیں۔ لہذا انہیں دوہا کہنے کے بجائے اگر نظم کہا جائے تو کچھ غلط نہیں ہوگا۔ عالؔی کے دوہوں کے موضوعات اور ان کی خصوصیات بیان کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں:

> ''عالؔی کے دوہے محض رومانی نہیں ہیں، بلکہ ان میں موضوعات کا کینوس بہت وسیع ہے۔ ان کو مضامین میں غیر معمولی تنوع ہے۔ ان دوہوں میں ایک خلیق ذہن، طبع رسا باشعور ذہن کے غیر معمولی تخلیقی تجربوں کا اظہار ہے۔ بڑی بات یہ ہے کہ ان دوہوں میں شاعر کا لب و لہجہ عالم، مفکر یا دانشور کا نہیں بلکہ ایک عام انسان کا ہے۔ ایک ایسا عام انسا جسے ورثے میں برصغیر کے صوفی سنتوں کی عظمت ملی ہے۔ ان دوہوں کا خالق ایک سیدہ سادا، عام انسان ہے، عوام سے بلند ہوتے ہوئے بھی عوام کے ساتھ ہے۔''[۱۵]

ہندوستان میں دوہوں کی روایت پر اظہار خیال کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں کہ ہندوستان میں دوہوں کی روایت بابا فرید گنج شکر، بوعلی شاہ قلندر، امیر خسرو، شیخ احمد عبدالحق، برہان الدین جانم، تلسی داس، رحمٰن، ملک محمد جائسی، کبیر، بہاری لال، گرونانک وغیرہ سے ہوتے ہوئے سوؔدا، نظیر اکبر آبادیؔ، بہادر شاہ ظفؔر اور امانت لکھنوی کے عہد میں اردو میں اس صنف کی باضابطہ ابتدا ہوئی۔ بیسویں صدی کے آغاز میں مطلبی فرید آبادی اور دل محمد نے بڑی تعداد میں دوہے کہے ہیں۔ 1947ء کے آس پاس جمیل الدین عالؔی نے اس صنف کی طرف خاص توجہ مبذول کی اور ان کے دوہوں کی غیر معمولی مقبولیت کو دیکھ کر زبیر رضوی، تاج سعید، صہبا اختر، احمد شریف، ندا فاضلی، کشور ناہید، پرتو وہیلہ اور ڈاکٹر اسلم پرویز اس صنف کی طرف متوجہ ہوئے۔

مجموعی طور پر اگر دیکھا جائے تو کہا جا سکتا ہے کہ خلیق انجم کے مذکورہ مضمون ''اردو کا سجیلا شاعر'' میں نہ صرف جمیل الدین عالؔی کی حیات، شخصیت اور فن کے مختلف پہلوؤں پر مفصل گفتگو کی گئی ہے۔ بلکہ اس میں عالؔی کے دوہوں اور گیت کا بہترین فنی جائزہ لے کر دوہوں کی مختصر مگر جامع معلومات بھی بیان کی گئی ہیں۔

## ہند ایرانی تہذیب کا آخری مکمل نمونہ

’’ہند ایرانی تہذیب کا آخری مکمل نمونہ‘‘ مالک رام پر لکھا گیا خلیق انجم کا ایک بہترین مضمون ہے جو کتاب ’’مالک رام محقق و دانشور‘‘ میں شامل ہے۔ اس مضمون میں خلیق انجم نے مالک رام کی مشترکہ تہذیب پر اظہار خیال کرتے ہوئے اس بات کی بھی مختصر مگر جامع معلومات فراہم کی ہے کہ تقسیم ہند سے قبل اردو کی ترقی و ترویج میں غیر مسلم ادیبوں، شاعروں، نقادوں اور محققوں کا اہم اور قابل لحاظ کردار رہا ہے۔ لیکن آزادی کے بعد یہاں کی مرکزی اور صوبائی حکومتوں نے اردو کو مذہب کے خانے میں تقسیم کر دیا۔ جس کے نتیجے میں غیر مسلموں نے اردو کو پڑھنا چھوڑ دیا اور مسلمانوں نے ان کے ادبی خدمات کا اعتراف کرنا۔ مالک رام کی مشترکہ شخصیت اور ہندو مسلم مشترکہ تہذیب کے بارے میں خلیق انجم لکھتے ہیں کہ مالک رام کی مادری زبان پنجابی تھی۔ اردو، انگریزی اور فارسی اسکول اور کالج میں پڑھی تھی۔ عربی زبان کا مطالعہ اپنے ذاتی شوق سے کیا۔ اگر چہ ہندوستان اور پاکستان کی آزادی سے قبل مالک رام جیسی شخصیات ہندوؤں اور مسلمانوں میں کثرت سے ملتی تھیں۔ لیکن آزادی کے بعد ہندوستان اور پاکستان کی سرزمین پر اس تہذیب نے نئی تہذیب کی شکل اختیار کر لی۔ جہاں زمین کے ساتھ ساتھ دل و دماغ اور زبانیں بھی تقسیم کی گئیں۔ مالک رام کی مشترکہ شخصیت کے بارے میں خلیق انجم لکھتے ہیں:

> ’’پچھلے سات سو برسوں میں ہندوستان میں جو مشترکہ تہذیب یو دوسرے لفظوں میں ہند ایرانی تہذیب وجود میں آئی تھی، اس کا بہترین نمومہ مالک رام صاحب کی ذات ہے۔ یہ کہتے ہوئے دل دلکھتا ہے لیکن حقیقت یہی ہے کہ مالک رام صاحب اپنی بات چیت، طور طریق، رہن سہن، لباس، عقائد اور نظریات کے اعتبار سے اس تہذیب کا آخری مکمل نمونہ ہیں۔‘‘[۶]

مالک رام اور ہندوستان کی مشترکہ تہذیب کے ساتھ ساتھ خلیق انجم نے اپنے مذکورہ مضمون میں مالک رام کی ادبی خدمات کا مختصر جائزہ لیتے ہوئے اس بات کا اعتراف بھی کیا ہے کہ مالک رام کا شمار اردو کے چار بڑے محققوں میں کیا جاتا ہے۔ مالک رام نے غالبؔ اور ان کی ادبی زندگی کے بارے میں جتنی معلومات حاصل کی تھیں ۔شاید ہی ہمارے عہد کے کسی اور نے کی ہوگی۔ غالبؔ پر ان کی لکھی ہوئی تصانیف میں انہوں نے ’’ذکر غالبؔ‘‘، ’’تلامذہ غالبؔ‘‘ اور ’’گفتار غالبؔ‘‘ کی اہمیت و افادیت کا ذکر کرتے ہوئے ان کی مرتبہ ’’غبار خاطر‘‘، ’’تذکرہ‘‘ اور ’’خطبات آزادؔ‘‘ کی خصوصیات کا ذکر بھی کیا ہے۔ اس کے علاوہ انہوں نے ان کی دیگر تحریروں میں ’’عورت اور اسلام‘‘، ’’اسلامیات‘‘، ’’تذکرہ معاصرین‘‘ اور ان کے رسالے ’’تحریر‘‘ کے اختصاصِ مقبولیت بھی بیان کیے ہیں۔

# غالبؔ اور اقبالؔ کی مکتوب نگاری

''غالبؔ اور اقبالؔ کی مکتوب نگاری''، خلیق انجم کا بہترین مضمون ہے جو آفاق احمد کی مرتبہ ''بیا مجلس اقبال'' میں شامل ہے۔ خلیق انجم نے مذکورہ مضمون میں علامہ اقبالؔ اور غالبؔ کے خطوط کی مقبولیت اور انفرادیت بیان کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی شاعرانہ عظمت، خطوط نگاری کے فن اور خود نوشت اور خطوط نگاری میں بنیادی فرق جیسے موضوعات کا تذکرہ بھی کیا ہے۔

غالبؔ اور اقبالؔ کی مکتوب نگاری کے بارے میں خلیق انجم اپنے مضمون میں لکھتے ہیں کہ شاعری آرائش گفتار کے بغیر ممکن نہیں ہے۔ لیکن آرائش گفتار کے لیے جس یکسوئی، جوش وولولہ اور ذہنی وجسمانی طاقت کی ضرورت ہوتی ہے۔ عمر کے آخری پڑاو میں آ کر غالبؔ اس سے محروم ہو چکے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ شاعری خصوصاً فارسی شاعری اور نثر نگاری سے دامن بچانے لگے تھے۔ لیکن زندگی کے تجربات اور مشاہدوں نے ان کی فکر میں بہت بالیدگی و پختگی، احساس میں زیادہ گہرائی و گیرائی اور جذبات میں ٹھراؤ پیدا کر دیا تھا۔ اگر چہ غالبؔ نے اردو خطوط نگاری ضرورتاً شروع کی تھی۔ لیکن خطوط نگاری میں اظہار کے امکانات نے بہت جلد ان کے اندر چھپے ہوئے اس فن کار کو جگا دیا جو ردیف وقافیہ کی مشقت سے تھک کر سو گیا تھا۔ ضعیفی کے سبب ایک فن کار کے ذہن، جذبے اور فکر میں ہونے والی جو تبدیلیاں تخلیق کے راستے میں رکاوٹ بن جاتی ہیں، اردو نثر میں وہ غالبؔ کے لیے بہت بڑا اثاثہ ثابت ہوئیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے یہ خطوط اردو نثر کا بہترین نمونہ بن گئے ہیں۔ ان خطوط میں انشا پردازی بھی ہے اور خاکہ نگاری بھی، مکالمہ نویسی بھی ہے اور شگفتگی اور تازگی بھی۔ لیکن ان کی دنیا بلیماران کے ایک بالا خانے تک محدود رہ گئی تھی۔ وہ اپنے خطوط میں سیاسی وسماجی مسائل کا ذکر محض اپنے ذاتی معلومات کے لیے کرتے تھے۔ غالبؔ نے یہ خطوط نہ قلم سنبھال کر لکھے اور نہ ہی دل لگا کر۔ ان خطوط کو لکھتے وقت غالبؔ نے یہ کبھی نہیں سوچا ہوگا کہ ایک زمانے میں ان خطوط کی ایسی ادبی اہمیت ہوگی کہ لوگ انہیں مرتب کر کے شائع کریں گے۔

غالبؔ اور اقبالؔ کی مکتوب نگاری پر مزید گفتگو کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں کہ غالبؔ کے بمقابل علامہ اقبالؔ کی تخلیقی قوت کی شمع آخر تک جلتی رہی۔ وہ اپنے خطوط میں اپنے عہد کے سیاسی وسماجی اور مذہبی واقتصادی مسائل سے مسلسل نبرد آزما تھے۔ اقبالؔ ان مسائل کو سلجھانے کے لیے میدان عمل میں تو نہیں آئے۔ انہوں نے اپنی شاعری میں اس سے بھی بڑا کام فکری و ذہنی رہنمائی کر کے کی ہے۔ اقبالؔ کے خطوط میں عصری زندگی اپنی پوری

وسعتوں کے ساتھ نظر آتی ہے۔ وہ چھوٹے سے چھوٹے مسلے کے تمام اہم پہلوؤں پر روشنی ڈالتے ہوئے ہمیں ہماری منزل کی طرف رہنمائی کرتے ہیں۔ اقبالؔ کو کبھی بھی بے بس کر دینے والی قابل رحم تنہائی کا سامنا نہیں ہوا۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے خطوط تنہائی دور کرنے کا ذریعہ نہیں ہیں۔

غالبؔ اور اقبالؔ میں مشترکہ پہلو یہ ہے کہ دونوں خط کا جواب دینا اخلاقی ذمہ داری سمجھتے تھے۔ بیماری کی حالت میں جب نوبت یہاں تک آ جاتی تھی کہ خود لکھنا ممکن نہیں رہتا تو خط کا جواب کسی اور سے لکھواتے۔ مگر لکھواتے ضرور تھے۔ اور اپنے خطوط کو شائع کرنے میں اقبالؔ اور غالبؔ کی رائے بھی تقریباً ایک جیسی تھی۔ غالبؔ نے کہا ہے کہ شاید ہی کوئی ایسا رقعہ ہوگا جو میں نے قلم سنبھال کر یا دل لگا کر لکھا ہوگا۔ ورنہ صرف تحریر سرسری ہے۔ جب اقبالؔ نے ان کے خطوط کی اشاعت کے بارے میں سنا تو انہوں نے کہا کہ خطوط عجلت میں لکھے جاتے ہیں۔ لہذا ان کی اشاعت مقصود نہیں ہوتی۔ غالبؔ اور اقبالؔ کی مکتوب نگاری کے بارے میں خلیق انجم اپنے مضمون میں لکھتے ہیں:

> ''غالبؔ اور اقبالؔ دونوں اردو شاعری کے اہم ترین ستون ہیں۔ مفکر اور دانشور کی حیثیت سے یقیناً علامہ کا درجہ بلند ہے۔ لیکن اردو نثر میں جو مقام غالبؔ کو حاصل ہے وہ اقبالؔ کو نہیں ہے۔ غالبؔ کے خطوط کی زبان اور اسلوب نہ صرف مکتوباتی ادب کا اعلیٰ ترین نمونہ ہے۔ بلکہ پوری اردو نثر کا قابل فخر سرمایہ ہیں۔ غالبؔ کی غیر معمولی مقبولیت کا راز ان کی اردو شاعری کے ساتھ اردو خطوط میں بھی ہیں۔'' ۱۷

دوسری جگہ لکھتے ہیں:

> ''جیسا کہ میں نے پہلے بھی عرض کیا کہ علامہ کے خطوط غالبؔ کے خطوط کی طرح ادبی شہ پارے نہیں ہیں۔ یہ کافی حد تک ادبی حسن سے عاری ہیں۔ اسی لیے اعلیٰ نثر کا نمونہ نہیں ہیں، لیکن یہ خطوط اور ان کا ایک ایک لفظ اردو ادب کا بیش بہا خزانہ ہے۔ کیوں کہ ان خطوط کے لکھنے والا میرؔ، غالبؔ، انیسؔ کے بعد اردو کا چوتھا بڑا اور بیسویں صدی کا سب سے بڑا شاعر ہے۔ یہ خطوط علامہ کے سوانح، شخصیت، سیرت، سیاسی، سماجی اور مذہبی عقائد و نظریات، عصری زندگی اور اس کے مسائل پر ان کے ردعمل کا بیش بہا گنجینہ ہے۔ لیکن افسوس ہے کہ علامہ کے سوانح نگاروں نے ابھی تک ان خطوط سے خاطر خواہ استفادہ نہیں کیا۔'' ۱۸

مذکورہ تمام بحث سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ خلیق انجم نے اپنے زیر بحث مضمون میں غالبؔ اور اقبالؔ کی مکتوب نگاری کی خصوصیات اور مماثلت بیان کرنے کے ساتھ ساتھ اردو ادب میں ان کی اہمیت و افادیت پر بھی مفصل گفتگو کی ہے۔

# خواجہ احمد فاروقی صف اول کے مکتوب نگار

مضمون ''خواجہ احمد فاروقی صف اول کے مکتوب نگار'' خلیق انجم کا ایک بہترین مضمون ہے۔اس میں انہوں نے خواجہ صاحب کی ادبی خدمات اور اردو دوستی کی عمدہ تصویر کشی کی ہے۔ان کا یہ مضمون کتاب نما کے خصوصی شمارے ''خواجہ احمد فاروقی نمبر'' میں شائع ہوا ہے۔خواجہ احمد فاروقی کی ادبی خدمات پر اظہار خیال کرتے ہوئے خلیق انجم اپنے مذکورہ مضمون میں لکھتے ہیں کہ خواجہ صاحب اگر چہ بنیادی طور پر محقق اور نقاد تھے۔لیکن ان میں ایک بہترین تخلیق کار بھی چھپا ہوا تھا۔خواجہ صاحب کی غیر معمولی تخلیقی صلاحیت کا اندازہ ان کے خطوط اور خاکوں کے مطالعہ سے کیا جا سکتا ہے۔خلیق انجم کے مطابق خواجہ صاحب اگر اردو انشائیہ نگاری اور خاکہ نگاری کی طرف متوجہ ہوتے تو ان کا شمار اردو کے صف اول کے انشائیہ نگاروں اور خاکہ نگاروں میں کیا جاتا۔ان میں انا کی لے بہت تیز تھی لیکن ان میں انا کی یہ لے عام طور پر مثبت رہی ہے۔خواجہ صاحب نے انا کی نگہداشت میں اپنی شخصیت،اردو اور اپنے پیشے تینوں کو شامل رکھا ہے۔انہوں نے نہ صرف اپنی پوری زندگی اردو کی ترقی و ترویج کے لیے جہاد کیا، بلکہ مولوی عبدالحق کی طرح اردو کی عزت اور وقار کی بھی حفاظت کی۔اردو کے وقار کو اگر کہیں کوئی ٹھیس پہنچتی تو خواجہ صاحب بغیر کسی نقصان کی فکر کیے بنا بڑی سے بڑی طاقت سے ٹکرا جاتے اور اپنا ہر ممکن نقصان برداشت کر لیتے۔ان کا مطالعہ بہت وسیع تھا۔اردو، فارسی اور انگریزی ادب پر ان کی گہری نظر تھی۔بعض ادبی اور تاریخی حوالے سے وہ اپنی بات کو بہت زیادہ موثر اور دلچسپ بنا دیتے تھے۔درس و تدریس اور علمی و ادبی مصروفیات کے باوجود وہ بہت بڑے منتظم اور اردو تحریک کے علم بردار تھے۔

خواجہ احمد فاروقی کی مکتوب نگاری کے بارے میں خلیق انجم لکھتے ہیں کہ انہیں خطوط نویسی کے فن سے غیر معمولی دلچسپی رہی ہے۔یہی وجہ کہ انہوں نے ''مکتوبات اردو کا ادبی و تاریخی ارتقا'' کے موضوع پر پی،ایچ،ڈی کا تحقیقی مقالہ لکھا ہے۔انہوں نے ہزاروں کی تعداد میں خط لکھے ہیں۔ان کے یہ خطوط اردو نثر کا بہترین سرمایہ ہیں۔ان خطوط میں خواجہ صاحب کی نفسیاتی،سماجی،علمی و ادبی شخصیت کی رنگ بہ رنگی جھلکیاں دیکھنے کو ملتی ہیں۔ان کے یہ خطوط ان کی شخصیت،سیرت اور انداز فکر کو سمجھنے کے لیے اہم ترین ماخذ ہیں۔انہوں نے ان خطوط میں نثر میں شاعری کی ہے۔انہیں ہزاروں کی تعداد میں اردو اور فارسی کے اشعار یاد تھے۔جن کا استعمال کر کے انہوں نے اپنے اظہار

خیال کو بہت زیادہ موثر اور بامعنی بنادیا ہے۔عام طور پر گفتگو اور تحریر کا اسلوب مختلف ہوتا ہے۔لیکن خواجہ صاحب جس مہذب اور شائستہ انداز سے گفتگو کرتے ہیں،اسی انداز سے خط بھی لکھتے ہیں۔ان کی سب سے بڑی خوبی یہ تھی کہ وہ جس زبان اور لب و لہجے میں اپنے سے بلند مرتبہ لوگوں کو خط لکھتے ،اسی انداز اور لب ولہجہ میں وہ اپنے شعبہ کے ساتھیوں سے بھی بات کرتے ۔ جب کسی شاگرد کو خط لکھتے ،تو بالکل اس انداز سے لکھتے جیسے وہ مرتبے میں ان کے برابر ہوں۔اردو کے بہترین مکتوب نگاروں کی فہرست خواہ کتنی ہی مختصر کیوں نہ بنائی جائے ،خواجہ صاحب کا نام اس میں ضرور شامل کیا جائے گا۔خواجہ صاحب اور محمد حسین آزاد کی مکتوب نگاری کا موازنہ کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں :

> ’’پروفیسر خواجہ احمد فاروقی صف اول کے محقق اور نقاد ہونے کے ساتھ ساتھ بہترین انشا پرداز بھی ہیں۔ان کے خطوط میں اردو نثر کا پورا حسن ،دل کشی اور دلاویزی سمٹ کر آ گئی ہے ۔محمد حسین آزاد اردو کے زبردست انشا پرداز اور صاحب طرز نثر نگار تھے۔ فاروقی صاحب اردو کے دوسرے محمد حسین آزاد ہیں ۔ان دونوں کی نثر بہت رنگین ،شگفتہ ، دل نشین اور موثر ہے۔ دونوں ایسی نثر لکھتے ہیں کہ بار بار پڑھنے کو جی چاہتا ہے۔خواجہ صاحب کی نثر کا پورا حسن ان کے خطوں اور خاکوں میں بکھرتا ہے۔کہیں ان کی نثر غیر معمولی شگفتہ اور رنگین ہوتی ہے اور کہیں بہت سادہ۔لیکن خواجہ صاحب کی نثر کے مطالعے سے محسوس ہوتا ہے کہ لکھنے میں بہت محنت کی گئی ہوگی۔مسودہ کئی بار صاف کیا گیا ہوگا۔لیکن جو لوگ خواجہ صاحب سے قریب ہیں ۔ وہ جانتے ہیں کہ یہ خطوط قلم برداشتہ لکھے گئے ہیں ۔شعبہ کی غیر معمولی مصروفیات کی وجہ سے بقول غالب شاید ہی کوئی ایسا خط ہو جو انھوں نے دل لگا کر لکھا ہو‘‘[۱۹]

خلیق انجم کے زیر بحث مضمون کے مطالعے سے اس بات کی پوری وضاحت ہو جاتی ہے کہ خواجہ احمد فاروقی نہ صرف اردو کے اہم اور نامور محقق و نقاد تھے۔ بلکہ انہیں مکتوب نگاری کے فن پر بھی اچھی دسترس حاصل تھی۔

## ایک عظیم سیکولر ہندوستانی فخر الدین علی احمد

’’ایک عظیم سیکولر ہندوستانی فخر الدین علی احمد‘‘ خلیق انجم کا ایک قابل تعریف مضمون ہے۔اس مضمون میں خلیق انجم نے فخر الدین علی احمد کی حیات ،شخصیت ،اور عملی خدمات کے ساتھ ساتھ ان کے سیکولر ذہن کی مکمل عکاسی کرنے کی کامیاب کوشش کی ہے۔فخر الدین علی احمد کے خاندان کے بارے میں خلیق انجم لکھتے ہیں کہ اس خاندان کا

سلسلہ نسب حضرت ابوبکر صدیقؓ سے ملتا ہے۔ان کے آباواجداد مغل حکومت میں ہندوستان آئے اور یہاں دہلی میں مستقل سکونت اختیار کرلی۔ان کے والد کرنل ذوالنور احمد بہت ذہین اور نیک سیرت شخصیت تھی۔ان کی والدہ رقیہ سلطان خاندان لوہارو کے باقر علی خاں کاملؔ کی بیٹی تھی۔ باقر علی خاں کاملؔ نواب مرزا زین العابدین خاں عارفؔ کے بیٹے تھے۔انہیں غالبؔ نے متنبہ کیا تھا اور غالبؔ سے انہیں تلمذ بھی تھا۔

فخرالدین علی احمد ان چند خوش نصیب شخصیتوں میں تھے،جن کی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے انہیں قوم کے اعلیٰ عہدے پر فائز کیا گیا۔انہوں اپنے کیریر کے سفر کی شروعات وکیل کی حیثیت سے کی اور ترقی کے مختلف مراحل طے کر کے صدر جمہوریہ ہند کے عہدے تک پہنچے۔وہ زندگی کے ہر شعبے میں منکسر المز اج،انسان دوست اور غریب نواز رہے۔غرور اور تکبر سے ہمیشہ پرہیز کیا۔ برطانوی حکومت سے انہیں شدید نفرت تھی۔سفر لندن کے دوران انہوں نے اس بات کا بغور مشاہدہ کیا کہ اگر ہندوستان آزاد ہوجائے تو یہاں کے لوگ بھی ایسی ہی ترقی کریں گے،جیسی کہ انگریزوں نے کی ہے۔انہوں نے انگلینڈ میں رہ کر برطانوی سامراج کو بے نقاب دیکھا تھا۔

فخرالدین علی احمد پر مزید معلومات فراہم کرتے ہوئے خلیق انجم اپنے زیر بحث مضمون میں لکھتے ہیں کہ وہ مولانا ابوالکلام آزادؔ کے سیاسی خیالات سے بہت متاثر تھے۔گاندھی جی کے ساتھ ستیہ گرہ میں بھی شریک ہوئے ہیں۔حب الوطنی کے جذبے سے مجبور ہوکر وہ انڈین نیشنل کانگریس میں شریک ہوئے۔کئی بار جیل گئے ہیں۔کانگریس کی طرف سے کئی بار انتخابات بھی لڑے ہیں۔جن میں انہیں شاندار کامیابی حاصل ہوئی۔فخرالدین علی احمد ریاستی اور مرکزی وزارات کے مختلف عہدوں ریاستی وزیر مالیات ومحاصل اور مرکزی وزیر تعلیم ، MINISTRY OF INDUSTRIAL DEVELOPMENT AND COMPANY AFFAIRS،وزیر خوراک وزراعت وغیرہ جیسے عہدوں پر بھی فائز رہ چکے ہیں۔کیبنٹ منسٹر کے طور پر انگلینڈ،مغربی جرمنی، بلغاریہ،ہنگری،اٹلی ،روس،سیلون اور ایران کا دورہ کیا۔آسٹریلیا میں ایف،اے،او کانفرنس میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔

فخرالدین علی احمد شعلہ نوا مقرر تھے۔ایک اچھے مقرر کی تربیت انہیں کیمبرج یونی ورسٹی میں ملی تھی۔انہیں انگریزی پر بھی کافی دسترس حاصل تھی۔انگریزی بولتے وقت ان کا انداز انگریزی طالب علموں جیسا رہتا تھا۔جب وہ کیمبرج میں تقریر کرتے تھے تو ان کے اساتذہ بھی ان کی انگریزی اور تقریر کے انداز پر ششدر رہ جاتے تھے۔تقریر کے فن کی وجہ سے فخرالدین احمد علی ہمیشہ عوامی جلسوں، پالیمنٹ اور اسمبلیوں میں نمایاں اور ممتاز رہے ہیں۔فخرالدین احمد اردو کو محض مسلمانوں کی زبان نہیں سمجھتے تھے۔انہوں نے کئی بار اپنی تقریروں میں اس حقیقت کا اظہار بھی کیا ہے

کہ اردو زبان کی تشکیل اور اس کی ترقی و ترویج میں ہندو اور مسلمان دونوں کا برابر حصہ ہے۔ اردو کے سلسلے میں ان کا سب سے بڑا کارنامہ غالبؔ انسٹی ٹیوٹ کی عظیم الشان عمارت ایوان غالبؔ کی تعمیر ہے۔ مشاعروں کے بے حد شوقین تھے۔ انہوں نے کئی بار اردو مشاعرے منعقد کئے ہیں۔ اعلیٰ درجے کے سیکولر انسان ہونے کی وجہ سے وہ ہندوستان کے تمام مذاہب اور تمام زبانوں کا دل سے احترام کرتے تھے۔ فخر الدین علی احمد کی شخصیت اور ان کے سیکولرازم پر اظہار خیال کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں:

> ''ہندوستان کے پانچویں صدر جمہوریۂ ہند فخر الدین علی احمد صاحب بیسویں صدی کی ان عظیم ہستیوں میں ہیں، جن پر ہندوستان ہمیشہ فخر کرتا رہے گا۔ وہ ایک صاحب ثروت باپ کے بیٹے تھے۔ انہیں ورثے میں خاصی دولت ملی تھی اور خود بھی انہوں نے اعلیٰ تعلیم حاصل کر کے اپنی حیثیت ایسی بنالی تھی کہ اگر چاہتے تو انہیں بہت شروع میں تمام مادی آسائشیں میسر ہو جاتیں۔ لیکن انہوں نے عیش و عشرت اور آرام و آسائش کے مقابلے میں ملک کی آزادی کے لیے دار و رسن کی آزمائشوں اور قید و بند کی زندگی کو ترجیح دی۔ فخر الدین صاحب اس ہند ایرانی تہذیب کا مکمل نمونہ تھے، جس کی ہندوؤں اور مسلمانوں نے ایک ہزار سال میں تشکیل کی تھی۔ وہ سو فیصدی سیکولر انسان تھے۔ ان کا سیکولرزم دکھاوے اور سیاسی مصلحتوں کا پیدا کیا ہوا نہیں تھا۔ سیکولرزم ان کا عقیدہ تھا اور سچے، کھرے بلکہ کٹر مسلمان تھے۔ اور ایک محبِّ وطن ہندوستانی بھی۔ انہوں نے مذہب کی بنیاد پر انسانوں میں کبھی تفریق نہیں کی۔''[۲۰]

مذکورہ تمام بحث و مباحثے سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ خلیق انجم کا مضمون ''ایک عظیم سیکولر ہندوستانی فخر الدین علی احمد'' کی حیات، شخصیت اور ان کی خدمات پر لکھا گیا بہترین مضمون ہے۔ اس میں خلیق انجم نے فخر الدین صاحب کی زندگی کے تمام پہلوؤں پر گفتگو کرنے کی کامیاب کوشش کی ہے۔

## اردو زبان کے مسائل پر پروفیسر مسعود حسین خاں کے مضامین (ہماری زبان کے اداریوں کی روشنی میں)

انجمن ترقی اردو ہند کی طرف سے پروفیسر مسعود حسین خاں کی پچھتر ویں سال گرہ کے موقع پر ایک جلسۂ تہنیت منعقد کیا گیا تھا۔ جس میں اردو کے مقتدر ادیبوں اور نقادوں نے پروفیسر مسعود حسین خاں کی شخصیت اور ادبی خدمات کے مختلف پہلوؤں پر تقاریر اور مقالات کی شکل میں سیر حاصل گفتگو کی تھی۔ اس جلسے میں پڑھے گئے مقالات

کوخلیق انجم نے ترتیب دے کر ’’پروفیسر مسعود حسین خاں ایک جامع حیثیات شخصیت‘‘ کے عنوان سے کتابی شکل میں شائع کیا۔خلیق انجم کا مذکورہ مضمون بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔

مضمون کے آغاز میں خلیق انجم نے اس بات کا اعتراف کیا ہے کہ مسعود صاحب اردو کے ماہر لسانیات، نقاد، محقق، ادیب، متنی نقاد اور ایک اعلی درجے کے استاذ اور شاعر ہونے کے ساتھ ساتھ اردو زبان کے مسائل کے ماہر بھی تھے۔مسعود صاحب اردو زبان کے مسائل کے ماہر ہونے کے خلیق انجم نے دو وجوہات بتائے ہیں۔ایک تو یہ کہ مسعود حسین خاں ماہر لسانیات تھے۔انہیں اردو کے تمام لسانی پہلوؤں پر جتنی واقفیت حاصل تھی، شاید ہی اردو کے کسی دوسرے ماہر لسانیات کو رہی ہوگی۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ انہیں اردو کے ان تمام مشکلات کا بخوبی علم تھا، جن کا اردو کو کئی دہائیوں سے مقابلہ کرنا پڑ رہا ہے۔یہی وجہ ہے کہ انہوں نے اردو کے مسائل پر ہماری زبان میں معرکتہ الآرا اداریے تحریر کیے ہیں۔ان اداریوں پر اردو کے صف اول کے مزاح نگار وطنز نگار رشید احمد صدیقی نے پروفیسر مسعود حسین خاں کے نام اپنے خطوط میں بیشتر اداریوں پر بڑے عالمانہ اور بصیرت افروز تبصرے کیے ہیں۔خلیق انجم نے زیر بحث مضمون میں ان اداریوں کا مختصر جائزہ بھی پیش کیا ہے اور ساتھ ہی رشید احمد صدیقی کے تبصروں کا حوالہ بھی دیا ہے۔

رسالہ ’’ہماری زبان‘‘ میں اردو زبان کے مسائل پر لکھے گئے مسعود حسین خاں کے اداریوں پر تبصرہ کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں کہ پروفیسر صاحب بہت سائنٹفک مزاج رکھتے تھے۔اس لیے ان اداریوں میں جذباتیت نہیں بلکہ بہت نپی تلی باتیں ہوتی ہیں۔ان اداریوں میں مسعود صاحب کی ہر بات کی بنیاد سائنٹفک نقطۂ نظر پر ہوتی ہے۔ان کا خیال تھا کہ جب اردو کو پرائمری، سکنڈری اور ہائر سکنڈری اسکولوں سے بالکل ختم کر دیا گیا ہے۔تو پھر جو لوگ اردو یونی ورسٹی کے قیام کا مطالبہ کرتے ہیں۔ وہ صرف خواب دیکھ رہے ہیں۔اور بقول خلیق انجم ان کا یہ خیال صحیح ہے۔ان اداریوں میں انہوں نے اس بات کا ذکر بھی کیا ہے کہ اردو کی پہلی قاتل یو، پی حکومت ہے۔لیکن لطف یہ ہے کہ یہ حکومت جہاں ایک طرف اردو کے گلے پر چھری پھیر رہی ہے تو وہیں دوسری طرف اردو والوں سے میٹھی میٹھی باتیں بھی کرتی ہیں۔انہوں نے ان اداریوں میں اردو کی موجودہ حیثیت اور مستقبل کے بارے میں اردو والوں کے مختلف رویوں کا جائزہ لیتے ہوئے اس بات کی مکمل تفصیل بیان کی ہے کہ کچھ لوگ اردو کے مستقبل سے ناامید ہیں ۔جب کہ بعض لوگ فلموں اور مشاعروں کا حوالہ دے کر اس کی مقبولیت کے گیت گاتے ہیں۔ایک اداریے میں اس مسلے کی بھی مکمل تفصیل بیان کی ہے کہ اردو کا صاحب اقتدار طبقہ بھی اردو کی موجودہ صورت حال کا ذمہ دار ہے۔ کیوں

کہ اسمبلی اور پارلیمنٹ میں اردو والوں کی تعداد تو بڑی ہے۔لیکن انہوں نے کبھی بھی اردو کی ترقی و ترویج اور فلاح و بہبود کے لیے احتجاج نہیں کیا۔ایک اداریہ انہوں نے علی گڑھ مسلم یونی سٹی کے بارے میں لکھا ہے جس میں انہوں نے اس بات کی وضاحت کی ہے کہ اردو کے ساتھ ہندی میں بعض امتحانات کے پرچے لکھنے کی اجازت دے کر علی گڑھ مسلم یونی ورسٹی نے اردو کو اس کے حق سے محروم کر دینے کا سامان مہیا کیا ہے۔مسعود حسین خاں کے اداریوں کی خصوصیات بیان کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں:

''پروفیسر مسعود حسین خاں نے ''ہماری زبان'' کے جو اداریے لکھے ہیں، وہ مختصر لیکن بہت جامع ہیں۔مسعود صاحب ماہر لسانیات ہیں۔اس لیے وہ اردو کے واحد ادیب ہیں۔جو انیسویں اور بیسویں صدی میں اردو کی موافق اور مخالف تمام تحریکوں سے بخوبی واقف ہیں اور اردو کے مسائل کو پورے ہندوستان کے لسانی تناظر میں دیکھنے کی بھرپور اہلیت رکھتے ہیں۔ان ادریوں میں انہوں نے اردو کو اس کے سماجی، تہذیبی اور لسانی پس منظر میں پیش کر کے اردو مسائل کا حل تلاش کرنے کی کوشش کی ہے۔جب ہندوستان میں اردو کے مسائل کی تاریخ لکھی جائے گی تو یہ اداریے بہت اہم ماخذ ہوں گے۔''[21]

خلیق انجم کے مذکورہ مضمون ''اردو زبان کے مسائل پر مسعود حسین خاں کے مضامین'' کے مطالعہ سے اس بات کی پوری وضاحت ہوجاتی ہے کہ مسعود حسین خاں اردو زبان کے مسائل اور مشکلات سے بخوبی واقف تھے۔ لہذا وہ ماہر لسانیات، نقاد، محقق، ادیب، اور ایک اعلی درجے کے استاذ اور شاعر ہونے کے ساتھ ساتھ اردو زبان کے مسائل کے ماہر بھی تھے۔

## شبلی اور سرسید کے اختلافات

14، 15 اور 16 اپریل 1995ء کو انجمن ترقی اردو (ہند) کی طرف سے علامہ شبلی نعمانی کی شخصیت اور فن پر سہ روزہ سمینار کا انعقاد عمل میں لایا گیا تھا۔اس میں اردو کے پنتالیس اسکالروں اور مشہور و معروف ناقدوں، پروفیسروں اور دانشوروں نے شبلی کی شخصیت اور فن کے بارے میں مضامین پیش کیے۔سمینار میں پیش کیے گئے مقالات کا انتخاب کر کے خلیق انجم نے انہیں کتابی شکل میں ''شبلی کی علمی و ادبی خدمات'' کے عنوان سے انجمن ترقی اردو (ہند) کے اشتراک سے 1996ء میں شائع کیا ہے۔خلیق انجم کا مذکورہ مضمون اسی سمینار میں پیش کیا گیا ہے۔

شبلی اور سرسید کے اختلافات کا ذکر کرتے ہوئے خلیق انجم اپنے مضمون میں لکھتے ہیں کہ شبلی محض سرسید کا

ضیمہ نہیں ایک مفکر، عالم اور مدبر بھی تھے۔ یہ بات اپنی جگہ مسلم ہے کہ ان کی شخصیت کو نکھارنے میں سرسید اور علی گڑھ کا بنیادی اور اہم رول رہا ہے۔ لیکن شبلی نے کبھی بھی سرسید کی ہر بات پر آمنا صدقنا نہیں کہا۔ شبلی نہ صرف مذہبی بلکہ تعلیمی معاملات میں بھی سرسید سے اختلاف کرتے تھے۔ شبلی اور سرسید کے درمیان جو اختلافات تھے۔ وہ ایسے تھے جیسے دو عالموں میں ہوتے ہیں۔ سرسید جدید تعلیم کے گرویدہ تھے۔ جبکہ شبلی کا یہ تصور تھا کہ جدید تعلیم کے ذریعے مسلمان اپنے مذہب سے بے بہرہ ہوجاتے ہیں۔ اگر دیکھا جائے تو شبلی کا یہ خیال غلط بھی نہیں تھا۔ لیکن شبلی جدید تعلیم کے بالکل خلاف نہیں تھے۔ بلکہ وہ انگریزی تعلیم کے زبردست حامی تھے۔ وہ ایسے طالب علموں کی حوصلہ افزائی کرتے تھے جو مشرقی تعلیم کے ساتھ ساتھ انگریزی تعلیم سے بھی فیضیاب ہوتے تھے۔ وہ اس بات کے شائق تھے کہ مسلمان طلبہ سادہ لباس پہنیں اور سادگی سے اپنی زندگی بسر کریں۔ اس بات کا ذکر کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں:

> ''شبلی چاہتے تھے کہ طلبہ سادہ لباس پہنیں اور سادگی سے زندگی گزاریں۔ انہیں جو اعتراض
> علی گڑھ پر تھا، وہی اعتراض ندوہ کے طلبہ پر بھی تھا۔۔۔علی گڑھ سے شبلی کو ازلی بیر نہیں تھا۔
> وہ سمجھتے ہیں کہ جدید تعلیم مسلمانوں کو ان کے مذہب سے محروم کر رہی ہے۔ لیکن جب علی
> گڑھ کے طلبہ نماز روزے کے پابند ہوتے ہیں تو شبلی خوشی سے جھوم جاتے ہیں۔'' ۲۲

تعلیمی اور علمی اختلافات کے ساتھ ساتھ سیاسی معاملات میں بھی سرسید اور شبلی کی راہیں ایک دوسرے سے مختلف تھیں۔ سرسید انڈین نیشنل کانگریس کے مخالف تھے۔ ان کی خواہش تھی کہ مسلمان کسی بھی طرح کی سیاسی تحریک کا حصہ نہ بنیں۔ وہ چاہتے تھے کہ مسلمان پہلے جدید تعلیم سے روشناس ہوں۔ کیوں کہ ان کا خیال تھا کہ اگر مسلمان سیاست کے میدان میں کود پڑے تو وہ تعلیم سے محروم ہوں گے نتیجے میں برادران وطن سے پیچھے ہو جائیں گے۔ سیر سید کے برعکس شبلی نے کبھی بھی سیاست میں عملی حصہ نہیں لیا۔ البتہ انہوں نے انڈین نیشنل کانگریس کی حمایت اور مسلم لیگ کے خلاف بہت نظمیں لکھیں۔ شبلی کی طرح سرسید کے بعض دوسرے رفقا بھی ان کے بعض خیالات سے اختلاف کرتے تھے۔ جیسے تعلیم نسواں کے بارے میں سرسید کا خیال تھا کہ پہلے مسلمان طبقے کے لڑکے تعلیم کی راہ پر گامزن ہوں اور بعد میں عورتوں کی تعلیم کا خیال کیا جائے۔ لیکن حیرت کی بات یہ ہے کہ سرسید کی حیات ہی میں مسلم ایجوکیشنل کانفرنس میں ایک ذیلی شعبہ عورتوں کی تعلیم کے فروغ کے لیے قائم کیا گیا۔ جس کے سکریٹری شیخ عبداللہ مقرر ہوئے۔ حالی تعلیم نسواں کے خواہشمند تھے۔ انہوں نے ''مجالس النسا'' لکھی اور پانی پت میں لڑکیوں کی تعلیم کے لیے اسکول بنوائے۔

شبلی اور سرسید کے اختلافات پر گفتگو کرتے ہوئے خلیق انجم زیر بحث مضمون میں لکھتے ہیں کہ شبلی اگرچہ سر سید کے بعض خیالات کے مخالف تھے۔ لیکن انہوں نے کبھی بھی ادب واحترام کا دامن ہاتھ سے جانے نہیں دیا۔ سرسید سے اختلاف کرتے وقت انہوں نے کبھی بے ادبی سے کام نہیں لیا۔ سرسید سے تمام اختلافات کے باوجود شبلی سرسید کی شخصیت اور ان کے سماجی و تعلیمی کارناموں سے بے حد متاثر تھے۔ انہوں نے اپنی مثنوی ''صبح امید'' میں سرسید اور ان کے ادبی خدمات کی مدح سراحی کی ہے۔ سرسید کے انتقال کے بعد اگر شبلی چاہتے تو وہ علی گڑھ کالج کو یونی ورسٹی بنانے میں کئی رکاوٹیں پیدا کر سکتے تھے۔ مگر انہوں نے کالج کو یونی ورسٹی بنانے کے تمام مسائل پر مثبت نظریے کی نظمیں کہی ہیں۔ سرسید کی وفات کا شبلی کو کتنا بڑا صدمہ ہوا اس بارے میں خلیق انجم نے شبلی کے ایک عربی خط کا اقتباس نقل کیا ہے جو انہوں نے نواب علی حسن خاں کے نام تحریر کیا ہے۔ لکھتے ہیں:

> ''قومی عمارت کے ستون ہل گئے، یعنی سید احمد خاں بہادر اپنے پروردگار کے جوارِ رحمت میں اور یہ سانحہ یکشنبہ 27 مارچ کو پیش آیا اور ہماری قوم کا شیرازہ بکھر گیا۔ میں کچھ دنوں تک کوئی کام نہیں کر سکتا۔''[۲۳]

خلیق انجم کے مذکورہ مضمون کی تمام بحث سے جہاں یہ بات واضح ہو جاتی ہیں کہ شبلی اور سرسید بعض سیاسی و سماجی اور تعلیمی خیالات میں ایک دوسرے کے مخالف تھے۔ تو وہیں دوسری طرف اس بات کا انکشاف بھی ہو جاتا ہے کہ ان کے یہ اختلافات کسی ذاتی اغراض و مقاصد کی خاطر نہیں بلکہ اپنے قوم و ملک اور مسلمانوں کی فلاح و بہبود کے لیے ہوتے تھے۔

## ذوقؔ اور غالبؔ کے ادبی معرکے

''ذوقؔ اور غالبؔ کے ادبی معرکے'' خلیق انجم کا بہترین مضمون ہے جو اسلم پرویز کی مرتبہ ''شیخ محمد ابراہیم ذاقؔ'' میں شامل ہے۔ غالبؔ کے ادبی معرکوں پر بات کرتے ہوئے خلیق انجم نے مضمون میں لکھا ہے کہ غالبؔ کے ادبی معرکوں کی بنیاد اکبر شاہ ثانؔی کے دربار میں اس وقت پڑی جب ان کی عمر ستائیس سال تھی۔ لیکن ان کے صرف تین اہم اور قابل ذکر ادبی معرکے ہوئے ہیں۔ ان کا پہلا فارسی معرکہ اس وقت ہوا جب وہ پینشن کے سلسلے میں کلکتے گئے ہوئے تھے۔ وہاں ایک مشاعرہ ہوا جس میں غالبؔ کے ایک شعر پر لوگوں نے اعتراضات کئے اور بطور سند قتیلؔ کا ایک شعر پیش کیا۔ حالاں کہ یہ معرکہ کچھ ہی دن چلا۔ لیکن غالبؔ زندگی بھر قتیلؔ کو گالیاں دیتے رہے۔ دوسرا فارسی

معرکہ قاطع برہان کے سلسلے میں ہوا تھا۔ان دونوں معرکوں کا غالبؔ پر اتنا بر ااثر ہوا کہ وہ ہندوستان کے تمام شاعروں ، ادیبوں اور فرہنگ نگاروں کی فارسی دانی سے یکسر منکر ہو گئے ۔اور بقول خلیق انجم یہی وجہ ہے کہ انہوں نے ہندوستان کے فارسی شاعروں اور لغت نگاروں کو قرم ساق، غول بیابانی، خران نامشخص ، گدھا، کھتری بچہ، بھاٹ اور ہیچ دیوچ جیسے جیسے نازیبا الفاظ سے یاد کیا۔ غالبؔ کا یہ خیال تھا کہ ہندوستان میں صرف دو قابل ذکر فارسی شاعر پیدا ہوئے ہیں ۔امیر خسروؔ اور دوسرے وہ خود۔

زیر بحث مضمون میں خلیق انجم نے مزید لکھا ہے کہ شیخ محمد ابراہیم ذوقؔ اور غالبؔ کے درمیان براہ راست ایک ہی ادبی معرکہ جواں بخت کے سہرے پر ہوا تھا۔لیکن یہ معرکہ تہذیب کے دائرے تک ہی محدود رہا۔سہرے کے آخری شعر میں غالب کہتے ہیں کہ ''ہم سخن فہم ہیں، غالبؔ کے طرفدار نہیں''۔خلیق انجم کے مطابق ظفرؔ کو یہ تعلّی ناگوار گذری اور وہ غالبؔ سے ناراض ہو گئے ۔ظفرؔ کی یہ ناراضگی بڑی کوششوں کے بعد دور ہو گئی ۔اس کے علاوہ غالبؔ اور ذوقؔ کے درمیان کبھی کوئی دوسرا ادبی معرکہ براہ راست نہیں ہوا۔لیکن دونوں شعرا غزل کی رمزیت وغیرہ کا سہارا لے کر ایک دوسرے پر چوٹیں ضرور کرتے تھے ۔ غالبؔ جب 1850ء میں خاندان مغلیہ کی تاریخ لکھنے پر مقرر ہوئے تو کچھ عرصہ گذر جانے کے بعد انہوں نے ایک غزل کہی تھی ۔ یہ غزل خلیق انجم کے مطابق دیوان غالبؔ کے پہلے اڈیشن مطبوعہ 1845ء اور دوسرے اڈیشن مطبوعہ 1847ء میں شامل نہیں ہے ۔اس غزل کے بارے میں خلیق انجم لکھتے ہیں:

> ''اور پھر غالبؔ کے لیے اس مفہوم کا مقطع اس وقت تک کہنا ممکن نہیں تھا۔جب تک کہ وہ خود ظفرؔ کے ملازم نہ ہوئے ہوتے ۔ کیوں کہ بادشاہ کے استاد پر اتنی کھلی چوٹ کرنا غالبؔ کے لیے ممکن نہیں تھا۔اس لیے میرا خیال ہے کہ یہ غزل 1850ء کے بعد اس زمانے میں کہی گئی ، جب غالبؔ بہادر شاہ کے ملازم ہو چکے تھے ۔مطلع اور دوسرے شعر سے اندازہ ہوتا ہے کہ غالبؔ ظفرؔ کے بے اعتنائی کی شکایت کر رہے ہیں ۔تیسرے شعر میں بڑی چابک دستی سے ذوقؔ پر چوٹ کی گئی ہے ۔ چوتھے شعر میں روئے سخن ذوقؔ ہی کی طرف معلوم دیتا ہے ۔اور مقطع میں تو ظاہر ہے کہ ذوقؔ سے ہی خطاب کیا گیا ہے۔''۲۴

نواب مصطفیٰ خاں شیفتہ نے ''گلشن بے خار'' میں لکھا ہے کہ ذوقؔ کو خاقانی ہند کا خطاب اکبر شاہ ثانیؔ نے دیا تھا۔لیکن خلیق انجم کا ذاتی خیال ہے کہ یہ بات تحقیق طلب ہے کہ انہیں خاقانی ہند کا خطاب بادشاہ نے دیا تھا یا نہیں ۔کیوں کہ ان کے مطابق جس شعر میں خاقانی ہند کا ذکر کیا گیا ہے، وہ محض تعلّی کے طور پر استعمال ہوا ہے۔ غالبؔ نے

بہادر شاہ ظفؔر کی مدح میں ایک طویل قصیدہ کہا ہے۔قصیدے کے چند اشعار میں غالبؔ نے خواجہ نامی ایک سخن ور سے اپنا مقابلہ کرتے ہوئے خود کو بہترین شاعر ثابت کرنے کی سعی کی ہے۔جس کے بارے میں خلیق انجم لکھتے ہیں:

''ان اشعار میں غالبؔ نے کہیں ذوقؔ کا نام نہیں لیا۔لیکن ظفر کو مخاطب کر کے اگر غالبؔ کسی سخن ور سے اپنا مقابل کریں تو وہ ذوقؔ کے سوائے اور کون ہوسکتا ہے۔ پہلے شعر میں غالبؔ نے کہا ہے کہ خواجہ یعنی ذوقؔ سے جب لوگ اس کی شاعری کی تعریف کرتے ہیں تو وہ خوشی سے پھولا نہیں سماتا اور نہیں جانتا کہ لوگ اس کی تعریف نہیں بلکہ اس پر بہتان باندتے ہیں۔ ان اشعار میں غالبؔ نے یہ ثابت کیا ہے کہ شاعری کے فن میں ذوقؔ کا مرتبہ ان سے کم تھا۔''۲۵

خلیق انجم کے مطابق غالبؔ نے اس کے علاوہ بھی ایک دو مرتبہ ذوقؔ کے حسب ونسب پر گہرا طنز کیا ہے۔ لیکن ذوقؔ کی انتقال کے بعد ایک اچھے انسان کی طرح غالبؔ نے ذوقؔ کی طرف سے اپنا دل صاف کر لیا تھا۔

مذکورہ تمام بحث سے اس بات کی مکمل عکاسی ہوجاتی ہے کہ خلیق انجم کے مضمون ''ذوقؔ اور غالبؔ کے ادبی معرکے'' میں غالبؔ اور ذوقؔ کے ادبی معرکوں کی پوری تفصیل بیان کی گئی ہے۔

## دہلوی تہذیب کا آخری یادگار نمونہ بیگم حمیدہ سلطان احمد

''دہلوی تہذیب کا آخری یادگار نمونہ بیگم حمیدہ سلطان احمد'' حمیدہ سلطان کی شخصیت اور ادبی خدمات پر لکھا گیا خلیق انجم کا مضمون ہے۔ان کا یہ مضمون شاہد ماہلی کی مرتبہ ''بیگم حمیدہ سلطان احمد (ناول نگار اور مجاہد اردو)'' میں شامل ہے۔بیگم حمیدہ کی شخصیت اور ادبی خدمات کا تذکرہ کرنے سے قبل خلیق انجم نے دہلی کی تہذیب وتمدن اور تاریخ پر مختصر مگر جامع معلومات فراہم کی ہے۔جس میں وہ لکھتے ہیں کہ دہلی سیاسی، تاریخی، تہذیبی اور تعلیمی لحاظ سے ہندوستان کا اہم ترین شہر رہا ہے۔ یہ شہر علم وفن کا ایک عظیم گہوارہ اور ہند ایرانی تہذیب کا مرکز رہا ہے۔ ہزاروں سال سے آباد اس شہر نے نہ جانے کتنے اتار چڑھاؤ اور عروج وزوال دیکھے ہیں۔ ہندو مسلم اور انگریزوں کی غلامی برداشت کر کے بالآخر دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت کا دارالخلافہ بننے کا شرف حاصل کیا ہے۔

حمیدہ سلطان کے آباو اجداد کے بارے میں خلیق انجم لکھتے ہیں کہ حمیدہ سلطان کے آباو اجداد بخارا سے مغل بادشاہ شاہ عالم ثانؔی کے عہد میں ہندوستان آئے اور یہاں دہلی میں سکونت پذیر ہوئے۔کرنل ذوالنور علی احمد ان کے

والداور رقیہ سلطان بیگم ان کی والدہ تھیں ۔ان کے بڑے بھائی فخرالدین علی احمد کو قومی خدمات کے صلے میں صدر جمہوریہ ہند کے بلندترین عہدے پر معمور کیا گیا ہے۔فخرالدین علی احمد اور خاندان لوہارو کے بارے میں اوپر تفصیل بیان کی جا چکی ہیں ۔ یہاں صرف حمیدہ سلطان اوران کی ادبی خدمات کے بارے میں بات کرنا مقصود ہے۔

حمیدہ سلطان کی خدمات کا ذکر کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں کہ حمیدہ سلطان نے نہ صرف اردو زبان و ادب کی ترقی و ترویج کے لیے عملی طور پر جدوجہد کی ہے ۔ بلکہ انہوں نے ''ثروت آرا بیگم'' اور ''رنگ محل'' کے عنوان سے دو ناول بھی تحریر کیے ہیں ۔ان کی ذہنی تربیت میں ان کے خاندان کے علمی و ادبی ماحول کا بہت نمایاں کردار رہا ہے ۔انہوں نے سینکڑوں کتابوں کا مطالعہ کیا تھا ۔جس کی وجہ سے انہیں ناول لکھنے کی تکنیک سے بھرپور واقفیت حاصل تھی ۔انہوں نے اپنا پہلا ناول ''ثروت آرا بیگم'' اکیس یا بائیس سال کی عمر میں لکھا تھا۔لکھنے کے آٹھ دس سال بعد اسے شائع کرنے کی نوبت آئی تھی ۔حمیدہ سلطان کا دوسرا ناول ''رنگ محل'' بے حد دلچسپ ہے۔ان دونوں ناولوں میں دہلی کے متمول خاندان کے سماجی زندگی کی بہترین عکاسی کی گئی ہے ۔انہوں نے خاندان لوہارو کے شعرا پر ایک اہم کتاب تحریر کی ہے ۔ یہ کتاب تحقیقی نقطۂ نظر سے بہت اہم ہیں ۔اس کتاب کے بارے میں خلیق انجم نے لکھا ہے کہ اسے انہوں نے غالبؔ کے خاندان سے ہونے کا حق ادا کر دیا ہے ۔اس کتاب میں جہاں ایک طرف خاندان لوہارو کی تاریخ بیان کی گئی ہے۔تو وہیں دوسری طرف یہ کتاب غالبؔ کے متعلقین اور شاگردوں کے حالات پر بھی مبنی ہے۔انہوں نے بڑی تعداد میں افسانے بھی لکھے ہیں ۔جن کی اشاعت ہندوستان کے مختلف ادبی رسالوں میں ہوئی ہے۔''نیلمبر'' کے نام سے ان افسانوں کا ایک انتخاب بھی 1984ء میں شائع ہوا ہے۔''بہار و خزاں'' کے نام سے انہوں نے ایک اور سماجی ناول لکھا ہے جو 1996ء میں منظر عام پر آچکا ہے۔انہوں نے زین العابدین خاں عارف مرتب کرنا چاہی۔ لیکن صحت خرابی کی وجہ سے یہ کام آگے نہیں بڑھ سکا۔

حمیدہ سلطان احمد کو ساہتیہ کلا پریشد (دہلی) ، دہلی اردو اکیڈمی اور اتر پردیش اردو اکیڈمی جیسے انعامات و اعزازات سے نوازا گیا تھا۔لیکن انہوں نے یہ کہتے ہوئے انہیں قبول کرنے سے انکار کر دیا کہ جب تک حکومت اردو کو اس کا جائز حق نہیں دے گی میں اس طرح کا کوئی انعام قبول نہیں کروں گی ۔حمیدہ سلطان احمد کی شخصیت اور ادبی خدمات کے بارے میں خلیق انجم زیر بحث مضمون میں لکھتے ہیں:

> ''حمیدہ آپا اپنی ذات سی ایک انجمن ہیں ۔آزادی کے بعد جن لوگوں نے اردو زبان کے تحفظ کے لیے اپنا سب کچھ قربان کر دیا۔ان میں حمیدہ آپا کا نام خاص طور سے قابل ذکر ہے

۔آپا نے صرف زبان کے تحفظ ہی کے لیے جدو جہد نہیں کی بلکہ اردو زبان وادب دونوں کی ترقی وفروغ کے لیے بھی بہت نمایاں خدمات انجام دی ہیں ۔پچھلے چالیس سال کی دہلی کی ادبی تاریخ لکھتے ہوئے مورخ آپا کی بے لوث خدمات کو فراموش نہیں کر سکتا ۔آپا پچھلے چالیس سال سے (انجمن ترقی اردو ۔دہلی شاخ) کی سکریٹری ہیں ۔انہوں نے کوشش کر کے انجمن کے لیے علی منزل نام کی ایک عمارت حاصل کی ۔''۲۶

خلیق انجم کے مذکورہ مضمون کے مطالعہ کے پیش نظر کہا جا سکتا ہے کہ اس مضمون میں حمیدہ سلطان احمد کی حیات، شخصیت اوران کی ادبی خدمات کی مکمل تفصیل بیان کرنے کی کامیاب کوشش کی گئی ہے۔

## مومن اور ''نغمہ عندلیب''

''مومن اور نغمہ عندلیب''، خلیق انجم کا ایک بہترین مضمون ہے، جو محمد منظور احمد کی مرتبہ ''یادگار مومن'' میں شامل ہے ۔اس مضمون میں خلیق انجم نے قطب الدین باطنؔ کے تذکرہ ''نغمہ عندلیب'' کا جائزہ لیتے ہوئے اس بات کی وضاحت کی ہے کہ قطب الدین باطنؔ نے اپنے تذکرہ میں کس طرح مومنؔ، ان کی محبوبہ (صاحب)، غالبؔ ،نظیرا کبرآبادیؔ، مفتی صدرالدین آزردہؔ اور شیفتہؔ کا ذکر کیا ہے۔

قطب الدین باطنؔ کو نظیرا کبرآبادیؔ سے تلمذ تھا اوران کی وفات کے بعد وہ ان کے بیٹے گلزار علی اسیرؔ کے تلمذ میں شامل ہو گئے ۔شیفتہؔ نے اپنے تذکرہ ''گلشن بے خار'' میں نہ صرف باطنؔ بلکہ ان کے استاد گلزار علی اسیرؔ کا کوئی ذکر نہیں کیا ہے۔البتہ یہ الگ بات ہے کہ اس وقت کے کئی دوسرے تذکرہ نگاروں کی طرح شیفتہؔ نے بھی نظیر اکبرآبادیؔ پر تھوڑی بہت تنقید کی ہے ۔کیوں کہ نظیرا کبرآبادیؔ جس مقام ومرتبہ کے مستحق تھے وہ انہیں اپنے عہد میں نہیں بلکہ زمانہ جدید میں ملا ہے۔جس کے بارے میں خلیق انجم لکھتے ہیں:

''یہ تمام باتیں استاد اور شاگرد دونوں کی دل آزاری کا سبب بنیں ۔اور اسیرؔ کے اکسانے پر باطنؔ نے نغمہ عندلیب تالیف کیا، اور اس میں ان شاعروں سے بدلہ چکایا، جن سے شیفتہؔ کا ذرا بھی تعلق ثابت تھا، یا شیفتہؔ نے جن کا ذکر ادب واحترام سے کیا تھا اور جن کے کلام کی تعریف کی تھی''۲۷

قطب الدین باطنؔ نے اپنے تذکرہ ''مومن اور نغمہ عندلیب'' میں شیفتہؔ کو شاعر ماننے سے بالکل انکار کیا ہے ۔انہوں نے اپنے تذکرہ میں دعویٰ کیا ہے کہ شیفتہؔ کا پورا کلام مومنؔ کا کہا ہے، شیفتہؔ اپنا ایک مصرعہ بھی موزوں

نہیں کر سکتے۔ جس کے بارے میں خلیق انجم لکھتے ہیں کہ یہ دراصل ایک ایسا حربہ تھا جو اکثر ادبی معرکوں میں استعمال ہوتا ہے۔

مفتی صدرالدین آزردہؔ اپنے دور کی جانی مانی اور قابل احترام شخصیت رہی ہے۔ ان کے تمام معاصر تذکرہ نگاروں نے بڑے احترام اور مودبانہ طریقے سے ان کا ذکر کیا ہے۔ قطب الدین باطنؔ نے اپنے تذکرہ میں ان کے علم و فضل کا تو اعتراف کیا ہے۔ لیکن اپنے مخصوص انداز سے ان پر چوٹ کرنے سے باز نہیں رہے ہیں۔ لکھتے ہیں:

''صاحب گلشن بے خار کا کلام ہر چند مشہور خاص و عام ہوا۔ نس پر ان کی صنعت کا نہ انجام ہوا۔ ان کو کیا پختہ مغزی پر خیال خام ہوا۔ تمام تذکرہ میں ان صاحب (آزردہؔ) سے زیادہ کسی کی تعریف نہیں لکھی سب ہجا اور مزہب درست، خیر ہوں ہی سہی۔''۲۸

قطب الدین باطنؔ کے مذکورہ بیان کے بارے میں خلیق انجم نے لکھا ہے کہ آزردہؔ کے چار اشعار دیکھ کر، ان پر دو صفحوں پر خوب نقطہ چینی کی ہے، اور ان میں بعض شاعرانہ نقص ثابت کیے ہیں۔

باطنؔ پر مزید گفتگو کرتے ہوئے خلیق انجم اپنے مذکورہ مضمون میں لکھتے ہیں کہ باطنؔ پہلے تذکرہ نگار ہیں۔ جنہوں نے نظیرؔ اکبر آبادیؔ کو غالبؔ کا استاد بتایا ہے۔ ان کا خیال ہے کہ غالبؔ جب آگرے کے ایک مشہور معلم خلیفہ معظم سے تعلیم حاصل کر رہے تھے تو اس دوران نظیر اکبر آبادیؔ نے بھی ان کی تعلیم و تربیت میں حصہ لیا ہے۔ جو کہ بقول خلیق انجم بالکل حقیقت کے خلاف ہے۔ باطنؔ دراصل شیفتہؔ کو یہ بتانا چاہتے تھے کہ آپ جن کے کلام اور شاعری کے اتنے بڑے مداح ہیں، وہ اصل میں نظیرؔ ہی کے ساختہ پرداختہ ہیں۔

باطنؔ نے سب سے زیادہ نقطہ چینی مومنؔ اور ان کی محبوبہ (صاحب) پر کی ہے۔ مومنؔ کے بارے میں لکھا ہے وہ شیفتہؔ کو شعر کہہ کر دیا کرتے تھے، اور گلشن بے خار کی تالیف میں مومنؔ اور غالبؔ دونوں کا ہاتھ ہے۔ جبکہ صاحبؔ کا ذکر انہوں نے شیفتہؔ کے بالمقابل انتہائی مضحکہ خیز انداز میں کیا ہے۔ باطنؔ کی اس طرح کی نقطہ چینی پر اظہار خیال کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں:

''شاید نغمہ عندلیب واحد تذکرہ ہے جس میں مومنؔ جیسے عظیم شاعر اور صاحب فن کا اس طرح مذاق اڑایا گیا ہے۔ ان کی شاعری، حکمت اور علم نجوم پر مضحکہ خیز انداز میں تبصرہ کیا گیا ہے۔ مومنؔ کے ترجمے میں صاحب تذکرہ نے اپنے دل کا بخار خوب اتارا ہے۔''۲۹

خلیق انجم کے مضمون ''مومنؔ اور نغمہ عندلیب'' کا مطالعہ کرتے ہوئے اس بات کی پوری وضاحت ہو جاتی ہے کہ خلیق انجم نے مذکورہ مضمون میں قطب الدین باطنؔ کے تذکرہ ''نغمہ عندلیب'' کا بہترین اور عمدہ جائزہ پیش کیا

ہے۔

## کچھ جمیل جالبی کے بارے میں

''کچھ جمیل جالبی کے بارے میں'' جمیل جالبی کی شخصیت اور ادبی خدمات پر لکھا گیا خلیق انجم کا بہترین مضمون ہے، جو ڈاکٹر محمد خاور جمیل اور مصطفی کمال پاشا کی مرتبہ ''جمیل جالبی یا اردو ادب کی تاریخ'' اور خلیق انجم کی تصنیف ''مجھے سب ہے یاد ذرا ذرا'' میں شامل ہے۔

جمیل جالبی کے آبا واجداد کے بارے میں خلیق انجم لکھتے ہیں کہ اٹھارویں صدی عیسوی میں یوسف زئی پٹھانوں میں ایک بزرگ سوات سے ہجرت کر کے ہندوستان آئے اور یہاں مستقل سکونت پذیر ہوئے۔ جمیل جالبی انہی بزرگ کی آٹھویں پشت ہیں۔ ان کے دادا کا وطن میرٹھ تھا۔ جہاں ان کے والد ابراہیم خاں کی ولادت ہوئی، جو کہ ایک تجارت پیشہ آدمی تھے۔ ان کی والدہ اکبری بیگم ادب سے خاص دلچسپی رکھتی تھی۔ انہوں نے شعر و شاعری بھی کی تھی اور ایک کتاب بھی لکھی ہے۔ ان کے نانا پڑھے لکھے آدمی تھے اور محکمہ نہر میں انجینئر تھے۔ انہوں نے شاہ ولی اللہ کے فارسی مکاتیب مرتب کر کے شائع کئے ہیں۔ جمیل جالبی کی ولادت سرکاری دستاویزات کے مطابق یکم جولائی 1929ء میں ہوئی ہے۔ جب کہ خلیق انجم کے مطابق ان کی اصل ولادت 12 جون 1929ء میں ہوئی ہے۔ ان کی ابتدائی تعلیم علی گڑھ میں ہوئی ہے۔ میٹرک کا امتحان سہارن پور کے گورنمنٹ ہائی اسکول سے پاس کیا اور میرٹھ کالج سے ایف، اے اور بی، اے کی ڈگریاں حاصل کیں۔ تقسیم کے بعد پاکستان چلے گئے اور وہاں انہوں نے نامساعد حالات سے باوجود اعلی تعلیم کا سلسلہ جاری رکھا۔ مولوی محمد اسماعیل اور مولوی فیض الحسن کی صحبت میں رہ کر ہائی اسکول کی تعلیم کے دوران ہی جمیل جالبی نے تخلیقی سرگرمیاں شروع کی تھیں۔ کالج میں ڈاکٹر شوکت سبزواری، پروفیسر بسواس، پروفیسر مکرجی، پروفیسر ماتھر وغیرہ جیسے اساتذہ کی صحبت میں رہ کر ان کے ادبی ذوق میں مزید نکھار پیدا ہوا۔ ان اساتذہ کی توجہ سے ان کا شمار اچھے اور ذہین طالب علموں میں ہوتا تھا۔ اصل نام محمد جمیل خاں ہے۔ لیکن جس دوران فرسٹ ایئر کے طالب علم ہوئے انہوں نے اپنا نام جمیل جالبی کر دیا۔ جس کے متعلق خلیق انجم لکھتے ہیں:

> ''نام کے ساتھ ''جالبی'' کا لاحقہ اس لیے لگایا گیا کہ اردو کے صف اول کے صحافی سید جالب دہلوی اور جمیل جالبی صاحب کے دادا دونوں ہم زلف بھی تھے اور رشتے کے بھائی بھی تھے۔ ان کی غیر معمولی شہرت کی وجہ سے گھر میں ان کا اکثر ذکر رہتا۔ محمد جمیل خاں نے

جب ادبی دنیا میں قدم رکھا تو ان کا آئیڈل سید جالب دہلوی تھے۔اس لیے جالب کی رعایت سے انہوں نے اپنے نام کے ساتھ ''جالبی'' لگالیا۔اردوادب میں یہ ستارہ ''جمیل خاں'' کے نام سے نہیں بلکہ ''جمیل جالبی'' کے نام سے چمکا''۔[۳۸]

جمیل جالبی کی ادبی خدمات کا ذکر کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں کہ انہوں نے اپنی ادبی زندگی کا آغاز ہائی اسکول کے زمانے میں ہی کیا تھا۔لیکن جب شعور کی آنکھیں کھلیں اوران کے راد بی ذوق میں نکھار رونما ہوا تو انہوں نے ''ساقی''، ''نگار'' اور ''ادبی دنیا'' جیسے رسالے اپنے نام جاری کرا لیے۔رسالہ ''نیا دور'' کا اجرا کیا۔ان کی پہلی تخلیق ''سکندر اور ڈاکو'' ہے۔یہ ایک ڈراما ہے جو انہوں نے گیارہ سال کی عمر میں لکھا تھا۔ان کی یہ پہلی تخلیق ''بنات'' دہلی میں چھپی تھی۔ان کا پہلا باقاعدہ مضمون ''بابائے صحافت میر جالب دہلوی'' ہے، جو 1947ء میں مصنف علی گڑھ میں شائع ہوا ہے۔ان کی شائع ہونے والی پہلی تصنیف ''جانورستان'' تھی۔یہ اصل میں جارج آرول کے ایک ناول کا ترجمہ ہے، جو 1958ء میں شائع ہوا ہے۔ان کے دیگر ادبی کارناموں میں ''تاریخ ادب اردو''، ''میر تقی میر''، ''تنقید اور تجزیہ''، ''نئی تنقید''، ''ادب کلچر اور مسائل''، ''معاصر ادب''، ''ایلیٹ کے مضامین''، ''ارسطو سے ایلیٹ تک'' کے نام قابل ذکر ہیں۔جمیل جالبی نے تین دکنی شہ پاروں ''دیوان حسن شوقی''، ''دیوان نصرتی'' اور ''مثنوی کدم راؤ پدم راؤ'' کے تنقیدی اڈیشن تیار کیے ہیں۔اس کے علاوہ انہوں نے بڑی تعداد میں پیش لفظ، تبصرے اور تنقیدی، تحقیقی، تہذیبی اور سماجی موضوعات پر مقالے بھی تحریر کیے ہیں۔جمیل جالبی نے کم عمر بچوں کے لیے ''بیدی کی کہانی''، ''بلیاں''، ''حضرت امیر خسرو''، ''چھن چھن چھن چھن''، ''عجیب واقعہ'' اور ''نئی گلستان'' جیسی کہانیاں لکھی ہیں۔ان کے دیگر مضامین میں ''اچھا لکھنے والوں کو بھی بچوں کے لیے لکھنا چاہیے''، ''بچوں کی تربیت اس طرح کریں کی منفی جذبات پیدا نہ ہوسکیں''، ''بچوں کو آسان زبان میں تاریخی، سائنسی اور دیگر معلومات سے روشناس کرایا جائے''، ''بچوں کے ادب پر چند سال میں بہار آنے کا یقین ہوگیا ہے''، ''بچوں کے لیے اچھی کتابیں لکھنے پر توجہ دی جائے''، ''بچوں کے لیے کتابیں''، ''بچوں میں کتب بینی کا شوق پیدا کیا جائے''، ''بچوں کے لیے کتابیں بچہ بن کر لکھی جاتی ہیں'' وغیرہ کے نام خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

خلیق انجم کے مذکورہ مضمون کا مطالعہ کرتے ہوئے یہ بات واضح ہوجاتی ہیں کہ خلیق انجم نے جمیل جالبی کی شخصیت اور ادبی خدمات کا احاطہ کرنے کی کامیاب کوشش کی ہے۔

# غالبؔ کی قیام گاہیں

جائے ولادت:

غالبؔ کی جائے ولادت کے بارے میں خلیق انجم نے لکھا ہے کہ غالبؔ کے والد مرزا عبداللہ بیگ کی شادی خواجہ میر غلام حسین کمیدان کی صاحبزادی عزت النسا بیگم سے ہوئی تھی۔ چوں کہ ان کی حیثیت خانہ داماد کی تھی لہذا غالبؔ کی ولادت ان کے ننھیال اکبرآباد میں ہوئی ہے۔اکبرآباد میں غالبؔ کے نانا کی اچھی خاصی جائیداد تھی، جس کی پوری تفصیل انہوں نے منشی شیونارائن کے نام ایک خط میں لکھی ہے۔جس مکان میں غالبؔ کی ولادت ہوئی ہے۔وہ کسی زمانے میں راجہ گج سنگھ کی حویلی کہلایا کرتی تھی۔گج سنگھ جودھپور کے راجا سورج سنگھ کے بیٹے تھے۔

دہلی میں پہلی قیام گاہ:

دہلی میں غالبؔ کی پہلی قیام گاہ کے بارے میں خلیق انجم لکھتے ہیں کہ نواب الٰہی بخش خاں کی صاحب زادی امراؤ بیگم سے شادی کر لینے کے بعد غالبؔ نے دہلی میں مستقل سکونت اختیار کر لی۔ دہلی میں لال کنویں پر ہمدرد دواخانے کے بالکل سامنے قاسم جان نامی گلی کے پاس ''شفاخانہ جامعہ طبیہ'' کی ایک قدیم عمارت کی محراب ہے۔یہی غالبؔ کے خسر نواب الٰہی بخش کا مسکن تھا۔خلیق انجم کے مطابق ممکن ہے کہ دہلی میں مستقل سکونت اختیار کرنے کے بعد غالبؔ اپنی سسرال میں یہیں کچھ دن رہے ہوں گے۔

غالبؔ کا ذاتی مکان:

دہلی منتقل ہونے کے کچھ دن بعد غالبؔ ایک الگ مکان میں آ گئے۔ یہ مکان ان کی ذاتی ملکیت تھی۔مگر کچھ ہی عرصہ گذر جانے کے بعد غالبؔ نے اسے فروخت کر دیا اور پھر ساری زندگی کرائے کے مکانوں میں گزر بسر کرتے رہے۔

1810ء سے 1852ء تک کے مکانات:

1810ء سے 1852ء تک غالبؔ نے کتنے مکانات بدل دیے اس کی نشان دہی کرنا ممکن نہیں۔ کیوں کہ اس طویل مدت کے دوران غالبؔ ہر دو تین مہینے کے بعد مکان بدلتے رہتے۔البتہ اس دوران ان کے دو محلوں کی نشان دہی کی گئی ہے۔جن کا ذکر غالبؔ نے اپنے خطوط میں کیا ہے۔مرزا علاؤالدین خان کو فروری 1863ء کے ایک خط میں لکھتے ہیں:

''یہ وہ دلی نہیں ہے جس میں تم پیدا ہوئے ہو۔۔۔وہ دلی نہیں ہے جس میں تم شعبان بیگ
کی حویلی میں مجھ سے پڑھنے آتے تھے۔''[۳۱]

نواب یوسف علی خاں ناظم کو ایک خط میں لکھتے ہیں:

''دبیرانِ خاص، برعنوان نامہ ہائے پیشیں، نشان کلبہ این درویش عقب مسجد جامع ے نبشتہ
اند و من از ہفت وہشت سال در محلّہ بلی ماران می مانم۔''[۳۲]

کالے صاحب کی حویلی:

مرزا غالبؔ شیخ نصیر الدین (کالے صاحب) کے مکان میں بغیر کرایہ کے رہتے تھے۔ شیخ نصیر الدین کی یہ حویلی دلی میں گلی قاسم جان کے پاس واقع ہے۔ غالبؔ کالے صاحب حویلی میں کب اور کتنی مدت تک مقیم رہے، اس بارے میں آفاق حسین آفاقؔ اور حالیؔ کے متضاد بیانات ملتے ہیں۔ آفاق حسین آفاقؔ کے مطابق غالبؔ 1847ء یعنی قمار بازی کے جرم میں قید ہونے سے پہلے رہتے تھے۔ جب کہ حالیؔ کا کہنا ہے کہ غالبؔ جیل جانے سے پہلے کسی اور مکان میں مقیم تھے اور جیل سے رہائی کے بعد غالبؔ کالے صاحب کے مکان میں آ گئے۔

حکیم محمد حسن خاں کا مکان:

کالے صاحب کے مکان سے غالبؔ حکیم محمد حسن خاں کے مکان میں منتقل ہوئے۔ غالبؔ نے تفتہؔ کے نام ایک خط میں لکھا ہے وہ دس سال تک اس مکان میں مقیم رہے۔ لیکن خلیق انجم غالبؔ کے اس بیان کے مخالف ہیں۔ ان کا خیال ہے کہ غالبؔ دس سال نہیں بلکہ پانچ سال نو مہینے حکیم محمد حسن کے مکان میں رہے ہیں۔ میر مہدی مجروحؔ کو غالبؔ نے ایک خط میں لکھا ہے کہ انہوں نے سنہ 1850ء سے حکیم محمد حسن خاں کے مکان میں رہائش شروع کی ہے۔ لیکن خلیق انجم کے مطابق غالبؔ نے 1852ء میں کالے صاحب کے مکان کو چھوڑا اور اسی سال یعنی 1852ء میں غالبؔ حکیم محمد حسن خاں کے مکان میں منتقل ہوئے ہیں۔

حکیم محمود خاں کا مکان:

غالبؔ کی قیام گاہوں کا ذکر کرتے خلیق انجم نے لکھا ہے کہ غالبؔ نے چند مہینے حکیم محمود خاں کی شریف منزل میں بھی قیام کیا ہے۔ اس مکان کی حالت بہت خراب تھی، جس کا ذکر غالبؔ نے دو خطوط بنام میر مہدی مجروحؔ اور ریاض الدین امجد میں کیا ہے۔

رامپور کی قیام گاہ:

خلیق انجم کے مطابق غالبؔ جب 19 جنوری 1860ء کو دہلی سے روانہ ہو کر 27 جنوری کو رامپور پہنچ گئے، تو نواب صاحب کے مکان میں چار دن قیام کرنے کے بعد غالبؔ کی فرمائش پر نواب صاحب نے انہیں علحدہ مکان دے دیا۔ اس بات کا ذکر غالبؔ نے ہرگو پال تفتہؔ اور حکیم غلام نجف خاں کے نام خطوط میں کیا ہے۔ یہ مکان آج بھی رامپور میں محفوظ ہے۔ لیکن آج کل اس عمارت میں روئی دھنئے اور آئس کریم بنانے کا کارخانہ ہے۔

کڑوڑا والی حویلی:

غالبؔ کو رامپور سے واپس آئے ابھی کچھ ہی مہینے ہو چکے تھے کہ حکیم محمد حسن خاں مرحوم کے وارثین نے وہ حویلی فروخت کر دی، جہاں غالبؔ مقیم تھے۔ نئے مالک مکان نے غالبؔ سے مکان خالی کرنے پر اصرار کیا۔ نتیجتاً غالبؔ کو مجبوراً کڑوڑا والی حویلی میں منتقل ہونا پڑا۔ یہ حویلی بھی گلی قاسم جان کے گردنواح میں واقع ہے۔

بلی ماران میں ایک اور مکان:

بلی ماران میں منتقل ہونے سے پہلے غالبؔ جس مکان میں رہتے تھے اس کی حالت بہت خستہ تھی۔ مکان کی خستہ حالی اور برسات کی تکالیف کا ذکر غالبؔ نے اپنے کئی خطوط میں کیا ہے۔ غالبؔ کا یہ مکان بھی حکیم محمود خاں کے گھر کے قریب تھا۔ یہاں غالبؔ نے 1865ء تک قیام کیا ہے۔

اسماعیل خاں کا مکان:

یہ مکان بھی گلی قاسم جان کے پاس واقع تھا۔ اس کی عمارت اب گر چکی ہے، البتہ دیواریں باقی ہیں۔ اس مکان کے بارے حالیؔ نے لکھا ہے کہ یہی وہ آخری مکان ہے جس میں غالبؔ کا انتقال ہوا۔

## بہادر شاہ ظفرؔ کی وسیع المشربی

غالبؔ انسٹی ٹیوٹ کی طرف سے آخری مغل بادشاہ بہادر شاہ ظفرؔ پر ایک روزہ سمینار منعقد کیا گیا تھا۔ اس سمینار میں ہندوستان کے نامور ادیبوں اور دانشوروں نے بہادر شاہ ظفرؔ کی زندگی اور ان کی شاعری کے مختلف پہلوؤں پر نہایت اہم مقالات پیش کئے۔ جنہیں شاہد ماہلی نے ترتیب دے کر ''بہادر شاہ ظفرؔ ایک مطالعہ'' کے عنوان سے سنہ 2006ء میں کتابی شکل میں شائع کیا۔ خلیق انجم کا مذکورہ مضمون بھی اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے۔ مضمون کی ابتدا میں خلیق انجم نے ہندوستان کی مشترکہ تہذیب پر اظہار خیال کرتے ہوئے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ

تمام مسلم حکمران خاندانوں کے عہد میں ہندوستان کی مشترکہ تہذیب کو فروغ حاصل ہوا ہے۔لیکن اس سلسلے کی سب سے زیادہ دانستہ اور شعوری کوششیں مغل دور میں ہوئی ہے۔مغل حکمرانوں میں اکبر کو سب سے زیادہ سیکولر مانا جاتا ہے۔جب کہ بہادر شاہ ظفؔر انسان دوستی، وسیع المشربی اور سیکولر رویے میں اکبر سے کسی طرح کم نہیں تھے۔بہادر شاہ ظفؔر کے سیکولرازم پر بحث کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں کہ بہادر شاہ ظفؔر نہ صرف مغل حکومت کے آخری بادشاہ تھے۔ بلکہ وہ ہندایرانی تہذیب کے بھی آخری تاجدار تھے۔اگر چہ اکبر کے سیکولرازم میں جہاں بانی کے مسائل اور مصلحتیں شامل تھیں۔لیکن ان کے بالمقابل ظفؔر کی زندگی میں جہاں بانی کا کوئی بکھیڑا نہیں تھا، بلکہ راسخ العقیدہ مسلمان ہونے کے باوجود ان میں سیکولرازم موجود تھا۔ وہ دوسرے مذاہب اور ان کے ماننے والوں کا نہ صرف اعتراف کرتے تھے۔ بلکہ وہ ان مذاہب کے رسم و رواج میں شریک بھی ہوتے تھے۔انہیں اپنی رعیت سے دلی لگاو تھا اور وہ اپنی رعایا سے بغیر کسی مذہب وملت کی تفرق پیار کرتے تھے۔ان کے دربار میں ہندو مسلم دونوں بڑے عہدوں پر فائز تھے۔جب کسی ہندو امرأ کے عزیز واقارب کا انتقال ہوتا تو وہ ان کی تعزیت کرتے اور کچھ مالی امداد بھی کرتے ۔ان کے دور حکومت میں ہندو مسلم دونوں ایک دوسرے کے مذہبی تہواروں میں شریک ہوتے تھے ۔ ہندوؤں کے تہواروں کے موقعوں پر ہندو گھرانوں کے بچے مسجد کے مکتبوں کے اساتذہ کے لیے کھانے پینے کی چیزیں لاتے ،اور وہ اپنے استاد کو اپنے گھروں میں دعوت دے کر بلایا کرتے تھے۔تاکہ وہ بھی ان کی مسرتوں میں شریک ہوں سکیں۔ان کے یہ دعوت نامے بڑی خوشی اور باقاعدگی کے ساتھ قبول کیے جاتے تھے۔ٹھیک اسی طرح مسلمان بھی ہندوؤں کے مذہبی تہواروں کا ذکر بڑے احترام سے کرتے اور اس بات کا خاص خیال رکھا جاتا کہ وہ ہندو رسوم کے خلاف کوئی ایسی بات نہ کہیں جس سے ان کی دل آزاری ہو۔ مذہبی تہواروں کی طرح وہ معاشرتی تقریبات کے مواقع پر بھی ایک دوسرے کی شادیوں میں شرکت کرتے ۔ دلہا دلہن کو مبارک باد دیتے اور انہیں تحائف نذر کرتے۔عام خوشی کے موقعوں مثلاً عید رمضان اور بکر عید کے موقع پر ہندو اپنے مسلمان دوستوں کو مبارک باد کے خط بھیجتے اور مسلمان نہایت محبت بھرے انداز میں ان کا جواب لکھتے۔ہولی پر طرح طرح کے سوانگ بھرے جاتے۔گھروں،گلیوں اور کوچوں میں رنگ کھیلا جاتا۔دف جھانجھ اور نفیری بجتی۔طائفے ناچتے۔بادشاہ اور ہندو مسلم امرأ ایک طرف اور شہزادیاں اور امیر زادیاں دوسری طرف جھرکوں میں بیٹھ جاتیں۔الغرض کسی بھی قسم کا کوئی تفرق نہیں ہوتا تھا۔خلیق انجم نے اپنے زیر بحث مضمون میں مرزا فرحت اللہ بیگ کی کتاب ''مضامین فرحت'' کا ایک واقعہ نقل کیا ہے۔جس سے مغل حکومت کی سیاسی وسماجی برابری اور سیکولرازم کی مکمل عکاسی ہوجاتی ہیں۔لکھتے ہیں:

’’اکبر شاہ کے بیٹے مرزا جہانگیر نے دہلی کے ریزیڈنٹ سیٹن کو ایک دن سر دربار لولو ہے بے کہہ دیا اور کچھ دن بعد سیٹن پر گولی چلادی۔ریزیڈنٹ بچ گیا۔لیکن اس نے مرزا جہاں گیر کو گرفتار کر کے الہ آباد بھیج دیا۔مرزا جہانگیر کی والدہ ممتاز محل کو اس واقعہ کا بہت صدمہ ہوا۔ انہوں نے منت مانی کہ جب مرزا جہانگیر الہ آباد سے چھوٹ کر آئیں گے تو حضرت خواجہ بختیار کاکیؒ کے مزار پر پھولوں کی مسہری چڑھاؤں گی۔کچھ دن بعد سیٹن نے مرزا جہانگیر کو آزاد کر دیا۔ملکہ اور بادشاہ نے منت چڑھانے کی تیاریاں شروع کیں۔طے پایا کہ ہندو جوما یا جی کے مندر پر پنکھا چڑھائیں اور مسلمان حضرت قطب الدین بختیار کاکیؒ کے مزار پر ۔۔۔دل چسپ بات یہ ہے کہ پنکھا پہلے جوگ مایا جی کے مندر پر چڑھایا جاتا تھا اور پھر قطب الدین بختیار کاکیؒ کے مزار پر۔یہ میلہ ہندو مسلم اتحاد کا اعلیٰ ترین نمونہ تھا۔آج بھی یہ میلہ ہوتا ہے لیکن وہ بات کہاں۔‘‘ ۳۳

1857ء کی بغاوت کو ناکام بنانے کے لیے جب انگریزوں نے ہندوؤں اور مسلمانوں میں اختلاف پیدا کرنے کے لیے گائے کے ذبیحہ کا جھگڑا پیدا کر دیا۔ ہر طرف لوٹ کھسوٹ، مار دھاڑ اور افراتفری پھیلی ہوئی تھی، اور اس سب کا ذمہ دار مسلمانوں کو ٹھرایا گیا۔اس کے باوجود بہادر شاہ ظفر نے کس طرح اپنے سیکولرازم کی مثال قائم رکھی۔اس بارے میں خلیق انجم لکھتے ہیں:

’1857ء کی لڑائی کے دوران انگریزوں کے جاسوسوں نے ہندوؤں اور مسلمانوں میں اختلاف پیدا کرنے کے لیے گائے کے ذبیحہ کا جھگڑا پیدا کر دیا۔چوں کہ بہادر شاہ ظفر غیر معمولی سیکولر انسان تھے۔اس لیے ہندوؤں اور مسلمانوں میں اتحاد قائم رکھنے کے لیے انہوں نے 9 جولائی 1857ء کو یہ منادی کرادی کہ جو شخص گائے ذبح کرے گا،اسے توپ سے اڑا دیا جائے گا اور جو شخص بکری ذبحہ کرنے پر اعتراض کرے گا تو اسے بھی سزا دی جائے گی۔کچھ دن بعد بقرعید کا تہوار آ گیا تو ایک بار پھر بہادر شاہ ظفر کی طرف سے گائے کے ذبحہ پر پابندی کا اعلان کیا گیا۔‘‘ ۳۴

خلیق انجم کے مذکورہ مضمون کے مطالعہ کے پیش نظر کہا جا سکتا ہے کہ مغل حکومت نہ صرف تعمیری کاموں میں اپنا ثانی نہیں رکھتی ہے۔بلکہ وہ ہند ایرانی مشترکہ تہذیب کی جیتی جاگتی مثال ہے۔مغل دورحکومت میں کسی بھی قسم کا کوئی بھید بھاؤ نہیں ہوتا تھا۔زندگی کے تمام شعبوں میں ہندو مسلم برابر کے شریک ہوتے تھے۔لوگ سیاسی وسماجی اور مذہبی بے بہرہ وری سے پوری طرح آزاد تھے۔

# ممتاز محقق اور متنی نقاد۔رشید حسن خاں

خلیق انجم کا مضمون ''ممتاز محقق اور متنی نقاد۔رشید حسن خاں'' ماہنامہ اردو دنیا جلد۔8 شمارہ۔4 اپریل 2006ء میں شائع ہوا ہے۔مضمون کے آغاز میں خلیق انجم نے پروفیسر خواجہ احمد فاروقی کی علمی وادبی خدمات کو سراہتے ہوئے اردو زبان کی ترقی وترویج میں ان کی ناقابل فراموش قربانیوں کا اعتراف کیا ہے۔اس کے بعد خلیق انجم نے رشید حسن خاں سے اپنی پہلی ملاقات کی تفصیل بیان کی ہے۔جس میں وہ لکھتے ہیں:

> ''اس مختصر سی ملاقات میں، میں نے خاں صاحب کا دل جیت لیا۔اگر چہ میں نے ان کے مضامین پڑھے تھے لیکن کچھ سمجھ میں نہیں آیا کہ وہ کیا لکھتے ہیں۔لیکن دہلی والا ہونے کی وجہ سے گفتگو کے فن پر قدرت حاصل تھی اور بات خاں صاحب سے اس طرح کی کہ خاں صاحب سمجھے کہ واقعی میں نے ان کے مضامین پڑھے ہیں۔اس دن سے لے کر ان کی وفات تک خاں صاحب سے میرے تعلقات ہمیشہ انتہائی خوشگوار رہے۔میرے ساتھ ان کا رویہ ہمیشہ انتہائی مخلصانہ رہا۔''[۳۵]

رشید صاحب سے پہلی ملاقات کا واقعہ بیان کرنے کے بعد خلیق انجم نے اپنے مذکورہ مضمون میں رشید حسن خاں کی حیات اور شخصیت کے بارے میں معلومات فراہم کی ہے جس میں وہ لکھتے ہیں۔کہ ان کے والد کا نام امیر حسن خاں تھا۔تعلیمی اسناد کے مطابق ان کی ولادت 10 جنوری 1930ء کو ہوئی ہے۔لیکن خلیق انجم کا کہنا ہے کہ رشید صاحب نے انہیں خود اپنی تاریخ ولادت 1928ء بتائی ہے۔رشید حسن خاں کی دینی تعلیم شاہ جہاں پور کے مشہور عربی مدرسے بحرالعوم میں ہوئی تھی۔مدرسے میں چوں کہ استاد اور شاگرد دونوں روایت کے خول میں بندھے ہوئے ہوتے ہیں۔لیکن رشید صاحب بہت زیادہ روشن خیال، آزاد فکر اور دور اندیش انسان تھے۔بحرالعلوم میں وہ مسلسل 1939ء تک تعلیم حاصل کرتے رہے۔اس کے بعد گھر کے مالی حالات خراب ہونے کے سبب انہیں تعلیم چھوڑ کر شاہ جہاں آباد میں قائم آر ڈی نینس کلورنگ فیکٹری میں بہت ہی معمولی مشاہرے کی ملازمت اختیار کرنی پڑی۔لیکن یہاں سے بھی بعض وجوہات کی بنا پر انہیں ملازمت سے ہاتھ دھونا پڑا۔چوں کہ مدرسہ بحرالعلوم میں انہوں نے عربی کا علم حاصل کیا تھا۔لہٰذا اس وجہ سے انہیں مدرسہ فیض عام میں عربی اور فقہ کی ابتدائی کتابیں پڑھانے کے لیے ملازم رکھا گیا۔یہاں کچھ حضرات ان کے مخالف تھے، جو ان پر طرح طرح کی الزام تراشیاں کرتے رہے تاکہ انہیں یہاں سے نکالا جائے۔لیکن کچھ لوگ ان کے ہمدرد بھی تھے۔جس کی وجہ سے انہیں ملازمت سے تو نہیں نکالا گیا۔البتہ بڑے طالب علموں کو پڑھانے کا کام لے کر چھوٹے بچوں کو پڑھانے کا کام سونپا گیا۔اس

کے بعد اسلامیہ ہائر سکنڈری اسکول میں ملازم ہو گئے اور یہیں انہوں نے عروض اور قواعد پر کچھ مضامین لکھے، اور بقول خلیق انجم:

> ''جن کی وجہ سے خواجہ احمد فاروقی کی ان پر نظر انتخاب پڑی اور خواجہ صاحب انہیں دہلی یونی ورسٹی کے اردو شعبہ میں ریسرچ اسسٹنٹ کے طور پر لے آئے۔''۳۶

رشید حسن خاں کی ادبی خدمات کا ذکر کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں کہ خاں صاحب نے ادبی زندگی کے آغاز میں عروض وقواعد پر جو مضامین لکھے، وہ اس دور کے مقتدر ادبی رسالوں میں شائع ہوئے ہیں۔ زبان کے موضوع پر انہوں نے ''اردو املا''، ''زبان اور قواعد''، ''انشا اور تلفظ''، ''اردو کیسے لکھیں'' اور ''عبارت کیسے لکھیں'' وغیرہ جیسی اہم کتابیں لکھیں۔ متنی تنقید کے بنیادی مسائل پر اہم کتابوں کا مطالعہ کر کے انہوں نے ''فسانۂ عجائب''، ''باغ و بہار''، ''گلزار نسیم''، ''مثنوی سحر البیان'' اور ''مثنوی شوق لکھنوی'' وغیرہ جیسی اہم کلاسیکی ادب کی کتابوں کے متنی اڈیشن تیار کیے۔ اس کے علاوہ انہوں نے ''مصلحات ٹھگی''، ''زٹل نامہ''، ''گنجینۂ معانی کا طلسم'' کے تنقیدی اڈیشن بھی تیار کیے ہیں۔ الغرض اگر دیکھا جائے تو کہا جا سکتا ہے کہ خلیق انجم نے اپنے زیر بحث مضمون میں رشید حسن خاں کی علمی و ادبی خدمات کے ساتھ ساتھ خواجہ احمد فاروقی کے ادبی خدمات کا بھی بہترین جائزہ پیش کیا ہے۔

# حوالہ جات


۱۔ہفت روزہ ہماری زبان۔شمارہ ۳۹۔جلد ۷۸۔۱۵ تا ۲۱ اکتوبر ۲۰۱۹ء) انجمن ترقی اردو ہند

۲۔خلیق انجم کثیر الجہات شخصیت،مرتبہ انیس دہلوی،مضمون خلیق انجم کے ادبی اور غیر ادبی کارنامے کسی معجزے سے کم نہیں،شاہد علی خاں،ص ۷۹

۳۔رشید احمد صدیقی کردار،افکار،گفتار،مرتبہ مالک رام،مضمون رشید احمد صدیقی،خلیق انجم،ص ۵۴

۴۔ایضاً،ص ۵۶

۵۔اردو طباعت و اشاعت کے مسائل،مرتبہ انور کمال حسین،مضمون اردو کتابوں کی اشاعت آزادی کے بعد،خلیق انجم،ص ۸۷

۶۔فیض احمد فیضؔ (تنقیدی جائزہ)،مرتبہ خلیق انجم،مضمون فیض بیتی،خلیق انجم،ص ۱۹

۷۔ایضاً،ص ۳۴

۸۔انیس شناسی،مرتبہ گوپی چند نارنگ،خلیق انجم،انیس کی رباعیاں،ص ۳۰۰

۹۔دلی والے،مرتبہ ڈاکٹر صلاح الدین،خلیق انجم،مولانا عبدالسلام نیازی،ص ۲۷۳

۱۰۔اردو اور مشترکہ ہندوستانی تہذیب،مرتبہ ڈاکٹر کامل قریشی،خلیق انجم،ہندوستانی قومیت اور مشترکہ کلچر،ص ۱۵۱۔۱۵۲

۱۱۔مالک نامہ،مرتبہ کرنل بشیر حسین زیدی،خلیق انجم،مالک رام: صف اول کے خاکہ نگار،ص ۳۱

۱۲۔ایضاً،ص ۳۹

۱۳۔سید سلیمان ندوی،مرتبہ خلیق انجم،خلیق انجم،سید صاحب کا سوانحی خاکہ،ص ۲۹

۱۴۔جمیل الدین عالی،مرتبہ ایم،حبیب خاں،خلیق انجم،اردو کا بانکا اور سجیلا شاعر،ص ۱۴۴

۱۵۔ایضاً،ص ۱۵۵

۱۶۔مالک رام: محقق و دانشور،مرتبہ غالب انسٹی ٹیوٹ نئی دہلی،خلیق انجم،ہند ایرانی تہذیب کا آخری مکمل نمونہ،ص ۳۶

۱۷۔بیا بمجلس اقبال (حصہ سوم)،مرتبہ پروفیسر آفاق احمد،خلیق انجم،غالبؔ اور اقبال کی مکتوب نگاری،۳۰۷

۱۸۔ایضاً،ص ۷۹

۱۹۔کتاب نما کا خصوصی شمارہ پروفیسر خواجہ احمد فاروقی نمبر،مرتبہ خلیق انجم،خلیق انجم،خواجہ احمد فاروقی صف اول کے مکتوب نگار،۱۷

۲۰۔یادگار نامہ فخر الدین علی احمد،،رتبہ غالب انسٹی ٹیوٹ نئی دہلی،خلیق انجم،ایک عظیم سیکولر ہندوستانی: فخر الدین علی احمد،ص ۲۴

۲۱۔پروفیسر مسعود حسین خاں ایک جامع حیثیات شخصیت،مرتبہ خلیق انجم،خلیق انجم،اردو زبان کے مسائل پر مسعود حسین خاں کے مضامین،ص ۹۸

۲۲۔شبلی کی علمی و ادبی خدمات،مرتبہ خلیق انجم،خلیق انجم،شبلی اور سرسید کے اختلافات،ص ۳۱۲

۲۳۔ایضاً،ص ۳۱۹

۲۴۔شیخ محمد ابراہیم ذوقؔ،مرتبہ ڈاکٹر اسلم پرویز،خلیق انجم،ذوقؔ اور غالبؔ کے ادبی معرکے،ص ۱۴۷۔۱۴۸

۲۵۔ایضاً،ص ۱۴۶

۲۶۔بیگم حمیدہ سلطان،مرتبہ غالب انسٹی ٹیوٹ نئی دہلی،خلیق انجم،دہلوی تہذیب کا آخری یادگار نمونہ: بیگم حمیدہ سلطان،ص ۳۶

۲۷۔یادگار مومنؔ،مرتبہ محمد منظور احمد،خلیق انجم،مومنؔ اور نغمہ عندلیب،ص ۲۳۱،۲۳۲

۲۸۔ایضاً،ص۲۳۲

۲۹۔ایضاً،ص۲۳۳،۲۳۴

۳۰۔جمیل جالبی یا اردو ادب کی تاریخ،مرتبین ڈاکٹر محمد خاور جمیل ۔مصطفیٰ کمال پاشا،خلیق انجم،کچھ جمیل جالبی کے بارے میں،ص ۳۷

۳۱۔خلیق انجم،غالبؔ کی قیام گاہیں

۳۲۔ایضاً

۳۳۔بہادر شاہ ظفرؔ ایک مطالعہ،مرتبہ شاہد ماہلی،خلیق انجم،بہادر شاہ ظفرؔ کی وسیع المشربی،ص ۴۹،۵۰

۳۴۔ایضاً،ص۴۴،۴۵

۳۵۔اردو دنیا،جلد۸،شمارہ۔۴،اپریل ۲۰۰۶،ممتاز محقق اور متنی نقاد۔رشید حسن خاں،خلیق انجم،ص ۸

۳۶۔ایضاً،ص۱۰

# خلیق انجم بحیثیت محقق ونقاد (حاصل مطالعہ)

خلیق انجم کی شخصیت اردو ادب کی تاریخ میں کسی تعارف کی محتاج نہیں ہے۔ان کا شمار اردو کے ممتاز اور نامور محققین میں کیا جاتا ہے۔خلیق انجم کی ولادت 22/دسمبر 1935ء کو دلّی میں اور وفات 8 اکتوبر 2016ء کو ہوئی ہے۔خلیق انجم نسلاً افغانی پٹھان تھے۔ان کا پیدائشی نام غلام احمد خان تھا لیکن بعد میں والدین نے بدل کر خلیق احمد خان کر دیا۔اسکول کے دوران انہیں ادب سے دلچسپی پیدا ہوگئی اور انہوں نے اپنا ادبی نام خلیق اقبال رکھا جو بعد میں ایک قریبی دوست ڈاکٹر اسلم پرویز کے صلح ومشورے سے خلیق انجم ہوگیا۔آج اردو زبان وادب کی تاریخ میں انہیں اسی نام سے جانا اور پہچانا جاتا ہے۔ابتدائی تعلیم کے لیے دہلی کے اینگلو عربک اسکول میں داخلہ لیا۔اینگلو عربک ہائر سکنڈری اسکول اجمیری گیٹ دلی سے دسویں جماعت کا امتحان پاس کرنے کے بعد مزید تعلیم کے لیے علی گڑھ مسلم یونی ورسٹی کا رخ کیا۔علی گڑھ مسلم یونی ورسٹی سے پہلے انٹر اور پھر بی،اے کا امتحان پاس کرنے کے بعد دوبارہ اپنے مادر وطن دہلی واپس آ گئے۔دلی میں نثار احمد فاروقی کے مشورے سے دہلی یونی ورسٹی میں ایم،اے اردو میں داخلہ لیا اور پھر یہیں سے پی،ایچ،ڈی کی ڈگری بھی حاصل کر لی۔پی،ایچ،ڈی میں ان کا موضوع ''مرزا مظہر جان جاناں'' رہا ہے۔

خلیق انجم کے ادبی سفر کا آغاز اسکول کے زمانے میں اس وقت ہوا جب وہ دسویں جماعت کے طالب علم تھے،اور انہیں اسکول سے شائع ہونے والے رسالہ ''اعتماد'' کا ایڈیٹر مقرر کیا گیا۔اس کے بعد جب علی گڑھ مسلم یونی ورسٹی میں داخل ہو گئے تو ماہنامہ ''جھلک'' کے ایڈیٹر مقرر ہو گئے۔لیکن ان کی ادبی زندگی کا باقاعدہ آغاز علی گڑھ مسلم یونی ورسٹی سے واپس آنے کے بعد دہلی میں کروڑی مل کالج سے وابستگی کے بعد ''معراج العاشقین'' سے ہوتا ہے۔یہ ان کی پہلی ادبی کاوش تھی۔اس کے بعد اپنے ادبی سفر کو برقرار رکھتے ہوئے انہوں نے بڑی تعداد میں کتابیں تخلیق کی ہیں۔خلیق انجم ہفت روزہ ''ہماری زبان'' اور سہ ماہی رسالہ ''اردو ادب'' کے ایڈیٹر بھی رہ چکے ہیں۔وہ تقریباً چار دہائیوں تک انجمن ترقی اردو (ہند) کے سیکریٹری اور اخیر عمر میں انجمن کے نائب صدر بھی رہ چکے ہیں۔اپنی اردو خدمات اور طرز تکلم کی وجہ سے انہیں اردو حلقوں میں کافی مقبولیت حاصل رہی ہے۔انہوں نے اردو ادب

کے حوالے سے جو ادب تخلیق کیا ہے وہ تعداد و شمار اور معیار کے لحاظ سے بے مثل ہے۔ ان کے قلم سے کئی درجن تصنیفات و تالیفات اور بے شمار مضامین منظر عام پر آئے ہیں۔ انہوں نے سیکڑوں کی تعداد میں اداریے اور تبصرے لکھے ہیں۔ سوانحی، ادبی، تنقیدی اور تاریخی کتابوں کے علاوہ لسانی اور متنی تحقیق و تنقید پر بھی ان کی کتابیں منظر عام پر آ چکی ہیں۔ ان کے مقدموں اور دیباچوں کی تعداد بھی وسیع ہے۔ جو ہند و پاک کے مختلف رسائل و جرائد اور کتابوں میں شائع ہوئے ہیں۔ انہوں نے اپنے آپ کو ادب کے کسی خاص دائرے تک محدود نہیں رکھا۔ بلکہ ادب کی مختلف اصناف پر طبع آزمائی کر کے ہر میدان میں اپنی ایک الگ پہچان قائم کی ہے۔ اردو زبان و ادب کی ترقی و ترویج کے لیے انہوں نے کسی ایک گروپ یا تحریک کی پابندی نہیں کی ہے۔ بلکہ جب جہاں اور جس پلیٹ فارم پر اردو کی ترقی و ترویج کی بات ہوئی انہوں نے اسے لبیک کہا اور اپنی صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کیا۔ انہوں نے خود کو مدۃ العمر علمی و ادبی اور تحقیقی کاموں میں مصروف رکھا ہے۔

راقم نے اپنے مقالے کو پانچ ابواب میں تقسیم کیا ہے۔ باب اول کا عنوان ''خلیق انجم کے سوانحی کوائف اور شخصیت'' ہے۔ اس باب میں خلیق انجم کی حیات اور شخصیت پر تمام معلومات حتی المقدور صحیح صحیح پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ جس کی تفصیلات میں خلیق انجم کے آبا و اجداد کا آبائی وطن، افراد خاندان، ولادت اور بچپن، تعلیم و تربیت، ازدواجی زندگی، اولاد، خاندانی حالات، ملازمت، مختلف ادبی اداروں سے وابستگی، ادبی سفر کا آغاز، انعامات و اعزازات، مشاغل، سیر و سیاحت، مطالعہ کا شوق، حلقہ احباب، انتقال، حلیہ، لباس، مزاج و طبیعت، اخلاق، روزانہ معمولات، دوست و احباب وغیرہ کا تذکرہ کیا گیا ہے۔ اسی باب میں ان کی ادبی خدمات کا مختصر تعارف بھی پیش کرنے کی سعی کی گئی ہے۔

باب دوم کا عنوان ''خلیق انجم بحیثیت محقق'' رکھا گیا ہے، جو کہ مقالے کا بنیادی موضوع ہے۔ اس باب کے دو ذیلی عنوانات ہیں۔ پہلے حصے میں خلیق انجم کی تصنیفات کا تحقیقی و تجزیاتی جائزہ لے کر انہیں بطور محقق پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہیں۔ اردو تحقیق کے میدان میں ''معراج العاشقین'' خلیق انجم کی اولین ادبی کاوش ہے۔ انہوں نے اپنی اس ابتدائی کاوش کا آغاز اس وقت کیا جب وہ صرف ایم۔اے مکمل کر چکے تھے اور کروڑی مل کالج دہلی میں اردو لکچرر کی حیثیت سے کام انجام دے رہے تھے۔ معراج العاشقین کی تالیف خلیق انجم کا تقریباً ایک سال کا ثمرہ ہے۔ مقدمہ میں خلیق انجم نے حضرت بندہ نواز گیسو دراز کی پیدائش، خاندانی پس منظر، سفر دلی، حضرت گیسو دراز کی شخصیت، خودداری، طریقہ بیعت، تعلیمات، شادی، اولاد، معراج العاشقین کا زمانہ تصنیف وغیرہ جیسے موضوعات

کے ہر پہلو پر مدلل بحث کی ہے۔اس سلسلے میں انہوں نے کئی نئے تحقیقی شواہد پیش کیے ہیں۔گیسودرازؔ کی ولادت کے بارے میں ''سیر محمدی'' کے مصنف مولانا محمد شاہ محمد علی سامانیؒ نے تاریخ ولادت 721ھ بتائی ہے۔جبکہ مصنف ''تاریخ حبیبی'' نے 723ھ لکھی ہے۔خلیق انجم نے 721ھ کو صحیح تسلیم کیا ہے۔لیکن اس سلسلے میں انہوں نے کوئی شواہد پیش نہیں کیے ہیں۔معراج العاشقین کے زمانہ تصنیف اوراس کے موضوع پر خلیق انجم نے بہت معلوماتی بحث کی ہے۔اس رسالے کے وہ تمام اصول وضوابط بیان کیے ہیں جن پر عمل کرنے سے ایک سالک مقام ذات تک پہنچ جاتا ہے۔مولوی عبدالحق کی طرح انہوں نے بھی معراج العاشقین کے تن یعنی وجود کی پانچ قسمیں بتائی ہیں۔معراج العاشقین کا لسانی جائزہ لیتے ہوئے خلیق انجم نے اس بات کی پوری وضاحت کی ہے کہ دکنی زبان اپنی لسانی خصوصیات کی وجہ سے شمالی ہند کی اردو سے کس طرح مختلف ہے۔موضوع کے اس عنوان میں انہوں نے اسماء و افعال،واحد جمع کے قاعدے،دکنی اور ہریانوی میں مشابہت،ضمائر علامت،فاعلی میں دکنی کا عام استعمال،حرف تخصیص کی ،ہی،بھی کی جگہ ''چ'' کا استعمال ،عربی اورفارسی الفاظ کا تلفظ کے اعتبار سے املا وغیرہ جیسی لسانی خصوصیات کا بہترین اورعمدہ جائزہ پیش کیا ہے۔اردو کا اولین نثر نگاراور پہلی نثری تصنیف کون ہے اس کے بارے میں محققین اورناقدین میں ہنوز بحثیں چلی آرہی ہیں۔خلیق انجم نے اس سلسلے میں اپنے تحقیقی شواہد پیش کرتے ہوئے معراج العاشقین کو اردو کی پہلی نثری تصنیف اور گیسودرازؔ کو اس کا مصنف قرار دیا ہے۔مولوی عبدالحق،حکیم شمس الدین قادری اورگوپی چند نارنگ نے بھی معراج العاشقین کو اردو کی پہلی نثری تصنیف قرار دیا ہے۔جب کہ مرزا حفیظ قتیلؔ،جمیل جالبی اورسیدہ جعفرؔ ''معراج العاشقین'' کو نہ اردو کی پہلی نثری تصنیف مانتے ہیں اور نہ ہی گیسودرازؔ کو اس کا مصنف۔چوں کہ تحقیق میں کوئی بات حتمی نہیں ہوتی۔روز کی نئ تحقیقات سے نئے نئے حقائق سامنے آجاتے ہیں۔''معراج العاشقین'' کی منشائے تصنیف اورموضوع ومطالب کے متعلق محققین ہنوز کسی حتمی فیصلے تک نہیں پہنچ سکے ہیں اور یہ امر تا حال متنازع رہ گیا ہے کہ کیا معراج العاشقین واقعی اردو کی پہلی نثری تصنیف ہے اورکیا خواجہ بندہ نواز گیسودرازؔ اس کے حقیقی مصنف ہے یا نہیں؟

ڈاکٹر خلیق انجم کی کتاب ''مرزا محمد رفیع سوداؔ'' اعلیٰ ترین تحقیقی کارنامہ ہے۔خلیق انجم کی یہ تصنیف اردو تحقیق اورتنقید کی قابل تقلید مثال ہے۔بیسویں صدی میں جن محققین اورناقدین نے سوداؔ پر توجہ مبذول کی ہے۔ان میں دو اہم نام شیخ چاندؔ اورڈاکٹر خلیق انجم بڑی اہمیت وافادیت کے حامل ہیں۔ان کے علاوہ شارب ردولویؔ اورمحمد حسنؔ نے بھی سوداؔ پر کام کیا ہے۔لیکن شارب رودلویؔ کی کتاب ''افکار سوداؔ'' اورمحمد حسنؔ کی کتاب ''مطالعہ سوداؔ'' میں سوداؔ پر

اچھی تنقید کی گئی ہے۔ جب کہ سوداؔ پر سب سے پہلے جامع اور معتبر کام شیخ چاندؔ نے کیا ہے۔ شیخ چاندؔ نے عثمانیہ یونی ورسٹی میں سوداؔ پر (ایم۔اے) کا تحقیقی مقالہ مولوی عبدالحق کی نگرانی میں پیش کیا ہے۔ اس مقالے میں انھوں نے سوداؔ کے فن اور سوانح پر تحقیقی اور تنقیدی جائزہ پیش کیا ہے۔ اس کتاب کی اشاعت کی تقریباً تین دہائیوں کے بعد اسی موضوع پر ڈاکٹر خلیق انجم کی کتاب ''مرزا محمد رفیع سوداؔ'' منظر پر آئی۔ لیکن اس کے انداز بیان اور ترتیب کی نوعیت میں بہت فرق ہے۔ خلیق انجم کی یہ کتاب بنیادی طور پر دو حصوں میں منقسم ہیں۔ پہلا حصہ شیخ چاندؔ کی کتاب کی طرح سیاسی وسماجی حالات پر مبنی ہے۔ اس باب میں خلیق انجم نے اس عہد کے تاریخی واقعات، سماجی، سیاسی اور اقتصادی اور تہذیبی حالات، مغلوں کا زوال، دلی کی تباہی، عوام کی بدحالی، شعرا کی کسمپرسی اور معاشرے میں اخلاقی گراوٹ کا تفصیلی جائزہ پیش کیا ہے۔ کتاب کے دوسرے حصے میں خلیق انجم نے سوداؔ کی حالات زندگی، ولادت، وطن، تعلیم وتربیت، سوداؔ کے اساتذہ، شوق، ترک وطن اور سوداؔ کی شخصیت اور تلامذہ سوداؔ کے مختلف پہلوؤں پر محققانہ بحث کرتے ہوئے نئے حقائق سامنے لائے ہیں۔ سوداؔ کی تاریخ ولادت، تاریخ وفات، نام، آباواجداد، سوداؔ کی والدہ کا نعمت خان عالی سے رشتہ، ملک الشعرائی کے خطاب، سوداؔ کے تذکرے، سوداؔ کے وطن، تلامذہ سوداؔ، شاگرد سوداؔ، الحاق کلام اور مثنوی شعلۂ عشق کے نثری ترجمہ وغیرہ کے بارے میں محققین اور نقادین کے جو متضاد بیانات ملتے ہیں۔ خلیق انجم نے اس سلسلے میں مختلف دلائل دے کر جو نئے تحقیقی شواہد سامنے لائے ہیں۔ راقم نے ان کا تحقیقی وتجزیاتی جائزہ لے کر مستند اور صحیح دلائل پیش کرنے کی حتی المقدور کوشش کی ہے۔

''غالبؔ اور شاہانِ تیموریہ'' اردو میں غالبؔ کی سوانح پر خلیق انجم کی پہلی تصنیف ہے۔ اس کتاب میں خلیق انجم نے غالبؔ کی حیات اور ادبی سفر کا تفصیلی جائزہ پیش کیا ہے۔ جیسا کہ کتاب کے نام ہی سے معلوم ہوجاتا ہے کہ خلیق انجم نے اس کتاب میں غالبؔ کے قلعہ معلیٰ اور شاہانِ تیموریہ سے تعلقات وغیرہ کا ذکر کیا ہے۔ اس کتاب میں خلیق انجم نے مغل حکومت سے غالبؔ کی وابستگی، ذوقؔ اور غالبؔ کی ادبی چشمکوں، جواں بخت کا سہرا، قلعہ کی ملازمت، غالبؔ اور تیموری شہزادے، ظفرؔ کی شیعیت اور غالبؔ، کلام غالبؔ اور قلعہ معلیٰ، غالبؔ اور 1857، دستنبو، سکے کا الزام، ذوقؔ اور کلام ظفرؔ، غالبؔ اور کلام ظفرؔ وغیرہ جیسے موضوعات کے بارے میں غالبؔ اور دوسرے محققین اور ناقدین نے جو دلائل اور شواہد پیش کیے ہیں۔ خلیق انجم نے ان پر سیر حاصل گفتگو کرتے ہوئے مذکورہ موضوعات کے بارے میں جو نئے اور اہم تحقیقی حقائق سامنے لائے ہیں۔ راقم نے ان کی پوری تفصیل مقالے میں بیان کی ہے۔

خلیق انجم کا شمار اردو ادب کے اہم محققین اور مرتبین میں کیا جاتا ہے۔لیکن وہ بیک وقت کئی جہتوں کے مالک تھے۔وہ ایک اہم محقق ،نقاد اور مرتب ہونے کے ساتھ ساتھ ماہر غالبیات بھی ہیں۔انھوں نے غالبؔ پر کئی کتابیں لکھی ہیں۔خطوط غالبؔ کو پانچ جلدوں میں مرتب کیا ہے۔یہ پانچوں جلدیں ’’غالبؔ کے خطوط‘‘ کے عنوان سے غالب انسٹی ٹیوٹ نئی دہلی سے شائع ہوئی ہیں۔خلیق انجم نے اپنی مرتبہ ’’غالبؔ کے خطوط‘‘ کی ابتدا میں 228 صفحات پر مشتمل ایک بسیط ومبسوط مقدمہ لکھا ہے۔مقدمہ میں انہوں نے اس اڈیشن کے بارے میں کئی اہم خصوصیات بیان کی ہیں۔خطوط غالبؔ کے مختلف اڈیشنوں پر تبصرہ کرتے ہوئے غالبؔ کی اردواملا کی خصوصیات کی نشاندہی کی ہے۔اس کے علاوہ انہوں نے مقدمہ میں غالبؔ کی زبان پر فارسی کے اثرات ، انگریزی زبان کا استعمال، غالبؔ کے اردو خطوط کی مجموعی تعداد، خطوط غالبؔ کا تنقیدی مطالعہ، غالبؔ سے قبل اردو نثر کا سرمایہ، اردو مکتوب نگاری کا آغاز اور غالبؔ کا پہلا دستیاب اردو خط وغیرہ جیسے موضوعات پر مفصل بحث کی ہے۔ڈاکٹر خلیق انجم کا دعویٰ ہے کہ انہوں نے اپنے مرتبہ خطوط غالبؔ میں غالبؔ کے تمام دستیاب شدہ اردو خطوط جمع کیے ہیں۔ساتھ ہی ان خطوط کے تمام دستیاب عکس بھی شائع کیے ہیں۔انھوں نے اردوئے معلیٰ ،عود ہندی، مکاتیب غالبؔ، نادرات غالبؔ اور غالبؔ کی نادر تحریریں کے تمام خطوط کو اس مجموعے میں شامل کیا ہے۔سب سے بڑی اور قابلِ تحسین بات یہ ہے کہ متن کی ترتیب میں خلیق انجم نے سائنٹفک طریقہ اختیار کیا ہے اور متن کی ترتیب کے جدید تقاضوں کو پورا کیا ہے تاکہ کوئی غلطی رہ نہ پاسکے۔انھوں نے متن کی تصحیح بھی کی ہے اور بنیادی نسخوں سے ان خطوط کی بازیافت بھی۔خلیق انجم کی مرتبہ ’’غالبؔ کے خطوط‘‘ کی ایک خوبی یہ بھی ہے کہ انہوں نے حواشی میں جملہ خطوط کے ماخذ کی نشان دہی کی ہے۔انہوں نے ان خطوط کو تاریخ وار ترتیب دیا ہے۔بعض خطوط کا زمانہ بھی قیاسی طور پر متعین کیا ہے۔غالبؔ کے خطوط میں غالبؔ اور دوسرے شعرا کے جو اشعار استعمال ہوئے ہیں۔خلیق انجم نے ان اشعار کی تخریج کی ہے۔خطوط غالبؔ کی بار بار طباعت سے ان میں جو مختلف اختلافات رونما ہو گئے ہیں۔ان خطوط کی تدوین کے دوران خلیق انجم نے حواشی میں ان اختلافات کی نشان دہی بھی کی ہے۔جس کی وضاحت راقم نے مقالے میں کی ہے۔عام طور پر اردو مکتوب نگاری کی تاریخ غالبؔ سے شروع کی جاتی ہے۔خلیق انجم نے اس موضوع پر گفتگو کرتے ہوئے غالبؔ کو جدید اردو نثر کا موجد اور پہلا مکتوب نگار ماننے سے انکار کیا ہے۔راقم نے اس سلسلے میں خلیق انجم اور بعض دوسرے نامور محققین وناقدین کے نظریات کا تحقیقی وتنقیدی جائزہ لے کر مستند دلائل کو پیش کرنے کی سعی کی ہے۔غالبؔ کے پہلے دستیاب اردو خط اور غالبؔ کی مکتوب نگاری کے آغاز کے بارے میں خلیق انجم نے جو دلائل پیش

کیے ہیں راقم نے ان دلائل کا ازسرنو جائزہ لے کر صحیح حقائق کو پیش کرنے کی کوشش کی ہے۔ غالبؔ کے خطوط میں متنوع شخصیتوں کے جو نام ملتے ہیں، راقم الحروف کے اعداد و شمار کے مطابق خلیق انجم نے 181 شخصیات پر حواشی لکھے ہیں۔ خلیق انجم سے قبل مولانا امتیاز علی خاں عرشی، آفاق حسین آفاقؔ اور مولانا غلام رسول مہرؔ وغیرہ نے مذکورہ 181 میں سے 36 شخصیتوں پر حواشی لکھے تھے۔ یہاں اس بات کا انکشاف کرنا بھی ضروری معلوم ہو جاتا ہے کہ خلیق انجم نے اپنی مرتبہ غالبؔ کے خطوط میں اشخاص کی جو فہرست بتائی ہے وہ تقریباً 784 ہے۔ اگر دیکھا جائے تو تحقیق کے اصول کے مطابق خلیق انجم کو چاہیے تھا کہ مذکورہ تمام شخصیتوں پر حواشی لکھتے۔ اس لیے یہ کہنا غلط نہیں ہوگا کہ خطوط غالبؔ پر حواشی کا یہ گوشہ ہنوز توجہ طلب اور محنت کا طلب گار ہے۔ حبیب اللہ ذکاؔ کے نام غالبؔ نے ایک خط میں تحریر کیا ہے کہ 1830ء میں سفر کلکتہ کے دوران انہیں گورنر جنرل نے ملازمت، سات پارچے اور حیفہ سر پیچ جیسے تین اعزازات سے نوازا تھا۔ خلیق انجم نے غالبؔ کے اس بیان سے اختلاف کیا ہے لیکن انہوں نے اس سلسلے میں کوئی شواہد پیش نہیں کیے ہیں۔ اسی طرح غالبؔ نے منشی میاں داد سیاحؔ کے نام خط میں لکھا ہے کہ انہوں نے رسالے ''درفش کاویانی'' کو خود چھاپا تھا۔ خلیق انجم کے بیان کے مطابق اس کے پہلے اڈیشن کو منشی نول کشور نے چھاپا تھا۔ لیکن اپنے اس اختلاف کے بارے میں بھی خلیق انجم نے کوئی ثبوت پیش نہیں کیا ہے۔ تفتہؔ کے نام غالبؔ نے ایک خط میں لکھا ہے کہ دوران غدر ان پر کسی بھی قسم کا کوئی الزام ثابت نہیں ہوا ہے۔ نہ انقلابیوں سے ان کا کوئی تعلق تھا اور نہ ہی انہوں نے انگریزوں کی کوئی مدد کی ہے لیکن خلیق انجم نے دلائل دے کر ثابت کیا ہے کہ دوران غدر غالبؔ جہاں انگریزوں سے اچھے مراسمات رکھنے کے خواہشمند تھے وہی دوسری طرف وہ انقلابیوں سے بھی برابر مطابقت رکھتے تھے۔ اور 1857ء کے حالات کی تفتیش میں جن لوگوں کو بہادر شاہ ظفرؔ کے دربار میں حاضر ہونا پڑا تھا ان میں غالبؔ کا شمار بھی شامل تھا۔ لہٰذا کہا جاسکتا ہے کہ غالبؔ کا یہ بیان کہ انھوں نے فتنہ و آشوب میں کسی مصلحت میں کوئی دخل نہیں دیا درست نہیں ہے۔ تفتہؔ کے نام ایک اور خط میں غالبؔ لکھتے ہیں کہ نصیر الدین حیدر نے غالبؔ کے ایک قطعہ پر پانچ ہزار روپے کا انعام نامہ جاری کیا تھا۔ غالبؔ کے اس بیان کے سلسلے میں بھی خلیق انجم نے جو شواہد پیش کیے ہیں ان سے ثابت ہو جاتا ہے کہ غالبؔ کا یہ دعویٰ صحیح نہیں ہے۔

''دلی کی درگاہ شاہِ مرداں'' میں خلیق انجم نے نہ صرف درگاہ شاہِ مرداں کی پوری تاریخ کو قلمبند کیا ہے۔ بلکہ وہاں موجود ''قدمِ شریف'' کے بارے میں بھی اچھی تحقیق کی ہے۔ انہوں نے اس بات کو مدلل بیان کیا ہے۔ کہ سرسید نے ''آثار الصنادید'' کے دوسرے اڈیشن میں جو تحریر کیا ہے کہ 1137ھ میں نواب قدسیہ کے پاس ''نقش

قدم'' کا جو پتھر آیا تھا۔جس پر نواب قدسیہ نے سنگ مرمر کا فرش کر کے مجر بنایا ہے، وہ حضرت علیؓ کے قدم مبارک کا نقش ہے، صحیح نہیں ہے ۔ انہوں نے دلائل دے کر ثابت کیا ہے کہ نواب قدسیہ سے دوسو سال قبل بھی یہ'' قدم شریف'' یہاں موجود تھے۔اس سلسلے میں انہوں نے فارسی میں تحریر کردہ مختلف کتابوں کے حوالے سے ان تمام قبروں کی نشان دہی بھی کی ہے، جو درگاہ شاہِ مرداں میں تھیں اور بعد میں مسمار کر دی گئیں۔

''غالبؔ کا سفر کلکتہ اور کلکتے کا ادبی معرکہ'' بھی خلیق انجم کی غالبیات سے ذہنی مناسبت کی اختراع ہے۔ یہ کتاب ساڑھے چار سو صفحات پر پھیلی ہوئی دو ابواب پر مشتمل ہے۔ دونوں ابواب کے کئی ذیلی عنوانات ہیں۔ پہلے باب میں خلیق انجم نے غالبؔ کا سفر کلکتہ، غالبؔ کانپور اور لکھنؤ میں، غالبؔ کا باندہ، الہ آباد اور مرشد آباد کا سفر، غالبؔ کلکتے میں، غالبؔ کی پنشن کا قضیہ، ادبی معرکہ کے تین مشاعرے، بادِ مخالف، سفیرِ ہرات، سفرِ کلکتہ میں غالبؔ کی صحت ،سفر کلکتہ میں غالبؔ کی مالی حالت، سفرِ کلکتہ کے دوران غالبؔ کی تخلیقی سرگرمیاں جیسے موضوعات پر مفصل بحث کی ہے ۔ دوسرے باب میں انہوں نے غالبؔ اور ہندوستانی فارسی شعرا اور فارسی فرہنگ نویس ، غالبؔ کی بعض ہندوستانی فارسی دانوں کی مدح سرائی ، غالبؔ اور قتیلؔ ، غالبؔ اور بیدلؔ ،مولوی غیاث الدین عزتؔ ، غالبؔ اور عبدالواسع ہانسوی ، غالبؔ در مدح خود ، چند اہم دستاویزیں اور غالبؔ کے سفرِ کلکتہ کا نقشہ اور نقشہ ذرائع آمد و رفت باندہ جیسے موضوعات پر سیر حاصل گفتگو کرتے ہوئے بعض نئے اور اہم تحقیقی نقوش سامنے لائے ہیں۔ راقم نے خلیق انجم کے مذکورہ تمام تحقیقی و تخلیقی کارناموں کا از سرِ نو تحقیقی و تجزیاتی جائزہ لے کر صحیح اور مستند دلائل کو پیش کرنے کی کوشش کی ہے۔

اس باب کے دوسرے حصے میں مرزا مظہر جانِ جاناں کے خطوط ،متنی تنقید اور آثار الصنادید کا تنقیدی و تجزیاتی جائزہ لے کر خلیق انجم کو بطور متنی نقاد اور مؤلف پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔''مرزا مظہر جان جاناں کے خطوط'' ابوالخیر محمد بن احمد مراد آبادی کے مرتبہ'' کلمات طیبات'' کی فصل دوم کے صفحہ 18 سے مکتوب ہشتاد و ہشتم صفحہ 96 تک کے تمام مکاتیب کا اردو ترجمہ ہے۔خلیق انجم کا یہ ترجمہ''مرزا مظہر جان جاناں کے خطوط'' کے عنوان سے پہلی بار 1962ء میں شائع ہوا ہے۔خلیق انجم کا یہ ترجمہ نہ صرف ترجمہ ہے۔ بلکہ تحقیق و تدوین کا معیاری اور عمدہ کارنامہ بھی ہے۔خطوط کی ترتیب سے پہلے دیباچہ تحریر کیا گیا ہے۔جس میں مرزا مظہر جان جاناں کے سوانح حیات، شجرۂ نسب، ادبی خدمات، تالیفات و تصانیف کا ذکر اور مرزا مظہر جان جاناں کے تاریخی اور سماجی پس منظر کی ساری تفصیلات سے خلیق انجم کی تحقیقی کاوشوں کا اندازہ ہوتا ہے۔مرزا مظہر جان جاناں کے شجرۂ نسب کے بارے میں والہ داغشانی نے اپنے تذکرے'' ریاض الشعرا'' میں لکھا ہے کہ مرزا مظہر سادات علویہ سے تھے۔ لیکن مصحفیؔ '' عقد

ثریا‘‘میں والہ داغشانی کے بیان سے اختلاف کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ مرزا’’اتراک توران‘‘ سے تھے۔لیکن خلیق انجم کے بقول مصحفی کے ماخذ کا پتا نہیں ہے۔خلیق انجم مرزا مظہر کے ایک خط کو بنیاد بنا کر لکھتے ہیں کہ مرزا کا شجرہ نسب اٹھائیس واسطوں سے محمد بن حنفیہ کے توسط سے حضرت علیؑ تک پہنچتا ہے۔جس کی تصدیق ڈاکٹر سید تبارک علی نقش بندی اور عبدالرزاق قریشی سے بھی ہوجاتی ہے۔مرزا مظہر کے والد مرزا جان کے بارے میں نعیم اللہ بہرائچی نے لکھا ہے کہ وہ اورنگ زیب کے دور حکومت میں لشکر میں ملازم تھے۔گارساد تاسی کے بیان کے مطابق مرزا عہدۂ فضا پر فائز تھے۔خلیل السہر اندی نے بھی لکھا ہے کہ مرزا جان اورنگ زیب کے لشکر میں ملازم تھے۔لیکن وہ اورنگ زیب سے کسی بات پر ناراض ہوکر اپنے عہدے سے مستعفی ہوگئے۔نعیم اللہ بہرائچی نے ان کی ناراضی اور استعفی کا جو سبب بیان کیا ہے۔خلیق انجم نے اس سے من گھڑت کہا ہے۔اپنے دلائل کو بیان کرتے ہوئے خلیق انجم لکھتے ہیں کہ اورنگ زیب کے دور حکومت میں ارکاٹ نام کا کوئی صوبہ نہیں تھا اور دوسری بات یہ کہ اورنگ زیب کو خود’’خلد مکان‘‘ کہا جاتا تھا۔عبدالرزاق قریشی نے بھی اپنی کتاب’’مرزا مظہر جان جاناں اور ان کا کلام‘‘میں یہی واقعہ بیان کیا ہے۔مرزا مظہر جان جاناں کی تاریخ ولادت اور جائے پیدائش کے متعلق مختلف بیانات ملتے ہیں۔عنایت اللہ فتوت،احمد علی سندیلوی اور فتح علی حسینی گردیزی کے مطابق مرزا مظہر کی ولادت اکبرآباد میں ہوئی ہے۔سید تبارک علی نقش بندی اور عبدالرزاق قریشی کے مطابق مرزا مظہر کی ولادت کالا باغ میں حدود مالوا میں ہوئی ہے۔لیکن نعیم اللہ بہرائچی کے مطابق مرزا جان جب ملازمت ترک کرکے دکن سے اکبرآباد جارہے تھے۔تو راستے میں ان کا قیام حدود مالوا میں رہا یہیں مرزا مظہر کی ولادت 11 رمضان المبارک بروز جمعہ کی رات کو ہوئی۔خلیق انجم نے مولوی نعیم اللہ بہرائچی کے اس بیان کو درست تسلیم کیا ہے۔جب کہ انہوں نے خود اس بات کی تصدیق بھی کی ہے کہ نعیم اللہ بہرائچی کے بیان کی تائید کسی اور ذریعہ سے نہیں ہوتی ہے۔

مرزا مظہر کی جائے پیدائش کی طرح ان کی سنہ ولادت میں بھی اختلاف ہے۔مختلف تذکروں اور خود مرزا صاحب کی تحریروں میں سنہ ولادت کی مختلف تاریخیں ملتی ہیں۔عبدالرزاق قریشی،ڈاکٹر سید تبارک علی نقش بندی اور خلیق انجم نے اس سلسلے میں مختلف تذکرہ نگاروں اور محققین کے حوالے پیش کرکے اس موضوع پر مفصل بحث کی ہے۔لیکن انہوں نے جو نتائج اخز کیے ہیں۔وہ ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔اس سلسلے میں خلیق انجم کے دلائل زیادہ مستند اور صحیح معلوم ہوتے ہیں۔مرزا صاحب کی وفات تقریباً 82 بیاسی سال کی عمر میں 1195ھ مطابق 1780ء میں ہوئی۔ان کی موت قاتلانہ حملہ سے ہوئی۔جس کی بنیادی وجہ اکثر مورخین کے مطابق مذہبی اختلاف بتائی جاتی ہے

۔خلیق انجم کا خیال بھی یہی ہے کہ مرزا صاحب مذہبی اختلاف کی وجہ سے قتل کر دیے گئے تھے۔لیکن انہوں نے ساتھ ہی اس بات کی بھی پوری وضاحت کی ہے کہ ان کے قتل کرنے کی ایک خاص وجہ سیاسی شعبدہ بازی تھی۔

ایک محقق و مرتب متن کو تحقیق کے دوران کن کن مسائل و مراحل سے گزرنا پڑتا ہے،اوران مسائل و مراحل کے لیے ایک محقق یا مرتب متن کو کن کن اصولوں کی پابندی کرنی چاہئے۔ان تمام مراحل کی پوری وضاحت خلیق انجم نے اپنی تصنیف ''متنی تنقید'' میں بہترین اور عمدہ طریقے سے بیان کی ہے۔کتاب کی فہرست پر ایک نظر ڈالنے سے معلوم ہوجاتا ہے کہ خلیق انجم نے ہر ایک باب کو اس کی جزیات میں تقسیم کرکے ہر ایک جز پر روشنی ڈالی ہے۔''متنی تنقید'' کا مطالعہ کرنے کے بعد ہمیں اس بات کا اعتراف کرنا پڑتا ہے۔کہ متنی تنقید کے سلسلے میں ہمارے یہاں مغربی تنقید کے اصولوں وضوابط سے بعینہ اتفاق نہیں کیا جاسکتا۔اس کتاب کے ذریعے خلیق انجم نے متنی تنقید کے لیے جن اصولوں کا تعین کیا ہے،ان سے واضح ہوجاتا ہے کہ متنی نقاد کے لیے ضروری ہے کہ وہ تحقیقی اور تنقیدی بصیرت کے ساتھ ساتھ زبان و ادب کے تخلیقی اور لسانی رموز سے بھی واقفیت رکھتا ہو۔تاکہ تصحیح متن اور تنقید متن کے مراحل طے کرنے میں کسی دشواری اور خامی کا امکان نہ ہو۔

''آثارالصنادید'' دلی کی تاریخ،تہذیب،ثقافت اور قدیم عمارات کے بارے میں سرسید احمد خاں کی اہم اور قابل تقلید تالیف ہے۔اس کے کئی اڈیشن منظرعام پر آچکے ہیں۔خلیق انجم نے اپنے تنقیدی اڈیشن کے لیے ''آثارالصنادید'' کے دوسرے اڈیشن کو بنیاد بنایا ہے۔سرسید نے ''آثارالصنادید'' کے پہلے اڈیشن کا جو چوتھا باب یعنی ''شاہجہاں آباد کے لوگوں کا بیان'' دوسرے اڈیشن میں خارج کردیا تھا۔خلیق انجم نے اس باب کی غیر معمولی اہمیت وافادیت کے پیش نظر اسے بھی اپنے مرتبہ اڈیشن میں شامل کرلیا ہے۔انہوں نے متن کی درستی کا ہر ممکن خیال رکھا ہے۔آثارالصنادید مرتبہ خلیق انجم کی تینوں جلدوں کا مطالعہ کرنے کے بعد اس کے دو بنیادی روشن پہلو سامنے آجاتے ہیں۔ایک آثارالصنادید کا متن جس کی تدوین خلیق انجم نے آثارالصنادید کے پہلے اور دوسرے اڈیشن کی بنیاد پر رکھی ہے۔اور تقریباً چار سو کے قریب اردو،فارسی اور انگریزی کتابوں کی مدد سے متن کے متعلقات سے بحث کرتے ہوئے مبسوط اور مفصل حواشی اور 127 صفحات کا جامع اور معنی خیز مقدمہ تحریر کیا ہے۔اس اڈیشن کا دوسرا روشن پہلو یہ ہے کہ اس میں آثارقدیمہ کو وہی خصوصی اہمیت وافادیت دی گئی ہے جو خود سرسید نے دی تھی۔اس سلسلے کے حواشی اور تعلیقات کیمرے سے لی گئی ان آثارقدیمہ کی وہ تصویریں ہیں۔جن میں یہ آثارقدیمہ ہو بہو اور مستند شکل میں کتاب کے صفحات میں محفوظ ہوگئے ہیں۔اگر یوں کہا جائے تو کچھ بے جا نہ ہوگا کہ یہ صورت حال آثار

الصنادید کے پہلے اڈیشن میں شامل آثار قدیمہ کی قلمی شکلوں کے برعکس زیادہ مستند، عمدہ اور بہتر ہونے کے ساتھ ساتھ سائنٹفک بھی ہے۔

مقالے کا تیسرے باب ''خلیق انجم بحیثیت سوانح نگار'' ہے۔ خلیق انجم نے خود کو بحیثیت محقق، نقاد، مولف ، مصنف اور کامیاب ترجمہ نگار ثابت کرنے کے بعد محی الدین قادری زورؔ، اخترؔ انصاری شخص وشاعر، حسرتؔ موہانی، آصف علی اور ارونا آصف علی اور بیسویں صدی کی ممتاز شخصیت خواجہ احمد فاروقی وغیرہ جیسی تصنیفات لکھ کر ثابت کیا ہے کہ وہ جس کسی میدان کا انتخاب کر لیتے تھے اس میں اپنا لوہا منوا کر ہی دم لیتے تھے۔

سنہ 18-17 اگست 1987ء کو انجمن ترقی اردو ہند کے مرکزی دفتر اردو گھر میں ڈاکٹر زورؔ کی شخصیت اور فن پر دو روزہ قومی سمینار منعقد ہوا تھا۔ زیر بحث کتاب یعنی ''محی الدین قادری زورؔ'' میں انہی مقالوں کو ترتیب دے کر خلیق انجم نے 1989ء میں انجمن ترقی اردو ہند، نئی دہلی کی طرف سے شائع کیا ہے۔ اس کتاب میں انیس مقالہ نگاروں کے مقالات کو شامل کیا گیا ہے۔ حرف آغاز کے بعد خلیق انجم نے اپنے مقالے ''حیات زورؔ'' میں محی الدین قادری زورؔ کے خاندان، آبا واجداد، وطن، حیات، شخصیت، تعلیم وتربیت، حلیہ، سیرت وکردار اور ان کی علمی وادبی خدمات پر ایک بہترین اور معلوماتی جائزہ پیش کیا ہے۔ اگر یوں کہا جائے تو غلط نہیں ہوگا کہ خلیق انجم نے اپنے اس مقالے میں محی الدین زورؔ کا ایک مکمل سوانحی خاکہ تحریر کیا ہے۔

''آصف علی اور ارونا آصف علی'' خلیق انجم کی ایک مشہور ومعروف ایک سیاسی مرد وزن کی سوانح اور شخصیت نامہ ہے۔ جو کہ ایک میاں بیوی کے پاک دامن رشتے کی روداد ہے۔ کتاب ''آصف علی اور ارونا آصف علی'' کو خلیق انجم نے عنوانات کے لحاظ سے کئی حصوں میں تقسیم کیا ہے۔ پہلے حصے میں آصف علی کی سوانح، باپ دادا، ان کے ننھیال، شجرۂ نسب اور والدین کی پوری تفصیل بیان کی گئی ہے۔ کتاب کے دوسرے حصے میں آصف علی کا نام، محمد علی جناح سے ان کی ملاقاتیں، آصف علی اور ارونا آصف علی کی سیرت وکردار کی مکمل تفصیل پیش کی گئی ہے۔ تیسرے حصے میں آصف علی کی سیاسی زندگی، خلافت تحریک پر سیر حاصل گفتگو کی گئی ہے۔ کتاب کے چوتھے حصے میں آصف علی بحیثیت ادیب اور شاعر کا مفصل جائزہ لیا گیا ہے۔ آخر میں اشاریہ دیا گیا ہے۔

اس کتاب میں آصف علی اور ارونا آصف علی کے سوانحی کائف، سیاسی زندگی اور خلافت تحریک پر تفصیل سے روشنی ڈالتے ہوئے خلیق انجم نے آصف علی کی شخصیت کے ایک ایسے پہلو کو بھی موضوع بنایا ہے جس کا بہت کم لوگوں کو علم رہا ہوگا ۔ وہ یہ کہ آصف علی نے بہت شستہ اور عمدہ غزلیں اور نظمیں بھی کہی ہیں۔ رباعیاں لکھی ہیں اور

ترجمے بھی کیے ہیں۔خلیق انجم نے ''آصف علی بحیثیت ادیب وشاعر'' کے موضوع پر شرح وسبط کے ساتھ جو روشنی ڈالی ہے وہ لائق تعریف ہے۔

کتاب ''حسرتؔ موہانی ''میں خلیق انجم نے حسرتؔ کی سوانح کے بارے میں مدلل بحث کرتے ہوئے بعض نئے تحقیقی شواہد سامنے لائے ہیں۔حسرت موہانیؔ کے سوانح نگاروں نے ان کی سیاسی سرگرمیوں کی ابتدا کے بارے میں جو بیانات دیے ہیں۔خلیق انجم نے ان سے اختلاف کیا ہے۔حسرت موہانیؔ کے معاصرین عارف سہوی،عبدالشکور،نیاز فتح پوری،مولانا سید سلیمان ندوی اور مولانا جمال الدین عبدالوہاب وغیرہ نے حسرت موہانیؔ کی سوانح لکھی ہے۔خلیق انجم نے یہ بات واضح کی ہے کہ ان محققین نے حسرتؔ کی سوانح کے بارے میں جو سنین تحریر کیے ہیں۔ان میں سے کچھ سنین میں اختلاف ہے۔اس سلسلے میں تاریخ ولادت اور تاریخ تعلیم کی سنین خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔جس کی پوری تفصیل راقم نے مقالے میں بیان کی ہے۔حسرت موہانیؔ کے سوانح نگاروں نے ان کی سیاسی سرگرمیوں کی ابتدا کے بارے میں جو بیانات دیے ہیں۔خلیق انجم نے ان سے بھی اختلاف کیا ہے۔عام بیانات میں یہی کہا گیا ہے کہ حسرت موہانیؔ زمانہ طالب علمی سے ہی سیاست میں حصہ لینے لگے تھے۔جب کہ بعض کے مطابق حسرتؔ مولانا طالب علمی کے زمانے سے ہی سیاسی تحریکوں میں مشغول تھے اور انہیں تین مرتبہ نارۂ حریت بلند کرنے کے نتیجے میں ایم۔اے۔او کالج سے نکالا گیا۔خلیق انجم اثر بن یحییٰ،عبدالشکور اور دیگر سوانح نگاروں کی اس رائے سے اختلاف کرتے ہیں۔اس ضمن میں وہ لکھتے ہیں کہ ایک واقعہ بھی ایسا نہیں ملتا جس سے ثابت ہو سکے کہ علی گڑھ میں طالب علمی کے زمانے کے دوران حسرت موہانیؔ کو سیاست میں دلچسپی پیدا ہوگئی تھی۔البتہ ایک بار معاصرانہ چشمک اور دو بار شرارتوں کی وجہ سے پرنسپل نے ان کا نام ''فرد سیاہ'' میں درج کیا تھا،جس کی تفصیل سید سجاد حیدر یلدرم نے اپنے مقالے میں بیان کی ہے۔

حسرتؔ موہانی کے سفر انگلستان کی روداد بیان کرتے ہوئے بعض سوانح نگاروں کے مطابق وہ کئی دفعہ انگلستان گئے ہیں۔جب کہ بعض نے اس سلسلے میں کوئی لب کشائی نہیں کی ہے۔خلیق انجم نے اپنی تصنیف میں دلائل دے کر ثابت کیا ہے کہ حسرتؔ موہانی صرف دو دفعہ انگلستان گئے ہیں۔

خلیق انجم نے کتاب ''بیسویں صدی کی ممتاز شخصیت پروفیسر خواجہ احمد فاروقی'' میں خواجہ صاحب کی شخصیت اور ادبی خدمات کا بھر پور احاطہ کیا ہے۔مذکورہ کتاب میں خواجہ صاحب کی حیات اور ادبی کارنامے اس انداز سے ابھر کر سامنے آئے ہیں کہ خواجہ صاحب کی جیتی جاگتی تصویر آنکھوں میں سما جاتی ہے۔اس میں ان کی سوانح،

تنقید نگاری، خاکہ نگاری، خطوط نویسی اور ان کی تحقیق کے بارے میں اہم معلومات فراہم کی گئی ہے۔ اردو حلقوں میں اس کتاب کی بہت پذیرائی ہوئی ہے۔ درحقیقت خلیق انجم کی یہ خوبی رہی ہے کہ وہ جس کسی بھی موضوع پر کام کرنے کے خواہش مند تھے۔ وہ پہلے اس کے تمام گوشوں پر گہری واقفیت حاصل کر لیتے تھے۔

مقالے کا چوتھا باب ''خلیق انجم بحیثیت نقاد'' کے عنوان سے ہے۔ یہ باب بھی مقالے کا اہم اور بنیادی باب ہے۔ اس باب میں خلیق انجم کو بطور ناقد پیش کرنے کی سعی کی گئی ہے۔ یوں تو خلیق انجم نے تنقید پر کوئی باضابطہ کتاب نہیں لکھی ہے۔ لیکن راقم نے ان کی بعض کتابوں بالخصوص خطوط غالبؔ کا مقدمہ، غالبؔ اور شاہان تیموریہ، مرزا محمد رفیع سوداؔ، حسرتؔ موہانی اور بیسویں صدی کی ممتاز شخصیت خواجہ احمد فاروقی وغیرہ میں ان کے تنقیدی نظریات کے نقوش کی نشان دہی کرنے کی کوشش کی ہے۔ خطوط غالبؔ کے مقدمہ میں خلیق انجم نے خطوط غالبؔ کے مختلف اڈیشنوں اور خصوصیات خطوط غالبؔ پر اپنی تنقیدی بصیرت کا اظہار کیا ہے۔ غالبؔ اور شاہان تیموریہ میں انہوں نے غالبؔ کی شخصیت، قلعہ اور انگریزوں سے ان کے تعلقات، خطوط رجب علی بیگ سرورؔ، خطوط غلام غوث بےخبرؔ اور خطوط بیگمات واجد علی شاہؔ، دستنبو، 1857ء اور مرزا غالبؔ اور خطوط غالبؔ میں القاب وآداب اور شعری اصطلاحوں کے استعمال وغیرہ کا تنقیدی جائزہ لیا ہے۔ کتاب ''مرزا محمد رفیع سوداؔ'' میں انہوں نے سوداؔ پر بہترین تحقیق کرتے ہوئے کلام سوداؔ کی مختلف اصناف غزل گوئی، قصیدہ نگاری، مرثیہ نگاری، ہجویات سوداؔ اور سوداؔ کے شہر آشوب کی خصوصیات پر اپنے تنقیدی خیالات کا اظہار بھی کیا ہے۔ ''متنی تنقید'' جیسی ایک اہم کتاب لکھ کر خلیق انجم نے متنی تنقید کے ناقدین میں اپنی ایک الگ شناخت قائم کر لی ہے۔ اس کتاب کو تحقیقی معیار عطا کر کے انہوں نے متنی تنقیدی بصیرت کا ایک نیا باب کھول دیا۔ ''حسرتؔ موہانی'' میں انہوں نے جہاں حسرتؔ کے بارے میں عمدہ تحقیقی جائزہ پیش کیا ہے۔ وہیں دوسری طرف انہوں نے حسرتؔ کی غزل گوئی، سیاسی زندگی اور بعض دوسرے پہلوؤں کا تجزیاتی جائزہ لیتے ہوئے اپنی تنقیدی آرائیں بھی پیش کی ہیں۔ کتاب ''بیسویں صدی کی ممتاز شخصیت خواجہ احمد فاروقی'' میں انہوں نے خواجہ صاحب کی تحقیق، تنقید، مکتوب نگاری اور خاکہ نگاری پر تنقیدی رائے دیتے ہوئے اپنی تنقیدی بصیرت کا برملا اظہار کیا ہے۔ خلیق انجم کسی تنقیدی دبستان سے منسلک نہیں تھے۔ البتہ ان کے ہاں نظریاتی تنقید کی عمدہ مثالیں ملتی ہیں جن کی نشان دہی کرنے کی سعی راقم نے مقالے میں کی ہے۔

مقالے کا پانچواں باب ''خلیق انجم کے مضامین کا مطالعہ'' ہے۔ اس باب میں خلیق انجم کے منتخب مضامین کا موضوعاتی مطالعہ پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ خلیق انجم کے یہ مضامین اکثر و بیشتر اردو کے مختلف رسائل و

جرائد میں شائع ہوئے ہیں۔ جب کہ بعض ان کی مرتبہ اور دیگر مصنفین و مرتبین کی کتابوں میں شامل ہیں۔

# کتابیات


| مصنف کا نام | کتاب کا نام | مقام اشاعت | سن اشاعت |
|---|---|---|---|
| آفاق احمد (مرتبہ) | بیا مجلسِ اقبال | کل ہند علامہ اقبال ادبی مرکز، مدھیہ پردیش | 1993ء |
| امتیاز علی خاں عرشی (مرتبہ) | مکاتیب غالب (باراول) | ناظم کتاب خانہ رامپور | 1938ء |
| امتیاز علی خاں عرشی (مرتبہ) | مکاتیب غالب (بار پنجم) | ناظم کتاب خانہ رامپور | 1949ء |
| احمر لاری، ڈاکٹر | حسرتؔ موہانی حیات اور کارنامے | مکتبۂ جامعہ، جامعہ نگر، نئی دہلی | 1973ء |
| انور کمال حسینی (مرتب) | اردو طباعت واشاعت کے مسائل | نیشنل بک ٹرسٹ، انڈیا | 1978ء |
| ایم۔ حبیب خاں | حسرت موہانی | ول آفسیٹ پنچشیل گارڈن نوین شاہدرہ دہلی | 1984ء |
| ایم، حبیب خاں (مرتبہ) | جمیل الدین عالی: فن اور شخصیت | انجمن ترقی اردو (ہند) | 1988ء |
| ایم، حبیب خاں (مرتبہ) | کتاب نما کا خصوصی شمارہ: پروفیسر جگن ناتھ آزاد (شخصیت اور ادبی خدمات) | لبرٹی آرٹ پریس، دریا گنج نئی دہلی | 1994ء |
| اسلم فرخی، ڈاکٹر | ہمارے نامور ادیب اور شاعر مولانا حسرت موہانی | لبرٹی آرٹ پریس، دریا گنج نئی دہلی | 1994ء |
| ایم، حبیب خاں (مرتبہ) | کتاب نما کا خصوصی شمارہ۔ ڈاکٹر خلیق انجم (شخصیت اور ادبی خدمات) | ماہنامہ کتاب نما، جامعہ نگر۔ نئی دہلی | 1995ء |
| اسلم پرویز (مرتبہ) | شیخ محمد ابراہیم ذوقؔ | انجمن ترقی اردو (ہند)، نئی دہلی | 1999ء |
| انیس دہلوی (مرتبہ) | سہ ماہی ''ایوان ادب'' کا خصوصی نمبر: خلیق انجم (کثیر الجہات شخصیت) | رہبر آفسٹ پرنٹرز، دہلی | 2000ء |
| بشیر حسین زیدی، کرنل (مرتبہ) | مالک نامہ (مالک رام کی ادبی خدمات) | جشن مالک رام کمیٹی | 1987ء |
| جگن ناتھ پرشاد | گلزار سخن | منشی نول کشور پریس لکھنؤ | |
| جمیل جالبی | تاریخ ادب اردو | مجلس ترقی اردو لاہور | 1984ء |
| حفیظ قتیل، ڈاکٹر | معراج العاشقین کا مصنف | نیشنل فائن پرنٹنگ پریس چار کمان حیدر آباد | 1980ء |
| حنیف نقوی | غالبؔ احوال وآثار | نصرت پبلشرز، امین آباد، لکھنو | 1990ء |
| خلیق انجم (مرتبہ) | معراج العاشقین مع دکنی کلام | محمد یوسف جامعی، مکتبہ شاہراہ دہلی | 1957ء |
| خلیق انجم (مترجمہ) | تاراس بلبا | مکتبہ شاہراہ دہلی | 1957ء |

| | | | |
|---|---|---|---|
| خواجہ احمد فاروقی، ڈاکٹر (مرتبہ) | کربل کتھا یعنی دہ مجلس | شعبہ اردو، دہلی یونی ورسٹی | 1961ء |
| خلیق انجم (مرتبہ) | غالب کی نادر تحریریں | مکتبہ شاہراہ دہلی | 1961ء |
| خلیق انجم (مرتبہ) | بڑے چلو | یونین پرنٹنگ پریس، دہلی | 1962ء |
| خلیق انجم و گوپی چند نارنگ | کربل کتھا کا لسانی مطالعہ | یونین پریس، دہلی | 1970ء |
| خلیق انجم (مرتبہ) | مرزا مظہر جانجاناں کے خطوط | مکتبہ اردو ادب۔لکھنؤ | 1972ء |
| خلیق انجم | غالب اور شاہان تیموریہ | مکتبہ جامعہ نئی دہلی | 1974ء |
| خلیق انجم، مجتبیٰ حسین (مرتبین) | ضبط شدہ نظمیں | لبرٹی آرٹ پریس (پروپرائٹرز مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، پٹودی ہاوس، دریا گنج۔دہلی | 1975ء |
| خلیق انجم (مرتبہ) | غالب کچھ مضامین | انجمن ترقی اردو (ہند)، نئی دہلی | 1979ء |
| خلیق انجم (مرتبہ) | غالب کے خطوط (جلد اول) | سمر آفسٹ پرنٹرز، دہلی | 1984ء |
| خلیق انجم (مرتبہ) | غالب کے خطوط (جلد اول) | غالب انسٹی ٹیوٹ، ایوان غالب مارگ نئی دہلی ۱۱۰۰۰۲ | 1984ء |
| خلیق انجم (مرتبہ) | فیض احمد فیض (تنقیدی جائزہ) | انجمن ترقی اردو (ہند) نئی دہلی | 1985ء |
| خلیق انجم (مرتبہ) | مشفق خواجہ۔ایک مطالعہ | ماہنامہ کتاب نما۔جامعہ نگر، نئی دہلی | 1985ء |
| خلیق انجم (مرتبہ) | رسوم دہلی | اردو اکادمی۔دہلی | 1986ء |
| خلیق انجم (مرتبہ) | سید سلیمان ندوی | انجمن ترقی اردو (ہند) | 1986ء |
| خلیق انجم (مرتبہ) | مولانا ابوالکلام آزاد: شخصیت اور ادبی کارنامے | اردو اکادمی دہلی | 1986ء |
| خلیق انجم (مرتبہ) | غالب کے خطوط جلد سوم | غالب انسٹی ٹیوٹ، ایوان غالب مارگ نئی دہلی ۱۱۰۰۰۲ | 1987ء |
| خلیق انجم (تصحیح و ترتیب) | ابن الوقت (ڈپٹی نذیر احمد) | مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، نئی دہلی | 1987ء |
| خلیق انجم | دلی کی درگاہ شاہ مرداں | اردو اکادمی، دہلی | 1988ء |
| خلیق انجم (ترتیب و ترجمہ) | دلی کی آثار قدیمہ (فارسی تاریخوں میں) | اردو اکادمی، دہلی | 1988ء |
| خلیق انجم (مرتبہ) | انتخاب خطوط غالب | مونومینٹل پبلیشرز، نئی دہلی | 1989ء |
| خلیق انجم (مرتبہ) | محی الدین قادری زور | انجمن ترقی اردو (ہند) دہلی | 1989ء |
| خلیق انجم (مرتبہ) | اختر انصاری شخص اور شاعر | انجمن ترقی اردو (ہند) دہلی | 1990ء |
| خلیق انجم (مرتبہ) | غالب کچھ مضامین | انجمن ترقی اردو (ہند) نئی دہلی | 1991ء |
| خلیق انجم (مرتبہ) | جوش بنام ساغر (جوش ملیح آبادی کے خطوط ساغر نظامی کے نام) | مونومینٹل پبلشرز، نئی دہلی | 1991ء |
| خلیق انجم (مرتبہ) | جوش ملیح آبادی: تنقیدی جائزہ | انجمن ترقی اردو (ہند)، نئی دہلی | 1992ء |

| | | | |
|---|---|---|---|
| خلیق انجم (مرتبہ) | ڈاکٹر فرمان فتحپوری (شخصیت اور ادبی خدمات) ماہنامہ کتاب نما، جامعہ لمیٹڈ، نئی دہلی 1993ء | | |
| خلیق انجم (مرتبہ) | مولوی عبدالحق (ادبی ولسانی خدمات) | انجمن ترقی اردو (ہند) | 1993ء |
| خلیق انجم (مرتبہ) | جگن ناتھ آزاد (حیات اور ادبی خدمات) | محروم میموریل لٹریری سوسائٹی، نئی دہلی 1993ء | |
| خلیق انجم | حسرت موہانی | پبلی کیشن ڈویژن وزارت اطلاعات و نشریات، حکومت ہند | 1994ء |
| خلیق انجم (مرتبہ) | قاضی عبدالغفار ایک ممتاز نثر نگار | انجمن ترقی اردو (ہند) دہلی | 1996ء |
| خلیق انجم (مترجمہ) | فن ترجمہ نگاری | انجمن ترقی اردو (ہند) دہلی | 1996ء |
| خلیق انجم (مرتبہ) | شبلی کی علمی وادبی خدمات | انجمن ترقی اردو (ہند) نئی دہلی | 1996ء |
| خلیق انجم (مرتبہ) | پروفیسر مسعود حسین خاں (ایک جامع حیثیات شخصیت) | انجمن ترقی اردو (ہند) نئی دہلی | 1996ء |
| خلیق انجم | گجرال کمیٹی اور اس کے متعلق دیگر کمیٹیوں کا جائزہ انجمن ترقی اردو (ہند) | | 1998ء |
| خلیق انجم (مرتبہ) | آصف علی اور ارونا آصف علی | انجمن ترقی اردو (ہند) نئی دہلی | 1999ء |
| خلیق انجم | بیسویں صدی کی ممتاز شخصیت خواجہ احمد فاروقی | انجمن ترقی اردو ہند | 2000ء |
| خلیق انجم )مرتبہ) | گلکاری وحشت کا شاعر مجروح | انجمن ترقی اردو (ہند) دہلی | 2000ء |
| خلیق انجم (مرتبہ) | سردار جعفری کے خطوط | انجمن ترقی اردو (ہند) نئی دہلی | 2001ء |
| خلیق انجم | متنی تنقید | اصیلا آفسٹ پرنٹرز، کلاں محل، نئی دہلی 2006ء | |
| خلیق انجم | مرزا محمد رفیع سودا | قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان | 2003ء |
| خلیق انجم (مرتبہ) | خواجہ غلام السیدین: مضامین اور تقریریں | انجمن ترقی اردو (ہند) دہلی | 2004ء |
| خلیق انجم | غالب کا سفر کلکتہ اور کلکتے کا ادبی معرکہ | اصیلا آفسیٹ پریس، دہلی | 2005ء |
| خلیق انجم | مجھے سب ہے یاد ذرا ذرا | انجمن ترقی اردو (ہند) نئی دہلی | 2008ء |
| خلیق انجم (مرتب) | سیرت فریدیہ | انجمن ترقی اردو (ہند) دہلی | 2010ء |
| خلیق انجم (مرتبہ) | غالب کے خطوط جلد چہارم | غالب انسٹی ٹیوٹ، ایوان غالب مارگ نئی دہلی ۱۱۰۰۰۲ | 2011ء |
| خلیق انجم (ترجمہ) | کتاب نما کا خصوصی شمارہ: پروفیسر آل احمد سرور (شخصیت اور ادبی خدمات) | قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی | 2011ء |
| خلیق انجم (مرتبہ) | کتاب نما کا خصوصی شمارہ: پروفیسر خواجہ احمد فاروقی نمبر (شخصیت اور ادبی خدمات) | قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی | 2011ء |
| خلیق انجم (مرتبہ) | آثار الصنادید | قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | نئی دہلی | 2014ء |
| رشید حسن خاں | انتخاب سودا | مکتبہ جامع نئی دہلی | 1972ء |
| رام بابو سکسینہ | تاریخ ادب اردو | سید منہال احمد زیدی ارم اپاٹمنٹ بفرزون نارتھ کراچی پاکستان | 2000ء |
| سید محمد اسمعیل صاحب رسا ہمدانی گیاوی۔ نادر خطوط غالب | | مطبوعہ دی فائن پریس لکھنؤ راما شنکر پرنٹنگ | 1939ء |
| سیدہ جعفر ڈاکٹر (مرتبہ) | دکنی نثر کا انتخاب | ڈائرکٹر ترقی اردو بیورو، ویسٹ بلاک 8 آر کے پورم نئی دہلی | 1983ء |
| سہیل انور، ڈاکٹر | ہجویات سودا کا سماجیاتی مطالعہ | بھارت آفس دلی | 2004ء |
| سرسید | آثار الصنادید | اردو اکادمی، دہلی۔سی۔پی۔او۔ بلڈنگ، کشمیری گیٹ دہلی | 2014ء |
| سید ظفر احسن بہرائچی (تالیف) | آثار حضرت مرزا مظہر جان جاناں شہید | خانقاہِ نعیمیہ، بہرائچ (یوپی) انڈیا | 2015ء |
| شیخ چاند | سودا | سمتا پرنٹنگ پریس لکھنؤ | 1972ء |
| شارب ردولوی، ڈاکٹر | افکار سودا | نصرت پبلشرز وکٹوریہ اسٹریٹ لکھنؤ | 1972ء |
| شاہد ماہلی (ترتیب وتزئین) | بیگم حمیدہ سلطان احمد (ناول نگار اور مجاہد اردو) | غالب انسٹی ٹیوٹ، نئی دہلی | 1999ء |
| شاہد ماہلی | بہادر شاہ ظفر ایک مطالعہ | غالب انسٹی ٹیوٹ، نئی دہلی | 2000ء |
| صلاح الدین، ڈاکٹر (مرتبہ) | دلی والے | اردو اکادمی، دہلی | 1986ء |
| عبد الغفور نساخ | سخن شعرا | اترپردیش اردو اکادمی، لکھنؤ | 1982ء |
| عبد الشکور | حسرت موہانی | انوار بک ڈپو، ایجوکیشنل پبلیشرز لکھنؤ | 1986ء |
| عبد الرزاق قریشی (تدوین)، ڈاکٹر محمد عمر (ترجمہ) | مکاتیب میرزا مظہر (جانجاناں) | خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ | 1995ء |
| غلام ہمدانی مصحفی | عقد ثریا | اورنگ آباد | 1937ء |
| غلام رسول مہر (مرتبہ) | خطوط غالب (حصہ اول) بار اول | شیخ نیاز احمد پرنٹر و پبلشر، کتاب منزل لاہور | 1969ء |
| غلام مصطفیٰ خاں، ڈاکٹر | لوائح خانقاہ مظہریہ | آفریشیا پرنٹنگ پریس، ناظم آباد کراچی | 1975ء |
| غالب انسٹی ٹیوٹ، ایوان غالب نئی دہلی | مالک رام (محقق ودانشور) | غالب انسٹی ٹیوٹ، نئی دہلی | 1991ء |
| قاضی افضال حسین | مرزا محمد رفیع سودا | ول آفسیٹ پنچشیل گارڈن نوین شاہدرہ دہلی | 1990ء |
| کوثر چاند پوری | دانش وبینش | جمال پرنٹنگ پریس، جامع مسجد دہلی | 1975 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ءکاظم علی خاں | خطوط غالب کا تحقیقی مطالعہ | کتاب نگر دین دیال روڈ لکھنؤ | 1981ء |
| کامل قریشی، ڈاکٹر (مرتبہ) | اردو اور مشترکہ ہندوستانی تہذیب | اردو اکادمی، دہلی | 1987ء |
| گوپی چند نارنگ، پروفیسر | انیس شناسی | ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی | 1981ء |
| گوپی چند نارنگ (مرتبہ) | معراج العاشقین | آزاد کتاب گھر، کلاں محل۔ دلی | 1957ء |
| لئیق صدیقی (مرتب) | مولانا ابوالکلام آزاد ایک تہذیبی علامت | ادبی محفل خرم نگر لکھنؤ۔ 15 | 1994ء |
| میر تقی میر | نکات الشعرا | نظامی پریس بدایوں | |
| محمد منظور احمد (مرتب) | یادگار مومن | اردو مجلس حیدر آباد | |
| مولوی عبدالحق (ترتیب) | معراج العاشقین | تاج پریس، حیدر آباد | 1343ء |
| مہیش پرشاد (مرتبہ) | | | |
| نظر ثانی عبدالستار صدیقی | خطوط غالب | ہندوستانی اکیڈمی، صوبہ متحدہ،، | |
| | | الہ آباد | 1941ء |
| مالک رام (مرتبہ) | خطوط غالب | سرفراز قومی پریس، لکھنؤ | 1962ء |
| محمد حسن | مطالعہ سودا | سرفراز پریس لکھنؤ | 1965ء |
| مالک رام و مختار الدین (مرتبہ) | کربل کتھا | ادارۂ تحقیقات اردو، پٹنہ | 1965ء |
| مالک رام (مرتبہ) | رشید احمد صدیقی۔ کردار، افکار، گفتار | علمی مجلس، دہلی | 1975ء |
| محمد قیام الدین قائم چاندپوری | مخزن نکات | اتر پردیش اردو اکادمی، لکھنؤ | 1985ء |
| محمد خاور جمیل، مصطفیٰ کمال پاشا (مرتبین) | جمیل جالبی یا اردو ادب کی تاریخ | ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی | 2015ء |
| نواب مصطفیٰ خاں شیفتہ | گلشن بے خار | ایجوکیشنل پرنٹنگ پریس کراچی | 1962ء |
| نذیر احمد، پروفیسر۔ مختار الدین احمد، پروفیسر۔ | | | |
| شریف حسین قاسمی، ڈاکٹر (مرتبین) | یادگار نامہ فخر الدین علی احمد | غالب انسٹی ٹیوٹ، نئی دہلی | 1994ء |
| نور الحسن نقوی | غالب شاعر و مکتوب نگار | ایجوکیشنل بک ہاؤس علی گڑھ | 2000ء |
| نذیر احمد، پروفیسر (مرتبہ) | مرزا محمد رفیع سودا (تحقیقی و تنقیدی جائزے) | غالب انسٹی ٹیوٹ، نئی دہلی | 2001ء |
| یوسف حسین خاں، ڈاکٹر | حسرت کی شاعری | جمال پرنٹنگ پریس، دلی | 1973ء |

# رسائل وجرائد


| نام | جلد | شمارہ | سن اشاعت |
|---|---|---|---|
| آج کل، دہلی | | | اگست، ستمبر 1981 |
| آج کل۔نئی دہلی | 47 | 5 | دسمبر 1988ء |
| آج کل۔نئی دہلی | 51 | 8 | مارچ 1993ء |
| آج کل۔نئی دہلی | 52 | 8 | مارچ 1994ء |
| آج کل۔نئی دہلی | 52 | 11 | جون 1994ء |
| آج کل۔نئی دہلی | 53 | 9 | اپریل 1995ء |
| آج کل۔نئی دہلی | 63 | 3 | اکتوبر 2004ء |
| آج کل۔نئی دہلی | 64 | 2 | ستمبر 2005ء |
| آج کل۔نئی دہلی | 64 | 8 | مادچ 2006ء |
| اردو دنیا۔نئی دہلی | 5 | 1 | جنوری 2003ء |
| اردو ادب۔حسرت نمبر | 2 | 3 | اکتوبر تا دسمبر 1951ء |
| اردو دنیا۔نئی دہلی | 8 | 4 | اپریل 2006ء |
| چہارسو | 17 | | شمارہ جولائی اگست 2008ء |
| سہ ماہی اردو بک ریویو | 22 | 8 | اکتوبر، نومبر، دسمبر 2016ء |
| سہ ماہی اردو ادب | | | جولائی، اگست، ستمبر 1999ء |
| سہ ماہی اردو ادب | 60۔61 | 240-41 | اکتوبر تا دسمبر 2016، جنوری تا مارچ 2017ء |
| شیرازہ | 26 | 10 | اکتوبر 1987ء |
| غالب نامہ۔نئی دہلی | 19 | 1 | جنوری 1998ء |
| غالب نامہ نئی دہلی | 24 | 2 | جولائی 2003ء |
| کتاب نما۔نئی دہلی | 41 | 6 | جون 2001ء |
| ہفت روزہ ہماری زبان | 78 | 39 | 15 تا 21 اکتوبر 2019ء |


☆☆☆☆☆